# فضائل درود پاک

## القول البدیع فی الصلوٰۃ علی الحبیب الشفیع



امام شمس الدین محمد بن عبدالرحمٰن السخاوی

ضیاء القرآن پبلی کیشنز۔ لاہور

marfat.com

صاحبانِ ذوق و محبت اور اربابِ فکر و نظر

سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے موضوع پر

حضرت ضیاء الامت پیر محمد کرم شاہ الازہری رحمۃ اللہ علیہ کے

بہار آفریں قلم سے نکلا ہوا لازوال شاہکار

درد و سوز اور تحقیق و آگہی سے معمور تصنیف

# ضیاء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ضیاء القرآن پبلی کیشنز ○ لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝

# فضائل درود پاک

شرح

## القول البدیع فی الصلوٰۃ علی الحبیب الشفیع


مصنف: امام شمس الدین محمد بن عبدالرحمٰن السخاوی

مترجم

علامہ سید محمد اقبال شاہ گیلانی

مدرس دارالعلوم محمدیہ غوثیہ، بھیرہ شریف



ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور ـ کراچی ۝ پاکستان

جملہ حقوق محفوظ ہیں

| | |
|---|---|
| نام کتاب | فضائل درود پاک (القول البدیع فی الصلوٰۃ علی الحبیب الشفیع) |
| مصنف | امام شمس الدین محمد بن عبدالرحمٰن السخاوی |
| مترجم | علامہ سید محمد اقبال شاہ گیلانی (مدرس دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ) |
| تاریخ اشاعت | دسمبر 2004ء |
| تعداد | ایک ہزار |
| ناشر | ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور |
| کمپیوٹر کوڈ | 1Z56 |
| قیمت | -/150 روپے |

ملنے کے پتے

# ضیاء القرآن پبلی کیشنز

داتا دربار روڈ، لاہور۔ فون: 7221953 فیکس:۔ 042-7238010

9۔ الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور۔ فون: 7225085-7247350

14۔ انفال سنٹر، اردو بازار، کراچی

فون: 021-2212011-2630411۔ فیکس:۔ 021-2210212

e-mail:- sales@zia-ul-quran.com

zquran@brain.net.pk

Visit our website:- www.zia-ul-quran.com

# فہرست مضامین

صفحہ نمبر

| | |
|---|---|
| پیش لفظ | 10 |
| مصنف کے مختصر حالات زندگی | 12 |
| مقدمہ | 13 |
| کتاب کے ابواب | 15 |
| لغت اور اصلاح کے اعتبار سے صلاۃ کی تعریف | 18 |
| (چھوٹے بچے کے لئے مغفرت طلب کرنے کا فائدہ) | 28 |
| درود بھیجنے کا حکم | 28 |
| درود شریف پڑھنے کی نذر ماننا | 40 |
| (صلوٰۃ کا محل) | 40 |
| (درود پڑھنے کا مقصود) | 40 |
| صرف صلاۃ پڑھنی یا صرف سلام پڑھنا مکروہ نہیں | 41 |
| آیت کریمہ ان اللہ وملائکتہ کے فوائد | 43 |
| نبی کے لفظ کی تحقیق | 46 |
| نبی ور سول میں فرق | 48 |
| نبوت رسالت سے افضل ہے | 49 |
| درود پڑھنے کی نعمت سے صرف مسلمانوں کو خاص فرمایا | 51 |
| سلام کو مصدر سے موکدہ کرنے کی حکمت | 52 |
| پہلا باب | 53 |
| رسول اللہ ﷺ پر درود پڑھنے کا حکم | 53 |
| حضور نبی کریم ﷺ پر درود پڑھنے کے حکم کا نزول | 54 |
| بچے کا رونا حضور نبی کریم ﷺ پر درود پڑھنا ہوتا ہے | 91 |
| جب دوسرے انبیاء پر درود پڑھا جائے تو حضور نبی کریم ﷺ پر بھی | |

| | |
|---|---|
| درود پڑھا جائے | 92 |
| کیا غیر انبیاء پر درود پڑھنا جائز ہے | 94 |
| سلام عرض کرنے کے متعلق علماء کی آراء | 98 |
| نبی کریم ﷺ پر درود پڑھنے کی افضل کیفیات کا بیان | 99 |
| اس میں کیا حکمت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں حضور نبی کریم ﷺ پر درود پڑھنے کا حکم دیا ہے اور ہم کہتے ہیں ''اللھم صل'' اے اللہ تو درود بھیج ہمارے آقا پر | 112 |
| پہلی فصل السلام علیک فقد عرفناہ | 114 |
| آپ ﷺ پر سلام عرض کرنا وجوب کے درجہ تک پہنچتا ہے | 116 |
| دوسری فصل صحابہ کرام کے قول کیف کے متعلق ہے | 118 |
| تیسری فصل اللھم کی تحقیق کے بارے میں | 119 |
| چوتھی فصل آپ ﷺ کے اسماء کے بیان میں | 120 |
| نبی کریم ﷺ کے اسماء | 125 |
| شجرۂ طیبہ | 134 |
| پانچویں فصل امی کی تحقیق | 135 |
| چھٹی فصل حضور نبی کریم ﷺ کی ازواج مطہرات | 135 |
| ساتویں فصل ذریت کی تحقیق | 138 |
| آٹھویں فصل لفظ آل کی تحقیق کے بارے میں | 139 |
| حضرت ابراہیم کا شجرۂ نسب | 142 |
| نویں فصل | 145 |
| تشبیہ صلاۃ میں حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو کیوں خاص کیا گیا | 145 |
| دسویں فصل | 155 |
| گیارہویں فصل | 156 |
| ''ترحمت علیہ'' کی تحقیق | 160 |

| | |
|---|---|
| بارہویں فصل | 161 |
| تیرہویں فصل | 162 |
| الحمید کی تحقیق | 162 |
| چودھویں فصل تحقیق الاعلین والمصطفین والمقربین | 162 |
| پندرہویں فصل | 164 |
| من سرہ ان یکتال بالمکیال الاوفی کا مفہوم | 164 |
| سولہویں فصل | 164 |
| حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث کے مشکل الفاظ کی تشریح | 164 |
| درود پاک پڑھنے والے کا سیدنا کی زیادتی کرنا | 166 |
| دوسرا باب | 168 |
| رسول اللہ ﷺ پر درود پڑھنے کے ثواب کے متعلق ہے | 168 |
| درود پاک پڑھنے سے ہر مشکل حل ہوتی ہے | 206 |
| درود پاک پڑھنے والے کی ہر مشکل وقت میں امداد کی جاتی ہے | 212 |
| درود پاک پڑھنے والے کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شفاعت نصیب ہو گی | 212 |
| قیامت کے دن درود پڑھنے والے کو عرش کے سایہ میں جگہ ملے گی | 215 |
| مالدار تاجر کے بیٹوں کا قصہ | 227 |
| درود پڑھنے سے دنیا و آخرت کی حاجات پوری ہوتی ہیں | 228 |
| درود مجالس کی زینت ہے | 229 |
| غربت اور مفلسی کا علاج | 230 |
| زیادہ درود پڑھنے والا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زیادہ قریب ہو گا | 232 |
| درود کے ایصال کی برکت | 233 |
| پہلی فصل | 242 |
| دوسری فصل | 245 |

| | |
|---|---|
| تیسری فصل | 246 |
| چوتھی فصل | 246 |
| پانچویں فصل | 248 |
| چھٹی فصل | 249 |
| تیسرا باب | 249 |
| جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ذکر سنے اور درود چھوڑ دے وہ جنت کا راستہ بھول گیا | 271 |
| چوتھا باب | 291 |
| چند فوائد پر ہم چوتھے باب کو ختم کرتے ہیں | 292 |
| دوسرا فائدہ | 293 |
| تیسرا فائدہ | 293 |
| چوتھا فائدہ | 294 |
| پانچواں فائدہ | 297 |
| چھٹا فائدہ | 301 |
| ساتواں فائدہ | 302 |
| پانچواں باب | 303 |
| وضو سے فارغ ہونے کے بعد | 305 |
| تیمم اور غسل کے بعد درود شریف پڑھنا | 305 |
| نماز میں حضور ﷺ پر درود پڑھنا | 306 |
| نماز کے بعد درود شریف پڑھنا | 308 |
| اقامت کے وقت درود شریف پڑھنا | 308 |
| صبح اور مغرب کے وقت درود پڑھنا | 308 |
| تشہد میں نبی کریم ﷺ پر درود پڑھنا | 310 |

پہلے تشہد میں نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنے کا حکم 316
دعائے قنوت میں نبی کریم ﷺ پر درود شریف پڑھنا 317
نیند سے بیدار ہو کر رات کی نماز کے قیام کے وقت 320
نماز تہجد کے بعد 330
اذان کے بعد رسول اللہ ﷺ پر درود پڑھنا 321
حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لیئے وسیلہ طلب کرنا 332
تحقیق لفظ سؤلہ 334
فائدہ: تحقیق معنی الوسیلہ والفضیلہ والمقام المحمود 336
اذان کے بعد مؤذنوں نے جو نئی چیز ایجاد کی ہے 340
جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات کو حضور نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا 341
ہفتہ اور اتوار کو رسول اللہ ﷺ پر درود پڑھنا 352
سوموار اور منگل کی رات آپ ﷺ پر درود پڑھنا 354
خطبات میں رسول اللہ ﷺ پر درود بھیجنا 355
عید کی نماز تکبیرات میں نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا 358
نماز جنازہ میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھنا 359
میت کو قبر میں داخل کرتے وقت درود پڑھنا 363
رجب میں نبی کریم ﷺ پر درود پڑھنا 364
شعبان میں نبی کریم ﷺ پر درود پڑھنا 364
اعمال حج اور قبر منور کی زیارت اور اس کے اعمال میں حضور نبی کریم ﷺ پر
درود پڑھنا 365
ذبح کے وقت درود شریف پڑھنا 374
بیع کے وقت درود شریف پڑھنا 375
وصیت لکھتے وقت درود شریف پڑھنا 376

نکاح کے خطبہ کے وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھنا 376
صبح و شام اور سونے کے وقت حضور نبی کریم ﷺ پر درود پڑھنا 378
سفر کرنے اور سوار ہونے کے وقت درود پڑھنا 379
کسی دعوت یا بازار میں جا کر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھنا 380
گھر میں داخل ہوتے وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود بھیجنا 381
رسائل میں اور بسم اللہ شریف کے بعد آپ ﷺ پر درود بھیجنا 381
رنج و الم اور کرب و شدت کے وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھنا 381
فقر اور حاجت کے لاحق ہونے اور غرق ہونے کے وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھنا 382
طاعون کے وقوع کے وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھنا 384
دعا کی ابتداء درمیان اور آخر میں درود پڑھنا 385
کانوں کے آواز دینے کے وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھنا 391
پاؤں کے سن ہو جانے کے وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھنا 391
چھینک کے وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھنا 392
جو شخص کوئی چیز بھول جائے تو اس کے لئے درود پڑھنا اور اس شخص کے لئے درود پڑھنا جسے بھولنے کا خوف ہو 394
کسی چیز کو عمدہ سمجھنے کے وقت حضور نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا 395
مولی کھانے اور گدھے کی آواز سننے کے وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود بھیجنا 395
گناہ کے ارتکاب کے بعد حضور نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا 395
حاجت کے وقت حضور نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا 397
نماز حاجت 399
ہر حالت میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود بھیجنا 412

تمام احوال میں نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا 416

وہ جس پر تہمت لگائی گئی ہو حالانکہ وہ بری ہو اس کا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود بھیجنا 417

بھائیوں کی ملاقات کے وقت درود پڑھنا 418

قوم کے مجلس سے اٹھنے کے وقت درود شریف پڑھنا 419

ختم قرآن کے وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھنا 419

دعا میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود بھیجنا 420

مجلس سے اٹھتے وقت حضور نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا 423

جہاں بھی اللہ تعالیٰ کے ذکر کے لئے محفل منعقد ہو وہاں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ذکر ہونا چاہئے 423

کلام کی ابتداء میں حضور نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا 424

حضور نبی کریم ﷺ کے ذکر کے وقت درود شریف پڑھنا 424

علم کے پھیلانے، وعظ و نصیحت کرنے اور حدیث شریف پڑھنے کے وقت حضور نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا 426

فتویٰ لکھتے وقت حضور نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا 229

حضور نبی کریم ﷺ کے اسم مبارک کو لکھتے وقت درود شریف پڑھنا، درود لکھنے کا ثواب اور غافل کی مذمت کا بیان 429

خاتمہ 440

موضوع حدیث کا حکم 442

# پیش لفظ

اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو جو مقام رفیع اور بلند مرتبہ عطا فرمایا ہے، اس تک نہ کسی نبی و مرسل کی رسائی ہوئی ہے اور نہ کسی بشر و ملک کی۔ معجزات و کرامات شرافت و نجابت، حسب و نسب اور کتاب و شریعت ہر چیز میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم بے مثل و بے مثال ہیں آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بے حد و بے شمار عظمتوں میں ایک عظمت یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتے ہیں اور مسلمانوں کو اس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس پر درود بھیجنے کا حکم قرآن حکیم میں دیا ہے یہ ایک ایسا ورد ہے کہ جتنی برکات و خیرات اللہ تعالیٰ نے اس میں رکھی ہیں وہ کسی دوسرے عمل میں نہیں۔ میرے شیخ و مرشد حضور ضیاء الامت مدظلہ العالی فرماتے ہیں یہ ایک ایسا وظیفہ ہے جو اللہ تعالیٰ اور اس کے محبوب کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی توجہ اور محبت کا سبب بنتا ہے اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قربت کے حصول کا باعث بنتا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو ایک مرتبہ مجھ پر درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ درود بھیجتا ہے ایک اور حدیث میں فرمایا اہل محبت کا درود میں خود سنتا ہوں اور دوسرے لوگوں کا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔ یہ وظیفہ فقر و تنگ دستی سے نجات، پل صراط کا نور، اور محافل کی زینت ہے اس کے اور بھی کئی فوائد جلیلہ ہیں جن کا ذکر آپ کتاب میں پڑھیں گے۔

اس ورد کی عظمت کے پیش نظر علماء اجلہ نے اپنی اپنی بساط کے مطابق اس موضوع پر قلم اٹھایا ہے۔ ہر ایک کی کوشش قابل ستائش ہے مگر علامہ سخاوی رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی مشہور و معروف تصنیف القول البدیع فی الصلوٰۃ علی الحبیب الشفیع میں جس شرح و بسط سے اس موضوع پر لکھا ہے یہ ان کا ہی نصیب ہے۔ میں نے جب اس کا مطالعہ کیا اور مجھے جو ایمان کی تازگی اور روحانی تسکین میسر آئی وہ بیان سے وراء ہے۔ میں نے سوچا کہ اس کا اردو ترجمہ کر کے اردو دان طبقہ کو بھی اس کے فیضان سے محظوظ کیا جائے۔ مگر

یہ کام میرے لئے نہایت مشکل اور کٹھن تھا کیونکہ میرے کندھوں پر پہلے تدریس کا بہت زیادہ بوجھ موجود تھا۔ اور پھر اس کام کیلئے جو وقت کی پابندی اور ذہنی یکسوئی کی ضرورت ہوتی ہے وہ بھی مجھے میسر نہ تھی۔ مگر میرے رحیم و رحمٰن رب کی دستگیری اور بندہ نوازی نے مجھے اس عظیم کام کی توفیق مرحمت فرما دی اور مجھ سے یہ کام ہوگیا ورنہ مجھ میں نہ اس کی اہلیت تھی اور نہ حالات کی موافقت۔

اب میں اپنے پروردگار سے یہ التجا کرتا ہوں کہ جس طرح تو نے اس کے ترجمہ کی توفیق بخشی، اس طرح اب اپنے فضل و احسان سے اسے اپنی بارگاہ صمدیت میں اور اپنے محبوب کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ عالیہ میں شرف قبولیت عطا فرما اور امت مسلمہ کے دل میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت و عقیدت پیدا کرنے کا باعث بنا۔

اس سلسلہ میں میں اپنے مشفق و محترم استاذ مکرم شیخ الحدیث والفقہ قاضی محمد ایوب صاحب مدظلہ العالی کا ممنون ہوں جنہوں نے اس کتاب کے مشکل مقامات کے حل میں میری مدد فرمائی اللہ تعالیٰ ان کی تمام نیک تمناؤں کی تکمیل فرمائے۔

محترم علامہ شیر محمد خان صاحب، علامہ شاہد محمود صاحب، مولانا غلام حسین اہیر صاحب کا بھی شکر گذار ہوں جنہوں نے اس کتاب کی تصحیح میں میرے ساتھ تعاون فرمایا۔

مشتاق دیدار در نبوی صلی اللہ علیہ وسلم
ابو العابدین السید محمد اقبال شاہ گیلانی

## مصنف کے مختصر حالات زندگی

مصنف کا نام الحافظ شمس الدین محمد بن عبدالرحمٰن بن محمد بن ابی بکر بن عثمان السخاوی ہے۔ مصر کے ایک دیہات سخا میں ربیع الاول ۸۳۱ ہجری کو پیدا ہوئے، سب سے پہلے قرآن کریم کے حفظ کی نعمت سے سرفراز ہوئے پھر فقہ عربی، قرات وغیرہا میں فوقیت حاصل کی اسکے بعد علم فرائض و حساب اور میقات کے حصول کیلئے علماء سے رجوع کیا تقریباً چار سو سے زائد علماء کرام سے شرف تلمذ پایا، آخر میں شیخ الشہاب الحافظ بن حجر العسقلانی سے فیضیاب ہوتے رہے۔ ان کی وفات تک ان کی شاگردی اختیار کئے رکھی العالی، النازل اور الکشف عن التراجم والمتون کی معرفت کیلئے ان کے ساتھ مشق کرتے رہے، اس کے بعد حلب، دمشق، القدس، نابلس، رملہ بعلبک اور حمص وغیرہا کا سفر کیا، شیخ ابن حجر کی وفات کے بعد حج کی سعادت حاصل کی اور اس سفر میں ابو الفتح، البرہان الزمزمی، التقی بن فہد اور ابن ظہیرہ جیسے افاضل علماء سے اکتساب فیض کیا پھر سماع و تخریج کیلئے قاہرہ واپس تشریف لائے پھر ۸۷۰ ہجری میں دوبارہ حج بیت اللہ کی سعادت کیلئے روانہ ہوگئے، اس باسعادت سفر سے واپسی کے بعد شیخ ابن حجر کی الاذکار کی تخریج کا تکملہ لکھنا شروع کر دیا پھر ۸۸۵ ہجری میں بیت اللہ شریف کی زیارت کی ۸۸۷ ہجری تک وہاں رہے پھر ۸۹۲ھ میں حج کیا اور ۸۹۸ ہجری کے درمیان تک مکہ مکرمہ میں رہے اس کے بعد مدینہ طیبہ چلے گئے اور شعبان ۹۰۳ھ کو مدینہ طیبہ میں وصال فرماگئے، مشہور و معروف مندرجہ ذیل تصانیف پیچھے چھوڑ گئے۔

۱۔ فتح المغیث بشرح الفیہ الحدیث اس فن پر اس سے جامع اور تحقیق شدہ کوئی کتاب نہیں ہے۔ (۲)۔ المقاصد الحسنہ فی بیان الاحادیث المشتہرہ علی الالسنہ۔ (۳)۔ القول البدیع فی الصلاۃ علی الحبیب الشفیع (۴) الضوء اللامع۔ (۵) المنہل العذب الروی فی ترجمۃ النووی (۶) الجواہر والدرر فی ترجمہ شیخ ابن حجر (۷) الفوائد الجلیلہ فی اسماء النبویہ (۸) الفخر العلوی فی المولد النبوی (۹) رجحان الکفہ فی مناقب اہل الصفہ (۱۰) الاصل الاصیل فی تحریک النقل من التورۃ والانجیل وغیر ذالک وکذا النور السافر فی اخبار القرن العاشر۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ شَرَّفَ قَدْرَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ الرَّسُوْلِ الْکَرِیْمِ وَخَصَّہٗ بِالصَّلٰوۃِ عَلَیْہِ وَاَمَرَنَا بِذَالِکَ فِی الْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ وَمَنَّ عَلَیْنَا بِاتِّبَاعِ ھٰذَا النَّبِیِّ الرَّحِیْمِ وَحَبَّبَ اِلَیْنَا اِقْتِفَاءَ اٰثَارِہٖ فِی الْحَدِیْثِ وَالْقَدِیْمِ وَخَصَّ اَھْلَ ھٰذَا الشَّاْنِ بِالْخِصَالِ الْجَمِیْلَۃِ وَالْفَضْلِ الْجَسِیْمِ وَجَعَلَھُمْ اَوْلَی النَّاسِ بِرَسُوْلِہِ السَّیِّدِ الْعَظِیْمِ لِاِکْثَارِھِمْ کِتَابَۃً وَقِرَاءَۃً وَسِمَاعًا مِنَ الصَّلٰوۃِ عَلَیْہِ وَالتَّسْلِیْمِ، اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اُوْلِی الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ صَلٰوۃً وَّسَلَامًا دَائِمَیْنِ یُضِیْءُ نُوْرُھُمَا جُنْحَ اللَّیْلِ الْبَھِیْمِ۔

## مقدمہ

اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنی قدرت کاملہ، سلطنت واضحہ رافت وافرہ اور احسان عظیم کے باعث ہمارے آقا و مولا محمد صلی اللہ علیہ وسلم و شرف و کرم کو دین قدیم صراط مستقیم، خلق عظیم، خلق سلیم کے ساتھ مبعوث فرمایا۔ اور اسے تمام جہانوں کیلئے رحمت۔ موحدین میں سے جو اس پر ایمان لایا اس کے لئے نجاۃ، متقین کا امام، تمام مخلوق پر حجت، شفیع محشر، فخر محشر، اور امت سے بے چینی کو دور کرنے والا بنا کر بھیجا، اور اس کو تمام رسولوں کے بعد بھیجا پھر اس کے ذریعے واضح اور سیدھے راستہ کی ہدایت دی۔ اپنے بندوں پر اس کی اطاعت، عزت، توقیر، رعایت، اس کے حقوق کا قیام اور اس کے منطوق و مفہوم سے جو چیز ثابت ہو اس کی پیروی کرنا اور اس پر صلاۃ و سلام پڑھنا فرض کیا ہے۔ علم و تعلیم کے ذریعے اس کی شریعت کو پھیلایا، اپنی جنت کے دروازے بند رکھے ہیں مگر اس کے لئے بند نہیں کئے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے راستہ پر چلا اور جس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کا اعتراف کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سینہ گنجینہ کو کشادہ فرمایا۔ آپ کے ذکر کو رفعت بخشی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بوجھ کو اتار دیا اور ذلت و رسوائی ہر اس شخص کا

مقدر بنائی جس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی مخالفت کی، کتنا خوش نصیب ہے وہ جسے اس کی فرمانبرداری کی توفیق ملی، اور کتنا افسوس ہے اس پر جو اس کے راستوں سے دور ہوگیا۔ اور درود و سلام بھیجے اللہ تعالیٰ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر اور اپنی بارگاہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی فضیلت و شرف کو زیادہ فرمائے، بحمد اللہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کی تحصیل میں، ثواب کے حصول اور اللہ تعالیٰ کی رحمت کے دروازے کو کھٹکھٹانے کی امید سے، مگن تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے آثار میں غور و خوض اور ان کو جمع کرنے اور تحریر کرنے میں مصروف تھا کہ میرے ایک محبوب دوست عالم فاضل عابد نے اپنی فضیلت و بھلائیوں کے تحقق و کثرت کی بنا پر مجھ سے سوال کیا کہ میں سید البشر پر درود پڑھنے کے متعلق، اللہ تعالیٰ سے عطیات و بشارت کے حصول کی غرض سے، ایک ایسی کتاب جمع کروں جو ہر رجوع کرنے والے کا سہارا ہو جو اس پر اعتماد کرے اس کیلئے کافی ہو۔ وسائل کا مرکب ہو، خصائل جمیلہ کا مجمع ہو۔ اہل دارین کیلئے نجات ہو بلند صلاحیتوں کی حامل ہو جس سے ہر عیب دور ہو، اسناد کی وجہ سے طویل نہ ہو تاکہ اہل توفیق و سداد کیلئے اس کو حاصل کرنا آسان ہو، جس میں ہر حدیث کے بعد اس کے راوی کا بیان ہو، عموماً احادیث کی صحت، حسن یا ضعف کو بیان کرنے والی ہو تاکہ اشباہ دور رہے فوائد ماثورہ، نوادر مشہورہ، حکایات مسطورہ جو اس موضوع کے متعلق ہوں ان تمام کو تھوڑا تھوڑا بیان کرنے والی ہو۔ اور لکھنے والے کی بھلائی اور اجر کو کئی گنا کرنے والی ہو، اس میں اختصار بھی مدنظر ہو۔ بے فائدہ کلام اور کثرت عبارات سے مبرا ہو۔ میں نے اس کے سامنے کئی عذر پیش کیے مگر اس نے کسی کو قابل التفات نہ سمجھا اور اپنے مقصد و مطلب سے نہ ہٹا۔ پس اس وقت میں نے اس کے اصرار اور محبت میں کمی کے خوف سے کام شروع کیا۔ پس یہ سمندر بڑا گہرا اور عمیق ہے مقام نبوت فضائل کے ساتھ مسلم ہے جس نے کچھ کہنا چاہا، میدان کلام کو وسیع پایا۔ لیکن کہاں ہے وہ زبان جو کلام کی طاقت رکھے۔ کہاں ہے وہ عبارت جو شفا کا ذائقہ چکھے اور تنگ نہ ہو۔ مگر یہ تو ایک نسبت و اضافت ہے۔ تصنیف میں ایک رتبہ ہے جو ہر رتبہ سے کم ہے یہاں تو عجز ہی عجز ہے۔ اگر کسی نے وعدہ کیا کہ وہ اس عنوان کا حق ادا کرے گا تو وہ اس وعدہ کو پورا نہ کرے گا۔ لیکن اللہ تعالیٰ جو صاحب احسان

وجود ہے اس سے امید ہے کہ وہ اس تالیف کو بہت سے لوگوں کیلئے رہنمائی اور مقصد عظیم کے حصول کا ذریعہ بنائے گا میں نے اس کتاب کو ایک مقدمہ پانچ ابواب اور ایک خاتمہ پر ترتیب دیا ہے۔

مقدمہ. صلاۃ کی لغت و اصطلاح کے اعتبار سے تعریف. صلاۃ کے حکم, محل اور اس کے مقصود پر مشتمل ہے. میں نے اس کا اختتام اس آیت شریفہ کے چند فوائد پر کیا ہے. جو اس عنوان کی اصل ہے۔

## کتاب کے ابواب

پہلے باب میں, رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کا حکم, اس کی مختلف کیفیات. عمدہ طریقہ سے درود پڑھنے کا حکم, ان مجالس میں حاضری کی ترغیب جہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا جاتا ہے اہل السنہ کی علامت کثرت سے درود بھیجنا ہے. ملائکہ ہمیشہ ہمیشہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتے رہتے ہیں, حضرت آدم نے حضرت حوا کو بطور مہر آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھ کر دیا, بچے کا ایک عرصہ تک رونا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود بھیجنے کیلئے ہوتا ہے, غیر انبیاء و رسل پر درود بھیجنے کے متعلق جو ارشادات وارد ہیں اور جو غیر انبیاء و رسل پر صلاۃ بھیجنے میں اختلاف ہے, ان تمام چیزوں کا مفصل بیان ہے۔ میں نے اس باب کو درود پاک کی افضل کیفیات کے فائدہ حسنہ کے ساتھ ختم کیا ہے۔ اس کے علاوہ اس میں سترہ اہم فصول ہیں۔ دوسرے باب میں, رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے والے کیلئے عطیات و نوازشات کا بیان ہے, اس پر اللہ تعالیٰ اس کے فرشتے اور اس کا رسول مقبول صلاۃ بھیجتا ہے, اس کی خطائیں معاف کی جاتی ہیں, اعمال پاک کر دیئے جاتے ہیں درجات بلند ہوتے ہیں, گناہوں کی بخشش ہو جاتی ہے, درود پڑھنے والے کے گناہوں کیلئے فرشتے استغفار کرتے ہیں, اجر میں سے احد پہاڑ کی مثل ایک قیراط نامہ اعمال میں لکھا جاتا ہے۔ پورا پورا بدلہ دیا جاتا ہے جس نے اپنا تمام وقت درود پڑھنے کیلئے وقف کر دیا, اس کے لئے وہ دنیا و آخرت کیلئے کافی ہے, خطاؤں کو مٹا دیتا ہے, غلام آزاد کرنے سے بھی درود شریف پڑھنا افضل ہے, ہولناکیوں سے اس کے ذریعے نجات ہوتی ہے, اس کی برکت سے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم شہادت دیتے ہیں . اس کی

برکت سے شفاعت واجب ہوگی اور اللہ کی رضا اور رحمت میسر آئے گی۔ اللہ تعالیٰ کے غضب سے مامون ہو جائے گا، عرش کے سایہ میں داخل ہوگا میزان بھاری ہوگا، حوض کوثر پر حاضری کا شرف میسر آئے گا۔ پیاس اور آگ کے عذاب سے نجات ملے گی، پل صراط پر گذرنا آسان ہوگا مرنے سے پہلے جنت میں اپنا مقام دیکھ لے گا، جنت میں کثرت سے حوریں ملیں گی، بیس غزوات میں شمولیت کے عمل سے اس کا عمل بھاری ہوگا، تنگ دست کیلئے یہ درود صدقہ کے قائم مقام ہوگا۔ یہ گناہوں کو پاک اور صاف کر دیتا ہے، اس کی برکت سے مال بڑھتا ہے، اس کی برکت سے سو سے زیادہ حاجات پوری کی جاتی ہیں، یہ ایک عبادۃ ہے، اللہ تعالیٰ کے نزدیک محبوب ترین عمل ہے۔ محافل کی زینت ہے، فقر کو دور کرتا ہے، تنگ دستی کو ختم کرتا ہے، اس کے ذریعے بھلائی کے مقامات تلاش ہوتے ہیں درود شریف پڑھنے والے کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا قرب نصیب ہوگا، پڑھنے والا، اس کے بیٹے، پوتے سب اس کی برکت سے نفع پائیں گے، اور اس شخص کو اس کا نفع پہنچے گا جس کو تو نے اس کا ثواب پہنچایا ہوگا، یہ وظیفہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا قرب دیتا ہے، یہ نور ہے، دشمنوں کے خلاف امداد ہے۔ نفاق اور زنگ سے دل کو پاک کرتا ہے، لوگوں کی محبت اور خواب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا موجب بنتا ہے، یہ پڑھنے والے کو غیبت سے محفوظ رکھتا ہے، یہ تمام اعمال سے زیادہ بابرکت، افضل اور دارین کے نفع کے لحاظ سے بہت بہتر ہے اس کے علاوہ اعمال کے ذخائر کو جمع کرنے اور امیدوں کے تازہ پھل چننے والے کیلئے اس عمل میں پسندیدہ ثواب رکھا گیا ہے، اور یہ عمل فضائل عظیمہ، مناقب کریمہ اور ایسے فوائد کثیرہ پر مشتمل ہے جو کسی دوسرے عمل میں نہیں پائے جاتے، جتنے اقوال وافعال اس کے متعلق وارد ہیں کسی دوسرے عمل کے متعلق نہیں میں نے اس باب کو کئی اہم فصول پر ختم کیا ہے۔

تیسرے باب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کے وقت درود نہ پڑھنے والے کو وعید سنائی گئی ہے درود نہ پڑھنے والے کیلئے ہلاکت کی بددعا شقاوت کا حصول، جنت کا راستہ بھولنے، دوزخ میں داخل ہونے، جفا سے موصوف ہونے، بخیل ترین شخص ہونے کا ذکر ہے اور مجلس میں درود ترک کرنے والے سے نفرت کرنے، اور جس نے درود

نہیں بھیجا اس کا دین نہیں اور اس کے علاوہ اخبار کا بیان ہے۔ اس باب کو بھی میں نے فوائد نفیسہ پر ختم کیا ہے۔

چوتھے باب میں، حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام عرض کرنے والے کے سلام پہنچانے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا جواب مرحمت فرمانے کا بیان ہے اس کے علاوہ چند فوائد و تتمات ہیں۔

پانچواں باب اوقات مخصوصہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کے متعلق ہے جیسے وضو سے فارغ ہونے کے بعد، نماز میں، اقامت صلاۃ اور صلاۃ کے بعد، مغرب و صبح کی نماز کے بعد اس کی تاکید، تشہد میں قنوت میں، تہجد کے وقت، نماز تہجد کے بعد، مساجد سے گذرتے ہوئے ان کو دیکھتے اور ان میں داخل ہوتے اور ان سے خارج ہونے کے وقت، موذن کا جواب دیتے وقت، جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات کو عیدین، استسقاء کسوفین کے خطبہ کے میں، عید کی تکبیرات کے دوران، نماز جنازہ میں میت کو قبر میں داخل کرتے ہوئے رجب اور شعبان میں کعبہ شریفہ کو دیکھنے کے وقت، صفا و مروہ کے اوپر، تلبیہ اور حجر اسود کے سلام سے فارغ ہونے کے بعد الملتزم میں، عرفہ کی شام کے وقت، مسجد خیف میں مدینہ شریف دیکھتے ہوئے، قبر انور کی زیارت اس کے وداع اور آثار شریف کو دیکھنے کے وقت، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی گذر گاہوں اور آرام گاہوں کو دیکھنے کے وقت مثلاً میدان بدر وغیرہ۔ ذبح کے وقت، بیع، وصیت کی کتابت اور نکاح کے خطبہ کے وقت، صبح و شام، سونے سفر کرنے اور سوار ہونے کے ارادہ کے وقت اس شخص کیلئے جسے نیند بہت کم آتی ہو، بازار اور دعوت پر جاتے وقت ہر گھر میں داخل ہوتے اور خط لکھتے وقت، بسم اللہ شریف کے بعد، غم، مصیبت، شدت، فقر، غرق، طاعون کے اوقات میں دعا کی ابتداء، وسط اور آخر میں۔ کانوں کے آواز دینے، پاؤں کے شل ہونے، چھینک مارنے، بھول جانے کسی شئی کو عمدہ پانے، گدھے کے آواز دینے، مولی کھانے، گناہ سے توبہ کرنے اور ضروریات کے لاحق ہونے کے اوقات میں تمام حالات میں، اس شخص کیلئے جو بری ہو مگر اس پر جھوٹی تہمت لگائی گئی ہو۔ بھائیوں کی ملاقات کے وقت، لوگوں کے جمع ہونے کے بعد جدا ہونے کے وقت، ختم قرآن اور حفظ قرآن کے وقت مجلس سے اٹھنے کے وقت، ہر اس

جگہ جہاں اللہ تعالیٰ کے ذکر کا اجتماع ہو۔ کلام کی ابتداء میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ذکر کے وقت، علم پھیلانے کے وقت قرات حدیث. افتاء وعظ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مبارک لکھنے کے وقت اس کی کتابت کا ثواب اور جو کچھ اس سے غافل ہونے والے شخص کے متعلق کہا گیا ہے اس کا اس میں بیان ہے. اس کے علاوہ بھی چند چیزوں کا ذکر ہے. کلام کے دوران کئی فوائد حسنہ اور اہم تنبیہات بھی موجود ہیں۔

خاتمہ. فضائل اعمال میں ضعیف حدیث پر عمل کے جواز. اور اس کی شرائط کے بیان میں ہے. اس میں کئی اہم امور کا ذکر بھی ہے پھر میں نے ان کتب کے نام لکھے ہیں جو اس مضمون پر تحریر کی گئی ہیں. میں پہلے صرف ان کتب کا ذکر کروں گا جن پر مجھے آگاہی ہوئی۔ پھر میں ان کتب کو بیان کروں گا جن سے میں نے دارین کے نفع کی غرض سے اس تالیف میں نفع حاصل کیا۔ میں نے عمداً اس کے پانچ ابواب بنائے ہیں۔ اس امید پر کہ اللہ تعالیٰ میرے حواس خمسہ کی حفاظت فرمائے۔ میں نے اس کا نام "القول البدیع فی الصلاۃ علی الحبیب الشفیع" رکھا ہے میں اللہ تعالیٰ سے سوال کرتا ہوں کہ وہ اس کتاب سے اس کے کاتب، اس کے جامع، اس کے ناظر، سامع کو نفع دارین بخشے اور مجھے ظاہر و باطن میں اخلاص کے ساتھ ڈھانپ دے. شدائد و مصائب میں وہ میرا مددگار و ناصر رہے، اور مجھے محمدی گروہ سے اٹھائے، اور وہ اپنی کرم نوازی اور احسان سے مجھے کتاب اور سنت نبوی میں نیک سوچ عطا فرمائے۔

وصلی اللہ علی سیدنا محمد وآلہ وصحبہ وسلم تسلیماً

## لغت اور اصطلاح کے اعتبار سے صلاۃ کی تعریف۔

لغت کے اعتبار سے اس کے دو معنی ہیں پہلا "الدعا والتبرک" ہے۔ جیسا کہ ارشاد ہے وَصَلِّ عَلَيْهِمْ إِنَّ صَلَاتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ، قولہ صلاۃ الرسول اللہ تعالیٰ کا ارشاد۔

"وَلَا تُصَلِّ عَلَىٰ أَحَدٍ مِّنْهُمْ ، منہ الصَّلَاةُ عَلَى الْجَنَازَةِ اَیْ الدُّعَاءُ لِلْمَيِّتِ"

ایک شاعر کہتا ہے۔

"وَقَابَلَهَا الرِّيحُ فِي دَنِّهَا وَصَلَّىٰ عَلَىٰ دَنِّهَا وَارْتَسَم"

اعشیٰ کا قول ہے۔

"لَهَا حَارِسٌ لَا يَبْرَحُ الدَّهْرَ بَيْتَهَا　　　وَاِنْ ذُبِحَتْ صَلّٰى عَلَيْهَا وَزَمْزَمَا

دعا کو صلاۃ اس لئے کہا جاتا ہے کہ سائلین کے اختلاف کے باوجود دعا کرنے والے کا ارادہ اول و آخر ظاہر و باطن میں تمام مقاصد حسنہ اور نوازشات عالیہ کا حصول ہوتا ہے پس اس میں مکمل صلاۃ کا مفہوم پایا جاتا ہے، جیسا کہ تفصیل آگے آئے گی واللہ اعلم۔

الصلاۃ کا دوسرا معنی "العبادۃ" ہے۔ اسی مفہوم میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے اذا دعی احدکم الی طعام فان کان صائما فلیصل (جب تم میں سے کسی کو کھانے پر بلایا جائے پس اگر وہ روزہ دار ہو تو اسے عبادت کرنی چاہئے) اس کی تفسیر پہلے معنی کے ساتھ دعا بھی کی گئی ہے، اور یہی معنی ہی زیادہ بہتر ہے بعض علماء فرماتے ہیں لغت کے اعتبار سے الصلاۃ کا معنی دعا ہے اور دعا کی دو قسمیں ہیں۔ دعا عبادۃ اور دعا مسئلہ (سوال کرنا) پس عابد بھی سائل کی طرح دعا مانگنے والا ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ کے ارشاد ادعونی استجب لکم کی تفسیر ان دونوں معانی کے ساتھ بیان کی گئی ہے اور بعض علماء نے فرمایا ہے کہ اس کا معانی اطیعونی اثبکم (تم میری اطاعت کرو میں تمہیں ثواب دوں گا) ہے۔ بعض فرماتے ہیں اس کا معنی، سلونی اعطکم (تم مجھ سے سوال کرو میں تمہیں عطا کروں گا) ہے۔ اسی مفہوم میں اجیب دعوۃ الداع اذا دعان ہے۔

ابن القیم لکھتے ہیں الدعاء کا لفظ دونوں قسموں کو شامل ہے، پس اس دونوں قسموں کے اعتبار سے "الصلاۃ الشرعیہ" کے اسم پر وارد ہونے والے اعتراضات زائل ہو جاتے ہیں، یعنی کیا یہ لغت میں اپنے موضوع سے منقول ہے (یا نہیں)؟ پس اس کا معنی دعا حقیقت شرعیہ ہے مجاز شرعی نہیں، اس اعتبار سے صلاۃ لغت کے اعتبار سے اپنے مسمّٰی پر باقی رہے گا اور وہ الدعاء ہے اور دعا کی دو قسمیں ہیں دعا عبادہ اور دعا مسئلہ، مصلی تکبیر تحریمہ سے سلام تک دعا عبادۃ اور دعا مسئلہ (سوال) کے درمیان رہتا ہے۔ وہ حقیقی صلاۃ میں ہوتا ہے، مجازی یا منقولہ صلاۃ میں نہیں ہوتا، لیکن صلاۃ کا اسم اس عبادت مخصوصہ کیلئے خاص کیا گیا ہے جیسے باقی تمام الفاظ کو اہل لغت اور عرف بعض مسمّٰی کے ساتھ خاص کر دیتے ہیں جیسے دابہ، راس وغیرہما، پس لفظ کو خاص کرنے اور اپنے بعض موضوع پر محصور

کرنے کی یہی غایت ہے۔ یہ چیز موضوع اصلی سے خروج و نقل کا موجب نہیں بنتی العلامہ اللغوی مجدالدین نے علماء کا اختلاف ذکر کیا یعنی صلاۃ کا معنی دعا ہے یا یہ اس الصلاۃ بالقصر سے مشتق ہے جس کا معنی آگ ملازمت ترحم یا تعظیم ہے یا اس کے علاوہ جو مفاہیم حلیمی سے مذکور ہیں وہ ہیں اس کے بعد علامہ مذکور لکھتے ہیں۔ علماء نے کچھ مفاہیم ایسے ذکر کئے جن کا ہم ذکر نہیں کریں گے ہمارے نزدیک اس کے متعلق ایک

ہی قول ہے اور وہی انشاء اللہ تعالیٰ صحیح قول ہے، ص. ل. و اور ص. ل. ی. کا مادہ ایک اصل کیلئے وضع کیا گیا ہے اور مفرد معنی کو اس میں ملحوظ رکھا گیا ہے وہ ہے ملانا. جمع کرنا. اس کی تمام تفریعات اسی معنی کی طرف راجع ہیں اسی طرح اس کی تمام تبدیلیاں، جیسے بھی تبدیل کیا جائے اس کا مرجع اسی معنی کی طرف ہوگا اس کا بیان اس طرح ہے ص. ل. و کے مادہ سے الصلا ہے اس کا معنی انسان اور ہر چوپائے کی پیٹھ کا درمیانی حصہ ہے، بعض فرماتے ہیں اس کا معنی سرین کا نچلا حصہ ہے۔ ان تمام میں اجتماع و انضمام کا مفہوم ہے۔ اسی سے صلاہ بالنار اس نے اس کو آگ میں جلا دیا کیونکہ جل بھن کر اس کے اجزاء جمع ہو جاتے ہیں اور اکٹھے ہو جاتے ہیں. صلایدہ سخنہا وادفاھا ہاتھ کو آگ کی حرارت پہنچی اور اس نے اس کو گرم کیا۔ وصلاہ. اس نے اس کو دھوکا دیا کیونکہ وہ دھوکا دینے کیلئے اکٹھا ہوتا اور جمع ہوتا ہے. جیسے شکاری اکٹھا ہو کر بیٹھتا ہے. الصلایہ خوشبو کوٹنے کا آلہ جس میں خوشبو جمع کی جاتی ہے المصلی، دوڑ لگانے والے گھوڑوں میں سے دوسرے نمبر پر آنے والا گھوڑا. یہ سبقت لے جانے والے کے ساتھ جمع ہوتا ہے الصلوٰت، یہود کے کنائس، اس میں یہود جمع ہوتے ہیں۔

ص. و. ل، تو کہتا ہے صال علی قرنہ صولا اذا سطاعلیہ ووثب الیہ جب کوئی دوسرے پر حملہ کرے. جھپٹ پڑے تو صال علی قرنہ بولا جاتا ہے۔ المصولہ جھاڑو کو کہتے ہیں کیونکہ اس کے ساتھ کوڑا جمع کیا جاتا ہے الصیلہ تنکے میں گرہ لگانا المصول وہ چیز جس میں حنظل جمع کیا جاتا ہے پھر پانی میں کافی دیر رکھا جاتا ہے تاکہ اس کی کڑواہٹ دور ہو جائے۔ التصویل. کھلیان کے اردگرد جھاڑو دینا، یعنی بکھری چیزوں کو جمع کرنا۔

ل. و. ص. جب کوئی دروازے کی دراڑ سے دیکھے تو کہا جاتا ہے لاص لوصا اسی طرح

لاوص، ملاوصہ واللصوص واللواص الملوص الفالوذ (فالودہ) کیونکہ یہ بھی جمع ہو جاتا ہے، اللواص شہد، اس کے جمع ہونے کی وجہ سے لواص کہا جاتا ہے یہ خلیہ میں جمع ہونے کی وجہ سے کہا جاتا ہے لاص، حاد عن الطریق، راستہ سے بھٹک گیا گویا اس نے چھپنا اور جمع ہونا طلب کیا اسی طرح ل، ی، ص کا مادہ ہے۔ چوتھا ل، ص، و اور ل، ص، ی، شک کی وجہ سے ملنے کیلئے لصا یلصو استعمال ہوتا ہے، اسی طرح لصی یلصِیُ بروزن رمی یرمی ہے اور لصی یلصٰی بروزن رضی یرضی ہے۔

پانچواں و، ص ل، وصلہ وصلا و صلہ و وصلہ ای لامہ، یعنی ملامت کرنا، وصل الشی و وصل الی الشی وصولا وصلا و صلہ بلغہ و اجتمع بہ یعنی کسی دوسری چیز تک پہنچنا اور اس کے ساتھ مل جانا۔

الوصیلہ اسی اونٹنی کو کہتے ہیں جو دس بچے جنم دے چکی ہو وہ بکری جو سات مرتبہ دو، دو بچے جنم دے چکی ہو پس ظاہر ہو گیا کہ ان تمام مادوں میں ضم اور جمع کا معنی پایا جاتا ہے۔ افعال مشرعہ مخصوصہ کو صلاۃ کہا جاتا ہے کیونکہ اس میں اعضاء ظاہرہ، خواطر باطنہ کا اجتماع ہوتا ہے اور نمازی اپنے آپ سے تمام مفرقات، مکدرات کو دور کرتا ہے اور تمام مہمات و مجتمعات جو دل کو سکون بخشنے والی ہوتی ہیں ان کو جمع کرتا ہے۔ یا اس لئے اس کو صلاۃ کہتے ہیں کہ یہ تمام مقاصد و خیرات کی جامع ہے، اور تمام عبادات کی اصل ہے۔

الصلاۃ بمعنی الاستغفار بھی استعمال ہوتا ہے، حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے اِنِّی بُعِثْتُ اِلٰی اَھْلِ الْبَقِیْعِ لِاُصَلِّیَ عَلَیْہِمْ یعنی مجھے اہل بقیع کی طرف بھیجا گیا ہے تاکہ میں ان کیلئے استغفار کروں، دوسری روایت میں اس کی تفسیر ہے امرت ان استغفر لہم، اور الصلاۃ بمعنی برکت بھی استعمال ہوتا ہے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے اللھم صل علی آل ابی اوفی، اے اللہ آل ابی اوفی میں برکت دے۔ الصلاۃ بمعنی القراۃ بھی استعمال ہوتا ہے جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے لَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا، یعنی اپنی قرات کو نہ زیادہ بلند اور نہ بالکل پست کرو الصلاۃ بمعنی رحمت و مغفرت بھی استعمال ہوتا ہے اعشی کہتا ہے۔

تَرَاوَحَ مِنْ صَلَاةِ الَّیْلِ . فَطَوْرًا سُجُوْدًا وَطَوْرًا خَوَارًا

صلاۃ سے مراد صلاۃ شرعیہ ہے جس میں رکوع و سجود ہوتا ہے اور الحوار سے مراد قیام و قعود کی طرف رجوع ہے۔

جب صلاۃ کا معنی متعین ہوگیا تو جاننا چاہئے کہ صلاۃ کی حالت مصلی، مصلی لہ اور مصلی علیہ کی حالت کے اعتبار سے مختلف ہوتی ہے، بخاری شریف میں ابو العالیہ سے مروی ہے کہ "صلاۃ اللہ علی نبیہ" کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ملائکہ کے پاس اپنے نبی کی ثناء و تعریف فرماتا ہے صلاۃ الملائکہ علیہ کا مطلب ہے کہ فرشتے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے دعا کرتے ہیں۔ آٹھویں فصل کے آخر میں ہم نے الخرسانی عن الربیع بن انس کی حدیث اِنَّ اللہَ وَمَلَآئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ کی تفسیر میں لکھی ہے۔ فرمایا صلاۃ اللہ علیہ کا مطلب ثناؤہ عند ملائکہ ہے اور صلاۃ الملائکہ علیہ کا مطلب فرشتوں کا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے دعا کرنا ہے۔ یا ایہا الذین امنوا صلوا علیہ کا مطلب ہے کہ اے ایمان والو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے دعا کرو، ابن ابی حاتم کے ہاں اس کی تفسیر میں سعید بن جبیر اور مقاتل بن حیان سے مروی ہے ہُوَالَّذِیْ یُصَلِّیْ عَلَیْکُمْ یغفر لکم و یامر الملائکہ ان یستغفروا لکم، یعنی وہ خود تمہارے گناہ بخشتا ہے اور ملائکہ کو تمہارے لئے استغفار کرنے کا حکم دیتا ہے حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ صلاۃ الملائکہ ای الدعاء بالبرکۃ ہے یعنی برکت کی دعا کرنا ہے امام بخاری کی تعلیق میں ہے، قال ابن عباس یصلون ای یبرکون، یعنی حضرت ابن عباس نے یصلون کا معنی یبرکون لیا ہے۔ امام ترمذی نے حضرت سفیان ثوری اور کئی دوسرے اہل علم سے روایت کیا ہے کہ صلاۃ الرب سے مراد رحمت فرمانا ہے اور صلاۃ الملائکہ سے مراد الاستغفار ہے الضحاک فرماتے ہیں صلاۃ اللہ ای رحمتہ فی روایہ مغفرتہ یعنی صلاۃ اللہ سے مراد اس کی رحمت ہے اور دوسری روایت میں ان سے صلاۃ اللہ کا مطلب اللہ تعالیٰ کی مغفرت مروی ہے اور صلاۃ الملائکہ ای الدعاء ہے یعنی صلاۃ ملائکہ سے مراد الدعاء ہے ان دونوں معانی کو القاضی اسماعیل نے تخریج کیا ہے، گویا دعا سے مراد ان کی مغفرت ہے، الشیخ شہاب الدین القرافی کا میلان بھی اسی طرف ہے کہ الصلاۃ من اللہ سے مراد مغفرت ہے، یہی تفسیر الارموی، اور بیضاوی نے بیان کی ہے امام فخر الدین الرازی اور آمدی فرماتے ہیں

صلاۃ اللہ سے مراد رحمت ہے ابن ابی حاتم نے اپنی تفسیر میں حضرت حسن سے روایت کیا ہے کہ بنی اسرائیل نے موسیٰ علیہ السلام سے پوچھا کیا تمہارا رب صلاۃ بھیجتا ہے موسیٰ علیہ السلام کے دل میں یہ سوال بڑا گراں ہوا، اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی۔ کہ انہیں بتادو کہ میں صلاۃ بھیجتا ہوں میری صلاۃ اور میری رحمت میرے غضب سے سبقت لے گئی ہے، الطبرانی کی معجم اوسط اور صغیر میں عطاء بن ابی رباح عن ابی ہریرہ سے مرفوعاً مروی ہے کہ میں نے پوچھا اے جبریل کیا تمہارا رب صلاۃ بھیجتا ہے، جبریل نے کہا ہاں میں نے پھر پوچھا اس کی صلاۃ کیا ہے، جبریل نے کہا۔ سبوح قدوس سبقت رحمتی غضبی،

ابن ابی حاتم نے عطاء مذکور سے اللہ تعالیٰ کے ارشاد اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ کے تحت روایت کیا ہے فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ کی صلاۃ "سبوح قدوس سبقت رحمتی غضبی" ہے۔ المبرد کہتا ہے اللہ تعالیٰ کی صلاۃ رحمت ہے اور ملائکہ کی صلاۃ سے مراد وہ رقت ہے جو رحمت کی استدعاء پر برانگیختہ کرتی ہے اس کا تعاقب کیا گیا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے ارشاد اولٰئک علیہم صلوات من ربہم ورحمۃ، میں صلاۃ اور رحمت کو علیحدہ علیحدہ ذکر کیا ہے، اسی طرح صحابہ کرام نے اللہ تعالیٰ کے ارشاد صلوا علیہ وسلموا تسلیما سے صلاۃ اور رحمت میں تفریق سمجھی ہے کیونکہ السلام علیک ایہا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے الفاظ میں رحمت کا ذکر ہو چکا تھا مگر پھر بھی انہوں نے کیفیت الصلاۃ کا سوال کیا۔ پھر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ان کی اس تفریق کو قائم رکھا اگر الصلاۃ بمعنی الرحمۃ ہوتی تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تم سلام میں اس کی کیفیت سیکھ چکے ہو۔

ابن الاعرابی فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے صلاۃ رحمت ہے اور انسانوں ملائکہ، جن وغیرہم کی طرف سے رکوع، سجود، دعاء اور تسبیح ہے اور پرندوں اور حشرات کی طرف سے بھی تسبیح ہے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کل قد علم صلاتہ وتسبیحہ ہر ایک اپنی تسبیح جانتا ہے۔
ابن عطیہ فرماتے ہیں۔ بندوں پر اللہ تعالیٰ کی صلاۃ کا مطلب اس کا عفو، اس کی رحمت، اس کی برکت اور دنیا و آخرت میں اس کا اپنے بندوں کو عزت بخشنا ہے اللہ تعالیٰ کے ارشاد ھُوَالَّذِیْ یُصَلِّیْ عَلَیْکُمْ وَمَلٰٓئِکَتُہٗ، کے تحت فرماتے ہیں بندے پر اللہ تعالیٰ کی صلاۃ کا

مطلب، اس کا اس پر رحمت فرمانا، برکت دینا اور اسکی عمدہ تعریف کو پھیلانا ہے اور فرشتوں کی صلاۃ کا مطلب، فرشتوں کا ان کیلئے دعا کرنا ہے کسی اور کا قول ہے صلاۃ الملائکہ سے مراد رقت اور دعا ہے۔

علامہ راغب لکھتے ہیں لغت میں صلاۃ کا معنی دعا، تبریک اور تحمید ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے صلاۃ کا مطلب تزکیہ ہے، ملائکہ کی طرف سے استغفار ہے اور لوگوں کی طرف سے صلاۃ کا مطلب الدعاء ہے، علامہ زمخشری فرماتے ہیں جب نمازی کی شان یہ ہے کہ وہ رکوع و سجود میں جھکتا ہے، پس یہی لفظ استعارہ اس شخص کیلئے استعمال ہونے لگا جو غیر پر مہربانی اور رافت کے ساتھ جھکتا ہے جیسے مریض کی عیادت کرنے والا مریض پر جھکتا ہے۔ عورت اپنے بچے پر شفقت و محبت سے جھکتی ہے، حتیٰ کہ پھر اس کا استعمال صرف رحمت و ترؤف میں ہونے لگا عربوں کا قول ہے صلی اللہ علیک ای ترحم و ترأف یعنی اللہ تعالیٰ تجھ پر رافت و رحمت فرمائے یہ قول المجد اللغوی نے نقل کیا ہے اس کے بعد لکھتے ہیں اگر سوال ہو کہ ھوالذی یصلی علیکم کی تفسیر تم نے ترحم و تراف سے کر دی لیکن وملائکتہ کی کیا تفسیر کرو گے، تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ عربوں کے اس قول کی مثل ہے اللھم صل علی المومنین، چونکہ فرشتے مستجاب الدعوات بنا دیئے گئے ہیں گویا وہ بھی رحمت و رافت کرتے ہیں۔

الماوردی فرماتے ہیں یہ لفظ کئی معانی کیلئے اسم مشترک ہے، اظہر وجوہ کے اعتبار سے، اللہ تعالیٰ کی طرف سے صلاۃ کا مطلب رحمت، فرشتوں کی طرف سے استغفار اور مومنوں کی طرف سے دعا ہے، فرماتے ہیں لفظ کے اختلاف کے باوجود عطف کے ساتھ اس کو موکد فرمایا ہے کیونکہ یہ زیادہ بلیغ ہے الحلیمی نے صلاۃ بمعنی سلام بھی جائز قرار دیا ہے مگر ہمارے شیخ (ابن حجر) فرماتے ہیں اس قول میں نظر ہے حدیث کعب وغیرہ اس قول کو رد کرتی ہیں، سب سے اولی قول وہ ہے جو ابو العالیہ سے مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی اپنے نبی پر صلاۃ کا مطلب، اس کی ثناء اور تعظیم فرمانا ہے اور فرشتوں وغیرہم کی صلاۃ کا مطلب ان کا اللہ تعالیٰ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے صلاۃ طلب کرنا ہے اور یہاں مراد، طلب زیادتی ہے، طلب اصل الصلاۃ نہیں ہے، بعض علماء فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ کی اپنی مخلوق پر صلاۃ خاص بھی ہوتی ہے اور عام بھی، پس انبیاء کرام پر اس کی صلاۃ **"ثناء و تعظیم"** ہے اور

دوسرے لوگوں پر صلاۃ کا مطلب رحمت ہے، یہ وہ رحمت ہے جو ہر شی پر وسیع ہے، قاضی عیاض نے بکر القشیری سے نقل کیا ہے فرماتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر اللہ تعالیٰ کی صلاۃ کا مطلب، شرف و عزت میں زیادتی کرنا ہے اور غیر نبی پر صلاۃ کا مطلب رحمت ہے۔

اس تقریر سے ظاہر ہو گیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور باقی مومنوں میں فرق ہے ارشاد فرمایا "اِنَّ اللہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ" اور اسی سورت میں اس آیت سے پہلے فرمایا۔ "ھُوَ الَّذِیْ یُصَلِّیْ عَلَیْکُمْ وَمَلٰٓئِکَتُہٗ"

پس معلوم ہو گیا کہ وہ قدر و منزلت جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لائق ہے وہ اس قدر و منزلت سے بلند ہے جو کسی دوسرے کیلئے ہے اور اس بات پر اجماع ہے کہ اس آیت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی جو شان اور عظمت بیان کی گئی ہے وہ کسی دوسری آیت میں نہیں ہے۔

الحلیمی نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی اپنے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر صلاۃ کا مطلب اس کی عظمت بیان کرنا ہے، شعب الایمان میں فرماتے ہیں الصلاۃ فی اللسان کا مطلب عظمت بیان کرنا ہے، بعض علماء فرماتے ہیں صلاۃ معروفہ کو صلاۃ اس لئے کہتے ہیں کہ اس میں پیٹھ کا درمیان جھک جاتا ہے چونکہ چھوٹا جب بڑے کو دیکھتا ہے تو وہ عادت کے طور پر تعظیماً بڑے کیلئے جھک جاتا ہے پھر نماز کے پڑھنے کو صلاۃ کہتے ہیں کیونکہ عموماً اس میں بھی رکوع و سجود، قیام و قعود کے ساتھ رب تعالیٰ کی تعظیم مقصود ہوتی ہے پھر اس کو مزید وسعت دی کہ ہر دعا کو صلاۃ کہنے لگے، کیونکہ دعا میں مدعو کی تعظیم ہوتی ہے کیونکہ اس کی طرف رغبت کی جاتی ہے اور اس کے سامنے اپنی مفلسی کا اظہار کیا جاتا ہے اور اس لحاظ سے مدعولہ کی تعظیم ہوتی ہے کہ وہ اس کے لئے اللہ تعالیٰ سے اللہ تعالیٰ کے فضل اور اس کی حسن توجہ کو طلب کرتا ہے بعض علماء فرماتے ہیں الصلاۃ للہ کا مطلب وہ اذکار ہیں جن سے تعظیم مذکور اور بلند مرتبہ اور عظیم قدر و منزلت کا اس کے لئے اعتراف، مراد ہوتا ہے اور یہ تمام چیزیں اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں، وہی ان کا مستحق ہے اس کے سوا کوئی ان عظمتوں کے لائق نہیں جب ہم "اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ" کہتے ہیں تو ہماری مراد یہ ہوتی ہے اے اللہ دنیا میں آپ

صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کو بلندی، دین کو غلبہ اور شریعت کو بقا عطا فرما آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو عظمت عطا فرما اور آخرت میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت آپ کی امت کے حق میں قبول فرما اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اجر و ثواب کو عظیم فرما مقام محمود پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی فضیلت اولین و آخرین میں ظاہر فرما ، اور تمام مقربین بالشہود پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تقدیم فرما اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت ظاہر فرما۔

یہ تمام امور اگرچہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے ثابت کر دیئے ہیں، مگر جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی امتی آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) پر صلاۃ بھیجتا ہے تو اس کی دعا قبول کی جاتی ہے اور جائز ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے اس دعا کی وجہ سے ہر اس چیز میں اضافہ کیا جائے جس کو ہم نے رتبہ اور درجہ کا نام دیا ہے، اسی وجہ سے الصلاۃ ان افعال سے ہے جن کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا حق ادا کیا جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کیا جاتا ہے، ہمارا یہ درود اللھم صل علی محمد صلاۃ منا علیہ اس بات پر دلالت کرتا ہے، یعنی اے اللہ تو ہماری طرف سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج کیونکہ ہم تو قادر ہی نہیں ہیں کہ ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسی چیز پہنچائیں جس کے ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی قدر و منزلت بلند ہو، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا مرتبہ اللہ تعالیٰ کے حضور رفیع ہو۔ یہ معاملہ اللہ تعالیٰ کی قدرت و قبضہ میں ہے پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ہماری صلاۃ کا مطلب ان چیزوں کیلئے دعا کرنا ہے اور اللہ تعالیٰ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ثنا طلب کرنا ہے، فرماتے ہیں کبھی الصلاۃ علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اور وجہ ہوتی ہے وہ یہ کہ الصلاۃ علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسے ہے جیسے کہا جاتا ہے اَلسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ وَالسَّلَامُ عَلٰی فُلَانٍ، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "اُولٰٓئِکَ عَلَیْھِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّھِمْ وَرَحْمَۃٌ" اور اس کا معنی " لِتَکُنْ اَوْ کَانَتْ الصَّلَاۃُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ) ہے۔ جیسے صلی اللہ علیہ کا مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ کی صلاۃ ہو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر یا اللہ تعالیٰ کی صلاۃ ہونی چاہئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے تمنا کا مطلب سوال ہوتا ہے، کیا آپ دیکھتے نہیں ہیں کہ کہا جاتا ہے غَفَرَ اللّٰہُ لَکَ وَرَحِمَکَ اور اس کے قائم مقام اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلَہٗ اَللّٰھُمَّ ارْحَمْہُ ہے واللہ اعلم۔

حلیمی کا قول ہے کہ صلاۃ کا معنی "التعظیم" ہے۔ ہمارے شیخ "ابن حجر) فرماتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آل، ذریت پر عطف کرنے سے کوئی التباس لازم نہیں آتا کیونکہ ان کیلئے بھی تعظیم کی دعا کرنا ممتنع نہیں ہے۔ ہر ایک کو اس کے مقام و مرتبہ کے مطابق تعظیم پہنچتی ہے، اور ابو العالیہ سے جو گذر چکا ہے اس کا مدعا ظاہر ہے کہ لفظ صلاۃ اللہ تعالیٰ ملائکہ اور مومنین کی طرف سے ایک معنی میں استعمال جائز ہے اس کی تائید یہ قول بھی کرتا ہے کہ غیر انبیاء پر ترحم کے جواز میں کسی کو اختلاف نہیں اور غیر انبیاء پر صلاۃ کے جواز میں اختلاف کیا گیا ہے اگر ہمارے قول اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کا مطلب اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ مُحَمَّدًا اَوْ تَرَحَّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ ہے تو غیر انبیاء کیلئے بھی جائز ہے اگر تزکیہ اور رحمت معنی ہوتا تو تشہد میں جس کے نزدیک اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ کہنا واجب ہے، اس کے لئے تشہد میں درود کا وجوب ساقط ہو جاتا۔

فائدہ: ہم نے قاضی اسماعیل کی "فضل الصلوٰۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم" سے محمد بن سیرین کے واسطہ سے روایت کیا ہے کہ وہ چھوٹے بچے کیلئے اسی طرح دعا مانگتے تھے جیسے بڑے کیلئے دعا مانگتے تھے ان سے پوچھا گیا اس کا تو کوئی گناہ نہیں ہے اس کے لئے مغفرت کا کیا فائدہ ہے، انہوں نے فرمایا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اگلے، پچھلے گناہ معاف کر دیئے گئے ہیں۔ پھر بھی مجھے ان پر درود بھیجنے کا حکم دیا گیا ہے، میں کہتا ہوں دوسری صورت کی حکمت پیچھے گذر چکی ہے۔ (یعنی درود کا فائدہ ہمیں پہنچتا ہے) نیز اس کی حکمت کا ذکر اسی مقدمہ میں آیت کریمہ کی تفسیر میں عنقریب آئے گا، الفاکھانی فرماتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا ہمارے لئے عبادت کا حکم رکھتا ہے اور ہمارے اعمال میں نیکیوں کی زیادتی کا باعث ہے۔ فرماتے ہیں اس میں ایک لطیف نکتہ بھی ہے، وہ یہ ہے کہ حضور نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کو تمام مخلوق سے محبوب ہیں ہمیں اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجیں، تو ہم اس حکم کے باعث آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کرتے ہیں۔ پس حقیقت میں ذاکر اللہ تعالیٰ کی ذات خود ہے۔ من احب شیئا اکثر ذکرہ یا جب ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتے ہیں تو ہم پر کثرت سے صلاۃ بھیجی جاتی ہے اور جو کسی چیز سے محبت رکھتا ہے وہ اس کا کثرت سے ذکر کرتا ہے یہ ہمارے شیخ

(ابن حجر) کا قول ہے۔

## (چھوٹے بچے کیلئے مغفرت طلب کرنے کا فائدہ)

چھوٹے بچے کا کوئی گناہ نہیں ہوتا پھر اس کے لئے مغفرت طلب کرنے میں کیا حکمت ہے. ہمارے شیخ سے جب پوچھا گیا کہ نماز جنازہ میں اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِصَغِیْرِنَا وَکَبِیْرِنَا پڑھنے کا کیا مطلب ہے، انہوں نے فرمایا یہ قول کئی احتمال رکھتا ہے۔ ۱۔ بچے کیلئے دعا مغفرت طلب کرنے کا مطلب یہ ہے کہ بلوغت کے وقت وہ جو کچھ کرتا اس کے لئے یہ دعا مغفرت کی گئی ہے۔ ۲۔ بچے کیلئے مغفرت طلب کرنے والا، اس کے والدین، یا اس کے مربی کیلئے دعا مغفرت کرنے والا ہوتا ہے، ۳۔ اس کے مقام کی بلندی کیلئے دعا کرتا ہے، جیسے اس شخص کی رفعت منزل کیلئے دعا کی جاتی ہے جس کا کوئی گناہ نہیں ہوتا۔ مثلاً جب کوئی شخص بلوغت کے فوراً بعد فوت ہو جائے یا اسلام لانے کے بعد فوراً فوت ہو جائے تو اس کے لئے دعائے مغفرت کی جاتی ہے، ۴۔ مراہقین، بچوں اور دس سال کی عمر کو پہنچنے والوں کے متعلق علماء کے دعا کرنے کے قول پر عمل ہو جائے۔ یہ تمام احتمالات ہیں کیونکہ یہ مسئلہ اجتہادی ہے پس اس اعتبار سے ان کیلئے دعا کرنا مستحسن ہے۔

## درود بھیجنے کا حکم۔

ہمارے شیخ (ابن حجر) فرماتے ہیں علماء کرام کی طویل کلام کا حاصل یہ ہے کہ درود شریف پڑھنے کے متعلق دس مذاہب ہیں)

۱۔ ابن جریر الطبری وغیرہ کا قول یہ ہے کہ درود شریف پڑھنا مستحب ہے اور علامہ الطبری نے اس پر اجماع کا دعویٰ کیا ہے اور اس دعویٰ کی وجہ سے ان پر اعتراض کیا گیا ہے اور جنہوں نے اس اعتراض کا جائزہ لیا ہے وہ ابو الیمن بن عساکر ہیں وہ فرماتے ہیں بعض علماء نے آیت کریمہ کے لفظ صلوا کے امر کو مستحب پر محمول کیا ہے، وجوب پر نہیں اس قول کے نہ قائل کو تسلیم کیا جاتا ہے اور نہ ان کا قول اعتراض سے سلامت ہے کیونکہ انہوں نے اس پر اجماع کا دعویٰ کیا ہے حالانکہ

یہ مسئلہ محل نزاع ہے۔ بعض علماء نے استحباب کے قول کی تاویل ایک مرتبہ سے زائد کے ساتھ کی ہے اور ایک مرتبہ سے زائد کا استحباب تو متعین ہے واللہ اعلم۔

۲۔ درود شریف پڑھنا فی الجملہ بغیر کسی حصر کے واجب ہے لیکن کم از کم مقدار جس سے وجوب حاصل ہو جاتا ہے وہ ایک مرتبہ ہے بعض مالکی علماء نے اس پر اجماع کا دعویٰ کیا ہے، ابن القصار جو ہمارے اصحاب میں سے مشہور ہے ان کی عبارت یہ ہے "اِنَّ ذَالِکَ وَاجِبٌ فِی الْجُمْلَةِ عَلَى الْاِنْسَانِ وَ فُرِضَ عَلَيْهِ اَنْ يَّاتِیَ بِهَا مَرَّةً مِّنْ دَهْرِهٖ مَعَ الْقُدْرَةِ عَلٰى ذَالِکَ۔" یعنی فی الجملہ انسان پر درود شریف پڑھنا واجب ہے اور قدرت کے ہوتے ہوئے زندگی میں ایک مرتبہ پڑھنا فرض ہے فاکہانی اس کے بعد لکھتے ہیں یہ بھی احتمال ہے کہ المشہور کے لفظ سے طبری کے گذشتہ قول سے احتراز کیا ہے اور یہ بھی احتمال ہے کہ ان کا کوئی خاص مفہوم یہاں نہ ہو صرف اصحاب کے قول مشہور کا ارادہ ہو، کسی مخالفت کا ارادہ نہ ہو القاضی ابو محمد بن نصر فرماتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا فی الجملہ واجب ہے، ابن عبدالبر لکھتے ہیں، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا ہر مومن پر فرض ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ "يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَ سَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا۔"

۳۔ پوری زندگی میں نماز کے اندر یا باہر ایک مرتبہ پڑھنا واجب ہے، یہ کلمہ توحید کی مثل ہے، یہ مسلک امام ابو حنیفہ سے حکایت کیا گیا ہے اور ان کے مقلدین میں سے ابو بکر الرازی نے اسی قول کی تصریح کی ہے امام مالک، الثوری، اوزاعی سے بھی یہی قول روایت کیا گیا ہے یعنی زندگی میں ایک مرتبہ درود پڑھنا واجب ہے کیونکہ امر مطلق ہے اور مطلق امر تکرار کا تقاضا نہیں کرتا اور ماہیت ایک مرتبہ پڑھنے سے حاصل ہو جاتی ہے۔ قاضی عیاض اور ابن عبدالبر فرماتے ہیں جمہور امت کا یہی قول ہے جنہوں نے یہ قول فرمایا ہے ان میں سے ابن حزم بھی ہیں، مفسر قران علامہ قرطبی فرماتے ہیں پوری عمر میں ایک مرتبہ پڑھنے کے وجوب میں کوئی اختلاف نہیں ہے اور یہ ہر وقت سنن موکدہ کے وجوب طرح واجب ہے، ابن عطیہ فرماتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا سنن مؤکدہ کی طرح ہر حال میں واجب

ہے، جن کا ترک جائز نہیں ہے اور ان سے غافل نہیں ہوتا مگر وہ جو بھلائی سے خالی ہو

۴۔ تشہد اور سلام تحلل کے درمیان نماز کے آخر میں واجب ہے، امام شافعی اور ان کے متبعین کا یہی مذہب ہے، ابن خزیمہ، البیہقی جیسے شوافع علماء نے نماز میں درود کے وجوب پر حدیث ابی مسعود سے حجت پکڑی ہے جس میں اذا نحن صلینا علیک فی صلاتنا کے الفاظ ہیں اس حدیث میں اس بات پر کوئی دلیل نہیں، بلکہ یہ تو فقط تشہد میں نمازی پر ان الفاظ کے ساتھ درود بھیجنے کے ایجاب کا فائدہ دیتی ہے اگر تسلیم بھی کر لیا جائے تو درود کی اصل کے وجوب پر دلالت کرتی ہے اس مخصوص محل پر دلالت نہیں کرتی لیکن امام بیہقی نے یہ ثابت کیا ہے کہ جب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے تشہد میں سلام کی کیفیت صحابہ کرام کو سکھائی اور تشہد نماز میں داخل ہے پھر صحابہ کرام نے صلاۃ کی کیفیت پوچھی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں صلاۃ کی کیفیت سکھائی۔ پس یہ چیز دلالت کرتی ہے کہ اس سے مراد تشہد میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود کا پڑھنا ہے اور یہ اس تشہد سے فارغ ہونے کے بعد ہے جس کی تعلیم پہلے دی جا چکی تھی، پس نماز سے باہر درود کے وجوب کا احتمال بعید ہے جیسا کہ قاضی عیاض وغیرہ نے کہا ہے، لیکن ابن دقیق العید فرماتے ہیں، اس میں اس بات پر کوئی نص نہیں ہے کہ درود کا امر نماز کے ساتھ مخصوص ہے فرماتے ہیں حالانکہ نماز میں درود کے وجوب پر اکثر استدلال کیا گیا ہے بعض علماء نے ثابت کیا ہے کہ درود کے وجوب کا استدلال بالا جماع ہے اور نماز کے باہر درود کا عدم وجوب بھی بالا جماع ہے، پس نماز میں درود کا وجوب متعین ہو گیا، یہ ضعیف ہے کیونکہ نماز کے باہر بالا جماع واجب نہیں ہے کا قول اگر اس سے مراد تعیین ہے تو پھر صحیح ہے لیکن مطلوب فائدہ پھر بھی حاصل نہیں ہوتا کیونکہ یہ دونوں مقامات میں سے کسی ایک مقام پر وجوب کا فائدہ دیتا ہے مگر کسی ایک مقام کی تعیین کا فائدہ نہیں دیتا القرافی نے الذخیرہ میں خیال ظاہر کیا ہے کہ امام شافعی وجوب کا قول کرتے ہیں اور پھر ابن دقیق کی طرح رد بھی کرتے ہیں۔

ہمارے شیخ فرماتے ہیں، نماز میں درود کے وجوب کی نسبت امام شافعی کی طرف صحیح نہیں

ہے۔ امام شافعی الام میں فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے قول "اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا" سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کیلئے نماز سے بہتر کوئی جگہ نہیں اور اس قول سے ہم نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت پر رہنمائی پائی ہے، پھر حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور کعب رضی اللہ عنہما کی احادیث ذکر فرمائی ہیں پھر امام شافعی لکھتے ہیں جب مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں تشہد پڑھنا سکھاتے تھے اور یہ بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم درود شریف کا نماز میں پڑھنا سکھاتے تھے۔ پس اب یہ جائز نہ ہوگا کہ تشہد تو نماز میں واجب ہو اور درود شریف نہ ہو۔

بعض مخالفین نے اس استدلال کا کئی وجوہ سے تعاقب کیا ہے۔

۱۔ امام شافعی کے شیخ نے حدیث ابوہریرہ کی طرف ضعف کی نسبت کی ہے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ اگر فیہ یعنی فی الصلوٰۃ کے قول کی صحت کو تسلیم بھی کیا جائے تو یعنی کے لفظ کے ساتھ قائل کی تصریح نہیں ہے، تیسری وجہ یہ ہے حدیث کعب میں ہے کہ انہ یقول فی الصلوٰۃ اگرچہ اس کے ظاہر کا تقاضا یہ ہے کہ یہاں صلوٰۃ سے مراد صلوٰۃ مکتوبہ ہے لیکن یہ بھی احتمال ہے کہ فی الصلوٰۃ سے مراد فی صفۃ الصلوٰۃ علیہ ہو اور یہ احتمال قوی ہے کیونکہ کعب کے اکثر طرق اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ سوال صفت صلوٰۃ کے متعلق ہے، صلوٰۃ کے محل کے متعلق نہیں ہے۔ چوتھی وجہ یہ ہے کہ حدیث شریف میں تشہد میں خصوصاً تشہد اور سلام کے درمیان میں اس کی تعیین پر کوئی دلالت نہیں ہے۔ ایک قوم نے اس مسئلہ میں امام شافعی کی شذوذ کی طرف نسبت کرنے میں مبالغہ کیا ہے۔ اس قوم سے ایک ابوجعفر الطبری بھی ہیں۔ ان کی عبادت یہ ہے "اَجْمَعَ جَمِیْعُ الْمُتَقَدِّمِیْنَ وَالْمُتَاَخِّرِیْنَ مِنْ عُلَمَاءِ الْاُمَّۃِ عَلٰی اَنَّ الصَّلٰوۃَ عَلَیْہِ غَیْرُ وَاجِبَۃٍ فِی التَّشَھُّدِ وَلَا سَلَفَ لِلشَّافِعِیِّ فِیْ ھٰذَا الْقَوْلِ وَلَا سُنَّۃَ یَتَّبِعُھَا۔" یعنی تمام متقدمین و متاخرین علماء امت کا اس بات پر اجماع ہے کہ تشہد میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا واجب نہیں ہے اور امام شافعیؒ کیلئے پہلے اس کی کوئی بنیاد نہیں ہے اور نہ کوئی ایسی سنت ہے جس کی اتباع کی جائے۔ اسی طرح ابوالطحاوی، ابوبکر بن المنذر، الخطابی نے کہا ہے اور قاضی عیاض نے الشفاء میں اس طرح علماء کے اقوال لکھے ہیں۔ العمدہ کے شارح

فرماتے ہیں قیل لم یقلہ احد قبلہ۔ یعنی امام شافعی سے پہلے کسی کا ایسا قول نہیں ملتا ابن بطال، شرح بخاری میں لکھتے ہیں، کہ صحابہ کرام میں سے جس نے بھی تشہد روایت کیا ہے کسی نے بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کا ذکر نہیں کیا۔ حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما نے انصار و مہاجرین کی موجودگی میں منبر پر تشہد کی تعلیم دی مگر کسی نے انکار نہیں کیا، جس نے تشہد میں درود کو واجب قرار دیا ہے اس نے آثار کو رد کر دیا ہے اور گذشتہ اقوال اور اجماع سلف اور جو کچھ امت نے اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے تمام کو نظر انداز کر دیا ہے۔

یہ تمام اشیاء عمدہ نہیں ہیں، شیخ الشیوخ الحافظ ابو الفضل العراقی فرماتے ہیں میں نے اپنے کئی مشائخ سے سنا ہے کہ قاضی عیاض نے جو امام شافعیؒ پر اعتراض کیا ہے اس کو انہوں نے ناپسند فرمایا ہے اور امام کی شذوذ کی طرف نسبت کو عجیب سمجھا ہے، حالانکہ شفاء میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بول، خون کی طہارت میں مخالفت حکایت کی گئی ہے اور انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے زیادتی شرف کی وجہ سے پاک سمجھا ہے پھر امام شافعی رحمتہ اللہ علیہ کے وجوب صلاۃ علیہ کے قول کا کیسے انکار کیا جا سکتا ہے جبکہ اس میں مزید شرف ہے، یہی وجہ ہے کہ امام شافعی کے پیرو کار غالب آگئے اور انہوں نے دلائل نقلیہ اور نظریہ پیش کئے ہیں اور شذوذ کے دعویٰ کو دور کیا ہے۔ اور مزید انہوں نے صحابہ کرام، تابعین اور فقہاء کرام کی ایک جماعت سے وجوب کا قول نقل کیا ہے۔

صحابہ کرام اور تابعین سے جو منقول ہے اس سے اصح ترین آخری باب میں ابن مسعود کی مروی حدیث ہے، حضرت ابن مسعود نے ذکر کیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں تشہد پڑھنے کا طریقہ سکھایا پھر فرمایا ثم لیتخیر من الدعاء یعنی پھر دعا پڑھنی چاہئے۔ جب ابن مسعود سے دعا سے پہلے درود پڑھنے کا حکم ثابت ہے تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ وہ دعا اور تشہد کے درمیان زیادتی کرنے پر مطلع تھے۔ ان لوگوں کی حجت دور ہو گئی جنہوں نے ابن مسعود کی حدیث سے حجت پکڑ کر امام شافعی کے مسلک کا رد کیا ہے جیسا کہ قاضی عیاض نے ذکر کیا ہے، فرمایا ہذا تشہد ابن مسعود الذی علمہ لہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم یعنی یہ حضرت ابن مسعود کا تشہد ہے جو انہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

نے سکھایا تھا، اس میں درود شریف پڑھنے کا ذکر نہیں ہے۔ اسی طرح خطابی نے لکھا ہے کہ ابن مسعود کی حدیث کے آخر میں یہ الفاظ ہیں اذا قلت ہذا فقد قضیت صلاتک یعنی جب تو یہ کہہ لے تو تو نے اپنی نماز مکمل کر لی، اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ یہ زیادتی مدرج ہے۔ اگر اس کا ثبوت مان بھی لیا جائے، تو یوں کہا جائے گا کہ درود شریف کی مشروعیت تشہد کے بعد وارد ہوئی۔ حدیث عمر سے اس کو تقویت بھی دی جا سکتی ہے جس میں ہے کہ دعا موقوف ہوتی حتیٰ کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا جائے۔ حضرت ابن عمر فرماتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے بغیر نماز ہوتی ہی نہیں، اسی طرح الشعبی کا قول بھی ہے انشاء اللہ یہ تمام چیزیں آخری باب میں ذکر کروں گا، الماوردی نے محمد بن کعب القرظی تابعی سے بھی امام شافعی کے قول کی طرح کا قول روایت کیا ہے، بلکہ ہمارے شیخ نے تو یہاں تک لکھا ہے کہ میں نے تو صحابہ کرام اور تابعین میں سے سوائے ابراہیم النخعی کے کسی سے بھی عدم وجوب کی تصریح روایت نہیں کی، اور ابراہیم النخعی کی کلام سے بھی یہی سمجھ آتا ہے کہ باقی تمام لوگ وجوب کے قائل تھے۔

فقہاء الامصار بھی امام شافعی کی مخالفت پر متفق نہیں ہیں، بلکہ امام احمد سے دو روایتیں منقول ہیں، اور ظاہر یہ ہے کہ وجوب کی روایت آخری ہے ابو زرعہ الدمشقی سے منقول ہے پہلے میں وجوب کے قول سے گھبراتا تھا پھر مجھ پر ظاہر ہوا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا واجب ہے۔

صاحب المغنی فرماتے ہیں ظاہر یہ ہے آپ نے پہلے قول سے رجوع فرما لیا تھا اسحٰق بن راہویہ سے العمد میں مروی ہے فرماتے ہیں اذا ترکہا عمداً بطلت صلاتہ او سہوا رجوت ان یجزیہ۔ جب کوئی شخص جان بوجھ کر درود چھوڑ دے تو اس کی نماز باطل ہو جاتی ہے سہواً چھوٹ جائے تو امید ہے وہ جائز ہو جائے گی۔ یہ ان کی آخری روایت ہے جیسا کہ حرب نے المسائل میں اشارہ کیا ہے مالکی علماء میں بھی اس کے متعلق اختلاف ہے، ابن حاجب نے درود شریف کو نماز کی سنتوں میں شمار کیا ہے پھر فرماتے ہیں یہی صحیح مسلک ہے، ان کے شارح ابن عبدالسلام فرماتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ اس کے وجوب کے متعلق دو قول

ہیں ابن المواز کی کلام کا ظاہر بھی یہی ہے القاضی ابو بکر بن العربی نے بھی اسی قول کو پسند فرمایا ہے ابن ابی زید نے ابن مواز کے فرضیت کے قول کا جواب یہ دیا ہے کہ اس کا مطلب ہے کہ درود شریف فرائض صلاۃ میں سے نہیں ہے ابن القصار القاضی عبدالوہاب نے بیان کیا ہے کہ ابن المواز بھی درود شریف کو نماز میں فرض سمجھتے تھے جیسا کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے ابو یعلی العبد المالکی نے مالکیوں کے مذہب سے تین اقوال بیان کئے ہیں وجوب، سنت، مستحب، عراقی نے شرح الترمذی میں بھی ان احناف کا ذکر کیا ہے جنہوں نے کہا ہے کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر ہو تو درود پڑھنا لازمی ہے جیسے امام طحاوی السروجی نے ہدایہ کی شرح میں المحیط، التحفہ، المفید، الغنیہ کے مصنفین سے اس کی تصحیح نقل کی ہے کہ تشہد میں درود شریف واجب ہے کیونکہ تشہد کے آخر میں اس کا ذکر مقدم ہے ہمارے شیخ (ابن حجر) فرماتے ہیں علماء احناف اس کے لزوم کا قول فرماتے ہیں مگر نماز کی صحت کیلئے اس کو شرط قرار نہیں دیتے۔ امام الطحاوی نے روایت کیا ہے کہ درود کے وجوب کو امام شافعی سے روایت کرنے میں حرملہ منفرد ہیں۔

ابن عبدالبر نے الاستذکار میں حرملہ سے روایت کرتے ہوئے نقل کیا ہے کہ انہوں نے امام شافعی سے درود شریف کا محل آخری تشہد روایت کیا ہے اگر کوئی اس سے پہلے پڑھے گا تو وہ جائز نہ ہوگا فرماتے ہیں یہ قول صرف حرملہ کی روایت سے امام شافعیؒ سے منقول ہے اور حرملہ کے علاوہ امام شافعی سے یہ روایت کیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا ہر نماز میں فرض ہے اور اس کے پڑھنے کی جگہ آخری تشہد میں سلام سے پہلے ہے اور انہوں نے یہ ذکر نہیں کیا کہ جو پہلے پڑھ لے وہ اعادہ کرے۔ مگر امام شافعی کے پیروکاروں نے حرملہ کی روایت کی تقلید کی ہے اور اس کے خلاف مناظرے کئے ہیں۔ میں کہتا ہوں ابن خزیمہ اور ان کے متبعین جیسے بیہقی نے وجوب کیلئے حدیث فضالہ جو آخری باب میں آئے گی سے استدلال کیا ہے۔ ابن عبدالبر نے اس سے وجوب کے استدلال پر طعن کیا ہے فرماتے ہیں اگر معاملہ اس طرح ہے تو مصلی کو اعادہ کا حکم دیا جائے جیسے مسیئ کو نماز کے اعادہ کا حکم دیا جاتا ہے، اسی طرح ابن حزم نے بھی اشارہ فرمایا ہے اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ ہو سکتا ہے کہ تشہد سے فارغ ہونے کے وقت یہ واجب ہو۔

اور وجوب کے دعویٰ میں امر کے صیغہ سے دلیل پکڑنا کافی ہے علماء کی ایک جماعت کا قول ہے۔ جن میں سے الجرجانی حنفی بھی ہیں فرماتے ہیں اگر درود فرض ہوتا تو حاجت کے وقت سے بیان کی تاخیر لازم آئے گی کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تشہد سکھایا اور پھر فرمایا: لیتخیر من الدعاء ماشاء۔ یہاں درود کا ذکر ہی نہیں فرمایا۔ اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ اس میں یہ احتمال بھی ہو سکتا ہے کہ اس وقت درود شریف فرض ہی نہ ہو۔ العراقی لکھتے ہیں الصحیح میں ثم لیتخیر کے الفاظ کے ساتھ حدیث وارد ہے اور ثم تراخی کیلئے آتا ہے پس یہ دلالت کرتا ہے کہ تشہد اور دعاء کے درمیان کوئی چیز موجود تھی اور دعا تشہد کے فوراً بعد نہیں بلکہ مصلی کو دعا کا حکم یہ تقاضا کرتا ہے کہ پہلے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا جائے جیسا کہ حدیث فضالہ میں ثابت ہے۔

بعض علماء نے حضرت ابو ہریرہ کی مرفوع حدیث سے استدلال کیا ہے جو صحیح مسلم میں موجود ہے۔ ارشاد فرمایا جب تم میں سے کوئی آخری تشہد سے فارغ ہو تو چار چیزوں کی اللہ سے پناہ مانگے، جس نے تشہد میں اس استعاذہ کے ایجاب کا جزم کیا ہے اس نے اس حدیث پر اعتماد کیا ہے۔ پس تشہد کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا مستحب ہے واجب نہیں ہے، وفیہ مافیہ۔

ابن قیم نے امام شافعی کی تائید کی ہے لکھتے ہیں تشہد میں درود کی مشروعیت پر علماء کا اجماع ہے، مگر اس کے وجوب و استحباب میں اختلاف ہے اور عمل سلف کو وجوب کی دلیل نہ بنانے میں نظر ہے کیونکہ ان کا عمل اتفاق پر مبنی ہے مگر جب عمل سے اعتقاد مراد ہو تو پھر سلف سے کسی صریح دلیل کی نقل کی ضرورت ہے اور صریح دلیل تو موجود ہی نہیں ہے۔

قاضی عیاض کا قول کہ امام شافعی پر لوگوں نے سخت تنقید کی ہے اس کا کوئی معنی نہیں، کیونکہ اس میں تنقید والی کوئی بات ہی نہیں کیونکہ امام صاحب کا قول نص، اجماع، قیاس اور مصلحت راجحہ میں سے کسی کا بھی مخالف نہیں ہے بلکہ یہ قول تو ان کے مذہب کے محاسن میں سے ہے۔ اللہ تعالیٰ خوش و خرم رکھے یہ کہنے والے کو۔

"إِذَا مَحَاسِنِي اللَّاتِي أُدِلُّ بِهَا — كَانَتْ ذُنُوبًا فَقُلْ لِي كَيْفَ أَعْتَذِرُ"

جب وہ محاسن جن کی طرف میں رہنمائی کرتا ہوں وہ گناہ بن جائیں تو آپ ہی بتایئے کہ میں معذرت کیسے کروں۔ اور قاضی عیاض نے جو اجماع کا قول کیا ہے اس کا رد پہلے ہو چکا ہے اور ان کا دعویٰ کہ امام شافعی نے ابن مسعود کے تشہد کو اختیار کیا ہے تو یہ امام شافعی کے اختیارات پر ان کی عدم معرفت کی دلیل ہے کیونکہ امام شافعی نے تو تشہد ابن عباس کو اختیار کیا ہے اور رہا یہ کہ شوافع نے جن احادیث مرفوعہ سے حجت پکڑی ہے وہ ضعیف ہیں جیسے حضرت سہل بن سعد حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا، حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ اور حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ کی احادیث، ان تمام کو بیہقی نے الخلافیات میں جمع کیا ہے اور تقویت کیلئے ان کو ذکر کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے کیونکہ یہ حجت کو قوت بخشتی ہیں وہ احادیث جن کی طرف اشارہ کیا گیا ہے ان کا ذکر ان شاء اللہ اپنے محل میں آئے گا، جو کچھ ہم نے تشہد آخیر میں درود کے وجوب کا ذکر کیا ہے وہی مشہور ہے۔

الجرجانی نے الشافی والتحریر میں عجیب بات بیان کی ہے، انہوں نے درود کے وجوب کے متعلق امام شافعی کے دو قول بیان کئے ہیں، ابن المنذر نے عدم وجوب کا قول کیا ہے حالانکہ وہ بھی شوافعؒ میں شمار ہوتے ہیں۔

ابوالیمن بن عساکر لکھتے ہیں ایک امام العصر نے دعویٰ کیا کہ میں نے امام شافعی سے یہ نہیں سنا کہ نماز کے تشہد میں رسول اللہ ﷺ پر درود کے وجوب پر کوئی دلیل نہیں ہے ان کے اس قول کو ان کی جماعت نے نقل کیا ہے اور فرماتے ہیں ان کا یہ دعویٰ اپنے امام کی تقلید کی وجہ کو مخدوش کرتا ہے حالانکہ وہ امام کی اقتداء پر برانگیختہ کرتے تھے۔

امام نے اپنی مسند میں اپنی سند کے ساتھ حدیث کا ایک ٹکڑا ذکر فرمایا جس کی تصریح اس حدیث سے ہوتی ہے جسے ابو حاتم نے اپنی صحیح میں اور ابو الحسن الدارقطنی نے اپنی سنن میں روایت کیا ہے، اور اس پر صحت کا حکم بھی لگایا ہے، ان الفاظ کے ساتھ دلیل قوی ہو جاتی ہے اور پہلی حدیث کے متعلق دلائل کثیر ہیں اور اس کو نقل کرنا محققین کا عمل نہیں ہے بلکہ اس کی صحت کی معرفت کا طریقہ طرق حدیث کو جمع کرنا ہے۔

پانچواں مسلک یہ ہے کہ تشہد میں درود شریف واجب ہے یہ شعبی اور اسحٰق بن راہویہ کا قول ہے۔

چھٹا قول یہ ہے کہ محل کی تعیین کے بغیر نماز میں واجب ہے یہ ابو جعفر الباقر سے منقول ہے۔

ساتواں یہ ہے کہ تعداد کی قید کے بغیر درود کی کثرت واجب ہے، یہ ابو بکر بن بکیر مالکی کا قول ہے ان کی عبارت یہ ہے "اِفْتَرَضَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَلْقِہٖ اَنْ یُّصَلُّوْا عَلٰی نَبِیِّہٖ وَ یُسَلِّمُوْا وَلَمْ یَجْعَلْ ذَالِکَ لِوَقْتٍ مَعْلُوْمٍ فَالْوَاجِبُ اَنْ یُکْثِرَ الْمَرْءُ مِنْہَا وَلَا یَغْفِلَ عَنْہَا" یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق پر فرض کیا ہے کہ وہ اپنے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجیں اور اس کے لئے کوئی معلوم وقت بھی نہیں بنایا پس ضروری ہے کہ انسان درود شریف میں کثرت کرے اور غفلت نہ کرے میں کہتا ہوں بعض مالکی علماء سے مروی ہے فرماتے ہیں بغیر کسی وقت معین اور بغیر کسی قید تعداد کے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا فرض اسلامی ہے۔

آٹھواں مسلک یہ ہے کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر ہو تو درود پڑھنا ضروری ہے یہ الطحاوی"، جماعۃ من الحنفیہ، الحلیمی، شیخ ابو حامد الاسفرائینی اور شوافع کی ایک جماعت کا قول ہے۔ ابن عربی المالکی کہتے ہیں یہی احوط مسلک ہے میں کہتا ہوں طحاوی کی عبارت یہ ہے۔یجب کلما سمع ذکر النبی صلی اللہ علیہ وسلم من غیرہ او ذکر بنفسہ۔ یعنی جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کسی غیر سے سنے یا خود ذکر کرے تو درود شریف پڑھنا واجب ہے۔

الحلیمی" نے شعب الایمان میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم کو ایمان کا حصہ لکھا ہے اور یہ ثابت کیا ہے کہ تعظیم محبت سے اوپر کی منزل ہے۔ پھر فرماتے ہیں ہم پر واجب ہے کہ ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسی محبت کریں اور تعظیم کریں جو اس محبت و تعظیم سے بڑھ کر ہو جو غلام کو اپنے آقا سے اور بچے کو اپنے والد سے ہوتی ہے، پھر فرماتے ہیں اسی کی مثل ہمیں قرآن نے حکم دیا ہے اور اللہ تعالیٰ کے اوامر وارد ہیں، پھر انہوں نے وہ آیات واحادیث اور صحابہ کرام کے حالات ذکر کئے ہیں جو ہر حال اور ہر طریقہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم و تبجیل کے کمال پر دلالت کرتے ہیں، پھر فرماتے ہیں یہ تو ان لوگوں کی تعظیم و توقیر کا حال تھا جنہیں مشاہدہ کی دولت سے سرفراز کیا

گیا تھا مگر آج آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم یہ ہے کہ جب بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر ہو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجا جائے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ (صلی اللہ علیہ وسلم) الایہ" اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو درود شریف پڑھنے کا حکم دیا۔ ملائکہ کے متعلق یہ خبر دینے کے بعد کہ وہ اپنے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتے ہیں، فرشتے شریعت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی قید سے جدا ہونے کے باوجود آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھ کر اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرتے ہیں پس ہم اس چیز کے زیادہ مستحق ہیں۔

میں کہتا ہوں انہوں نے جو کہا ہے کہ فرشتے شریعت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قید سے جدا ہیں، حالانکہ البیہقیؒ نے ان کی تقیید کو ثابت کیا ہے اور اس پر اتفاق نہیں ہے ہاں امام فخرالدین الرازی نے اسرارالتنزیل میں اس بات پر اجماع نقل کیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ملائکہ کے رسول نہ تھے اسی طرح علامہ نسفیؒ نے بھی لکھا ہے، لیکن ہمیں اس نقل پر اختلاف ہے بلکہ الشیخ السبکی نے اس بات کو ترجیح دی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرشتوں کے بھی رسول تھے، اور انہوں نے کئی وجوہ سے حجت پکڑی ہے، جن کے ذکر کا یہ محل نہیں۔ واللہ اعلم۔

جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر ہو تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا واجب ہے اس کی دلیل قرآن کریم کی آیت کریمہ ہے، کیونکہ امر وجوب کیلئے ہوتا ہے اور اسے ہمیشہ تکرار پر محمول کیا جاتا ہے اس بنا پر کہ امر ہمیشہ اس بات پر دلالت کرتا ہے۔ شہاب بن ابی حجلہ اپنے قصیدہ میں فرماتے ہیں۔

"صَلُّوْا عَلَیْہِ کُلَّمَا صَلَّیْتُمْ — لِتَرَوْا بِہٖ یَوْمَ النَّجَاۃِ نَجَاحًا"

جب نماز پڑھو تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجو! قیامت کے روز تم اس کی برکت سے کامیابی دیکھو گے۔

"صَلُّوْا عَلَیْہِ کُلَّ لَیْلَۃِ جُمْعَۃٍ — صَلُّوْا عَلَیْہِ عَشِیَّۃً وَصَبَاحًا"

آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ہر جمعہ کی رات درود بھیجو اور صبح شام آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجو۔

"صَلُّوا عَلَيْهِ كُلَّمَا ذُكِرَ اسْمُهُ فِي كُلِّ حِيْنٍ غُدْوَةً وَرَوَاحًا"

جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسم پاک کا ذکر ہو تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ہر وقت صبح و شام درود بھیجو۔

"فَعَلَى الصَّحِيْحِ صَلَاتُكُمْ فَرْضٌ إِذَا ذُكِرَ اسْمُهُ وَسَمِعْتُمُوهُ صُرَاحًا"

صحیح مسلک کے مطابق جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسم مبارک کا ذکر ہو اور تم واضح طور پر اس کو سنو تو تم پر درود پڑھنا فرض ہے۔

"صَلَّى عَلَيْهِ اللّٰهُ مَا شَبَّ الدُّجٰى وَبَدَا مَشِيْبُ الصُّبْحِ فِيْهِ وَلَاحَا"

اللہ تعالیٰ درود بھیجے جب تاریکی سخت ہو اور تاریکی میں صبح کی کمزوری ظاہر ہو۔

جب فاکہانی نے اَلْبَخِيْلُ مَنْ ذُكِرْتُ عنده فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ کی حدیث کو ذکر کیا تو فرمایا یہ حدیث اس شخص کے قول کو تقویت دیتی ہے جو یہ کہتا ہے کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر ہو تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا واجب ہے، اور میرا رجحان بھی اسی طرف ہے۔

میں کہتا ہوں ابن بشکوال نے محمد بن فرح الفقیہ سے روایت کیا ہے کہ وہ حضرت حسان کا یہ شعر پڑھتے تھے۔

"هَجَوْتَ مُحَمَّدًا وَاَجَبْتُ عَنْهُ وَعِنْدَ اللّٰهِ فِيْ ذَاكَ الْجَزَاءُ"

(تو نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجو کی میں نے آپ کی طرف سے اس کا جواب دیا اور عمل خیر کی جزا اللہ تعالیٰ کے پاس ہے)

اور اس شعر میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسم مبارک کے ساتھ صلی اللہ علیہ وسلم کا اضافہ کرتے تھے، ان سے کہا گیا اس طرح تو شعر کا وزن نہیں بنتا، انہوں نے فرمایا میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کو ترک نہیں کر سکتا اس کے بعد ابن بشکوال لکھتے ہیں رحمہ اللہ، اللہ تعالیٰ ان پر رحم فرمائے مجھے ان کا یہ فعل بہت پسند ہے، اللہ تعالیٰ انہیں ان کی نیت پر جزا عطا فرمائے گا۔ اور اس پر درود و سلام بھیجتا رہے گا۔

دسواں قول یہ ہے کہ ہر دعا میں پڑھنا۔

میں کہتا ہوں کئی مقامات پر درود پڑھنے کے متعلق علماء کا اختلاف ہے اور کئی مقامات پر

پڑھنا موکد ہے انشاء اللہ تعالیٰ آخری باب میں تمام مقامات کو تفصیل سے ذکر کروں گا۔
نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا نذر ماننے کے ساتھ واجب ہو جاتا ہے۔

## درود شریف پڑھنے کی نذر ماننا

یہاں دو چیزوں کا استفادہ کیا جاسکتا ہے پہلی یہ کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا نذر کے ساتھ واجب ہو جاتا ہے کیونکہ یہ اعظم القربات، افضل العبادات اور اجل الطاعات ہے چونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی نذر مانے وہ اس کو پورا کرے، دوسری چیز یہ ہے کہ اگر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنے زمانہ میں کسی نمازی کو خطاب کرتے تو اسی وقت زبان سے جواب دینا لازم تھا۔ لیکن بعض مالکی علماء فرماتے ہیں کہ یہ احتمال ہے کہ وہ نوافل کو توڑ کر جواب دے، یا درود پڑھ کر جواب دے یا الفاظ قرآن سے جواب دے، یہ تمام باتیں ظاہر کے خلاف ہیں۔

"هَلْ يَجِبُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُصَلِّيَ عَلٰى نَفْسِهٖ اَمْ لَا" کیا نبی کا اپنی ذات پر درود بھیجنا واجب ہے یا نہیں۔

ہدایہ کی بعض شروح میں ہے کہ واجب نہیں ہے اور ہمارے نزدیک نماز میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی اپنے اوپر درود بھیجنا واجب ہے وباللہ التوفیق۔

## (صلوۃ کا محل)

اس کا محل ان آراء سے متعین کیا جاسکتا ہے جو ہم نے اس کے حکم میں بیان کی ہیں اور مزید آخری باب سے بھی اس کی تعیین ہو سکتی ہے۔

## (درود پڑھنے کا مقصود)

الحلیمی فرماتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود کا مقصود، اللہ تعالیٰ کے حکم کی پیروی کر کے اللہ تعالیٰ کا قرب چاہنا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حق کو ادا کرنا ہے،

عبدالسلام نے ان کا تعاقب کیا ہے اور فرمایا ہمارا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا، ہماری طرف سے آپ کی سفارش نہیں ہو سکتا کیونکہ ہم جیسے ناقص بندے، آپ جیسے کامل و اکمل کیلئے شفاعت نہیں کر سکتے لیکن اللہ تعالیٰ نے ہمیں اس کا بدلہ چکانے کا حکم فرمایا جس نے ہم پر احسان و انعام کیا۔ اور اگر ہم احسان چکانے سے عاجز ہوں تو محسن کیلئے دعا کریں پس اللہ تبارک و تعالیٰ نے جب دیکھا کہ ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے احسان کا بدلہ دینے سے عاجز ہیں تو اس نے ہماری رہنمائی درود کی طرف فرمائی تاکہ ہمارے درود آپ کے احسان کا بدلہ بن جائیں کیونکہ آپ کے احسان سے افضل کوئی احسان نہیں۔

ابو محمد المرجانی" فرماتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر تیرا درود بھیجنا حقیقت میں اس کا نفع تیری طرف لوٹتا ہے گویا تو اپنے لئے دعا کر رہا ہے ابن عربی" فرماتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کا فائدہ درود بھیجنے والے کی طرف لوٹتا ہے کیونکہ اس کا درود پڑھنا اس کے صاف عقیدہ، خلوص نیت، اظہار محبت، اور طاعت پر مداومت اور واسطہ کریمہ کے احترام پر دلالت ہے۔

کسی اور عارف نے فرمایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کیلئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حق کی ادائیگی کیلئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عزت و توقیر کے لئے درود پڑھنا ایمان کا ایک بڑا حصہ ہے اور درود شریف پر مواظبت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے شکریہ کی ادائیگی کا ایک باب ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا شکریہ ادا کرنا واجب ہے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے بہت بڑا ہم پر انعام ہوا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم دوزخ سے نجات جنت میں دخول، آسان ترین اسباب کے ذریعے کامیابی کے حصول، ہر طرف سے سعادت کے وصول اور بغیر حجاب کے مراتب سنیہ اور مناقب علیا تک پہنچنے کا ہمارا سبب ہیں، یقیناً اللہ تعالیٰ نے مومنوں پر احسان فرمایا جب اس نے ان میں سے ایک مکرم رسول بھیجا جو ان پر اس کی آیتیں تلاوت کرتا ہے اور ان کا تزکیہ کرتا ہے اور ان کو کتاب و حکمت سکھاتا ہے اگرچہ اس سے پہلے وہ کھلی گمراہی میں تھے۔

## صرف صلاۃ پڑھنی یا صرف سلام پڑھنا مکروہ نہیں

تنبیہ:۔ حدیث کعب وغیرہ سے اس بات پر استدلال کیا گیا ہے کہ بغیر سلام کے صلاۃ

پڑھنا مکروہ نہیں ہے۔ اسی طرح بغیر صلاۃ کے صرف سلام پڑھنا بھی مکروہ نہیں ہے کیونکہ صلاۃ کی تعلیم سے پہلے صرف سلام کی تعلیم دی گئی تھی، صلاۃ سے پہلے تشہد میں ایک مدت تک صرف سلام پڑھا جاتا رہا امام نووی نے الاذکار وغیرہ میں علیحدہ علیحدہ پڑھنے کو مکروہ کہا ہے۔ انہوں نے آیت میں دونوں کا اکٹھا وارد ہونے سے استدلال کیا ہے، ہمارے شیخ (ابن حجر) نے فرمایا نووی کے اس قول میں نظر ہے، صرف صلاۃ پڑھنا اور سلام کبھی نہ پڑھنا مکروہ ہے اگر کسی وقت درود پڑھے اور کسی وقت سلام پڑھے تو وہ حکم کی پیروی کرنے والا ہوگا۔

عبدالرحمٰن بن مہدی فرماتے ہیں کہ صلی اللہ علیہ وسلم کہنا مستحب ہے، علیہ السلام نہ کہے کیونکہ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کا سلام ہے، ابن بشکوال وغیرہ نے یہی کہا ہے۔ واللہ الموفق۔

اللہ تعالیٰ کے ارشاد "اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا" کے چند فوائد ہیں یہ آیت مدنی ہے، اس کا مقصود یہ تھا کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو اپنے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت شان سے آگاہ فرمائے کہ اس کی ملاء اعلیٰ میں اس کے پاس کتنی قدر و منزلت ہے وہ ملائکہ مقربین کے پاس اس کی تعریف فرماتا ہے اور ملائکہ اس پر درود بھیجتے ہیں پھر عالم سفلی کے مکینوں کو درود و سلام کا حکم دیا تاکہ عالم علوی و سفلی کے مکینوں کی طرف سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ثناء مجتمع ہو جائے۔

"حَلَلْتَ بِہٰذَا حَلَّۃً ثُمَّ حَلَّۃً بِہٰذَا فَطَابَ الْوَادِیَانِ کِلَاہُمَا"

کشاف میں مروی ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کا فرمان "اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ" نازل ہوا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یارسول اللہ اللہ تعالیٰ نے جب بھی آپ کو کسی شرف سے مشرف فرمایا تو اس نے ہمیں بھی اس شرف میں شریک فرمایا تو اللہ تعالیٰ نے "یٰٓاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا" کو نازل فرما دیا۔ مجھے ابھی تک اس حدیث کی اصل پر آگاہی نہیں ہوئی۔

آیت میں مضارع کا صیغہ استعمال کیا گیا ہے جو دوام اور استمرار پر دلالت کرتا ہے تاکہ یہ معلوم ہو جائے کہ اللہ تعالیٰ اور تمام ملائکہ ہمارے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر

ہمیشہ ہمیشہ درود بھیجتے رہتے ہیں اور اولین و آخرین کے مطلوب کی غایت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک صلاۃ کا حصول ہے، اور یہ کیوں نہ ہو بلکہ اگر ایک عقلمند سے پوچھا جائے کہ تمہیں اپنے صحیفہ اعمال میں تمام مخلوق کے اعمال کا ہونا پسند ہے یا اللہ تعالیٰ کا درود تو وہ یقیناً اللہ تعالیٰ کی صلاۃ کو ہی پسند کرے گا۔ اب تیرا اس ذات اقدس کے متعلق کیا خیال ہے جس پر ہمارا پروردگار اور تمام فرشتے ہمیشہ ہمیشہ سے درود پڑھ رہے ہیں، پھر مومن کیلئے یہ کیسے مناسب ہو سکتا ہے کہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود نہ بھیجے یا بالکل ہی اس سے غافل رہے یہ فاکہانی نے نکتہ لطیفہ لکھا ہے، شاید انہوں نے کلام میں اس طرح نظر کی ہے کہ یہ آیت بطور احسان ذکر کی ہے یا یوں نظر کی ہے کہ جملہ کی دو وجہیں ہیں جیسے اپنی خبر کے اعتبار سے تجدد و حدوث پر دلالت کرتا ہے اسی طرح مبتدا کی حیثیت سے استقرار و ثبوت پر دلالت کرتا ہے، پس اس طرح دونوں حیثیتوں کا جمع ہونا واقعی استمرار و دوام پر دلالت کرتا ہے۔ اہل معانی نے لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد یستہزء بہم میں مستہزء سے عدول کرنے کی حکمت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے استہزاء کے استمرار اور تجدد کا قصد کیا ہے اور قرآن کریم اور کسی دوسری کتاب میں کوئی ایسی کلام نہیں ہے۔ جس سے یہ معلوم ہو کہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کسی پر درود بھیجا ہو۔ یہ ایک ایسی خصوصیت ہے جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے صرف آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو خاص فرمایا ہے دوسرے تمام انبیاء کو یہ شرف حاصل نہیں ہوا۔

## آیت کریمہ اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ الخ کے فوائد

علماء کرام نے اس آیت شریفہ کے کئی اور فوائد بھی ذکر فرمائے ہیں ایک یہ ہے کہ واحدیؒ نے ابو عثمان الواعظ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں میں نے الامام سہل بن محمد کو یہ فرماتے سنا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے ارشاد "اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ (الآیہ)" کے ساتھ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو شرف بخشا وہ اس شرف سے اتم و اجمع ہے جو فرشتوں کو آدم کے سامنے سربسجود ہونے کا حکم دے کر آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو بخشا تھا، کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرشتوں کے ساتھ اس میں شریک ہونا جائز ہی نہیں جبکہ نبی مکرم صلی اللہ علیہ

وسلم پر درود بھیجنے کی خود اللہ تعالیٰ نے اپنے متعلق خبر دی ہے، اور پھر فرشتوں کے متعلق خبر دی ہے پس اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو شرف حاصل ہو وہ اس شرف سے بلیغ ہے جو صرف فرشتوں سے حاصل ہو اور اللہ تعالیٰ اس شرف میں شریک نہ ہو۔

دوسرا فائدہ یہ ہے کہ جسے نیند کم آتی ہو وہ سوتے وقت اس آیت کریمہ کی تلاوت کرے۔ ابن بشکوال نے عبدوس الرازی کے حوالہ سے ذکر کیا ہے کہ انہوں نے کم نیند والے انسان کیلئے یہ نسخہ بتایا ہے مزید ذکر ان شاء اللہ تعالیٰ آخری باب میں آئے گا۔

تیسرا فائدہ وہ ہے کہ جو ابن ابی الدنیا نے ذکر کیا ہے اور ان کے طریق سے ابن بشکوال نے ابن ابی فدیک کے حوالہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں میں نے جن لوگوں سے ملاقات کی ہے ان میں سے کسی نے بتایا ہے کہ ہمیں یہ خبر پہنچی ہے کہ جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کے پاس کھڑا ہو اور "اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا" کی تلاوت کرے۔ پھر صلی اللہ علیک یا محمد ستر مرتبہ کہے، تو ایک فرشتہ اسے یوں ندا دیتا ہے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ یَا فُلَاں لم تَسْقُطْ لَکَ حَاجَۃٌ۔ (اے شخص تجھ پر اللہ تعالیٰ درود بھیجے تیری ہر حاجت پوری ہوگی) ابن بشکوال نے احمد بن محمد بن عمر الیمانیؒ سے سنداً ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں میں صنعاء کے مقام پر تھا میں نے ایک شخص کو دیکھا جس پر لوگ جمع تھے میں نے اجتماع کا سبب پوچھا تو لوگوں نے بتایا کہ یہ شخص رمضان المبارک میں ہماری امامت کرتا تھا بڑے خوبصورت لہجہ میں قرآن پڑھتا تھا جب آیت کریمہ "اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ" پر پہنچا تو اس نے یُصَلُّوْنَ عَلِیٍّ عَلَی النَّبِیِّ پڑھ دیا تو اسی وقت یہ گونگا، مجزوم، مبروص، اندھا اور اپاہج ہو گیا یہ اس کا مکان ہے۔

چوتھا فائدہ اس کا وہ ہے جو قاضی عیاض نے بعض متکلمین سے کھیعص کی تفسیر میں نقل فرمایا ہے ک سے مراد کاف ہے یعنی اللہ تعالیٰ اپنے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے کافی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "اَلَیْسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبْدَہٗ، الھاء ہدایہ لہ" ارشاد فرمایا "وَیَھْدِیَکَ صِرَاطًا مُّسْتَقِیْمًا" "الیاء" اس سے مراد اللہ تعالیٰ کا اپنے محبوب کی تائید کرنا ہے ارشاد فرمایا "ھُوَ الَّذِیْ اَیَّدَکَ بِنَصْرِہِ العین" سے مراد عصمۃ لہ ہے۔ ارشاد ہے وَاللّٰہُ یَعْصِمُکَ مِنَ النَّاسِ اور الصاد سے مراد آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر اللہ تعالیٰ کا صلاۃ

بھیجتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا "اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ" (الایہ)

الشفاء میں قاضی عیاض نے ابو بکر بن فورک سے روایت کیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد قرۃ عینی فی الصلاۃ سے مراد اللہ تعالیٰ اور ملائکہ کا آپ پر صلاۃ بھیجنا ہے اور جس صلاۃ کا حکم آپ کی امت کو اللہ تعالیٰ نے قیامت تک کیلئے دیا ہے۔ اس مفہوم کے اعتبار سے الصلوٰۃ پر الف لام عہدی ہوگا۔

میں کہتا ہوں قاضی عیاض نے المشارق میں لکھا ہے کہ اکثر الاقوال اور اظہر الاقوال یہ ہے کہ یہاں صلاۃ سے مراد الصلاۃ الشرعیہ المعہودہ ہے کیونکہ اس میں مناجات کشف معارج اور شرح الصدر ہوتا ہے واللہ اعلم۔

ساتواں فائدہ یہ ہے کہ الواحدی نے الاصمعی کے حوالہ سے ذکر کیا ہے کہ وہ فرماتے ہیں میں نے فہدی کو البصرہ کے منبر پر یہ کہتے سنا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں ایک ایسے کام کا حکم دیا ہے، جس کی ابتداء اس نے خود کی ہے اور دوسرے نمبر پر وہ کام فرشتوں نے کیا ہے، اپنے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو شرف بخشنے کے لئے ارشاد فرمایا "اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ، یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا" اس خصوصیت کے ساتھ تمام انبیاء کرام میں سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ترجیح دی ہے، تمام لوگوں کے درمیان سے اس نے یہ تحفہ تمہیں دیا ہے پس اس نعمت کا شکریہ ادا کرو اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود بھیجو۔

خطباء اس کے طریقہ پر اپنے خطبات میں اس کو ذکر کرتے تھے اگر مکمل ذکر کرتے تو مزید اچھا ہوتا۔

آٹھواں فائدہ یہ ہے اللہ تعالیٰ نے آیت میں اسم جلالت اللہ ذکر فرمایا کسی اور اسم مبارک کو ذکر نہیں فرمایا کیونکہ کہا جاتا ہے کہ یہ اسم اعظم ہے اللہ تعالیٰ کے سوا یہ کسی اور کا نام نہیں ہے اسی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے ارشاد ہل تعلم لہ سمیا کی تفسیر بیان کی گئی ہے یا کوئی دوسری وجہ بھی ہو سکتی ہے۔

نواں فائدہ یہ ہے کہ آیت میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر النبی کے ساتھ فرمایا محمد نہیں فرمایا، جیسے دوسرے انبیاء کے نام ذکر فرمائے ہیں مثلاً ارشاد فرمایا "یَا آدَمُ اسْکُنْ

اَنْتَ وَزَوْجُکَ الْجَنَّۃَ، وَیَا نُوحُ اہْبِطْ بِسَلَامٍ مِنَّا، یَا اِبْرَاہِیْمُ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّؤْیَا، وَیَا دَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنَاکَ خَلِیْفَۃً فِی الْاَرْضِ وَیَا عِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ وَیَا زَکَرِیَّا اِنَّا نُبَشِّرُکَ بِغُلَامٍ وَیَا یَحْیٰی خُذِ الْکِتَابَ بِقُوَّۃٍ" اور اس قسم کی دوسری مثالیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام ذکر نہیں فرمایا تاکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس عظمت و رفعت کی بلندی کا اظہار ہو جائے جو صرف آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مختص ہے اور اس فضیلت کی خبر دی جائے جو تمام رسل اخیار میں سے صرف آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہے، جب اللہ تعالیٰ نے حضرت خلیل کے ذکر کے ساتھ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر فرمایا تو خلیل کا نام ذکر فرمایا اور حبیب کو لقب کے ساتھ یاد فرمایا، ارشاد فرمایا "اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ بِاِبْرَاہِیْمَ لَلَّذِیْنَ اتَّبَعُوْہُ وَ ہٰذَا النَّبِیُّ" یہ ایک عظیم فضیلت ہے جس کو علماء نے مراتب علیا میں شمار کیا ہے۔ اور جہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام ذکر فرمایا ہے وہاں کوئی خاص مصلحت ہے جو نام کا ہی تقاضا کرتی ہے، پس اس کی اہمیت کے پیش نظر ایسا کیا ہے النبی پر الف لام عہدی بھی ہو سکتا ہے کیونکہ اس سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر ہو چکا ہے لیکن غلبہ کیلئے ہونا زیادہ اولیٰ ہے جیسے المدنیہ، النجم، الکتاب، گویا آپ ہی اس کے ساتھ معروف ہیں اور اس صفت میں تمام انبیاء پر مقدم ہیں صَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْنَ وَ عَلٰی کُلِّ سَائِرِ الصَّحَابَۃِ اَجْمَعِیْنَ۔

## نبی کے لفظ کی تحقیق

نبی کا لفظ ہمزہ کے ساتھ اور ہمزہ کے بغیر دونوں طرح استعمال ہوتا ہے مگر اولی ہمزہ کا نہ ہونا ہے قرات سبعہ میں دونوں طرح پڑھا جاتا ہے، یہ لفظ یا تو النبا سے مشتق ہے جس کا معنی خبر ہے اس صورت میں اس کا معنی یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے غیب پر مطلع فرمایا اور اسے آگاہ فرمایا کہ وہ اس کا نبی ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "نَبِّئْ عِبَادِیْ اَنِّیْ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ" یہ فعیل بمعنی فاعل ہے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم خلق خدا کو خبریں دیتے ہیں اور یہ بھی جائز ہے کہ یہ فعیل بمعنی مفعول ہو، اللہ تعالیٰ کا

ارشاد ہے فَلَمَّا نَبَّأَهَا بِهِ قَالَتْ مَنْ أَنْبَأَكَ هَٰذَا قَالَ نَبَّأَنِيَ الْعَلِيمُ الْخَبِيرُ۔
بعض علماء فرماتے ہیں اس کا اشتقاق النبوۃ سے ہے جس کا معنی رفعت و بلندی ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو نبی آپ کے مقام رفیع کی وجہ سے کہا جاتا ہے۔ المجد اللغوی فرماتے ہیں یہ کوئی عمدہ قول نہیں ہے صواب اور درست بات یہ ہے کہ النباہ المکان المرتفع۔ یعنی النباہ کا معنی بلند مکان ہے، میں کہتا ہوں یہ الشفاء میں بھی اسی طرح ہے جہاں وہ لکھتے ہیں کہ جس نے ہمزہ ذکر نہیں کیا اس کے نزدیک یہ النبوۃ سے مشتق ہے اور النبوۃ سے مراد زمین کی بلند جگہ ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اللہ تعالیٰ کے نزدیک بلند و بالا مرتبہ و مقام ہے۔ اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہ النبی سے مشق ہو جسکا معنی الطریق المستقیم ہے ابن سیدہ فرماتے ہیں النبی کا مطلب اللہ تعالیٰ کی طرف سے خبر دینے والا ہے سیبویہ لکھتے ہیں قلت استعمال کی وجہ سے اس میں ہمزہ کا ذکر لغت ردیہ سمجھا جاتا ہے۔ اس اعتبار سے نہیں کہ قیاس اس سے مانع ہے کیا آپ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد پڑھا نہیں ہے کہ ایک اعرابی نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں پکارا یا نبی اللہ۔ یہ عربوں کے قول نبات من ارض الی ارض اذا خرخت منھا الی اخریٰ سے مشتق ہے اور اس کا معنی ہے اے مکہ سے مدینہ کی طرف جانے والے۔ مگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمزہ کا بیان ناپسند فرمایا۔ اور فرمایا ہم معشر قریش ہیں تو ہمیں غیر مہذب لقب سے یاد نہ کر۔ ایک روایت میں ہے کہ میرا نام نہ بگاڑ، میں نبی اللہ ہوں۔ ایک روایت کے الفاظ میں ہے میں نبیٔ اللہ نہیں لیکن نبی اللہ ہوں، ابن سیدہ کہتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اسم میں ہمزہ کو ناپسند فرمایا اور ہمزہ کے ساتھ پڑھنے والے کا رد فرمایا کیونکہ جو اس نے نام دیا اس کو وہ جانتا نہیں تھا پس آپ نے اس کو ڈرایا تاکہ وہ اس سے رک جائے۔ اور اس میں ایک ایسی چیز تھی جس کا تعلق شریعت سے تھا پس اس روکنے کی وجہ سے مباح لفظ ممنوع ہو گیا۔ اس کی جمع انبیاء نباء اور انباء آئی ہے العباس بن مرداس السلمی کہتا ہے۔

یَا خَاتَمَ النُّبَآءِ إِنَّکَ مُرْسَلٌ ۔۔۔ بِالْحَقِّ کُلُّ هُدَى السَّبِيلِ هُدَاکَ
إِنَّ الْإِلٰهَ بَنٰی عَلَيْکَ مَحَبَّةً ۔۔۔ فِی خَلْقِهٖ وَمُحَمَّدًا أَسْمَاکَ

اے انبیاء کے سلسلہ کو ختم کرنے والے تجھے حق کے ساتھ مبعوث کیا گیا ہے اور اللہ تعالیٰ

نے ہر ہدایت کے راستہ کی طرف تیری رہنمائی فرمائی ہے بیشک اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق میں تیری محبت ڈال دی اور محمد تیرا نام رکھا ہے۔

جب یہ اشتقاق کا اختلاف ثابت ہو گیا ہے تو اس پر کلام میں بھی اختلاف و نزاع ہمیشہ باقی رہا ہے۔

## نبی و رسول میں فرق

بعض علماء فرماتے ہیں رسول وہ ہوتا ہے جسے مخلوق کی طرف بھیجا گیا ہو اور جبریل کو اس کی طرف بھیجا گیا ہو اور اس نے اس کو دیکھا ہو اور بالمشافہہ گفتگو کی ہو اور نبی وہ ہوتا ہے جس کی نبوت الہامی اور منامی ہوتی ہے پس ہر رسول نبی ہوتا ہے مگر ہر نبی رسول نہیں ہوتا۔ یہ الواحدی وغیرہ نے الفراء سے روایت کیا ہے۔

امام نووی فرماتے ہیں الفراء کے کلام میں نقص ہے کیونکہ ان کی کلام کا خلاصہ یہ ہے کہ محض نبوت فرشتے کی پیغام رسانی کے ذریعے نہیں ہوتی حالانکہ معاملہ ایسا نہیں ہے۔ القاضی عیاض نے ایک قول حکایت کیا ہے کہ نبی اور رسول ایک اعتبار سے جدا جدا ہیں جبکہ نبوت جس کا مطلب اطلاع علی الغیب ہے اور نبوت کے خواص کی معرفت ہے اور اطلاع علی الغیب اور اعلام بخواص النبوہ کی معرفت کے سبب بلندی و رفعت کے ہر درجہ کو محیط ہوتے ہیں اور رسالت کی زیادتی جو رسول کو حاصل ہوتی ہے جس کا مطلب انذار و اعلام کا حکم دینا ہے، اس میں جدا جدا ہوتے ہیں۔

بعض علماء کا یہ خیال ہے کہ رسول وہ ہوتا ہے جو نئی شریعت لے کر آئے جو شریعت لے کر نہ آئے وہ نبی ہے رسول نہیں ہے اگرچہ اسے ابلاغ و انذار کا حکم بھی دیا گیا ہو بعض علماء فرماتے ہیں الرسول وہ ہوتا ہے جو صاحب معجزہ اور صاحب کتاب ہو اور اپنے سے پہلے کی شریعت کو منسوخ کرنے والا ہو اور جس میں یہ خصال جمع نہ ہو وہ نبی ہے رسول نہیں۔

زمخشری کہتے ہیں رسول وہ ہوتا ہے جو صاحب معجزہ بھی ہو اور اس پر کتاب کا نزول بھی

ہو اور نبی جو رسول نہیں ہوتا وہ ہوتا ہے جس پر کتاب کا نزول نہ ہو، اسے حکم ہوتا ہے کہ وہ اپنے سے پہلے رسول کی شریعت کی طرف دعوت دے۔

یہ تمام اقوال المجد اللغوی نے حکایت کئے ہیں۔ فرماتے ہیں انشاء اللہ ایسا قول ذکر کروں گا جو تحقیق و تبیین کے قریب ہوگا اور جو دقائق کے رخ سے واضح طور پر نقاب کشائی کرے گا۔

## نبوت رسالت سے افضل ہے

ابن عبدالسلام اپنے قواعد میں فرماتے ہیں اگر پوچھا جائے کہ نبوت افضل ہے یا رسالت تو میں کہوں گا نبوت افضل ہے کیونکہ نبی اللہ تعالیٰ کی ان صفات جلال اور نعوت کمال کی خبر دیتا ہے جن کا وہ مستحق ہوتا ہے نبوت اپنی دونوں اطراف سے اللہ تعالیٰ کی ذات سے متعلق ہے لیکن رسالت کا یہ مرتبہ نہیں کیونکہ رسالت میں بندوں کو احکام کا پہنچانا ہے، رسالت ایک طرف سے اللہ تعالیٰ کی ذات سے متعلق ہے اور دوسری طرف سے بندوں کے ساتھ متعلق ہے۔

اس میں ذرا شک نہیں کہ وہ صفت جس کا تعلق دونوں اطراف سے اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہو وہ اس صفت سے افضل ہے جس کا تعلق صرف ایک جانب سے اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہو نبوت، رسالت سے پہلے بھی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا موسیٰ علیہ السلام کو ارشاد فرمایا انی انا اللہ رب العالمین مقدم ہے، اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى موخر ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ارشاد اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى سے پہلے جو کچھ فرمایا وہ نبوت ہے اور اس کے بعد جو تبلیغ احکام کا حکم ہے وہ رسالت ہے۔

حاصل کلام یہ ہے کہ نبوت اللہ تعالیٰ کی معرفت اور اس کی صفات واجبہ کی معرفت کی طرف راجع ہے اور ارسال کا مرجع یہ کہ اللہ تعالیٰ نے اسے حکم دیا کہ وہ اس کے تمام یا بعض بندوں کی طرف معرفت، طاعت اور اجتناب معصیت میں سے جو ان پر اس نے واجب کیا ہے ان تمام چیزوں کے احکام پہنچائے، یہ قول غور و فکر کا محتاج ہے اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ملائکتہ فرمایا ہے الملائکہ نہیں فرمایا ہے کیونکہ دونوں صیغوں کے درمیان

کوئی فرق نہیں ہے۔ دونوں عموم کا فائدہ دیتے ہیں پہلا اضافت کے ساتھ معرف ہے جو تشریف و تعظیم کیلئے ہوتی ہے دوسرا صیغہ ال کے ساتھ معرفہ ہے بعض علماء کا کہنا ہے کہ آیت میں حذف ہے اصل عبارت یوں ہے اِنَّ اللہَ یُصَلِّیْ وَمَلَآئِکَتُہٗ یُصَلُّوْنَ واللہ اعلم۔

ملائکہ کی تعداد کو سوائے اللہ تعالیٰ کے کوئی شمار نہیں کر سکتا ہے۔ کیونکہ کچھ ملائکہ مقربین ہیں کچھ حاملین عرش ہیں کچھ ساتوں آسمانوں میں رہنے والے ہیں کچھ جنت کے پہرے دار کچھ دوزخ کے داروغے اور کئی بنی آدم کے اعمال کو محفوظ کرنے والے ہیں جیسے ارشاد ہے :یحفظونہ من امر اللہ، کئی سمندروں، پہاڑوں، بادلوں، بارشوں، رحموں، نطفوں، تصویروں کے کام کے موکل ہیں کچھ جسموں میں روح پھونکنے، نباتات کو پیدا کرنے ہواؤں کو چلانے، افلاک و نجوم کو چلانے پر مامور ہیں، کچھ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر ہمارے درود کو پہنچانے، نماز جمعہ کیلئے آنے والوں کو لکھنے، نمازیوں کی قراۃ پر آمین کہنے پر مصروف ہیں کچھ صرف ربنا ولک الحمد کہنے والے ہیں، کچھ نماز کے منتظرین کیلئے دعا کرنے والے ہیں، اور کچھ اس عورت پر لعنت کرنے کیلئے ہیں جو اپنے خاوند کا بستر چھوڑ کر غیر کے پاس جاتی ہے، اس کے علاوہ بھی کئی فرشتوں کا ذکر ملتا ہے جن کے متعلق احادیث وارد ہیں، ان میں سے اکثر کا ذکر ابو الشیخ بن حیان الحافظ کی کتاب العظمہ میں موجود ہے۔

تفسیر الطبری میں کنانہ العدوی کے طریق سے مروی ہے کہ حضرت عثمان نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ان فرشتوں کی تعداد پوچھی جو انسان پر متعین ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہر آدمی پر رات کو دس فرشتے اور دن کو دس فرشتے متعین ہوتے ہیں ایک دائیں جانب، ایک بائیں جانب دو آگے، پیچھے، دو اس کے ہونٹوں پر جو صرف محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر پڑھا جانے والا درود محفوظ کرتے ہیں دو پیشانی پر اور ایک اس کی پیشانی کے بالوں کو پکڑے ہوئے ہے اگر وہ تواضع کرتا ہے تو وہ اسے بلند کرتا ہے اگر تکبر کرتا ہے تو وہ اسے جھکا دیتا ہے۔ دسواں سانپ سے اس کی حفاظت کرتا ہے کہ کہیں اس کے منہ میں داخل نہ ہو جائے یعنی جب وہ سویا ہوا ہو۔

یہ بھی کہا گیا ہے کہ ہر انسان کے ساتھ ۳۶۰ فرشتے ہیں، عالم سفلی اور عالم علوی میں کوئی ایسی جگہ نہیں ہے جو ان فرشتوں سے معمور نہ ہو جن کی صفت لَا یَعْصُوْنَ اللہَ مَآ اَمَرَھُمْ وَ

یَفْعَلُوْنَ مَا یُؤْمَرُوْنَ ہے المستدرک للحاکم میں حضرت عبداللہ بن عمرو کی حدیث سے ثابت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مخلوق کے دس جزء بنائے ہیں نو اجزاء ملائکہ ہیں اور ایک جزء باقی تمام مخلوق ہے حدیث معراج جس کی صحت پر اتفاق ہے۔ اس میں ہے کہ بیت معمور میں ہر روز ستر ہزار فرشتے صلاۃ پڑھتے ہیں جب ایک دفعہ وہ چلے جاتے ہیں تو پھر کبھی واپس نہیں آتے

حدیث ابی ذر جو ترمذی و ابن ماجہ نے مرفوعاً روایت کی ہے اس میں ہے کہ آسمان چرچراتا ہے اور چرچرانا اس کا حق ہے کیونکہ کوئی چار انگلیوں کی مقدار جگہ ایسی نہیں جہاں فرشتہ سربسجود نہ ہو۔

حضرت جابر کی مرفوع حدیث الطبرانی نے نقل کی ہے اور اسی طرح حدیث عائشہ میں ہے کہ ساتوں آسمانوں میں قدم، بالشت اور ہتھیلی کی مقدار کوئی ایسی جگہ نہیں ہے جہاں کوئی فرشتہ قیام یا رکوع، یا سجود میں نہ ہو، یہ چیز نص قرانی سے معلوم ہے کہ تمام فرشتے جہاں بھی ہیں ہمارے آقا و مولا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتے ہیں، یہ وہ خصوصیت ہے جس کے ساتھ تمام انبیاء و مرسلین میں سے صرف آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے خاص فرمایا ہے۔

## درود پڑھنے کی نعمت سے صرف مسلمانوں کو خاص فرمایا

ایک فائدہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فرمایا یا ایہا الناس نہیں فرمایا اگرچہ صحیح مسلک کے مطابق فروعات اسلامیہ کے کفار بھی مخاطب ہیں۔ چونکہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا اجل القربات سے ہے اس لئے اس کے ساتھ صرف مومنین کو خاص فرمایا شیخ الاسلام البلقینی نے علماء کے قول الکفار مخاطبوں بفروع الشریعۃ سے چند مسائل کو مستثنیٰ قرار دیا ہے، مثلاً ان کے معاملات فاسدہ مقبوضہ ان کے نکاح فاسدہ، شراب پینے پر انہیں حد کا نہ لگنا، اور ہر اس حکم میں جس میں خطاب یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا سے ہوا ہے، اس میں کفار داخل نہیں ہیں۔

## سلام کو مصدر سے موکدہ کرنے کی حکمت

تنبیہان :۔ ا۔ اس حکمت کے متعلق اکثر سوال ہوتا ہے کہ تسلیم کو مصدر سے مؤکد کیا گیا ہے اور صلاۃ کو مؤکد نہیں کیا گیا۔ الفاکہانی کے جواب کا ماحاصل یہ ہے کہ صلاۃ لفظ ان کے ساتھ مؤکد ہے، نیز اللہ تعالیٰ کے خود خبر دینے کے ساتھ مؤکد ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتے ہیں جبکہ سلام اس طرح مؤکد نہیں ہے، پس اس کو مصدر کے ساتھ مؤکد کرنا ہی بہتر ہے کیونکہ یہاں اور تو کوئی ایسی چیز نہیں جو تاکید کے قائم مقام ہوتی۔

ہمارے شیخ (ابن حجر) نے ایک اور جواب دیا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ جب لفظاً صلاۃ کو سلام پر تقدیم تھی اور تقدیم میں ہمیشہ فضیلت و عظمت ہوتی ہے اس لئے بہتر ہی تھا کہ ذکر میں مؤخر ہونے کی وجہ سے سلام کو مصدر کے ساتھ مؤکد کیا جائے تاکہ لفظاً تاخر کی وجہ سے قلت اہتمام کا شبہ نہ ہو۔

میں نے ابن بنون کی کتاب میں لکھا ہوا دیکھا ہے کہ سلام اسی تاکید کے ساتھ آیا ہے جس کا وہ مقتضی تھا مثلاً حضور کا ارشاد ہے۔ "اِنَّ لِلّٰہِ مَلَائِکَۃً سَیَّاحِیْنَ یُبَلِّغُوْنِیْ عَنْ اُمَّتِیَ السَّلَامَ وقولہ اِذَا سَلَّمَ عَلَیَّ اَحَدٌ رَدَّ اللّٰہُ عَلَیَّ رُوْحِیْ" اس قول میں نظر ہے واللہ اعلم عنداللہ تعالیٰ۔

اس میں کیا حکمت ہے کہ صلاۃ کی نسبت اللہ تعالیٰ اور فرشتوں کی طرف کی گئی جبکہ سلام کی نہیں۔

دوسری تنبیہ یہ ہے کہ ہمارے شیخ سے پوچھا گیا کہ صلاۃ کی نسبت اللہ تعالیٰ اور فرشتوں کی طرف کی گئی ہے اور سلام کی نہیں جبکہ مومنین کو صلاۃ و سلام دونوں کا حکم دیا گیا ہے۔ تو ہمارے شیخ نے فرمایا کہ السلام کے دو معانی ہیں التحیۃ اور الانقیاد، پس مومنوں کو سلام کا حکم دیا گیا کیونکہ مومنوں کیلئے یہ دونوں معانی صحیح ہیں اور اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتوں سے الانقیاد جائز نہیں ہے، پس اس وہم کو دور کرنے کیلئے سلام کی نسبت اللہ تعالیٰ اور فرشتوں کی طرف نہیں کی گئی۔

## پہلا باب

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کا حکم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کا حکم کس وقت یہ حکم ہوا، درود کی مختلف اقسام، عمدہ طریقہ پر درود بھیجنے کا حکم۔ ان مجالس میں حاضری کی ترغیب جن میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا جاتا ہے، اہل السنہ کی علامت کثرت صلاۃ ہے۔ فرشتے ہمیشہ ہمیشہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتے رہتے ہیں حضرت آدم نے حضرت حواء کو بطور مہر آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھ کر دیا، ایک مدت تک بچے کا رونا آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود ہوتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کا حکم جب کسی دوسرے رسول پر صلاۃ بھیجی جائے اور جو غیر انبیاء و رسل پر صلاۃ بھیجنے کے متعلق احادیث وارد ہیں اور جو اس کے متعلق اختلاف ہے ان تمام چیزوں پر یہ باب مشتمل ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کے حکم کا نزول

حضرت ابوذرؓ نے ذکر کیا ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کا حکم ۲ ہجری میں نازل ہوا، بعض علماء نے فرمایا کہ لیلہ الاسراء میں نازل ہوا۔ ابن ابی الصیف الیمنی نے بغیر سند کے شعبان کی فضیلت میں لکھا ہے کہ بعض نے کہا ہے کہ شعبان محمد المختار پر درود پڑھنے کا مہینہ ہے۔ کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کی آیت اسی مہینہ میں اتری تھی۔ حضرت ابن عمر اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تم مجھ پر درود پڑھو اللہ تعالیٰ تم پر درود بھیجے گا۔ اس حدیث کو ابن عدی نے الکامل میں روایت کیا ہے اور النمیری نے ان کے واسطہ سے نقل کیا ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم مجھ پر درود بھیجو، مجھ پر تمہارا درود پڑھنا تمہارے گناہوں کا کفارہ ہے۔ اس حدیث کی تخریج دوسرے باب میں ذکر ہے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے مرفوعاً مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم مجھ پر درود بھیجو یہ عمل تمہارے لئے کئی گنا اجر کا باعث ہوگا اس حدیث کو الدیلمی نے بغیر سند کے اپنے باپ کی تبع میں ذکر کیا ہے حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وصیت فرمائی کہ میں سفر و حضر میں چاشت کی نماز پڑھتا رہوں اور سونے سے پہلے ہمیشہ نماز وتر اور اپنے آقا و مولا صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا کروں۔ اس حدیث کو بقی بن مخلد اور ابن بشکوال نے روایت کیا ہے اس حدیث کی سند میں یعلی بن الاشدق ہیں جو ضعیف ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے جس کی سند پر مجھے ابھی تک آگاہی نہیں ہوئی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ پر بکثرت درود پڑھا کرو کیونکہ قبر میں سب سے پہلے تم سے میرے بارے سوال کیا جائے گا۔

ابی مسعود الانصاری البدری جن کا نام عقبہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہے سے مروی

ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہماری محفل میں تشریف لائے ہم اس وقت سعد بن عبادہ کے پاس بیٹھے تھے بشیر بن سعد نے عرض کی یارسول اللہ! ہمیں آپ پر درود پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے۔ ہم آپ کی ذات اقدس پر درود کن الفاظ میں پڑھیں، راوی فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اتنی دیر خاموش رہے حتیٰ کہ ہم خواہش کرنے لگے کاش اس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال ہی نہ کیا ہوتا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ دیر کے بعد فرمایا تم اس طرح مجھ پر درود پڑھو۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰىٓ اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰىٓ اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰىٓ اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰىٓ اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و مولا محمد پر اور آل محمد پر جس طرح تو نے آل ابراہیم پر درود بھیجا اور برکتیں نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جس طرح برکتیں نازل فرمائی ہیں آل ابراہیم پر بیشک تو ہی تعریف کیا گیا اور بزرگی والا ہے۔

اس حدیث کو مسلم نے روایت کیا ہے اور امام مالک نے الموطا میں اور ابو داؤد ترمذی، نسائی اور بیہقی نے الدعوات میں اسی طرح روایت کی ہے، ان محدثین نے فی العالمین انک حمید مجید کے الفاظ زائد روایت کئے ہیں ابو داؤد کی روایت میں والسلام کما قد علمتم کے الفاظ نہیں۔ ابو داؤد نے ایک عنوان الصلوٰۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعد التشہد کے تحت ذکر کی ہے۔

علمتم کا لفظ بفتح عین اور تخفیف لام۔ اور بضم عین اور تشدید لام دونوں طرح سے روایت کیا گیا ہے۔

اس حدیث کے الفاظ امام احمد، ابن حبان، الدار قطنی اور البیہقی نے یہ الفاظ ذکر کئے ہیں۔

اَقْبَلَ رَجُلٌ حَتّٰى جَلَسَ بَيْنَ يَدَىْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ عِنْدَهٗ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَمَّا السَّلَامُ عَلَيْكَ فَقَدْ عَرَفْنَاهُ فَكَيْفَ نُصَلِّىْ عَلَيْكَ اِذَا نَحْنُ صَلَّيْنَا فِىْ صَلَاتِنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ قَالَ فَصَمَتَ

ایک شخص آیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بیٹھ گیا ہم آپ کے پاس بیٹھے تھے اس نے عرض کی یارسول اللہ. آپ پر سلام کا طریقہ تو ہمیں معلوم ہے. ہم جب اپنی نمازوں میں درود پڑھیں تو کیسے؟ راوی فرماتے ہیں رسول اللہ

رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَتّٰی اَحْبَبْنَا اَنَّ الرَّجُلَ لَمْ یَسْاَلْہُ فَقَالَ اِذَا اَنْتُمْ صَلَّیْتُمْ فَقُوْلُوا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

صلی اللہ علیہ وسلم خاموش ہو گئے حتیٰ کہ ہم نے خواہش کی کہ کاش اس آدمی نے سوال ہی نہ کیا ہوتا۔ پھر کچھ دیر بعد فرمایا جب تم درود پڑھو تو اس طرح پڑھو۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و مولا محمد پر اور آل محمد پر جس طرح تو نے آل ابراہیم پر درود بھیجا اور برکتیں نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جس طرح برکتیں نازل فرمائی ہیں آل ابراہیم پر بیشک تو ہی تعریف کیا گیا اور بزرگی والا ہے۔

امام ترمذی، ابن خزیمہ اور حاکم نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے دارقطنی نے اس کی سند کو حسن متصل کہا ہے امام بیہقی نے فرمایا اسکی سند صحیح ہے۔ میں (مصنف) کہتا ہوں اس میں ابن اسحٰق ہیں مگر اس کی روایت میں تصریح کی گئی ہے اس لئے مسلم کی شرط پر اس کی حدیث مقبول صحیح ہو گئی الحاکم نے اس کا ذکر اسی طرح کیا ہے۔

القاضی اسماعیل نے فضل الصلوٰۃ میں عبدالرحمٰن بن بشیر بن مسعود سے مرسلاً روایت کی ہے۔

قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اُمِرْنَا اَنْ نُّسَلِّمَ عَلَیْکَ وَاَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْکَ فَقَدْ عَلِمْنَا کَیْفَ نُسَلِّمُ عَلَیْکَ فَکَیْفَ نُصَلِّیْ عَلَیْکَ قَالَ تَقُوْلُوْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ

عرض کی گئی یارسول اللہ ہمیں حکم ملا ہے کہ ہم آپ پر سلام اور درود بھیجیں۔ ہمیں سلام کا طریقہ معلوم ہے صلاۃ کیسے پڑھیں تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس طرح پڑھو۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و مولا محمد پر اور آل محمد پر جس طرح تو نے آل ابراہیم پر درود بھیجا اور برکتیں نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جس طرح برکتیں نازل فرمائی ہیں آل ابراہیم پر بیشک تو ہی تعریف کیا گیا اور بزرگی والا ہے۔

قاضی اسماعیل کے بعض طرق میں قلنا اوقیل شک کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے واللہ اعلم۔

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلی فرماتے ہیں مجھے کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ ملے انہوں نے فرمایا میں تجھے ایک تحفہ نہ عطا کروں؟ آقا دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے تو ہم نے عرض کی یارسول اللہ! سلام کی کیفیت تو ہمیں معلوم ہے ہم آپ پر درود کیسے پڑھیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس طرح پڑھو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و مولا محمد پر اور آل محمد پر جس طرح تو نے آل ابراہیم پر درود بھیجا اور برکتیں نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جس طرح برکتیں نازل فرمائی ہیں آل ابراہیم پر بیشک تو ہی تعریف کیا گیا اور بزرگی والا ہے۔

امام بخاری کے الفاظ میں دونوں جگہ علی ابراہیم وعلی آل ابراہیم ہیں۔ طبری نے بھی انہی الفاظ کو روایت کیا ہے۔ نیز امام احمد اور صحاح ستہ کے باقی چاروں مصنفین نے بھی اس حدیث کی تخریج کی ہے مگر ابوداؤد اور ترمذی نے ہدیہ کا ذکر نہیں کیا ہے۔ ان دونوں کی حدیث کا پہلا حصہ یہاں سے شروع ہوتا ہے ان کعب بن عجرہ قال یارسول اللہ! آگے پھر مذکورہ الفاظ ذکر کئے ہیں۔ امام ترمذی کے اضافی الفاظ یہ ہیں قال عبدالرحمٰن ونحن نقول وعلینا معہم ۔ السراج نے بھی امام ترمذی والے طریق سے ذکر کی ہے القاضی اسماعیل نے دو اور طریقوں سے نقل کی ہے عن یزید بن زیاد عن عبدالرحمٰن۔ ان دونوں کو امام احمد نے اپنی مسند میں یزید کی حدیث سے ذکر کیا ہے اور آخر میں یہ الفاظ زائد ذکر فرمائے قال یزید فلا ادری اشی زادہ عبدالرحمٰن من قبل نفسہ اورواہ کعب اور یزید سے امام مسلم نے استشہاد کیا ہے۔ اس زیادتی کو طبرانی نے الحکم کے واسطہ سے ایک سند کے ساتھ ذکر کیا ہے جس کے راوی ثقہ ہیں الفاظ یہ ہیں۔

تَقُوْلُوْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ اِلٰی قَوْلِہٖ وَاٰلِ اِبْرَاھِیْمَ وَصَلِّ عَلَیْنَا مَعَھُمْ وَبَارِکْ مِثْلَہٗ اور آخر میں وَبَارِکْ عَلَیْنَا مَعَھُمْ ہے۔

امام شافعی نے حضرت کعب کے واسطہ سے ذکر کیا ہے کہ انہوں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے روایت کیا کہ آپ نماز میں یہ درود پڑھتے تھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَآلِ اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَآلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

اے اللہ درود بھیج محمد اور آل محمد پر جیسا تونے درود بھیجا ابراہیم اور آل ابراہیم پر اور برکت ڈال محمد اور آل محمد پر جیسے تونے برکت ڈالی ابراہیم اور آل ابراہیم پر (بیشک تو حمید مجید ہے) بیشک توہی تعریف کیا گیا اور بزرگی والا ہے۔

امام البیہقی نے اس حدیث کو اپنے طریق سے روایت کیا ہے، اور اس حدیث کے بعض طرق سعید بن منصور، احمد، ترمذی، اسماعیل القاضی، سراج، ابی عوانہ، البیہقی، الخلعی اورالطبرانی نے سند جید کے ساتھ ذکر کئے ہیں۔

صحابہ کرام کے سوال کا سبب یہ تھا کہ جب قرآن کریم کی آیت "اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا" نازل ہوئی تو ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اورعرض کی یارسول اللہ آپ پر سلام پیش کرنے کا طریقہ توہمیں معلوم ہے آپ پر درود کیسے پڑھیں۔

قاضی اسماعیل نے حسن سے مرسلاً روایت کیا ہے کہ جب ان اللہ وملائکتہ یصلون علی النبی کی آیت نازل ہوئی تو صحابہ کرام نے عرض کی یارسول اللہ! ہمیں سلام کی کیفیت تو معلوم ہے ہم درود آپ پر کیسے بھیجیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تم یوں درود پڑھو۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صَلَوٰتِکَ وَبَرَکَاتِکَ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا جَعَلْتَھَا عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

اے اللہ اپنے درود اور برکات محمد پر بھیج جس طرح حضرت ابراہیم پر تونے بھیجیں بیشک تو حمید و مجید ہے۔

ابن ابی شیبہ اور سعید بن منصور نے بھی اسی طرح روایت کی ہے لیکن آل کا لفظ دونوں جگہ زائد ذکر کیا ہے۔ اسماعیلؒ نے ابراہیمؒ سے مرسلاً روایت کیا ہے کہ صحابہ کرام نے عرض کی یارسول اللہ! سلام کا طریقہ تومعلوم ہے، صلاۃ کیسے پڑھیں تو رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم نے فرمایا یوں پڑھو۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَاَهْلِ بَیْتِهٖ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ اے اللہ درود بھیج اپنے بندے اور رسول محمد پر اور آپ کی اہل بیت پر جس طرح تو نے ابراہیم پر درود بھیجا بیشک تو حمید مجید ہے۔

ابو سعید الخدری جن کا نام سعید بن مالک بن سنان ہے فرماتے ہیں ہم نے عرض کی یارسول اللہ! ہمیں سلام عرض کرنے کا طریقہ تو معلوم ہے، ہم درود کیسے پیش کریں تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ان الفاظ میں پڑھو۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ۔ اے اللہ درود بھیج محمد پر جو تیرے بندے اور رسول ہیں جیسے تو نے ابراہیم پر درود بھیجا اور برکت نازل فرما محمد اور آل محمد پر جیسے تو نے برکت نازل فرمائی ابراہیم پر۔

اور ایک روایت میں آل ابراہیم کے الفاظ ہیں۔ اس حدیث کو امام بخاری، احمد، نسائی، ابن ماجہ، البیہقی اور ابن عاصم نے روایت کیا ہے۔

حضرت حمید الساعدی سے مروی ہے، ان کے نام میں اختلاف پایا جاتا ہے صحابہ کرام نے عرض کی یارسول اللہ ہم آپ پر درود کیسے بھیجیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پڑھو۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اَزْوَاجِهٖ وَذُرِّیَّتِهٖ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّیَّتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ یا الٰہی محمد پر، آپ کی ازواج و ذریت پر درود بھیج جس طرح تو نے درود بھیجا آل ابراہیم پر اور برکتیں بھیج محمد پر اور آپ کی ازواج اور ذریت پر جس طرح تو نے برکتیں بھیجیں ابراہیم پر بیشک تو خوبیوں والا اور بزرگی والا ہے۔

اس حدیث کو امام بخاری، مسلم کے علاوہ امام مالک، احمد، ابوداؤد، نسائی اور ابن ماجہ وغیرہم نے روایت کیا ہے لیکن امام احمد اور ابوداؤد نے دونوں جگہ وعلی آل ابراہیم کا لفظ ذکر کیا ہے ابن ماجہ نے کما بارکت علی ابراہیم فی العالمین کے الفاظ روایت کئے ہیں۔

حضرت عبداللہ بن مسعود سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب تم میں سے کوئی نماز میں تشہد بیٹھے تو یوں درود پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ وَّارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّآلَ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ وَتَرَحَّمْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

اے اللہ! درود بھیج محمد اور آل محمد پر اور برکتیں نازل فرما محمد اور آل محمد پر اور رحم فرما محمد اور آل محمد پر جیسے تونے درود بھیجا اور برکتیں نازل کیں۔ اور رحم فرمایا ابراہیم اور آل ابراہیم پر بیشک تو تعریف کیا گیا اور بزرگ ہے۔

الحاکم نے مستدرک میں بطور شاہد اس حدیث کو روایت کیا ہے محدثین کی قوم سے اس حدیث کو صحیح کہنے میں تسامح ہوا ہے کیونکہ اس کے ایک راوی یحییٰ ابن السباق ہیں جو خود بھی مجہول ہیں اور ایک مبہم راوی سے روایت کرتے ہیں۔

اس حدیث کو امام بیہقی نے حاکم کے واسطہ سے روایت کیا ہے دارقطنی اور ابی حفص بن شاہین نے ایک سند کے ساتھ اس حدیث کو روایت کیا ہے جس میں عبدالوہاب بن مجاہد ہیں جو کہ ضعیف ہیں الفاظ یہ ہیں۔

علمنی رسول اللہ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التشهد كما كان يعلمنا السورة من القرآن التحيات لله والصلوٰت والطيبات السَّلام عَلَيْكَ ايها النبي ورحمة اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ السلام علينا وَعلى عباد الله الصالحين اشهد ان لَا اله الا الله وَاشهد ان مُحَمَّدًا عبده وَرَسُوله اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وعلٰی اهل بيته كما صليت عَلٰی آلِ ابراهيم انك حَمِيد مجيد اَللّٰهُمَّ صَلِّ علينا معهم اَللّٰهُمَّ بارك على مُحَمَّدٍ وعلٰی اهل بيته كما باركت على آلِ ابراهيم انك حميد

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے تشہد سکھایا جیسے قرآن کی صورت ہمیں سکھاتے تھے (وہ الفاظ یہ ہیں) تمام لسانی عبادتیں اللہ کیلئے ہی اور بدنی عبادتیں اور مالی عبادتیں بھی سلام ہو تم پر اے نبی مکرم اور اللہ کی رحمتیں اور اس کی برکتیں۔ سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ الٰہی محمد پر اور محمد کی اہل بیت پر درود بھیج جیسے تونے درود بھیجا آل ابراہیم پر بیشک تو تعریف کیا گیا اور

مجید اَللّٰھُمَّ بارك علینا معھم صلوات
اللہ وصلوۃ المومنین علی محمدٌ النبی
الامی السلام عَلیكَ ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

بزرگ ہے۔ الٰہی درود بھیج ان کے ساتھ ہم پر
بھی الٰہی حضرت محمد پر اور آپ کی اہل بیت پر
برکت نازل فرما جیسے تونے آل ابراہیم پر برکت
نازل فرمائی بیشک تو حمید مجید ہے الٰہی ان کے ساتھ
ہم پر بھی برکتیں نازل فرما اللہ تعالیٰ، مومنین کی
صلوٰۃ ہو محمد پر جو نبی امی ہے، سلام ہو آپ پر اور
اللہ کی رحمت اور اس کی برکت۔

ابن عاصم نے ان الفاظ سے روایت کی ہے کہ ہم نے عرض کی یارسول اللہ! ہمیں آپ پر سلام کی کیفیت معلوم ہے۔ ہم آپ پر درود کیسے بھیجیں۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس طرح پڑھو۔

اللّٰھم اجعل صلاتك ورحمتك وبركاتك
علی سید المرسلین وامام المتقین وخاتم
النبیین محمد عبدك ورسولك امام الخیر
ورسول الرحمۃ اللّٰھم ابعثہ مقامًا
محمودًا یغبطہ بہ الاولون والاٰخرون
اللّٰھم صل علی محمد وأبلغہ الوسیلۃ
والدرجۃ الرفیعۃ من الجنۃ اللّٰھم
اجعل فی المصطفین محبتہٗ وفی
المقربین مودتہٗ وفی الاعلیین
ذکرہ اوقال دارہ والسلام علیہ
ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ اللّٰھم صل
علی محمد وعلی آل محمد کما صلیت
علی ابراھیم وآل ابراھیم انك
حمید مجید اللّٰھم بارك علی محمدٍ
وآل محمدٍ کما بارکت علی ابراھیم

اے اللہ! نازل فرما اپنے درود، اپنی رحمتیں اور
برکتیں (سید المرسلین) مرسلین کے سردار،
متقین کے امام نبیوں کے خاتم ہمارے آقا محمد پر
جو تیرا بندہ تیرا رسول، خیر کا امام اور رسول
رحمت ہے، اے اللہ! انہیں مقام محمود پر فائز فرما تا
کہ اگلے اور پچھلے سارے ان کے ساتھ رشک
کریں، انہیں مقام وسیلہ اور جنت میں درجہ رفیعہ
پر فائز فرما۔ اے اللہ! اپنے برگزیدہ بندوں کے
دلوں میں اس کی محبت اور مقربین کے دلوں میں
اس کی مودت ڈال دے اور الاعلیین میں ان کا
ذکر فرمایا ان کا گھر بنا دے پھر ان پر سلام ہو اللہ
کی رحمت اور برکت ہو۔ اے اللہ! درود بھیج محمد
اور آل محمد پر جیسے تونے درود بھیجا ابراہیم اور
آل ابراہیم پر بیشک تو ہی تعریف کیا گیا اور بزرگ۔

وآلِ ابراھیم انکَ حمیدٌ مجیدٌ ہے اے اللہ برکت نازل فرما محمد اور آل محمد پر جس طرح تو نے برکت نازل فرمائی ابراہیم اور آل ابراہیم پر بیشک تو خوبیوں سراہا اور بزرگ ہے۔

اس سند میں المسعودی ہے جو ثقہ ہیں مگر آخر میں ان سے خلط ہو جاتا تھا۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے صحابہ کرام نے عرض کی یارسول اللہ ہمیں آپ پر سلام عرض کرنے کا طریقہ معلوم ہے آپ پر صلوٰۃ کیسے بھیجی جائے تو آپ نے فرمایا ان الفاظ میں پڑھو۔

اللّٰھُمَّ صلِّ علیٰ محمدٍ وعلیٰ آلِ محمدٍ وبارِک علیٰ محمدٍ وعلیٰ آلِ محمدٍ کما صلّیتَ وبارکتَ علیٰ ابراھیمَ انّکَ حمیدٌ مجیدٌ۔ اے اللہ درود بھیج محمد اور آل محمد پر اور برکت نازل فرما اور آل محمد پر جس طرح تو نے درود بھیجا اور برکت نازل فرمائی ابراہیم پر بیشک تو حمید مجید ہے

نمیری نے فضل الصلوٰۃ میں اس حدیث کو نقل کیا ہے اور لکھا ہے کہ یہ غریب ہے، مصنف فرماتے ہیں میں کہتا ہوں یہی حدیث انہوں نے یونس بن خباب سے ایک اور واسطہ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے فارس میں خطبہ دیا اور آیت شریفہ "اِنَّ اللہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا" تلاوت فرمائی اور کہا کہ مجھے اس آدمی نے خبر دی ہے جس نے حضرت ابن عباس سے سنی ہے، فرمایا اس طرح یہ آیت نازل ہوئی ہم نے یا فرمایا انہوں نے عرض کی یارسول اللہ ہمیں آپ پر سلام عرض کرنے کا طریقہ معلوم ہے آپ پر درود کیسے بھیجیں، ارشاد فرمایا ان الفاظ میں پڑھو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ وَارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّآلَ مُحَمَّدٍ کَمَا رَحِمْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ الٰہی درود بھیج محمد پر اور آل محمد پر جیسے درود بھیجا تو نے ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر بیشک تو حمید مجید ہے، رحم فرما محمد اور آل محمد پر جیسے رحم فرمایا تو نے ابراہیم پر بیشک تو حمید مجید ہے اور برکتیں نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جیسے برکتیں نازل کیں ابراہیم پر بیشک تو حمید مجید ہے۔

اس حدیث کو ابن جریر نے بھی روایت کیا اور اس کی سند بعض رواۃ کے ضعف کی وجہ

سے ضعیف ہے کیونکہ یونس نے اس آدمی کا نام ذکر نہیں کیا جس نے حضرت ابن عباس سے روایت کی تھی۔ اور یہ الفاظ صرف اسی سند کے ساتھ ہی مروی ہیں۔

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ پر شمار کیا اور فرمایا جبرئیل نے میرے ہاتھ پر شمار کیا اور جبرئیل نے کہا میں اسی طرح اللہ رب العزت جل وعلیٰ سے ان کلمات کو لے کر آیا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ وَتَرَحَّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تَرَحَّمْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ وَتَحَنَّنْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تَحَنَّنْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا سَلَّمْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا محمد پر اور آل محمد پر جس طرح تو نے درود بھیجا ہے ابراہیم اور آل ابراہیم پر بیشک تو ہی تعریف کیا گیا بزرگی والا ہے اے اللہ! برکتیں نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جس طرح برکتیں نازل کیں تو نے ابراہیم اور آل ابراہیم پر بیشک تو حمید مجید ہے۔ اے اللہ! رحمت فرما محمد پر اور آل محمد پر جس طرح تو نے رحمت کی ابراہیم اور آل ابراہیم پر بیشک تو حمید مجید ہے، اے اللہ! مہربانی فرما محمد پر اور آل محمد پر جس طرح تو نے مہربانی فرمائی ہے ابراہیم اور آل ابراہیم پر بیشک تو حمید مجید ہے۔ اے اللہ! اور سلام بھیج محمد پر اور آل محمد پر جس طرح سلام بھیجا ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر بیشک تو حمید و مجید ہے۔

حاکم نے اس حدیث کو "علوم اعدت لہ بالعد" میں تخریج کیا ہے۔

ان کے طریق سے قاضی عیاض نے الشفاء میں نقل کی ہے۔ ابو القاسم التیمی اور ابن بشکول وغیرہما نے مسلسل ذکر کی ہے۔ اس کی سند میں ایسے افراد بھی ہیں جو متہم بالکذب والوضع ہیں اس وجہ سے حدیث مانوس نہیں ہے۔ نسائی، خطیب وغیرہما نے بھی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ صحابہ کرام نے عرض کی یا رسول اللہ! ہم آپ پر درود

کیسے بھیجیں فرمایا یوں پڑھو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اے اللہ! درود بھیج محمد پر اور آل محمد پر جیسے تو نے درود بھیجا ابراہیم اور آل ابراہیم پر بیشک تو حمید مجید ہے اور اے اللہ! برکتیں نازل فرما محمد اور آل محمد پر جیسے تو نے برکتیں نازل کیں ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر بیشک تو حمید مجید ہے۔

حضرت حبان بن یسار کی روایت پر اس حدیث کی سند میں اختلاف ہے۔ اس نے عبید اللہ بن طلحہ سے اس نے محمد بن علی سے اس نے نعیم المجمر سے اس نے حضرت ابو ہریرہ سے روایت کی ہے۔ اس سند کو حضرت ابو داؤد نے روایت کیا ہے۔ اس میں یہ الفاظ مروی ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاَزْوَاجِہٖ اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ۔

اے اللہ! درود بھیج محمد نبی امی پر اور آپ کی ازواج امہات المومنین پر آپ کی آل اور اہل بیت پر۔

حبان بن یسار سے روایت ہے انہوں نے عبدالرحمٰن بن طلحہ سے انہوں نے محمد بن الحنفیہ سے انہوں نے اپنے باپ علی بن ابی طالب سے روایت کیا ہے جیسے ہم نے پیچھے ذکر کیا ہے۔ النسائی نے اس حدیث کو نقل کیا ہے پہلی روایت ارجح ہے، یہ بھی ہو سکتا ہے کہ حبان سے دو سندیں چلتی ہوں دوسرے الفاظ کے ساتھ ان شاء اللہ ابھی ذکر آئے گا۔

موسیٰ بن طلحہ بن عبداللہ التیمی اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوا اور عرض کی یا نبی اللہ! ہم آپ پر درود کیسے بھیجیں تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا اس طرح بھیجو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اے اللہ! درود بھیج محمد پر جس طرح درود بھیجا تو نے ابراہیم پر بیشک تو حمید مجید ہے اور برکتیں نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جس طرح تو نے برکتیں نازل کیں ابراہیم پر بیشک تو حمید مجید ہے۔

اس روایت کو احمد اور الطبری نے نقل کیا ہے اور اس کے الفاظ یہ ہیں۔

| | |
|---|---|
| أَتَى رَجُلٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ سَمِعْتُ اللهَ تَعَالَى يَقُوْلُ إِنَّ اللهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ الاٰيَة فَكَيْفَ الصَّلٰوةُ عَلَيْكَ۔ | ایک شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا اور پوچھا میں نے اللہ کا کلام "ان اللہ و ملائکتہ یصلون علی النبی" سنا ہے، آپ پر صلوۃ کیسے پڑھیں۔ |

ابو نعیم نے یہی روایت الحلیہ میں نقل کی ہے اس کی سند صحیح ہے مگر معلول ہے۔

حضرت موسیٰ نے حضرت زید بن حارثہ (اور بعض نے ابن خارجہ کہا ہے اور یہی صحیح ہے) سے روایت کیا ہے یہ امام طحاوی، سنائی، احمد، بغوی نے معجم الصحاح میں اور ابو نعیم اور دیلمی سے، نقل کی ہے حضرت زید سے یہ الفاظ مروی ہیں۔

| | |
|---|---|
| سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ صَلُّوْا عَلَيَّ وَاجْتَهِدُوْا فِي الدُّعَاءِ ثُمَّ قُوْلُوْا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ۔ | میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ پر درود بھیجو اور دعا میں اجتہاد کرو پھر یوں کہو اے اللہ درود بھیج محمد اور آل محمد پر۔ |

اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں۔

| | |
|---|---|
| اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔ | اے اللہ برکتیں نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جیسے تو نے برکتیں نازل کیں ابراہیم پر بیشک تو حمید مجید ہے۔ |

اسی روایت کو یعنی حضرت زید کی مروی کو علی بن المدینی، امام احمد وغیرہما نے ترجیح دی ہے اور سمویہ نے ان الفاظ میں اس کو نقل کیا ہے۔

| | |
|---|---|
| سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ صَلُّوْا عَلَيَّ ثُمَّ قُوْلُوْا اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ | میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تو فرمایا مجھ پر درود بھیجو پھر تم یوں کہو اے اللہ! برکت نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جس طرح تو نے برکتیں نازل کیں ابراہیم پر بیشک تو حمید |

مَجِیْدٌ۔ مجید ہے۔

ابن ابی عاصم نے موسیٰ کے طریق سے اس حدیث کو روایت کیا ہے اور فرمایا عن خارجہ بن زید یہ مقلوب ہے۔ البغوی کی روایت میں یزید بن خارجہ اول میں یا کی زیادتی کے ساتھ واقع ہوا ہے ابی نعیم کی دوسری روایت میں یزید بن جاریہ ہے یہ دونوں وہم ہیں میں کہتا ہوں ترمذی کے طریقہ سے یہ شعور ملتا ہے کہ موسیٰ کی اس حدیث کی روایت میں دو سندیں ہیں ایک وہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں اور دوسری زید سے روایت کرتے ہیں امام ترمذی لکھتے ہیں "وفی الباب فی طلحہ بن عبیداللہ و زید بن خارجہ ویقال لہ جارثہ" یہ بات دلالت کرتی ہے کہ طلحہ اور زید ہر ایک کی حدیث محفوظ ہے اور یہ اس بات کو بھی تقویت دیتی ہے کہ ایک حدیث دوسری حدیث پر زیادتی ہے۔ النسائی نے ایک حدیث کو دوسری حدیث پر غلبہ دیئے بغیر دونوں احادیث کو اکٹھا کر کے نقل کیا ہے۔ گویا ان کے نزدیک یہ دونوں احادیث ہم پلہ ہیں۔ دار قطنی کے مذہب سے بھی یہی ظاہر ہوتا ہے کیونکہ کسی ایک جہت پر انہوں نے کوئی فیصلہ نہیں دیا ہے واللہ اعلم۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے (ان کے نام میں بہت زیادہ اختلاف ہے) انہوں نے عرض کی یارسول اللہ! ہم تجھ پر کیسے درود بھیجیں تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا یوں کہو۔

| | |
|---|---|
| اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی اِبْرَاھِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاھِيْمَ ثُمَّ تُسَلِّمُوْنَ عَلَیَّ۔ | اے اللہ درود بھیج محمد پر اور آل محمد پر جس طرح تو نے درود بھیجا ابراہیم پر اور برکتیں نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جیسے تو نے برکتیں نازل کیں ابراہیم پر پھر مجھ پر سلام پڑھو۔ |

اس حدیث کو امام شافعی نے نقل کیا ہے اور اس سند میں اس کا شیخ ضعیف ہے مقدمہ میں ان پر کلام گزر چکا ہے۔ یہی حدیث البزاز اور السراج نے بھی ذکر کی ہے۔ ان کی سند صحیحین کی شرط پر صحیح ہے۔

امام الطبری نے ایک اور طریق سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ۔

إِنَّهُمْ سَأَلُوا رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ نُصَلِّي عَلَيْكَ قَالَ قُولُوا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَآلِ إِبْرَاهِيْمَ فِي الْعَالَمِيْنَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ وَالسَّلَامُ كَمَا قَدْ عَلِمْتُمْ۔

صحابہ کرام نے پوچھا یارسول اللہ! ہم آپ پر درود کیسے پڑھیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یوں پڑھو۔ اے اللہ!درود بھیج محمد پر اور برکتیں نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جیسے تونے درود بھیجا اور برکتیں نازل کیں ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر تمام جہانوں میں بیشک تو حمید مجید ہے اور سلام عرض کرنے کا طریقہ تمہیں معلوم ہے۔

امام بخاری نے الادب المفرد میں ابو جعفر الطبری نے تہذیب میں اور العقیلی نے ان الفاظ کے ساتھ روایت کی ہے کہ آقا دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس نے یہ درود پڑھا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ وَبَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ وَتَرَحَّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تَرَحَّمْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ۔

اے اللہ!درود بھیج محمد پر اور آل محمد پر جیسے تونے درود بھیجا ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر اور برکتیں نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جیسے تونے برکتیں نازل کیں ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر اور رحم فرما محمد پر اور آل محمد پر جیسے تونے رحمت فرمائی ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر۔

میں قیامت کے دن شہادت کے ساتھ اس کی شہادت دوں گا اور میں اس کی شفاعت کروں گا۔

یہ حدیث حسن ہے اور اس کے رجال، رجال الصحیح ہیں لیکن ان میں سعید بن عبدالرحمٰن مولی آل سعید بن العاص ہیں جو حنظلہ سے روایت کرتے ہیں وہ مجہول ہے جس کے متعلق ہم جرح و تعدیل نہیں جانتے ہاں ابن حبان نے ان کا نام اپنے قاعدہ پر الثقات میں درج کیا ہے۔

ابن ابی عاصم نے اسی حدیث کو ایک اور ضعیف طریق سے نقل کیا ہے جس کے الفاظ یہ ہیں۔

اِنَّهٗ قِيْلَ لَهٗ اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَيْكَ فَكَيْفَ الصَّلٰوةُ عَلَيْكَ قَالَ قُوْلُوا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ وَارْحَمْ مُحَمَّدًا وَآلَ مُحَمَّدٍ كَمَا رَحِمْتَ اِبْرَاهِيْمَ وَآلَ اِبْرَاهِيْمَ وَالسَّلَامُ قَدْ عَلِمْتُمْ۔

بے شک عرض کی گئی کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں تم پر درود بھیجنے کا حکم دیا ہے ہم کیسے درود بھیجیں فرمایا یوں پڑھو۔ اے اللہ!درود بھیج محمد پر اور آل محمد پر جیسے تو نے درود بھیجا ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر اور رحمت فرما محمد پر اور آل محمد پر جیسے تو نے رحمت فرمائی ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر اور سلام کا طریقہ تمہیں پہلے معلوم ہے۔

حضرت بریدہ بن الحصیب الاسلمی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ عَلِمْنَا كَيْفَ نُسَلِّمُ عَلَيْكَ فَكَيْفَ نُصَلِّيْ عَلَيْكَ قَالَ قُوْلُوْا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَاتَكَ وَرَحْمَتَكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا جَعَلْتَهَا عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

ہم نے عرض کی'یارسول اللہ! ہمیں سلام عرض کرنے کا طریقہ تو معلوم ہے مگر ہمیں یہ معلوم نہیں کہ ہم آپ پر صلوۃ کیسے پڑھیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم یوں کہو اے اللہ!نازل فرما اپنے درود، اپنی رحمتیں اور اپنی برکتیں محمد پر اور آل محمد پر جیسے تو نے نازل کیں ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر بیشک تو حمید مجید ہے۔

اس حدیث کو ابو العباس السراج، احمد بن منیع، احمد بن حنبل اور عبد بن حمید نے اپنی اپنی مسانید میں ذکر کیا ہے اور المعمری اور اسماعیل القاضی نے بھی روایت کی ہے تمام نے ضعیف سند کے ساتھ ذکر کی ہے اور اسی طرح ہم نے الثامن میں حدیث الخراسانی روایت کی ہے۔

حضرت جابر بن عبداللہ الانصاری سے بھی حضرت کعب کی گذشتہ حدیث کی طرح مروی ہے مگر اس میں"وعلینا معہم"کے الفاظ بھی ہیں بیہقی نے شعب الایمان میں اس کو نقل کیا ہے اور یہ حدیث ضعیف ہے۔

حضرت زید بن ثابت سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے

وَسَلَّمَ حَتّٰی وَقَفْنَا فِی مَجْمَعِ طُرُقٍ فَطَلَعَ اَعْرَابِیٌّ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ فَقَالَ لَہٗ وَعَلَیْکَ السَّلَامُ اَیُّ شَیْئٍ قُلْتَ حِیْنَ جِئْتَنِیْ قَالَ قُلْتُ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا تَبْقٰی صَلٰوۃٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ حتی لا تبقی برکۃ اَللّٰھُمَّ سَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی سَلَامٌ وَارْحَمْ مُحَمَّدًا حَتّٰی لَا یَبْقٰی رَحْمَۃٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ اَرَی الْمَلَائِکَۃَ قَدْ سَدُّوْا الْاُفُقَ۔

حتیٰ کہ ہم ایک محفل میں پہنچے، ایک اعرابی آیا عرض کی یارسول اللہ! السلام علیک و رحمتہ اللہ و برکاتہ، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا وعلیک السلام، جب تو نے مجھ پر درود بھیجا تو کن الفاظ میں بھیجا اس نے کہا میں نے ان الفاظ میں درود پڑھا ہے اے اللہ! درود بھیج محمد پر حتیٰ کہ کوئی درود باقی نہ رہے، اے اللہ! برکت نازل فرما محمد پر حتیٰ کہ کوئی برکت باقی نہ رہے اے اللہ! سلام بھیج محمد پر حتیٰ کہ کوئی سلام باقی نہ رہے اور رحم فرما محمد پر حتیٰ کہ کوئی رحمت باقی نہ رہے پھر حضور نے فرمایا میں نے فرشتوں کو دیکھا کہ حق کو گھیرے ہوئے ہیں۔

یہ حدیث ضعیف سند کے ساتھ روایت کی گئی ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ ایک شخص نے ان سے پوچھا کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود کیسے پڑھا جائے تو انہوں نے بتایا اس طرح پڑھو۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صَلٰوتَکَ وَبَرَکَاتِکَ وَرَحْمَتَکَ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَاِمَامِ الْمُتَّقِیْنَ وَخَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ اِمَامِ الْخَیْرِ وَقَائِدِ الْخَیْرِ اَللّٰھُمَّ ابْعَثْہُ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ مَقَامًا مَحْمُوْدًا یَغْبِطُہٗ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

اے اللہ! بھیج اپنے درود اور اپنی برکتیں اور اپنی رحمت سید المرسلین، امام المتقین، خاتم النبیین ہمارے سردار محمد پر جو تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں بھلائیوں کے پیشوا نیکیوں کے راہنما، رحمت کے رسول ہیں اے اللہ! ان کو فائز فرما قیامت کے دن مقام محمود پر رشک کریں آپ کے ساتھ، اس مقام پر پہلے اور پچھلے سارے لوگ، اور درود بھیج محمد پر آل محمد پر جیسے تو نے درود بھیجا ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر بیشک تو حمید

مجید ہے۔

اس حدیث کو امام احمد بن منیع نے اپنی مسند میں اور البغوی نے اپنی فوائد میں روایت کیا ہے اور ان کے طریق سے النمیری نے ضعیف سند کے ساتھ نقل کیا ہے اور یہی حدیث القاضی اسماعیل سے ابن عمراو بن عمرو سے شک کے ساتھ مروی ہے فاللہ اعلم، اسی طرح ابن مسعود کی حدیث بھی پہلے گذر چکی ہے۔

صحابہ کرام میں سے ایک صحابی سے مروی ہے کہ وہ اس طرح درود پڑھتے تھے۔

| | |
|---|---|
| اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اَھْلِ بَیْتِہٖ وَعَلٰی ازواجہ وذریتہ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَآلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اَھْلِ بَیْتِہٖ وَعَلٰی ازواجِہٖ وذُرِّیَّتِہٖ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَآلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ | اے اللہ درود بھیج حضرت محمد پر اور اس کے اہل بیت پر اور آپ کی ازواج مطہرات پر اور ذریت پر جس طرح تو نے درود بھیجا ابراہیم اور آل ابراہیم پر بیشک تو حمید مجید ہے اور برکتیں نازل فرما محمد پر اور آپ کے اہل بیت پر اور آپ کی ازواج پر اور ذریت پر جس طرح تو نے برکتیں نازل کیں ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر بیشک تو حمید مجید ہے۔ |

اس حدیث کو عبدالرزاق نے اپنی جامع میں ابن طاؤس عن ابی بکر ابن محمد بن عمر بن حزم عن رجل کے واسطہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں کہ ابن طاؤس نے فرمایا کہ میرے والد صاحب اسی طرح پڑھتے تھے۔

رویفع ابن ثابت الانصاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے ان الفاظ میں درود پڑھا میری شفاعت اس کے لئے ثابت ہوئی۔

| | |
|---|---|
| اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْہُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَکَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ۔ | اے اللہ درود بھیج محمد پر اور قیامت کے روز اپنی جناب میں مقرب مقام عطا فرما۔ |

اس حدیث کو البزاز، ابن ابی عاصم، احمد بن حنبل، اسماعیل القاضی الطبرانی نے اپنی معجم کبیر اور معجم الاوسط میں، ابن بشکوال نے القربہ میں اور ابن ابی الدنیا نے روایت کیا ہے، ان کی بعض اسانید حسن ہیں۔ یہ قول المنذری نے کیا ہے۔

نوٹ:۔ میں نے الشفاء للقاضی عیاض کے کئی نسخے دیکھے ہیں جن میں یہی حدیث زید بن

الحباب کی طرف منسوب ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا۔ حالانکہ یہ غلطی ہے کیونکہ زید نہ صحابی ہے نہ تابعی ہے اور نہ تبع تابعین میں سے ہے۔ حقیقت میں یہ حدیث انہوں نے ابن الہیہ عن بکر بن سوادہ میں زیاد بن نعیم عن وفا بن شریح الحضری عن رویفع کے واسطہ سے روایت کی ہے میں نے اس پر تنبیہ کی ہے تاکہ کوئی اس سے دھوکا نہ کھا جائے" واللہ السبحان المقعد المقرب" سے مراد الوسیلہ یا مقام محمود بھی ہو سکتا ہے اور عرش پر بیٹھنا یا منزل عالی اور قدر رفیع بھی ہو سکتا ہے واللہ اعلم۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے انہوں نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے کہ جس نے اس طرح درود پڑھا اس نے ستر فرشتوں کو ہزار صبح تھکایا الفاظ یہ ہیں۔

جَزَا اللّٰهُ عَنَّا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا هُوَ اَهْلُهُ۔ اے اللہ تعالیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ جزا دے ہماری طرف سے جس کے وہ اہل ہیں۔

اس حدیث کو ابو نعیم نے الحلیہ میں، ابن شاہین نے الترغیب میں، الخنعی نے اپنے فوائد میں الطبرانی نے معجم کبیر اور اوسط میں، ابو الشیخ، ابن بشکوال اور الرشید العطار نے روایت کیا ہے اس کی سند میں ہانی بن المتوکل ہیں جو ضعیف ہیں اس حدیث کو ابو القاسم التیمی نے اپنی ترغیب میں اور ان سے ابو القاسم بن عساکر نے روایت کیا ہے اور ان کے واسطہ سے ہانی کے طریق کے علاوہ سے ابو الیمن نے روایت کی ہے لیکن اس واسطہ میں بھی رشدین بن سعد ہیں وہ بھی ضعیف ہیں اس روایت کو احمد بن حماد وغیرہ نے معاویہ بن صالح سے روایت کر کے تابع ذکر کیا ہے یہ حدیث ان سے مشہور ہے جیسا کہ ابو الیمن نے کہا ہے کہ انہوں نے فرمایا جب وہ اندلس کی قضاء کے عہدہ پر فائز تھے۔

اہل کی ضمیر کا مرجع اللہ تعالیٰ بھی ہو سکتا ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم بھی جیسا کہ المجد اللغوی نے کہا ہے لیکن ظاہر وہی ہے جو بعض اساتذہ نے بتایا ہے کہ "ہو" کی ضمیر کا مرجع محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور اہل کی ضمیر کا مرجع "ما" ہے یا اس کے برعکس مراجع ہیں۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے فرمایا جس نے یہ درود پڑھا۔

صَلِّ عَلٰى رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِى الْاَرْوَاحِ اے اللہ درود بھیج محمد کی روح پر تمام ارواح میں

وَعَلٰى جَسَدِهٖ فِي الْاَجْسَادِ وَعَلٰى قَبْرِهٖ فِي الْقُبُوْرِ — اور آپ کے جسم پر تمام اجساد میں اور آپ کی قبر پر تمام قبور میں۔

وہ میری زیارت سے نیند میں مشرف ہوگا اور جس نے مجھے نیند میں دیکھا وہ قیامت کے روز میری زیارت کرے گا اور جو قیامت کے دن میری زیارت کرے گا میں اس کی شفاعت کروں گا جس کی میں شفاعت کروں گا وہ میرے حوض سے سیراب ہوگا اور اللہ تعالیٰ اس کے جسم کو آگ پر حرام کر دے گا۔

اس حدیث کو ابو القاسم البستی نے اپنی کتاب الدر المنظم فی المولد المعظم میں ذکر کیا ہے مگر مجھے ابھی تک اس کی اصل پر آگاہی نہیں ہوئی۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسے یہ پسند ہے کہ اسے پورا پورا اجر کا پیمانہ ملے تو جب ہم پر درود بھیجے تو اسے یوں کہنا چاہئے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ وَاَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔ — اے اللہ! درود بھیج سیدنا محمد نبی پر اور آپ کی ازواج امہات المومنین پر اور آپ کی ذریت پر اور آپ کی اہل بیت پر جیسے تونے درود بھیجا ابراہیم پر بیشک تو حمید مجید ہے۔

اس حدیث کو ابو داؤد نے اپنی سنن میں اور عبد بن حمید نے اپنی مسند میں اور ابو نعیم نے طبرانی سے روایت کی ہے، اور ان تمام نے نعیم المجمر عن ابی ہریرہ کے واسطہ سے روایت کی ہے اسی کو ہم نے حدیث ابن علم الصفار عن ابی بکر عن ابی خیثمہ کے واسطہ سے روایت کیا ہے اور ہم نے مالک عن نعیم عن محمد بن عبد اللہ بن زید عن ابی مسعود کی سند سے بھی روایت کی ہے امام بخاری اور ابو حاتم نے کہا ہے کہ یہ اصح ہے اس میں جو خلاف مذکور ہے وہ بعد کا ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جسے یہ پسند ہے کہ اسے اجر کا لبالب بھرا ہوا پیمانہ ملے تو وہ جب ہم پر درود بھیجے تو اسے یوں درود پڑھنا چاہئے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَاتَكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ وَاَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ — یا الٰہی! اپنے درود اور اپنی برکتیں نازل فرما محمد پر جو نبی ہیں، اور آپ کی ازواج پر جو مومنوں کی

اَلْمُؤْمِنِیْنَ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ مائیں ہیں اور آپ کی ذریت پر اور آپ کے اہل بیت پر جس طرح تو نے درود بھیجا آل ابراہیم پر تو حمید مجید ہے۔

اس حدیث کو ابن عدی نے الکامل میں اور ابن عبدالبر اور نسائی نے مسند علی میں روایت کیا ہے اس کی سند میں ایک راوی مجہول ہے اور دوسرا ایسا ہے جو آخر میں تمیز نہیں کر سکتا تھا اس حدیث کی ایک اور علت بھی ہے، اس حدیث کو عمرو بن عاصم نے حبان سے روایت کیا ہے اور مسند علی میں شمار کیا ہے جبکہ موسیٰ بن اسماعیل نے بھی حبان سے روایت کیا ہے اور مسند ابوہریرہ میں شمار کیا ہے، جیسا کہ ابھی ابھی گذرا ہے اس کے علاوہ بھی اختلاف پایا جاتا ہے مگر موسیٰ بن اسماعیل کی روایت ارجح ہے کیونکہ وہ عمرو بن عاصم سے زیادہ ضبط و حفظ رکھتے تھے اس کے علاوہ ابھی دوسرے الفاظ میں حدیث علی گذر چکی ہے۔

ابن زنجویہ نے حضرت علی کی حدیث کو موقوفاً روایت کیا ہے کہ جسے یہ پسند ہے اس کو پورا پورا اجر کا پیمانہ ملے تو اسے یہ آیت تلاوت کرنی چاہئے۔ ”سُبْحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّۃِ عَمَّا یَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ“

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے (جس کی سند پر میں آگاہ نہیں ہوا) فرمایا مجھ پر درود پڑھنا قیامت کے دن پل صراط کی تاریکی کے وقت نور ہوگا اور جسے یہ پسند ہے کہ اسے قیامت کے دن پورا پورا اجر ملے تو اسے چاہئے کہ مجھ پر بکثرت درود بھیجے۔

اس حدیث کو صاحب الدر المنظم نے ذکر کیا ہے۔

یزید بن عبداللہ سے مروی ہے کہ وہ یہ پڑھنا بھی مستحسن سمجھتے تھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ عَلَیْہِ السَّلَامُ

اس حدیث کو القاضی اسماعیل نے نقل کیا ہے۔

سلامہ الکندی سے مروی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ مندرجہ ذیل الفاظ میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھنا لوگوں کو سکھاتے تھے۔

اَللّٰھُمَّ دَاحِیَ الْمَدْحُوَّاتِ وَبَارِئَ الْمَسْمُوْکَاتِ وَجَبَّارَ الْقُلُوْبِ عَلٰی اے اللہ اے بچھانے والے زمینوں کے فرش کو اور پیدا کرنے والے بلند آسمانوں کو اور تخلیق

فِطْرَتِهَا شَقِيِّهَا وَسَعِيْدِهَا اِجْعَلْ
شَرَائِفَ صَلَوَاتِكَ ، وَنَوَامِيَ بَرَكَاتِكَ
وَرَأْفَةَ تَحَنُّنِكَ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ
وَرَسُوْلِكَ الْخَاتِمِ لِمَا سَبَقَ وَالْفَاتِحِ
لِمَا اُغْلِقَ وَالْمُعْلِنِ الْحَقَّ بِالْحَقِّ
وَالدَّافِعِ لِجَيْشَاتِ الْاَبَاطِيْلِ كَمَا
حُمِّلَ فَاضْطَلَعَ بِاَمْرِكَ بِطَاعَتِكَ
مُسْتَوْفِزًا فِيْ مَرْضَاتِكَ بِغَيْرِ نَكَلٍ
عَنْ قَدَمٍ وَلَا وَهْنٍ فِيْ عَزْمٍ وَاعِيًا
لِوَحْيِكَ حَافِظًا لِعَهْدِكَ مَاضِيًا عَلٰى
نَفَاذِ اَمْرِكَ حَتّٰى اَوْرٰى قَبَسًا لِقَابِسٍ
اٰلَاءَ اللّٰهِ تَصِلُ بِاَهْلِهٖ اَسْبَابُهٗ بِهٖ
هُدِيَتِ الْقُلُوْبُ بَعْدَ خَوْضَاتِ
الْفِتَنِ وَالْاِثْمِ وَاَبْهَجَ مُوْضِحَاتِ
الْاَعْلَامِ وَمُنِيْرَاتِ الْاِسْلَامِ وَنَائِرَاتِ
الْاَحْكَامِ فَهُوَ اَمِيْنُكَ الْمَاْمُوْنُ
وَخَازِنُ عِلْمِكَ الْمَخْزُوْنِ وَشَهِيْدُكَ
يَوْمَ الدِّيْنِ وَبَعِيْثُكَ نِعْمَةً وَرَسُوْلُكَ
بِالْحَقِّ رَحْمَةً اَللّٰهُمَّ افْسَحْ لَهٗ مُفْتَسَحًا
فِيْ عَدْلِكَ وَاَجْزِهٖ مُضَاعَفَاتِ
الْخَيْرِ مِنْ فَضْلِكَ مُهَنَّئَاتٍ لَهٗ
غَيْرَ مُكَدَّرَاتٍ مِنْ فَوْزِ ثَوَابِكَ
الْمَضْنُوْنِ وَجَزِيْلِ عَطَائِكَ الْمَعْلُوْلِ
اَللّٰهُمَّ اَعْلِ عَلٰى بِنَاءِ الْبَانِيْنَ بِنَاءَهٗ
اَكْرِمْ مَثْوَاهُ لَدَيْكَ وَنُزُلَهٗ وَاَتْمِمْ
لَهٗ نُوْرَهٗ وَاَجْزِهٖ مِنِ ابْتِعَاثِكَ

کرنے والے دلوں کو ان کی فطرت کے مطابق کسی کو بدبخت اور کسی کو نیک بخت، نازل فرما اپنے بزرگ ترین درودوں کو اور نشوونما پانے والی اپنی برکتوں کو اور اپنی مہربان شفقتوں کو ہمارے آقا محمد پر جو تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں کھولنے والے ہیں اس چیز کو جو بند کر دی گئی اور مہر لگانے والے ہیں جو گزر چکا ہے اور اعلان کرنے والے ہیں حق کا راستی کے ساتھ اور کچلنے والے ہیں باطل کے لشکروں کو جو بوجھ آپ پر ڈالا گیا انہوں نے اسے اٹھا لیا تیرے حکم سے تیری بندگی کرتے ہوئے چستی کرتے ہوئے تیری رضا کے حصول میں بغیر قدم کی تھکاوٹ اور عزم کی کمزوری کے، سمجھ کر یاد کرنے والے، تیری وحی کی حفاظت کرنے والے، تیرے عہد کی مستعدی دکھانے والے۔ تیرے حکم کے نافذ کرنے میں یہاں تک کہ روشن کر دیا شعلہ ہدایت کا روشنی کے طلبگار کے لئے اللہ کی نعمتیں پہنچیں ہیں حق داروں کو ان کے سبب سے آپ کے ذریعے ہدایت دی گئی دلوں کو اس کے بعد کہ وہ گمراہی کے فتنوں اور گناہوں میں ڈوب چکے تھے اور روشن کر دیا حق کی واضح نشانیوں کو اور چمکنے والے احکام کو اور اسلام کے روشن کرنے والے دلائل کو پس آپ تیرے قابل اعتماد امین ہیں اور تیرے علم کے خزانچی ہیں اور قیامت کے

لَهٗ مَقْبُوْلَ الشَّهَادَةِ وَمَرْضِيَّ الْمَقَالَةِ ذَا مَنْطِقٍ عَدْلٍ وَخُطَّةٍ فَصْلٍ وَحُجَّةٍ وَبُرْهَانٍ عَظِيْمٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

دن تیرے گواہ ہیں اور تیرے بھیجے ہوئے ہیں سراپا نعمت اور حق کے ساتھ بھیجے گئے ہیں سراپا رحمت اے اللہ! کشادہ فرما دے ان کی جگہ جنت میں اور جزا دے ان کو کئی گنا ان کی نیکیوں کی اپنے فضل سے، جو خوشگوار ہوں آپ کے لئے کدورت سے پاک ہوں آپ بہرور ہوں تیرے ثواب سے جو محفوظ ہے اور تیری اعلیٰ بخششوں سے جو پے درپے نازل ہو رہی ہیں اے اللہ! بلند کر آپ کی منزل کو تمام لوگوں کی منازل پر اور باعزت بنا آپ کی آرام گاہ کو اپنے پاس اور آپ کی مہمانی کو اور مکمل فرما آپ کے لئے آپ کے نور کو اور آپ کو جزا دے بایں سبب کہ تو مبعوث کرے گا انہیں اس حال میں کہ ان کی شہادت مقبول ہوگی ان کا قول پسندیدہ ہوگا اور ان کی گفتگو سچی ہوگی اور ان کا طریقہ حق کو باطل سے جدا کرنے والا ہوگا ان کی دلیل بزرگ ہوگی۔ اللہ درود و سلام بھیجے آپ پر۔

اس حدیث کو الطبرانی، ابن ابی عاصم، سعید بن منصور اور الطبرانی نے مسند طلحہ میں روایت کیا ہے اور ابو جعفر احمد بن سنان القطان نے اپنی مسند میں روایت کیا ہے، ان سے یعقوب بن شیبہ نے اخبار علی میں نقل کیا ہے اسی طرح ابن فارس اور ابن بشکوال نے موقوفاً ضعیف سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔ البیہقی نے کہا ہے کہ اس حدیث کے راوی صحیح کے راویوں جیسے ہیں مگر معلل ہے کیونکہ سلامہ کی روایت حضرت علی سے مرسل ہے (انتہی۔) اسی حدیث کو النخشی نے "العاشر من الحسنایات" میں نقل کیا ہے اور کہا ہے کہ حضرت

سلامہ کا حضرت علی سے سماع معروف نہیں ہے اور حدیث مرسل ہے ابن کثیر کا کہنا ہے کہ یہ حضرت علی کے کلام سے مشہور ہے ابن قتیبہ نے "مشکل الحدیث" میں اس پر بحث کی ہے اسی طرح اس حدیث کو ابو الحسن احمد بن فارس اللغوی نے اپنی اس کتاب میں روایت کیا ہے جو انہوں نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کی فضیلت کے بارے میں لکھی ہے مگر اس کی اسناد میں نظر ہے۔

الحافظ ابو الحجاج المزی نے کہا ہے کہ سلامہ الکندی معروف نہیں ہے اور حضرت علی سے اس کی ملاقات نہیں ہوئی ہے پھر فرماتے ہیں حقیقی علم اللہ تعالی کے پاس ہے، ابن عبدالبر نے ابو بکر بن ابی شیبہ کے طریق سے روایت کی ہے مگر اس کی سند میں بھی اسی طرح ایک غیر معروف راوی ہے اور آخر میں یہ الفاظ زائد ذکر کئے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا سَامِعِيْنَ مُطِيْعِيْنَ وَاَوْلِيَاءَ مُخْلِصِيْنَ وَرُفَقَاءَ مُصَاحِبِيْنَ اَللّٰهُمَّ بَلِّغْ مِنَّا السَّلَامَ وَارْدُدْ عَلَيْنَا مِنْهُ السَّلَامَ۔

یا الٰہی! ہمیں آپ کا ہر قول سننے والا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اطاعت گزار اور مخلص اولیاء اور سچے رفقاء سے بنا اے اللہ! ہمارے سلام، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پہنچا اور ہم پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سلام لوٹا۔

ان شاء اللہ العزیز! اس باب کی سولہویں فصل میں مشکل الفاظ کی تشریح آئے گی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کے بارے میں مروی ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ رَبِّيْ وَسَعْدَيْكَ، صَلَوَاتُ اللّٰهِ الْبَرِّ الرَّحِيْمِ وَالْمَلَائِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَالنَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ وَمَا سَبَّحَ لَكَ مِنْ شَيْءٍ

بیشک اللہ تعالی اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں نبی کریم پر! اے ایمان والو! تم بھی درود بھیجو ان پر اور مودبانہ سلام عرض کرو حاضر ہوں میں اے اللہ اے میرے پروردگار! اور سعادت حاصل کرتا ہوں تیری فرمانبرداری سے درود ہوں اللہ کے جو احسان کرنے والا ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے اور فرشتوں کے جو

يَارَبَّ الْعَالَمِيْنَ عَلٰى مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَسَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَاِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَرَسُوْلِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ الشَّاهِدِ الْبَشِيْرِ الدَّاعِيْ اِلَيْكَ بِاِذْنِكَ السِّرَاجِ الْمُنِيْرِ وَعَلَيْهِ السَّلَامُ۔

مقرب، ہیں اور انبیاء اور صدیقین اور شہداء اور نیک لوگوں کے اور ہر وہ چیز جو تیری پاکی بیان کرتی ہے اے رب العالمین! ان سب کے درود ہوں ہمارے آقا محمد بن عبداللہ پر جو خاتم النبیین ہیں سید المرسلین ہیں، امام المتقین ہیں اور رب العالمین کے رسول ہیں جو گواہ ہیں خوشخبری دینے والے ہیں بلانے والے ہیں تیری طرف تیرے حکم سے روشن چراغ ہیں اور ان پر سلام ہو۔

ہم نے اس حدیث کو الشفاء سے نقل کیا مگر میں ابھی تک اس کی اصل پر آگاہ نہیں ہوا۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے جس کی سند پر مجھے واقفیت نہیں، کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا مجھ پر الصلاۃ البتیراء نہ پڑھو صحابہ کرام نے پوچھا یارسول اللہ! وہ کیسی صلاۃ ہے فرمایا اللھم صل علی محمد کہو اور پھر رک جاؤ بلکہ یوں کہو۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ۔ اے اللہ درود بھیج محمد پر اور آل محمد پر

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ حضور نبی کریم صلی اللہ علی وسلم پر یہ درود پڑھتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ شَفَاعَةَ مُحَمَّدٍ الْكُبْرٰى وَارْفَعْ دَرَجَتَهُ الْعُلْيَا وَاَعْطِهٖ سُؤْلَهٗ فِي الْآخِرَةِ وَالْاُوْلٰى كَمَا اٰتَيْتَ اِبْرَاهِيْمَ وَمُوْسٰى۔

اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی شفاعت کبریٰ قبول فرما اور ان کے درجے کو مزید بلند فرما نیز آخرت اور دنیا میں جو کچھ انہوں نے مانگا ہے انہیں عطا فرما جس طرح تو نے (اپنے خلیل) ابراہیم اور اپنے کلیم موسیٰ کو عطا فرمایا تھا۔

اس حدیث کو عبد بن حمید نے اپنی مسند میں اور اسماعیل القاضی نے روایت کیا ہے۔ اس کی سند جید، قوی صحیح ہے حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب وہ نبی کریم

صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتے تو یوں پڑھتے۔

اَللّٰھُمَّ اَجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلٰی آلِ اَحْمَدَ كَمَا جَعَلْتَهَا عَلٰی آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

اے اللہ! اپنے درود اور اپنی برکات نازل فرما آل احمد پر جس طرح تو نے نازل کیں آل ابراہیم پر بیشک تو حمید مجید ہے۔

النمیری نے ایک اور طریق سے "علی محمدؐ" کے الفاظ میں یہ حدیث روایت کی ہے اور یہ الفاظ زائد ذکر کئے ہیں۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ وَمَغْفِرَةُ اللّٰهِ وَرِضْوَانُهٗ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ مُحَمَّدًا مِنْ اَكْرَمِ عِبَادِكَ عَلَيْكَ وَمِنْ اَرْفَعِهِمْ عِنْدَكَ دَرَجَةً وَاَعْظَمِهِمْ خَطَرًا وَاَمْكَنِهِمْ عِنْدَكَ شَفَاعَةً اَللّٰهُمَّ اَتْبِعْهُ مِنْ اُمَّتِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ مَا تَقَرُّ بِهٖ عَيْنُهٗ وَاَجْزِهٖ عَنَّا خَيْرَ مَا جَزَيْتَ نَبِيًّا عَنْ اُمَّتِهٖ وَاَجْزِ الْاَنْبِيَاءَ كُلَّهُمْ خَيْرًا وَسَلَامًا عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔

اے نبی مکرم! آپ پر سلام ہو، اللہ کی رحمت، برکات، مغفرت اور اس کی رضا ہو اے اللہ! محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو توان بندوں میں کر جو شرف و کرامت کے لحاظ سے تیری بارگاہ میں بڑے معزز ہیں اور جن کا درجہ تیری جناب میں بہت اونچا ہے جن کی تیرے نزدیک بڑی قدر و منزلت ہے اور جن کی شفاعت تیری بارگاہ میں بڑی قوی ہے اے اللہ! آپ کی اولاد اور آپ کی امت کو آپ کی پیروی نصیب فرما جس سے آپ کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں، ہر نبی کو اپنی امت کی طرف سے جو جزا تو نے دی ہے ہم غلاموں کی طرف سے ہمارے آقا کو اس سے بھی بہترین جزا عطا فرما اور جملہ انبیاء کو جزائے خیر دے، سلام ہو اللہ کے فرستادوں پر، سب تعریفیں اللہ رب العالمین کیلئے ہیں۔

حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ سے یہ بھی مروی ہے کہ جب وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتے تو اس طرح پڑھتے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَاَصْحَابِہٖ وَاَوْلَادِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ وَمُحِبِّیْہِ وَاَتْبَاعِہٖ وَاَشْیَاعِہٖ وَعَلَیْنَا مَعَھُمْ اَجْمَعِیْنَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا و مولا محمد پر اور آل محمد پر آپ کے اصحاب پر، آپ کی اولاد پر اور آپ کے اہل بیت اطہار پر آپ کی ذریات پر، آپ کے محبین پر آپ کے متبعین پر آپ کے تابعداروں پر اور ان کے ساتھ ہم تمام پر، یا ارحم الراحمین!

اس روایت کو بھی النمیری نے نقل کیا ہے۔

حضرت حسن بصری سے یہ بھی مروی ہے کہ جو چاہتا ہے کہ وہ مصطفیٰ کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حوض سے لبالب پیالہ پئے تو اسے چاہئے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر ان الفاظ میں درود بھیجے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَوْلَادِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَصْھَارِہٖ وَاَنْصَارِہٖ وَاَشْیَاعِہٖ وَمُحِبِّیْہِ وَاُمَّتِہٖ وَعَلَیْنَا مَعَھُمْ اَجْمَعِیْنَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

اے اللہ! درود بھیج محمد پر اور آپ کی آل پر، آپ کے اصحاب پر اور آپ کی اولاد پر آپ کی ازواج مطہرات پر آپ کی ذریت پر آپ کی اہل بیت اطہار پر، آپ کے سسرال والوں پر، آپ کے مددگاروں پر، آپ کے فرمانبرداروں پر، آپ کے محبین پر اور آپ کی امت پر اور ان کے ساتھ ہم سب پر اے سب رحم کرنے والوں میں سے زیادہ رحم کرنے والے!

اس روایت کو قاضی عیاضؒ نے شفا شریف میں نقل کیا ہے اور النمیری، ابن بشکوال نے ابوالحسن بن الکرخی جو جانی پہچانی شخصیت ہیں کے واسطہ سے نقل کیا ہے کہ وہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر ان الفاظ میں درود بھیجتے تھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مِلْأَ الدُّنْیَا وَمِلْأَ الْآخِرَۃِ وَبَارِکْ

اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا محمد پر اتنی مقدار کہ بھر جائے اس سے دنیا اور بھر جائے

عَلٰی مُحَمَّدٍ مِلْاءَ الدُّنْیَا وَمِلْاءَ الْاٰخِرَۃِ وَاَرْحَمْ مُحَمَّدًا مِلْاءَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ مِلْاءَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ۔

اس سے آخرت اور برکت نازل فرما ہمارے آقا محمد پر اتنی مقدار کہ بھر جائے اس سے دنیا اور بھر جائے اس سے آخرت اور رحم فرما ہمارے آقا محمد پر اتنی مقدار کہ بھر جائے اس سے دنیا اور بھر جائے اس سے آخرت اور سلام بھیج ہمارے آقا محمد پر اتنی مقدار کہ بھر جائے اس سے دنیا اور بھر جائے اس سے آخرت۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کلمات ادا فرمائے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ یَا اللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا جَارَ الْمُسْتَجِیْرِیْنَ یَا مَاْمَنَ الْخَائِفِیْنَ یَا عِمَادَ مَنْ لَا عِمَادَ لَہٗ یَا سَنَدَ مَنْ لَا سَنَدَ لَہٗ یَا ذُخْرَ مَنْ لَا ذُخْرَ لَہٗ یَا حِرْزَ الضُّعَفَاءِ یَا کَنْزَ الْفُقَرَاءِ یَا عَظِیْمَ الرَّجَاءِ یَا مُنْقِذَ الْھَلْکٰی یَا مُنْجِی الْغَرْقٰی یَا مُحْسِنُ یَا مُجْمِلُ یَا مُنْعِمُ یَا مُفْضِلُ یَا عَزِیْزُ یَا جَبَّارُ یَا مُنِیْرُ اَنْتَ الَّذِیْ سَجَدَ لَکَ سَوَادُ اللَّیْلِ وَضَوْءُ النَّھَارِ وَشُعَاعُ الشَّمْسِ وَحَفِیْفُ الشَّجَرِ وَدَوِیُّ الْمَاءِ وَنُوْرُ الْقَمَرِ یَا اللّٰہُ اَنْتَ اللّٰہُ لَا شَرِیْکَ لَہٗ اَسْاَلُکَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَعَلٰی

اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں یا اللہ، اے رحمٰن، اے رحیم پناہ طلب کرنے والوں کو پناہ دینے والے، اے خوفزدوں کی امن گاہ، اے سہارے اس کے جس کا کوئی سہارا نہیں، اے پشت پناہی کرنے والے جس کا کوئی پشت پناہ نہیں اے ذخیرہ کرنے والے اس کے لئے جس کا کوئی ذخیرہ اندوز نہیں، اے ضعیفوں کی حفاظت فرمانے والے، اے فقراء کے خزانے یا عظیم الرجاء اے ہلاک شدہ کو ہلاکت سے نکالنے والے، غریقوں کے نجات دہندہ اے محسن، اے مجمل، اے منعم، اے فضل فرمانے والے، اے عزیز اے جبار، اے منیر تیری ہی وہ ذات ہے جس کو رات کی تاریکی دن کی

آلِ مُحَمَّدٍ۔

روشنی، سورج کی شعاعیں، درختوں کی سرسراہٹ، پانی کی شو شو اور چاند کے نور نے سجدہ کیا اے اللہ! تو ہی اللہ ہے جس کا کوئی شریک نہیں میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو درود بھیج محمد پر جو تیرے بندے اور رسول ہیں اور آل محمد پر۔

حضرت واثلہ بن الاسقع رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب حضرت فاطمہ، علی، حسن اور حسین رضی اللہ عنہم کو اپنے کپڑے کے نیچے جمع کیا تو اللہ تعالیٰ سے ان الفاظ میں استدعاء کی۔

اَللّٰهُمَّ قَدْ جَعَلْتَ صَلَوَاتِكَ وَرَحْمَتَكَ وَمَغْفِرَتَكَ وَرِضْوَانَكَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَآلِ اِبْرَاهِيْمَ اَللّٰهُمَّ اِنَّهُمْ مِنِّيْ وَاَنَا مِنْهُمْ فَاجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَرَحْمَتَكَ وَمَغْفِرَتَكَ وَرِضْوَانَكَ عَلَيَّ وَعَلَيْهِمْ۔

اے اللہ! تو نے نازل کیں اپنی صلواتیں، رحمتیں، مغفرت اور رضوان ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر اے اللہ یہ نفوس قدسیہ مجھ سے ہیں اور میں ان سے ہوں اپنے درود رحمتیں، مغفرت، اور رضوان مجھ پر اور ان پر نازل فرما۔

حضرت واثلہ فرماتے ہیں میں دروازے پر کھڑا یہ منظر دیکھ رہا تھا میں نے عرض کی یارسول اللہ! میرے ماں، باپ آپ پر فدا ہوں، مجھ پر بھی یہ (درود، رحمت مغفرت اور رضوان) ہو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا اللھم وعلی واثلہ۔ اے اللہ! واثلہ پر بھی درود، رحمت، مغفرت و رضوان نازل فرما۔ ان دونوں احادیث کو الدیلمی نے اپنی مسند میں روایت کیا ہے اور دونوں ضعیف ہیں ابو الحسن البکری، ابو عمارہ بن زید المدنی اور محمد بن اسحٰق المطلبی سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں بیٹھے تھے ایک شخص منہ پر ڈھاٹا باندھے ہوئے آیا، چہرہ کھولا اور بڑی فصاحت کے ساتھ کلام کرنے لگا اور کہا اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ الْعِزِّ الشَّامِخِ وَالْكَرَمِ الْبَاذِخِ، سلام ہو تم پر اے بلند عزت اور اکرام والو! حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اپنے اور حضرت صدیق اکبر رضی

اللہ عنہ کے درمیان بٹھایا، حضرت ابو بکر نے اعرابی کی طرف رشک بھری نگاہوں سے دیکھا اور عرض کی یارسول اللہ! اس کو آپ نے میرے اور اپنے درمیان جگہ عطا فرمائی ہے حالانکہ سطح ارض پر مجھ سے زیادہ آپ کو کوئی اور محبوب نہیں ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا، جبریل نے مجھے اس اعرابی کے متعلق یہ بتایا ہے کہ اس نے مجھ پر ایسا درود پڑھا ہے کہ ایسا درود اس سے پہلے کبھی کسی نے نہیں پڑھا، حضرت صدیق اکبر دست بستہ عرض کناں ہوئے یارسول اللہ! بتائیے یہ کیسے آپ پر درود پڑھتا ہے تاکہ میں بھی یہ سعادت حاصل کروں اور آپ پر ویسا ہی درود پڑھوں۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اے ابو بکر! یہ ان الفاظ میں درود پڑھتا ہے۔

| | |
|---|---|
| اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ وَفِی الْمَلَاءِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ۔ | اے اللہ! درود بھیج محمد پر اور آل محمد پر اولین و آخرین میں اور الملاء الاعلی میں قیام قیامت کے دن تک۔ |

حضرت صدیق اکبر نے عرض کی یارسول اللہ! (صلی اللہ علیہ وسلم) اس درود کا کیا ثواب ہے۔ فرمایا اے ابا بکر تو نے ایسا سوال کیا جس کے ثواب کا شمار اعداد کے احاطہ سے وراء ہے، اگر سات سمندر سیاہی، تمام درخت قلمیں بن جائیں اور تمام فرشتے اس کا ثواب لکھنا شروع کر دیں تو سیاہی ختم ہو جائے، قلم ٹوٹ جائیں مگر فرشتے پھر بھی اس کے ثواب کو مکمل تحریر نہ کر سکیں گے۔ اس حدیث کو ابو الفرج نے کتاب المطرب میں روایت کیا ہے یہ منکر ہے بلکہ موضوع ہے ابن سبع کی شفا میں ایک حدیث مروی ہے جس کی سند پر مجھے آگاہی نہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت صدیق اکبر کے درمیان کوئی شخص نہیں بیٹھتا تھا۔ ایک دن ایک شخص آیا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اسے درمیان میں بٹھا دیا۔ صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین اس پر تعجب کرنے لگے، جب وہ خوش نصیب چلا گیا تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا یہ مجھ پر ان الفاظ میں درود پڑھتا ہے۔

| | |
|---|---|
| اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ اَوْ نَحْوَ ذٰلِكَ۔ | اے اللہ! درود بھیج سیدنا محمد پر جیسے درود تجھے اس کے لئے پسند و محبوب ہے۔ یا اس جیسا۔ |

میں (مصنف فرماتے ہیں) کہتا ہوں کہ اگر یہ بات صحیح ہو تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ عمل اس شخص کی تالیف قلب اور اسلام پر ہمیشہ رہنے اور تعلق کے پختہ رہنے اور حاضرین کو اس کیفیت پر درود پڑھنے کی ترغیب دینے کیلئے کیا تھا یا اس کے علاوہ کوئی اور حکمت بھی ہو سکتی ہے مگر اس سے یہ ہرگز لازم نہیں آتا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نزدیک صدیق اکبر سے زیادہ کوئی مقرب یا محبوب تھا۔ وللہ الفضل۔

ابن ابی عاصم نے اپنی ایک تصنیف میں ایک سند کے ساتھ مرفوعاً روایت کیا ہے جس سند پر مجھے ابھی تک آگاہی نہیں ہوئی کہ جو شخص ان الفاظ میں درود پڑھے گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَكُوْنُ لَكَ رِضًا وَلِحَقِّهٖ اَدَاءً وَاَعْطِهِ الْوَسِيْلَةَ وَالْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ وَاَجْزِهٖ عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ وَاَجْزِهٖ عَنَّا مِنْ اَفْضَلِ مَا جَزَيْتَ نَبِيًّا عَنْ اُمَّتِهٖ وَصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ اِخْوَانِهٖ مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَالصَّالِحِيْنَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

اے اللہ! درود بھیج سیدنا محمد پر اور آل محمد پر ایسا درود تیری رضا کا سبب بنے، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حقوق ادا فرما۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ اور وہ مقام محمود عطا فرما جس کا تو نے وعدہ فرمایا ہے اور ہماری طرف سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو جزا دے جس کے آپ اہل ہیں اور ہماری طرف سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس جزا سے افضل جزا دے جو تو نے کسی نبی کو اپنی امت کی طرف سے عطا فرمائی ہے اور درود بھیج آپ کے جملہ بھائیوں نبیوں اور صالحین پر اے سب رحم فرمانے والوں سے زیادہ رحم فرمانے والے!

جس نے اس درود کو سات جمعوں پر پڑھا اور ہر جمعہ پر سات مرتبہ پڑھا اس کے لئے میری شفاعت واجب ہے۔

ابو محمد عبداللہ الموصلی المعروف بابن الشتر جو ایک فاصل شخص تھے فرماتے ہیں جو یہ چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ایسی حمد کرے کہ اس سے افضل حمد اولین و آخرین، ملائکہ

مقربین، زمین و آسمان کے باسیوں میں سے کسی نے نہ کی ہو اور وہ چاہتا ہو کہ وہ ایسا درود پڑھے جو کسی اور نے نہ پڑھا ہو اور جو یہ چاہتا ہو کہ وہ اللہ تعالیٰ سے ایسا سوال کرے کہ اس جیسا سوال اس کی مخلوق میں سے کسی نے نہ کیا ہو تو اسے یہ کلمات ادا کرنے چاہئیں۔

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَا اَنْتَ اَهْلُهٗ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا اَنْتَ اَهْلُهٗ وَافْعَلْ بِنَا مَا اَنْتَ اَهْلُهٗ فَاِنَّكَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ۔

اے اللہ سب تعریفیں تیرے لئے ہیں جن کا تو اہل ہے اور درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جو تیری شان کے لائق ہے اور ہمارے ساتھ وہ سلوک فرما جو تیری شان کے مناسب ہے بیشک تو اہل التقویٰ اور اہل المغفرۃ ہے۔

اس حدیث کو النمیری نے روایت کیا ہے۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب تم مجھ پر درود پڑھو تو عمدہ طریقہ پر پڑھو شاید تمہیں معلوم نہیں کہ یہ درود تمہارا مجھ پر پیش کیا جاتا ہے تم یوں مجھ پر درود پڑھا کرو۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَاتَكَ وَرَحْمَتَكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَاِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَخَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ اِمَامِ الْخَيْرِ وَقَائِدِ الْخَيْرِ وَرَسُوْلِ الرَّحْمَةِ اَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ يَغْبِطُهُ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ۔

اے اللہ! نازل فرما اپنے درود، رحمتیں، برکتیں سید المرسلین، امام المتقین، خاتم النبیین پر جو تیرا بندہ اور تیرا رسول ہے، جو خیر کا امام، نیکیوں کا پیشوا اور رحمت کا رسول ہے، اے اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مقام محمود پر فائز فرما جس پر اولین و آخرین رشک کریں۔

اس حدیث کو الدیلمی نے مسند فردوس میں نقل کیا ہے اس کو ابن ابی عاصم نے بھی روایت کیا ہے جیسا کہ پیچھے حدیث تشہد میں گذرا ہے۔

میں (مصنف فرماتے ہیں) کہتا ہوں، ابو موسیٰ المدنی نے الترغیب میں کہا ہے کہ یہ حدیث اپنی سند کے لحاظ سے مختلف ہے۔ (انتہی)، معروف یہی ہے کہ یہ موقوف ہے اور اسی طرح ابن ماجہ نے اپنی سنن میں طبری نے التہذیب میں عبد نے اپنی مسند میں البیہقی نے

الدعوات اور شعب میں، المعمری نے الیوم واللیلۃ میں، الدار قطنی نے الافراد میں تمام نے فرائد میں، ابن بشکوال نے القربۃ میں ذکر کی ہے آخر میں یہ الفاظ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

اے اللہ درود بھیج سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جس طرح تونے درود بھیجا ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر بیشک تو تعریف کیا گیا اور بزرگ ہے اے اللہ برکتیں نازل فرما ہمارے سردار محمد پر اور آل محمد پر، جس طرح تونے برکتیں نازل فرمائیں ابراہیم اور آل ابراہیم پر بیشک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے تو حمید مجید ہے۔

موقوف کی سند حسن ہے بلکہ الشیخ علاؤ الدین مغلطای نے کہا ہے کہ یہ صحیح ہے لیکن بعض متاخرین نے المنذری کا تعاقب کیا ہے کہ انہوں نے اس کو حسن کہا ہے۔ یہ حسن کیسے ہو سکتی ہے جبکہ اس کی سند میں المسعودی ہے جن کے متعلق ابن حبان نے کہا ہے کہ آخر میں ان سے خلط ہو جاتا تھا وہ اپنی پہلی اور دوسری حدیث سے تمیز نہیں کر سکتے تھے اس لئے اس کو چھوڑنا بہتر ہے۔

عبدالرزاق نے مجاہد کے واسطہ سے مرسلاً روایت کی ہے کہ تم اپنے اسماء اور جبینوں سمیت مجھ پر پیش کئے جاتے ہو تم مجھ پر ادب و نیاز کے ساتھ عمدہ الفاظ میں درود پڑھا کرو۔ اس حدیث کو النمیری نے مجاہد کے واسطہ سے روایت کیا ہے۔

حضرت زین العابدین علی بن حسین سے ایک حدیث مروی ہے جس کی سند پر مجھے واقفیت نہیں ہوئی کہ جب آپ اپنے جد اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتے، دراں حالیکہ لوگ سن رہے ہوتے تھے یوں درود پڑھتے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِي الْأَوَّلِيْنَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِي الْآخِرِيْنَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ إِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ شَابًّا فَتِيًّا وَصَلِّ عَلٰى

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا محمد پر اولین میں، اور درود بھیج ہمارے آقا محمد پر آخرین میں اور درود بھیج ہمارے آقا محمد پر قیام قیامت کے دن تک اے اللہ درود بھیج محمد پر

مُحَمَّدٍ كَهْلًا مَرْضِيًّا وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ
رَسُوْلًا نَبِيًّا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ حَتّٰى
تَرْضٰى وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بَعْدَ الرِّضٰى
وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ اَبَدًا اَبَدًا اَللّٰهُمَّ
صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا اَمَرْتَ بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ
وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ اَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ
وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا اَرَدْتَّ اَنْ
يُّصَلّٰى عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ
خَلْقِكَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ رِضٰى نَفْسِكَ
وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ زِنَةَ عَرْشِكَ وَصَلِّ
عَلٰى مُحَمَّدٍ مِدَادَ كَلِمَاتِكَ الَّتِيْ لَا تَنْفَدُ
اَللّٰهُمَّ وَاَعْطِ مُحَمَّدًا الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ
وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ اَللّٰهُمَّ عَظِّمْ
بُرْهَانَهٗ وَاَبْلِجْ حُجَّتَهٗ وَاَبْلِغْهُ مُنْيَهٗ
مِنْ اَهْلِ بَيْتِهٖ وَاُمَّتِهٖ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ
صَلَوَاتِكَ وَبَرَكَاتِكَ وَرَاْفَتَكَ
وَرَحْمَتَكَ عَلٰى مُحَمَّدٍ حَبِيْبِكَ
وَصَفِيِّكَ وَعَلٰى اَهْلِ بَيْتِهِ الطَّيِّبِيْنَ
الطَّاهِرِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ
بِاَفْضَلِ مَا صَلَّيْتَ عَلٰى اَحَدٍ مِّنْ
خَلْقِكَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ مِثْلَ ذٰلِكَ
وَارْحَمْ مُحَمَّدًا مِثْلَ ذٰلِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
عَلٰى مُحَمَّدٍ فِي اللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى وَصَلِّ عَلٰى
مُحَمَّدٍ فِي النَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى وَصَلِّ عَلٰى
مُحَمَّدٍ فِي الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى اَللّٰهُمَّ
صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ الصَّلٰوةَ التَّامَّةَ وَبَارِكْ

جبکہ وہ جوان ہو۔ اور درود بھیج محمد پر جب کہ آپ خوش خصال میانہ سال تھے اور درود بھیج ہمارے آقا محمد پر جو رسول اور نبی ہے اے اللہ اور درود بھیج ہمارے آقا محمد پر یہاں تک کہ جتنا تجھے پسند ہے اور درود بھیج ہمارے آقا محمد پر اپنی رضا کے بعد اور درود بھیج ہمارے آقا محمد پر ہمیشہ ہمیشہ اے اللہ اور درود بھیج ہمارے آقا محمد پر جیسا تونے ان پر صلاۃ پڑھنے کا حکم فرمایا ہے اور درود بھیج ہمارے آقا محمد پر جیسے تو ان پر درود پڑھنا چاہتا ہے اور درود بھیج ہمارے آقا محمد پر جیسے تجھے ان پر درود پڑھوانا مقصود ہے اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا محمد پر بے شمار اپنی مخلوق کے اور درود بھیج اپنی ذات کی خوشنودی کے برابر اور درود بھیج ہمارے آقا محمد پر اپنے عرش کے وزن کے برابر اور درود بھیج ہمارے آقا محمد پر اپنے ان کلمات کی سیاہی کی مقدار جو نہ ختم ہونے والے ہیں اے اللہ ہمارے آقا محمد کو وسیلہ، فضیلت اور درجہ رفیعہ عطا فرما اے اللہ ان کی دلیل کو عظمت بخش اور ان کی حجت کو روشن فرما اور اپنے اہل بیت اور امت کے بارے میں آپ کی آرزو کو پورا فرما اے اللہ نازل فرما اپنے درود، اپنی برکات، اپنی مہربانیاں اور اپنی رحمت ہمارے آقا محمد پر جو

عَلٰى مُحَمَّدٍ الْبَرَكَةَ التَّامَّةَ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ السَّلَامَ التَّامَّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ إِمَامِ الْخَيْرِ وَقَائِدِ الْخَيْرِ وَرَسُوْلِ الرَّحْمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ اَبَدَ الْاٰبِدِيْنَ وَدَهْرَ الدَّاهِرِيْنَ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْعَرَبِيِّ الْقُرَشِيِّ الْهَاشِمِيِّ الْاَبْطَحِيِّ التِّهَامِيِّ الْمَكِّيِّ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْهِرَاوَةِ وَالْجِهَادِ وَالْمَغْنَمِ صَاحِبِ الْخَيْرِ وَالْمِنْبَرِ، صَاحِبِ السَّرَايَا وَالْعَطَايَا وَالْاٰيَاتِ وَالْمُعْجِزَاتِ وَالْعَلَامَاتِ الْبَاهِرَاتِ وَالْمَقَامِ الْمَشْهُوْدِ وَالْحَوْضِ الْمَوْرُوْدِ وَالشَّفَاعَةِ وَالسُّجُوْدِ لِلرَّبِّ الْمَحْمُوْدِ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ وَعَدَدِ مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ -

تیرا حبیب اور صفی ہے اور آپ کی طیب و طاہر اہل بیت پر اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا محمد پر اس درود سے افضل جو تو نے مخلوق میں کسی پر بھیجا اور برکتیں نازل فرما اس کی مثل اور رحمت فرما ہمارے آقا محمد پر اس کی مثل، اور درود بھیج ہمارے آقا محمد پر رات میں جب وہ چھا جائے اور درود بھیج ہمارے آقا محمد پر دن میں جب وہ روشن ہو جائے اور درود بھیج ہمارے آقا محمد پر آخرۃ میں اور دنیا میں۔ اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا محمد پر مکمل درود اور برکتیں نازل فرما ہمارے آقا محمد پر مکمل برکت اور سلام بھیج ہمارے آقا محمد پر مکمل سلام اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا پر جو بھلائی کے امام، نیکیوں کے رہنما، اور رحمت کے رسول ہیں، اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا محمد پر ہمیشہ ہمیشہ۔ اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا محمد پر جو نبی امی، عربی، قرشی، ہاشمی، ابطحی، تہامی، مکی، صاحب التاج، صاحب ہراوہ، صاحب الجہاد، صاحب مغتنم، صاحب الخیر، صاحب منبر، صاحب السرایا، صاحب العطایا صاحب الآیات والمعجزات والعلامات الباہرات ہیں اور جو ایسے حوض کے مالک ہیں جس پر لوگ اتریں گے، شفاعت کے مالک اور رب محمود

کو سجدہ کرنے والے ہیں۔ اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا محمد پر ان خوش نصیبوں کی مقدار جنہوں نے آپ پر درود پڑھا ان کی مقدار جنہوں نے درود نہیں بھیجا۔

الفاکہانی نے ذکر کیا ہے کہ اسے یہ درود پاک الہام ہوا تھا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ اَشْرَقَتْ بِنُوْرِهِ الظُّلَمُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْمَبْعُوْثِ رَحْمَةً لِّكُلِّ الْاُمَمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْمُخْتَارِ لِلسِّيَادَةِ وَالرِّسَالَةِ قَبْلَ خَلْقِ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْمَوْصُوْفِ بِاَفْضَلِ الْاَخْلَاقِ وَالشِّيَمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْمَخْصُوْصِ بِجَوَامِعِ الْكَلِمِ وَخَوَاصِّ الْحِكَمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ كَانَ لَا تُنْتَهَكُ فِىْ مَجَالِسِهِ الْحُرَمُ وَلَا يُغْضٰى عَنْ مَّنْ ظَلَمَ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ كَانَ اِذَا مَشٰى تُظَلِّلُهُ الْغَمَامَةُ حَيْثُ مَا يَمَّمَ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ انْشَقَّ لَهُ الْقَمَرُ وَكَلَّمَهُ الْحَجَرُ وَاَقَرَّ بِرِسَالَتِهٖ وَصَمَّمَ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ اَثْنٰى عَلَيْهِ رَبُّ الْعِزَّةِ نَصًّا فِىْ سَالِفِ الْقِدَمِ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ صَلّٰى عَلَيْهِ رَبُّنَا

اے اللہ! درود بھیج ہمارے سردار محمد پر جس کے نور سے تاریکیاں چھٹ گئیں، اے اللہ! درود بھیج ہمارے سردار محمد پر جو تمام امتوں کیلئے سراپا رحمت بنا کر بھیجے گئے تھے اے اللہ! درود بھیج ہمارے سردار محمد پر جو سیادت و رسالت کیلئے لوح و قلم کی تخلیق سے بھی پہلے چنے گئے تھے اے اللہ! درود بھیج ہمارے سردار محمد پر جو عمدہ اخلاق اور جمیل خصائل سے موصوف تھے. اے اللہ! درود بھیج ہمارے سردار محمد پر جو جوامع الکلم اور خواص الحکم کے لئے مخصوص تھے اے اللہ! درود بھیج ہمارے سردار محمد پر جس کی مجالس میں حرم کی بے حرمتی نہ کی جاتی تھی، ظالم سے چشم پوشی نہ کی جاتی تھی۔ اے اللہ! درود بھیج ہمارے سردار محمد پر جو جہاں جانے کا ارادہ فرماتے بادل سایہ کئے رکھتا تھا اے اللہ! درود بھیج ہمارے سردار محمد پر جن کے اشارہ سے چاند دو لخت ہو گیا جن سے پتھروں نے گفتگو کی، رسالت کا اقرار کیا اور نبوت پر مہر تصدیق

فِي مُحْكَمِ كِتَابِهِ وَ اَمَرَ اَنْ يُصَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ مَا انْهَلَّتِ الدِّيَمُ وَمَا جَرَتْ عَلَى الْمُذْنِبِيْنَ اَذْيَالُ الْكَرَمِ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا وَشَرَّفَ وَكَرَّمَ۔

ثبت کی اے اللہ! درود بھیج ہمارے سردار محمد پر جن کی تعریف ابتداء سے اللہ رب العزت نے بڑے کھلے الفاظ میں فرمائی۔ اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا محمد پر جن پر درود بھیجا ہمارے پروردگار نے اپنی کتاب کی محکم آیات میں اور ان پر درود پڑھنے کا (امت مسلمہ) کو حکم دیا اور سلام پیش کرنے کا حکم دیا درود ہو آپ پر اور آپ کی آل اطہار پر اور آپ کے اصحاب پر اور آپ کی ازواج مطہرات پر جب تک بارش سیراب کرتی رہے اور گنہگاروں پر کرم کا دامن بچھتا رہے اور سلام ہو پورے ادب و نیاز کے ساتھ اور شرف و کرامت پاتے رہیں۔

پھر فرماتے ہیں اس درود پاک کو ایک جماعت نے لکھا اور یاد کیا اس کے بعد مجھے پتہ چلا کہ ایک مالکی طالب نے خواب میں دیکھا کہ وہ اسی درود پاک کو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے منبر پر پڑھ رہا ہے "والحمد اللہ" میں کہتا ہوں اس باب کے آخر میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کی مزید کیفیات بھی ذکر کی جائیں گی پھر مجھے ایک درود پاک کی کیفیت ملی جو ہمارے معتمد شیوخ میں سے ایک نے بتائی ہے اس کا ایک قصہ ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ اس طرح ایک مرتبہ پڑھنے سے دس ہزار مرتبہ درود پڑھنے کا ثواب ملتا ہے مگر انہوں نے وہ قصہ بیان نہیں فرمایا۔ اس درود کا طریقہ یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ السَّابِقِ لِلْخَلْقِ نُوْرُهٗ وَرَحْمَةٌ لِّلْعَالَمِيْنَ ظُهُوْرُهٗ، عَدَدَ مَنْ مَضٰى مِنْ خَلْقِكَ وَمَنْ

اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا محمد پر اور جس کا نور سب مخلوق سے پہلے پیدا ہوا جس کا ظہور سارے جہانوں کیلئے رحمت ہے اتنی تعداد میں جتنی تیری مخلوق گذر چکی ہے اور

بَقِیَ وَمَنْ سَعِدَ وَمَنْ شَقِیَ
صَلَاۃً تَسْتَغْرِقُ الْعَدَّ وَتُحِیْطُ
بِالْحَدِّ صَلَاۃً لَاغَایَۃَ لَھَا وَلَا
اِنْتِھَاءَ وَلَا اَمَدَ لَھَا وَلَا اِنْقِضَاءَ
صَلَاۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِكَ وَعَلٰی
آلِہٖ وَصَحْبِہٖ کَذَالِكَ وَالْحَمْدُ
لِلّٰہِ عَلٰی ذَالِكَ ۔

جتنی ابھی باقی ہے جس قدر ان میں سعید ہوئے ہیں اور جتنے بدبخت ہوئے ہیں ایسا درود جو ساری گنتیوں کا احاطہ کرلے، اور ساری حدوں کو گھیر لے۔ ایسا درود جس کی کوئی انتہا نہ ہو، نہ جس کی کوئی انتہا نہ ہو، نہ جس کی کوئی میعاد مقرر ہو اور نہ وہ اختتام پذیر ہو، ایسا درود جو تیرے دوام کے ساتھ دائم ہو اور آپ کی آل پاک اور اصحاب پر بھی اس طرح کا درود ہو، سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں اس مہربانی پر۔

یہ درود پاک الرشید العطار نے ذکر کیا ہے اور التیمی نے الترغیب میں اور ابو الیمن نے سعد الزنجانی تک اس کی سند بیان کی ہے وہ فرماتے ہیں ایک شخص مصر میں ہمارے پاس رہتا تھا. انتہائی پارسا تھا اسے ابو سعید الخیاط کے نام سے پکارا جاتا تھا۔ وہ لوگوں کے ساتھ میل جول نہ رکھتا تھا. اور نہ کسی محفل میں آتا جاتا تھا، پھر اس نے ابن رشیق کی مجلس میں حاضر رہنے کی مواظبت اختیار کرلی۔ لوگوں کو بڑا تعجب ہوا انہوں نے اس سے پوچھا (کہ تم ہمیشہ ابن رشیق کی محفل میں کیوں آنے جانے لگے ہو) تو اس نے بتایا کہ مجھے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی تو مجھے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان کی مجلس میں حاضر رہا کرو، کیونکہ یہ مجھ پر بکثرت درود پڑھتا ہے۔

ابو القاسم التیمی" نے اپنی الترغیب میں علی بن الحسین کے واسطہ سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود پڑھنا اہل السنت کی علامت ہے۔

حضرت کعب سے مروی ہے کہ وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس حاضر ہوئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر خیر ہونے لگا تو حضرت کعب نے فرمایا ہر صبح ستر ہزار فرشتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور پر نازل ہوتے ہیں اور اپنے پروں سے قبر

شریف کو گھیر لیتے ہیں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتے رہتے ہیں۔ یہاں تک کہ شام ہو جاتی ہے۔ پھر وہ اوپر چلے جاتے ہیں اور نئے ستر ہزار فرشتے نزول فرماتے ہیں اور قبرانور کو اپنے پروں کے ساتھ ڈھانپ لیتے ہیں اور صبح تک درود پڑھنے میں مصروف رہتے ہیں ستر ہزار فرشتے رات کو اور ستر ہزار فرشتے دن کو آقا دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتے رہیں گے حتی کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبرانور شق ہوگی تو آپ ایسے ہی ستر ہزار فرشتوں کے جھرمٹ میں نکلیں گے جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعظیم بجالا رہے ہوں گے۔

اس حدیث کو اسماعیل القاضی ابن بشکوال اور البیہقی نے الشعب میں اور الدارمی نے اپنی جامع میں باب اکرم اللہ بہ نبیہ صلی اللہ علیہ وسلم بعد موتہ کے تحت روایت کیا ہے اور ابن المبارک نے الدقائق میں روایت کی ہے۔

## بچے کا رونا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا ہوتا ہے

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً ہے کہ بچے کا دو ماہ تک رونا لا الہ الا اللہ کی شہادت دینے کیلئے ہوتا ہے اور چار ماہ تک اللہ پر پختہ یقین کے اظہار کیلئے ہوتا ہے اور آٹھ ماہ تک حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کیلئے ہوتا ہے اور دو سال تک اس کا رونا اپنے والدین کیلئے استغفار کیلئے ہوتا ہے اور جب وہ پیاسا ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی ماں کے پستان کے ذریعے سے جنت کا ایک چشمہ جاری فرماتا ہے جس سے وہ سیراب ہوتا ہے اور وہ اس کی خوراک و پیاس کیلئے کافی ہوتا ہے۔ اس حدیث کو الدیلمی نے سند ضعیف کے ساتھ روایت کیا ہے دوسرے محدثین نے یہ الفاظ بھی لکھے ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک سال تک بچے کے رونے پر اسے نہ مارو کیونکہ چار ماہ تک اس کا رونا لا الہ الا اللہ کی شہادت کیلئے ہوتا ہے اور چار ماہ مجھ پر درود پڑھتا ہے اور چار ماہ اپنے والدین کیلئے دعا کرتا ہے ایک اور حدیث میں ہے کہ بچے کا پنگھوڑے میں رونا چار ماہ تک اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کے اظہار کیلئے ہوتا ہے چار ماہ تک تمہارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کیلئے اور چار ماہ اپنے والدین کے لئے استغفار کرنے کیلئے روتا ہے۔

"جب دوسرے انبیاء پر درود پڑھا جائے تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی درود پڑھا جائے۔"

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم مرسلین پر درود پڑھو تو مجھ پر ان کے ساتھ درود پڑھو کیونکہ میں بھی رسولوں میں سے رسول ہوں۔ اس حدیث کو الدیلمی نے اپنی مسند الفردوس میں اور ابو یعلیٰ نے اپنی حدیث کے فوائد میں روایت کیا ہے جیساکہ دوسرے باب میں آئے گا۔

عن انس عن ابی طلحہ بھی کہا گیا ہے اس کو ابن ابی عاصم نے اپنی کتاب میں روایت کیا ہے جیساکہ پیچھے گذار ہے۔

دوسرے الفاظ اس طرح ہیں۔

جب تم مجھ پر سلام پڑھو تو باقی مرسلین پر بھی درود پڑھو۔

المجد اللغوی نے کہا ہے کہ اس حدیث کی اسناد صحیح ہےاور اس کے رجال سے صحیحین میں بھی حجت پکڑی گئی ہے واللہ اعلم۔ اس حدیث کو تاریخ الاصبہان سے الاحمدین میں ابو نعیم نے روایت کیا ہے۔

حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ، حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم مرسلین پر درود بھیجو تو مجھ پر ان کے ساتھ درود بھیجو کیونکہ میں مرسلین میں سے رسول ہوں۔

اس حدیث کو ابن ابو عاصم نے روایت کیا ہے اس کی سند حسن جید ہے لیکن مرسل ہے

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے انبیاء ورسل پر درود بھیجو کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انہیں بھی مبعوث فرمایا ہے جیسے مجھے اس نے مبعوث فرمایا صلی اللہ علیہ وعلیہم وسلم تسلیما۔

اس حدیث کو العدنی، احمد بن منیع، الطبرانی اور القاضی اسماعیل نے نقل کیا ہے اور ہم نے فوائد العیسوی اور الترغیب التیمی سے روایت کیا ہے اس کی سند میں موسیٰ بن عبیدہ ہیں اگرچہ ضعیف ہیں مگر اس کی حدیث مانوس ہوتی ہے۔ مصنف فرماتے ہیں کہ ان سے روایت کرنے والے عمر بن ہارون ہیں وہ بھی ضعیف ہیں لیکن عبدالرزاق نے اسی حدیث کو

الثوری عن موسیٰ کے واسطہ سے روایت کیا ہے اس کے لفظ بھی مرفوع ہیں جب آدمی اپنے بھائی کو جزاک اللہ خیراً کہتا ہے وہ مکمل تعریف کرتا ہے اور پھر فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے انبیاء و رسل پر درود بھیجو اللہ تعالیٰ نے انہیں مبعوث فرمایا ہے جیسے مجھے مبعوث فرمایا ہے۔ اور ہم نے حدیث الثوری کو حدیث علی عن حرب عن ابی داؤد عنہ کی سند سے روایت کیا ہے اس حدیث کو ابو القاسم التیمی نے وکیع کے طریق سے اپنی الترغیب میں روایت کیا ہے اور ابو الیمن بن عساکر نے المُعافیٰ ابن عمران کے طریق سے روایت کیا ہے اور ان دونوں نے موسیٰ سے بھی روایت کیا ہے ہم نے اس حدیث کو رابع المخلصیات میں روایت کیا ہے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے قرآن پاک کے حفظ کرنے کی جو دعا منقول ہے اس میں یہ بھی ہے کہ مجھ پر اور تمام انبیاء پر درود پڑھو۔

اس حدیث کو الترمذی" اور الحاکم نے روایت کیا ہے انشاء اللہ آخر باب میں ذکر ہوگی۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم مجھ پر درو بھیجو تو اللہ تعالیٰ کے باقی انبیاء پر بھی درود بھیجو بیشک اللہ تعالیٰ نے مجھے مبعوث فرمایا ہے جیسے انہیں مبعوث فرمایا ہے الطبرانی نے اس حدیث کو نقل کیا ہے مگر اس کی سند میں بھی موسیٰ ہے حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً ہے کہ تشہد میں مجھ پر اور اللہ تعالیٰ کے انبیاء کرام پر درود قطعاً ترک نہ کرنا۔

اس حدیث کو البیہقی نے کمزور سند کے ساتھ نقل کیا ہے یہ بھی آگے آئے گی الحافظ ابو موسیٰ المدنی نے کہا ہے کہ مجھے ایک سلف کی سند کے ساتھ یہ بات پہنچی ہے کہ انہوں نے آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو خواب میں دیکھا کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور جملہ انبیاء کرام پر کم درود پڑھنے کی شکایت کر رہے ہیں، درود ہو آپ پر اور تمام انبیاء و مرسلین پر اور سلام ہو۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کسی کیلئے کسی پر صلاۃ بھیجنا جائز نہیں سمجھتا لیکن مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کیلئے استغفار کرنا چاہئے۔

اس حدیث کو ابن ابی شیبہ اور القاضی اسماعیل نے احکام القرآن اور الصلوٰۃ النبویہ میں روایت کیا ہے۔ الطبرانی، البیہقی، سعید بن منصور اور عبدالرزاق نے مندرجہ ذیل الفاظ کے ساتھ نقل کی ہے۔

| | |
|---|---|
| لَا تَنۡبَغِی الصَّلٰوۃُ مِنۡ اَحَدٍ عَلٰی اَحَدٍ اِلَّا عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ۔ | کسی کیلئے کسی پر درود بھیجنا جائز نہیں ہے سوائے اس کے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات ہو۔ |

اس روایت کے رجال، رجال الصحیح ہیں۔

اسماعیل القاضی کے الفاظ یہ ہیں۔

لَا تَصۡلُحُ الصَّلٰوۃُ عَلٰی اَحَدٍ اِلَّا عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ وَلٰکِنۡ لِلۡمُسۡلِمِیۡنَ وَالۡمُسۡلِمَاتِ الۡاِسۡتِغۡفَارُ) ہم نے امالی الہاشم سے ابتداء میں ان الفاظ کے ساتھ روایت کی ہے۔

لَا یَنۡبَغِیۡ اَنۡ یُصَلّٰی عَلٰی اَحَدٍ اِلَّا عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ۔

سوائے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات کے کسی پر درود نہیں بھیجنا چاہئے۔

## کیا غیر انبیاء پر درود پڑھنا جائز ہے۔

حضرت سفیان الثوری فرماتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کسی پر صلوٰۃ پڑھنی مکروہ ہے، اس حدیث کو البیہقی نے روایت کیا ہے۔

البیہقی اور عبدالرزاق نے ایک اور روایت نقل کی ہے وہ بھی اسی طرح ہے کہ نبی کے علاوہ کسی پر درود پڑھنا مکروہ ہے۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز سے مروی ہے جو ہم نے حسن او صحیح اسناد کے ساتھ ابو بکر بن ابی شیبہ کے واسطہ سے قاضی اسماعیل کی احکام القرآن اور فضل الصلوٰۃ سے روایت کی ہے کہ القصاص کے لوگوں نے اپنے خلفاء اور امراء پر صلوٰۃ پڑھنی شروع کر دی تھی تو انہوں نے صلاۃ کو فقط نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے خاص کیا۔ انہوں نے لکھا کہ جب میرا یہ لیٹر پہنچے تو انہیں فوراً حکم دو کہ صلوٰۃ انبیاء کے ساتھ خاص کرو اور عام مسلمانوں کے لئے دعا

کرو اور باقی سب کچھ ترک کر دو۔

مصنف فرماتے ہیں قاضی عیاضؒ نے اس مسئلہ کے متعلق لکھا ہے یعنی کیا غیر انبیاء پر صلوٰۃ پڑھنی جائز ہے؟ اہل العلم جواز کا قول کرتے ہیں میں نے امام مالک کے مذہب کے پیروکار کی تحریر میں پایا ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ پر صلوٰۃ پڑھنی جائز نہیں ہے۔ یہ مسلک امام مالک سے غیر معروف ہے کیونکہ انہوں نے فرمایا ہے میں غیر انبیاء پر صلاۃ بھیجنا مکروہ سمجھتا ہوں اور ہمارے لئے حکم سے تجاوز کرنا مناسب بھی نہیں ہے یحییٰ بن یحییٰ نے ان کی مخالفت کی ہے اور فرمایا لاباس بہ یعنی غیر انبیاء پر صلاۃ پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے انہوں نے دلیل یہ دی ہے کہ صلوٰۃ رحمت کی دعا ہے اور دعا کسی نص یا اجماع سے ممنوع ہو سکتی ہے۔ قاضی عیاض فرماتے ہیں میرا میلان بھی حضرت امام مالک اور سفیان کے قول کی جانب ہے اور یہی قول متکلمین و فقہاء میں سے محققین کا ہے وہ فرماتے ہیں غیر انبیاء کے ساتھ رضی اور غفران کا ذکر کیا جائے اور مستقلاً غیر انبیاء پر صلوٰۃ بھیجنا امر معروف نہیں ہے یہ عمل بنی ہاشم کے عہد حکومت میں ایجاد ہوا تھا۔

اور جو امام مالک سے حکایت کیا گیا ہے کہ وہ غیر انبیاء پر درود نہیں بھیجتے تھے اس قول کی تاویل ان کے اصحاب نے اس مفہوم کے ساتھ کی ہے کہ ہم نے غیر انبیاء پر صلوٰۃ پڑھنے کے مکلف نہیں ہیں جیسے ہم حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کے مکلف بنائے گئے ہیں جب یہ معلوم ہو گیا تو ہمارے شیخ نے فرمایا کہ ملائکہ پر درود پڑھنا کوئی نئی نص سے معروف نہیں ہے بلکہ یہ پہلے فرمان صلوا علی انبیاء اللہ و رسلہ سے ماخوذ ہے اگر یہ ثابت ہو کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں رسول بنایا ہے ہاں مومنین پر صلوٰۃ بھیجنے میں علماء کا اختلاف ہے۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ صلوٰۃ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خاص ہے، امام مالک کا بھی یہی مسلک جو ابھی گزرا ہے علماء کے ایک طائفہ کا خیال ہے کہ صلوٰۃ مطلقاً مستقلاً جائز نہیں ہے مگر تبعاً جائز ہے صرف ان کے لئے جن کے متعلق نص وارد ہے یا جن کو آپ کے ساتھ ملایا گیا ہے کیونکہ ارشاد ہے "لَا تَجْعَلُوْا دُعَاءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ الخ" کیونکہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو السلام سکھایا تو یوں فرمایا "اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ" اور جب الصلاۃ سکھائی تو اپنے اور اپنے اہل بیت پر مخصوص فرمایا ہے۔

علامہ القرطبی نے المفہم میں اور ابو المعالی من الحنابلہ نے اس قول کو پسند فرمایا ہے اور یہی قول متاخرین میں ابن تیمیہ کا ہے۔ پس" قال ابو بکر صلی اللہ علیہ وسلم"نہیں کہا جائے گا۔ اگرچہ معنی صحیح بھی ہے اور صلی اللہ علی النبی وعلی صدیقہ او خلیفتہ ونحو ذالک کہا جاسکتا ہے اسی کے قریب یہ مفہوم ہے کہ عزوجل نہیں کہا جائے گا اگرچہ معنی صحیح ہے کیونکہ یہ ثناءاللہ تعالیٰ سبحانہ کا شعار بن چکا ہے کوئی غیر اس میں شریک نہیں ہے، ایک طائفہ نے کہا ہے کہ استقلالاً صلوٰۃ مکروہ ہے مگر تبعاً مکروہ نہیں ہے یہ قول امام احمد سے مروی ہے الثوری نے فرمایا یہ خلاف اولیٰ ہے۔ ایک طائفہ نے فرمایا تبعاً مطلقاً جائز ہے استقلالاً جائز نہیں۔ یہ قول امام ابو حنیفہ اور ان کی جماعت کا ہے ابو الیمن ابن عساکر نے فرمایا کہ ایک طائفہ کا کہنا ہے کہ مطلقاً جائز ہے اور بخاری کے طریقہ کا بھی یہی مقتضیٰ ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے وصل علیہم۔ پھر امام بخاری نے مطلقاً صلوٰۃ کے جواز پر ایک حدیث تعلیق کی ہے اور اس کے بعد وہ حدیث ذکر کی ہے جو تبعاً صلاۃ کے جواز پر دال ہے۔ انہوں نے ایک باب باندھا ہے"ھل یصلی علی غیر النبی صلی اللہ علیہ وسلم ای استقلالاً او تبعاً"اس میں انہوں نے غیر انبیاء ملائکہ اور مومنین داخل کئے ہیں ہمارے شیخ نے فرمایا ہے کہ جواز پر دلالت کرنے والی حدیث کے ساتھ حدیث عبداللہ بن ابی اوفی کی طرف اشارہ کیا ہے۔
جس میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی آلِ اَبِیْ اَوْفیٰ" اس کی مثل حضرت قیس بن سعد بن عبادہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ مبارک اٹھاتے ہوئے یہ کلمات ادا فرمائے تھے۔

| | |
|---|---|
| اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صَلَاتَکَ وَرَحْمَتَکَ عَلٰی آلِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَۃَ ۔ | اے اللہ نازل فرما اپنی صلاۃ اور رحمتیں آل سعد بن عبادہ پر۔ |

اس حدیث کو ابو داؤد اور نسائی نے ذکر کیا ہے اور اس کی سند جید ہے۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ ایک عورت نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کی کہ مجھ پر اور میرے خاوند پر درود بھیجو تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایسا ہی کیا۔

اس حدیث کو امام احمد نے مطولا اور مختصراً نقل کیا ہے اور ابن حبان نے اس کی تصحیح

فرمائی ہے حضرت حسن اور مجاہد کا بھی یہی قول ہے۔ امام احمد نے ابو داؤد کی روایت سے اپنے اس قول پر نص قائم کی ہے یہی قول حضرت اسحٰق، ابو ثور، داؤد اور الطبرانی کا ہے اور اللہ تعالیٰ کے فرمان "ھو الذی یصلی علیکم وملائکتہ" سے دلیل پکڑی ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے صحیح مسلم میں مرفوعاً مروی ہے کہ فرشتے مومن کی روح سے یوں مخاطب ہوتے ہیں صلی اللہ علیک وعلی جسدک۔

غیر انبیاء پر صلاۃ بھیجنے کو منع کرنے والوں نے ان تمام دلائل کا یہ جواب دیا ہے کہ یہ تمام فرامین اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف سے ہیں۔ ان کیلئے تو خاص ہے کہ جو چاہیں جو فرمائیں ان کو اختیار ہے مگر کسی غیر کیلئے ان کی اجازت واذن کے بغیر ایسا کرنا جائز نہیں ہے جب تک کہ کسی فعل کے کرنے کا اذن ثابت نہ ہو۔

القاضی الحسین نے اپنی تعلیقات میں سے باب الزکاۃ میں اور المتولی نے باب الجمعہ میں ذکر کیا ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے جائز تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مقصوداً اپنے سوا کسی پر صلاۃ بھیجیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے فرمان "وصل علیھم" پر عمل کرتے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن ابی اوفی کے قصہ میں عمل کیا تھا مگر کسی غیر کیلئے ایسا کرنا جائز نہیں ہاں اگر جس پر درود پڑھا جائے اس کا ذکر انبیاء کی تبع میں کیا جائے تو جائز ہے قصداً مستقلاً جائز نہیں ہے۔

الشاشی نے المعتمد میں باب الجمعہ میں خراسانیین سے یہ قول حکایت کیا ہے پھر فرماتے ہیں اس قول میں نظر ہے کیونکہ صلاۃ کا معنی دعا ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے صلاۃ کا مطلب رحمت ہوتا ہے اس لئے اس میں کوئی ایسا امر نہیں ہے جو حرام ہو اور کم از کم حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اپنا فعل جواز پر دلالت کرتا ہے اور اس میں کوئی خصوصیت کی دلیل نہیں ہے۔

امام بیہقی رحمۃ اللہ نے حضرت ابن عباس اور ثوری کے منع کے قول کے بعد لکھا ہے کہ ان کی مراد یہ ہے "واللہ اعلم" جب حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر پر تعظیماً وتکریماً درود پڑھا جائے تو اس وقت صلاۃ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ خاص ہوگی اگر دعا اور تبرک کی صورت میں ہو تو اس وقت غیر کیلئے بھی جائز ہے۔ یہ عبارت امام بیہقی نے شعب اور سنن کبریٰ میں ذکر کی ہے۔

علامہ ابن قیم نے لکھا ہے کہ اس مسئلہ میں قول فیصل یہ ہے کہ غیر نبی پر صلاۃ بھیجنے سے مراد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آل، ازواج اور ذریت ہے یا ان کے علاوہ ہیں اگر تو آل و ازواج و ذریت ہو تو ان پر درود پڑھنا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھنے کے ساتھ مشروع ہے اور منفرد بھی جائز ہے۔ اور ان کے علاوہ کا مسئلہ ہو تو وہ اگر ملائکہ و اہل طاعت ہوں جن میں انبیاء و غیر انبیاء بھی داخل ہیں تو ان کے لئے بھی تبعاً اور مستقلاً دونوں طرح پڑھنا جائز ہے جیسے کہا جاتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَلَائِکَتِکَ الْمُقَرَّبِیْنَ وَاَھْلِ طَاعَتِکَ اَجْمَعِیْنَ۔

اگر کوئی شخص معین ہو یا مخصوص گروہ ہو تو ان پر صلاۃ بھیجنی مکروہ ہے اور اگر تحریم کا قول کیا گیا ہے تو اس کی ایک خاص وجہ ہے کہ جب وہ کسی کا شعار بنایا جائے اور اس کی مثل یا اس سے بہتر شخص کیلئے جائز ہی نہ سمجھا جائے جیسے رافضی حضرت علی رضی اللہ عنہ کیلئے کرتے ہیں ہاں اگر کبھی کبھی صلوٰۃ پڑھی جائے کسی کا شعار نہ بنایا جائے جیسے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت اور اس کے خاوند پر پڑھی اسی طرح حضرت علی نے حضرت عمر پر صلاۃ بھیجی تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اس تفصیل پر ادلہ متفق ہیں اور وجہ الصواب منکشف ہے واللہ الموفق۔

## سلام عرض کرنے کے متعلق علماء کی آرا۔

علماء اسلام نے سلام عرض کرنے کے متعلق بھی اختلاف فرمایا ہے یعنی کیا یہ صلاۃ کے معنی میں ہے۔ عن علی علیہ السلام یا اس کے جو مشابہ الفاظ ہیں کہنا مکروہ ہیں (یا نہیں) علماء کے ایک گروہ نے سلام کو بھی غیر نبی کیلئے مکروہ قرار دیا ہے جن میں سے ایک ابو محمد الجوینی ہیں انہوں نے عن علی علیہ السلام کہنے سے منع فرمایا ہے دوسرے علماء نے الصلاۃ اور السلام میں فرق کیا ہے کہ سلام ہر مومن زندہ مردہ، غائب و حاضر کیلئے جائز ہے یہ اہل اسلام کی دعا ہے بخلاف صلاۃ کے کیونکہ صلاۃ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل اطہار کے حقوق میں سے ہے، اس لئے تو نمازی کہتا ہے السلام علینا و علی عباد اللہ الصالحین۔ الصلاۃ علینا نہیں کہتا۔ پس فرق واضح ہو گیا۔ والحمد للہ۔

# نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کی افضل کیفیات کا بیان

صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے درود پاک کے متعلق سوال کرنے کے بعد آقائے دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے تعلیم دینے سے یہ استدلال کیا گیا ہے کہ وہ کیفیت جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمائی وہ کیفیت افضل ترین ہے کیونکہ اپنے لئے اشرف وافضل کو ہی پسند کیا جاتا ہے پھر اس پر مسئلہ یہ مرتب ہوتا ہے کہ اگر کوئی قسم اٹھائے کہ وہ افضل ترین کیفیت میں درود پڑھے گا تو قسم تب پوری ہوگی جب وہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تعلیم دی ہوئی کیفیت پر پڑھے امام النووی نے الروضہ میں الرافعی کی حکایت کے بعد اسی صورت کو درست فرمایا ہے۔

ابراہیم المروزی سے مروی ہے کہ وہ مندرجہ ذیل کیفیت پڑھ کر قسم کو پورا کرتے تھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَکُلَّمَا سَھٰی عَنْہُ الْغَافِلُوْنَ۔

اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا محمد پر اور آل محمد پر ہر بار جبکہ یاد کریں ان کو ذکر کرنے والے اور ہر بار جب کہ غافل ہوں ان کی یاد سے غافل لوگ۔

امام نووی فرماتے ہیں انہوں نے یہ کیفیت امام الشافعی رحمۃ اللہ علیہ سے اخذ کی ہے کیونکہ سب سے پہلے انہوں نے یہ کیفیت استعمال کی تھی۔

ہمارے شیخ نے فرمایا کہ یہ درود پاک کی کیفیت امام شافعی کی کتاب الرسالہ کے خطبہ میں درج ہے لیکن سہی کی جگہ غفل کا لفظ ہے۔ امام اوزاعی نے لکھا ہے کہ ان تمام لوگوں کی کلام کا ظاہر، جنہوں نے ابراہیم المروزی کے مسألۃ الصلوٰۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیا ہے، یہی ہے کہ فی ذکرہ و غفل عن ذکرہ کی ضمیر کا مرجع حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات اقدس ہے یعنی التفات کے طور پر اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹانا مناسب نہیں ہے کیونکہ یہ مقام التفات نہیں ہے پھر فرماتے ہیں میرا خیال یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف ضمیر کا لوٹانا زیادہ اوجہ ہے اور امام شافعیؒ کی کتاب الرسالہ کے کلام کے بھی زیادہ قریب ہے۔

ہمارے شیخ نے بھی اسی طرح ذکر کیا ہے کہ امام شافعیؒ کے کلام کا ظاہر بھی یہی ہے کہ

ضمیر کا مرجع اللہ تعالیٰ کی ذات اقدس ہے کیونکہ ان کے الفاظ یہ ہیں۔

"فَصَلَّى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلٰى نَبِيِّنَا كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَ غَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ"

پس عبارۃ کو تبدیل کرنے والے کا حق ہے کہ وہ یوں پڑھے۔

"اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كُلَّمَا ذَكَرَكَ الذَّاكِرُوْنَ الی آخرہ"

مصنف فرماتے ہیں امام الشافعیؒ کا بقیہ درود یہ ہے۔

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ فِي الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ
اَفْضَلَ وَاَكْثَرَ وَاَزْكٰى مَا صَلّٰى عَلٰى اَحَدٍ
مِنْ خَلْقِهٖ وَزَكَّانَا وَاِيَّاكُمْ بِالصَّلٰوةِ
عَلَيْهِ اَفْضَلَ مَا زَكّٰى اَحَدًا مِنْ
اُمَّتِهٖ بِالصَّلٰوةِ وَالسَّلَامُ عَلَيْهِ
وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ وَجَزَاهُ
اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَنَّا اَفْضَلَ مَا
جَزٰى مُرْسَلًا عَنْ مَنْ اُرْسِلَ
اِلَيْهِ فَاِنَّهٗ اَنْقَذَنَا مِنَ الْهَلَكَةِ
وَجَعَلَنَا فِيْ خَيْرِ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ
لِلنَّاسِ دَائِنِيْنَ بِدِيْنِهِ الَّذِيْ
ارْتَضٰى وَاصْطَفٰى بِهٖ مَلَائِكَتَهٗ
وَمَنْ اَنْعَمَ عَلَيْهِ مِنْ خَلْقِهٖ فَلَمْ
تُمْسِ بِنَا نِعْمَتُهٗ ظَهَرَتْ وَلَا
بَطَنَتْ نِلْنَا بِهَا حَظًّا فِيْ دِيْنِ
اللّٰهِ وَدُنْيَانَا وَدُفِعَ عَنَّا مَكْرُوْهٌ
فِيْهِمَا اَوْ فِيْ وَاحِدٍ مِنْهُمَا اِلَّا وَ
مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
سَبَبُهَا الْقَائِدُ اِلٰى خَيْرِهَا وَ
الْهَادِيْ اِلٰى رُشْدِهَا الذَّائِدُ عَنِ
الْهَلَكَةِ وَمَوَارِدِ السُّوْءِ فِيْ

اللہ تعالیٰ درود بھیجے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر اولین و آخرین میں اس درود سے افضل، زیادہ اور پاکیزہ جو اس نے اپنی مخلوق میں سے کسی پر بھیجا، اور ہمیں اور تمہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کی وجہ سے پاک کر دے جیسے درود کی وجہ سے کسی امتی کو پاک کیا ہے اور سلام ہو آپ پر اللہ کی رحمت و برکت ہو اور اللہ تعالیٰ ہماری طرف سے جزاء عطا فرمائے اس سے افضل جو کسی رسول کو ان کے امتیوں کی طرف سے جزاء عطا فرمائی ہے اس نے ہمیں ہلاکت سے نجات عطا فرمائی، اور ہمیں ایسی بہترین امت بنایا جو لوگوں سے نکالی گئی ہے، دراں حالانکہ ہم مقروض ہیں اس قرض کے ساتھ جو اسے اس کے ملائکہ اور جن پر اپنی مخلوق سے انعام کیا کو پسند ہے ہمیں کوئی ظاہری و باطنی نعمت نہیں ملی، مگر ہم نے اس سے دین و دنیا کا حصہ پایا اور دین و دنیا میں ہم سے ہر مکروہ چیز دور کی گئی صرف محمد صلی اللہ علیہ

خِلَافِ الرُّشْدِ الْمُبَيِّنَةِ لِلْاَسْبَابِ الَّتِیْ تُوْرِدُ الْهَلَكَةَ الْقَائِمُ بِالنَّصِیْحَةِ فِی الْاِرْشَادِ وَالْاِنْذَارِ فِیْهَا فَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ كَمَا صَلّٰی عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَاٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّهٗ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

وسلم اس کا سبب ہیں جو اس نعمت کی بھلائی کی طرف قیادت کرنے والے اور رہنمائی کرنے والے ہیں سیدھی راہ دکھانے والے ہیں، ہلاکت سے اور ہدایت کی مخالف برائی میں ڈالنے والی ایسی جگہیں جو ان اسباب کو ظاہر کرنے والی ہیں جو ہلاکت کو وارد کرتے ہیں ان سے دفاع کرنے والے ہیں دنیا میں انذار و ارشاد میں مخلص ترین ہیں اور اللہ تعالیٰ درود بھیجے ہمارے آقا و مولا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی آل اور اصحاب پر اور سلام بھیجے، جیسے درود بھیجا اس نے ابراہیم اور آل ابراہیم پر بیشک وہ تمام خوبیوں سراپا ہے اور بزرگ ہے۔

بعض علماء نے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام کی تاویل اس طرح کی ہے کہ عموماً اللہ تعالیٰ کی کثرت ذکر کے ساتھ صفت بیان کی جاتی ہے اور اسی طرح غفلت ذکر بھی اسی سے ہوگی اگرچہ تمام تاویلات صحیح ہیں اور معنی میں اختلاف نہیں ہوتا مگر درود پیش کرنے والا اگر دونوں امروں کو ذہن میں رکھے تو مزید اچھا ہے۔ بعض علماء نے یہ فرمایا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کرنے والا الذاکرین اللہ کثیرا والذاکرات میں سے شمار ہوتا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر سے غافل غافلین میں شمار ہوتا ہے۔

(مصنف فرماتے ہیں) میں کہتا ہوں اوزاعی نے ذکر کیا ہے کہ ابراہیم مذکور القاضی حسین کی تعلیمات سے بہت زیادہ نقل کیا کرتے تھے۔ اس کے علاوہ قاضی مذکور قسم کو اس طرح پورا کرنے کو بھی کہا کرتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ كَمَا هُوَ اَهْلُهٗ وَمُسْتَحِقُّهٗ ـ

اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا محمد پر جس کے وہ اہل اور مستحق ہیں۔

کسی اور نے بھی اس طرح کا درود، قسم کو پورا کرنے کیلئے کہا ہے۔

البارزی نے کہا ہے کہ میرے نزدیک قسم مندرجہ ذیل الفاظ کے ساتھ پوری ہوتی ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلَاتِكَ۔

اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر افضل درود بشمار اپنی معلومات کے۔

کیونکہ یہ درود زیادہ بلیغ ہے اس لئے یہی افضل ہوگا۔

المجد اللغوی نے بعض علماء سے نقل فرمایا ہے کہ اگر کوئی قسم اٹھائے کہ وہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر افضل ترین کیفیت میں درود بھیجے گا تو وہ اس طرح درود بھیجے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى كُلِّ نَبِيٍّ وَّمَلَكٍ وَّوَلِيٍّ عَدَدَ الشَّفْعِ وَالْوِتْرِ وَعَدَدَ كَلِمَاتِ رَبِّنَا التَّامَّاتِ الْمُبَارَكَاتِ۔

اے اللہ! درود بھیج ہمارے سردار محمد پر جو نبی امی ہیں اور ہر نبی فرشتہ اور ولی پر بشمار جفت و طاق کے اور بشمار ہمارے پروردگار کے مکمل و مبارک کلمات کے۔

بعض علماء سے مندرجہ ذیل کیفیت منقول ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَسَلِّمْ عَدَدَ خَلْقِكَ وَرِضٰى نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَ كَلِمَاتِكَ۔

اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا محمد پر جو تیرے بندے، تیرے نبی اور تیرے رسول ہیں، جو نبی امی ہیں اور آل اطہار پر آپ کی ازواج پر اور آپ کی ذریت پر اور سلام بھیج۔ بشمار اپنی مخلوق کے اور اپنی خوشنودی کے اور اپنے عرش کے وزن کے برابر اور اپنے کلمات کی سیاہی کے برابر۔

میں (مصنف) کہتا ہوں جو بات مجھے پہنچی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے شیخ کا میلان بھی اسی درود پاک کی افضلیت کی طرف ہے کیونکہ انہوں نے اسی کو ابلغ کہا ہے اگرچہ اس کے علاوہ کیفیت کو انہوں نے ترجیح دی ہے جیسا کہ ابھی آئے گا۔

المجد نے کہا ہے کہ بعض علماء نے مندرجہ ذیل کیفیت اختیار کی ہے۔

| | |
|---|---|
| اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِکَ۔ | اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا محمد پر اور آل محمد پر ایسا درود جو تیرے دوام کے ساتھ دائم ہو۔ |

اور بعض نے یہ کیفیت اختیار کی ہے۔

| | |
|---|---|
| اَللّٰھُمَّ یَا رَبَّ مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ وَّاَجْزِ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا ھُوَ اَھْلُہٗ۔ | اے اللہ، اے محمد اور آل محمد کے پروردگار! درود بھیج ہمارے آقا محمد پر اور آل محمد پر اور جزاء دے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو جو ان کی شان کے لائق ہے۔ |

مختلف کیفیات اور مختلف الفاظ اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ درود شریف پڑھنے کے الفاظ میں کمی یا زیادتی کرنے میں وسعت ہے۔ مخصوص الفاظ اور مخصوص زمانہ کے ساتھ مختص نہیں لیکن افضل واکمل وہی کیفیت ہے جو ہمیں آقائے دوعالم نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تعلیم دی ہے جیسا کہ ہم نے پیچھے ذکر کیا ہے۔

امام عفیف الدین الیافعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ درود پاک کی تینوں کیفیات کو جمع کر کے پڑھنا زیادہ مناسب ہے قاری اس طرح پڑھے۔

| | |
|---|---|
| اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَآلِ اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَآلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَفْضَلَ صَلَاتِکَ عَدَدَ مَعْلُوْمَاتِکَ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَغَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ۔ | اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا محمد پر اور آل محمد پر جس طرح تو نے درود بھیجا ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر اور نازل فرما برکتیں ہمارے سردار محمد پر اور آل محمد پر جس طرح تو نے برکتیں نازل کیں ابراہیم اور آل ابراہیم پر بیشک تو حمید مجید ہے افضل صلاۃ اپنی معلومات کی تعداد کے برابر ہر بار جب ذکر کرنے والے اسے یاد کریں اور غافل آپ کے ذکر سے غفلت کریں۔ |

ہمارے شیخ کا بھی یہی کہنا ہے کہ اگر قاری حدیث پاک کا بیان کردہ درود امام شافعی کے اثر کا درود اور قاضی حسین کا بیان کردہ درود جمع کر کے پڑھے تو زیادہ بہتر ہو گا فرماتے ہیں یہ بھی احتمال ہو سکتا ہے کہ ان درودوں پر اعتماد کرے جن کے متعلق روایات ثابت ہیں اور ایسا ذکر بنایا جائے کہ اس سے قسم پوری ہو جائے پھر فرماتے ہیں کہ وہ چیز جس کی طرف دلیل رہنمائی کرتی ہے وہ یہ ہے کہ قسم اس درود پاک کے پڑھنے سے پوری ہو گی جو حدیث ابو ہریرہ سے ثابت ہے کہ حضور رحمت دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے جسے یہ پسند ہے کہ اسے اجر کا پیمانہ لبالب بھرا ہوا ملے اسے چاہئے کہ یوں درود پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ وَاَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا محمد پر جو نبی ہے اور آپ کی ازواج پر جو تمام مومنوں کی مائیں ہیں اور آپ کی ذریت پر اور آپ کے اہل بیت پر جس طرح تو نے درود بھیجا ابراہیم پر۔

ہمارے محققین شیوخ میں سے العلامہ کمال الدین بن الہمام نے ایک دوسری کیفیت ذکر فرمائی ہے جس میں درود پاک کی تمام کیفیات موجود ہیں وہ مندرجہ ذیل ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ اَبَدًا اَفْضَلَ صَلَوٰتِكَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ نَبِيِّكَ رَسُوْلِكَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ تَسْلِيْمًا وَّزِدْهُ شَرَفًا وَّتَكْرِيْمًا وَّاَنْزِلْهُ الْمَنْزِلَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۔

اے اللہ درود بھیج ہمیشہ افضل درود ہمارے سردار محمد پر جو تیرے بندے، تیرے نبی اور تیرے رسول ہیں، محمد پر اور آپ کی آل پر اور سلام بھیج ان پر مکمل سلام اور آپ کے شرف و عزت میں اضافہ فرما اور قیامت کے دن اپنی جناب میں منزل مقرب پر فائز فرما۔

میں نے الطبقات للتاج السبکی میں پڑھا ہے کہ ۔ ان کے باپ سے مروی ہے کہ درود پاک کی احسن ترین صورت وہ ہے جو تشہد میں پڑھی جاتی ہے، جس نے وہ درود پڑھا اس نے یقیناً حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا، اس کے لئے یقیناً احادیث میں جزا کا ذکر ہے جو اس درود پاک کے علاوہ کوئی درود پڑھتا ہے اس کی صلاۃ مطلوبہ مشکوک ہے

کیونکہ صحابہ کرام نے عرض کی یارسول اللہ ہم کیسے آپ پر درود بھیجیں تو سرکار دو عالم نے فرمایا یوں پڑھو (یعنی تشہد والا درود سکھایا) پس ان کو یہی درود پڑھنے کو فرمایا اور یہی درود آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا عطا کردہ ہے پھر فرماتے ہیں زبان کبھی اس درود پاک کی ادائیگی سے کوتاہ نہ رہے واللہ الموفق۔ یہ درود پاک پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَبَارِكْ وَتَرَحَّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَاِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَخَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ، اِمَامِ الْخَيْرِ وَقَائِدِ الْخَيْرِ وَرَسُوْلِ الرَّحْمَةِ وَعَلٰى اَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَآلِهٖ وَاَصْهَارِهٖ وَاَنْصَارِهٖ وَاَتْبَاعِهٖ وَاَشْيَاعِهٖ وَمُحِبِّيْهِ كَمَا صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ وَتَرَحَّمْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ فِى الْعَالَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ وَصَلِّ وَبَارِكْ وَتَرَحَّمْ عَلَيْنَا مَعَهُمْ اَفْضَلَ صَلَاتِكَ وَاَزْكٰى بَرَكَاتِكَ كُلَّمَا ذَكَرَكَ الذَّاكِرُوْنَ وَغَفَلَ عَنْ ذِكْرِكَ الْغَافِلُوْنَ عَدَدَ الشَّفْعِ وَالْوِتْرِ وَعَدَدَ كَلِمَاتِكَ التَّامَّاتِ الْمُبَارَكَاتِ وَعَدَدَ خَلْقِكَ وَرِضٰى نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ، صَلَاةً دَائِمَةً بِدَوَامِكَ اَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا يَغْبِطُ بِهِ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ وَاَنْزِلْهُ

اے اللہ درود بھیج اور برکتیں نازل فرما اور رحمتیں نازل فرما ہمارے آقا محمد پر جو تیرے بندے، تیرے نبی اور تیرے رسول ہیں جو نبی امی ہیں جو سید المرسلین امام المتقین اور خاتم النبیین ہیں جو بھلائی کے راہنما نیکیوں کے پیشوا اور رسول رحمت ہیں اور (درود بھیج اور برکتیں نازل فرما اور رحمتیں نازل فرما) آپ کی آل پر آپ کے سسرال پر آپ کے مددگاروں پر آپ کے متبعین پر آپ کے تابعداروں پر اور آپ کے عاشقوں پر جیسے تو نے درود بھیجا برکات نازل کیں اور رحمتیں بھیجیں ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر تمام جہانوں میں بیشک تو حمید مجید ہے اور درود بھیج اور برکتیں نازل فرما اور رحم فرما ہم پر ان کے ساتھ افضل درود، پاکیزہ برکات ہربار جب تیرا ذکر کریں ذکر کرنے والے اور ہربار جبکہ غافل ہوں تیرے ذکر سے غفلت کرنے والے جفت وطاق کی تعداد کے برابر۔ اپنے کامل اور بابرکت کلمات کی تعداد کے برابر۔ اپنی مخلوق کی تعداد کے برابر

المَقعَدَ المُقَرَّبَ عِندَكَ يَومَ
القِيَامَةِ وَتَقَبَّل شَفَاعَتَهُ الكُبرٰى
وَارفَع دَرَجَتَهُ العُليَا وَاَعطِهٖ
سُؤلَهُ فِي الآخِرَةِ وَالأُولٰى كَمَا
آتَيتَ اِبرَاهِيمَ وَمُوسٰى اَللّٰهُمَّ
اجعَل فِي المُصطَفَينَ مَحَبَّتَهُ وَفِي
المُقَرَّبِينَ مَوَدَّتَهُ وَفِي الأَعلَيِّينَ
ذِكرَهُ وَاجزِهِ عَنَّا مَا هُوَ اَهلُهُ
خَيرَ مَا جَزَيتَ نَبِيًّا عَن اُمَّتِهٖ
وَاجزِ الأَنبِيَاءَ كُلَّهُم خَيرًا
صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَصَلَاةُ المُؤمِنِينَ
عَلٰى مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الأُمِّيِّ، السَّلَامُ
عَلَيكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحمَةُ اللّٰهِ
وَبَرَكَاتُهُ وَمَغفِرَتُهُ وَرِضوَانُهُ
اَللّٰهُمَّ اَبلِغهُ مِنَّا السَّلَامَ وَاردُد
عَلَينَا مِنهُ السَّلَامَ وَاَتبِعهُ مِن
اُمَّتِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ مَا تَقَرُّ بِهٖ عَينُهُ
يَا رَبَّ العَالَمِينَ ـ

اپنی خوشنودی کے برابر اپنے عرش کے وزن
کے برابر اور اپنے کلمات کی سیاہی کے برابر
ایسا درود جو تیرے دوام کے ساتھ دائم ہو۔
اے اللہ! قیامت کے دن مبعوث فرما آپ کو
مقام محمود پر، جس کے ساتھ پہلے اور پچھلے
رشک کریں اور قیامت کے دن آپ کو اپنی
جناب میں مقعد مقرب پر فائز فرما اور آپ کی
شفاعت کبریٰ قبول فرما اور آپ کے درجہ
عالیہ کو بلند فرما اور عطا فرما آپ کو جو آپ نے
آخرت و دنیا میں مانگا جس طرح تو نے ابراہیم
و موسیٰ کو عطا فرمایا اے اللہ! مصطفین میں
آپ کی محبت ڈال دے اور مقربین میں آپ
کی مودت اور علیین میں آپ کا ذکر بلند فرما
اور جزا دے آپ کو جس کے آپ اہل ہیں
بہتر اس جزا سے جو تو نے کسی نبی کو اس کی
امت کی طرف سے عطا فرمائی اور تمام انبیاء
کرام کو بہتر جزا عطا فرما، درود ہو اللہ کا.
مومنین کا ہمارے آقا محمد نبی امی پر اے نبی
مکرم سلام ہو تجھ پر اور اللہ کی رحمت اس کی
برکت اور اس کی مغفرت ہو اور اس کی رضا
ہو (تجھ پر) اے اللہ! آپ کی بارگاہ میں ہمارا
سلام پہنچا ہماری طرف سے اور آپ کی
طرف سے ہم پر سلام لوٹا اور آپ کی امت
اور آپ کی اولاد کو آپ کی پیروی نصیب

فرما جس سے آپ کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں

یارب العالمین۔

اگر کہا جائے کہ غفل کہا ہے سکت کا لفظ استعمال نہیں فرمایا ہے حالانکہ ایسا کہنا ممکن تھا اللہ تعالیٰ حقیقت حال سے زیادہ واقف ہوتا ہے بعض اوقات ساکت (خاموش) دل میں ذکر کر رہا ہوتا ہے، تو اسے بھی ذاکر شمار کیا جاتا ہے۔ تو ایک فاضل کیلئے یہ اعتراض کرنا مناسب نہیں ہے ساکت و غافل کے درمیان عموم خصوص مطلق کی نسبت پائی جاتی ہے ہر غافل ساکت ہوتا ہے لیکن ہر ساکت غافل نہیں ہوتا۔ یہ اس صورت میں ہوگا جبکہ غافل سے مراد غافل بالقلب واللسان لیا جائے۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ غافل سے مراد حق کے راستہ سے بھٹکا ہوا ہو جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

اَلَّذِیْنَ کَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا وَکَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِیْنَ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ۔

جب یہ مسئلہ واضح ہو گیا تو ہم پہلی گفتگو کے تتمہ کی طرف رجوع کرتے ہیں۔

حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں افضل یہ ہے کہ تشہد میں یہ درود پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَاٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

اے اللہ اور درود بھیج ہمارے آقا و مولا محمد پر اور آل محمد پر جس طرح تو نے درود بھیجا ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر بیشک تو حمید مجید ہے۔

اسی درود پاک کو امام نوویؒ نے شرح المہذب میں امام شافعی اور آپ کے اصحاب سے نقل کیا ہے اور کہا ہے کہ یہی درود پڑھنا اولیٰ ہے لیکن انہوں نے دونوں جگہ پر "علی" کی زیادتی کے ساتھ علی آل ابراہیم ذکر کیا ہے اور یہی درود پاک ابن حبان کی صحیح میں اور حاکم کی مستدرک میں اور امام بیہقی کے ہاں ثابت شدہ ہے۔

امام نوویؒ شرح المہذب میں یہ بھی لکھتے ہیں کہ جو درود پاک احادیث صحیحہ میں ثابت ہیں ان کو جمع کر کے پڑھنا زیادہ مناسب ہے یعنی اس طرح پڑھا جائے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّیَّتِهٖ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا محمد نبی امی پر اور آل محمد پر اور آپ کی ازواج اور ذریت،

كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الأُمِّيِّ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ وَأَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ فِي الْعَالَمِيْنَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

پر جیسے تونے درود بھیجا ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر اور برکت نازل فرما ہمارے آقا محمد النبی الامی پر اور آل محمد پر، آپ کی ازواج اور آپ کی ذریت پر جس طرح تونے برکت نازل کی ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر تمام جہانوں میں بیشک تو حمید مجید ہے۔

امام النووی ؒ نے اپنی کتاب الاذکار میں بھی اسی طرح لکھا ہے مگر صل علی محمد کے بعد عبدک ورسولک کے الفاظ زیادہ ذکر کئے ہیں مگر وبارک علی محمد کے بعد یہ الفاظ زیادہ نہیں کئے التحقیق والفتاوی میں اسی طرح درود ذکر فرمایا مگر وبارک علی محمد کے بعد النبی الامی کے الفاظ ذکر نہیں کئے۔

ہمارے شیخ نے فرمایا کہ امام نووی ؒ کے ذکر کردہ درود سے بہت سی اشیاء رہ گئی ہیں شاید جوانہوں نے زیادتی ذکر کی ہے اسی کمی کے برابر ہو۔ مثلاً ازواجہ کے بعد امہات المومنین، ذریتہ کے بعد اہل بیتہ کے الفاظ ترک کر دیئے ہیں حالانکہ الدار قطنی کی روایت کردہ حدیث ابو مسعود میں وارد ہیں۔ اسی طرح "وبارک" کے بعد عبدک ورسولک کے الفاظ ذکر نہیں کئے۔ پہلی صورت میں فی العالمین اور حمید مجید چھوڑ دیا۔ اسی طرح "اللھم صل وبارک" اکٹھا ذکر نہیں کیا ہے حالانکہ یہ دونوں صیغے بھی النسائی کی روایت میں ثابت ہیں اسی طرح "وترحم علی محمد" چھوڑ دیا ہے، تشہد کے آخر میں "وعلینا معھم" ذکر نہیں کیا حالانکہ یہ بھی الترمذی اور السراج کی احادیث میں ذکر ہیں جیسا کہ پیچھے گذرا ہے ابن عربی نے اس زیادتی کا تعاقب کیا ہے اور فرمایا "ہذا شئی تفرد بہ زائدۃ فلا یقول علیہ" لوگوں نے آل کے معنی میں بہت زیادہ اختلاف کیا ہے۔ جس کا خلاصہ یہ ہے کہ وہ آپ کی امت ہیں۔ پس تکرار کا کوئی فائدہ نہیں۔ اسی طرح غیر انبیاء پر صلوٰۃ کے جواز میں بھی اختلاف کیا ہے ہم اس خصوصیت میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتے۔

العراقی نے شرح ترمذی میں ابن عربی کے قول کا تعاقب کیا کہ یہ زیادتی ثابت ہے جو امام ترمذیؒ نے ذکر کی ہے، پہلی بات تو یہ ہے کہ وہ اس زیادتی میں منفرد نہیں ہیں اگر ہوں

بھی تو ان کا انفراد کوئی نقصان دہ نہیں۔

القاضی اسماعیل نے اپنی کتاب الصلوٰۃ میں دو واسطوں، عن یزید ابن ابی زیاد عن عبدالرحمٰن بن ابی لیلی سے ذکر کی ہے اور یزید سے مسلم نے استشہاد کیا ہے یہ درود البیہقی نے الشعب میں حدیث جابر میں ذکر کیا ہے جیسا کہ پیچھے گذرا ہے پہلا ایراد تو اس شخص کا ہے جو آل کا معنی تمام امت کرتا ہے اس کے باوجود عام پر خاص کا عطف کرنا ممتنع نہیں ہے خصوصاً دعا میں۔

دوسری صورت میں ہمیں تو کوئی ایسا شخص معلوم نہیں کہ اس نے تبعاً غیر انبیاء پر صلاۃ سے منع کیا ہو اختلاف صرف مستقلاً غیر انبیاء پر درود پڑھنے میں ہے احاد کیلئے ان الفاظ کے ساتھ دعا مانگنا جن کے ساتھ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے لئے دعا مانگی تھی جائز ہے۔حدیث میں ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَسْاَلُکَ مِنْ خَیْرِ مَاسَأَلَکَ منه مُحَمَّد۔ یہ حدیث صحیح ہے امام مسلم نے نقل فرمائی ہے۔

مذکورہ زیادتی ابن مسعود کی حدیث میں بھی موجود ہے جیسے پیچھے ذکر ہو چکا ہے علامہ الاسنوی نے امام النووی کے قول کا تعاقب کرتے ہوئے کہا ہے کہ امام کے کلام کے مختلف صیغوں کے باوجود جو کچھ احادیث میں ثابت ہے اس کا احاطہ نہیں ہوا اور امام الاذرعی نے کہا ہے کہ پہلے ایسا کسی نے نہیں کیا ہے وہ بات جو اظہر ہے یہ ہے کہ تشہد پڑھنے والے کیلئے افضل ہے کہ وہ ایسا درود پڑھے جو اکمل روایات سے ثابت ہے پس جو کچھ ثابت ہے کبھی وہ پڑھ لیا کرے اور کبھی دوسرا اگر تمام درودوں کو ملا کر پڑھنا تو اس سے تشہد میں ایک نئے طریقہ کا پڑھنا لازم آئے گا حالانکہ کسی ایک حدیث میں بھی ان درودں کا مجموعہ ثابت نہیں ہے۔

ہمارے شیخ نے فرمایا ہے کہ شاید ان کا یہ کلام ابن قیم کے کلام سے ماخوذ ہے کیونکہ اس نے لکھا ہے کہ کسی روایت میں بھی مجموعی طور پر تمام درود ذکر نہیں ہیں۔ پس بہتر یہی ہے کہ ہر طریقہ کو علیحدہ علیحدہ پڑھے اس سے تمام احادیث سے ثابت شدہ درود پڑھے جائیں گے بخلاف اس کے کہ تمام ایک ہی مرتبہ ملا کر پڑھے جائیں کیونکہ ظن غالب یہ ہے

کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ملا کر نہیں پڑھا۔

الاسنوی نے یہ بھی کہا ہے کہ الشیخ پر لازم ہے کہ وہ تمام احادیث جمع کریں جو تشہد میں وارد ہیں اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ ان کا اس لزوم کی تصریح نہ کرنے کی وجہ سے ان پر یہ لازم نہیں ہوتا کہ وہ ایسا کریں۔ امام ابن القیم نے یہ کہا ہے کہ امام شافعی نے واضح طور پر لکھا ہے کہ تشہد کے الفاظ کا اختلاف قراۃ کے اختلاف کی مانند ہے اور کسی امام نے بھی ایک حرف قرآن میں تمام مختلف الفاظ کو جمع کر کے تلاوت کرنے کو مستحب نہیں کہا ہے اگرچہ بعض علماء نے مشق کیلئے تعلیم دیتے وقت ایسا کرنے کو جائز قرار دیا ہے۔

ہمارے شیخ فرماتے ہیں ظاہر بات یہ ہے کہ اگر ایک لفظ دوسرے لفظ کا ہم معنی ہو تو پھر جائز ہے جیسے ازواجہ اور امہات المومنین میں ہے مگر پھر بھی بہتر یہی ہے کہ ہر دفعہ ایک پر اکتفاء کرے اگر ایک لفظ معنی کی زیادتی کے ساتھ مستقل ہے اور دوسرے میں وہ مفہوم نہیں ہے تو اس زیادتی والے لفظ کا پڑھنا اولیٰ ہے اور اس بات پر محمول کیا جائے گا کہ بعض راویوں نے یاد رکھا اور بعض نے یاد نہ رکھا اور اگر معنی میں ایک لفظ دوسرے پر کچھ زیادہ ہے تو پھر احتیاطاً اس لفظ کے پڑھنے میں بھی کوئی حرج نہیں۔

ایک گروہ علماء جن میں سے علامہ الطبری بھی ہیں فرماتے ہیں یہ اختلاف مباح ہے انسان جو لفظ بھی ذکر کر دے جائز ہے مگر افضل یہ ہے کہ وہ لفظ استعمال کرے جو اکمل و ابلغ ہو اس پر صحابہ کرام سے مختلف الفاظ منقول ہونے سے دلیل پکڑی گئی ہے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول حدیث موقوف ہے جو پہلے گذر چکی ہے اور حدیث ابن مسعود بھی موقوف ہے جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث کے بعد ذکر کی گئی ہے۔ واللہ اعلم۔

حضرت کعب وغیرہ کی حدیث سے ان الفاظ کی تعیین پر استدلال کیا گیا ہے جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے صحابہ کرام کو حکم پورا کرنے کیلئے تعلیم دیئے تھے خواہ ہم امر کے وجوب کو مطلقاً رکھیں یا نماز کے ساتھ مقید کریں اس درود پاک کی نماز کے ساتھ تعیین امام احمد سے مروی ہے اور ان کے پیروکاروں کے نزدیک اصح یہ ہے کہ درود ابراہیمی واجب نہیں ہے بلکہ دونوں طرح کے الفاظ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کیلئے جائز ہیں۔

افضلیت میں اختلاف ہے حضرت امام احمد سے مروی ہے کہ کما صلیت علیٰ ابراہیم وعلیٰ

آل ابراہیم کے الفاظ پڑھنا واجب نہیں ہیں ان سے یہ بھی مروی کہ قاری کو اختیار ہے ان سے اس کے علاوہ بھی قول مروی ہے شوافع کہتے ہیں کہ اللھم صل علی محمد کہنا کافی ہے۔ اس بات میں اختلاف ہے کہ کیا اس صیغہ کا پڑھنا بھی کفایت کرتا ہے جو اس مفہوم پر دلالت کرتا ہو جیسے نمازی لفظ خبر کے ساتھ درود پڑھ دے یعنی صل علی محمد کی جگہ صلی اللہ علی محمد پڑھ دے، اصح یہی ہے کہ جائز ہے کیونکہ دعا خبر کے الفاظ کے ساتھ زیادہ مؤکد ہوتی ہے۔ پس خبر کے الفاظ کے ساتھ پڑھنا بدرجہ اولیٰ جائز ہوگا جنہوں نے صیغوں کی تبدیلی کا قول کیا ہے انہوں نے تکلیف پر وقف کیا ہے (یعنی جس طرح سکھایا گیا ہے اسی پر پابندی کرتے ہیں) ابن عربی نے اسی قول کو ترجیح دی ہے بلکہ ان کا کلام اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے والے کیلئے جو ثواب وارد ہے وہ اسے حاصل ہوگا جو مذکورہ صورت میں (یعنی امر کے صیغہ کے ساتھ) پڑھے گا۔ ہمارے اصحاب کا اس بات پر اتفاق ہے کہ خبر پر اکتفاء کرنا جائز نہیں ہے مثلاً کوئی الصلاۃ علی محمد کہے کیونکہ اس میں صلوۃ کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف نہیں ہے۔

لفظ محمد کی تعیین میں بھی علماء نے اختلاف کیا ہے لیکن اسم کے بغیر وصف جیسے النبی اور رسول اللہ، پر اکتفا کرنے کو جائز قرار دیا ہے کیونکہ لفظ محمد کا مکلف بنایا گیا ہے اس لئے وہ لفظ جائز ہوگا جو اس سے اعلیٰ وارفع ہو اس لئے علماء فرماتے ہیں کہ ضمیر اور لفظ احمد کا ذکر کرنا جائز نہیں ہے الاصح روایات کے مطابق تشہد کی دونوں صورتوں میں بھی النبی اور محمد کے الفاظ آئے ہیں۔

جمہور علماء نے ہر اس لفظ کے جواز کا قول کیا ہے، جس سے مراد حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا ہو حتیٰ کہ بعض علماء نے فرمایا تشہد میں اگر الصلوٰۃ والسلام علیک ایہا النبی پڑھا جائے تو بھی جائز ہے اور اسی طرح اگر اشہد ان محمداً صلی اللہ علیہ وسلم عبدہ ورسولہ کہا جائے تب بھی جائز ہے بخلاف اس صورت کے کہ عبدہ ورسولہ کو مقدم ذکر کیا جائے۔

ہمارے شیخ فرماتے ہیں تشہد کے الفاظ میں ترتیب شرط نہیں ہے اور یہی قول اصح ہے لیکن ان کے قول کے مقابل صحابہ کرام کا قول کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ہمیں تشہد اس

طرح سکھایا جیسے قرآن کی صورت سکھاتے تھے قوی دلیل ہے اور ابن مسعود فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کلمات کو میرے ہاتھ پر شمار کیا۔ پھر ہمارے شیخ فرماتے ہیں کہ اس مسئلہ پر متاخرین میں سے ایک عالم کی میں نے پوری تصنیف دیکھی ہے جمہور علماء کا اس بات پر اکتفاء کرنے کی دلیل یہ ہے کہ اس کا وجوب نص قرآنی صلوا علیہ وسلموا سے ثابت ہے پھر جب صحابہ کرام نے درود کی کیفیت پوچھی تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے انہیں سکھادی، ان الفاظ کی نقل میں اختلاف ہے اور صرف ان الفاظ پر اکتفاء کیا گیا جن پر روایات متفق تھیں اور جو کچھ زائد تھا وہ چھوڑ دیا گیا جیسا کہ تشہد میں ہوا اگر متروک واجب ہوتا تو اس سے سکوت نہ کیا جاتا۔

ابن الفرکاح نے الاقلید میں لکھا ہے کہ جمہور" کا اس کو کم از کم مقدار بنانا، اور اس کو مسمّٰی الصلاۃ بنانا دلیل کا محتاج ہے کیونکہ احادیث صحیحہ میں اقتصار نہیں ہے اور وہ احادیث جن میں مطلق صلاۃ کا ذکر ہے ان میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو نماز میں واجب درود کی طرف اشارہ کرے اور روایات میں جو کم از کم مقدار وارد ہے وہ یہ ہے اللھم صل علی محمد کما صلیت علی ابراہیم۔ الفوارنی نے صاحب الفروع سے ابراہیم کے ذکر کے وجوب میں دو وجہیں نقل کی ہیں جنہیں میں ذکر کروں گا جنہوں نے ابراہیم کے عدم وجوب کا قول کیا ہے اور حجت یہ پیش کی گئی ہے کہ زید بن حارثہ کی حدیث اس کے ذکر کے بغیر وارد ہے اس کے لفظ صلو علی و قولوا اللھم صل علی محمد و علی آل محمد ہیں۔ ہمارے شیخ فرماتے ہیں فیہ نظر کیونکہ بعض روایات میں اختصار ہوتا ہے نسائی نے اس طریق سے مکمل بھی تخریج کی ہے اسی طرح طحاوی نے بھی ذکر کیا ہے جیسا کہ پیچھے ذکر ہو چکا ہے۔

"اس میں کیا حکمت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کا حکم دیا ہے اور ہم کہتے ہیں "اللھم صل" اے اللہ تو درود بھیج ہمارے آقا پر۔"

مصنف فرماتے ہیں میں نے امیر المصطفیٰ الترکمانی کے مقدمہ ابی اللیث کی شرح میں پڑھا ہے جس کی عبارت یہ ہے کہ اگر سوال کیا جائے کہ اس میں کون سی حکمت پوشیدہ ہے کہ

اللہ تعالیٰ نے ہمیں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھنے کا حکم دیا اور ہم کہتے ہیں اے اللہ تو درود بھیج ہمارے آقا محمد پر اور آل محمد پر یعنی ہم اللہ تعالیٰ سے سوال کرتے ہیں کہ وہ درود بھیجے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر، ہم درود نہیں پڑھتے یعنی بندہ کو اصلی علی محمد کہنا چاہئے تھا (مگر وہ ایسا نہیں کرتا) ہم اس کا جواب یہ دیتے ہیں کہ آقائے دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم طاہر و پاکیزہ ہیں جہاں گمان نقص ہی نہیں۔ اور ہم سراپا نقص و عیب ہیں پس طیب و طاہر ذات کی تعریف وہ کیسے کرے جو سراپا عیب ہے اس لئے ہم اللہ تعالیٰ سے عرض کرتے ہیں کہ وہ درود بھیجے اپنے محبوب کریم پر تاکہ رب طاہر کی طرف سے نبی طاہر پر درود ہو کذافی المرغینانی۔

علامہ النیشاپوری کی کتاب اللطائف والحکم میں بھی اس طرح منقول ہے کہ وہ فرماتے ہیں بندے کیلئے صلیت علی محمد کہنا کافی نہیں ہے کیونکہ بندے کا مرتبہ درود بھیجنے سے قاصر ہے بلکہ وہ اپنے رب سے سوال کرے کہ وہ اپنے محبوب کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے تاکہ غیر کی زبان سے صلاۃ ہو جائے۔ اس صورت میں درود پڑھنے والا حقیقت میں اللہ تعالیٰ ہوتا ہے اور بندے کی طرف صلاۃ کی نسبت سوال کرنے کی وجہ سے مجازی ہوتی ہے۔

ابن ابی حجلہ نے بھی اسی چیز کی طرف اشارہ کیا ہے کہ امت کو اللھم صل علی محمد کے صیغہ کی تعلیم دینے میں ایک خاص حکمت ہے جب ہمیں آقا دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کا حکم ملا لیکن ہم نہ شان رسالت کو کماحقہ جانتے ہیں اور نہ اس کا حق ادا کر سکتے ہیں تو اعتراف عجز کرتے ہوئے ہم اللہ تعالیٰ سے عرض کرتے ہیں کہ تو اس کی شان کو سب سے زیادہ جاننے والا ہے کہ وہ کس صلاۃ کا مستحق ہے۔ اس لئے تو اس ذات بابرکت پر صلاۃ بھیج یہ اس قول کی مانند ہے جیسے کوئی کہے میں تیری شان بیان نہیں کر سکتا۔

مصنف فرماتے ہیں اے مخاطب جب تجھے درود و سلام کی اہمیت معلوم ہو گئی ہے تو تجھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر بکثرت درود و سلام پڑھنا چاہئے جیسے تجھے درود و سلام پڑھنے کا حکم ملا ہے اس طرح تیری عظمت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں بلند ہو گی پس کثرت سے درود پڑھ اور ہمیشہ ہمیشہ پڑھ اور تمام روایات کو جمع کر کے پڑھ کیونکہ کثرت سے

درود و سلام پڑھنا محبت کی نشانی ہے۔ جو جس سے محبت کرتا ہے اس کا ذکر ہمیشہ اس کی زبان پر ہوتا ہے صحیح حدیث میں آیا ہے کہ تم میں سے کسی کا ایمان مکمل نہیں ہوسکتا حتیٰ کہ میں اسے اپنے والد، بیٹے اور تمام لوگوں سے محبوب ہو جاؤں۔
آگے چند فصلیں ہیں جن پر ہم پہلے باب کا اختتام کریں گے۔

## پہلی فصل السلام علیک فقد عرفناہ

یہ فصل اس بارے میں ہے کہ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے قول السلام علیک فقد عفرنا فکیف نصلی علیک (یعنی یارسول اللہ ہمیں آپ کی جناب میں سلام عرض کرنے کا طریقہ تو معلوم ہے ہم آپ پر درود کیسے پڑھیں) سے مراد وہ سلام ہے جو صحابہ کرام کو تشہد میں پڑھنے کیلئے تعلیم دیا تھا یعنی السلام علیک ایہا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اور کیف نصلی علیک سے بعد از تشہد درود پڑھنے کے متعلق سوال تھا۔ یہ قول امام بیہقی نے کیا ہے۔ اور ہمارے شیخ فرماتے ہیں کہ السلام کی تفسیر اس مفہوم کے ساتھ ظاہر ہے۔
ابن عبدالبر نے اس کے متعلق ایک اور احتمال بھی ذکر کیا ہے یعنی اس سلام سے مراد وہ سلام ہو جس کے ساتھ انسان نماز سے فارغ ہوتا ہے پھر فرماتے ہیں پہلا قول اظہر ہے۔
قاضی عیاض اور دوسرے علماء نے بھی اسی طرح کا قول ذکر فرمایا ہے۔ بعض علماء نے اس احتمال کو اس طرح رد کیا ہے کہ آخری سلام اتفاقاً ان الفاظ سے مقید نہیں ہے۔
ہمارے شیخ کا کہنا ہے کہ علماء کے اتفاق کی نقل میں نظر ہے کیونکہ امام مالک کے پیروکاروں کی ایک پوری جماعت کا اس بات پر جزم ہے کہ نمازی کیلئے مستحب ہے کہ نماز سے فارغ ہوتے وقت السلام علیک ایہا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ السلام علیکم کہے۔ قاضی عیاض اور ان کے علاوہ کئی علماء نے بھی یہی کہا ہے۔ میں کہتا ہوں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کی فضیلت کے متعلق بہت سی احادیث وارد ہیں جو گزشتہ اور آنے والی فضیلتوں کے علاوہ ہیں۔ ان احادیث میں سے ایک حدیث جابر ہے۔ فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ جس رات مجھے مبعوث کیا گیا تو میں جس درخت اور پتھر سے گزرتا وہ السلام علیک یارسول اللہ کہتا حدیث یعلی ابن مرۃ الثقفی

میں ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں چل رہے تھے ہم نے ایک جگہ پڑاؤ ڈالا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم محو استراحت ہو گئے ایک درخت زمین کو چیرتے ہوئے آیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر سایہ فگن ہو گیا پھر تھوڑی دیر کے بعد اپنی جگہ واپس چلا گیا جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیدار ہوئے تو میں نے درخت کا پورا ماجرا عرض کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ ایسا درخت تھا جس نے اللہ تعالیٰ سے مجھ پر سلام عرض کرنے کی اجازت طلب کی۔ اجازت ملی (تو ایسا کیا)

حضرت جابر کی مرفوع حدیث میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

| | |
|---|---|
| اِنِّیْ لَاَعْرِفُ حَجَرًا بِمَکَّۃَ کَانَ یُسَلِّمُ عَلَیَّ قَبْلَ اَنْ اُبْعَثَ اِنِّیْ لَاَعْرِفُہُ اَلْاٰنَ | میں اس پتھر کو پہچانتا تھا جو مکہ مکرمہ میں میری بعثت سے پہلے مجھ پر سلام عرض کرتا تھا مگر اب میں اسے نہیں پہچانتا۔ |

مندرجہ الفاظ میں بھی یہ حدیث ذکر ہے۔

| | |
|---|---|
| اَنَّ بِمَکَّۃَ لَحَجَرًا کَانَ یُسَلِّمُ عَلَیَّ لَیَالِیَ بُعِثْتُ اِنِّیْ لَاَعْرِفُہُ اِذَا مَرَرْتُ عَلَیْہِ۔ | مکہ مکرمہ میں ایک پتھر بعثت کی راتوں میں مجھ پر سلام کرتا تھا جب بھی میں اس کے پاس سے گزرتا تھا میں اب بھی اسے پہچان لیتا ہوں جب اس کے اوپر سے گزرتا ہوں۔ |

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں ہے کہ جبریل آمین نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو وضو کا طریقہ سکھایا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا پھر دو رکعت نماز ادا فرمائی پھر واپس لوٹے تو جس پتھر اور روڑے سے گزرتے وہی یوں سلام عرض کرتا السلام علیک یا رسول اللہ! ہم نے ان احادیث کی تخریج کی طرف کوئی اشارہ نہیں کیا کیونکہ اس کتاب میں یہ ہماری شروط میں داخل نہیں۔ واللہ الموفق۔

قاضی عیاض رحمتہ اللہ علیہ نے حضرت علی سے مروی تشہد میں یہ الفاظ ذکر کئے ہیں۔

| | |
|---|---|
| اَلسَّلَامُ عَلٰی نَبِیِّ اللّٰہِ۔ اَلسَّلَامُ عَلٰی اَنْبِیَاءِ اللّٰہِ وَرُسُلِہٖ اَلسَّلَامُ عَلٰی | اللہ کے نبی پر سلام ہو۔ سلام ہو اللہ کے انبیاء اور رسولوں پر سلام ہو اللہ کے رسول |

وَرَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلٰى مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ مَنْ غَابَ مِنْهُمْ وَشَهِدَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِمُحَمَّدٍ وَتَقَبَّلْ شَفَاعَتَهُ وَاغْفِرْ لِاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَمَا وَلَدَا وَارْحَمْهُمَا اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ۔

پر سلام ہو محمد بن عبداللہ پر سلام ہو ہم پر اور مومن مردوں اور عورتوں پر جو ان سے غائب ہیں اور جو موجود ہیں۔ اے اللہ مغفرت نازل فرما محمد پر اور آپ کی شفاعت قبول فرما اور مغفرت فرما آپ کے اہل بیت کی اور مغفرت فرما میری اور میرے والدین کی اور جن کو انہوں نے جنا اور ان دونوں پر رحمت فرما اور سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر سلام ہو اے نبی مکرم تجھ پر اور اللہ کی رحمت ہو اور اس کی برکتیں ہوں۔

مصنف فرماتے ہیں اس کی سند میں نظر ہے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ولوالدی کہنا فقط تشہد پڑھنے والے کو تعلیم دینے کیلئے تھا ورنہ حضرت علی کا اپنے والدین کیلئے دعا مانگنا ثابت ہو جائے گا حالانکہ حدیث میں آیا ہے کہ آپ کے والد کی موت کفر پر ہوئی تھی۔ یہ المزی نے کہا ہے واللہ الموفق۔

## آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام عرض کرنا وجوب کے درجہ تک پہنچتا ہے

جاننا چاہئے کہ کئی مقامات پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس پر سلام پڑھنا وجوب کی حیثیت رکھتا ہے۔ آخری تشہد میں سلام پڑھنا واجب ہے، اس پر امام شافعی نے نص قائم کی ہے الحلیمی نے نقل فرمایا ہے کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیا جائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام پڑھنا واجب ہے۔ الشفاء میں القاضی ابو بکر ابن بکیر سے منقول ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آیت (صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا) نازل فرما کر آپ کے صحابہ کرام اور بعد والے لوگوں کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام پڑھنے کا حکم دیا ہے اور یہ بھی حکم دیا ہے کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مزار اقدس پر حاضری کا شرف

نصیب ہو یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر خیر ہو تو ضرور سلام عرض کرو۔

الطرطوشی مالکی کی رائے بھی سلام کے وجوب کی طرف ہے اور ابن فارس اللغوی نے صلاۃ و سلام کی فرضیت کو برابر کہا ہے فرماتے ہیں جس طرح حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا ہے اسی طرح سلام عرض کرنا بھی فرض ہے کیونکہ اللہ جل ثناء کا ارشاد ہے وسلموا تسلیما

سلام عرض کرنے کی نذر ماننے سے بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس پر سلام عرض کرنا واجب ہو جاتا ہے کیونکہ بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم میں سلام عرض کرنا عبادات عظیمہ اور قربات جلیلہ میں سے ہے اور مالکی، حنفی کسی نے بھی اس کے خلاف قول نہیں کیا ہے۔

صاحب الشفا نے ذکر کیا ہے کہ ابن وہب سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس نے مجھ پر دس مرتبہ سلام عرض کیا، اسے ایسا ثواب ملے گا جیسا کہ اس نے ایک گردن آزاد کی ہو۔ اس فضیلت کا ذکر مزید انشاء اللہ تعالیٰ دوسرے باب میں حدیث ابوبکر کے ضمن میں آئے گا۔

سلام کے معنی میں علماء کا اختلاف ہے بعض نے فرمایا یہ اللہ تعالیٰ کا اسم ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ ثمرات و برکات سے آپ خالی نہ رہیں اور مصائب و آفات سے سلامت رہیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک کاموں میں خیر و برکت جمع کرنے اور خلل و فساد کے عوارض کو دور کرنے کی توقع اور امید سے ذکر کیا جاتا ہے۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہ اس سلام کے معنی میں ہو جس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ تجھ پر اللہ کا فیصلہ سلامتی کا ہو سلام بمعنی السلامہ ہے جیسے مقام اور مقامہ سلام اور سلامہ ہے یعنی اللہ تعالیٰ تجھے مذمت و نقائص سے محفوظ فرمائے۔ جب تو اللھم سلم علی محمد کہتا ہے تو تیری اس سے مراد یہ ہوتی ہے اے اللہ ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت، امت اور ذکر کو ہر نقص و عیب سے سلامت رکھ اور آپ کی دعوت میں وقت کے گذرنے کے ساتھ مزید اضافہ فرما۔ آپ کی امت کو مزید بڑھا اور آپ کے ذکر کو بلند سے بلند تر فرما یہ دونوں مفہوم امام بیہقی نے ذکر فرمائے ہیں پھر فرماتے ہیں کوئی ایسا امر لاحق نہ ہو جو کسی وجہ سے بھی کمزوری و کمی کا

باعث ہو۔

مصنف فرماتے ہیں ہو سکتا ہے السلام بمعنی المسالمہ اور الانقیاد ہو جیسے اللہ تعالیٰ کے ارشاد۔ "فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتّٰى يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوا فِي أَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوا تَسْلِيمًا" میں استعمال ہوا ہے۔

اگر یہ کہا جائے کہ علیک ذکر فرمایا لک نہیں فرمایا تو اس کا جواب یہ ہے اس سے مراد اللہ تعالیٰ کا فیصلہ ہے اور اللہ کا فیصلہ بندے کے حق میں بادشاہ اور سلطان کی حیثیت سے نافذ ہوتا ہے جو اس پر مکمل طور پر غالب ہوتا ہے گویا اللہ تعالیٰ کا تجھ پر سلامتی کا فیصلہ فرمانا اللہ کا تیری خاطر سلامتی کا فیصلہ فرمانے کی مانند ہے۔

## دوسری فضل صحابہ کرام کے قول کیف کے متعلق ہے۔

علماء کرام کا کیف کے مراد و معنی میں بھی اختلاف ہے۔ بعض علماء نے فرمایا کہ سوال اس صلاۃ کے معنی کے متعلق تھا جن کا انہیں حکم دیا گیا تھا اور ان الفاظ کے متعلق تھا جن کے ساتھ صلاۃ ادا کی جائے اور بعض نے فرمایا کہ کیف سے سوال صلاۃ کی صفت کے متعلق تھا قاضی عیاض فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ کے ارشاد صلوا علیہ میں صلاۃ کا حکم ہوا جو الرحمہ دعا اور تعظیم ان تمام معانی کا احتمال رکھتا تھا اس لئے صحابہ کرام نے عرض کی حضور! کن الفاظ میں صلاۃ عرض کریں؟ بعض مشائخ اور الباجی نے بھی اسی قول کو ترجیح دی ہے کہ سوال صفت صلاۃ کے متعلق تھا جنس صلاۃ کے متعلق نہیں۔ ہمارے شیخ فرماتے ہیں یہی قول اظہر ہے کیونکہ کیف کا ظاہر استعمال صفت میں ہوتا ہے اور جنس کے متعلق سوال ما کے لفظ کے ساتھ ہوتا ہے علامہ قرطبی نے بھی اسی قول پر جزم کیا ہے فرماتے ہیں یہ اس شخص کا سوال ہے جس نے اصل تو سمجھ لی لیکن کیفیت اس پر مشکل ہو گئی تھی۔ صحابہ کرام نے صلاۃ کی مراد تو جان لی تھی پھر انہوں نے اس کی اس صفت کے متعلق دریافت کیا جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان کے لائق ہو تاکہ وہ اسے ہی استعمال کریں۔

صحابہ کرام کو اس کیفیت پر سوال کرنے والی چیز وہ سلام تھا جو السلام علیک ایہا النبی و

رحمتہ اللہ وبرکاتہ کے مخصوص الفاظ میں تھا۔ انہوں نے سوچا کہ صلاۃ بھی مخصوص الفاظ میں ہوگی تو انہوں نے نص پر آگاہ ہونے کے امکان سے قیاس کو چھوڑ دیا۔ خصوصاً اذکار کے الفاظ میں قیاس ترک کرنا پڑتا ہے عموماً اذکار قیاس سے خارج ہوتے ہیں۔ پس معاملہ ویسا ہی ہوا جیسے صحابہ کرام نے سمجھا تھا۔ وہ سلام کی طرح نہ بتایا بلکہ اس کی ایک نئی صورت بتائی۔

## تیسری فصل اللھم کی تحقیق کے بارے میں۔

اللھم کا کلمہ دعا میں اکثر استعمال ہوتا ہے اس کا معنی یا اللہ ہے اس کے آخر میں میم حرف ندا کے قائم مقام ہے اللھم غفور رحیم کہنا جائز نہیں ہے بلکہ اللھم اغفرلی وارحمنی کہا جائے گا اس پر حرف ندا داخل نہیں ہوتا مگر کبھی کبھی جیسے الراجز کا قول ہے۔

اِنِّیْ اِذَا مَا حَادِثٌ اَلَمَّا     اَقُوْلُ یَا اَللّٰھُمَّ یَا اَللّٰھُمَّ

جب بھی مجھے کوئی عارضہ لاحق ہوتا ہے تو میں "یا اللھم یا اللھم" کہتا ہوں

یہ اسم ندا کے وقت ہمزہ کی قطعیت، لام کی تفخیم کے وجوب اور تعریف کے حصول کے باوجود حرف ندا کے دخول کے ساتھ مختص ہے۔ فراء اور کوفیوں میں سے اس کے متبعین کا قول یہ ہے کہ یہ اصل میں یا اللہ تھا حرف ندا حذف کر دیا گیا ہے اور میم بقول بعض علماء آمنا بخیر کے جملہ سے ماخوذ ہے بعض نے فرمایا یہ میم زائدہ ہے جیسے الزرقہ کو شدید زرق کی وجہ سے زرقم کہا جاتا ہے۔ اسم عظیم کے آخر میں عظمت کیلئے ذکر کیا گیا ہے بعض علماء نے فرمایا یہ اس واو کی طرح ہے جو جمع پر دلالت کرتی ہے گویا دعا مانگنے والا عرض کرتا ہے اے وہ ذات جو تمام اسماء حسنیٰ کی مالک ہے میم کو مشدد بھی اسی لئے کیا گیا ہے تاکہ علامت جمع کے عوض پر دلالت کرے۔ حضرت حسن بصری سے اللھم کا معنی مجتمع الدعاء مروی ہے حضرت النضر بن شمیل سے مروی ہے کہ جس نے اللھم کہا یقیناً اس نے اللہ تعالیٰ سے اس کے تمام اسماء حسنی کے واسطہ سے سوال کیا۔ ابو رجاء العطاردی سے مروی ہے کہ اللھم کے میم میں اللہ تعالیٰ کے ننانوے اسماء حسنی جمع ہیں۔

# چوتھی فصل آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسماء کے بیان میں

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسماء میں مشہور ترین اسم محمد ہے۔ قرآن مجید میں کئی مقامات پر اس کا ذکر آتا ہے۔

مثلاً ما کان محمد ابا احد من رجالکم ــــ محمد رسول اللہ ــــ وما محمد الا رسول

یہ اسم مبارک حمد کی صفت سے منقول ہے جس کا معنی محمود ہے۔ اس میں مبالغہ پایا جاتا ہے امام بخاری نے اپنی تاریخ میں علی بن زید کے طریق سے نقل فرمایا ہے کہ ابو طالب نے سرکار دو جہاں کی یوں مدح سرائی فرمائی ہے۔

وَشَقَّ لَهُ مِنْ اِسْمِهٖ لِيُجِلَّهٗ فَذُو الْعَرْشِ مَحْمُوْدٌ وَهٰذَا مُحَمَّدٌ

اور اس نے اپنے نام سے اپنے محبوب کے نام کو مشتق کیا ہے تاکہ اس کو تعظیم بخشے وہ صاحب عرش محمود ہے اور یہ محمد ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس نام سے موسوم اس لئے کیا گیا کیونکہ آپ اللہ کے نزدیک محمود، فرشتوں کے نزدیک محمود اپنے مرسلین بھائیوں کے نزدیک محمود، تمام اہل زمین کے نزدیک محمود ہیں اگرچہ بعض نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار بھی کیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس میں ایسی صفات کمال پائی جاتی ہیں جو ہر عاقل کے نزدیک محمود ہیں اگرچہ وہ اپنے عناد، جہالت سرکشی کی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ان صفات سے متصف ہونے کا انکار بھی کرے آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایسی حمد سے متصف ہیں جو کسی غیر کو میسر نہیں بیشک آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی محمد اور احمد ہے اور آپ کی امت حمادون ہے ہر غم اور ہر خوشی پر اللہ کی حمد کرتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام لوگوں سے پہلے اپنے رب تعالیٰ کی حمد فرمائی۔ آپ کی صلاۃ اور آپ کی امت کی صلاۃ حمد سے شروع ہوتی ہے خطبہ بھی حمد سے شروع ہوتا ہے۔ اس طرح لوح محفوظ میں آپ کی حمد ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلفاء اور اصحاب، اپنے مصاحف کو حمد کے ساتھ شروع کرتے تھے۔ قیامت کے روز آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھوں لواء الحمد ہو گا۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم شفاعت کی غرض سے

اپنے رب تعالیٰ کے حضور سجدہ کریں گے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اذن شفاعت ۔ ملے گا تو اپنے رب تعالیٰ کی ایسی حمد فرمائیں گے جو اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو القاء ہوگی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم صاحب مقام محمود ہیں جس پر پچھلے اور اگلے تمام رشک کریں گے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا عسی ان یبعثک ربک مقاما محمودا۔ جب آپ اس مقام محمود پر فائز ہوں گے تو اہل موقف تمام مسلم و کافر پہلے اور پچھلے آپ کی حمد کریں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے تمام معانی حمد اور اقسام حمد جمع تھیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایسے خصال و کمالات کے ساتھ محمود تھے کہ جن کی برکت سے زمین ہدایت و ایمان سے بھرپور ہوگئی۔ علم نافع اور عمل صالح سے لبریز ہوگئی مقفل دلوں کے دریچے کھل گئے. زمین کے مکینوں سے ظلمت چھٹ گئی اہل زمین شیطان کے مخفی ضربوں اور شرک باللہ اور کفر باللہ سے محفوظ ہوگئے اور جہالت سے دور ہوگئے حتیٰ کہ آپ کے خوش نصیب متبعین نے دنیا و آخرت کا شرف حاصل کر لیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغام اہل زمین کو پہنچا جتنی کہ انہیں اس کی ضرورت تھی اللہ تعالیٰ نے آپ کی برکت سے عباد و بلاد پر ابر کرم برسایا، اور ساری تیرگیاں کافور ہوگئیں آپ کی وجہ سے موت کے بعد زندگی بخشی گمراہی کی جگہ ہدایت عطا فرمائی۔ جہالت کو معرفت ملی قلت کثرت میں بدل گئی افلاس کو تمنا میں بدل دیا، گمنامی کے بعد رفعت بخشی۔ نکارت کے بعد شہرت دی فرقت کے بعد ملاقات ہوئی، منتشر دلوں اور بکھری خواہشات میں الفت ڈال دی اور متفرق امتوں کو ایک کلمہ کے تحت جمع فرما دیا، اندھی آنکھوں کو نور بصارت ملا بہرے کانوں کو قوت سماعت ملی اور گمراہی کے پردوں میں ڈھکے ہوئے دلوں کو نور معرفت عطا فرمایا لوگوں کو آپ کی برکت سے اللہ کی وہ انتہائی معرفت نصیب ہوئی جتنی کے حصول کی طاقت ان کے قویٰ کو میسر تھی ہمیشہ ہمیشہ اور بار بار، مختصر اور طویل ہر طرح اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام، صفات اور اسماء کا ذکر فرمایا حتیٰ کہ مومن بندوں کے دلوں میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت و معرفت روشن ہوگئی۔ شکوک و شبہات کے سارے بادل چھٹ گئے آپ کی عظمت و صفات ایسے چمکنے لگیں جیسے چودھویں کا چاند، اس تعریف میں اللہ تعالیٰ نے آپ کی امت کیلئے نہ پہلے اور پچھلوں کیلئے کوئی گنجائش چھوڑی، اللہ تعالیٰ نے جو انہیں

جوامع الکلم اور بدائع الحکم عطا فرمائے ہیں ان کی وجہ سے اولین و آخرین میں ہر متکلم سے ان کو مستغنی کر دیا ہے کیا ان کیلئے ان کے محبوب کی یہ تعریف کافی نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ يُتْلٰى عَلَيْهِمْ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّذِكْرٰى لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ
التوراۃ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت یوں ہے، محمد میرا بندہ اور میرا رسول ہے میں نے اس کا نام المتوکل رکھا ہے نہ وہ تند خو ہے نہ سخت دل، نہ بازاروں میں غوغا آرائی کرنے والا ہے وہ برائی کا بدلہ برائی سے نہیں بلکہ معاف کر دیتا ہے اور بخش دینا اس کا شیوہ ہے میں اسے اپنی جناب میں نہ بلاؤں گا حتیٰ کہ اس کی برکت سے بگڑی ہوئی قوم کو درست کر لوں گا، میں اس کے ذریعے نادیدہ نگاہوں کو روشن کروں گا، بہرہ کانوں کو حق سننے کی قوت بخشوں گا اور ضلالت و گمراہی کے غبار سے اٹے ہوئے دلوں کو منور کروں گا حتیٰ کہ وہ کہنے لگ جائیں گے لا الٰہ الا اللہ، میرا محبوب تمام مخلوق سے زیادہ رحیم ہے۔ اور ان تمام کیلئے سراپا مہربانی ہے دنیا و دین ہر لحاظ سے وہی ان کے لئے زیادہ نفع بخش ہے۔ وہ اللہ کی تمام مخلوق سے زیادہ فصیح و بلیغ ہے کثیر معانی کو مختصر الفاظ سے تعبیر کرنے کا اسے تمام سے زیادہ ملکہ حاصل ہے صبر کے مقامات پر سب سے زیادہ صبر کرنے والا ہے۔ ملاقات کے وقت سب سے زیادہ سچا ہے، عہد، ذمہ داری کو سب سے زیادہ پورا فرمانے والا ہے۔ احسان پر سب زیادہ بدلہ عطا فرمانے والا ہے انتہائی تواضع کرنے والا ہے تمام سے زیادہ اپنے نفس پر ایثار کرنے والا ہے اپنے اصحاب کیلئے دلسوزی کرنے والا اور ان کے لئے حمیت رکھنے والا ہے اور بہت زیادہ ان کا دفاع کرنے والا ہے تمام مخلوق سے زیادہ ان امور کا بجا لانے والا ہے جن کا انہیں حکم دیا گیا ہے اور سب سے زیادہ ان امور کو ترک کرنے والا ہے جن سے انہیں روکا گیا ہے تمام مخلوق سے زیادہ صلہ رحمی فرمانے والا ہے اس کے علاوہ بہت سی ایسا صفات کا مالک ہے جو حقیقت میں صفات و کمال ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی صفات کا حصر و شمار ناممکن ہے۔ صلی اللہ علیہ وسلم تسلیماً کثیراً۔

قاضی عیاض رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے محمد اور احمد ان دونوں ناموں کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے محفوظ رکھا، کسی نے بھی یہ دو نام نہیں رکھے احمد جس کا ذکر سابقہ کتب میں تھا۔ جس کی بشارت عیسیٰ علیہ السلام نے دی تھی تو اس کی خاطر اللہ

تعالیٰ نے اپنی حکمت بالغہ سے ہر کسی کو یہ نام رکھنے سے روکے رکھا۔ آپ سے پہلے کسی نے دعویٰ ہی نہیں کیا تاکہ کمزور دل میں شک والتباس کا شائبہ تک داخل ہوتا اور محمد اسم گرامی تو عرب وعجم میں کسی کا نام بھی نہ تھا۔ مگر جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش سے پہلے یہ مشہور ہو گیا کہ ایک نبی مکرم مبعوث ہونے والا ہے جس کا نام محمد ہو گا تو عربوں کے کئی افراد نے اپنے بیٹوں کے نام محمد رکھے اس امید پر کہ ہو سکتا ہے وہ سراپا سعادت ہمارا یہ بچہ ہو واللہ اعلم حیث یجعل رسالتہ۔ پھر چھ ایسے اشخاص کا ذکر کیا ہے جن کا نام محمد تھا فرماتے ہیں ساتواں اور کوئی نہ تھا۔ پھر لکھتے ہیں یہ نام ہونے کے باوجود اللہ تعالیٰ نے ہر ایک کو اس بات سے محفوظ رکھا کہ وہ خود نبوت کا دعویٰ کرتا یا کوئی اور اس کی نبوت کا دعویٰ کرتا یا کوئی ایسا سبب ظاہر ہوتا جو معاملہ کو مشکوک بنا دیتا حتیٰ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے یہ عظمت متحقق ہو گئی اور کسی نے ان دونوں (رسالت ونبوت) عظمتوں میں تنازع نہیں کیا۔ ابو عبداللہ بن خالویہ نے اپنی کتاب میں اور السہیلی نے الروض میں لکھا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے عرب میں صرف ایک شخص محمد نام کا تھا۔ لیکن ہمارے شیخ فرماتے ہیں یہ حصر مردود ہے تعجب تو اس بات پر ہے کہ السہیلی عیاض سے متاخر طبقہ سے ہے، شاید علامہ السہیلی قاضی عیاض کی کلام پر آگاہ نہ ہوئے تھے۔ ایک منفرد جز میں میں نے ان تمام آدمیوں کا ذکر کیا ہے جو محمد نام سے موسوم تھے وہ تقریباً بیس کی تعداد تک پہنچتے ہیں مگر بعض میں تکرار ہے اور بعض کے متعلق صرف وہم ہے۔ ان میں ۱۵ اشخاص یقینی اس نام سے موسوم تھے، اور ان میں سے مشہور یہ تھے ۱۔ محمد بن عدی ابن ربیعہ بن سواۃ بن جشم بن سعد بن زید مناہ بن تیم التمیمی السعدی ۲۔ محمد بن احیحہ بن الجلاح ۳۔ محمد بن اسامہ بن مالک بن حبیب بن العنبر ۴۔ محمد بن البراء بعض نے البرین کہا ہے وطریف بن عتوارۃ بن عامر بن لیث بن بکر عبد مناۃ بن کنانہ البکری بن العتواع محمد بن الحارث بن خدیج بن حویص محمد بن حرماز بن مالک الیعمری و محمد بن حمران بن ابی حمران ربیعہ بن مالک الجعفی المعروف بالشویعر (ع ص) اور محمد بن خزاعی بن علقمہ بن خرابہ السلمی من نبی ذکوان (ع) محمد بن خولی الہمدانی (ع) محمد بن سفیان بن مجاشع (ع ص) اور محمد بن یحمد الازدی اور محمد بن یزید بن عمر بن ربیعہ محمد الاسیدی محمد الفقمی ان تمام نے زمانہ اسلام نہیں پایا

سوائے پہلے اور چوتھے کے۔ پہلے محمد کی خبر کے سیاق سے ان کے اسلام کا پتہ ملتا ہے اور چوتھا شخص صحابی ہے قاضی عیاض نے محمد بن مسلمہ الانصاری کا بھی ذکر کیا ہے حالانکہ اس کا ذکر نہیں کرنا چاہئے تھا کیونکہ وہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بیس سال سے زائد عرصہ بعد پیدا ہوا، لیکن قاضی عیاض نے اپنی پہلی کلام کے متصل محمد بن یحمد الماضی کا ذکر کیا ہے پس ان کے شمار میں ان کے ساتھ چھ ہوئے اور ساتواں کوئی نہیں ہے۔ میں نے ان کے اسماء پر ایک صورۃ (ع) رقم کی ہے اور وہ اسماء جن کا ذکر سہیلی نے کیا ہے وہ اس صورۃ میں ہیں (ص) وباللہ التوفیق

علماء کرام نے یہاں ایک لطیفہ ذکر فرمایا ہے وہ یہ کہ سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر آدمیوں کے کلام میں افضل ترین کلام ہے اور اذکار میں افضل ذکر احمد ہے کیونکہ یہ کلمہ چار معانی کا جامع ہے اس میں تین مذکورہ بالا معانی بھی ہیں اور ایک معنی کی زیادتی بھی ہے۔ گویا یہ ان سے اعم ہے کیونکہ التسبیح مقام تنزیہ ہے یعنی نقائص کی نفی کرنا اور التہلیل مقام توحید ہے۔ یعنی شرک کی نفی کرنا اور التکبیر کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ان تمام محامد سے بلند ہے جو ہم سمجھتے ہیں اور تنزیہ توحید اور صفات کاملہ کے اثبات میں سے جو کچھ ہم سمجھتے ہیں اس سے ارفع ہے، اس کے حقیقی ادراک تک کسی بشر کا پہنچنا ممکن ہی نہیں ہے اس لئے تکبیر کو بغیر کسی چیز کی طرف نسبت کئے ذکر کیا جاتا ہے یعنی وہ بڑا ہے ہر اس چیز سے جو دل میں کھٹکتی ہے اور خیال کی سکرین سے گزرتی ہے کسی اعتبار سے بھی اس کا ادراک نہیں ہو سکتا اور کسی حالت میں سمجھا نہیں جا سکتا اور احمد کا کلمہ تمام محامد کے اثبات کو مکمل کرتا ہے اس میں تنزیہ توحید اور صفات کمال میں سے ہر چیز کا دخل بھی ہے اور اس میں تمام نقائص کی نفی اور ہر اس چیز کا اثبات ہے جس کی تفصیل اور ادراک سے عقلیں قاصر ہیں۔ پس احمد کا کلمہ اس اعتبار سے چاروں معانی کو شامل ہے اور بلحاظ بزرگی مکمل ہے یہ امت بھی حمد کے لئے مخصوص ہے جس طرح ہمارا آقا و مولا ہمارا نبی صلی اللہ علیہ وسلم حمد کی صفت سے موصوف ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کے علم کو لواء الحمد فرمایا وہ لواء الحمد جس کے نیچے آدم و بنی آدم تمام جمع ہوں گے اور حمد کے عظیم موقع پر دلالت کرنے والی یہ چیز بھی ہے کہ اللہ اپنے نبی مکرم کو حمد کا الہام فرمائے گا جب آپ سجدہ کئے ہوئے ہوں گے

وللہ الحمد۔

## نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسماء

ابن دحیہ نے اپنی تصنیف الاسماء النبویہ میں لکھا ہے کہ بعض علماء نے فرمایا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسماء کی تعداد اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنہ کی تعداد ۹۹ کے برابر ہے فرماتے ہیں اگر کوئی مزید جستجو کرنے والا جستجو کرے تو یہ تعداد تین سو اسماء مبارکہ تک پہنچتی ہے مغلطائی نے کہا ہے کہ مذکورہ کتاب میں تقریباً اسماء کی تعداد تین سو ہے ابن دحیہ نے اپنی تصنیف میں اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم جو قرآن مجید یا اخبار میں ہیں ان کے مقامات کا بھی تعین فرمایا ہے ان الفاظ کا ضبط اور معانی کی شرح بھی فرمائی ہے اور اپنی عادت کے مطابق بہت سے فوائد کا بھی اضافہ فرمایا ہے وہ اسماء جو انہوں نے ذکر کئے ہیں وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصفی نام ہیں اور ان میں سے اکثر جو بطور تسمیہ تھے ذکر نہیں کئے۔

ابن عربی نے شرح ترمذی میں بعض صوفیا سے نقل کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بھی ہزار اسماء ہیں اور اللہ کے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بھی ہزار اسماء ہیں میں نے ان اسماء کو جمع کیا ہے جو قاضی ـــ ابن عربی ابن سید الناس۔ ابن الربیع بن سبع۔ مغلطائی اور الشرف البارزی جو انہوں نے توثیق الایمان میں اپنے والد سے نقل کئے ہیں اور البرہان الحلبی اور ہمارے شیخ وغیرہم سے جتنا کچھ ملا ہے تمام کو جمع کر دیا ہے اور معجم کے طریقہ پر ترتیب دیا ہے۔

وہ اسماء مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ الابر باللہ (اللہ تعالیٰ سے نیکی کا معاملہ کرنے والے) ۲۔ الابطح (بطحاء کے مکیں) ۳۔ اتقی للہ (اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والے، سب سے زیادہ متقی) ۴۔ اجود الناس (تمام لوگوں سے زیادہ سخی) ۵۔ اتقی الناس (سب سے زیادہ متقی) ۶۔ الاحد (یکتا) ۷۔ احسن الناس (سب سے احسن) ۸۔ احمد (سب سے زیادہ اپنے رب کی تعریف کرنے والا) ۹۔ احید امتہ عن النار (اپنی امت کو دوزخ سے بچانے والا) ۱۰۔ الاخذ بالحجرات (اپنی زوجات کیلئے حجرات رکھنے والے) ۱۱۔ آخذ الصدقات (صدقات وصول

کرنے والے) ۱۲۔ الاخشی للہ (اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والے) ۱۳۔ الآخر (سب سے آخر میں آنے والے) ۱۴۔ اذن خیر (اچھی باتوں کو سننے والے) ۱۵۔ ارجح الناس (سب سے زیادہ عقلمند) ۱۶۔ ارحم الناس (سب سے زیادہ رحم کرنیوالے) ۱۷۔ ارحم الناس بالعیال (اپنے عیال پر بہت زیادہ رحم کرنیوالے) ۱۸۔ اشجع الناس (سب سے زیادہ بہادر) ۱۹۔ الاصدق فی اللہ (اللہ تعالیٰ کے معاملہ میں سب سے زیادہ سچے) ۲۰۔ اطیب الناس ریحاً (ازروئے خوشبو کے زیادہ معطر) ۲۱۔ الاعز (زیادہ عزت والے) ۲۲۔ الاعلم باللہ (سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ کی معرفت رکھنے والے) ۲۳۔ اکثرالانبیاء تبعاً (تمام انبیاء سے زیادہ تبع) ۲۴۔ اکرم الناس (سب سے زیادہ سخی) ۲۵۔ اکرم ولد آدم (اولاد آدم میں سب سے زیادہ کرم فرمانے والے) ۲۶۔ امام الخیر (بھلائی کے امام) ۲۷۔ امام المرسلین (رسولوں کے پیشوا) ۲۸۔ امام المتقین (متقین کے راہنما) ۲۹۔ امام النبیین (نبیوں کے امام) ۳۰۔ الامام (سراپا راہنمائی) ۳۱۔ الآمر (نیکی کا حکم کرنیوالے) ۳۲۔ آلا من (امن کے پیغمبر) ۳۳۔ امنہ اصحابہ (تمام ساتھیوں سے مطمئن) ۳۴۔ الامین (امانت دار) ۳۵۔ الامی (امی) ۳۶۔ انعم اللہ (اللہ تعالیٰ کے انعام یافتہ) ۳۷۔ الاول (سب سے پہلے) ۳۸۔ اول شافع (سب سے پہلے شفاعت کرنے والے) ۳۹۔ اول المسلمین (پہلے فرمانبردار) ۴۰۔ اول مشفع (سب سے پہلے جن کی شفاعت قبول ہوگی) ۴۱۔ اول المومنین (پہلے مومن) ۴۲۔ البارقلیط (البارقلیط) ۴۳۔ الباطن (نگاہ خرد سے مخفی) ۴۴۔ البرہان (وحدت کی دلیل) ۴۵۔ البرقلیطس (البرقلیطس) ۴۶۔ البشر (انسان) ۴۷۔ بشری عیسیٰ (عیسیٰ علیہ السلام کی خوشخبری) ۴۸۔ البشیر (مژدہ سنانے والے) ۴۹۔ البصیر (دیکھنے والے) ۵۰۔ البلغ (بلیغ) ۵۱۔ بیان (صاف گو) ۵۲۔ بیان البینہ (روشن دلائل والے) ۵۳۔ التالی (آنے والے) ۵۴۔ التذکرہ (سراپا نصیحت) ۵۵۔ التقی التنزیل (نازل شدہ سے ڈرنے والے) ۵۶۔ التنزیل (نازل شدہ سے ڈرانے والے) ۵۷۔ التہامی (تہامہ کے رہنے والے) ۵۸۔ ثانی اثنین (دو میں سے دوسرے) ۵۹۔ الجبار (ٹوٹے ہوئے دلوں کو جوڑنے والے) ۶۰۔ الجد (کوشش

کرنیوالے) ۶۱۔ الجواد (سخی) ۶۲۔ (حاتم (فیصلہ فرمانیوالے) ۶۳۔ الحاشر (مردہ دلوں کو زندہ کرنیوالے) ۶۴۔ الحافظ (احکام الٰہی کی حفاظت کرنیوالے) ۶۵۔ الحاکم بما اراد اللہ (اللہ تعالیٰ کے ارادہ کے مطابق فیصلہ فرمانے والے) ۶۶۔ الحامد (اللہ تعالیٰ کی حمد کرنے والے) ۶۷۔ حامل لواء (علم بلند فرمانے والے) ۶۸۔ الحبیب (اللہ کے حبیب) ۶۹۔ حبیب الرحمٰن (رحمٰن کے محبوب) ۷۰۔ حبیب اللہ (اللہ کے پیارے) ۷۱۔ الحجازی (حجازی) ۷۲۔ الحجہ (حجت) ۷۳۔ الحجہ البالغہ (باکمال دلیل) ۷۴۔ حرز الامین (امانت کے محافظ) ۷۵۔ الحرمی (حرم والے) ۷۶ الحریص علی الایمان (ایمان پر حریص) ۷۷۔ الحفیظ (محافظ) ۷۸۔ الحق (سراپا حق) ۷۹۔ الحکیم (حکمت والے) ۸۰۔ الحلیم (بردبار) ۸۱۔ حماد (خود اللہ کی حمد کرنے والے) ۸۲۔ حمطایا یا حمیاطا (برے کاموں سے روکنے والے) ۸۳۔ حمعسق ( حمعسق) ۸۴۔ الحمید (اللہ تعالیٰ کی حمد کرنیوالے) ۸۵۔ الحنیف (حق کی طرف مائل ہونے والے) ۸۶۔ خاتم النبیین (نبیوں کے خاتم) ۸۷۔ الخاتم (مہر) ۸۸۔ الخازن لمال اللہ (اللہ کے مال کو خزانہ کرنیوالے) ۸۹۔ الخاشع (اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والے) ۹۰۔ الخاضع (اللہ کے سامنے جھکنے والے) ۹۱۔ الخالص (مخلص) ۹۲۔ الخبیر (خبر رکھنے والے) ۹۳۔ خطیب الانبیاء (انبیاء کے خطیب) ۹۴۔ خلیل الرحمٰن (رحمٰن کے دوست) ۹۵۔ خلیل اللہ (اللہ کے دوست) ۹۶۔ خیر الانبیاء (تمام انبیاء سے بہتر) ۹۷۔ خیر البریہ (تمام مخلوق سے بہتر) ۹۸۔ خیر خلق اللہ (اللہ کی مخلوق سے بہتر) ۹۹۔ خیر العالمین (تمام عالم سے بہتر) ۱۰۰۔ خیر الناس (تمام لوگوں سے بہتر) ۱۰۱۔ خیر النبیین (نبیوں سے بہتر) ۱۰۲۔ خیرہ الامہ (امت کے چیدہ) ۱۰۳۔ خیرہ اللہ (اللہ کا انتخاب) ۱۰۴۔ دارالحکمہ (حکمت کا گھر) ۱۰۵ الداعی الی اللہ (اللہ کی طرف بلانے والے) ۱۰۶ دعوۃ ابراہیم (دعائے ابراہیم) ۱۰۷۔ دعوۃ النبیین (تمام انبیاء کی دعا) ۱۰۸۔ الدلیل (راہنما) ۱۰۹۔ الذاکر (ذکر کرنے والے) ۱۱۰۔ الذکر (سراپا ذکر الٰہی) ۱۱۱۔ ذوالحق المورد (نازل شدہ حق کو لانے والے) ۱۱۲۔ ذوالحوض المورد (اس حوض کے مالک جس پر لوگ وارد ہوں گے) ۱۱۳۔ ذوالخلق العظیم (صاحب خلق عظیم) ۱۱۴۔ ذوالصراط

المستقیم (سیدھے راستے والے) ۱۱۵۔ ذوالقوہ (قوت والے) ۱۱۶۔ ذوالمعجزات (معجزات والے) ۱۱۷۔ ذوالمقام المحمود (مقام محمود والے) ۱۱۸۔ ذوالوسیلہ (صاحب وسیلہ) ۱۱۹۔ الراضع (دودھ پینے والے) ۱۲۰۔ الراضی (خوش کرنیوالے) ۱۲۱۔ الراغب (رغبت کرنے والے) ۱۲۲۔ الرافع (حق کو بلند کرنے والے) ۱۲۳۔ راکب البراق (براق کے سوار) ۱۲۴۔ راکب البعیر (اونٹ کے سوار) ۱۲۵۔ راکب الجمل (اونٹ کے سوار) ۱۲۶۔ راکب الناقہ (اونٹنی کے سوار) ۱۲۷۔ راکب النجیب (اونٹ سوار) ۱۲۸۔ الرحمہ (سراپا رحمت) ۱۲۹۔ رحمہ الامہ (امت کیلئے رحمت) ۱۳۰۔ رحمت للعالمین (عالمین کیلئے رحمت) ۱۳۱۔ رحمہ مہداۃ (رحمت کا تحفہ) ۱۳۲۔ الرحیم (رحم فرمانے والے) ۱۳۳۔ الرسول (اللہ کے بھیجے ہوئے) ۱۳۴۔ رسول الراحہ (راحت کے رسول) ۱۳۵۔ رسول الرحمۃ (رحمت کے رسول) ۱۳۶۔ رسول اللہ (اللہ کے رسول) ۱۳۷۔ رسول الملاحم (جنگوں کے پیغمبر) ۱۳۸۔ الرشید (رشد و ہدایت والے) ۱۳۹۔ رفیع الذکر (ذکر بلند کرنے والے) ۱۴۰۔ الرقیب (نگہبان) ۱۴۱۔ روح الحق (حق کی روح) ۱۴۲۔ روح القدس (پاکیزہ روح) ۱۴۳۔ الروف (شفقت فرمانے والے) ۱۴۴۔ الزاہد (دنیا سے مستغنی) ۱۴۵۔ زعیم الانبیاء (انبیاء کے رہبر) ۱۴۶۔ الزکی (پاکباز) ۱۴۷۔ الزمزمی (زمزم پلانے والے) ۱۴۸۔ زین من فی القیامہ (قیامت والوں کیلئے زینت) ۱۴۹۔ السابق بالخیرات (بھلائی میں سبقت لے جانے والے) ۱۵۰۔ سابق العرب (تمام عرب سے سبقت لے جانے والے) ۱۵۱۔ الساجد (سجدہ کرنے والے) ۱۵۲۔ سبل اللہ (اللہ کا راستہ) ۱۵۳۔ السراج (چراغ ہدایت) ۱۵۴۔ السعید (نیک بخت) ۱۵۵۔ السمیع (سننے والے) ۱۵۶۔ السلام (سراپا سلامتی) ۱۵۷۔ سید ولد آدم (اولاد آدم کے سردار) ۱۵۸۔ سیدالمرسلین (مرسلین کے سردار) ۱۵۹۔ سید الناس (لوگوں کے سردار) ۱۶۰۔ سیف اللہ المسلول (اللہ کی بے نیام تلوار) ۱۶۱۔ الشارع (راہ شریعت دکھانے والے) ۱۶۲۔ الشامخ (بلند مرتبہ) ۱۶۳۔ الشاکر (شکر گذار) ۱۶۴۔ الشاہد (گواہی دینے والے) ۱۶۵۔ الشفیع (شفاعت کرنے

والے ) ۱۶۶۔ الشکور (قدر دان ) ۱۶۷۔ الشمس (ہدایت کے سورج ) ۱۶۸۔ الشہید
(گواہ ) ۱۶۹۔ الصابر (صبر کرنیوالے ) ۱۷۰۔ الصاحب (ساتھی ) ۱۷۱۔ صاحب
الآیات والمعجزات (نشانیوں اور معجزات والے ) ۱۷۲۔ صاحب البرہان (دلیل
والے ) ۱۷۳۔ صاحب التاج (تاج والے ) ۱۷۴۔ صاحب الجہاد (جہاد کرنے
والے ) ۱۷۵۔ صاحب الحجہ (حجت والے ) ۱۷۶۔ صاحب الحطیم (حطیم والے )
۱۷۷۔ صاحب الحوض المورود (اس حوض کے مالک جس پر لوگ وارد ہوں گے )
۱۷۸۔ صاحب الخیر (بھلائی والے ) ۱۷۹۔ صاحب الدرجہ الرفیعہ العالیہ (بلند درجے
والے ) ۱۸۰۔ صاحب السجود للرب المحمود (اپنے محمود رب کو سجدہ کرنے والے )
۱۸۱۔ صاحب السرایا (جنگوں والے ) ۱۸۲۔ صاحب الشرع (صاحب شریعت )
۱۸۵۔ صاحب الشفاعۃ الکبریٰ (بڑی شفاعت والے ) ۱۸۶۔ صاحب العطایا (عطیات
دینے والے ) ۱۸۷۔ صاحب العلامات (نشانیوں والے ) ۱۸۸۔ صاحب الباہرات
(روشن دلیلوں والے ) ۱۸۹۔ صاحب الفضیلۃ (فضیلت والے ) ۱۹۰۔ صاحب القضیب
الاصغر (چھوٹی تلوار والے ) ۱۹۱۔ صاحب القضیب (عصا و تلوار والے ) ۱۹۲۔ صاحب
قول لا الٰہ الا اللہ (لا الٰہ الا اللہ کے قول والے ) ۱۹۳۔ صاحب الکوثر (صاحب کوثر )
۱۹۴۔ صاحب اللوا (علم والے ) ۱۹۵۔ صاحب المحشر (بزم محشر کے صدر )
۱۹۶۔ صاحب المدینہ (مدینہ والے ) ۱۹۷۔ صاحب المعراج (معراج والے ) ۱۹۸۔
صاحب المنعم (نعمتوں والے ) ۱۹۹۔ صاحب المقام المحمود (مقام محمود والے )
۲۰۰۔ صاحب المنبر (منبر والے ) ۲۰۱۔ صاحب النعلین (پاپوش والے )
۲۰۲۔ صاحب الہراوہ (عصا والے ) ۲۰۳۔ صاحب الوسیلہ (وسیلہ والے ) ۲۰۴۔
الصادع بما امر (اللہ تعالیٰ کے احکام کو کر گزرنے والے ) ۲۰۵۔ الصادق (سچے )
۲۰۶۔ الصبور (بہت زیادہ صبر کرنے والے ) ۲۰۷۔ الصدق (سراپا سچائی )
۲۰۸۔ صراط الذین انعمت علیہم (راستہ ان کا جن پر اللہ نے انعام فرمایا) ۲۰۹۔ الصراط
المستقیم (سیدھا راستہ ) ۲۱۰۔ الصفوح (معاف فرمانے والے ) ۲۱۱۔ الصفوۃ (خالص )
۲۱۲۔ الصفی (مخلص دوست ) ۲۱۳۔ الضحاک (مسکرانے والے ) ۲۱۴۔ الضحوک (ہمیشہ

مسکرانے والے ) ۲۱۵۔ طاب طاب ( عمدہ صفات والے ) ۲۱۶۔ الطاہر ( پاک فرمانے والے ) ۲۱۷۔ الطیب ( روحانی طبیب ) ۲۱۸۔ طسم ( طسم ) ۲۱۹۔ طہ ( طہ ) ۲۲۰۔ الظاہر ( ظاہر ) العابد ( عبادت کرنیوالے ) العادل ( عدل کرنیوالے ) العافی ( درگزر کرنے والے ) العاقب ( پیچھے آنے والے ) العالم ( حقائق کو جاننے والے ) العامل ( عمل والے ) عبداللہ ( اللہ کا بندہ ) العدل ( سراپا عدل ) العربی ( عربی بولنے والے ) العروۃ الوثقیٰ ( مضبوط دستاویز ) العزیز ( غالب ) العظیم ( عظمت والے ) العفو ( معاف کرنے والے ) العفیف ( پاکدامن ) العلیم ( علم والے ) العلمی ( حق کی نشانی ) العلامہ ( بہت زیادہ علم والے ) الغالب ( غالب ) الغنی باللہ ( اللہ نے جنہیں غنی فرمایا ) الغیث ( بارش ) الفاتح ( فاتح ) الفارقلیط ( الفارقلیط ) الفارق ( حق و باطل میں تمیز کرنیوالے ) الفتاح ( کھولنے والے ) الفخر ( فخر کرنے والے ) الفرط ( پیش رو ) الفصیح ( فصاحت سے کلام کرنے والے ) فضل اللہ ( اللہ کا فضل ) فواتح النور ( نور کو کھولنے والے ) القاسم ( تقسیم کرنے والے ) القاضی ( فیصلہ کرنے والے ) القانت ( فرمانبردار ) قائد الخیر ( بھلائی کے قائد ) قائد الغرالمحجلین ( چمکدار پیشانیوں والوں کے قائد ) القائل ( حق کا قول کرنیوالے ) القائم ( قائم رہنے والے ) القتال ( مضبوط ) القتول ( جنگ کرنے والے ) قثم ( بہت دینے والے ) القثوم ( سخی ) قدم صدق ( سچائی کے پیش رو ) القرشی ( قریشی ) القریب ( اللہ کے قریبی ) القمر ( چاند ) القیم ( مضبوط ) کافۃ الناس ( تمام لوگوں کیلئے کافی ) الکامل فی جمیع امورہ ( اپنے تمام امور میں کامل ) الکریم ( سخاوت کرنے والا ) کندیدہ ( مضبوط ساخت والے ) کھیعص ( کھیعص ) اللسان ( سچائی کی زبان ) المجد ( بزرگی والے ) الماحی ( برائی کو مٹانے والے ) ماذ ماذ ( دین کی باتیں کرنیوالے ) المامون ( محفوظ ) ماء معین ( جاری پانی ) المبارک ( سراپا برکت ) المبتھل ( اللہ تعالیٰ سے التجا کرنے والے ) المبشر ( بشارت دینے والے ) المبعوث ( بھیجے ہوئے ) المبلغ ( تبلیغ فرمانے والے ) المبیح ( پاکیزہ چیزوں کو مباح کرنیوالے ) المبین ( احکام الٰہی بیان کرنے والے ) المتبتل ( صرف اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہونے والے ) المتبسم ( مسکرانے والے ) المتربص ( احکام الٰہی کا انتظار

کرنے والے) المترحم (سب پر رحم فرمانے والے) المتضرع (بارگاہ الٰہی میں گڑگڑانے والے) المتقی (اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والے) المتلو علیہ (ان پر تلاوت کی گئی) المتہجد (تہجد گزار) المتوسط (میانہ روی اختیار کرنے والے) المتوکل (اللہ پر بھروسہ کرنے والے) المثبت (حق کو ثابت کرنے والے) المجتبیٰ (اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ) المجیر (پناہ دینے والے) المحرض (نیکی پر برانگیختہ کرنیوالے) المحرم (اللہ کی حرام کردہ چیزوں کو حرام کرنیوالے) المحفوظ (حفاظت کئے گئے) المحلل (حلال کرنے والے) محمد (تعریف کئے گئے) المحمود (حمد کئے گئے) المخبر (خبر دینے والے) المختار (چیدہ) المخلص (خلوص والے) المدثر (بشریت کی چادر اوڑھنے والے) المدنی (مدینہ طیبہ والے) مدینہ العلم (علم کا شہر) المذکر نصیحت فرمانے والے) المذکور (ذکر کئے گئے) المرتضیٰ (راضی کئے گئے) المرتل (قرآن کریم ترتیل سے پڑھنے والے) المرسل (جن کو بھیجا گیا) المرفع الدرجات درجات کو بلند کرنے والے) المرء لمزکی (دلوں کا تزکیہ کرنے والے) المزمل (کملی والے) المزہل (باطل کو مٹانے والے) المسبح (اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرنے والے) المستغفر (استغفار کرنے والے) المستقیم (سیدھا راستہ) المسری بہ (جن کو لامکاں کی سیر کرائی گئی) المسحور (آپ پر جادو کیا گیا) المسلم (سعادت مند) المشاور (نیک مشورہ دینے والے) المشفع (شفاعت کرنے والے) المشفوع (جن کی شفاعت قبول کی گئی) المشتمخ (سرخ جوڑا زیب تن فرمانے والے) المشہور (شہرت دیئے گئے) المشیر (اشارہ فرمانے والے) المصارع (پچھاڑنے والے) المصافح (مصافحہ کرنے والے) المصدق (تصدیق کرنے والے) المصدوق (جن کی تصدیق کی گئی) المصری (شہری) المطاع (جن کی اطاعت کی گئی) المطہر (گناہوں سے پاک کرنیوالے) المطہر (پاک کئے گئے) المطلع (اخبار غیب کی اطلاع دینے والے) المطیع (اطاعت کرنے والے) المظفر (کامیاب و کامران) المعزز (عزت والے) المعصوم (گناہوں سے محفوظ) المعطی (عطا کرنے والے) المعقب (تمام نبیوں کے بعد آنے والے) المعلم (تعلیم دینے والے) معلم امتہ (اپنی امت کو تعلیم دینے والے) المفضل (فضیلت دینے والے) المقتصد (میانہ رو) المقتفی (بعد میں آنے والے) المقدس (جن کی پاکیزگی

بیان کی گئی ) المقری ( پڑھانے والے ) المقصوص علیہ (جن پر پہلی قوموں کے قصے بیان کئے گئے ) المقفی ( آخر میں آنے والے ) مقیم السنہ بعدالفترۃ ( زمانہ فترہ کے بعد سنت کو قائم کرنے والے ) المقیم ( دین کو قائم کرنے والے ) المکرم (عزت دیئے گئے ) المکتفی (رضائے الٰہی پر اکتفا فرمانے والے ) المکین (مدینہ طیبہ کے مکین ) المکی (مکہ میں رہنے والے ) الملاحی (خوش مزاج ) ملقی القرآن (قرآن کو حاصل کرنے والے ) الممنوع (برائیوں سے محفوظ کئے گئے ) المنادی (دین کے داعی ) المنتصر ( دشمن پر غالب ) المنذر (عذاب الٰہی سے ڈرانے والے ) المنزل علیہ (جن پر قرآن نازل کیا گیا) المنحمنا (المنحمنا ) المنصف (انصاف فرمانے والے ) المنصور (جن کی مدد کی گئی )المنیب (اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے والے ) المنیر ( دلوں کو روشن کرنیوالے ) المہاجر (ہجرت کرنیوالے ) المھتدی (ہدایت دینے والے ) المھدی (ہدایت یافتہ ) المہیمن ( نگہبان ) الموتمن (امانتیں محفوظ رکھنے والے ) الموحی الیہ (وحی کئے گئے ) الموقر (بزرگوں کو عزت دینے والے ) المولی (سردار ) المومن (غیب پر ایمان لانے والے ) المئوید (مدد کئے گئے ) المیسر ( آسانی فرمانے والے ) النابذ (پتھر پھینکنے والے ) الناجز (وعدہ پورا کرنے والے ) الناس (انسانوں میں سے ) الناشر (حق کو پھیلانے والے ) الناصب ( دین کو قائم کرنے والے ) الناصح (نصیحت کرنیوالے ) الناصر (مدد کرنیوالے ) الناطق (حق کہنے والے ) الناہی (برائیوں سے روکنے والے ) نبی الاحمر (سرخ لوگوں کے نبی ) نبی الاسود ( کالے لوگوں کے نبی ) نبی التوبہ (در توبہ کھولنے والے نبی ) نبی الراحہ (راحت و آرام کی خبر دینے والے نبی ) نبی الرحمہ (رحمت کے نبی ) نبی الصالح (نیک نبی ) نبی اللہ (اللہ کے نبی ) نبی المرحمہ (رحمت والے نبی ) نبی الملحمہ (میدان جہاد کے نبی ) نبی الملاحم (جنگوں کے بارے خبر دینے والے ) النبی (غیب کی خبریں دینے والے ) النجم الثاقب (روشن ستارے ) النجم (ستارا ) النسیب (نسبت والے ) النعمہ (سراپا نعمت ) نعمہ اللہ (اللہ کی نعمت )النقیب (قوم کا سردار ) النقی (صاف و پاکیزہ ) النور (ہدایت کا نور ) الہادی (ہدایت دینے والے ) الہاشمی (ہاشمی ) الواسط ( درمیانی راستہ بتانے والے ) الواسع (وسعت والے ) الواضح (اللہ

کے سامنے عاجزی کرنے والے) الواعد (وعدہ فرمانے والے) الواعظ (نصیحت فرمانے والے) الورع (پرہیزگار) الوسیلہ (نجات کا وسیلہ) الوفی (وعدہ پورا کرنے والے) ولی الفضل (فضیلت والے) الولی (ولی) الیثربی (یثرب کے رہنے والے) لیس (سردار) صلی اللہ علیہ وسلم تسلیماً کثیراً۔ یہ اسما چار سو تمیں سے زائد ہیں میں نے ابن دحیہ کی تصنیف میں ان اسماء کو نہ جمع پایا ہے اور نہ کسی اور نے مجھ سے پہلے اس طرح ترتیب و جمع کے ساتھ لکھا ہے۔

مجھ سے ایک پوری جماعت نے یہ اسماء نقل کئے ہیں۔ یہ اسماء اس بات کے متقاضی ہیں کہ انہیں ایک علیحدہ جزء میں شرح کے ساتھ لکھا جائے۔ اللہ تعالیٰ اس کوشش و کاوش کو اپنی مہربانی و احسان سے آسان فرمائے۔ جن حضرات نے صرف ۹۹ اسماء پر اقتصار کیا ہے انہوں نے ان اسماء حسنی کی تعداد کی مناسبت کا لحاظ رکھا ہے جن کے بارے میں احادیث وارد ہیں۔ اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ انہوں نے ان تمام سے ۹۹ اسماء چن لئے ہوں اور زائد کو حذف کر دیا ہو۔ جو واضح طور پر اسمیت پر دلالت نہ کرتے تھے۔ یا جن کا معنی و مفہوم ایک تھا۔

پھر مجھے قاضی ناصرالدین ابن الحلیق کی ایک کاپی ملی جو ابن دحیہ کی کتاب کی تلخیص تھی جو کچھ اس میں سے زائد ملا تھا وہ بھی میں نے اپنی اس کتاب میں شامل کر دیا۔ یہاں تک کہ یہ مذکورہ تعداد بن گئی۔ حضور علیہ السلام کے اکثر اسماء ان افعال سے مشتق ہیں جن کی نسبت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف تھی۔ اس میں یہ بھی ذکر ہے کہ ابن فارس کی بھی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اسماء کے متعلق "المبنی فی اسماء النبی" پوری تصنیف ہے۔ میں (مصنف) کہتا ہوں ابو عبداللہ القرطبی نے بھی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اسماء کو ایک کتاب میں اشعار کی صورت میں جمع کیا ہے اور ان کی شرح بھی فرمائی ہے۔ شائد ان کی کتاب بھی ۳۰۰ سے زائد اسماء پر مشتمل ہے مگر مجھے ابھی تک وہ ملی نہیں ہے۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی دو کنیتیں ہیں پہلی ابو القاسم ہے جو بہت سی احادیث صحیحہ میں مشہور ہے۔ اور دوسری ابو ابراہیم جیسا کہ حدیث انس رضی اللہ عنہ میں واقع ہے جو جبرئیل امین کی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہ میں آمد کے متعلق ہے کہ

انہوں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو یوں پکارا "السلام علیک یا ابا ابراہیم" ابن دحیہ نے ابو الارامل بھی ذکر کی ہے۔ ابن دحیہ کے علاوہ علماء نے ابو المؤمنین بھی ذکر کی ہے۔

## شجرہ طیبہ

محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب شیبۃ الحمد بن ہاشم ان کو عمرو بن عبد مناف کہا جاتا تھا اور عبد مناف کو مغیرہ بن قصی کہا جاتا تھا اور قصی کا نام زید تھا بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر یہاں تک قریش ہیں (فہر جماع قریش کے لقب سے مشہور تھے) ان سے اوپر قریش نہیں بلکہ کنانی ہیں، کنانہ بن مالک بن النضر ان کا نام قیس تھا بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ ان کا نام عمرو بن الیاس تھا بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان، یہاں تک کی نسبت متفق علیہ ہے مگر اس سے اوپر یعنی عدنان اور حضرت اسماعیل کے درمیان کے نسب کے متعلق کتب سیر میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

لطیفہ:۔ الحسن بن محمد الدامغانی نے اپنی کتاب "شوق العروس وانس النفوس" میں حضرت کعب الاحبار سے نقل کرتے ہوئے ذکر کیا ہے کہ آقا دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی اہل جنت کے ہاں عبدالکریم، دوزخیوں میں عبدالجبار، اہل عرش میں عبدالحمید، ملائکہ میں عبدالمجید انبیاء میں عبدالوہاب، شیاطین میں عبدالقہار، جنوں میں عبدالرحیم اور پہاڑوں میں عبدالخالق، خشکی میں عبدالقادر، سمندروں میں عبدالمہیمن، مچھلیوں میں عبدالقدوس حشرات میں عبدالغیاث، وحشیوں میں عبدالرزاق، درندوں میں عبدالسلام، چوپایوں میں عبدالمومن، پرندوں میں عبدالغفار، توراۃ میں موز موز، انجیل میں طاب طاب الصحف میں عاقب الزبور میں فاروق، اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں طہٰ، یٰس، مومنین کے ہاں محمد ہے پھر فرماتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کنیت ابو القاسم اس لئے ہے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اہل جنت کے درمیان جنت تقسیم فرمائیں گے۔

## امی کی تحقیق

امی یائے مشدد کے ساتھ نسبت کا صیغہ ہے. امی سے مراد وہ شخص ہے جو نہ لکھتا ہو اور نہ لکھی ہوئی چیز پڑھ سکتا ہو گویا کتابت کی نسبت کے لحاظ سے وہ نومولود ہے ام کی طرف نسبت کی گئی کیونکہ وہ ماں کی مثل ہوتا ہے کیونکہ عورتوں کی اکثریت ان پڑھ ہوتی ہیں، بعض نے فرمایا یہ ام القری کی طرف منسوب ہے، بعض نے کہا یہ اس امت کی طرف نسبت ہے جن میں سے اکثر نہ لکھنا جانتے تھے نہ پڑھنا یعنی عرب بعض نے فرمایا اس امت کی طرف نسبت ہے جس کے معاملہ کا بہت زیادہ اہتمام کیا گیا۔ بعض نے فرمایا ام الکتاب کی طرف نسبت ہے یا تو اس اعتبار سے کہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کی گئی یا اس لئے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس کے ذریعے تصدیق کی گئی اور تصدیق کی طرف دعوت دی گئی بعض نے فرمایا اس امت کی طرف منسوب ہے جس کا مطلب القامہ والخلقہ ہے بعض نے فرمایا اس امت کی طرف منسوب ہے جو اشیاء کو جاننے سے پہلے اپنے گمان پر قائم تھی۔ ہر صورت میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا نہ لکھنا ایک معجزہ ہے کیونکہ امی ہونے کے باوجود علوم باہرہ سے نوازا گیا تھا اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ اور قرآن کریم میں یہ بھی ہے۔ اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ ۔ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا۔

## حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات میں سے پہلی خوش بخت زوجہ حضرت خدیجہ بنت خویلد بن اسد بن عبدالعزی بن قصی بن کلاب ہیں ان کی کنیت ام ہند تھی جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے عقد نکاح فرمایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک ۲۵ سال اور حضرت خدیجہ کی عمر ۴۰ سال تھی۔ جب اللہ تعالیٰ نے آپ صلی

اللہ علیہ وسلم کو رسالت کی عظمت کا شرف بخشا تو آپ کی یہ خوش نصیب زوجہ محترمہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لے آئیں اور ہر مشکل میں مدد فرمائی۔ یہ زوجہ محترمہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سچا اور مخلص وزیر تھیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سوائے حضرت ابراہیم کے تمام اولاد ان کے بطن مبارک سے ہوئی، حضرت ابراہیم حضرت ماریہ کے بطن سے تھے حضرت خدیجہ کا صحیح روایت کے مطابق ہجرت سے تین سال قبل انتقال ہوا۔

پھر حضرت سودہ بنت زمعہ بن قیس بن عبد شمس بن عبدود بن نصر بن مالک بن حسل بن عامر بن لوی سے حضرت خدیجہ کے انتقال کے چند دن بعد نکاح فرمایا اور انہیں چار سو درہم مہر دیا۔ یہ القطب الحلبی نے شرح السیرہ میں ذکر کیا ہے اور اسی طرح کا قول یعنی چار سو درہم مہر، الدمیاطی کا بھی ہے یہ امیر المومنین حضرت عمر کی خلافت میں وصال فرمائیں۔

پھر حضرت عائشہ بنت خلیفہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابی بکر عبداللہ الصدیق بن ابی قحافہ عثمان بن عامر بن عمر بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ بن کعب بن لوی سے عقد فرمایا ان کے علاوہ کسی باکرہ عورت سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے شادی نہیں فرمائی تھی، ہجرت کے آٹھویں ماہ شوال میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ساتھ ازدواجی تعلقات قائم فرمائے جبکہ ان کی عمر ۹ سال تھی بعض نے کہا ہے کہ ان کا بچہ ساقط ہو گیا تھا۔ رمضان ۵۸ ہجری کو ان کی وفات ہوئی۔

ان کے بعد حفصہ بنت امیر المومنین ابی حفص عمر بن الخطاب بن نفیل بن عبد العزی بن رباح بن عبداللہ بن قرط بن رزاح بن عدی بن کعب بن لوی سے ہجرت کے ۳۰ ماہ بعد شعبان میں نکاح فرمایا۔ ایک روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو طلاق دی تھی پھر اللہ تعالیٰ نے رجوع کرنے کا حکم فرمایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رجوع فرمالیا۔ یہ ۴۵ ہجری شعبان میں فوت ہوئیں۔

پھر زینب بنت خزیمہ بن الحارث بن عبداللہ بن عمرو بن عبد مناف بن ہلال بن عامر بن صعصعہ بن معاویہ الہلالیہ سے نکاح فرمایا ان کی کنیت ام المساکین تھی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ہجرت کے تیسرے سال رمضان المبارک میں ان سے شادی فرمائی تھی یہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے عقد میں صرف آٹھ ماہ رہیں اور ربیع الآخر کے آخر میں

وفات پا گئیں پھر ام سلمہ ہند بنت ابی امیہ بن المغیرہ بن عبداللہ بن عمرو بن مخزوم ابن یقظہ بن مرہ بن کعب بن لوئی بن غالب بن فہر سے عقدہ نکاح فرمایا جبکہ شوال ۲ ہجری کی چند راتیں باقی تھیں ان کا وصال ۶۲ ہجری کو ہوا۔

پھر زینب بنت جحش بن ریاب بن یعمر بن صبرہ بن مرہ بن کبیر بن غنم بن دودان بن اسد بن خزیمہ سے حضرت زینب کا اصل نام برہ تھا مگر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان کا نام زینب رکھا تھا ہجرت کے چھٹے سال حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان سے نکاح فرمایا تھا ۵۶ ہجری کو وصال فرما گئیں۔

پھر ریحانہ بنت شمعون بن زید من بنی نضیر اخوۃ قریظہ، یہ بنی قریظہ کی فتح کے دن قیدیوں میں آئی تھیں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے انہیں آزاد کر دیا تھا ۱۲ اوقیہ اور بیس درہم مہر کے ساتھ نکاح فرمایا جیسے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دوسری عورتوں کو مہر دیا کرتے تھے ہجرت کے چھٹے سال محرم میں ان سے ازدواجی زندگی کا آغاز کیا وہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وصال سے پہلے وصال فرما گئیں تھیں۔ بعض نے فرمایا ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان سے نکاح نہیں فرمایا تھا بلکہ ملک یمین کی وجہ سے وطی فرماتے تھے لیکن پہلا قول اثبت ہے جیسا کہ حفاظ حدیث کی ایک پوری جماعت نے پہلے قول کو ترجیح دی ہے پھر ام حبیبہ سے ۷ ہجری میں نکاح فرمایا اس کا نام رملہ بنت ابی سفیان صخر بن حرب بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف بن قصی القرشیہ الاموریہ تھا ان کا تعلق حبشہ کی زمین سے تھا النجاشی نے چار سو دینار مہر بھیجا، مدینہ طیبہ میں ۴۰ ہجری کے بعد وفات پائی۔

ان کے بعد صفیہ بنت حی بن اخطب بن شعبہ بن ثعلبہ بن عبید بن کعب بن الخزرج بن ابی حبیب بن النضیر بن النحام بن تخوم من بنی اسرائیل ولد ہارون بن عمران اخی موسیٰ سے ۲ ہجری میں نکاح فرمایا بروایات مختلفہ ۵۰۔ ۵۲ ہجری کو وفات پائی۔

ان کے بعد میمونہ بنت الحارث الہلالیہ سے موضع سرف سے نکاح فرمایا ان کی وفات ۵۱ ہجری میں ہوئی۔ یہ تمام ازواج مطہرات جن کے ساتھ آقائے دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مصاحبت فرمائی کل بارہ ہیں۔

الحافظ ابو محمد المقدسی اور دوسرے کئی حضرات نے کہا ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ

علیہ وسلم نے سات اور خوش بخت بیویوں سے بھی عقد نکاح فرمایا مگر انہیں مصاحبت کا شرف نہ مل سکا۔

ازواج مطہرات پر ان کے احترام اور تحریم کی وجہ سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تبع میں صلاۃ پڑھی جائے گی دنیا و آخرت میں یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم وعلی ازواجہ وذریتہ وسلم تسلیما، کی ازواج ہیں۔

زوج کی جمع ازواج ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد میں ہے یآدم اسکن انت وزوجک الجنتہ واللہ اعلم۔

ابو بکر بن ابی عاصم فرماتے ہیں جو احادیث مجھے معلوم ہیں ان میں سے صرف ابی حمید کی حدیث میں آپ کی ازواج مطہرات اور ذریت کا تذکرہ ہے، مصنف فرماتے ہیں یہ دونوں لفظ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں بھی ہے۔ انہوں نے واہل بیتہ کا لفظ بھی زیادہ ذکر فرمایا ہے۔ ابو موسیٰ المدینی نے بھی یہی لکھا ہے اور اسی طرح حضرت حسن کے گذشتہ اثر میں بھی ہے واللہ اعلم۔

## ذریت کی تحقیق

ذریت بضم ذال معجمہ اور بکسر ذال دونوں لغتیں ہیں جنہیں صاحب محکم نے ذکر فرمایا ہے لیکن اول لغت افصح واشہر ہے صحاح میں فرمایا کہ اس سے مراد جن وانس کی اولاد ہے اور مشارق میں مطلق نسل ہے۔ لیکن کبھی کبھی اس کا اطلاق عورتوں اور بچوں پر ہوتا ہے زراری المشرکین یعنی مشرکین کی عورتیں اور بچے، اسی سے مشتق ہے منذری نے لکھا ہے کہ انسان کی نسل مذکر و مونث دونوں کو یہ لفظ شامل۔ صحاح میں ہے یہ ذرا اللہ الخلق سے مشتق ہے جس کا معنی ہے خلقہم (اللہ نے ان کو پیدا فرمایا) لیکن عربوں نے اس کے ہمزہ کو ترک کر دیا ہے محکم میں ہے اس لفظ کو مہموز ہونا چاہئے تھا مگر کثرت استعمال کی وجہ سے ہمزہ ساقط ہو گیا۔ نمایہ میں ہے کہ الذرء خلق الذریہ کے ساتھ مختص ہے۔ المشارق میں فرمایا الذریہ کا اصل ہمزہ کے ساتھ الذرء سے مشتق ہے جس کا معنی خلق ہے یعنی تخلیق

کرتا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ان کی تخلیق فرمائی ہے ابن درید نے کہا ذرا اللہ اخلق ذرا یہ ان الفاظ میں سے ہے جن کا ہمزہ عربوں نے ترک کر دیا تھا۔ الذبیدی نے کہا ہے کہ یہ ذر سے مشتق ہے جس کا معنی ہے فرق جدا جدا ہونا۔ ان کے علاوہ علماء نے اس کا اصل الذر لکھا ہے۔ جس کا معنی چھوٹی چیونٹی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ابتداء انہیں چیونٹیوں کی شکل میں پیدا فرمایا تھا۔ آخری دو صورتوں میں ہمزہ کی کوئی اصل نہیں بن پڑتی۔

جب یہ امر ثابت ہو گیا کہ ذریت سے مراد اولاد اور اولاد کی اولاد ہے۔ کیا اس میں لڑکیوں کی اولاد بھی داخل ہوتی ہے یا نہیں۔ امام شافعی، امام مالک اور امام احمد کی ایک روایت کے مطابق مذہب یہ ہے کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی اولاد کا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذریت میں داخل ہونے پر مسلمانوں کا اجماع ہے۔ جن کے لئے صلاۃ عن اللہ مطلوب ہے ابن الحاجب نے مالکیوں سے بیٹیوں کی اولاد کے داخل ہونے پر اتفاق حکایت کیا ہے فرمایا عیسیٰ علیہ السلام ابراہیم علیہ السلام کی ذریت سے تھے۔ اتفاق کے نقل کرنے میں شراح سے تسامح ہوا ہے امام ابو حنیفہ کا مذہب اور امام احمد کی ایک روایت یہ ہے کہ لڑکیوں کی اولاد ذریت میں داخل نہیں مگر اصل عظیم اور والد کریم جس کے مرتبہ کو کوئی بھی نہیں پہنچ سکتا کے شرف کی وجہ سے اولاد فاطمہ کی استثناء فرماتے ہیں صلی اللہ علیہ وسلم۔

## آٹھویں فصل لفظ آل کی تحقیق کے باب میں

آل کے متعلق بھی علماء کا اختلاف ہے۔ بعض فرماتے ہیں اس کی اصل اہل ہے ہا کو ہمزہ سے بدل دیا گیا پھر اس کا پڑھنا آسان ہو گیا۔ دلیل یہ ہے کہ جب تصغیر بنائی جاتی ہے، تو وہ اصل کا پتہ دیتی ہے اور اس کی تصغیر علماء اہیل بنا دیتے ہیں بعض نے فرمایا اس کی اصل اول ہے جو آل یوول سے مشتق ہے جس کا معنی لوٹنا ہے پس ہر وہ ذات جو کسی کی طرف رجوع کرتی ہے منسوب ہوتی اور اسے تقویت دیتی ہے وہ اس کی آل کہلاتی ہے۔ یہ لفظ ہمیشہ اہل شرف اور عظیم لوگوں کیلئے استعمال ہوتا ہے جیسے حاملین قرآن کو آل اللہ کہا جاتا ہے اسی طرح آل محمد آل مومنین اور آل صالحین، آل قاضی استعمال ہوتا ہے، آل

حجام، آل خیاط نہیں بولا جاتا۔ بخلاف اہل کے کیونکہ یہ ہر ایک کیلئے استعمال ہوتا ہے آل کا لفظ اسی طرح غیر عاقل اور ضمیر کی طرف بھی اکثر علماء کے نزدیک مضاف نہیں ہوتا۔ بعض علماء نے بہت قلیل طور پر اس کے جواز کا قول فرمایا ہے حضرت عبدالمطلب کے شعر میں اس کا ثبوت ملتا ہے جو ان کے ان ابیات میں سے ہے جو اصحاب الفیل کے قصہ کے وقت تحریر کئے تھے۔

"وَانْصُرْ عَلٰی آلِ الصَّلِیْبِ وَعَابِدِیْہِ الْیَوْمَ آلَکَ"

آل کے لفظ کا اطلاق اپنی ذات پر بھی ہوتا ہے اور ہر اس شخص پر بھی بولا جاتا ہے جو اس کی طرف منسوب ہوتا ہے، اس کا ضابطہ یہ ہے کہ جب فعل آل فلاں کہا جاتا ہے تو وہ جس کی آل ہیں وہ بھی اس میں شامل ہوتا ہے۔ ہاں اگر کوئی قرینہ پایا جائے یا کوئی شواہد ایسے پائے جائیں جن کی وجہ سے وہ شامل نہ ہو تو ہو سکتا ہے جیسے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے جو آپ نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کو فرمایا اِنَّا آلُ مُحَمَّدٍ لَا تَحِلُّ لَنَا الصَّدَقَۃُ ہم آل محمد ہیں ہمارے لئے فرضی صدقہ حلال نہیں ہے۔ اگر فلاں اور آل فلاں کا اکٹھا ذکر ہو تو پھر وہ فلاں آل میں شامل نہ ہوگا۔ یہ ایسا ہے جیسے فقیر و مسکین، اسی طرح ایمان، اسلام الفسوق اور العصیان ہے۔

آل محمد سے کون مراد ہیں، اس کے متعلق بھی علماء کرام کا اختلاف مروی ہے ارجح قول یہ ہے کہ اس سے مراد وہ نفوس قدسیہ ہیں جن پر صدقہ حرام ہے، اس پر امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے نص قائم کی ہے، جمہور علماء نے بھی اسی قول کو پسند فرمایا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا حضرت حسن سے خطاب جو حضرت ابوہریرہ سے مرویؓ ہے وہ بھی اس کی تائید کرتا ہے اِنَّا آلُ مُحَمَّدٍ لَا تَحِلُّ لَنَا الصَّدَقَۃُ حدیث مرفوع کے درمیان یہ بھی ارشاد فرمایا "اِنَّ ہٰذِہِ الصَّدَقَۃَ اِنَّمَا ہِیَ اَوْسَاخُ النَّاسِ وَاِنَّہَا لَا تَحِلُّ لِمُحَمَّدٍ وَلَا لِاٰلِ مُحَمَّدٍ" یہ صدقہ فرضیہ لوگوں کی میل کچیل ہے۔ یہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے حلال نہیں ہے۔

حضرت امام احمد فرماتے ہیں حدیث تشہد میں آل محمد سے مراد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اہل بیت ہیں۔ اسی بنا پر اختلاف ہے کہ کیا آل کی جگہ اہل کا لفظ استعمال کرنا جائز ہے یا نہیں۔ اس میں علماء سے دو روایتیں ملتی ہیں بعض نے فرمایا آل محمد سے مراد آپ صلی اللہ

علیہ وسلم کی ازواج مطہرات اور ذریت ہے۔ کیونکہ اکثر طرق حدیث میں و آل محمد کے الفاظ آئے ہیں اور ابی حمید کی حدیث میں اسی جگہ و ازدواجہ و ذریتہ کے الفاظ ہیں پس یہ الفاظ اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ یہاں آل سے مراد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات اور ذریت ہے، اس پر اعتراض یہ کہا گیا ہے کہ حدیث پاک میں تو تینوں چیزوں کا جمع ہونا بھی ثابت ہے جسے حضرت ابوہریرہ کی گزشتہ حدیث میں گذر چکا ہے پس اس کو اس بات پر محمول کیا جائے گا کہ بعض حفاظ نے وہ الفاظ یاد رکھے جو دوسروں نے یاد نہیں رکھے تشہد میں آل سے مراد ازواج مطہرات اور وہ نفوس قدسیہ ہیں جن پر صدقہ حرام ہے ان میں ذریت بھی داخل ہے۔ اس طرح تمام احادیث کی تطبیق ہو جائے گی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات پر حدیث عائشہ مَا شَبِعَ آلُ مُحَمَّدٍ مِنْ خُبْزٍ مَأْدُوْمٍ ثلاثا میں اور حدیث ابوہریرہ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ رِزْقَ آلِ مُحَمَّدٍ قُوْتًا میں آل کا اطلاق ہوا ہے اور ازواج مطہرات کا علیحدہ ذکر ان کی عظمت شان کیلئے ہے جیسے الذریت کا علیحدہ ذکر فرمایا گیا ہے۔

عبدالرزاق نے اپنی جامع میں ثوری سے روایت فرمایا ہے کہ میں نے ان کو سنا کہ ایک شخص نے ان سے اللھم صل علی محمد و علی آل محمد کے قول میں آل محمد کی مراد پوچھی تو انہوں نے فرمایا اس کے متعلق علماء کا اختلاف ہے، کچھ حضرات آل محمد سے مراد اہل بیت لیتے ہیں کچھ علماء آل سے مراد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیرو کار مانتے ہیں بعض نے فرمایا آل سے خاص اولاد فاطمہ رضی اللہ عنہا مراد ہے امام نووی نے شرح المہذب میں یہ قول نقل کیا ہے بعض نے فرمایا آل سے مراد تمام قریش ہیں ابن الرفیعہ نے الکفایہ میں یہ قول حکایت فرمایا ہے، بعض کے نزدیک آل سے مراد ساری امت اجابت ہے ابوالطیب الطبری نے بعض شوافع سے یہی قول حکایت کیا ہے شرح مسلم میں امام نووی نے اسی قول کو ترجیح دی ہے۔ القاضی حسین اور الراغب نے امت اجابت سے اتقیاء کو مقید کیا ہے جنہوں نے تمام امت اجابت مطلق ذکر کی ہے ان کا کلام بھی اسی پر محمول ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے اِنْ اَوْلِیَآءُہٗٓ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ۔ یہ قول بھی متقین کی تقیید کے قول کی تائید کرتا ہے۔

ابوالعیناء کی نوادر میں ہے کہ اس نے ایک ہاشمی شخص کی تحقیر کی تو اس نے کہا تو میری تحقیر

کرتا ہے حالانکہ ہر نماز میں مجھ پر اللہم صل علی محمد و علی آل محمد پڑھ کر مجھ پر درود پڑھتا ہے فرماتے ہیں میں نے کہا میری اہل سے مراد پاک اور نیک آل ہوتے ہیں تو ان میں سے نہیں ہے۔ مصنف فرماتے ہیں الخطیب نے حکایت کی ہے کہ یحیٰی بن معاذ ایک علوی کی زیارت اور اسلام عرض کرنے کیلئے بلخ یاری میں حاضر ہوئے تو علوی نے یحیٰی بن معاذ سے پوچھا تم ہم اہل بیت کے متعلق کیا کہتے ہو اس نے کہا وحی کے پانی سے گوندھی ہوئی مٹی کے بارے کیا کہوں۔ جس میں نبوت کا درخت لگایا گیا اور رسالت کے پانی سے سیراب کیا گیا۔ ایسے بابرکت درخت سے ہدایت کی خوشبو کے سوا کیا مہکے گا المتقی نے الفاظ تبدیل کئے ہیں علوی نے یحیٰی سے کہا اگر تم ہماری زیارت کرو تو بھی تمہیں فضیلت ملے گی اور اگر ہم تمہاری زیارت کریں تب بھی تمہیں فضیلت ملے گی۔ زائر و مزور ہر لحاظ سے تمہیں فضیلت ہوگی ہمارے شیخ فرماتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ جنہوں نے آل محمد سے مراد مطلق امت اجابت لی ہے ان کا کلام اس بات پر محمول ہو کہ صلاۃ سے مراد رحمۃ مطلقہ ہے پس اتقیاء کی قید کی ضرورت ہی نہیں ہے انہوں نے حضرت انس کی مرفوع حدیث ال محمد کل تقی سے استدلال کیا ہے اس حدیث کو الطبرانی نے نقل کیا ہے مگر اس کی سند انتہائی کمزور ہے۔

امام بیہقی نے بھی اسی طرح حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے ضعیف سند کے ساتھ ایک ارشاد گرامی نقل کیا ہے۔

## حضرت ابراہیم کا شجرہ نسب

حضرت ابراہیم بن آزر جس کا نام تارح بن ناحور بن شاہ روغ بن فالغ بن عیبر انہیں عابر بھی کہا جاتا۔ بن شالخ بن ارفشخد بن سام بن نوح بعض اسماء کے تلفظ میں اختلاف ہے مگر اس نسب نامہ میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔

آل سے مراد حضرت اسماعیل اور حضرت اسحٰق علیہما السلام اور جو ان کی اولاد ہیں، وہ مراد ہیں جیسا کہ ایک جماعت نے اس پر پختہ قول کیا ہے اگر یہ ثابت ہو جائے کہ حضرت ابراہیم الصلوٰۃ والسلام کی اولاد حضرت سارہ اور ہاجر کے علاوہ کسی بطن سے بھی تھی تو وہ بھی یقیناً آل ابراہیم میں شامل ہوں گے پھر مراد مسلمان بلکہ متقی ہوں گے ان میں تمام انبیاء

صدیقین، شہداء اور نیک صالح لوگ شامل ہیں ان کے علاوہ نہیں۔

آل پر درود پڑھنے کے وجوب کے بارے میں اختلاف ہے۔ شوافع اور حنابلہ کے نزدیک درود کی تعیین میں دو روایتیں ہیں ان کے ہاں مشہور یہ ہے کہ آل پر صلوٰۃ پڑھنی واجب نہیں ہے جمہور علماء کا قول بھی یہی ہے، ان میں سے اکثر علماء نے اس بات پر اجماع کا دعویٰ کیا ہے اور اکثر شوافع جنہوں نے وجوب کو ثابت کیا ہے انہوں نے وجوب کے ثبوت کو الترنجی کی طرف منسوب کیا ہے شرح المہذب والوسیط میں ابن صلاح کی پیروی میں لکھا ہے کہ آخری تشہد میں آل پر صلاۃ کے وجوب کا قائل الترنجی ہے اور ان سے پہلے اجماع کا قول مردود ہے کیونکہ آل پر صلاۃ کے وجوب کا قائل الترنجی ہے۔ اور ان سے پہلے اجماع کا قول مردود ہے کیونکہ آل پر صلاۃ واجب نہیں ہے۔ لیکن امام البیہقی نے الشعب میں ابو اسحٰق المروزی، جو کبار شوافع میں سے ہے سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں میرا اعتقاد یہ ہے کہ آخری تشہد میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر درود پڑھنا واجب ہے۔ امام البیہقی نے فرمایا ہے کہ وہ احادیث جن میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر صلاۃ کی کیفیت ثابت ہے وہ بھی اسی قول یعنی اسحٰق المروزی کے قول کی تصحیح پر دلالت کرتی ہیں۔ ہمارے شیخ فرماتے ہیں طحاوی کا قول اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ حرملہ نے یہی قول امام شافعی سے روایت کیا ہے میں (مصنف) کہتا ہوں المجد الشیرازی نے محمد بن یوسف الشافعی سے یہ اشعار روایت کئے ہیں۔

يَا اَهْلَ بَيْتِ رَسُوْلِ اللهِ حُبُّكُمْ ۔۔۔ فَرْضٌ مِنَ اللهِ فِي الْقُرْاٰنِ اَنْزَلَهُ
كَفَاكُمْ عَنْ عَظِيْمِ الْقَدْرِ اِنَّكُمْ ۔۔۔ مَنْ لَمْ يُصَلِّ عَلَيْكُمْ لَا صَلَاةَ لَهُ

ترجمہ:۔ اے رسول اللہ کے اہل بیت اللہ تعالیٰ نے قرآن میں تمہاری محبت کو فرض قرار دیا ہے جو قرآن خود اس نے نازل فرمایا ہے۔ ۲۔ تمہاری قدر و منزلت تمہارے لئے یہی کافی ہے کہ جو تم پر درود نہیں پڑھتا اس کی نماز ہی نہیں ہوتی۔

تشہد اول میں آل پر درود پڑھنا، آخری تشہد میں آل پر درود پڑھنے پر موقوف ہے اگر واجب نہ ہوتا تو ہم بھی پسند نہ کرتے یہی قول اصح ہے۔ علامہ الزرکشی نے یوں ان کا تعاقب کیا ہے الصلاۃ علی الآل میں جو کچھ انہوں نے ذکر کیا ہے کہ وہ مستحب نہیں ہے تنقیح

میں اس پر اشکال ظاہر کیا ہے فرماتے ہیں یَنْبَغِیْ اَنْ یُّبَتَّا جمیعًا ولا یُبَتّا جمیعًا۔
احادیث تو ان کے جمع ہونے کی صراحت کرتی ہیں ان کے ہوتے ہوئے کوئی فرق ظاہر نہیں ہوتا اور ان کا قول ظاہر ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود کے وجوب میں بھی اختلاف ہے البیان میں صاحب الفروع سے اس کے متعلق دو وجہوں کی حکایت ہے، اس میں اسی طرح کا اختلاف ہے جیسے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کے متعلق تھا مقدمہ میں اس کی طرف اشارہ ہو چکا ہے۔

تنبیہ:۔ اگر معترض یہ کہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل پر درود پڑھنے کے وجوب میں کیوں فرق کرتے ہو حالانکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور آل کا درود میں عطف معطوف کا تعلق ہے جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد قولوا کذا اس کے وجوب کی دلیل بھی ہے تو پھر تم کیوں فرق کرتے ہو کہ نصف حصہ پر وجوب کا قول کرتے ہو جبکہ دوسرے نصف کیلئے وجوب کو تسلیم نہیں کرتے۔ اس کا جواب دو اعتبار سے دیا گیا ہے۔

(۱) وجوب میں معتمد بات اللہ تعالیٰ کا فرمان یا ایہا الذین امنوا صلوا علیہ وسلموا تسلیما ہے مگر اس میں آل نبی پر درود پڑھنے کا کوئی حکم نہیں ہے مگر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے جب کیفیت صلوۃ کے متعلق سوال کیا گیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ساتھ آل کا تذکرہ فرمایا اس میں آقا دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو واجب کی مقدار بتائی پھر واجب کو رتبہ کمال تک پہنچانے کیلئے اضافہ بھی فرمایا حالانکہ انہوں نے سوال صرف آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کے متعلق پوچھا تھا۔

امر کو حقیقت اور مجاز پر محمول کرنے کے جواز میں اختلاف کا مبنیٰ یہی ہے اور اس کا جواز ہی صحیح ہے۔ کبھی کبھی کسی مصلحت کے پیش نظر کئے گئے سوال سے زیادہ جواب دیا جاتا ہے۔ ایسا جواب اکثر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اقوال میں ملتا ہے جیسے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے جب سمندر کے پانی کی طہارت کے متعلق دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا هُوَ الطَّهُوْرُ مَاءُهُ وَالْحِلُّ مَيْتَتُهُ اس کا پانی پاک ہے اور اس کا مردہ حلال ہے حالانکہ سوال میں میتۃ البحر کا ذکر نہیں ہے۔

دوسرا جواب یہ دیا گیا ہے کہ سائل کے جواب میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ارشاد

میں زیادتی اور کمی وارد ہے پس جس بات پر تمام روایات متفق ہیں اس کو وجوب پر محمول کیا جائے گا اگر پوری صلاۃ واجب ہوتی تو بعض اوقات میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم بعض افراد پر اکتفانہ فرماتے اور بعض طرق صحیحہ میں آل پر صلاۃ کے سقوط پر اکتفانہ ہوتا۔ اور یہی چیز صحیح بخاری میں ابو سعیدؓ کی حدیث سے ثابت ہے لیکن آپ نے برکت کو ثابت فرمایا ہے حالانکہ صحابہ کرام نے برکت کے متعلق سوال نہیں کیا تھا اور نہ اس کے متعلق حکم ہے اور ابو حمید کی حدیث جو متفق علیہ ہے اس میں بھی آل پر صلاۃ کا ذکر نہیں ہے اور نہ اس میں برکت کا ذکر ہے بلکہ فرمایا علی ازواجہ وذریتہ آل اور ذریت کے درمیان عموم خصوص کی نسبت ہے۔

اگر یہ سوال کیا جائے کہ تم نے کیفیت صلاۃ میں وجوب کی حالت میں لفظ اللھم صل علی محمد پر کیوں اکتفا کیا۔ تشبیہ میں بقیہ کلام کا وجوب کیوں نہیں کیا۔ توہم جواباً کہیں گے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بعض سائلوں کے جواب میں تشبیہ کو ساقط فرمایا ہے جیسا کہ زید بن خارجہ کی حدیث میں گذر چکا ہے وہ بھی عدم وجوب پر دلالت کرتی ہے۔

## نویں فصل

## تشبیہ صلاۃ میں حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو کیوں خاص کیا گیا۔

اس فصل میں دواہم سوال ہیں۔ ا۔ پہلا یہ کہ تشبیہ صلاۃ میں باقی انبیاء کرام صلوات اللہ علیہم کے علاوہ حضرات ابراہیم علیہ السلام کو کیوں مخصوص کیا گیا ہے، اس کا جواب کئی طرح سے دیا گیا ہے یا تو حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اکرام کی وجہ سے یا ابراہیم علیہ السلام نے امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے رب اغفرلی ولوالدی وللمومنین یوم یقوم الحساب کے الفاظ کے ساتھ دعا فرمائی تھی اس کے بدلے میں انہیں تشبیہ صلوۃ کیلئے مخصوص کیا گیا ہے یا باقی انبیاء وکرام کی صلوٰۃ میں شرکت نہ ہونے اور حضرت ابراہیم اور حضرت محمد صلی اللہ علیہما وسلم کے صلاۃ کے ساتھ خاص ہونے کی وجہ سے ہے یا تو اس لئے تشبیہ میں مخصوص ہیں کہ ابراہیم خلیل ہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم حبیب ہیں۔ یا اس لئے کہ

ابراہیم علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے ارشاد وَاَذِّنْ فِی النَّاسِ بِالْحَجِّ یَاْتُوْکَ رِجَالًا وَعَلٰی کُلِّ ضَامِرٍ کی حیثیت سے منادی الشریعت ہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے ارشاد رَبَّنَا اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِیًا یُّنَادِیْ لِلْاِیْمَانِ کی وجہ سے منادی الدین ہیں۔ یا اس لئے حضرت ابراہیم کو تشبیہ صلوٰۃ میں مخصوص کیا گیا ہے کہ جب حضرت ابراہیم نے خواب میں جنت کو دیکھا اور اس کے درختوں پر لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ لکھا ہوا پایا تو جبریل علیہ السلام سے اس کے متعلق پوچھا جبریل امین نے حضور علیہ والسلام کی عظمت شان کے متعلق بتایا تو حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اللہ تعالیٰ سے بایں الفاظ سوال کیا یَارَبِّ اَجْرِ ذِکْرِیْ عَلٰی لِسَانِ اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ اے اللہ امت محمدیہ کی زبان پر میرا ذکر جاری فرما۔ یا اس لئے کہ آپ نے وَاجْعَلْ لِّیْ لِسَانَ صِدْقٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ کے الفاظ میں دعا مانگی تھی۔ یا اس لئے کہ آپ بقیہ انبیاء کرام سے افضل ہیں یا اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے ارشاد مِلَّۃَ اَبِیْکُمْ اِبْرَاہِیْمَ میں مومنین کے باپ کا لقب دیا ہے یا اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت ابراہیم کی اتباع کا حکم فرمایا خصوصاً ارکان حج میں اتباع کا حکم فرمایا ہے یا اس لئے کہ جب حضرت ابراہیم نے بیت اللہ بنایا تو ان الفاظ میں دعا کی مَنْ حَجَّ ہٰذَا الْبَیْتَ مِنْ شُیُوْخِ اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ فَہَبْہُ مِنِّیْ وَمِنْ اَہْلِ بَیْتِیْ۔

پھر حضرت اسماعیل نے ادھیڑ عمر والوں کیلئے دعا فرمائی حضرت اسحٰق نے نوجوانوں کیلئے اور حضرت سارہ نے آزاد عورتوں کیلئے پھر حضرت ہاجرہ نے غلام عورتوں کیلئے دعا فرمائی تھی اس لئے آپ کو اور آپ کے اہل بیت کو اس ذکر کے ساتھ مخصوص کیا گیا ہے۔ ان جوابات میں سے اکثر وہ ہیں جو نقل کی صحت کے محتاج ہیں۔ واللہ الموفق۔

**دوسرا سوال و جواب:** ہمارے شیخ فرماتے ہیں کہ درود پاک میں تشبیہ کے قاعدہ کے مطابق ایک سوال ابھرتا ہے کہ تشبیہ میں ہمیشہ مشبہ مشبہ بہ سے کم مرتبہ ہوتا ہے۔ لیکن یہاں معاملہ برعکس ہے کیونکہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس حضرت ابراہیم اور آل ابراہیم سے افضل ہے خصوصاً جبکہ آل محمد کو بھی آپ کی طرف منسوب کیا گیا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے صلاۃ مطلوبہ ہر اس صلاۃ سے افضل ہے جو پڑھی جا چکی ہے، یا کسی غیر کیلئے پڑھی جاتی ہے یا پڑھی جائے گی (تو یہ تشبیہ کیسے ہو سکتی ہے) اس

سوال کے کئی جوابات دیئے گئے ہیں۔
۱۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اس طرح کا درود سکھانا اس علم سے پہلے تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابراہیم علیہ السلام سے افضل ہیں۔ مسلم شریف میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ ایک آدمی نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو یوں پکارا یا خیر البریہ تو آپ نے فرمایا یہ شان تو حضرت ابراہیم کی ہے۔ ابن عربی نے بھی اس قول کی طرف اشارہ کیا ہے اسی کی تائید میں ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت ابراہیم کے مرتبہ کے برابر مرتبہ کا سوال کیا اور امت کو بھی یہی سوال کرنے کا حکم دیا۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے بغیر سوال کے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت ابراہیم علیہ السلام پر فضیلت عطا فرمادی تھی اس قول پر یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ اگر ایسا ہوتا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنی افضلیت کا پتہ ملنے پر صفت صلاۃ کو تبدیل فرمادیتے۔
دوسرا جواب۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ تواضعاً فرمایا اور امت کیلئے اس کو مشروع فرمایا تاکہ اس کی فضیلت حاصل کریں۔
تیسرا جواب:۔ تشبیہ اصل صلوٰۃ کو اصل صلاۃ سے ہے نہ کہ قدر کو قدر کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے اِنَّا اَوْحَیْنَا اِلَیْکَ کَمَا اَوْحَیْنَا اِلٰی نُوْحٍ، اسی طرح ارشاد فرمایا "کتب علیکم الصیام کما کتب علی الذین من قبلکم" اس فرمان میں مختار و مراد اصل صیام ہے اسی طرح کسی کا قول کہ اَحْسِنْ اِلٰی وَلَدِکَ کَمَا اَحْسَنْتَ اِلٰی فُلَانٍ اس میں اصل احسان مراد ہے نہ کہ قدر احسان۔ ایسا ہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے اَحْسِنْ کَمَا اَحْسَنَ اللّٰہُ اِلَیْکَ اسی جواب کو القرطبی نے المفہم میں ترجیح دی ہے۔ صحابہ کرام کے قول کما صلیت علی ابراہیم و علی آل ابراہیم کا معنی یہ ہے کہ الٰہی تیری جناب سے ہم سوال کرتے ہیں کہ جو تو نے ابراہیم اور آل ابراہیم پر صلوٰۃ بھیجی ہے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر بدرجہ اولی بھیج۔ جس چیز کا ثبوت فاضل کیلئے ہوتا ہے اس کا افضل کیلئے بدرجہ اولی اور اکمل ہوتا ہے۔ اس جواب کا حاصل یہ ہے کہ یہاں تشبیہ اکمل کے ساتھ کامل کا الحاق کرنے کیلئے نہیں ہے بلکہ امت محمدیہ کو درود پاک کے پڑھنے پر برانگیختہ کرنے کیلئے یا اس جیسے اور مفہوم کیلئے ہے یا معروف چیز کے ساتھ غیر معروف چیز کی حالت بیان کرنے کیلئے ہے

کیونکہ وہ چیز جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو حاصل ہے وہ پہلے ہی اکمل واقویٰ ہے۔
چوتھا جواب یہ دیا گیا ہے کہ کما صلیت الخ میں کاف تعلیل کیلئے ہے جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کَمَا اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ میں کاف تعلیل کیلئے ہے دوسرا ارشاد وَاذْكُرُوْهُ كَمَا هَدٰىكُمْ ہے، اس میں بھی کاف تعلیل کیلئے ہے بعض علماء کا کہنا ہے کہ کاف تشبیہ کیلئے ہے پھر مطلوب کی خصوصیت پر آگاہ کرنے کیلئے اسی معنی سے معدول کیا گیا ہے۔
پانچواں جواب یہ دیا گیا ہے کہ تشبیہ کا مقصد یہاں یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی مقام خلت عطا فرمائے جیسے ابراہیم کو اپنا خلیل بنایا تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی لسان صدق کا مرتبہ عطا فرمائے جیسے ابراہیم کو محبت کی وجہ سے عطا فرمایا تھا۔ یہ چیز بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل تھی کیونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے خود فرمایا تھا وَلٰكِنَّ صَاحِبَكُمْ خَلِيْلُ اللّٰهِ۔ اس جواب پر بھی وہ اعتراض وارد ہوتا ہے جو پہلے جواب پر ہوا تھا۔
میں (مصنف) کہتا ہوں اس کا مطلب وہی ہے جو القرافی نے اپنے قواعد میں دیا ہے جسے میں عنقریب ذکر کروں گا، مفہوم کو قریب کرنے کیلئے انہوں نے دو آدمیوں کی مثال دی ہے کہ ایک آدمی ہزار کا مالک ہے اور دوسرا دو ہزار کا مالک ہے دو ہزار والا شخص سوال کرتا ہے کہ اس کو بھی ایک ہزار اور ملے جیسا پہلے کو عطا کیا گیا ہے تو اس طرح دوسرے شخص کے پاس پہلے کی نسبت تین گنا مال ہو جائے گا۔
چھٹا جواب یہ دیا گیا ہے کہ اللھم صل علی محمد تشبیہ میں شامل ہی نہیں ہے، تشبیہ صرف وعلی آل محمد کے ساتھ معلق ہے ابن دقیق العید نے اس جواب پر یہ اعتراض کیا ہے کہ غیر انبیاء کیلئے انبیاء کے مساوی ہونا ممکن ہی نہیں ہے پس ان کے لئے ایسی چیز کے وقوع کا طلب کرنا کیسے ممکن ہوگا جس کا وقوع ہی ممکن نہیں ہے۔
ہمارے شیخ نے اس جواب کا مفہوم اپنے الفاظ میں یوں بیان کیا ہے کہ جب غیر انبیاء کیلئے انبیاء کے مقام کے مساوی ہونا ممکن ہی نہیں ہے تو پھر ان کیلئے ایسی صلاۃ کا سوال کیسے کیا جا سکتا ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ابراہیم اور باقی انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام پر ہوئی تھی۔ پھر فرماتے ہیں کہ اس کا جواب یوں ہو سکتا ہے کہ غیر انبیاء کیلئے وہ ثواب مطلوب ہوتا ہے جو انہیں صلوٰۃ سے حاصل ہوتا ہے نہ کہ تمام صلوۃ جو ثواب کا سبب ہوتی

ہے میں (مصنف) کہتا ہوں یہ جواب البلقینی کے جواب کے قریب ہے انہوں نے لکھا ہے کہ یہاں تشبیہ قدر و مرتبہ میں نہیں ہے بلکہ صلاۃ علی الآل کی تشبیہ صلاۃ علی ابراہیم و آلہ کے ساتھ ہے یہ اعتراض ہی وارد نہیں ہوتا کہ غیر انبیاء کا انبیاء کے مساوی ہونا ممکن ہی نہیں ہے بلکہ یہاں تشبیہ فقط اصل صلوۃ میں ہے اور اصل صلاۃ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام اور آل کے درمیان قدر مشترک ہے، یعنی مطلق صلاۃ میں اشتراک ہے جب یہ مطلب لیا جائے تو پھر ابراہیم علیہ السلام اور آپ کی آل کی صلاۃ جیسی صلاۃ آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے طلب کرنے سے یہ لازم نہیں آتا کہ آپ ایسی چیز طلب کر رہے ہیں جس کا وقوع ممکن ہی نہیں ہے یعنی انبیاء و غیر انبیاء میں مساوات کا شبہ پیدا ہی نہیں ہوتا پس اس طرح سوال ہی انبیاء و غیر انبیاء کی مساوات کا ساقط ہو جائے گا۔

العمرانی نے البیان میں الشیخ ابو حامد سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے یہ جواب امام شافعی کی نص سے نقل فرمایا ہے۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمام انبیاء کرام علیہم السلام سے افضل ہیں تو پھر صلاۃ پڑھتے وقت یوں کیوں کہا جاتا ہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاہِیْم تو امام شافعیؒ نے فرمایا کہ اللھم صل علی محمد ایک علیحدہ مکمل کلام ہے اور آل محمد اس پر معطوف ہے اور کما صلیت علی ابراہیم کی تشبیہ کا تعلق آل محمد کے ساتھ ہے جو کما صلیت علی ابراہیم کے قریب ہے میں (مصنف) کہتا ہوں ابن قیم نے دعویٰ کیا ہے کہ امام شافعی سے ایسی بات کا منقول ہونا باطل ہے کیونکہ عربی زبان میں اتنی فصاحت و بلاغت رکھنے کی وجہ سے وہ ایسی کلام نہیں کر سکتے جو کلام عرب کے اعتبار سے رکیک و معیب ہو۔ ہمارے شیخ فرماتے ہیں مذکورہ کلام میں کوئی رکاکت نہیں بلکہ اس میں تقدیر ہے اصل کلام یوں ہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَصَلِّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ الی آخرہ۔ تو جملہ ثانیہ کے ساتھ تشبیہ کا متعلق ہونا کوئی مانع نہیں ہے۔ علامہ الزرکشی نے اس جواب پر یہ اعتراض کیا ہے کہ یہ بات تمام جملوں کے متعلقات کے رجوع کے اصولی قواعد کے مخالف ہے اور بعض روایات میں آل کے ذکر کے بغیر بھی تشبیہ آئی ہے (پھر وہاں کیا جواب ہوگا) میں (مصنف) کہتا ہوں ابن عبدالسلام کا قول بھی اس جواب کے قریب

قریب ہے کہ آل نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم پر صلاۃ بھیجنے کی تشبیہ آل ابراہیم پر صلاۃ بھیجنے کے ساتھ ہے واللہ اعلم۔

ساتواں جواب یہ ہے کہ یہاں مجموع کو مجموع کے ساتھ تشبیہ ہے کیونکہ آل ابراہیم میں اکثر انبیاء کرام ہیں پس جب حضرت ابراہیم اور آل ابراہیم میں سے ان ذوات کثیرہ کا مقابلہ ان صفات کثیرہ۔ کے ساتھ ہو گا جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل تھیں تو تفاضل ممکن ہو گا۔

اسی طرح کا ایک جواب ابن عبدالسلام سے بھی مروی ہے انہوں نے فرمایا کہ آل ابراہیم انبیاء ہیں اور آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم انبیاء نہیں ہیں۔ پس تشبیہ اس مجموعی قدر جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل کو حاصل ہے اور وہ مجموعی قدر جو حضرت ابراہیم اور آل ابراہیم کو حاصل ہے کے درمیان ہے پس اس عطیہ سے جو حصہ آل ابراہیم کو حاصل ہے وہ آل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حصہ سے زیادہ ہے، پھر اس عطیہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آل کو حصہ ملنے سے آپ کا حصہ فاضل ہو جائے گا بنسبت حضرت ابراہیم کے حصہ کے۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا عطیہ عظیم ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم خود بھی عظیم و افضل ہوئے۔ پس تمام اشکال دور ہو گئے۔

میں (مصنف) کہتا ہوں ابن عبدالسلام نے اسرار الصلوٰۃ میں بھی اسی چیز کو بیان کیا ہے۔ کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور آپ کی آل پر پڑھی جانے والی صلاۃ کی تشبیہ اس صلوۃ کے ساتھ ہے جو ابراہیم اور آل ابراہیم پر پڑھی جاتی ہے تو اس طرح ہمارے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اور آپ کی آل کو رحمت و رضوان کا وہ حصہ ملتا ہے جو آل ابراہیم اور معظم انبیاء جو آل ابراہیم ہیں کے حصہ کے مقارب ہے۔ تو جب ہم اس مجموعہ کو تقسیم کرتے ہیں تو آل محمد کہ وہ مقام نہیں ملتا ہے جو آل ابراہیم کو حاصل تھا اور آل محمد کبھی بھی انبیاء کے مقام کو نہ پہنچیں گے تو اس طرح محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آل محمد کو بقیہ رحمت کا وافر حصہ ملے گا۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابراہیم سے افضل ہیں۔

ابو الیمن ابن عساکر فرماتے ہیں ان کا تعاقب ہمارے شیخ نے کیا ہے کہ اس جواب پر یہ اعتراض واقع ہوتا ہے کہ حدیث ابو سعید میں اسم کے مقابلہ میں اسم ہے حدیث کے الفاظ

یہ ہیں اللھم صل علی محمد کما صلیت علی ابراہیم میں (مصنف) کہتا ہوں قواعد میں القرافی کا اس جواب پر تعاقب گزر چکا ہے، لیکن اس کی وجہ علیحدہ ہے۔ اس طرح کہ انہوں نے تشبیہ فی الدعاء کو تشبیہ فی الخبر کی طرح بنایا ہے حالانکہ معاملہ ایسا نہیں ہے کیونکہ تشبیہ فی الخبر ماضی حال مستقبل میں صحیح ہے اورالتشبیہ فی الدعاء صرف مستقبل میں ہوتی ہے اور یہاں تشبیہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے عطیہ اور حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے عطیہ کے درمیان ہے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دعا کے بعد حاصل ہوا ہے کیونکہ دعا کا تعلق مستقبل کی معدوم چیز سے ہوتا ہے۔ اس طرح وہ چیز جو دعا سے پہلے حاصل ہے وہ تشبیہ میں داخل نہیں ہے یہ وہ چیز ہے جس کے ساتھ حضرت ابراہیم کو فضیلت حاصل ہے فرماتے ہیں اس اصل سے سوال ہی اٹھ جائے گا کیونکہ تشبیہ دعا میں ہے خبر میں نہیں ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ خبر میں تشبیہ کی وجہ سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا عطیہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے عطیہ کی مثل ہے تو پھر اشکال وارد ہوتے ہیں۔ لیکن تشبیہ کا وقوع ہی دعا کیلئے ہے واللہ اعلم۔

آٹھواں جواب یہ ہے کہ اگر تشبیہ کو درود پاک کی اس مقدار کے اعتبار سے دیکھا جائے جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور آپ کی آل کے ہر ہر فرد کو حاصل ہے تو تمام درود پڑھنے والوں کے درود کا مجموعہ ابتدائے تعلیم سے آخر زمان تک کئی گنا زیادہ ہو جائے گا اس صلاۃ سے جو آل ابراہیم کو حاصل ہے اس کا شمار اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کیلئے ممکن ہی نہیں ہے۔

ابن عربی نے اس جواب کو بایں الفاظ تعبیر کیا ہے کہ المراد دوام ذلک واستمراره، یعنی اس تشبیہ سے مراد ہمیشہ ہمیشہ درود پڑھنے کی گذارش کرنا ہے میں (مصنف) کہتا ہوں شیخ الاسلام تقی الدین السبکی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ جب بندہ اپنے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر اس کیفیت کے ساتھ درود پڑھتا ہے تو گویا وہ یہ سوال کر رہا ہوتا ہے کہ اے اللہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایسا درود بھیج جیسا تونے ابراہیم اور آپ کی آل پر بھیجا جب یہی دعا ایک دوسرا شخص مانگتا ہے تو وہ اس صلاۃ کے علاوہ صلاۃ کو طلب کر رہا ہوتا ہے جو پہلے شخص نے طلب کی تھی کیونکہ مطلوب صلاتیں اگرچہ لفظاً مشابہ ہیں لیکن طالب کے علیحدہ علیحدہ ہونے کی وجہ سے جدا جدا ہیں، بیشک دونوں دعائیں مقبول ہیں چونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر

صلاۃ پیش کرنا دعوۃ مستجابہ ہے پس ضروری ہے کہ جو کچھ اس شخص نے طلب کیا ہے وہ اس سے علیحدہ مطلوب ہے جو کچھ اس دوسرے شخص نے طلب کیا تھا۔ تاکہ تحصیل حاصل لازم نہ آئے۔ اسی طرح ان کے بیٹے التاج نے کہا ہے کہ جب کبھی بندہ یہ دعا مانگتا ہے تو اللہ تعالیٰ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر ابراہیم علیہ السلام اور آپ کی آل کی صلاۃ کی مثل صلاۃ بھیجتا ہے پس ان صلواتوں کا شمار ہی ممکن نہیں جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر اپنے رب تعالیٰ کی طرف سے ہوتی ہیں جن میں سے ہر ایک ابراہیم اور آل ابراہیم کی صلاۃ کی مقدار کے برابر ہوتی ہے (اب خود ہی اندازہ فرمایئے) عظمت نبی کا کہ جب اس کیفیت سے درود پیش کرنے والوں کی تعداد کا شمار ہی نہیں ہو سکتا۔ واللہ اعلم۔

نواں جواب یہ ہے کہ تشبیہ کا مرجع صلوٰۃ بھیجنے والے کا ثواب ہے نہ کہ وہ چیز جس کا تعلق حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ ہے ہمارے شیخ فرماتے ہیں یہ جواب بھی ضعیف ہے کیونکہ گویا مصلی کہہ رہا ہے اللھم اعطنی ثوابا علی صلاتی علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم کما صلیت علی ابراہیم اے اللہ مجھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کی وجہ سے ثواب عطا فرما جس طرح تو نے درود بھیجا ابراہیم پر ہاں یہ جواب ممکن ہے کہ اس سے مراد ابراہیم علیہ السلام پر درود پڑھنے والے کے ثواب کی مثل کا سوال ہو۔ یعنی اے اللہ مجھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر صلاۃ بھیجنے کی وجہ سے ایسا ثواب عطا فرما جو تو نے ابراہیم علیہ السلام پر درود پڑھنے والے کو عطا فرمایا تھا۔

دسواں جواب یہ ہے کہ مشبہ بہ مشبہ سے بلند و ارفع ہوتا ہے یہ قاعدہ کلیہ عام نہیں ہے بلکہ کبھی کبھی تشبیہ ہم مثل کے ساتھ بھی دی جاتی ہے بلکہ کم مرتبہ کے ساتھ بھی کبھی تشبیہ دی جاتی ہے جیسے اللہ کا ارشاد ہے مثل نورہ کمشکوٰۃ حالانکہ مشکاۃ کا نور نور الٰہی کا کب مقابلہ کر سکتا ہے لیکن جب مشبہ کا مقصد و مراد سامع کیلئے واضح اور ظاہر ہو تو نور الٰہی کو مشکاۃ سے تشبیہ دینا جائز ہے، اسی طرح یہاں بھی جب ابراہیم اور آل ابراہیم کی تعظیم تمام اطراف عالم میں صلاۃ پڑھنے کے ساتھ مشہور ہے تو بہتر ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیلئے ایسی صلاۃ طلب کی جائے جو حضرت ابراہیم اور آل ابراہیم علیہ السلام کی صلاۃ کے مشابہ ہو فی العالمین کا قول مطلوب مذکور کے اختتام پر اس کی تائید

کرتا ہے یعنی تو نے ابراہیم اور آل ابراہیم پر درود بھیجنا ظاہر کیا تمام جہانوں میں اسی لئے فی العالمین کا ذکر آل ابراہیم کے ساتھ ہے آل محمد کے ساتھ نہیں ہے یعنی اسی حدیث میں جس میں یہ الفاظ وارد ہیں جو ابو سعید کی حدیث ہے جسے امام مالک و مسلم وغیرہما نے روایت کیا ہے علامہ الطیبی نے اسی طرح تعبیر کیا ہے کہ یہاں تشبیہ ناقص کو کامل کے ساتھ ملحق کرنے کیلئے نہیں ہے بلکہ غیر مشہور کو مشہور کے ساتھ تشبیہ دینے کیلئے ہے۔ اس تشبیہ کا سبب یہ ہے کہ ملائکہ نے بیت ابراہیم میں کہا کہ اللہ کی رحمت و برکت ہو تم پر اے اہل بیت بیشک وہ خوبیوں سراہا اور بزرگ ہے۔ یہ تو معلوم ہو چکا ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آل محمد اہل بیت ابراہیم میں سے ہیں پس گویا وہ کہہ رہا ہے یا اللہ محمد اور آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں فرشتوں کی دعا قبول فرما جیسے تو نے اہل ابراہیم کے بارے میں ان کی دعا قبول فرمائی تھی جو آل ابراہیم اس وقت موجود تھے اس لئے درود پاک کا اختتام ایسے کلمات کے ساتھ کیا۔ یعنی انک حمید مجید۔

امام نووی ان تمام جوابات کو نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ سب سے بہتر جواب وہ ہے جو امام شافعی کی طرف سے منسوب ہے یا جس میں اصل صلوٰۃ کو اصل صلاۃ کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے یا جس میں مجموع کو مجموع کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے۔

ابن قیم ان جوابات میں سے اکثر کو رد کرنے کے بعد لکھتے ہیں سوائے تشبیہ المجموع بالمجموع والے جواب کے بہتر یہ ہے کہ یہ کہا جائے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آل ابراہیم میں سے ہیں کیونکہ اِنَّ اللّٰہَ اصْطَفٰی آدَمَ وَنُوحًا وَّآلَ اِبْرَاہِیْمَ وَآلَ عِمْرَانَ عَلَی الْعَالَمِیْنَ کی تفسیر میں حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر خصوصی درود بھیجیں جیسا کہ ہم نے ابراہیم اور آل ابراہیم کے ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر عموماً درود بھیجا۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آل کو وہ حصہ ملے گا جس کے وہ اہل ہوں گے اور باقی تمام حصہ آقا دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے بچ جائے گا۔ یہ مقدار قطعاً اس حصہ سے زائد ہے جو آل ابراہیم میں سے کسی اور کو حاصل ہوئی اس وقت تشبیہ کا فائدہ ظاہر ہو جائے گا۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے ان الفاظ کے ساتھ مطلوب کا حصول ان کے علاوہ الفاظ سے مطلوب حاصل کرنے سے افضل ہے۔

ہمارے شیخ نے المجد اللغوی کا ایک جواب نقل کیا ہے جو انہوں نے ایک اہل کشف سے نقل کیا ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ یہاں مشبہ بہ کے الفاظ کے ساتھ تشبیہ نہیں ہے اور نہ ہی مشبہ بہ کے عین کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے۔ ہمارے قول اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کا مقصد و مراد یہ ہے کہ اِجْعَلْ مِنْ اَتْبَاعِہٖ مَنْ یَبْلُغُ النِّھَایَۃَ فِیْ اَمْرِالدِّیْنِ کالعلماء بشرعہ بتقریرہم امر الشریعۃ اے اللہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے متبعین کو امر دین میں انتہائی مقام پر پہنچا جیسے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شریعت مطہرہ کے عالم جو شریعت کے معاملات کو قائم کرنے والے ہیں کما صلیت علی ابراہیم سے مراد بان جعلت فیھم انبیاء یخبرون بالمغیبات ہے جیسے تو نے آل ابراہیم میں ایسے انبیاء پیدا فرمائے جو غیب کی خبریں دیتے تھے پس مطلوب آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے انبیاء کی صفات کا حصول ہے جو دین میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیروکار ہیں۔ جیسا کہ حضرت ابراہیم کے سوال سے ثابت ہے یہ المجد اللغوی کے جواب کا خلاصہ ہے ہمارے شیخ نے فرمایا یہ جواب نہایت عمدہ ہے اگر یہ تسلیم کر لیا جائے کہ صلاۃ سے مراد وہ مفہوم ہے جو انہوں نے بیان کیا ہے واللہ اعلم۔ اس دعویٰ میں ایک اور جواب بھی ہے کہ اللھم صل علی محمد سے مراد اَللّٰھُمَّ اسْتَجِبْ دُعَاءَ مُحَمَّدٍ فِیْ اُمَّتِہٖ کَمَا اسْتَجَبْتَ دُعَاءَ اِبْرَاھِیْمَ فِیْ بَنِیْہِ۔ اے اللہ! حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا آپ کی امت کے بارے میں قبول فرما جیسے تو نے حضرت ابراہیم کی دعا آپ کے بیٹوں کے حق میں قبول فرمائی تھی اس صورت میں دونوں جگہ میں آل کے عطف کا التباس و اختلاط ہوگا واللہ المستعان۔

میں (مصنف) کہتا ہوں المجد اللغوی نے گزشتہ جواب کے ثبوت کو طویل کر دیا ہے جس کی تلخیص یہ ہے کہ درود بھیجنے والا جب اللھم صل علی محمد کہتا ہے تو اس کی مراد یہ ہوتی ہے کہ اے اللہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں ایسے علماء و صلحاء پیدا فرما جو تیری جناب میں انتہائی بلند مراتب کو حاصل کرنے والے ہوں۔ کما صلیت علی ابراہیم جیسے تو نے ابراہیم علیہ السلام کی آل میں ایسے رسل و انبیاء پیدا فرمائے جو تیری جناب میں انتہائی مراتب کو پہنچے ہوئے تھے۔ وعلی آل محمد کما صلیت علی آل ابراہیم، آل محمد کو حدیث پاک کے حفظ و تدوین کی نعمت عطا فرما جیسے تو نے آل ابراہیم کو تشریع و وحی کی نعمت سے نوازا تھا۔

پس ان میں سے کچھ محدثین بن گئے۔ اجتہاد ان کیلئے مشروع ہو گیا اور اس کو حکم شرعی ثابت فرمادیا، پس اس لحاظ سے آل محمد ﷺ انبیاء کے مشابہ ہوئے فافہم پس اس میں ایک فائدہ جلیلہ عظیمہ ہے واللہ یقول الحق وھو یہدی السبیل۔

## دسویں فصل

وبارک کے قول سے مراد خیر و کرامت میں نمو و زیادتی ہے بعض نے فرمایا اس سے مراد عیوب سے تطہیر و تزکیہ ہے، بعض نے فرمایا اس سے مراد برکت کا اثبات، دوام اور استمرار مراد ہے اور یہ عربوں کے قول برکت الابل سے مشتق ہے یعنی اونٹ زمین پر بیٹھ گیا۔ پانی کے حوض کو برکۃ الماء کہا جاتا ہے کیونکہ اس میں پانی ٹھہرتا ہے، اسی مفہوم پر جزم کیا گیا ہے کبھی تیمن کی جگہ بولا جاتا ہے، جیسے میمون کو مبارک بمعنی محبوب و مرغوب فیہ کہا جاتا ہے حاصل کلام یہ ہے کہ برکت سے مراد خیر کی وافر مقدار عطا کرنا اور پھر اس میں ثبات و استمرار کا ہونا مطلوب ہوتا ہے جب ہم اللھم بارک علی محمد کہتے ہیں تو اس کا معنی یہ ہوتا ہے کہ اے اللہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر دعوت اور شریعت کو دوام عطا فرما آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے متبعین احباب میں اضافہ فرما اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی یمن و سعادت کے طفیل آپ کی امت کے حق میں آپ کی شفاعت قبول فرما اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی مخصوص جنت میں جگہ عطا فرما اپنی رضا کا مقام عطا فرما، آپ کی امت کو شہرت عطا فرما۔ التبریک کے لفظ میں دوام زیادت اور سعادت تینوں مفہوم جمع ہیں واللہ المستعان۔

ہماری جستجو اور تحقیق کے مطابق ابن حزم کے سوا کسی نے وبارک علی محمد کے قول کے وجوب کی تصریح نہیں فرمائی۔ ابن حزم کے کلام سے وبارک کے وجوب کا مفہوم ملتا ہے۔ وہ فرماتے ہیں علی المرء ان یبارک علیہ ولو مرۃ فی العمر وان یقولھا بلفظ خبر ابی مسعود او ابی حمید او کعب بن عجرہ۔ یعنی انسان کیلئے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر برکت کا بھیجنا لازم ہے اگرچہ عمر میں ایک مرتبہ بھی ہو اور انسان کو یہ بھی لازم ہے کہ وہ حضرت ابو مسعود یا ابو حمید یا کعب بن عجرہ کی حدیث کے الفاظ کے ساتھ درود بھیجے۔ صاحب المغنی حنبلی کے کلام کا

ظاہر بھی نماز میں وبارک کے وجوب پر دال ہے، فرماتے ہیں درود پڑھنے کا طریقہ وہی ہے جو الخرقی نے ذکر فرمایا ہے اور الخرقی نے وہ درود ذکر کیا ہے جو حدیث کعب میں آیا ہے پھر فرماتے ہیں صرف یہاں تک وجوب کا مفہوم ملتا ہے اور المجدالشیرازی فرماتے فقہاء میں سے کسی نے اس کے وجوب کے ساتھ موافقت نہیں کی۔ واللہ اعلم۔

## گیارہویں فصل

گذشتہ احادیث میں تشہد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے میں ترحم کی زیادتی وارد ہے ابن عربی نے اس کے انکار پر مبالغہ کیا ہے فرماتے ہیں ابن ابی زید نے تشہد میں ترحم کی جو زیادتی نقل کی ہے اس سے بچو۔ یعنی تشہد میں جو کچھ الرسالہ میں مستحب ذکر کیا گیا ہے وہ یہ ہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ۔ انہوں نے وَتَرَحَّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ الی آخرہ کی زیادتی کی ہے۔ یہ بدعت کے قریب ہے کیونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بذریعہ وحی درود پڑھنے کی کیفیت صحابہ کرام کو تعلیم دی، اس زیادتی میں استدراک ہے یعنی یہ اتباع و تکلیف کا مقام ہے، پس اس میں نصوص پر اکتفا کیا جائے گا۔ جنہوں نے یہ زیادتی کی ہے انہوں نے ایک نیا کام ایجاد کیا ہے کیونکہ محل مخصوص میں ایک نئی عبادت ایجاد کی ہے، جس کے متعلق کوئی نص وارد نہیں ہے۔ کچھ لوگ وَارْحَمْ مُحَمَّدًا وَآلَ مُحَمَّدٍ کَمَا تَرَحَّمْتَ عَلٰی اِبْرَاہِیْمَ اور رحمت کی زیادتی کرتے ہیں۔ حدیث پاک میں یہ وارد نہیں ہے۔ رحمت علیہ نہیں کہا جائے گا بلکہ رحمہ کہا جائے گا الترحم میں تکلف و تصنع کا مفہوم ہے اس لئے اللہ تعالیٰ کے حق میں اس کا اطلاق درست نہیں ہے۔ (وہ اس ذکر میں منفرد ہیں اسی طرح ان کے علاوہ کئی علماء نے بھی فرمایا ہے ظاہر ہے کہ اس زیادتی میں احادیث وارد نہیں ہیں)۔

علامہ نووی الاذکار میں لکھتے ہیں کہ جو کچھ ہمارے اصحاب اور ابن ابی زید المالکی نے درود پاک میں اس زیادتی ارحم محمداً وال محمد، کو مستحب کہا ہے تو یہ بدعت ہے، اس کی کوئی اصل نہیں ہے شرح مسلم میں لکھتے ہیں کہ مختار یہ ہے کہ الرحمۃ کا ذکر نہ کیا جائے کیونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے درود پاک ان الفاظ کے بغیر سکھایا ہے اگرچہ ان کا معنیٰ

الدعاء اور الرحمہ ہے اس کا علیحدہ ذکر نہیں فرمایا ان کے علاوہ بھی کئی علماء کا یہی قول ہے اور یہی ظاہر ہے اس کی زیادتی کے متعلق احادیث وارد نہیں ہیں۔ چونکہ یہ ضعیف ہے جیسا کہ پیچھے گذر چکا ہے لیکن ان کلمات کے وجود کی وجہ سے یہ نہیں کہنا چاہئے کہ خبر میں اس کا ذکر وارد نہیں ہے قاضی عیاض کا قول بہت عمدہ ہے کہ انہوں نے فرمایا اس کے متعلق کوئی صحیح خبر نہیں آئی ہے، جب یہ امر ثابت ہو چکا تو پھر شاید ابن ابی زید اسے فضائل اعمال میں شمار کرتے ہوں جن میں حدیث ضعیف پر بھی عمل کیا جاتا ہے پھر رحمت کی دعا کی اصل کا منکر تو کوئی بھی نہیں اور اس مخصوص مقام میں ضعیف حدیث موجود ہے اس لئے اس پر عمل کیا جائے گا۔ یا یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ابن ابی زید کے نزدیک وہ حدیث صحیح ہو جو ہدایہ شریف کی شرح میں فقیہ ابو جعفر سے منقول ہے وہ فرماتے ہیں میں کہتا ہوں اِرْحَمْ مُحَمَّدًا وَّآلِ مُحَمَّدٍ، پھر فرماتے ہیں جو مجھے اپنے شہر اور باقی مسلمانوں کے شہروں سے درایۃً بات ملی ہے اس پر میرا اعتماد ہے اسی طرح سرخسی مبسوط میں فرماتے ہیں اسے پڑھنے میں کوئی حرج نہیں کیونکہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے اس کے متعلق اثر وارد ہے اور جو اثر کی اتباع کرے اس پر کوئی عتاب نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے تو کوئی بھی مستغنی نہیں اسی طرح الرستفغنی کا قول بھی ہے فرماتے ہیں ارحم محمداً کے قول کا معنی امہ کی طرف راجع ہے، یہ ایسا ہے کہ کسی نے کوئی جرم کیا اور مجرم کا باپ شیخ فانی ہے جب مجرم کو سزا کا ارادہ کیا جاتا ہے تو کہا جاتا ہے کہ شیخ فانی پر رحم کرو، حالانکہ حقیقۃ رحمت کا مرجع بیٹا ہوتا ہے اسی طرح المحیط میں بھی ہے۔

ابن عربی نے تشہد کے علاوہ ہر وقت حضور علیہ الصلوٰۃ کیلئے ترحم کے جواز کی تصریح کی ہے مگر بعض نے ان کی مخالفت کی ہے پس صلوٰۃ کے لفظ کے ساتھ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کیلئے دعا کا متعین ہونا آپ کے خصائص میں شمار کرو۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے صرف رحمہ اللہ نہیں کہا جائے گا کیونکہ الترحم میں تعظیم کا معنی متضمن نہیں ہے جبکہ صلاۃ کا لفظ تعظیم کے معنی پر دلالت کرتا ہے، اسی لئے علماء فرماتے ہیں کہ غیر انبیاء پر صرف تبعاً صلوٰۃ پڑھی جائے غیر انبیاء پر ترحم کے لفظ کا اطلاق قطعاً جائز ہوتا ہے۔

قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ ابن عبد البر سے حکایت کرتے ہیں کہ آپ کیلئے رحمت کا

لفظ استعمال نہ کیا جائے بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے صلاۃ وبرکۃ جو آپ کیلئے مختص ہے اس کے ساتھ دعا کی جائے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علاوہ کیلئے رحمت ومغفرت کا لفظ استعمال کیا جائے لیکن امام تقی الدین بن دقیق العید شرح الالمام میں اس کے پڑھنے پر برانگیختہ کرتے ہیں فرماتے ہیں صلاۃ من اللہ رحمت کی تفسیر ہے۔ کیونکہ اس کا مقتضی بھی اللھم ارحم محمداً ہے کیونکہ جب دو مترادف الفاظ دلالت میں برابر ہوں تو ان میں سے ہر ایک دوسرے کی جگہ استعمال ہوتا رہتا ہے ہمارے شیخ کا میلان بھی جواز کی طرف ہے فرماتے ہیں ابن ابی زید کی کلام کا انکار غیر مسلم ہے ہاں اگر وہ صحیح نہ ہو تو پھر انکار کا کوئی وجود ہو سکتا ہے پس جس نے ارحم محمداً نہ کہنے کا دعویٰ کیا ہے وہ مردود ہے کیونکہ بہت سی احادیث میں اس کا ثبوت ہے جن میں سے اصح تشہد میں اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللہِ کا قول ہے۔ المجد اللغوی کا رجحان بھی جواز کی طرف گذر چکا ہے۔ وہ فرماتے ہیں جو چیز میں کہتا ہوں اس کے جواز پر دلالت قائم ہے، ان دلائل میں سے ایک دلیل اعرابی کے قول اللھم ارحمنی و محمداً ذکر کیا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ سن کر خاموش ہونا حدیث تقریر بن گئی۔ اور حضرت ابن عباس کی حدیث میں رات کی نماز کے بعد ایک لمبی دعا سکھائی جس میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ رَحْمَۃً مِّنْ عِنْدِکَ الی آخرہ۔ اے اللہ میں تیری جناب سے تیری رحمت کا سوال کرتا ہوں۔ اور حدیث عائشہ میں بھی یہ ارشاد ہے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَغْفِرُکَ لِذَنْبِیْ وَاَسْئَلُ رَحْمَتَکَ اے اللہ میں تجھ سے اپنی خطاؤں کی معافی طلب کرتا ہوں اور میں تیری رحمت کا سوال کرتا ہوں اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ ارشاد بھی ہے یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ۔ اے زندہ، اے قائم رکھنے والے میں تیری رحمت کا طلبگار ہوں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ ارشاد بھی رحمت کی طلب پر دال ہے اَللّٰھُمَّ اَرْجُوْ رَحْمَتَکَ ۔ اے اللہ میں تیری رحمت کا امیدوار ہوں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ ارشاد بھی ہے "اِلَّا اَنْ یَّتَغَمَّدَنِیَ اللہُ بِرَحْمَتِہٖ" مگر مجھے اللہ تعالیٰ اپنی رحمت کی چادر کے ساتھ ڈھانپ لے۔

میں "مصنف" کہتا ہوں کہ گزشتہ احادیث اور ان کے علاوہ کئی احادیث میں اس کا ثبوت ہے نسائی نے حضرت عکرمہ سے مرسلاً روایت کیا ہے کہ ایک شخص نے اپنی بیوی سے

ظہار کیا اور کفارہ ادا کرنے سے پہلے مصاحبت کر بیٹھا یہ مسئلہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تجھے کس چیز نے اس فعل پر اکسایا تو اس نے بایں الفاظ کلام شروع کیا رحمک اللہ یارسول اللہ! الحدیث یہی حدیث مرفوعاً سنن اربعہ میں ہے لیکن ان کے الفاظ یہ نہیں ہیں۔ ہمارے امام شافعی کی کتاب الرسالہ کے خطبہ میں ہے محمد عبدہ ورسولہ صلی اللہ علیہ وسلم ورحم وکرم. الترحم کے جواز وعدم جواز کا مسئلہ اس صورت میں ہے جب صلاۃ وسلام سے ملا کر پڑھا جائے جیسا کہ ہمارے شیخ اور ان کے علاوہ علماء نے بیان فرمایا ہے جن حضرات نے جواز کی تصریح فرمائی ہے ان میں ابو القاسم الانصاری صاحب الارشاد ہے وہ فرماتے ہیں کہ ترحم کو صلوٰۃ کے ساتھ ملا کر پڑھنا جائز ہے اور اکیلا پڑھنا جائز نہیں ہے اس مسئلہ میں ابن عبدالبر اور القاضی عیاض نے "الاکمال" میں ان کی موافقت کی ہے انہوں نے اس مسئلہ کو جمہور سے نقل فرمایا ہے علامہ قرطبی المفہم لکھتے ہیں کہ الترحم کا پڑھنا صحیح ہے کیونکہ اس کے متعلق احادیث وارد ہیں امام غزالی رحمہ اللہ نے بھی اکیلا ترحم کے صیغے پڑھنے کے عدم جواز کا عزم ظاہر کیا ہے فرماتے ہیں ترحم تاء کے ساتھ جائز نہیں ہے اسی طرح ابن عبدالبر نے بھی عدم جواز کا عزم بالجزم کیا ہے وہ لکھتے ہیں کہ کسی شخص کیلئے یہ جائز نہیں ہے کہ جب حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کرے تو رحمہ اللہ کہے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ تو فرمایا من صلی علی مگر من ترحم علی اور من دعا لی نہیں فرمایا اگرچہ صلاۃ کا معنی بھی رحمت ہے لیکن اس لفظ کو تعظیماً مخصوص فرمایا ہے اس لئے اس کو چھوڑ کر کسی غیر لفظ کی طرف عدول نہیں کیا جائے گا اس کی تائید اللہ تعالیٰ کا فرمان لَا تَجْعَلُوْا دُعَاءَ الرَّسُوْلِ بَیْنَکُمْ کَدُعَاءِ بَعْضِکُمْ بَعْضًا بھی کرتا ہے۔ یہ انتہائی خوبصورت بحث ہے جیسا کہ ہمارے شیخ نے ذکر کیا ہے لیکن پہلی تعلیل میں نظر ہے۔ اور دوسری معتمد ہے احناف کی معتبر کتاب الذخیرہ میں محمد بن عبداللہ بن عمر سے الترحم کی کراہتہ منقول ہے فرماتے ہیں اس میں نقص کا گمان ہوتا ہے کیونکہ رحمت ایسے فعل پر طلب کی جاتی ہے جس پر ملامت ہوتی ہو ہمیں انبیاء کرام کی تعظیم کا حکم ملا ہے۔ فرماتے ہیں جب انبیاء کا ذکر ہو تو رحمہم اللہ نہ کہا جائے بلکہ ان پر درود بھیجا جائے۔

اگر یہ کہا جائے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے رحمت کی دعا کیسے کی جائے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم تو خود سراپا رحمت ہیں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ" ہم نے آپ کو نہیں بھیجا مگر تمام جہانوں کیلئے رحمت بنا کر۔ تو اس کا جواب یہ ہے جیسا کہ ابوزرعہ ابن العراقی نے کہا ہے کہ آپ ﷺ کا رحمت ہونا اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ کیونکہ رحمت کا تفسیری معنی جو ہمارے حق میں ہے یعنی دل کا پسیج جانا اللہ تعالیٰ کے حق میں مستحیل و محال ہے رحمت اللہ تعالیٰ کے حق میں یا تو اس کی ذات کی صفت کے اعتبار سے ہے جس کا مطلب بندے کیلئے بھلائی کا ارادہ فرمانا ہے اور اس کے فعل کی صفت کے اعتبار سے ہے جس کا مراد و مفہوم بندے کے ساتھ بھلائی کا معاملہ فرمانا ہے، اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے ارادہ خیر اور فعل خیر کا زیادہ حصہ پانے والے ہیں یہ نہیں کہا جائے گا کہ یہ چیز تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہے تو ہم آپ کی آل کیلئے اس کا مطالبہ کریں، کیونکہ اس کا ثمرہ تو ہمارے ثواب پر مرتب ہوتا ہے جیسا کہ مقدمہ میں گزر چکا ہے وللہ الحمد والرحمۃ۔ امام بیہقی فرماتے ہیں رحمت دو معانی کا جامع لفظ ہے ا۔ علت کا دور کرنا اور عمل کو قبول فرمانا۔ یہ صلاۃ سے مفہوم میں مختلف ہے، کیا آپ یہ نہیں دیکھتے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ" اس ارشاد میں صلوٰۃ و رحمۃ کو علیحدہ علیحدہ ذکر فرمایا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے سے ایک ارشاد مروی ہے جو ان کے نزدیک بھی ان کے جدا جدا مفہوم پر دلالت کرتا ہے۔ ان سے یہ ارشاد سنداً مروی ہے۔

نِعْمَ الْعِدْلَانِ وَنِعْمَ الْعِلَاوَةُ لِلَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ۔

یعنی ان نفوس قدسیہ کیلئے اللہ کی جناب سے تعریف مدح اور تزکیہ اور رحمت ہے رحمت کا مطلب یہ کہ مصیبت کا دور کرنا اور حاجت کا پورا کرنا ہے۔ واللہ اعلم۔

## "ترحمت علیہ" کی تحقیق

الصغانی نے بعض متقدمین آئمہ لغت سے حکایت کیا ہے، کہ لوگوں کی کلام ترحمت علیہ غلطی و خطا ہے درست کلمہ رحمت علیہ ترحّماً "ح" کی تشدید کے ساتھ ہے۔ یہ صیدلانی کے

گذشتہ قول کا رد ہے۔ ہماری تحقیق و علم کے مطابق مشاہیر ائمہ لغت میں سے کسی نے بھی رحمت علیہ "ح" کے کسرہ مخففہ کے ساتھ نقل نہیں کیا ہے اگر اس کی نقل صحیح ہو تو پھر یہ ضعیف و شاذ ہے۔

یہ قول المجد اللغوی کا ہے۔ الذرکشی نے صیدلانی کے قول کو یہ کہہ کر رد کیا ہے کہ یہ باب التضمین سے ہے جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد "وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ای ادع لہم" اگرچہ ادع علیہم نہیں کہا جاتا اسی طرح یہاں رحمت صلاۃ کا معنی اپنے ضمن میں لئے ہوئے ہے۔ ابن یونس شارح الوجیز نے بھی اس کا رد کیا ہے جو پہلے گذر چکا ہے فرماتے ہیں صیدلانی کے قول کا وقوع ممنوع ہے علامہ جوہری نے نقل فرمایا ہے کہ ان کا قول تکلف کا شعور دیتا ہے اور ابن نشیب کے قول سے ٹکراتا ہے، فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ کو متکلم نہ کہا جائے کیونکہ اس میں بھی تکلف کا خاصہ ہے مگر متکبر اور متفضل کے لفظ سے اس قول کا رد ہو جاتا ہے......

## بارہویں فصل

حضرت ابو مسعود وغیرہ کی روایات میں العالمین کے لفظ سے مراد اصناف الخلق ہے۔ اس کے متعلق کئی دوسرے اقوال بھی موجود ہیں۔ بعض نے کہا اس سے مراد ہر وہ چیز ہے جو فلک کے گھیرے میں ہے۔ بعض نے فرمایا اس سے مراد ہر وہ چیز ہے جس میں روح ہوتی ہے۔ بعض نے فرمایا ہر نئی پیدا ہونے والی چیز ہے۔ بعض نے کہا ہر عقل والی چیز مراد ہے یہ دونوں قول المشارق میں ہیں بعض نے فرمایا اس سے مراد انسان و جن ہیں یہ قول المنذری نے نقل فرمایا ہے ایک اور قول بھی انہوں نے حکایت فرمایا ہے یعنی عالمین سے مراد جن، انس، ملائکہ اور شیاطین ہیں۔ صحاح میں ہے "العالم کا معنی الخلق ہے اس کی جمع العوالم اور العالمون ہے اس سے مراد مخلوق کی تمام اقسام ہیں۔ محکم میں ہے "العالم الخلق کلہ"۔ عالم سے مراد تمام مخلوق ہے بعض نے فرمایا ہر وہ چیز جو فلک کے گھیراؤ میں ہو لفظاً عالم کا واحد نہیں ہے کیونکہ عالم مختلف اشیاء کے مجموعہ کا نام ہے پھر اگر ان اشیاء مختلفہ میں سے کسی ایک چیز کا نام بنا دیا جائے تو اشیاء متفقہ کے مجموعہ کا نام ہو گا۔ اس کی جمع العالمون ہے فاعل

کی جمع واو نون سے نہیں بنائی جاتی مگر صرف اسی صورت میں العالمین کے لفظ کا اشارہ حضرت ابراہیم علیہ السلام پر برکت و صلاۃ کے عالم میں مشہور ہونے اور آپ کے شرف و تعظیم کے پھیلے ہوئے ہونے کی طرف ہے اور ہمارے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے بھی ایسی صلاۃ وبرکت مطلوب ہے جو انتشار و شہرت میں اس برکت و صلاۃ میں مشابہ ہو اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْآخِرِيْنَ سَلَامٌ عَلَىٰ إِبْرَاهِيْمَ۔"
اس سے پہلے بھی اس قسم کا مفہوم گذر چکا ہے۔ واللہ الموفق۔

## تیرہویں فصل
## الحمید کی تحقیق

الحمید بروزن فعیل بمعنی محمود ہے الحمد سے مشتق ہے اور یہ محمود سے زیادہ بلیغ ہے اس سے مراد وہ ذات ہوتی ہے جو تمام صفات حمد کی مالک ہو۔ بعض نے فرمایا یہ بمعنی حامد ہے یعنی وہ اپنے بندوں کے افعال کی تعریف فرماتا ہے۔ المجید، المجد سے مشتق ہے جو اکرام کی صفت ہے، دعا کا ان دو عظیم اسماء پر اختتام کرنے کی مناسبت یہ ہے کہ اس دعا میں مطلوب اللہ تعالیٰ سے اس کے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے عزت، ثناء تنویہ اور قرب ہے اور یہ چیز ایسی ہے جس کے لئے حمد و مجد کا طلب کرنا لازمی ہے۔ اس میں یہ بھی اشارہ ہے کہ آخر میں یہ دونوں اسم ایسے ہیں جیسے مطلوب کیلئے تعلیل یا تذییل ہوتی ہے اور ان کا مفہوم یہ ہے کہ اے اللہ! بیشک تو گوناگوں نعمتیں عطا کرنے کی وجہ سے حمد و ثنا کا مستحق ہے اور اپنے تمام بندوں پر بہت زیادہ احسان کرنے کی وجہ سے کریم ہے۔

## چودھویں فصل تحقیق الاعلین والمصطفین والمقربین

گذشتہ بعض احادیث میں الاعلین والمصطفین والمقربین کے الفاظ گذرے ہیں جن کی وضاحت یہ ہے اعلین لام کے فتحہ کے ساتھ ہے اور اس سے مراد الملاء الاعلیٰ ہیں، یعنی ملائکہ کیونکہ وہ آسمانوں میں رہتے ہیں اور جن الملاء الاسفل ہیں کیونکہ وہ زمین کے رہنے

والے ہیں۔ المصطفین بفتح الطاء والفاء علامہ زمخشری فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ کے ارشاد وَاِنَّهُمْ
عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ، کا معنی یہ ہے کہ وہ ان کی جنس کے بیٹوں میں سے چنے ہوئے
لوگ ہیں۔ اس صورت میں اس سے مراد الوالعزم رسول نوح، موسیٰ، عیسیٰ اور ابراہیم
علیہم الصلوٰۃ والسلام ہیں جن کے سردار ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور ملائکہ کی
جماعت ہے جیسے حاملین عرش، جبریل اور میکائیل اور شہداء بدر مراد ہیں۔

بعض علماء فرماتے ہیں المصطفون سے مراد وہ پاکیزہ نفوس ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنا
صفی بنایا اور انہیں ہر خساست و دنس سے مبرا و منزہ فرمایا۔ بعض نے فرمایا اس سے مراد وہ
لوگ ہیں جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا اقرار کیا اور اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے۔ یہ ابن
عباس کا قول ہے۔ بعض نے فرمایا اس سے مراد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابہ کرام
ہیں بعض نے فرمایا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی امت ہے۔ المقربون سے مراد ملائکہ ہیں۔
ان کے متعلق بھی علماء کا اختلاف ہے حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ ان سے مراد
حملۃ العرش ہیں علامہ البغوی کا بھی یہی خیال ہے بعض نے فرمایا ان سے مراد ملائکہ
کروبیوں ہیں جو اللہ تعالیٰ کے عرش کے ارد گرد رہتے ہیں جیسے جبرئیل، میکائیل اور ان کے
طبقہ کے اور فرشتے بعض نے فرمایا اس مراد اجرام فلکیہ کی تدبیر کرنے والے فرشتے ہیں۔

اور اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے "لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ وَلَا
الْمَلٰٓئِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ" (النساء ۱۷۲)

بعض نے فرمایا المقربون سات فرشتے ہیں۔ اسرافیل، میکائیل، جبرئیل، رضوان
مالک، روح القدس اور ملک الموت علیہم السلام۔ انسانوں میں بھی مقربون ہیں۔ اللہ
تعالیٰ کا ارشاد ہے "وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ" (الواقعہ: ۱۰-۱۲)
بعض علماء فرماتے ہیں سابقون سے مراد اسلام قبول کرنے میں سبقت لے جانے ہیں
حضرت مقاتل سے مروی ہے سابقون وہ ہیں جو انبیاء کرام پر ایمان لانے میں پہلے تھے،
بعض نے فرمایا صدیقین مراد ہیں واللہ اعلم۔

## پندرھویں فصل

## من سرہ ان یکتال بالمکیال الاوفی کا مفہوم"

گذشتہ بعض احادیث میں مَنْ سَرَّہٗ اَنْ یَکْتَالَ بِالْمِکْیَالِ الْاَوْفیٰ کے الفاظ ذکر تھے وہاں اوفی سے پہلے الاجر والثوب کے الفاظ معروف و معلوم ہونے کی وجہ سے حذف کر دیئے گئے ہیں یہ الفاظ کثرت ثواب سے کنایہ ہیں کیونکہ اشیاء کثیرہ کا اندازہ عموماً کیال کے ساتھ اور اشیاء قلیلہ کا اندازہ میزان کے ساتھ لگایا جاتا ہے۔ پھر الاوفی کا لفظ ذکر فرما کر مزید تاکید پیدا فرما دی تقدیر کلام یہ بھی ہو سکتی ہے اَنْ یَکْتَالَ بِالْمِکْیَالِ الْاَوْفیٰ الماءَ مِنْ حَوْضِ الْمُصْطَفیٰ شفاء شریف میں قاضی عیاض کی کلام بھی اسی تقدیر پر دلالت کرتی ہے حضرت حسن بصری سے مروی ہے اِنَّہٗ قَالَ مَنْ اَرَادَ اَنْ یَشْرَبَ بِالْکَأْسِ آگے مذکورہ بالا اثر ذکر فرمایا ہے۔ یہی بات شیخ الاسلام ابو ذرعہ ابن العراقی نے لکھی ہے اور پھر فرماتے ہیں پہلی تقدیر مفہوم کے زیادہ قریب ہے کیونکہ دوسری تقدیر خاص پر کوئی دلیل موجود نہیں ہے۔

اس فرمان میں اہل البیت اختصاص کی وجہ سے منصوب ہے جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْهِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَیْتِ" اسی طرح حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے۔ "نَحْنُ مَعَاشِرَ الْاَنْبِیَاءِ وَاللّٰہُ الْمُوَفِّقُ"

## سولھویں فصل

## حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث کے مشکل الفاظ کی تشریح

داحِ المدحوات۔ اے زمینوں کو بچھانے والے۔ مدحوات سے مراد الارضون ہے اللہ تبارک و تعالیٰ نے زمین کو ایک ٹیلے کی شکل میں پیدا فرمایا پھر اسے پھیلا دیا اللہ جل ثناء کا ارشاد ہے وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِکَ دَحٰھَا۔ ہر وہ چیز جو پھیلی ہوئی اور وسیع کر دی گئی ہو اس کے لئے دحی کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے اسی لئے شترمرغ کے انڈا دینے کی جگہ کیلئے دحیٰ کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے کیونکہ وہ بھی انڈوں کو پھیلا دیتا ہے۔ المدحیات بھی مروی ہے۔ باری المسموکات آسمانوں کے خالق مسموکات سے مراد سموات ہیں فرزدق نے کہا۔

اِنَّ الَّذِیْ سَمَکَ السَّمَاءَ بَنٰی لَنَا　　بَیْتًا دَعَائِمُہٗ اَعَزُّ وَاَطْوَلُ

بیشک اس نے ہمارے لئے آسمان کو ایسا گھر بنایا جس کے ستون عزت والے اور بہت

طویل ہیں باری کی جگہ سامک بھی مروی ہے جس کا معنی رافع بلند کرنے والا ہے (و: بار القلوب علی فطرتھا) جبر کا معنی ٹوٹی ہوئی ہڈی کا جوڑنا ہے گویا کہ اس نے دلوں کو اپنی فطرت پر قائم کیا انہیں اپنی شقاوت اور سعادت کے مطابق قرار بخشا القتیبی فرماتے ہیں۔ میں اس کو اجبر سے مشتق نہیں بناتا کیونکہ اس سے افعل کا صیغہ نہیں بنایا جاتا۔ مگر نہایہ میں اس قول کا تعاقب اس طرح کیا گیا ہے کہ دوسری لغت میں اس کا وجود پایا جاتا ہے جبرت واجبرت بمعنی قہرت کہا جاتا ہے۔ واغلق مجہول کا صیغہ ہے۔ (والدامغ) المہلک دمغ یدمغہ دمغاً جب دماغ میں کوئی چوٹ لگے اور اس کو قتل کر دے (الجیشات) جیشۃ کی جمع ہے جاش کا مصدر ہے جس کا معنی بلند ہونا ہے (وحمل) مجہول کا صیغہ ہے واضطلع بامرک۔ کسی کام کے کرنے کی قوت رکھنا۔ بغیر نکل۔ بغیر بزدلی اور رکاوٹ کے (ولاوھن) رائے میں کمزوری نہ ہو۔ واھیاً یا کے ساتھ بھی مروی ہے (النفاذ) بالفاء والمعجمہ (واوری) صحاح میں ہے وری الذند بالفتح یری وریاً جب آگ نکلے تو اس وقت بولا جاتا ہے۔ اس میں ایک اور لغت بھی ہے وری الذند یری بالکسر فیہما۔ واور تبہ اناوکذالک ورتبہ (والقبس) آگ کا شعلہ یہ تمام استعارے ہیں (وآلاء اللہ) مد کے ساتھ بمعنی نعمتیں۔ یہ مبتدا ہے اور اس کی خبر تصل باہلہ اسبابہ ہے الاء کے واحد میں اختلاف ہے بعض نے فرمایا الافتح اور تنوین کے ساتھ جیسے رحی بعض نے فرمایا الاکسرہ اور تنوین کے ساتھ ہے جیسے معی بعض نے فرمایا کسرہ اور لام کے سکون اور تنوین کے ساتھ ہے جیسے نحی۔ بعض نے فرمایا کسرہ اور بغیر تنوین کے ہے آخری صورت ابن الاثیر نے ذکر کی ہے بعض نے فرمایا اس کا واحد الو بروزن امن ہے۔ البرہان الحلبی نے یہ وزن لکھا ہے یہ پانچ لغتیں ہیں اور میں نے اپنے شیخ کے خط کے ساتھ پانچ لغتیں دیکھیں ہیں۔ الی ہمزہ کے کسرہ اور فتح کے ساتھ اور تنوین کے ساتھ دونوں شکلیں ہیں۔ اور پانچویں صورت الی ہے (وہدیت) ھا مضموم اور دال مکسور کے ساتھ مجہول کا صیغہ ہے (القلوب) مرفوع نائب الفاعل ہے ہدیت ھا اور دال کے فتح کے ساتھ بھی مروی ہے اور القلوب منصوب ہے (النہج) الطریق المستقیم سیدھا راستہ (موضحات) ت مکسورہ کے ساتھ حالت نصب میں ہے نائرات موضحات پر معطوف ہے نائرات کی اول میں نون اور الف کے بعد ت ہے (وعدتک) عین مہملہ مفتوحہ اور دال کے

سکون کے ساتھ بمعنی جنت ہے۔ الصحاح میں ہے عدنت البلد توطنہ تونے اس شہر کو اپنا وطن بنالیاعدنت اللیل بمکان کذالزمتہ فلم تبرح۔ تونے رات کے وقت ایک جگہ کولازم پکڑااور وہاں ہی ٹھہرا رہا۔ اسی سے جنات عدن مشتق ہے جس کا معنی جنات اقامہ ہے (واجزہ) ہمزہ مفتوحہ، پھر جیم ساکنہ پھر زای مکسورہ، جزا سے مشتق ہے الشفاء کے کئی نسخوں میں اسی طرح اس کا ذکر ہے درست بات اس میں وہی ہے جیساکہ بعض اصول معتمدہ میں ذکر کیا گیا ہے اس کا ہمزہ وصلی ہے کیونکہ یہ ثلاثی ہے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے وجزاہم بماصبروا جنۃ و حریرا۔

میں (مصنف) کہتا ہوں کہ بعض اصول میں میں نے اسے ہمزہ مفتوحہ جیم ساکنہ اور پھر راء مفتوحہ کے ساتھ پایا ہے یعنی الاجر سے مشتق پایا ہے، انہوں نے اس کو صحیح بھی کہا ہے، اور میرا گمان یہ ہے کہ یہاں حرف تبدیل کیا گیا ہے۔ اور میں نے بعض عارفین کی تحریر میں پہلی صورت میں پڑھا ہے اور اصح ہے شاید یہ حدیث سہل کی طرح ہو مااجزا منا الیوم احد کما اجزافلاں یعنی اس نے ایسا کام کیا جس کا اثر ظاہر ہے اور عطا کا ارادہ فرمایا اور ایسے مقام پر ٹھہرا جہاں کوئی دوسرا اس عطا کے بعد نہ ٹھہرا اور اس کی کفایت مکمل نہ ہوئی۔

(ثوابک المضنون) یعنی ایسا ثواب جس کی نفاست کی وجہ سے اس پر بخل کیا جاتا ہے اور الشفاء میں المضنون کی جگہ المحلول ہے جن کا معنی یحل فیہ اترنے کی جگہ (المعلول) العلل سے ماخوذ ہے میم مفتوحہ اور لام کے ساتھ بمعنی ایک مرتبہ پینے کے بعد دوبارہ سیراب ہونا ہے نہل، پہلی مرتبہ پینا ہوتا ہے مراد عطا کے بعد عطا کرنا ہے (والنزل) وہ کھانا جو مہمان کیلئے تیار کیا جاتا ہے۔ یہ نون مضموم اور زای کے سکون کے ساتھ ہے اور زای مضموم بھی ہوتی ہے اس سے مراد وہ مکان ہوتا ہے جو نزول کیلئے تیار کیا گیا ہو قرآن مجید میں ہے نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ (الخطہ) الامر، القصہ الفصل القطع کے معنی میں ہے۔ واللہ اعلم۔

## درود پاک پڑھنے والے کا سیدنا کی زیادتی کرنا

المجد اللغوی نے ذکر کیا ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ بہت سے لوگ "اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

مُحَمَّدٌ کہتے ہیں۔ اس میں ایک پوری بحث ہے نماز میں تو ظاہر یہی ہے کہ ماثور لفظ کی اتباع اور خبر صحیح پر توقف کرنے کی وجہ سے سیدنا نہیں کہنا چاہئے اور نماز کے باہر خود حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس لفظ کے ساتھ خطاب کرنے سے منع فرمایا جیسا کہ مشہور حدیث میں واقع ہے

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا لفظ (سیدنا) سے خطاب کرنے سے انکار فرمانا ہو سکتا ہے تواضع وانکساری کی وجہ سے ہو اور سامنے مدح و تعریف کو ناپسند کرنے کی وجہ سے ہو یا اس لئے ہو کہ یہ زمانہ جاہلیت کا سلام تھا یا لوگوں کا مدح میں مبالغہ کرنے کی وجہ سے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس لفظ کے استعمال سے منع فرمایا ہو کیونکہ وہ کہتے تھے "اَنْتَ سَیِّدُنَا وَاَنْتَ وَالِدُنَا وَاَنْتَ اَفْضَلُنَا عَلَیْنَا فَضْلًا وَاَنْتَ اَطْوَلُنَا عَلَیْنَا طَوْلًا وَاَنْتَ الْجَفْنَۃُ الْغَرَّاءُ وَاَنْتَ اَنْتَ" حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے انکار فرمایا اور حکم دیا کہ اپنے انداز میں پکارو۔ شیطان تمہیں دھوکہ نہ دے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اپنا صحیح ارشاد ہے"انا سید ولد آدم" میں اولاد آدم کا سردار ہوں۔ حضرت حسن کے متعلق فرمایا ان ابنی ہذا سید۔ یہ میرا بیٹا سید ہے۔ سعد کے متعلق فرمایا"قُوْمُوْا اِلٰی سَیِّدِکُمْ" اپنے سردار کیلئے اٹھو۔ نسائی نے عمل الیوم واللیلہ میں حدیث نقل کی ہے جس میں حضرت سہل بن حنیف نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یا سیدی کہہ کر پکارا حضرت ابن مسعود کا قول ہے جو پیچھے گذر چکا ہے اللہم صل علی سید المرسلین یہ تمام روایات ان میں سے ہر ایک میں ایک واضح دلیل اور برہان ہے جو سید کے استعمال کے جواز پر دلالت کرتی ہے۔ انکار کرنے والا، سوائے ایک مشہور حدیث کے دلیل کا محتاج ہے کیونکہ وہ مذکورہ بالا احتمالات کی حکایت کی موجودگی میں دلیل قائم نہیں کر سکے گا۔

المہمات میں علامہ الاسنوی لکھتے پرانے زمانہ کی ایک بات میرے ذہن میں ہے کہ الشیخ عزالدین بن عبدالسلام نے اسم محمد سے پہلے سیدنا کے لفظ کی بنا ڈالی اس صورت میں افضل ادب کا طریق ہے یا امر کی پیروی؟ تو پہلی صورت میں یعنی ادب کی وجہ سے سیدنا کا اضافہ مستحب ہے اور دوسری صورت میں یعنی حکم کی پیروی میں اس کا اضافہ مستحب نہیں (کیونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس کا اضافہ نہیں سکھایا) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے قُوْلُوْا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ۔ یعنی تم اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کہو۔

میں (مصنف) کہتا ہوں میں نے اپنے مشائخ محققین میں سے کسی ایک کی تحریر پڑھی جس میں لکھا تھا کہ شرعی مطلوب کے ذکر کے ساتھ سید کے ذکر میں ادب ہے۔ صحیحین کی حدیث میں ہے قُوۡمُوۡا اِلیٰ سَیِّدِکُم ای سعد بن معاذ، اپنے سردار سعد بن معاذ کیلئے اٹھو۔ ان کی سیادت علم و دین کی وجہ سے تھی درود پاک پڑھنے والوں کا قول اللھم صل علی سیدنا محمد، اس میں امر کی اطاعت بھی ہے اور ادب کا تقاضا بھی پورا ہو جاتا ہے۔

سابقہ حدیث کی رو سے، نہ پڑھنا افضل ہے اگرچہ شیخ الاسنوی اس کی افضلیت میں متردد ہیں جیسا کہ ان کی عبارت سے ظاہر ہوتا ہے

یعنی پرانی

بات ذہن میں ہے کہ ہے شیخ بن عبدالسلام نے اس کی بنا اس بات پر رکھی ہے کہ ادب کا سلوک یا حکم کی تابعداری افضل ہے۔

## دوسرا باب، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کے ثواب کے متعلق ہے

جو خوش نصیب، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتا ہے اس پر اللہ تعالیٰ ملائکہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خود درود بھیجتے ہیں۔ خطاؤں کا کفارہ بن جاتا ہے، اعمال پاکیزہ ہو جاتے ہیں درجات بلند ہوتے ہیں، گناہوں کی مغفرت کر دی جاتی ہے درود بھیجنے والے کیلئے درود خود استغفار کرتا ہے اس کے نامہ اعمال میں اجر کا ایک قیراط لکھا جاتا ہے۔ جو احد پہاڑ کی مثل ہوتا ہے اجر کا پورا پورا پیمانہ ملے گا۔ دنیا و آخرت کی تمام مہمات و امور کیلئے کافی ہو جائے گا اس شخص کیلئے جو اپنے وظائف کا تمام وقت درود پاک پڑھنے میں بسر کرے گا اس کی خطاؤں کو مٹا دیا جاتا ہے۔ درود پاک پڑھنا غلام آزاد کرنے پر فضیلت رکھتا ہے، مصائب سے نجات مل جاتی ہے، اس کے درود پاک کی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام گواہی دیں گے اس کے لئے شفاعت واجب ہو جاتی ہے اللہ تعالیٰ کی رضا اور اس کی رحمت حاصل ہوتی ہے اللہ تعالیٰ کی ناراضگی سے امن میں ہو جاتا ہے۔ عرش کے سایہ

کے نیچے جگہ ملے گی میزان بھاری ہو گا حوض کوثر پر حاضری کا موقع میسر آئے گا۔ پیاس سے محفوظ ہو جائے گا، آگ سے چھٹکارا پائے گا، پل صراط پر چلنا ممکن ہو گا مرنے سے پہلے جنت کی منزل مقرب دیکھ لے گا۔ جنت میں کثیر بیویاں ملیں گی ثواب بیس غزوات سے بھی زیادہ ملے گا۔ تنگ دست کے حق میں صدقہ کے قائم مقام ہو گا۔ یہ سراپا پاکیزگی و طہارت ہے اس کے ورد سے مال میں برکت ہوتی ہے اس کی وجہ سے سو بلکہ اس سے بھی زیادہ حاجات پوری ہوتی ہیں۔ یہ ایک عبادت ہے اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ اعمال میں سے ہے، مجالس کی زینت ہے، غربت و فقر دور ہوتا ہے، اور زندگی کی تنگی دور ہو جاتی ہے اس کے ذریعے خیر کے مقام تلاش کئے جاتے ہیں درود پاک پڑھنے والا قیامت کے دن حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے تمام لوگوں کی نسبت زیادہ قریب ہو گا۔ اس سے وہ خود اس کے بیٹے، پوتے نفع پائیں گے اور وہ جس کو درود پاک کا ثواب پہنچایا گیا۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا قرب نصیب ہو گا۔ یہ درود ایک نور ہے اس کے ذریعے دشمنوں پر فتح حاصل ہوتی ہے۔ نفاق اور زنگ سے دل پاک ہو جاتا ہے۔ لوگوں کی محبت کا موجب بنتا ہے۔ خواب میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت ہوتی ہے یہ ورد اپنے قاری کو غیبت سے روکتا ہے تمام اعمال سے برکت والا اور افضل عمل ہے، دنیا و دین میں زیادہ نفع بخش ہے اور اس کے علاوہ اس وظیفہ میں بہت وسیع ثواب ہے اس فطین کیلئے جو اعمال کے ذخائر کو اکٹھا کرنے پر حریص ہے اور فضائل عظیمہ، مناقب کریمہ اور فوائد کثیرہ عمیمہ پر مشتمل عمل کیلئے جو کوشاں ہے اس کے لئے اسی میں کئی فوائد ہیں۔ اس کے سوا کوئی عمل اور قول ایسا نہیں ملے گا جو ایسے فوائد کا حامل ہو۔ صلی اللہ علیہ وسلم تسلیماً کثیراً۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ وَاحِدَۃً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ عَشْرًا — جس نے مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجا اللہ تعالیٰ دس مرتبہ اس پر درود بھیجے گا۔

اس حدیث کو امام مسلم، ابو داؤد، نسائی، ابن حبان نے اپنی صحیح میں اور الترمذی نے روایت کیا ہے، امام ترمذی لکھتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

ترمذی کے بعض الفاظ یہ ہیں۔

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ مَرَّةً وَاحِدَةً كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ عَشْرَ حَسَنَاتٍ۔

جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس کے لئے دس نیکیاں لکھے گا۔

اور وہ ان الفاظ میں بھی ہے ومحی عنہ عشر سیئات۔ اور اس کے دس گناہ مٹا دے گا یہی حدیث امام احمد نے بھی ذکر کی ہے اس کے رجال صحیح کے رجال ہیں سوائے ربعی بن ابراہیم کے۔ یہ بھی ثقہ اور مامون ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ عَشْرًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ مِائَةً وَمَنْ صَلّٰى عَلَيَّ مِائَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ اَلْفًا وَمَنْ زَادَ صَبَابَةً وَشَوْقًا كُنْتُ لَهُ شَفِيْعًا وَشَهِيْدًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔

جس نے دس مرتبہ مجھ پر درود بھیجا اللہ تعالیٰ سو مرتبہ اس پر درود بھیجے گا اور جس نے سو مرتبہ مجھ پر درود بھیجا اللہ تعالیٰ اس پر ہزار مرتبہ درود بھیجے گا اور جو شوق و محبت سے زیادہ پڑھے گا قیامت کے دن میں اس کا شفیع اور گواہ ہوں گا۔

اس حدیث کو ابو موسیٰ المدینی نے ایک ایسی سند کے ساتھ روایت کیا ہے جس کے متعلق الشیخ مغلطای نے فرمایا لاباس بہ واللہ اعلم۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

مَنْ صَلّٰى عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَمَلَائِكَتُهُ بِهَا سَبْعِيْنَ صَلَاةً۔

جو ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے اس کے عوض اس پر ستر درود بھیجیں گے۔

اس حدیث پاک کو امام احمد اور زنجویہ نے اپنی ترغیب میں حسن سند کے ساتھ روایت کیا ہے اس کا حکم حدیث مرفوع کا ہے کیونکہ اس میں اجتہاد کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بن مالک سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

| | |
|---|---|
| مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهٗ فَلْيُصَلِّ عَلَيَّ وَمَنْ صَلّٰى عَلَيَّ مَرَّةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا ۔ | جس کے سامنے میرا ذکر ہوا سے مجھ پر درود پڑھنا چاہئے اور جس نے مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجا اللہ تعالیٰ دس مرتبہ اس پر درود بھیجے گا۔ |

اس روایت کو امام احمد، ابو نعیم اور امام بخاری نے الادب المفرد میں نقل کیا ہے اور الطبری نے "مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ مَرَّةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا" کے الفاظ کے بغیر الاوسط میں نقل کی ہے اس کی سند کے راوی صحیح کے راویوں جیسے ہیں۔

ایک اور روایت میں ہے۔

| | |
|---|---|
| مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ وَاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرَ صَلَوَاتٍ وَحُطَّتْ عَنْهُ عَشْرُ سَيِّئَاتٍ وَرُفِعَتْ لَهٗ عَشْرُ دَرَجَاتٍ۔ | جس نے ایک مرتبہ مجھ پر درود بھیجا اللہ تعالیٰ اس پر دس درود بھیجے گا اور دس گناہ گر جائیں گے اور دس درجے بلند ہوں گے۔ |

اس حدیث کو نسائی، ابن ابی شیبہ اور ابن حبان نے اپنی صحیح میں روایت کیا ہے آخری دو کی روایات میں "وَرُفِعَتْ لَهٗ عَشْرُ دَرَجَاتٍ" کے الفاظ نہیں ہیں۔ حاکم نے ان الفاظ میں روایت کیا ہے۔

| | |
|---|---|
| مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ وَاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرَ صَلَوَاتٍ وَحُطَّ عَنْهُ عَشْرُ خَطِيْئَاتٍ ۔ | جس نے مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجا اللہ تعالیٰ اس پر دس درود بھیجے گا اور اس کی دس خطائیں معاف کر دی جائیں گی۔ |

الطبرانی نے الاوسط اور الصغیر میں مندرجہ ذیل الفاظ میں روایت کیا ہے۔

| | |
|---|---|
| مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلَاةً وَاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا وَمَنْ صَلّٰى عَلَيَّ عَشْرًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ مِائَةً مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ مِائَةً كَتَبَ اللّٰهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ بَرَاءَةً مِنَ النِّفَاقِ وَبَرَاءَةً مِنَ النَّارِ وَاَسْكَنَهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَعَ الشُّهَدَاءِ | جس نے مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجا اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ درود بھیجے گا۔ اور جس نے مجھ پر دس مرتبہ درود بھیجا اس پر اللہ تعالیٰ سو مرتبہ درود بھیجے گا اور جس نے مجھ پر سو مرتبہ درود بھیجا اللہ تعالیٰ اس کی آنکھوں کے درمیان براۃ من النفاق اور براۃ من النار |

لکھ دے گا اور قیامت کے دن اسے شہداء
کے ساتھ ٹھہرائے گا۔

اس حدیث کی سند میں ابراہیم بن سالم بن شبل الہجیمی ہے جن کے متعلق المنذری فرماتے ہیں مجھے ان کی عدالت و جرح معلوم نہیں ہے۔ الہیثمی نے بھی اسی طرح لکھا ہے۔ ابو بکر بن ابی عاصم نے اپنی کتاب الصلوٰۃ النبویہ میں اور ابو القاسم التیمی نے اپنی ترغیب میں ابو اسحٰق السبیعی کے واسطہ سے حضرت انس سے بایں الفاظ روایت کیا ہے۔

صَلُّوا عَلَيَّ فَإِنَّ الصَّلٰوةَ عَلَيَّ كَفَّارَةٌ لَكُمْ وَزَكَاةٌ فَمَنْ صَلَّى عَلَيَّ صَلَاةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا۔

مجھ پر درود بھیجو کیونکہ مجھ پر درود بھیجنا تمہارے گناہوں کا کفارہ ہے اور تمہارے دلوں کی طہارت ہے جس نے مجھ پر ایک مرتبہ صلاۃ پڑھی اللہ تعالیٰ دس مرتبہ اس پر صلاۃ بھیجے گا۔

ابو القاسم اور ابو موسیٰ کی ایک دوسری روایت میں ہے۔

فَإِنَّ الصَّلَاةَ عَلَيَّ دَرَجَةٌ لَكُمْ۔

مجھ پر درود بھیجنا، تمہارے درجات کا سبب ہے۔

العراقی نے لکھا ہے کہ اس کی سند صحیح ہے۔ حالانکہ حقیقت ایسی نہیں ہے ابو حاتم فرماتے ہیں ابو اسحٰق کا حضرت انس سے سماع تو کجا رویت بھی صحیح نہیں ہے پھر یہ حدیث پہلی روایت سے زیادہ معلول ہے۔ کیونکہ ابو اسحٰق کے واسطہ سے عن برید بن ابی مریم، عن انس سے مروی ہے اور اس سند میں ابو اسحٰق پر اختلاف ہے کبھی واسطہ کو ثابت کرتے ہیں اور کبھی اس کو حذف کرتے ہیں۔ پھر واسطہ کے ثبوت میں بھی اختلاف ہے۔ کبھی پہلی روایت کی طرح بریداً عن انس کا ذکر کرتے ہیں اور کبھی بریداً عن ابیہ عن انس، کا ذکر کرتے ہیں۔ یہی روایت حمید بن زنجویہ نے اپنی کتاب میں نقل کی ہے۔ اور کبھی حضرت حسن بصری سے روایت کرتے ہیں جیسے کہ النسائی نے روایت کی ہے۔ مگر حذف والی سند بھی نسائی، ابو یعلی، ابن السنی، الطبرانی، الطیالسی وغیرہم نے نقل کی ہے۔ ابو اسحٰق ان لوگوں سے ہیں جن سے خلط ہو جاتا تھا مگر جنہوں نے اختلاط سے پہلے روایات نقل کی ہیں وہ صواب کے زیادہ

قریب ہیں۔ دار قطنی نے العلل میں برید عن انس کی سند کو ترجیح دی ہے اور فرمایا یہی سند درست ہے۔ دار قطنی نے العلل وغیرہ میں یہ الفاظ لکھے ہیں۔

اَلْبَخِیْلُ مَنْ ذُکِرْتُ عِنْدَہٗ فَلَمْ یُصَلِّ عَلَیَّ، مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ۔ (الحدیث)

یہ روایت ابو اسحٰق عن انس بغیر واسطہ کے ہے اور یہ ان کی خطا کی طرف اشارہ کرتی ہے واللہ الموفق۔ الطبرانی نے الاوسط میں ایک ایسی سند کے ساتھ روایت کی ہے جس میں کوئی مضائقہ نہیں۔

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ بَلَغَتْنِیْ صَلَاتُہٗ وَصَلَّیْتُ عَلَیْہِ وَکُتِبَ لَہٗ سِوٰی ذَالِکَ عَشْرُ حَسَنَاتٍ۔

جس نے مجھ پر درود بھیجا اس کا درود مجھے پہنچے گا اور میں اس پر درود بھیجوں گا اس کے علاوہ اس کے لئے دس نیکیاں خزانہ کردی جائیں گی۔

نسائی، تمام، الحافظ رشید الدین العطار نے حسن سند کے ساتھ ذکر کی ہے۔

مَا مِنْ عَبْدٍ مُؤْمِنٍ یَذْکُرُنِیْ فَیُصَلِّیْ عَلَیَّ اِلَّا کَتَبَ اللّٰہُ لَہٗ عَشْرَ حَسَنَاتٍ وَمَحَا عَنْہُ عَشْرَ سَیِّاٰتٍ وَرَفَعَ لَہٗ عَشْرَ دَرَجَاتٍ۔

جو بندہ مومن میرا ذکر کرتا ہے اور مجھ پر درود بھیجتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے نامہ اعمال میں دس نیکیاں لکھ دیتا ہے اور دس گناہ مٹا دیتا ہے اور اس کے دس درجات بلند کرتا ہے۔

امام بیہقی نے فضائل الاوقات میں حدیث ابو اسحٰق جو حضرت انس سے مرفوعاً ہے روایت کیا ہے

اَکْثِرُوْا عَلَیَّ مِنَ الصَّلٰوۃِ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ وَلَیْلَۃَ الْجُمُعَۃِ فَمَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلَاۃً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ عَشْرًا۔

جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات مجھ پر کثرت سے درود پڑھو پس جو مجھ پر درود ایک مرتبہ بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ درود بھیجے گا۔

اسی طرح ابن بشکوال نے بھی ذکر کی ہے مگر جمعہ کا ذکر نہیں کیا۔

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے چار دیواری کی طرف متوجہ ہوئے، آپ داخل ہوئے قبلہ شریف کی طرف منہ کیا اور سجدہ کیا اور سجدہ کو طویل کیا یہاں تک کہ میں نے گمان کیا کہ

شاید اللہ تعالیٰ نے آپ کی روح قبض فرمالی ہے۔ میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے قریب ہوگیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سر مبارک اٹھایا۔ پوچھا کون ہے؟ میں نے عرض کی حضور! عبدالرحمٰن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کیا کام ہے؟ میں نے عرض کی یارسول اللہ! آپ نے طویل سجدہ فرمایا حتیٰ کہ مجھے گمان گذرنے لگا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی روح سجدہ میں ہی قبض فرمالی ہے۔ تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا۔ میرے پاس جبریل امیں آئے اور مجھے خوشخبری سنائی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے کہ اے محبوب مکرم۔

مَنْ صَلّٰی عَلَیْكَ صَلَّیْتُ عَلَیْهِ وَمَنْ سَلَّمَ عَلَیْكَ سَلَّمْتُ عَلَیْهِ ۔ جو تجھ پر درود بھیجے گا میں اس پر درود بھیجوں گا اور جو تجھ پر سلام پڑھے گا میں اس پر سلام پڑھوں گا۔

ایک روایت میں یہ الفاظ زائد فرمائے ہیں۔ " فسجدت للہ شکراً " میں نے اس نعمت پر اللہ کا شکر ادا کرنے کیلئے سجدہ کیا۔

امام احمد نے یہ روایت حضرت عمرو ابن عمر بن عبدالواحد بن محمد بن عبدالرحمٰن بن عوف عن جدہ کے واسطہ سے ذکر کی ہے۔ اسی حدیث کو ابن ابی عاصم نے اسی طریق سے روایت کیا ہے جس سے امام احمد نے روایت کی ہے۔ فرماتے ہیں، عن عبدالواحد عن ابیہ عن جدہ اسی حدیث کو امام البیہقی، عبد بن حمید اور ابن شاہین نے پہلی روایت کی طرح روایت کیا ہے مگر اس میں عاصم بن عمر بن قتادہ بن عمرو عبدالواحد کی زیادتی ہے۔ البیہقی نے الخلافیات میں حاکم سے نقل کیا ہے فرمایا " ہذا حدیث صحیح " یہ حدیث صحیح ہے اور سجدہ شکر کو میں اس حدیث سے صحیح نہیں جانتا۔ اس میں مذکورہ بالا اختلاف کے علاوہ بھی اختلاف پایا جاتا ہے اس حدیث کو امام احمد اور ابو یعلیٰ الموصلی نے اپنی اپنی مسند میں روایت کیا ہے۔ اور البیہقی نے اپنی سنن میں عمرو کے طریق سے روایت کی ہے عن عبدالرحمٰن بن ابی الحویرث عن محمد بن جبیر عن عبدالرحمٰن بن عوف اور ابن ابی عاصم نے عمرو عن ابی الحویرث عن محمد بن جبیر عن عبدالرحمٰن کے طریق سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک چار دیواری میں داخل ہوئے اور میں حضور علیہ

الصلوٰۃ والسلام کے پیچھے پیچھے تھا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا جبرئیل امین مجھے ملے ہیں اور بتایا ہے کہ میں تمہیں بشارت دیتا ہوں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

مَنْ صَلّٰى عَلَيْكَ صَلَّيْتُ عَلَيْهِ وَمَنْ سَلَّمَ عَلَيْكَ سَلَّمْتُ عَلَيْهِ۔

جو تجھ پر درود بھیجے گا میں اس پر درود بھیجوں گا اور جو تجھ پر سلام بھیجے گا میں اس پر سلام بھیجوں گا۔

اس حدیث پاک کو ابو یعلی نے ابن ابی سندر الاسلمی عن مولی لعبد الرحمٰن بن عوف کی روایت سے نقل کیا ہے مولی عبد الرحمٰن کا نام نہیں لیا ہے۔ فرماتے ہیں حضرت عبد الرحمٰن بن عوف نے فرمایا میں مسجد کے میدان میں کھڑا تھا۔ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو قبرستان سے متصل دروازے سے نکلتے ہوئے دیکھا میں تھوڑا سا رکا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نکل پڑا میں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو الاسواف کے باغ میں داخل ہوتے ہوئے پایا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو فرمایا پھر دو رکعت نماز ادا فرمائی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ فرمایا اور سجدہ کو طول کیا آگے پوری حدیث ذکر فرمائی۔ یہی حدیث ابن ابی عاصم نے اسی طریق سے اختصار کے ساتھ بایں الفاظ ذکر کی ہے۔ میں نے سجدہ شکر ادا کیا کیونکہ جبرئیل نے مجھے بتایا کہ جو مجھ پر درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس پر درود بھیجے گا۔

ابن ابی عاصم نے عبد اللہ بن مسلم عن رجل من بنی ضمرہ عن عبد الرحمٰن بن عوف کی سند سے مرفوعاً نقل کی ہے۔

اَعْطَانِیْ رَبِّیْ فَقَالَ اِنَّهٗ مَنْ صَلّٰى عَلَيْكَ مِنْ اُمَّتِكَ صَلَّيْتُ عَلَيْهِ عَشْرًا۔

میرے پروردگار نے عطا فرمایا ارشاد فرمایا جو تجھ پر تیری امت میں سے درود بھیجے گا میں اس پر دس مرتبہ درود بھیجوں گا۔

اس حدیث کو ابن ابی الدنیا، البزاز، ابو یعلی اور ابن ابی عاصم نے حضرت سعد بن ابراہیم عن ابیہ عن جدہ عبد الرحمٰن کی سند سے بھی روایت کیا ہے فرماتے ہیں۔ دن یا رات کے وقت جب کبھی حضور ﷺ کسی ضرورت کے لئے باہر تشریف لے جاتے تو چار یا پانچ صحابہ کرام آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ہوتے، ایک دفعہ میں حاضر ہوا،

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام باہر تشریف لے گئے، میں پیچھے پیچھے چل پڑا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسواف کے ایک باغ میں داخل ہوئے نماز ادا فرمائی پھر سجدہ فرمایا سجدہ کو طویل کر دیا میں رونے لگا اور دل میں کہا کہ شاید اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی روح قبض کر لی ہے راوی فرماتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سر مبارک اٹھایا اور مجھے بلا کر رونے کی وجہ پوچھی تو میں نے عرض کی، یارسول اللہ! آپ نے سجدہ طویل فرمایا میں نے دل میں سوچا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی روح قبض فرمالی ہے اور اب ہمیشہ ہمیشہ کیلئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ دیکھ سکوں گا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا میں نے اپنے رب تعالیٰ کی اس نعمت کا شکر بجالانے کیلئے سجدہ شکر ادا کیا جو اس نے میری امت کے حق میں مجھ پر فرمائی ہے کہ جو میرا امتی مجھ پر ایک مرتبہ صلاۃ بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس کے لئے دس نیکیاں لکھ دے گا اور اس کے دس گناہ مٹا دے گا۔ یہ ابو یعلی کے الفاظ تھے۔

ابن ابی عاصم نے اس کو مختصر ذکر کیا اور اس کے الفاظ یہ ہیں۔

سَجَدْتُ شُكْرًا لِرَبِّيْ فِيْمَا اَبْلَانِيْ فِيْ اُمَّتِيْ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلَاةً صَلَّتْ عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ مِثْلَ مَا صَلّٰى عَلَيَّ فَلْيَقِلَّ عَبْدٌ مِنْ ذَالِكَ اَوْ لِيُكْثِرْ۔

میں نے اپنے رب تعالیٰ کی اس نعمت کا شکر بجالانے کیلئے سجدہ شکر ادا کیا جو اس نے میری امت کے حق میں مجھ پر فرمائی کہ جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا فرشتے اس کی مثل اس پر درود بھیجیں گے جتنا کہ اس نے مجھ پر درود بھیجا اب بندہ مومن کی مرضی کم پڑھے یا زیادہ پڑھے۔

اس کے دوسرے الفاظ یہ بھی ہیں۔

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلَاةً كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ عَشْرَ حَسَنَاتٍ وَمَحَا عَنْهُ عَشْرَ سَيِّئَاتٍ۔

جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس کے لئے دس نیکیاں لکھے گا اور دس برائیاں مٹا دے گا۔

ابن ابی الدنیا کے الفاظ یہ ہیں۔

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلَاةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا۔

جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ دس مرتبہ اس پر درود بھیجے گا۔

اس کی سند میں موسیٰ بن عمیدۃ الذبدی انتہائی ضعیف ہے۔

اس حدیث کو الضیاء نے المختارہ میں سہل بن عبدالرحمٰن بن عوف عن ابیہ کے طریق سے مندرجہ ذیل الفاظ میں روایت کیا ہے۔

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ عَلَيْهِمْ يَوْمًا فِيْ وَجْهِهِ الْبِشْرُ فَقَالَ اِنَّ جِبْرِيْلَ جَاءَنِيْ فَقَالَ اَلَا اُبَشِّرُكَ يَا مُحَمَّدُ بِمَا اَعْطَاكَ رَبُّكَ مِنْ اُمَّتِكَ وَبِمَا اَعْطٰى اُمَّتَكَ مِنْكَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْكَ مِنْهُمْ صَلَاةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَمَنْ سَلَّمَ عَلَيْكَ مِنْهُمْ سَلَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ۔

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن اپنے صحابہ کے پاس تشریف لائے، اور چہرے پر بشاشت تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ، جبرئیل امیں میرے پاس آئے اور بتایا اے محمد! میں تجھے بشارت نہ دوں اس عنایت پر جو تیرے رب نے تیری امت کے بارے تجھ پر فرمائی ہے اور جو عنایت تیری امت کو تیری طرف سے عطا فرمائی ہے۔ جو بھی تیرے امتیوں میں سے تجھ پر درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس پر درود بھیجے گا اور جو تجھ پر سلام بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس پر سلام بھیجے گا۔

یہ حدیث حسن ہے اور اس سند کے رجال صحیح کے رجال جیسے ہیں لیکن اس میں عنعنہ الذبیر ہے الدارقطنی نے العلل میں ذکر کیا ہے کہ اسحٰق بن ابی فروہ نے ابی الزبیر سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں عن حمید بن عبدالرحمٰن کو سہیل کی جگہ ذکر کیا ہے لیکن اسحٰق ضعیف ہے واللہ اعلم۔

حضرت انس بن مالک اور مالک بن اوس بن الحدثان رضی اللہ عنہما سے مروی ہے، فرماتے ہیں

خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَبَرَّزُ فَلَمْ يَجِدْ اَحَدًا يُتْبِعُهُ فَفَزِعَ عُمَرُ فَاتَّبَعَهُ بِمَطْهَرَةٍ يَعْنِيْ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم قضاء حاجت کیلئے باہر نکلے۔ کوئی آدمی پیچھے آنے والا نہ تھا حضرت عمر پریشان ہوگئے پھر خود لوٹا اٹھا کر

اَدَادَةً، فَوَجَدَهٗ سَاجِدًا فِی شَرَبَةٍ فَتَنَحّٰی عُمَرُ فَجَلَسَ وَرَاءَهٗ حَتّٰی رَفَعَ رَاسَهٗ قَالَ فَقَالَ اَحْسَنْتَ یَا عُمَرُ حِیْنَ وَجَدْتَنِیْ سَاجِدًا فَتَنَحَّیْتَ عَنِّیْ اِنَّ جِبْرِیْلَ اَتَانِیْ فَقَالَ مَنْ صَلّٰی عَلَیْكَ وَاحِدًا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ عَشْرًا وَرَفَعَهٗ عَشْرَ دَرَجَاتٍ۔

پیچھے چل پڑے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک نالی میں سجدہ کرتے ہوئے پایا۔ تو حضرت عمر پیچھے ہٹ کر بیٹھ گئے حتیٰ کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سر اٹھایا اور فرمایا اے عمر! تو مجھے سجدہ میں دیکھ کر پیچھے ہٹ گیا، تو تو نے بہت اچھا کیا ہے کیونکہ جبرئیل امین میرے پاس آئے اور خوشخبری سنائی کہ جو تجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ درود بھیجے گا اور اس کے دس درجات بلند فرمائے گا۔

امام بخاری نے الادب المفرد میں اسی طرح اس حدیث کو روایت کیا ہے اور ابو بکر بن شیبہ اور البزاز نے اپنی اپنی سند میں اس حدیث کو روایت کیا ہے۔ اسماعیل القاضی نے فضل الصلوٰۃ میں صرف حضرت انس سے روایت کیا ہے اس کی سند میں مسلمہ بن وردان ہیں جنہیں احمد نے ضعیف کہا ہے اور اس پر اختلاف کیا ہے۔ جیسا کہ میں عنقریب ذکر کروں گا۔

اسی حدیث کو ابن ابی عاصم نے برید بن ابی مریم عن ابیہ عن انس کے طریق سے مرفوعاً بایں الفاظ روایت کیا ہے۔

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلَاةً صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ عَشْرَ صَلَوَاتٍ وَمَحَا عَنْهُ عَشْرَ سَیِّئَاتٍ۔

جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ درود بھیجے گا اور اس کی دس خطائیں مٹادے گا۔

حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرمایا۔

خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِحَاجَتِهٖ فَلَمْ یَجِدْ اَحَدًا یَتْبَعُهٗ فَفَزِعَ عُمَرُ فَاَتَاهُ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قضاء حاجت کیلئے باہر تشریف لائے، تو پیچھے جانے کیلئے کوئی آدمی نہ پایا تو حضرت عمر پریشان ہوگئے، پھر

بِمَطْهَرَةٍ مِنْ خَلْفِهِ فَوَجَدَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاجِدًا فِيْ شَرَبَةٍ فَتَنَحّٰى عَنْهُ مِنْ خَلْفِهِ حَتّٰى رَفَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاسَهُ فَقَالَ اَحْسَنْتَ يَا عُمَرُ حِيْنَ وَجَدْتَنِيْ سَاجِدًا فَتَنَحَّيْتَ عَنِّيْ اَنَّ جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَام اَتَانِيْ فَقَالَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْكَ مِنْ اُمَّتِكَ وَاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا وَرَفَعَهُ عَشْرَ دَرَجَاتٍ۔

خود لوٹا لے کر پیچھے چل پڑے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک حوض میں سجدہ کرتے ہوئے دیکھا تو پیچھے ہٹ کر کھڑے ہو گئے یہاں تک کہ، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سر اٹھایا اور فرمایا اے عمر! تو مجھے سجدہ میں دیکھ کر پیچھے ہٹ کر کھڑا ہو گیا یہ تو نے بڑا اچھا کیا۔ جبریل امین میرے پاس آئے اور ارشاد فرمایا جو تجھ پر تیری امت سے ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ درود بھیجے گا اور اس کے دس درجات بلند فرمائے گا۔

الطبرانی نے اسی حدیث کو الصغیر میں الاسود بن یزید عن عمر کی روایت سے روایت کیا ہے اور الطبرانی کے طریق سے اسی حدیث کو ضیاء نے المختارہ میں روایت کیا ہے۔ میں کہتا ہوں اس کی سند جید ہے بلکہ بعض نے اس کو صحیح کہا ہے۔ ابن شاہین نے اپنی ترغیب میں اس کو روایت کیا ہے اور ابن بشکوال نے ان کے طریق سے روایت کیا ہے اور محمد بن جریر الطبری نے تہذیب الاثار میں عاصم بن عبید اللہ عن عبد اللہ بن عامر بن ربیعہ عن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کی روایت سے نقل کی ہے۔ فرماتے ہیں۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلَاةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ بِهَا عَشْرَ صَلَوَاتٍ فَلْيُقِلَّ عَبْدٌ اَوْ لِيُكْثِرْ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس نے مجھ پر درود بھیجا اللہ تعالیٰ اس پر اس کے بدلے دس مرتبہ درود بھیجے گا اب بندہ کی مرضی تھوڑا پڑھے یا زیادہ پڑھے۔

ابن جریر نے کہا ہمارے نزدیک یہ خبر صحیح ہے، اس میں کوئی ایسی علت نہیں ہے جو اس کی کمزوری کا باعث ہو اور نہ کوئی ایسا سبب ہے جو ضعف کی وجہ بنے۔ میں کہتا ہوں یہ بڑی عجیب بات ہے کیونکہ عاصم کو جمہور علماء نے ضعیف کہا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ اس پر

مزید اختلاف بھی ہے ابن ابی عاصم نے اسی طرح روایت کی ہے اور بعض نے عنہ عن عبداللہ بن عامر بن ربیعہ عن ابیہ کی سند کے ساتھ روایت کی ہے جیسا کہ آگے ذکر ہوگا. اور یہ سند اصح ہے بعض نے عنہ عن القاسم بن محمد عن عائشہ کی سند سے روایت کی ہے۔ والعلم عند اللہ تعالیٰ۔

اسی حدیث کو اسماعیل القاضی اور ابن ابی عاصم نے سلمہ بن وردان کی روایت سے نقل کیا ہے فرماتے ہیں مجھ سے مالک بن اوس بن الحدثان البصری نے بیان کیا اور انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

خَرَجَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَبَرَّزُ فَاتَّبَعْتُهُ بِإِدَاوَةٍ مِنْ مَاءٍ فَوَجَدْتُهُ قَدْ فَرِغَ وَجَدْتُهُ سَاجِدًا فِي شَرَبَةٍ فَتَنَحَّيْتُ عَنْهُ فَلَمَّا فَرَغَ رَفَعَ رَاسَهُ فَقَالَ أَحْسَنْتَ يَا عُمَرُ حِيْنَ تَنَحَّيْتَ عَنِّيْ إِنَّ جِبْرِيْلَ أَتَانِيْ فَقَالَ مَنْ صَلَّى عَلَيْكَ صَلَاةً صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ عَشْرًا وَرَفَعَ لَهُ عَشْرَ دَرَجَاتٍ۔

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قضاء حاجت کیلئے باہر تشریف لے گئے میں پانی کا لوٹا لے کر پیچھے چلا گیا میں نے دیکھا کہ آپ فارغ ہو چکے ہیں پھر میں نے پانی کے حوض میں آپ کو سر بسجود پایا میں پیچھے ہٹ گیا جب آپ فارغ ہوئے تو سر مبارک اٹھایا اور فرمایا تو نے بہت اچھا کیا جب تو مجھ سے دور ہو گیا۔ جبریل امین میرے پاس آئے اور بتایا کہ جو تجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ درود بھیجے گا اور اس کے دس درجات بلند فرمائے گا۔

میں (مصنف) کہتا ہوں اس سند میں بھی سلمہ بن وردان پر اختلاف ہے یہ حدیث ان سے بھی اسی طرح مروی ہے اور ان کے واسطہ سے حضرت انس بن مالک سے بھی مروی ہے جیسا کہ پیچھے گذرا ہے ابن ابی عاصم نے اس کو روایت کیا ہے۔

الشربہ نہایہ میں راء مفتوحہ کے ساتھ بمعنی "حوض" ہے جو کھجور کے تنے کے ارد گرد گڑھا ہوتا ہے جو پانی سے بھر دیا جاتا ہے، جس سے وہ سیراب ہوتا رہتا ہے، اسی طرح صحاح میں ہے، "اَنَّهٗ حَوْضٌ يُتَّخَذُ حَوْلَ النَّخْلَةِ تَتَرَوّٰى مِنْهُ وَالْجَمْعُ شَرَبٌ وَشَرَبَاتٌ"

یعنی ایسا حوض جو کھجور کے ارد گرد اس کو سیراب کرنے کیلئے بنایا جاتا ہے اس کی جمع شرب و شربات ہے قاموس میں اس کا ضبط شین مفتوحہ اور راء مفتوحہ اور با مشددہ کے ساتھ ہے اور فرمایا۔ "اِنَّهَا الْاَرْضُ الْعَشِبَةُ لَاشُجَرَبِهَا" ایسی سرسبز زمین جس پر کوئی درخت نہ ہو اور انہوں۔ نے اپنی تصنیف میں اس کا مفہوم مجتمع النخیل لکھا ہے۔ آگے فرماتے ہیں کلام عرب میں سوائے جربہ کے جس کا معنی کھیتی ہے کوئی اس کی مثال موجود نہیں ہے۔

حضرت البراء بن عازب رضی اللہ عنہما سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ بِهَا عَشْرَ حَسَنَاتٍ وَمَحَا عَنْهُ بِهَا عَشْرَ سَيِّئَاتٍ وَرَفَعَهٗ بِهَا عَشْرَ دَرَجَاتٍ وَكَانَ لَهٗ عَدْلَ عَشْرِ رِقَابٍ۔

جس نے مجھ پر درود بھیجا اللہ تعالیٰ اس کے لئے اس کے عوض دس نیکیاں لکھے گا اور دس گناہ مٹا دے گا اور دس درجات بلند فرمائے گا اور تو اس کیلئے اس کو دس غلاموں کے آزاد کرنے کے برابر شمار کر۔

اس حدیث پاک کو ابن ابی عاصم نے کتاب الصلوٰۃ میں مولی براء (بغیر نام لئے) کے طریق سے روایت کیا ہے۔ حضرت ابی بردہ بن نیاز رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَا صَلّٰى عَلَيَّ عَبْدٌ مِنْ اُمَّتِيْ صَلَاةً صَادِقًا مِنْ قَلْبِهٖ اِلَّا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ بِهَا عَشْرَ صَلَوَاتٍ وَرَفَعَهٗ بِهَا عَشْرَ دَرَجَاتٍ وَكَتَبَ لَهٗ بِهَا عَشْرَ حَسَنَاتٍ مَحَا عَنْهُ بِهَا عَشْرَ سَيِّئَاتٍ۔

جب بھی کوئی میرا امتی مجھ پر خلوص دل کے ساتھ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے عوض اس پر دس درود بھیجتا ہے اور دس درجات بلند فرماتا ہے اور اس کے نامہ اعمال میں دس نیکیاں لکھ دیتا ہے اور دس گناہ مٹا دیتا ہے۔

اس حدیث پاک کو ابن ابی عاصم نے الصلوٰۃ میں نسائی نے الیوم واللیلہ اور اپنی سنن میں البیہقی نے الدعوات میں اور الطبرانی نے روایت کیا ہے۔ الطبرانی نے لفظ صلاۃ ذکر نہیں کیا اس کے راوی ثقہ ہیں اس حدیث کو اسحٰق بن راہویہ اور البزاز نے ثقہ رجال کی سند کے

ساتھ روایت کیا ہے اور ان کے الفاظ یہ ہیں۔

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مِنْ تِلْقَاءِ نَفْسِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ بِھَا عَشْرَ صَلَوَاتٍ وَحَطَّ عَنْہُ عَشْرَ سَیِّاٰتٍ وَرَفَعَ لَہٗ عَشْرَ دَرَجَاتٍ۔

جس نے حضور نفس کے ساتھ مجھ پر درود بھیجا اللہ تعالٰی اس کے عوض اس پر دس درود بھیجے گا اور اس کے دس گناہ معاف کر دے گا اور اس کے دس درجات بلند فرمائے گا

میں (مصنف) کہتا ہوں اس سند میں ابو الصباح سعید بن سعید پر اختلاف کیا گیا ہے. فقیل عنہ ہکذا وقیل عنہ عن سعید ابن عمیر عن ابیہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم جیسے کہ آگے ذکر ہو گا پہلی روایت اشبہ ہے یہ ابو زرعہ الرازی کا قول ہے باللہ التوفیق۔حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

مَنْ صَلّٰی عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کُتِبَ لَہٗ عَشْرُ حَسَنَاتٍ وَحُطَّ عَنْہُ عَشْرُ سَیِّئَاتٍ وَرُفِعَ لَہٗ عَشْرُ دَرَجَاتٍ۔

جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا اس کے نامہ اعمال میں دس نیکیاں لکھی جائیں گی، دس گناہ مٹا دیئے جائیں گے اور اس کے دس درجات بلند کئے جائیں گے۔

اس روایت کو سعید بن منصور نے نقل کیا ہے، اس کی سند میں ایک ایسا راوی ہے جس کا نام نہیں لیا گیا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اکابر اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں۔

قَالُوْا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلَاۃً وَاحِدَۃً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ عَشْرًا وَمَنْ صَلّٰی عَلَیَّ عَشْرًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ مِائَۃً وَمَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مِائَۃً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ اَلْفًا وَمَنْ صَلّٰی عَلَیَّ اَلْفًا زَاحَمَتْ کَتِفُہٗ کَتِفِیْ عَلٰی بَابِ الْجَنَّۃِ۔

صحابہ کرام فرماتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالٰی اس پر دس مرتبہ درود بھیجے گا اور جو دس مرتبہ مجھ پر درود بھیجے گا اللہ تعالٰی سو مرتبہ اس پر درود بھیجے گا اور جو مجھ پر سو مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالٰی ہزار مرتبہ اس پر درود بھیجے گا اور جو مجھ پر ہزار مرتبہ درود بھیجے گا باب جنت پر اس کا کندھا میرے کندھے

کے ساتھ ملا ہوا ہوگا۔

اس روایت کو صاحب الدر المنظم نے ذکر کیا ہے لیکن میں ابھی تک اس کی اصل پر واقف نہیں ہوا اور میں اسے موضوع خیال کرتا ہوں واللہ اعلم۔

حضرت ابو طلحہ الانصاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ ذَاتَ يَوْمٍ وَالْبُشْرٰى تُرٰى فِيْ وَجْهِهٖ فَقَالَ اِنَّهٗ جَاءَنِيْ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ اَمَا يُرْضِيْكَ يَا مُحَمَّدُ اَنْ لَا يُصَلِّيَ عَلَيْكَ اَحَدٌ مِنْ اُمَّتِكَ اِلَّا صَلَّيْتُ عَلَيْهِ عَشْرًا وَلَا يُسَلِّمُ عَلَيْكَ اَحَدٌ مِنْ اُمَّتِكَ اِلَّا سَلَّمْتُ عَلَيْهِ عَشْرًا۔

ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور آپ کے رخ انور پر مسرت کے آثار تھے، ارشاد فرمایا"میرے پاس جبریل علیہ السلام آئے ہیں اور یہ کہا ہے اے محمد! کیا آپ اس بات پر خوش نہیں ہیں کہ آپ کا کوئی امتی آپ پر درود پڑھے اور میں اس پر دس مرتبہ درود پڑھوں اور آپ کا کوئی امتی آپ پر سلام پڑھے اور میں اس پر دس مرتبہ سلام پڑھوں"

اس حدیث پاک کو دارمی احمد، حاکم نے اپنی صحیح میں، ابن حبان اور نسائی نے روایت کیا ہے اور یہ الفاظ نسائی کے ہیں اس میں نقص ہے ابن حبان وغیرہ کی روایت میں یہ الفاظ ہیں۔

خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مَسْرُوْرٌ فَقَالَ الْمَلَكُ جَاءَنِيْ فَقَالَ لِيْ يَا مُحَمَّدُ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى

یقول لک اما ترضی آگے یہی حدیث بیان کی ہے مگر انہوں نے احد من عبادی کے الفاظ ذکر کئے ہیں اور سلام میں جار مجرور کو ساقط کر دیا ہے اور آخر میں "بَلٰی یَا رَبِّ" کے الفاظ زائد کئے ہیں۔ اس کی سند میں سلیمان مولی الحسن بن علی ہیں جن کے متعلق النسائی نے کہا ہے کہ یہ مشہور نہیں ہیں الذہبی نے میزان میں لکھا ہے کہ سوائے ثابت البنانی کے کسی نے ان سے روایت نہیں کیا ہے، ابن حبان نے ان کو ان ثقہ اشخاص میں ذکر کیا ہے جن سے کچھ روایت نہیں کیا گیا۔ اور اپنی صحیح میں ان سے حجت پکڑی ہے۔ جیسا کہ آپ نے دیکھا کہ سلمان نقل میں منفرد نہیں ہیں۔ اس حدیث کو امام احمد نے اپنی المسند میں اسحٰق بن کعب بن

مجرہ سے روایت کیا ہے کہ ابو طلحہ نے فرمایا۔

اَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا طَيِّبَ النَّفْسِ يُرٰى فِي وَجْهِهِ الْبِشْرُ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! اَصْبَحْتَ طَيِّبَ النَّفْسِ يُرٰى فِيْ وَجْهِكَ الْبِشْرُ قَالَ اَجَلْ اَتَانِيْ آتٍ مِنْ رَبِّيْ فَقَالَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْكَ مِنْ اُمَّتِكَ كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ بِهَا عَشَرَ حَسَنَاتٍ وَمَحَا عَنْهُ عَشَرَ سَيِّأٰتٍ وَرَفَعَ لَهٗ عَشَرَ دَرَجَاتٍ وَرَدَّ عَلَيْهِ مِثْلَهَا۔

ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بڑی خوشگوار کیفیت میں تھے۔چہرہ انور پر بشاشت دکھائی دے رہی تھی صحابہ کرام نے پوچھا آپ بڑی خوشگوار کیفیت میں ہیں۔ آپ کے چہرہ انور پر مسرت و فرحت دکھائی دے رہی ہے ارشاد فرمایا ہاں، میرے پاس میرے رب کی طرف سے آنے والا آیا اور کہا کہ، جو شخص آپ کی امت میں سے تجھ پر درود پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے عوض اس کے لئے دس نیکیاں لکھ دے گا اور دس خطائیں معاف فرما دے گا۔ اور اس کے دس درجات بلند فرمائے گا اور اس کی مثل اس پر صلاۃ بھی بھیجے گا۔

اس کی سند میں ضعف ہے اس حدیث کو قاضی اسماعیل ابو بکر بن ابی عاصم اور ابو الطاہر المخلص نے ثابت البنانی عن انس عن ابی طلحہ کی روایت سے روایت کیا ہے۔

اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ يَوْمًا يُعْرَفُ الْبِشْرُ فِيْ وَجْهِهٖ فَقَالُوْا اِنَّا لَنَعْرِفُ الْآنَ فِيْ وَجْهِكَ الْبِشْرُ قَالَ اَجَلْ اَتَانِي الْاٰنَ آتٍ مِنْ رَبِّيْ فَاَخْبَرَنِيْ اَنَّهٗ لَنْ يُّصَلِّيَ عَلَيَّ اَحَدٌ مِنْ اُمَّتِيْ اِلَّا رَدَّ اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشَرَ اَمْثَالِهَا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن باہر تشریف لائے چہرہ انور پر بشاشت معلوم ہوتی تھی۔صحابہ کرام نے عرض کیا، آقا! ہم اب آپ کے چہرہ انور پر خوشی کے آثار دیکھ رہے ہیں فرمایا، ہاں، ابھی میرے پاس میرے پروردگار کی طرف سے ایک آنے والا آیا اور مجھے بتایا کہ میرا کوئی امتی مجھ پر درود پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ درود بھیجے گا۔

ابن شاہین نے بھی اس طرح کا مفہوم بیان کیا ہے مگر ان کے الفاظ یہ نہیں ہیں۔ الطبرانی نے اس طریق سے روایت کی ہے مگر وہ "مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلَاةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا" کے الفاظ کے ساتھ خاص ہے۔

میں (مصنف) کہتا ہوں بعض حفاظ حدیث نے اس کی سند کے صحیح ہونے کا حکم لگایا ہے مگر اس حکم میں نظر ہے کیونکہ ثابت عن سلیمان عبداللہ بن ابی طلحہ عن ابیہ کی روایت کی وجہ سے معلول ہے اسی طرح اس حدیث کو نسائی، احمد اور البیہقی نے الشعب میں روایت کیا ہے اور اس کے رجال ثقہ ہیں۔ اس روایت پر قاضی اسماعیل نے ثابت کو تابع بنایا ہے انہوں نے اس حدیث کو اسحٰق بن عبداللہ بن ابی طلحہ عن ابیہ عن جدہ کی روایت سے مرفوعاً بایں الفاظ روایت کیا ہے۔

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ وَاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا فَلْيُكْثِرْ عِنْدَ مِنْ ذَالِكَ اَوْ لِيُقِلَّ ۔

جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ درود بھیجے گا، بندہ اس کو زیادہ بھیجے یا کم اس کی مرضی۔

ابان، عبدالحکم، الزہری اور ابو ظلال وغیر ہم نے ثابت کی متابعت کی ہے۔ ابان کی روایت کو ابو نعیم نے الحلیہ میں ان الفاظ میں نقل کیا ہے۔

دَفَعْنَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ اَطْيَبُ شَيْئٍ نَفْسًا فَقُلْنَا لَهٗ فَقَالَ وَمَا يَمْنَعُنِيْ وَاِنَّمَا خَرَجَ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ آنِفًا فَاَخْبَرَنِيْ اَنَّهٗ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلَاةً كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ عَشْرَ حَسَنَاتٍ وَمَحَا عَنْهُ عَشْرَ سَيِّئَاتٍ وَرَدَّ عَلَيْهِ مِثْلَ مَا قَالَهٗ۔

ہم حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پہنچے آپ بڑے خوش تھے ہم نے آپ سے پوچھا تو فرمایا، میرے پاس ابھی جبرئیل آئے اور مجھے بتایا کہ جو مجھ پر درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس کے لئے دس نیکیاں لکھے گا، دس گناہ مٹا دے گا اور جو کچھ اس نے بھیجا اس کی مثل اس پر وہ لوٹا دے گا۔

عبدالحکیم کی روایت جسے التیمی نے اپنی الترغیب میں ذکر فرمایا ہے اس کے الفاظ یہ ہیں۔

دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ اَرَهٗ اَشَدَّ اِسْتِبْشَارًا

میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے اس دن جتنا آپ صلی

مِنْهُ يَوْمَئِذٍ وَلَا أَطْيَبَ نَفْسًا قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا رَأَيْتُكَ قَطُّ أَطْيَبَ نَفْسًا وَلَا أَشَدَّ اِسْتِبْشَارًا مِنْكَ الْيَوْمَ فَقَالَ مَا يَمْنَعُنِيْ وَهٰذَا جِبْرِيْلُ قَدْ خَرَجَ مِنْ عِنْدِيْ آنِفًا فَقَالَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى مَنْ صَلّٰى عَلَيْكَ صَلَاةً صَلَّيْتُ عَلَيْهِ بِهَا عَشْرًا وَمَحَوْتُ عَنْهُ عَشْرَ سَيِّئَاتٍ وَكَتَبْتُ لَهُ عَشْرَ حَسَنَاتٍ۔

اللہ علیہ وسلم کو شاداں و فرحاں دیکھا اتنا پہلے کبھی نہ دیکھا تھا میں نے عرض کی، یارسول اللہ! میں نے آج سے قبل آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اتنا خوش و خرم کبھی نہ دیکھا تھا (کیا وجہ ہے) ارشاد فرمایا مجھے خوشی کیوں نہ ہو کہ یہ جبریل امین تھے جو ابھی ابھی میرے پاس سے اٹھ کر گئے ہیں اور بتایا ہے کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں، (اے محبوب کریم!) جو تجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا میں اس کے بدلے اس پر دس مرتبہ درود بھیجوں گا اس کے دس گناہ معاف کردوں گا اور دس نیکیاں اس کے نامہ اعمال میں لکھ دوں گا۔

امام زہری کی روایت جسے الطبرانی اور ابن ابی عاصم نے روایت کیا ہے اس کے الفاظ یہ ہیں۔

أَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُتَهَلِّلٌ وَجْهُهُ مُتَبَشِّرٌ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّكَ عَلٰى حَالَةٍ مَا رَأَيْتُكَ عَلٰى مِثْلِهَا قَالَ وَمَا يَمْنَعُنِيْ أَتَانِيْ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ بَشِّرْ أُمَّتَكَ أَنَّ مَنْ صَلّٰى عَلَيْكَ صَلَاةً كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ بِهَا عَشْرَ حَسَنَاتٍ وَكَفَّرَ عَنْهُ بِهَا عَشْرَ سَيِّئَاتٍ

میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم بڑے خوش تھے اور آپ کے چہرہ انور پر مسکراہٹ رقص کناں تھی۔ میں نے عرض کی یارسول اللہ! میں نے آپ کو پہلے ایسا کبھی نہیں دیکھا۔ (کیا وجہ ہے) ارشاد فرمایا مجھے خوشی کیوں نہ ہو میرے پاس جبرئیل آئے ہیں اور کہا ہے کہ (اے محبوب کریم!) اپنی امت کو یہ مژدہ سنایئے کہ جو تجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس کے بدلے اس کو دس نیکیاں عطا فرمائے گا اور دس گناہ معاف فرما

دے گا۔

ابن شاہین نے یہی روایت ذکر کی ہے اور آخر میں یہ الفاظ زائد ذکر کئے ہیں۔

وَرَفَعَ لَهُ بِهَا عَشْرَ دَرَجَاتٍ وَرَدَّ اللهُ عَزَّوَجَلَّ مِثْلَهُ قَوْلِهِ وَعُرِضَتْ عَلَيَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

اس کے دس درجات بلند فرمائے اور اللہ تعالیٰ اسی کی مثل اس پر درود لوٹائے گا اور قیامت کے دن اس کا درود مجھ پر پیش کیا جائے گا۔

الطبرانی نے یہی روایت بایں الفاظ بھی ذکر فرمائی ہے۔

دَخَلْتُ عَلَى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَسَارِيْرُ وَجْهِهِ تَبْرُقُ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللهِ! مَا رَأَيْتُكَ أَطْيَبَ نَفْسًا وَلَا أَظْهَرَ بِشْرًا مِنْ يَوْمِكَ هٰذَا قَالَ وَمَا لِيْ لَا تَطِيْبُ نَفْسِيْ وَيَظْهَرُ بِشْرِيْ وَإِنَّمَا فَارَقَنِيْ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ السَّاعَةَ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ مَنْ صَلَّى عَلَيْكَ مِنْ أُمَّتِكَ صَلَاةً كَتَبَ اللهُ لَهُ بِهَا عَشْرَ حَسَنَاتٍ وَمَحَا عَنْهُ بِهَا عَشْرَ سَيِّأٰتٍ وَرَفَعَهُ بِهَا عَشْرَ دَرَجَاتٍ وَقَالَ لَهُ الْمَلَكُ مِثْلَ مَا قَالَ لَكَ قُلْتُ يَا جِبْرِيْلُ وَمَا ذَاكَ الْمَلَكُ قَالَ إِنَّ اللهَ عَزَّوَجَلَّ وَكَّلَ مَلَكًا مُنْذُ خَلَقَكَ إِلَى أَنْ يَبْعَثَكَ لَا يُصَلِّيْ عَلَيْكَ أَحَدٌ مِنْ أُمَّتِكَ إِلَّا قَالَ وَأَنْتَ صَلَّى اللهُ عَلَيْكَ۔

میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ انور خوشی کی وجہ سے چمک رہا تھا عرض کی، یارسول اللہ! آج سے قبل میں نے آپ کو اتنا شاداں و فرحاں نہیں دیکھا (کیا وجہ ہے) ارشاد فرمایا میں کیوں خوش نہ ہوں اور اظہار مسرت کیسے نہ کروں کہ اسی گھڑی جبریل امیں مجھے یہ پیغام سنا کر گئے ہیں کہ اے محمد! (صلی اللہ علیہ وسلم) جو آپ کا خوش نصیب امتی ایک مرتبہ آپ پر درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس کے بدلے اس کے نامہ اعمال میں دس نیکیاں لکھے گا، دس گنا معاف فرمائے گا اور دس درجات بلند فرمائے گا اور فرشتہ اسی طرح اس پر درود بھیجے گا جیسے اس نے تجھ پر درود بھیجا۔ میں نے پوچھا اے جبریل! وہ فرشتہ کیسا ہے تو انہوں نے بتایا کہ اللہ تعالیٰ نے جب سے آپ کو پیدا فرمایا ہے

اس وقت سے لے کر قیامت تک کیلئے اللہ تعالیٰ نے ایک فرشتہ کو مقرر فرمایا ہے جو بھی آپ کا امتی تجھ پر درود بھیجے گا وہ فرشتہ کہے گا اے خوش بخت! تجھ پر اللہ تعالیٰ درود بھیجے۔

ابی ظلال کی روایت اس کو تقی بن مخلد نے اور ان کے طریق سے ابن بشکوال نے روایت کیا ہے جس کے الفاظ یہ ہیں۔

سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ لَقِيَ اَبُوْطَلْحَةَ نَبِيَّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَخَارِجٌ مِنْ بَعْضِ حُجُرَاتِهٖ فَقَالَ يَا نَبِيَّ اللهِ مَازِلْتُ حُسْنًا وَجْهَكَ وَلَمْ اَرَكَ اَحْسَنَ وَجْهًا مِنْكَ الْيَوْمَ وَاِنِّيْ لَاَظُنُّ اِنَّ جِبْرِيْلَ اَتَاكَ الْيَوْمَ بِبَعْضِ الْبِشَارَةِ قَالَ نَعَمْ اِنْطَلَقَ مِنْ عِنْدِيْ اٰنِفًا فَاَخْبَرَنِيْ اِنَّ اللهَ يَقُوْلُ مَامِنْ مُسْلِمٍ يُصَلِّيْ عَلَيْكَ صَلَاةً وَاحِدَةً اِلَّاصَلَّيْتُ اَنَا وَمَلَائِكَتِيْ عَلَيْهِ عَشْرًا۔

میں نے حضرت انس بن مالک کو یہ فرماتے سنا کہ حضرت ابو طلحہ اللہ تعالیٰ کے پیارے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملے آپ اپنے حجرہ مبارک سے باہر تھے، عرض کی، یانبی اللہ! آپ کا چہرہ نہایت خوش و خرم نظر آ رہا ہے پہلے تو میں نے کبھی اتنا خوش نہ دیکھا تھا میرا گمان ہے آج جبریل امیں کوئی بشارت آپ کے پاس لائے ہیں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا ہاں ابھی ابھی جبریل امیں میرے پاس سے اٹھے ہیں اور مجھے یہ پیغام پہنچایا ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں، (اے محبوب کریم!) جو مسلمان بھی آپ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا میں خود بھی اور میرے فرشتے بھی اس مسلمان پر دس مرتبہ درود بھیجیں گے۔

اسی حدیث کو ابی ظلال عن انس کے طریق سے فوائد ابو یعلی الصابونی میں بایں الفاظ روایت کیا گیا ہے۔

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهِ

فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ مِنْ عِنْدِيْ آنِفًا يُخْبِرُنِيْ عَنْ رَبِّهِ عَزَّوَجَلَّ مَا عَلَى الْاَرْضِ مُسْلِمٌ صَلّٰى عَلَيْكَ وَاحِدَةً اِلَّا صَلَّيْتُ عَلَيْهِ اَنَا وَمَلَائِكَتِيْ عَشْرًا فَاَكْثِرُوْا عَلَيَّ مِنَ الصَّلٰوةِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَاِذَا صَلَّيْتُمْ عَلَيَّ فَصَلُّوْا عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ فَاِنِّيْ رَجُلٌ مِّنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۔

فرمایا! ابھی ابھی جبرئیل امیں میرے پاس سے اٹھ کر گئے ہیں اور میرے کریم رب عزوجل کی طرف سے پیغام پہنچایا ہے کہ سطح زمین پر جو مسلمان بھی تجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا میں خود بھی اور میرے فرشتے بھی اس پر دس مرتبہ درود بھیجیں گے اے میرے جانثار غلامو! جمعہ کے دن کثرت سے مجھ پر درود بھیجا کرو اور جب تم مجھ پر درود بھیجو تو تمام اللہ تعالیٰ کے رسولوں پر درود بھیجو، بیشک میں ان رسولوں میں سے ایک مرد ہوں۔

اسی حدیث کو ابو الفرج نے اپنی کتاب الوفاء میں روایت کیا ہے اور اس میں یہ الفاظ زیادہ ہیں۔

وَلَا يَكُوْنُ لِصَلَاتِهِ مُنْتَهٰى دُوْنَ الْعَرْشِ لَا تَمُرُّ عَلَيْكَ اِلَّا قَالَ صَلُّوْا عَلٰى قَائِلِهَا كَمَا صَلَّى النَّبِيَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔

اس کے درود کا منتہیٰ عرش سے نیچے نہیں ہوتا اور جب وہ آپ کے پاس سے گذرتی ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں، اے فرشتو! اس درود کے بھیجنے والے پر اسی طرح درود بھیجو جیسے اس نے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا۔

ابن ابی عاصم نے وَعُرِضَتْ عَلَيَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ کی زیادتی ذکر فرمائی ہے۔

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرمایا۔

خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا بِاَبِيْ طَلْحَةَ فَقَامَ اِلَيْهِ فَتَلَقَّاهُ فَقَالَ بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! اِنِّيْ لَاَرٰى

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حجرہ مبارکہ سے نکلے، آگے ابو طلحہ بیٹھے تھے ابو طلحہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف اٹھے اور آپ سے ملاقات کی اور کہا یارسول اللہ! میرے ماں

السُّرُوْرَ فِیْ وَجْهِكَ قَالَ اَجَلْ اِنَّهٗ اَتَانِیْ جِبْرِیْلُ آنِفًا فَقَالَ یَا مُحَمَّدُ مَنْ صَلّٰی عَلَیْكَ مَرَّةً اَوْ قَالَ وَاحِدَةً كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ بِهَا عَشْرَ حَسَنَاتٍ وَمَحَا عَنْهُ بِهَا عَشْرَ سَیِّئَاتٍ وَرَفَعَ لَهٗ بِهَا عَشْرَ دَرَجَاتٍ۔

باپ آپ پر فدا ہوں میں آپ کے چہرہ منیر پر خوشی دیکھ رہا ہوں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہاں ابھی ابھی جبریل امین میرے پاس آئے تھے انہوں نے مجھے بتایا کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم! جو آپ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس کے بدلے اس کے نامہ اعمال میں دس نیکیاں لکھے گا دس خطائیں معاف فرمائے گا اور دس درجات بلند فرمائے گا۔

محمد بن حبیب کی روایت کے متعلق فرمایا مجھے اس کے متعلق اور کچھ علم نہیں سوائے اس کے کہ انہوں نے فرمایا "وَصَلَّتْ عَلَیْهِ الْمَلَائِكَةُ عَشْرَ مَرَّاتٍ" اس حدیث کو امام بغوی اور ان کے طریق سے الضیاء نے المختارہ میں روایت کیا ہے اور الدار قطنی نے الافراد میں روایت کی ہے اور فرماتے ہیں محمد بن حبیب الجارودی، عبدالعزیز بن ابی حازم عن ابیہ سے روایت کرنے میں منفرد ہیں۔ میں (مصنف) کہتا ہوں اس کے تمام راوی ثقہ ہیں لیکن محمد بن حبیب سے اس میں غلطی ہوئی ہے اور انہوں نے اس میں قلب کیا ہے اس کے رواۃ میں سے عبدالعزیز بن ابی حازم عن العلاء بن عبدالرحمٰن عن ابی ہریرہ ہیں اس حدیث کو اسماعیل القاضی اور ابن ابی عاصم نے متن کے ساتھ بغیر قصہ کے روایت کیا ہے اس حدیث کو ابن ابی عاصم نے زہیر عن العلاء کے طریق سے مختصراً یوں روایت کیا ہے۔

من صلی علی صلاۃ واحدۃ صلی اللہ عَلَیْهِ عَشْرًا۔

جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ دس مرتبہ اس پر درود بھیجے گا۔

باب کی ابتداء میں ان الفاظ کے ساتھ پہلے بھی گذر چکی ہے۔

ان تمام واسطوں کے باوجود صحت کے حکم کو یہ روایت نہیں پہنچتی ہے لیکن ہمارے شیخ نے اس حدیث کے حسن ہونے پر جزم کیا ہے وباللہ التوفیق۔

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلّٰہِ مَلَکًا اَعْطَاہُ اَسْمَاعَ الْخَلَائِقِ فَھُوَ قَائِمٌ عَلٰی قَبْرِیْ اِذَا مُتُّ فَلَیْسَ اَحَدٌ یُصَلِّیْ عَلَیَّ صَلَاۃً اِلَّا قَالَ یَا مُحَمَّدُ صَلّٰی عَلَیْکَ فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ قَالَ فَیُصَلِّی الرَّبُّ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی عَلٰی ذَالِکَ بِکُلِّ وَاحِدَۃٍ عَشْرًا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا بیشک اللہ تعالیٰ کا ایک فرشتہ ہے جسے اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوق کے برابر قوت سماع عطا فرمائی ہے تو وہ ہمیشہ ہمیشہ میری قبر پر رہے گا جب میں قبر میں چلا جاؤں گا پس جب بھی کوئی ایک مرتبہ مجھ پر درود بھیجے گا تو وہ یوں عرض کرے گا یا محمدؐ! فلاں بن فلاں نے تجھ پر درود بھیجا ہے فرمایا رب تعالیٰ ہر ایک درود کے بدلے دس مرتبہ اس پر درود بھیجے گا۔

اسی حدیث پاک کو ابو الشیخ بن حبان، ابو القاسم التیمی نے اپنی ترغیب میں، ابو الحارث نے اپنی مسند میں اور ابن ابی عاصم نے اپنی کتاب میں روایت کیا ہے اور اس کے الفاظ یہ ہیں۔

اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی اَعْطٰی مَلَکًا مِنَ الْمَلَائِکَۃِ اَسْمَاعَ الْخَلَائِقِ فَھُوَ قَائِمٌ عَلٰی قَبْرِیْ حَتّٰی تَقُوْمُ السَّاعَۃُ فَلَیْسَ اَحَدٌ مِنْ اُمَّتِیْ یُصَلِّیْ عَلَیَّ صَلَاۃً اِلَّا قَالَ یَا اَحْمَدُ فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ بِاسْمِہٖ وَاِسْمِ اَبِیْہِ یُصَلِّیْ عَلَیْکَ کَذَا وَکَذَا وَضَمِنَ لِیَ الرَّبُّ اَنَّہٗ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلَاۃً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ عَشْرًا وَاِنْ زَادَ زَادَہُ اللّٰہُ

اللہ تعالیٰ نے اپنے فرشتوں میں سے ایک فرشتہ کو تمام مخلوق کے برابر قوت سماعت عطا فرمائی ہے۔ وہ میری قبر پر تاقیام قیامت کھڑا رہے گا میرا کوئی امتی مجھ پر درود نہیں بھیجے گا مگر وہ فوراً کہے گا یا احمد! فلاں بن فلاں یعنی اس کا نام اس کے باپ کا نام لے کر بتائے گا کہ وہ آپ پر درود ایسے ایسے الفاظ میں پڑھ رہا ہے اور میرے رب کریم نے مجھے اس بات کی ضمانت دی ہے کہ جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس پر درود بھیجے گا۔ اگر وہ زیادہ بھیجے گا تو اللہ بھی زیادہ فرمائے گا۔

اس حدیث کو الطبرانی نے اپنی معجم کبیر میں ابن الجراح نے امالی میں اسی طرح روایت کی

ہے اور ابو علی الحسن بن نصر الطوسی نے اپنی احکام اور البزاز نے اپنی مسند میں روایت کیا ہے اور اس کے الفاظ یہ ہیں۔

اِنَّ اللّٰہَ وَکَّلَ بِقَبْرِیْ مَلَکًا اَعْطَاہُ اَسْمَاءَ الْخَلَائِقِ فَلَا یُصَلِّیْ عَلَیَّ اَحَدٌ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ اِلَّا اَبْلَغَنِیْ بِاِسْمِہٖ وَاِسْمِ اَبِیْہِ ھٰذَا فُلَانُ ابْنُ فُلَانٍ قَدْ صَلّٰی عَلَیْکَ۔

اللہ تعالیٰ نے میری قبر پر ایک فرشتہ مقرر فرمایا جسے تمام مخلوق کی سماعت کے برابر قوت سماعت عطا فرمائی ہے قیامت تک جو بھی مجھ پر درود بھیجے گا وہ مجھے اس شخص کا نام ولدیت کے ساتھ بتا کر کہے گا کہ فلاں بن فلاں نے آپ پر درود بھیجا ہے۔

بعض کی روایت میں یہ زائد ہے کہ۔

وَاِنِّیْ سَاَلْتُ رَبِّیْ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ لَّا یُصَلِّیْ عَلَیَّ اَحَدٌ مِنْھُمْ صَلٰوۃً اِلَّا صُلِّیَ عَلَیْہِ عَشْرُ اَمْثَالِھَا وَاِنَّ اللّٰہَ عَزَّ وَجَلَّ اَعْطَانِیْ ذَالِکَ۔

پھر میں نے اپنے عزت و جلالت والے رب سے سوال کیا کہ کوئی شخص میری امت کا درود بھیجے تو اس پر اس کی مثل دس گنا درود بھیجا جائے تو اللہ تعالیٰ نے مجھے یہ نعمت بھی عطا فرمادی۔

ان کی اسناد میں نعیم بن ضمضم ہیں جن کے متعلق عمران بن الحمیری سے روایت کرنے میں اختلاف ہے المنذری فرماتے ہیں، معروف نہیں ہیں۔

میں کہتا ہوں یہ معروف ہیں امام بخاری نے ان کو کمزور کہا ہے اور فرمایا۔ لا یتابع علیہ اور ابن حبان نے ان کو ثقات تابعین میں ذکر کیا ہے۔ صاحب المیزان نے بھی اس کو غیر معروف کہا ہے فرماتے ہیں نعیم بن ضمضم کو بعض محدثین نے ضعیف ظاہر کیا ہے۔ میں (مصنف) نے اپنے شیخ کی تحریر میں پڑھا ہے (وہ لکھتے ہیں) میں نے اس کے متعلق کوئی توثیق و تجریح نہیں پڑھی ہے سوائے الذہبی کے اس قول کے۔

حضرت ابوامامہ الباہلی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلٰوۃً صَلَّی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جس نے مجھ پر درود بھیجا اللہ تعالیٰ اس کے بدلے

اللہُ عَلَیْہِ عَشْرًا بِہَا مَلَکٌ مُوَکَّلٌ حَتّٰی یُبَلِّغَنِیْہَا۔

اس پر دس مرتبہ درود بھیجے گا۔ اور اس درود پر ایک فرشتہ مقرر کیا جاتا ہے جو مجھ تک پہنچاتا ہے۔

اس حدیث کو الطبرانی نے مکحول عن ابی امامہ الباہلی کی روایت سے الکبیر میں روایت کیا ہے میں (مصنف) کہتا ہوں بعض علماء نے کہا ہے کہ انہوں نے ابی امامہ الباہلی سے سماعت نہیں کی ہے اور رویت ثابت ہے، اور مکحول سے روایت کرنے والے راوی موسیٰ بن عمیر یعنی الجعدی الضریر ہیں ابو حاتم نے جن کی تکذیب کی ہے۔

عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

قَالَ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلَاۃً صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ عَشْرًا فَاکْثِرُوْا اَوْاَقِلُّوْا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ دس مرتبہ اس پر درود بھیجے گا۔ زیادہ بھیجو یا کم (اب تمہاری قسمت و مرضی)

اس حدیث کو ابو نعیم نے الحلیہ میں الطبرانی سے روایت کیا ہے اور اس کی سند ضعیف ہے اور بزاز نے با یں الفاظ ذکر کی ہے۔

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مِنْ تِلْقَاءِ نَفْسِہٖ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ بِہَا عَشْرًا۔

جس نے حضور قلب کے ساتھ مجھ پر درود بھیجا اللہ تعالیٰ اس کے بدلے اس پر دس مرتبہ درود بھیجے گا۔

یہی الفاظ سنن ابن ماجہ میں ہیں مگر "من تلقاء نفسہ" کے الفاظ نہیں ہیں۔ ان دونوں طریقوں کا مدار عاصم پر ہے، بعض حفاظ حدیث نے اس طرف اشارہ کیا ہے کہ اس سند کے ساتھ محفوظ حدیث "مَن صَلّٰی عَلَیَّ صَلَاۃً صَلَّتْ عَلَیْہِ الْمَلَائِکَۃُ مَا صَلّٰی عَلَیَّ" کی ہے اس کا ذکر عنقریب ہو گا۔

حضرت عمر بن نیار سے مروی ہے ان کو ابن عقبہ بن نیار البدری رضی اللہ عنہ کہا جاتا ہے۔

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مِنْ اُمَّتِیْ مُخْلِصًا مِنْ قَلْبِہٖ صَلَّی اللہُ

فرماتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو میرا امتی حضور قلب کے ساتھ مجھ پر درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس کے بدلے

عَلَيْهِ بِهَا عَشْرَ صَلَوَاتٍ وَرَفَعَهُ بِهَا عَشْرَ دَرَجَاتٍ وَكَتَبَ لَهُ بِهَا عَشْرَ حَسَنَاتٍ وَمَحَا عَنْهُ بِهَا عَشْرَ سَيِّئَاتٍ۔

اس پر دس درود بھیجے گا‘دس درجات بلند فرمائے گا اور اس کے نامہ اعمال میں دس نیکیاں لکھے گا اور دس خطائیں مٹا دے گا۔

اس حدیث پاک کو النسائی نے ”الیوم واللیلۃ“ میں ابو نعیم نے الحلیہ میں، ابو القاسم نے الترغیب میں اور البزاز نے اپنی مسند میں روایت کیا ہے‘اور صلاۃ کے لفظ زائد کئے ہیں۔ اسی طرح ابن بشکوال نے بھی ذکر کی ہے اور اس کی سند میں ایسا ہی اختلاف ہے جیسا کہ حدیث ابی بردہ میں گذر چکا ہے اسی حدیث پاک کو ابو الشیخ نے سعید بن التغلبی عن سعید بن عمرو الانصاری عن ابیہ جو بدری تھے، کے واسطہ سے روایت کیا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِذَا سَمِعْتُمُ الْمُؤَذِّنَ فَقُوْلُوْا مِثْلَ مَا يَقُوْلُ ثُمَّ صَلُّوْا عَلَيَّ فَاِنَّهُ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا۔

انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا کہ جب تم موذن کی اذان سنو، تو جواب میں وہ الفاظ دہراؤ جو وہ کہہ رہا ہو پھر مجھ پر درود بھیجو، جو مجھ پر درود بھیجے گا‘اللہ تعالیٰ دس مرتبہ اس پر درود بھیجے گا۔

اس حدیث پاک کو امام مسلم نے ذکر فرمایا ہے، آخری باب میں اس کا ذکر آئے گا۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے مروی ہے۔

اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلَاةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَمَلَائِكَتُهُ عَشْرًا فَلْيُكْثِرْ عَبْدٌ اَوْ لِيُقِلَّ۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا‘جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے دس مرتبہ اس پر درود بھیجیں گے، اب بندہ کی مرضی زیادہ درود بھیجے یا کم۔

اس حدیث پاک کو ابن ابی عاصم نے اپنی کتاب ”فضل الصلوٰۃ“ میں روایت کیا ہے اور الطبرانی نے بھی ”فلیکثر اولیقل“ کے الفاظ کے بغیر نقل کی ہے۔ اس کی سند میں یحییٰ بن عبدالحمید الحمانی ضعیف ہیں‘ابن ابی عاصم نے ایک اور ضعیف طریق سے بھی ذیل الفاظ میں نقل کی ہے

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

جو مجھ پر درود بھیجے گا‘اللہ تعالیٰ اور اس کے

وَمَلَائِكَتُهُ فَلْيُكْثِرْ عَبْدٌ أَوْ لِيُقِلَّ۔ — فرشتے اس پر درود بھیجیں گے، اب بندہ کی مرضی زیادہ بھیجے یا کم۔

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ، جن کا اسم گرامی صحیح روایت کے مطابق عبداللہ بن قیس ہے، سے مروی ہے۔

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلَاةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ بِهَا عَشْرًا۔ — رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ اس کے بدلے اس پر دس مرتبہ درود بھیجے گا۔

اس حدیث پاک کو الطبرانی نے ثقہ رجال کے ساتھ روایت کیا ہے سوائے حفص بن سلیمان القاری کے، جن کو جمہور نے ضعیف قرار دیا ہے اور وکیع وغیرہ نے اس کو ثقہ کہا ہے

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے فرماتی ہیں۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلَاةً صَلَّتْ عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ مَا صَلّٰى عَلَيَّ فَلْيُكْثِرْ عَبْدٌ أَوْ لِيُقِلَّ۔ — رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، جو مجھ پر درود بھیجے گا، فرشتے اس پر اتنی مرتبہ درود بھیجیں گے جتنا کہ اس نے مجھ پر بھیجا، بندہ زیادہ پڑھے یا کم۔(اس کی مرضی)

اس حدیث پاک کو الضیاء المقدسی نے ابو نعیم کے طریق سے ابو بکر الشافعی نے اپنے فوائد المعروف بالغیلانیات میں اور الرشید العطار نے الاربعین میں روایت کیا ہے اس کی سند میں عاصم بن عبید اللہ ہیں وہ ضعیف ہیں اس کے ساتھ ساتھ اس میں ایسا ہی اختلاف ہے جیسا حدیث عمر میں گذر چکا ہے۔ واللہ اعلم۔

حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ وَيَقُوْلُ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلَاةً لَمْ تَزَلِ الْمَلَائِكَةُ تُصَلِّيْ عَلَيْهِ مَا صَلّٰى عَلَيَّ فَلْيُقِلَّ — میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خطبہ دیتے ہوئے سنا کہ، جو مجھ پر درود بھیجے گا فرشتے اس پر درود بھیجتے رہیں گے جب تک وہ مجھ پر درود بھیجتا رہے گا، تم میں سے کوئی بندہ کم

عَبْدٌ مِنْكُمْ اَوْ لِيُكْثِرْ۔ پڑھے یا زیادہ۔(اس کی قسمت)

اس حدیث پاک کو سعید بن منصور۔ احمد، ابو بکر بن ابی شیبہ۔ البزار۔ ابن ماجہ۔ الطیالسی۔ ابو نعیم، ابن ابی عاصم، التیمی اور الرشید العطار نے روایت کیا ہے اس کی سند میں عاصم بن عبید اللہ ہیں وہ اگرچہ واہی الحدیث ہیں مگر بعض نے ان کا ذکر کیا ہے امام ترمذی نے ان کی تصحیح کی ہے اور ان کی حدیث کو منذری نے کہا ہے کہ المتابعات کی وجہ سے حسن ہے اسی طرح ہمارے شیخ نے اس حدیث پاک کو حسن قرار دیا ہے عاصم پر اختلاف ہے جیسا کہ پیچھے حدیث عمر میں گذر چکا ہے مگر اس طریق کے علاوہ سے الطبرانی نے ایک کمزور سند سے روایت کی ہے وباللہ التوفیق۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے۔

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلَاةً جَاءَنِيْ بِهَا مَلَكٌ فَاَقُوْلُ اَبْلِغْهُ عَنِّيْ عَشْرًا وَقُلْ لَهٗ لَوْ كَانَتْ مِنْ هٰذِهِ الْعَشَرَةِ وَاحِدَةٌ لَدَخَلْتَ مَعِيَ الْجَنَّةَ كَالسَّبَابَةِ وَالْوُسْطٰى وَحَلَّتْ لَكَ شَفَاعَتِيْ ثُمَّ يَصْعَدُ الْمَلَكُ حَتّٰى يَنْتَهِيَ اِلَى الرَّبِّ فَيَقُوْلُ اِنَّ فُلَانًا ابْنَ فُلَانٍ صَلّٰى عَلٰى نَبِيِّكَ مَرَّةً وَاحِدَةً فَيَقُوْلُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اَبْلِغْهُ عَنِّيْ عَشْرًا وَقُلْ لَهٗ لَوْ كَانَتْ مِنْ هٰذِهِ الْعَشَرِ وَاحِدَةٌ لَمَا مَسَّتْكَ النَّارُ ثُمَّ يَقُوْلُ عَظِّمُوْا صَلَاةَ عَبْدِيْ وَاجْعَلُوْهَا فِيْ عِلِّيِّيْنَ ثُمَّ يَخْلُقُ مِنْ صَلَاتِهٖ بِكُلِّ حَرْفٍ مَلَكًا لَهٗ ثَلَاثُ مِائَةٍ وَسِتُّوْنَ رَاْسًا۔

جو مجھ پر درود بھیجتا ہے اس درود کو فرشتہ میرے پاس لے آتا ہے تو میں کہتا ہوں اس کو میری طرف سے دس درود پہنچا اور یہ کہہ کہ اگر ان دس میں سے ایک بھی ہو گا تو تو جنت میں میرے ساتھ ایسے ہو گا جیسے سبابہ اور وسطیٰ انگلیاں ہیں اور تیرے لئے میری شفاعت حلال ہوگی پھر فرشتہ اوپر کی طرف بلند ہوتا ہے، حتیٰ کہ رب تعالیٰ تک پہنچ جاتا ہے اور کہتا ہے فلاں ابن فلاں نے تیرے نبی پر ایک مرتبہ درود بھیجا ہے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اسے میری طرف سے دس درود پہنچا دے اور اسے بتا دے کہ اگر ان دس میں سے ایک بھی ہو گا تو تجھے آگ نہ چھوئے گی پھر اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں میرے بندے کے درود کی تعظیم کرو اور اسے علیین میں پہنچا دو

پھر اس کی صلاۃ کے ہر لفظ کے ساتھ ایک
ایسا فرشتہ پیدا فرماتا ہے جس کے ۶۳ سر
ہوتے ہیں۔

اس حدیث کو ابو موسیٰ المدینی نے ذکر کیا ہے اور یہ بلاشک موضوع ہے۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلَاۃً تَعْظِیْمًا لِحَقِّیْ جَعَلَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ مِنْ تِلْکَ الْکَلِمَۃِ مَلَکًا جَنَاحٌ لَہٗ فِی الْمَشْرِقِ وَجَنَاحٌ لَہٗ فِی الْمَغْرِبِ وَرِجْلَاہُ فِیْ تَخُوْمِ الْاَرْضِ وَعُنُقُہٗ مُلْتَوٍ تَحْتَ الْعَرْشِ فَیَقُوْلُ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ لَہٗ صَلِّ عَلٰی عَبْدِیْ کَمَا صَلّٰی عَلٰی نَبِیِّیْ فَھُوَ یُصَلِّیْ عَلَیْہِ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ۔

جو شخص مجھ پر درود بھیجتا ہے محض میرے حق کی تعظیم بجالانے کیلئے تو اللہ تعالیٰ پیدا فرماتا ہے اس درود سے ایک فرشتہ اس کا ایک پر مشرق میں اور دوسرا مغرب میں اور اس کے دو پاؤں گڑے ہوتے ہیں زمین کی گہرائی میں اور اس کی گردن لپٹی ہوتی ہے عرش کے نیچے اللہ عزوجل اسے حکم دیتے ہیں کہ درود پڑھ میرے اس بندہ پر جس طرح اس نے درود پڑھا میرے نبی پر۔ پس وہ قیامت تک اس پر درود پڑھتا رہے گا۔

اس حدیث پاک کو ابن شاہین نے اپنی الترغیب میں الدیلمی نے مسند الفردوس میں اور ابن بشکوال نے روایت کیا ہے اور اس کے الفاظ یہ ہیں۔

مَا مِنْ مُسْلِمٍ یُصَلِّیْ عَلَیَّ صَلَاۃً تَعْظِیْمًا لِحَقِّیْ اِلَّا خَلَقَ اللّٰہُ مِنْ ذٰلِکَ الْقَوْلِ مَلَکًا لَہٗ جَنَاحٌ بِالْمَشْرِقِ وَجَنَاحٌ بِالْمَغْرِبِ وَیَقُوْلُ لَہٗ صَلِّ عَلٰی عَبْدِیْ کَمَا صَلّٰی عَلٰی نَبِیِّیْ فَھُوَ یُصَلِّیْ عَلَیْہِ اِلٰی

کوئی مسلمان مجھ پر درود محض میرے حق کی وجہ سے نہیں پڑھتا مگر اللہ تعالیٰ اس درود سے ایک فرشتہ پیدا فرماتا ہے جس کا ایک پر مشرق میں اور دوسرا مغرب میں اور اللہ تعالیٰ اسے حکم فرماتا ہے، درود بھیج میرے اس بندے پر جیسے اس نے درود بھیجا میرے نبی

يَوْمِ الْقِيَامَةِ۔

کریم پر پس وہ قیامت تک اس پر درود پڑھتا رہے گا۔

یہ حدیث منکر ہے۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے، جس کی سند پر مجھے آگاہی نہیں ہے۔

اِنَّ لِلّٰهِ مَلَكًا لَهٗ جِنَاحَانِ اَحَدُهُمَا بِالْمَشْرِقِ وَالْاٰخَرُ بِالْمَغْرِبِ فَاِذَا صَلَّى الْعَبْدُ عَلَيَّ حُبًّا اِنْغَمَسَ فِي الْمَاءِ ثُمَّ يَنْتَفِضُ فَيَخْلُقُ اللّٰهُ مِنْهُ كُلِّ قَطْرَةٍ تَقْطُرُ مِنْهُ مَلَكًا يَسْتَغْفِرُ لِذٰلِكَ الْمُصَلِّيْ عَلَيَّ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ۔

بیشک اللہ تعالیٰ کا ایک فرشتہ ہے جس کے دو پر ہیں ایک مشرق میں اور دوسرا مغرب میں جب کوئی بندہ محبت بھرے انداز میں مجھ پر درود پڑھتا ہے تو وہ پانی میں غوطہ لگاتا ہے پھر اپنے پر جھاڑتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے ہر قطرے سے ایک فرشتہ پیدا فرماتا ہے جو مجھ پر درود پڑھنے والے کیلئے قیامت تک استغفار کرتا رہے گا۔

صاحب شرف المصطفیٰ نے مقاتل عن سلیمان سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں۔

اِنَّ لِلّٰهِ مَلَكًا تَحْتَ الْعَرْشِ عَلٰى رَاْسِهٖ ذُؤَابَةٌ قَدْ اَحَاطَتْ بِالْعَرْشِ مَا مِنْ شَعْرَةٍ عَلٰى رَاْسِهٖ اِلَّا مَكْتُوْبٌ عَلَيْهَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ فَاِذَا صَلَّى الْعَبْدُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ تَبْقَ شَعْرَةٌ مِنْهُ اِلَّا اسْتَغْفَرَتْ لِصَاحِبِهَا يَعْنِيْ قَائِلِهَا،

بیشک اللہ تعالیٰ کا عرش کے نیچے ایک فرشتہ ہے جس کے سر پر بال ہیں جنھوں نے عرش کا احاطہ کیا ہوا ہے کوئی بال ایسا نہیں جس میں لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ لکھا ہوا نہ ہو جب بھی کوئی بندہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتا ہے، تو اس کا ہر بال اس درود پڑھنے والے کیلئے مغفرت طلب کرتا ہے۔

میں (مصنف) کہتا ہوں اس روایت کی صحت میں نظر ہے۔

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ اَعْطَانِيْ مَا لَمْ يُعْطِ غَيْرِيْ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک اللہ نے مجھے وہ عطا فرمایا ہے جو میرے سوا

مِنَ الْاَنْبِيَاءِ وَفَضَّلَنِیْ عَلَيْهِمْ وَجَعَلَ لِاُمَّتِیْ فِی الصَّلٰوةِ عَلَیَّ اَفْضَلَ الدَّرَجَاتِ وَوَكَّلَ بِقَبْرِیْ مَلَكًا يُقَالُ لَهٗ مَنْطَرُوْسُ رَاْسُهٗ تَحْتَ الْعَرْشِ وَرِجْلَاهُ فِیْ تُخُوْمِ الْاَرْضِيْنَ السُّفْلٰى وَلَهٗ ثَمَانُوْنَ اَلْفَ جَنَاحٍ فِیْ كُلِّ جَنَاحٍ ثَمَانُوْنَ اَلْفَ رِيْشَةٍ فِیْ كُلِّ رِيْشَةٍ ثَمَانُوْنَ اَلْفَ زَغْبَةٍ تَحْتَ كُلِّ زَغْبَةٍ لِسَانٌ يُسَبِّحُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَيَحْمَدُهٗ وَيَسْتَغْفِرُ لِمَنْ يُصَلِّیْ عَلَیَّ مِنْ اُمَّتِیْ وَمِنْ لَدُنْ رَاْسِهٖ اِلٰى بُطُوْنِ قَدَمَيْهِ اَفْوَاهٌ وَاَلْسُنٌ وَرِيْشٌ وَزَغَبٌ لَيْسَ فِيْهِ مَوْضِعُ شِبْرٍ اِلَّا وَفِيْهِ لِسَانٌ يُسَبِّحُ اللّٰهَ وَيَحْمَدُهٗ وَيَسْتَغْفِرُ لِمَنْ يُصَلِّیْ عَلَیَّ مِنْ اُمَّتِیْ حَتّٰى يَمُوْتَ۔

کسی نبی کو عطا نہیں فرمایا اور مجھے تمام انبیاء پر فضیلت عطا فرمائی ہے اور مجھ پر درود پڑھنے کی وجہ سے میری امت کیلئے افضل درجات بنائے ہیں اور میری قبر کے ساتھ ایک فرشتہ مقرر فرمایا ہے جسے منطروس کہا جاتا ہے' اس کا سر عرش کے نیچے اور پاؤں نچلی زمین کی گہرائیوں میں اور اس کے اسی ہزار پر ہیں اور ہر پر میں اسی ہزار چھوٹے کھمب ہوتے ہیں اور ہر کھمب میں اسی ہزار بال ہوتے ہیں اور ہر بال کے نیچے ایک زبان ہے جو اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا بیان کرتی ہے اور استغفار کرتی ہے ہر اس میرے امتی کیلئے جو مجھ پر درود بھیجتا ہے اس کے سر سے لے کر پاؤں کے تلوں تک منہ زبانیں پر اور باریک پر ہیں' اس میں کوئی ایک بالشت جگہ نہیں ہے مگر اس کی ایک زبان ہے جو اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرتی ہے اور اس کی حمد کرتی ہے اور ہر اس میرے امتی کیلئے استغفار کرتی ہے جو مجھ پر درود بھیجتا ہے حتیٰ کہ وہ مر جائے۔

اس حدیث کو ابن بشکوال نے نقل کیا ہے۔ یہ حدیث غریب و منکر ہے بلکہ وضع و من گھڑت ہونے کے آثار ظاہر ہیں۔

حضرت ام انس ابنہ الحسین بن علی اپنے والد ماجد رضی اللہ عنہ سے روایت فرماتی ہیں انہوں نے فرمایا۔

قَالُوْا لِلنَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

صحابہ کرام نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَرَأَيْتَ قَوْلَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ إِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ فَقَالَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ إِنَّ هٰذَا مِنَ الْعِلْمِ الْمَكْنُوْنِ وَلَوْلَا أَنَّكُمْ سَأَلْتُمُوْنِيْ عَنْهُ مَا أَخْبَرْتُكُمْ بِهٖ إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَكَّلَ بِيْ مَلَكَيْنِ فَلَا أُذْكَرُ عِنْدَ عَبْدٍ مُسْلِمٍ فَيُصَلِّيْ عَلَيَّ إِلَّا قَالَ ذَانِكَ الْمَلَكَانِ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ وَقَالَ اللّٰهُ وَمَلَائِكَتُهُ جَوَابًا لِذَيْنِكَ الْمَلَكَيْنِ آمِيْنَ۔

سے اللہ تعالیٰ کے ارشاد "اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ" کے متعلق پوچھا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا۔ یہ ایک پوشیدہ علم ہے اگر تم مجھ سے نہ دریافت کرتے تو میں تمھیں نہ بتاتا۔ اللہ تعالیٰ نے میرے ساتھ دو فرشتے مقرر فرمائے ہیں، جب کبھی کسی بندہ مومن کے پاس میرا ذکر ہوتا ہے اور وہ مجھ پر درود بھیجتا ہے تو وہ دونوں فرشتے کہتے ہیں اللہ تعالیٰ تیری مغفرت فرمائے ان فرشتوں کے جواب میں اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے کہتے ہیں۔ آمین۔

بعض نے دوسرے الفاظ ذکر کئے ہیں اور زیادتی ذکر فرمائی ہے۔

وَلَا أُذْكَرُ عِنْدَ عَبْدٍ مُسْلِمٍ فَلَا يُصَلِّيْ عَلَيَّ إِلَّا قَالَ ذَانِكَ الْمَلَكَانِ لَا غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ وَقَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَمَلَائِكَتُهُ جَوَابًا لِذَيْنِكَ الْمَلَكَيْنِ آمِيْنَ۔

میرا کسی بندہ مومن کے پاس ذکر نہیں کیا جاتا اور وہ مجھ پر درود نہیں بھیجتا مگر وہ دونوں فرشتے کہتے ہیں اللہ تعالیٰ تیری مغفرت نہ فرمائے تو اللہ عزوجل اور اس کے فرشتے، ان دو فرشتوں کے جواب میں آمین فرماتے ہیں۔

ہم نے اس حدیث کو امالی الدقیقی سے روایت کیا ہے ۔الطبرانی، ابن مردویہ، اور الثعلبی نے نقل کی ہے اور ان تمام کی سند میں الحکم بن عبداللہ بن خطاف ہیں، جو متروک ہیں۔ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ لِلْمَسَاجِدِ أَوْتَادًا جُلَسَاؤُهُمُ الْمَلَائِكَةُ إِنْ غَابُوْا فَقَدُوْهُمْ وَإِنْ مَرِضُوْا عَادُوْهُمْ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، مساجد میں اوتاد ہوتے ہیں جن کے ہم مجلس ملائکہ ہوتے ہیں۔ اگر وہ غائب ہوتے ہیں تو فرشتے انھیں تلاش کرتے ہیں اور

وَإِنْ رَأَوْهُمْ رَحَّبُوا بِهِمْ وَإِنْ طَلَبُوا حَاجَةً أَعَانُوهُمْ فَإِذَا جَلَسُوا حَفَّتْ بِهِمُ الْمَلَائِكَةُ مِنْ لَدُنْ أَقْدَامِهِمْ إِلَى عَنَانِ السَّمَاءِ بِأَيْدِيهِمْ قَرَاطِيسُ الْفِضَّةِ وَأَقْلَامُ الذَّهَبِ يَكْتُبُونَ الصَّلٰوةَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَقُولُونَ أَذْكُرُوا رَحِمَكُمُ اللّٰهُ وَزَادَكُمُ اللّٰهُ فَإِذَا اسْتَفْتَحُوا الذِّكْرَ فُتِحَتْ لَهُمْ أَبْوَابُ السَّمَاءِ وَاُسْتُجِيبَ لَهُمُ الدُّعَاءُ وَتَطَّلِعُ عَلَيْهِمُ الْحُوْرُ الْعِيْنُ وَأَقْبَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَيْهِمْ بِوَجْهِهِ مَا لَمْ يَخُوضُوا وَفِي حَدِيثِ غَيْرِهِ وَيَتَفَرَّقُوا فَإِذَا تَفَرَّقُوا أَقَامَ الزُّوَّارُ يَلْتَمِسُونَ حَلَقَ الذِّكْرِ۔

مریض ہوتے ہیں تو ان کی عیادت کرتے ہیں اور اگر انہیں دیکھتے ہیں، تو خوش آمدید کہتے ہیں۔ اگر کوئی حاجت طلب کرتے ہیں تو فرشتے ان کی مدد کرتے ہیں جب وہ بیٹھتے ہیں تو فرشتے ان کے قدموں سے لے کر آسمان تک کی جگہ کو گھیر لیتے ہیں. ان کے ہاتھوں میں چاندی کے ورق اور سونے کی قلمیں ہوتی ہیں؛ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر پڑھے جانے والے درود کو لکھتے ہیں اور یہ آواز دیتے ہیں زیادہ ذکر کرو، اللہ تعالیٰ تم پر رحم فرمائے اور تمہارے اجر میں اضافہ فرمائے اور جب وہ ذکر شروع کرتے ہیں تو ان کے لئے آسمان کے دروازے کھل جاتے ہیں ان کی دعا قبول کی جاتی ہے، آہو چشم حوریں ان کی طرف جھانکتی ہیں اور اللہ تعالیٰ عزوجل ان پر توجہ فرماتا رہتا ہے جب تک کہ وہ کسی اور کام میں مشغول نہیں ہو جاتے ایک اور روایت میں ہے جب تک کہ وہ متفرق نہیں ہو جاتے جب وہ بکھر جاتے ہیں، تو زائرین فرشتے محافل ذکر کی تلاش شروع کر دیتے ہیں۔

اس حدیث پاک کو ابو القاسم بن بشکوال نے ضعیف سند کے ساتھ روایت کیا ہے اور صاحب الدر المنظم نے بھی اس کو ذکر کیا ہے۔

حضرت ابن عمر اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلُّوْا عَلَیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکُمْ۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ پر درود بھیجو اللہ تعالیٰ تم پر درود بھیجے گا۔

یہی حدیث پاک پہلے باب میں گذر چکی ہے۔ کفارہ ذنوب، تزکیہ الاعمال اور رفع الدرجات کی حدیث گذر چکی ہے۔

حضرت ابو کاہل، جنہیں صحابیت کا شرف حاصل تھا۔ فرماتے ہیں۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَا اَبَا کَاھِلٍ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ کُلَّ یَوْمٍ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ وَکُلَّ لَیْلَۃٍ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ حُبًّا لِیْ وَشَوْقًا اِلَیَّ کَانَ حَقًّا عَلَی اللّٰہِ اَنْ یَغْفِرَلَہٗ ذُنُوْبَہٗ تِلْکَ اللَّیْلَۃَ وَذَالِکَ الْیَوْمَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، اے ابو کاہل! جو مجھ پر ہر دن میں اور ہر رات میں میرے شوق و محبت میں مستغرق ہو کر تین تین مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ پر حق ہو جاتا ہے کہ اس کے اس رات اور اس دن کے گناہ معاف فرمادے۔

اس حدیث پاک کو ابن ابی عاصم نے فضل الصلوٰۃ میں اور الطبرانی اور العقیلی نے ایک طویل حدیث کے درمیان روایت کیا ہے اس کی روایت میں "کَانَ حَقًّا عَلَی اللّٰہِ اِنْ یَّغْفِرَلَہٗ بِکُلِّ مَرَّۃٍ ذُنُوْبَ حَوْلٍ" کے الفاظ ہیں۔ العقیلی فرماتے ہیں اس میں نظر ہے ابن عبدالبر نے کہا یہ منکر ہے اور اسی طرح المنذری نے بھی فرمایا ہے کہ یہ حدیث ان الفاظ کے ساتھ منکر ہے اور صاحب المیزان فرماتے ہیں اس کی سند تاریک اور متن بالکل باطل ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلّٰہِ سَیَّارَۃً مِنَ الْمَلَائِکَۃِ اِذَا مَرُّوْا بِحَلَقِ الذِّکْرِ قَالَ بَعْضُھُمْ لِبَعْضٍ اُقْعُدُوْا فَاِذَا دَعَا الْقَوْمُ فَأَمَّنُوْا عَلٰی دُعَائِھِمْ فَاِذَا صَلُّوْا عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، اللہ تعالیٰ کے کچھ سیاح فرشتے ہیں جو جب محافل ذکر سے گذرتے ہیں تو ایک دوسرے کو کہتے (یہاں) بیٹھو اور جب ذاکرین دعا مانگتے ہیں تو وہ فرشتے ان کی دعا پر آمین کہتے ہیں اور جب وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر

وَسَلَّمَ صَلَّوْا مَعَهُمْ حَتّٰى تَفَرَّقُوْا ثُمَّ يَقُوْلُ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ طُوْبٰى لِهٰٓؤُلَآءِ يَرْجِعُوْنَ مَغْفُوْرًا لَّهُمْ۔

درود بھیجتے ہیں تو وہ فرشتے ان کے ساتھ مل کر درود بھیجتے ہیں حتیٰ کہ وہ جدا جدا ہو جاتے ہیں پھر فرشتے ایک دوسرے کو کہتے ہیں ان خوش نصیبوں کیلئے مژدہ و سعادت ہے کہ بخشش کے ساتھ واپس جا رہے ہیں۔

اس حدیث پاک کو ابو القاسم نے اپنی "الترغیب" میں روایت کیا ہے۔

یہ حکایت بیان کی گئی ہے کہ حضرت ابو العباس احمد بن منصور جب فوت ہوئے تو اہل شیراز میں سے ایک شخص نے خواب میں انہیں شیراز کی جامع مسجد کے محراب میں کھڑے ہوئے، بدن پر خوبصورت لباس سر پر جواہر سے مزین تاج پہنے ہوئے دیکھا اس شخص نے پوچھا جناب اللہ تعالیٰ نے تمہارے ساتھ کیا سلوک فرمایا ہے، تو ابو العباس نے بتایا کہ اللہ تعالیٰ نے میری مغفرت فرما دی ہے میری عزت و تکریم کی گئی ہے اور مجھے اپنی جنت میں داخل فرمایا ہے اس شخص نے پوچھا اس عظمت و عزت کا سبب آپ کا کونسا عمل تھا، ابو العباس نے فرمایا میرا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات اقدس پر کثرت سے درود و سلام پڑھنا میری اس عزت و کرامت کا باعث بنا۔

اس حکایت کو النمیری نے اور ابن بشکوال نے القربہ میں نقل کیا ہے اور جماہیر کے تعارف میں نقل کی گئی ہے۔

ایک صوفی باصفا سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے مسطح کو ان کی وفات کے بعد دیکھا جو اپنی زندگی میں مزاحیہ طبیعت تھے، میں نے ان سے پوچھا اللہ تعالیٰ نے تمہارے ساتھ کیا برتاؤ فرمایا ہے مسطح نے بتایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے معاف فرما دیا ہے میں نے پوچھا کس عمل کے سبب تجھے معاف فرمایا ہے، اس نے بتایا کہ میں ایک محدث کے پاس حدیث لکھا کرتا تھا میرے الشیخ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتے تو میں بھی ان کے ساتھ درود پڑھتا اور میں بلند آواز سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھتا تو تمام لوگ سن لیتے اور وہ بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتے تھے تو اللہ تعالیٰ نے ہم تمام کو اسی دن سے معاف فرما دیا ہے اس واقعہ کو ابن بشکوال نے لکھا ہے اور انہوں نے ابو الحسن

البغدادی الدارمی کے واسطہ سے یہ بھی لکھا ہے کہ انہوں نے ابو عبداللہ بن حامد جوالنصیبہ کے نواح میں رہتے تھے، کو کئی دفعہ مرنے کے بعد دیکھا تو انہوں نے ابو عبداللہ سے پوچھا اللہ تعالیٰ نے تمہارے ساتھ کیا معاملہ فرمایا ہے انہوں نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھے معاف فرمادیا ہے اور مجھ پر رحم فرمایا ہے پھر انہوں نے ابو عبداللہ سے ایک ایسا عمل پوچھا جس کی وجہ سے وہ جنت میں داخل ہو جائے تو ابو عبداللہ نے فرمایا ہزار رکعت نماز نفل ادا کر اور ہر رکعت میں ہزار مرتبہ "قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ" کی تلاوت کر، انہوں نے کہا اس کام کی تو مجھے طاقت نہیں، تو پھر ابو عبداللہ نے کہا تو ہزار مرتبہ ہر رات کو محمد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا کر۔ الدارمی فرماتے ہیں وہ ہر رات یہ عمل کرتا ہے ان سے یہ بھی مروی ہے کہ کسی ایک شخص نے ابو الحفص الکاغدی کو نیند میں ان کی وفات کے بعد دیکھا وہ ایک بہت بڑا سردار تھا۔ پوچھا اللہ تعالیٰ نے تمہارے ساتھ کیا سلوک فرمایا ہے ابو الحفص نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھ پر رحم فرمایا میری مغفرت فرمائی اور مجھے جنت میں داخل فرمایا ہے اس شخص نے پوچھا اللہ تعالیٰ نے تجھ پر ایسی بندہ نوازی کیوں فرمائی ہے۔ ابو الحفص نے بتایا کہ جب میں فرشتوں کے سامنے کھڑا تھا انہوں نے میرے گناہوں اور میرے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھنے کا حساب لگایا تو انہوں نے میرے درود کو میرے گناہوں سے زیادہ پایا۔ تو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا اے میرے فرشتو! اس کی قدرت تمہارے حساب سے بہت بلند ہے اس کا محاسبہ مت کرو اور اسے میری جنت میں لے جاؤ۔ (صلی اللہ علیہ وسلم تسلیما کثیرا)

بعض اخبار میں روایت ہے کہ بنی اسرائیل کا ایک شخص انتہائی گنہگار تھا، جب وہ مر گیا تو لوگوں نے اسے بغیر کفن دفن کے پھینک دیا۔ تو اللہ تعالیٰ نے اپنے پاک نبی موسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی کی کہ اسے غسل دو، اور اس کی نماز جنازہ ادا کرو، میں نے اسے بخش دیا ہے۔ موسیٰ علیہ السلام نے پوچھا یارب! تو نے کس عمل کی وجہ سے اسے بخش دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اس نے ایک دن توراۃ کو کھولا اور اس میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا نام لکھا ہوا پایا۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر اس نے درود پڑھا اس لئے میں نے اس کو معاف فرمادیا ہے۔

ایک نیک شخص نے خواب میں قبیح صورت دیکھی۔ پوچھا تو کون ہے، اس نے کہا میں تیرا برا کرتوت ہوں اس نے پوچھا میں تجھ سے کیسے نجات پا سکتا ہوں۔ اس نے کہا حضور نبی کریم محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود پڑھ کر مجھ سے نجات حاصل کر سکتا ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے فرماتی ہیں۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ عَبْدٍ صَلّٰى عَلَيَّ صَلَاةً اِلَّا عَرَجَ بِهَا مَلَكٌ حَتّٰى يَجِيْئَ بِهَا وَجْهَ الرَّحْمٰنِ عَزَّ وَجَلَّ فَيَقُوْلُ رَبُّنَا تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اِذْهَبُوْا بِهَا قَبْرَ عَبْدِيْ تَسْتَغْفِرُ لِقَائِلِهَا وَتُقَرُّ بِهَا عَيْنُهٗ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، کوئی بندہ مجھ پر درود پڑھتا ہے تو فرشتہ اس درود کو لے کر اوپر جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پہنچاتا ہے اللہ تبارک و تعالیٰ فرماتے ہیں اس درود پاک کو میرے بندے کی قبر میں لے جاؤ۔ یہ اپنے پڑھنے والے کیلئے استغفار کرتا رہے گا، اور اس کی آنکھیں اسے دیکھ کر ٹھنڈی ہوتی رہیں گی۔

اس حدیث پاک کو ابو علی بن البناء نے "الدیلمی" نے مسند الفردوس میں نقل کیا ہے اس کی سند میں عمر بن حبیب القاضی ہیں، جسے نسائی وغیرہ نے ضعیف کہا ہے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلَاةً كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ قِيْرَاطًا وَالْقِيْرَاطُ مِثْلُ اُحُدٍ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو مجھ پر درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ ایک قیراط اجر اس کے نامہ اعمال میں لکھے گا اور القیراط کی مثال احد پہاڑ ہے۔

اس حدیث پاک کو عبدالرزاق نے ضعیف سند کے ساتھ نقل فرمایا ہے اور "مَنْ سَرَّهٗ اَنْ يُّكْتَالَ بِالْمِكْيَالِ الْاَوْفٰى" والی حدیث پہلے باب میں حضرت علی اور حضرت ابو ہریرہ کی روایت سے گذر چکی ہے۔

## درود پاک پڑھنے سے ہر مشکل حل ہوتی ہے

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ إِذَا ذَهَبَ رُبْعُ اللَّيْلِ وَفِي رِوَايَةٍ ثُلُثُ اللَّيْلِ قَامَ فَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ اُذْكُرُوا اللهَ جَاءَتِ الرَّاجِفَةُ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ جَاءَ الْمَوْتُ بِمَا فِيْهِ جَاءَ الْمَوْتُ بِمَا فِيْهِ قَالَ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللهِ إِنِّي أُكْثِرُ الصَّلٰوةَ عَلَيْكَ فَكَمْ أَجْعَلُ لَكَ مِنْ صَلَاتِي قَالَ مَا شِئْتَ قُلْتُ الرُّبْعُ قَالَ مَا شِئْتَ وَإِنْ زِدْتَ فَهُوَ خَيْرٌ لَكَ قُلْتُ فَالنِّصْفُ قَالَ مَا شِئْتَ وَإِنْ زِدْتَ فَهُوَ خَيْرٌ لَكَ، قَالَ فَالثُّلُثَيْنِ قَالَ مَا شِئْتَ وَإِنْ زِدْتَ فَهُوَ خَيْرٌ لَكَ قُلْتُ أَجْعَلُ لَكَ صَلَاتِي كُلَّهَا قَالَ إِذًا يُكْفٰى هَمَّكَ وَيُغْفَرُ ذَنْبُكَ۔

جب رات کا چوتھائی اور ایک روایت میں ہے رات کا تہائی گذر چکا ہوتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اٹھتے اور فرماتے اے لوگو! اللہ کی یاد کرو تھرتھرا دینے والی آگئی، اس کے پیچھے اور آنے والی ہے موت اپنی تلخیوں کے ساتھ آپہنچی، موت اپنی تلخیوں کے ساتھ آپہنچی، ابی بن کعب نے عرض کی یارسول اللہ! میں حضور پر کثرت سے درود پڑھتا ہوں۔ ارشاد فرمایئے کہ میں کس قدر پڑھا کروں۔ فرمایا جتنا دل چاہے، میں نے عرض کیا۔کیا وقت کا چوتھائی حصہ فرمایا؟ جتنا جی چاہے اور اگر اس سے زیادہ پڑھے تو تیرے لئے بہتر ہے عرض کیا۔ کیا نصف وقت، فرمایا، جتنا جی چاہے اور اگر زیادہ کرے تو بہتر ہے۔ میں نے عرض کی دو تہائی فرمایا جتنا جی چاہے۔ اگر زیادہ کرے تو تیرے لئے بہتر ہے میں نے عرض کی میں اپنا سارا وقت حضور پر درود شریف پڑھتا رہوں گا فرمایا، تب یہ درود شریف تیرے رنج و الم دور کرنے کیلئے کافی ہے اور تیرے سارے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔

اس حدیث پاک کو امام احمد اور عبد بن حمید نے اپنی اپنی مسند میں، الترمذی نے روایت

کیا ہے امام ترمذی فرماتے ہیں، یہ حدیث پاک حسن صحیح ہے اور الحاکم نے روایت کی ہے اور اس کو صحیح کہا ہے اور ان کے صحیح کہنے میں نظر ہے۔

امام احمد، ابن شیبہ اور ابن عاصم نے الفاظ میں اس طرح ہے۔

قَالَ رَجُلٌ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَأَيْتَ اِنْ جَعَلْتُ صَلَاتِيْ كُلَّهَا عَلَيْكَ قَالَ اِذًا يَكْفِيْكَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى مَا اَهَمَّكَ مِنْ دُنْيَاكَ وَاٰخِرَتِكَ۔

ایک شخص نے عرض کی، یارسول اللہ! اگر میں اپنا تمام وقت حضور پر درود پڑھنے میں صرف کر دوں؟ حضور نے فرمایا تب اللہ تعالیٰ تیری دنیا و آخرت کی مشکلیں آسان فرمادے گا۔

اسماعیل القاضی کے الفاظ میں اس طرح ہے یعنی "اِنِّيْ اُكْثِرُ الصَّلٰوةَ عَلَيْكَ" کی جگہ انی اصلی من اللیل ہے عبدان المروزی نے الصحابہ میں اور ان کے طریق سے ابو موسیٰ المدینی نے الذیل میں حکم بن عبداللہ بن حمید عن محمد بن علی بن حبان کی روایت سے ذکر کیا ہے کہ

اِنَّ اَيُّوْبَ بْنَ بَشِيْرٍ قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ قَدْ اَجْمَعْتُ اَنْ اَجْعَلَ ثُلُثَ صَلَاتِيْ دُعَاءً لَكَ

حضرت ایوب بن بشیر نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہ میں عرض کی کہ، میں نے ارادہ کر لیا ہے کہ میں اپنے ورد کا تیسرا حصہ آپ کیلئے دعا کروں گا۔

حضرت ابی بن کعب کے متعلق حدیث معروف ہے جیسا کہ میں نے پیچھے ذکر کی ہے اگر یہ حدیث بھی محفوظ ہو تو تب بھی دونوں کے سوال سے کوئی چیز مانع نہیں ہے۔ واللہ اعلم۔

حضرت حبان بن منقذ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَجْعَلُ لَكَ ثُلُثَ صَلَاتِيْ عَلَيْكَ قَالَ نَعَمْ اِنْ شِئْتَ قَالَ الثُّلُثَيْنِ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَصَلَاتِيْ كُلَّهَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذًا يَكْفِيْكَ اللّٰهُ مَا اَهَمَّكَ مِنْ

ایک شخص نے عرض کی، یارسول اللہ! میں اپنے اور ورد کا تیسرا حصہ آپ پر درود پڑھوں، حضور نے فرمایا ہاں، بہتر ہے اگر تیرا دل چاہے، عرض کی حضور دو تہائی فرمایا بہتر ہے پھر اس نے عرض کی حضور تمام وقت ہی آپ کی ذات پر درود پڑھتا رہوں، رسول اللہ

اَمْرِ دُنْیَاکَ وَآخِرَتِکَ۔

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر تو اس وظیفہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت کے ہر معاملہ کی مشکل کو حل کرنے کیلئے کافی ہو گا۔

اس حدیث پاک کو الطبرانی نے الکبیر میں اور ابن ابی عاصم نے اپنی کتاب الصلوۃ میں روایت کیا ہے اس کی سند میں رشدین بن سعد ہیں جو قرہ بن عبدالرحمٰن سے روایت کرتے ہیں، ان دونوں کو جمہور علماء نے ضعیف قرار دیا ہے۔ میں (مصنف) کہتا ہوں لیکن الہیثمی نے اس حدیث کو حسن کہا ہے اس سے پہلے المنذری نے بھی اس کے شواہد کی وجہ سے اس کو حسن کہا ہے ابن سمعون کے ہاں الثالث عشر من امالیہ میں محمد بن یحییٰ بن حبان کے واسطہ سے بایں الفاظ مرسلا مروی ہے۔

اَنَّ رَجُلًا اَتٰی رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ اُرِیْدُ اَنْ اَجْعَلَ ثُلُثَ صَلَاتِیْ لَکَ قَالَ اِفْعَلْ اِنْ شِئْتَ قَالَ فَصَلَاتِیْ کُلُّهَا قَالَ اِذًا یَکْفِیْکَ اللّٰهُ اَمْرَ دُنْیَاکَ وَآخِرَتِکَ۔

ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا عرض کی یارسول اللہ میں نے ارادہ کر لیا ہے کہ میں اپنے اوراد کا تیسرا حصہ آپ پر درود پڑھوں گا، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا اگر جی چاہے تو ایسا کر عرض کی حضور اگر تمام وقت درود پڑھوں؟ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا پھر تیرے دنیا و آخرت کے ہر معاملہ کیلئے اللہ تعالیٰ کافی ہو گا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

جَاءَ رَجُلٌ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَجْعَلُ شَطْرَ صَلَاتِیْ دُعَاءً لَکَ قَالَ مَا شِئْتَ قَالَ فَاَجْعَلُ ثُلُثَیْ صَلَاتِیْ دُعَاءً لَکَ، قَالَ نَعَمْ قَالَ

ایک شخص نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ حاضر ہوا عرض کی یارسول اللہ! میں اپنے اوراد کا کچھ حصہ تمہارے اوپر صلاۃ پڑھتے ہوئے گذاروں گا، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا جتنا تمہارا دل چاہے عرض

فَاجْعَلُ صَلَاتِیْ کُلَّهَا دُعَاءً لَکَ قَالَ اِذًا یَکْفِیْکَ اللهُ الدُّنْیَا وَالْآخِرَةَ۔

کی حضور دو تہائی آپ پر درود پڑھوں گا. فرمایا ہاں بہتر ہے عرض کی حضور تمام وقت آپ پر درود پڑھوں گا. حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا پھر اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت کے ہر معاملہ کی طرف سے تیرے لئے کافی ہوگا۔

اس حدیث پاک کو البزار نے اپنی مسند میں اور ابن ابی عاصم نے فضل الصلوٰۃ میں روایت کیا ہے اس کی سند میں عمر بن محمد بن صہبان میں جو متروک ہیں لیکن حضرت حبان اور حضرت ابی کی حدیث اس کی شاہد ہیں جیسے کہ پیچھے میں نے ذکر کیا ہے۔

حضرت یعقوب بن زید بن طلحہ التیمی سے مروی ہے۔

قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَتَانِیْ آتٍ مِنْ رَبِّیْ فَقَالَ مَا مِنْ عَبْدٍ یُصَلِّیْ عَلَیْکَ صَلَاةً اِلَّا صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ بِهَا عَشْرًا فَقَامَ اِلَیْهِ رَجُلٌ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللهِ اَجْعَلُ لَکَ نِصْفَ دُعَائِیْ قَالَ مَا شِئْتَ قَالَ الثُّلُثَیْنِ قَالَ مَا شِئْتَ قَالَ اَجْعَلُ دُعَائِیْ کُلَّهٗ لَکَ قَالَ اِذًا یَکْفِیْکَ اللهُ هَمَّ الدُّنْیَا وَالْآخِرَةِ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا میرے رب کی طرف سے ایک آنے والا آیا اور بتایا کہ جو بندہ تجھ پر درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس کے بدلے اس پر دس مرتبہ درود بھیجے گا ایک شخص اٹھا اور عرض کی یارسول اللہ میں اپنی دعا کا نصف آپ پر درود بھیجوں گا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا جتنا جی چاہے اس نے عرض کی حضور دو تہائی فرمایا جتنا جی چاہے پھر اس نے عرض کی حضور تمام وقت آپ پر درود پڑھنے میں صرف کروں گا فرمایا پھر اللہ تعالیٰ تیرے لئے دنیا و آخرت کے ہر رنج والم کیلئے کافی ہو جائے گا (یعنی ہر رنج والم دور فرما دے گا)

اس حدیث پاک کو اسماعیل القاضی نے نقل فرمایا ہے اور حضرت یعقوب صغار تابعین

میں سے ہیں ان کی یہ حدیث مرسل یا معضل ہے میں (مصنف) کہتا ہوں اس روایت نے مراد کی تصریح کا فائدہ دیا ہے اس لئے اب کسی تاویل کی گنجائش نہیں رہتی جیسا کہ ہم اس باب کی چوتھی فصل میں بیان کریں گے۔ وللہ الحمد۔

حضرت ابو بکر الصدیق رضی اللہ عنہ جن کا نام عبد اللہ بن عثمان ہے فرماتے ہیں۔

اَلصَّلٰوۃُ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَمْحَقُ لِلْخَطَایَا مِنَ الْمَاءِ لِلنَّارِ وَالسَّلَامُ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ مِنْ عِتْقِ الرِّقَابِ وَحُبُّ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ مِنْ مُھَجِ الْاَنْفُسِ اَوْ قَالَ مِنْ ضَرْبِ السَّیْفِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا، آگ کو پانی کے ساتھ بجھانے سے بھی زیادہ خطاؤں کو مٹاتا ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام پڑھنا گردنیں آزاد کرنے سے افضل ہے اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت نفسوں کی روح سے افضل ہے یا فرمایا اللہ کے راستہ میں تلوار چلانے سے افضل ہے۔

اس کو النمیری اور ابن بشکوال نے موقوف روایت کیا ہے اسی طرح ہم نے اس روایت کو ہبتہ اللہ احمد الخیُوْرتی کے طریق سے بھی روایت کیا ہے اور یہی روایت التیمی نے الترغیب میں بایں الفاظ ذکر کی ہے "اَلصَّلٰوۃُ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ مِنْ عِتْقِ الرِّقَابِ وَحُبُّ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ مِنْ مُھَجِ الْاَنْفُسِ وَقَالَ مِنْ ضَرْبِ السَّیْفِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ" اور اس کی سند ضعیف ہے اور صحیح یہ ہے کہ جس نے کوئی گردن آزاد کی اللہ تعالیٰ اس کے ہر عضو کے بدلے آزاد کرنے والے کے ہر ہر عضو کو آزاد فرمائے گا حتیٰ کہ فرج کے بدلے فرج آزاد فرمائے گا۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے۔

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مَرَّۃً وَّاحِدَۃً فَتُقُبِّلَتْ مِنْہُ مَحَا اللّٰہُ عَنْہُ ذُنُوْبَ ثَمَانِیْنَ سَنَۃً۔

جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا وہ قبول کر لیا جائے گا اور اللہ تعالیٰ اس شخص کے ۸۰ سال کے گناہ معاف فرما دے گا۔

اس حدیث پاک کو ابو الشیخ اور ابو سعد نے شرف المصطفیٰ میں روایت کیا ہے۔ مزید

اس کا بیان پانچویں باب میں جمعہ کے دن حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھنے کی فضیلت کے ذکر کے تحت آئے گا۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے اس کی سند پر مجھے آگاہی نہیں ہے۔

قَالَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلَاۃً وَّاحِدَۃً اَمَرَ اللّٰہُ حَافِظَیْہِ اَنْ لَّا یَکْتُبَا عَلَیْہِ ذَنْبًا ثَلَاثَۃَ اَیَّامٍ۔

فرمایا جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اپنے فرشتوں کو حکم فرماتا ہے کہ تین دن تک اس کا کوئی گناہ نہ لکھیں۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے یہ بھی مروی ہے۔

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلَاۃً وَّاحِدَۃً لَمْ یَلِجِ النَّارَ حَتّٰی یَعُوْدَ اللَّبَنُ فِی الضَّرْعِ۔

جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا وہ آگ میں نہیں جائے گا حتیٰ کہ دودھ کھیری میں واپس چلا جائے۔

میں کہتا ہوں ان کے ثبوت میں نظر ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں۔

قَالَ یَا اَیُّھَا النَّاسُ اِنَّ اَنْجَاکُمْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ مِنْ اَھْوَالِھَا وَمَوَاطِنِھَا اَکْثَرُکُمْ عَلَیَّ صَلَاۃً فِیْ دَارِ الدُّنْیَا اِنَّہٗ قَدْ کَانَ فِی اللّٰہِ وَمَلَائِکَتِہٖ کِفَایَۃٌ اِذْ یَقُوْلُ اِنَّ اللّٰہَ وَمَلَائِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ فَاَمَرَ بِذٰلِکَ الْمُؤْمِنِیْنَ لِیُثِیْبَھُمْ عَلَیْہِ۔

ارشاد فرمایا اے لوگو! قیامت کے دن قیامت کی ہولناکیوں اور اس کی تلخیوں سے سب سے زیادہ بچانے والا ور دنیا میں تمہارا مجھ پر کثرت سے درود پڑھنا ہے۔ یہ ورد وظیفہ اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتوں کی طرف سے کافی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے بیشک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتے ہیں پھر اس نے اسی وظیفہ کا مومنین کو حکم فرمایا تاکہ وہ انہیں اس پر اجر عطا فرمائے۔

اس حدیث پاک کو ابو القاسم التیمی نے الترغیب میں اور الخطیب نے اور ان کے طریق سے ابن بشکوال نے روایت فرمایا ہے اور الدیلمی نے مسند الفردوس میں ابن لال کے طریق

سے روایت کی ہے اور اس کی سند انتہائی ضعیف ہے۔

## درود پاک پڑھنے والے کی ہر مشکل وقت میں امداد کی جاتی ہے

حضرت الشبلی رضی اللہ عنہ سے حکایت کی گئی ہے کہ انہوں نے فرمایا میرا ایک پڑوسی فوت ہو گیا میں نے اسے خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ اللہ تعالیٰ نے تیرے ساتھ کیا سلوک فرمایا ہے، اس نے کہا اے شبلی مجھ پر بہت بڑی بڑی مصیبتیں گذری ہیں، سوال و جواب کے وقت میرے دل میں یہ خیال آیا کہ کیا میری موت اسلام پر نہیں ہوئی؟ تو ندا آئی کہ یہ تیری دنیا میں زبان کی سستی اور کاہلی کی سزا ہے جب فرشتے میرے قریب آنے لگے تو ایک خوبصورت عمدہ خوشبو والا شخص میرے اور فرشتوں کے درمیان حائل ہو گیا۔ اور مجھے کامیابی کی دلیل یاد دلائی اور میں نے وہ دلیل پیش کر دی پھر میں نے پوچھا تو کون ہے اللہ تعالیٰ تم پر رحم فرمائے اس نے کہا میں ایک ایسا شخص ہوں جس کو تیرے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر بکثرت درود پڑھنے کی وجہ سے پیدا کیا گیا ہے۔ اب مجھے آپ کی ہر تکلیف پر مدد نے کا حکم دیا گیا ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی مروی حدیث جس میں شہدت لہ یوم القیامہ و شفعت کی خوشخبری ہے اور حدیث رویفع بن ثابت جس میں وجبت لہ شفاعتی کا مژدہ جانفزا ہے یہ دونوں حدیثیں بھی پہلے باب میں گذر چکی ہیں۔

## درود پڑھنے والے کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شفاعت نصیب ہوگی

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ حِيْنَ يُصْبِحُ عَشْرًا وَحِيْنَ يُمْسِيْ عَشْرًا اَدْرَكَتْهُ شَفَاعَتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو دس مرتبہ صبح اور دس مرتبہ شام کے وقت مجھ پر درود پڑھے گا قیامت کے دن میری شفاعت اسے پالے گی۔

اس حدیث پاک کو الطبرانی نے دو سندوں کے ساتھ روایت کیا ہے ایک جید ہے مگر اس میں انقطاع ہے کیونکہ خالد نے ابو الدرداء سے نہیں سنا ہے۔ ابن ابی عاصم نے بھی روایت کی ہے اور اس میں بھی ضعف ہے۔

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ صَلَّى عَلَيَّ كُنْتُ شَفِيْعَهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا کہ جو مجھ پر درود بھیجے گا قیامت کے دن میں اس کا شفیع ہوں گا۔

اس حدیث پاک کو ابو حفص ابن شاہین نے الترغیب وغیرہ میں اور ابن بشکوال نے ان کے طریق سے روایت کیا ہے۔ اس کی سند میں اسماعیل بن یحییٰ بن عبید اللہ التیمی انتہائی ضعیف ہے اس کے ترک پر علماء کا اتفاق ہے۔

ابو داؤد اور حسن بن احمد البنا کے ہاں یہ الفاظ ہیں۔

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ يَقُوْلُ إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ وَهَبَ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ عِنْدَ الْاِسْتِغْفَارِ فَمَنْ اِسْتَغْفَرَ بِنِيَّةٍ صَادِقَةٍ غُفِرَ لَهٗ وَمَنْ قَالَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ رَجَحَ مِيْزَانُهٗ وَمَنْ صَلَّى عَلَيَّ كُنْتُ شَفِيْعَهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حجۃ الوداع کے موقع پر یہ فرماتے سنا کہ اللہ عزوجل نے تمہیں تمہارے گناہوں کیلئے استغفار عطا فرمایا ہے جس نے خلوص نیت کے ساتھ استغفار کیا اس کو بخش دیا جاتا ہے اور جس نے لا الہ الا اللہ کہا اس نے اپنا میزان بھاری کر لیا۔ اور جو مجھ پر درود بھیجے گا قیامت کے دن میں اس کی شفاعت کروں گا۔

بکر بن عبد اللہ المزنی التابعی کے واسطہ سے مرفوعاً ابو سعید نے شرف المصطفیٰ میں روایت کی ہے۔

مَنْ صَلَّى عَلَيَّ عَشْرًا مِنْ أَوَّلِ النَّهَارِ وَعَشْرًا مِنْ آخِرِهٖ نَالَتْهُ

جو دن کی ابتداء میں دس مرتبہ اور دن کے آخر میں دس مرتبہ مجھ پر درود بھیجے گا قیامت

شَفَاعَتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ۔

کے دن اسے میری شفاعت ملے گی۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے فرماتی ہیں۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ سَرَّہٗ اَنْ یَّلْقَی اللّٰہَ رَاضِیًا فَلْیُکْثِرِ الصَّلٰوۃَ عَلَیَّ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جسے یہ پسند ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے حالت رضا میں ملے تو اسے مجھ پر کثرت سے درود بھیجنا چاہئے۔

اس حدیث پاک کو الدیلمی نے مسند الفردوس میں ابن عدی نے الکامل میں اور ابو سعید نے شرف المصطفیٰ میں روایت کیا ہے۔ اور اس کی سند ضعیف ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں۔

قَالَ اِنَّ لِلّٰہِ سَیَّارَۃً مِّنَ الْمَلَائِکَۃِ یَطْلُبُوْنَ حِلَقَ الذِّکْرِ فَاِذَا اَتَوْا عَلَیْہِمْ حَفُّوْا بِہِمْ ثُمَّ بَعَثُوْا رَائِدَھُمْ اِلَی السَّمَاءِ اِلٰی رَبِّ الْعِزَّۃِ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی فَیَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اَتَیْنَا عَلٰی عِبَادٍ مِّنْ عِبَادِکَ یُعَظِّمُوْنَ آلَاءَکَ وَیَتْلُوْنَ کِتَابَکَ وَیُصَلُّوْنَ عَلٰی نَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَیَسْاَلُوْنَکَ لِآخِرَتِہِمْ وَدُنْیَاھُمْ فَیَقُوْلُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی غَشُّوْھُمْ رَحْمَتِیْ فَیَقُوْلُوْنَ یَارَبِّ اِنَّ فِیْہِمْ فُلَانًا الْخَطَّاءَ اِنَّمَا اَعْتَنَقَہُمْ اِعْتِنَاقًا فَیَقُوْلُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی غَشُّوْھُمْ رَحْمَتِیْ فَہُمُ الْجُلَسَاءُ لَا یَشْقٰی بِہِمْ جَلِیْسُہُمْ۔

فرمایا اللہ تعالیٰ کے کچھ سیاح ملائکہ ہیں جو ذکر کی محافل تلاش کرتے رہتے ہیں جب وہ ذاکرین کی محفل پر پہنچتے ہیں تو انہیں گھیر لیتے ہیں پھر اپنے پیغام رساں کو رب العزۃ تبارک وتعالیٰ کی طرف بھیجتے ہیں اور کہتے ہیں اے ہمارے پروردگار ہم تیرے بندوں کی طرف سے آئے ہیں جو تیری نعمتوں کا اظہار کر رہے تھے۔ تیری کتاب کی تلاوت کر رہے تھے اور تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھ رہے اور تجھ سے اپنی دنیا و آخرت کی بھلائی کا سوال کر رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں انہیں میری رحمت کی وسیع چادر سے ڈھانپ دو. فرشتے کہتے ہی یارب ان میں ایک ایسا شخص جو مجلس کے آخر میں آیا ہے اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں انہیں

بھی میری رحمت سے ڈھانپ دو، وہ بھی
انہیں کا ہم نشین ہے ان کی ہم نشینی کرنے
والا بدبخت نہیں ہوتا۔

البزار نے اس حدیث کو روایت کیا ہے، اس کی سند حسن ہے اگرچہ اس میں ابن ابی الرقاد سے زیادتی وارد ہے۔ جو منکر الحدیث ہے اور زیاد النمیری ہیں جو ضعیف ہیں ان دونوں راویوں کی حدیث کی شواہد ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ ان دونوں کی توثیق بھی کی گئی ہے واللہ اعلم۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

لَوْلَا اَنْ اٰنِسَ ذِكْرَ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ مَا تَقَرَّبْتُ اِلَى اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ اِلَّا بِالصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ قَالَ جِبْرِيْلُ يَا مُحَمَّدُ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ يَقُوْلُ مَنْ صَلّٰى عَلَيْكَ عَشْرَ مَرَّاتٍ اِسْتَوْجَبَ الْاَمَانَ مِنْ سُخْطِيْ -

اگر مجھے اللہ تعالیٰ کے ذکر کے ساتھ انس نہ ہوتا تو میں اللہ عزوجل کا قرب حاصل نہ کر سکتا، سوائے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا کہ جبریل نے کہا اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم بیشک اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں جو تجھ پر دس مرتبہ درود بھیجے گا وہ میری ناراضگی سے محفوظ و مامون ہو جائے گا۔

اس حدیث پاک کو بقی بن مخلد اور ان کی طریق سے ابن بشکوال نے رجل (غیر مسمی) عن مجاہد عن علی کی سند سے روایت کی ہے۔

## قیامت کے دن درود پڑھنے والے کو عرش کے سایہ میں جگہ ملے گی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا گیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

ثَلَاثَةٌ تَحْتَ ظِلِّ عَرْشِ اللّٰهِ يَوْمَ

تین ایسے خوش نصیب شخص ہیں جو قیامت

الْقِيَامَةِ يَوْمَ لَا ظِلَّ إِلَّا ظِلُّهُ قِيْلَ مَنْ هُمْ يَا رَسُوْلَ اللهِ قَالَ مَنْ فَرَّجَ عَنْ مَكْرُوْبٍ مِنْ أُمَّتِيْ وَأَحْيَا سُنَّتِيْ وَأَكْثَرَ الصَّلٰوةَ عَلَيَّ۔

کے دن عرش کے سایہ کے نیچے ہوں گے۔ جس دن سوائے عرش کے سایہ کے کوئی سایہ نہ ہوگا۔ پوچھا گیا یارسول اللہ وہ کون ہوں گے فرمایا جس نے کسی میرے امتی کی تکلیف کو دور کیا۔ جس نے میری سنت کو زندہ کیا اور جس نے مجھ پر کثرت سے درود بھیجا۔

اس حدیث پاک کو صاحب الدر المنظم نے ذکر کیا ہے مگر میں ابھی تک اس کی پر اعتماد اصل پر آگاہ نہیں ہوا، ہاں صاحب الفردوس نے حضرت انس بن مالک کی طرف منسوب کی ہے اور اس کے بیٹے نے سند بیان نہیں کی ان کے علاوہ نے حدیث ابو ہریرہ سے فوائد الخلعی کی طرف نسبت کی ہے واللہ اعلم۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے ارشاد فرمایا۔

إِنَّ لِآدَمَ مِنَ اللهِ مَوْقِفًا فِيْ فَسِيْحِ الْعَرْشِ عَلَيْهِ ثَوْبَانِ أَخْضَرَانِ كَأَنَّهُ نَخْلَةٌ سَحُوْقٌ يَنْظُرُ إِلٰى مَنْ يَنْطَلِقُ بِهٖ مِنْ وُلْدِهٖ إِلَى الْجَنَّةِ وَيَنْظُرُ إِلٰى مَنْ يَنْطَلِقُ بِهٖ مِنْ وُلْدِهٖ إِلَى النَّارِ قَالَ فَبَيْنَمَا آدَمُ عَلٰى ذٰلِكَ إِذْ نَظَرَ إِلٰى رَجُلٍ مِنْ أُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْطَلَقٌ بِهٖ إِلَى النَّارِ فَيُنَادِيْ آدَمُ يَا أَحْمَدُ يَا أَحْمَدُ فَيَقُوْلُ لَبَّيْكَ يَا أَبَا الْبَشَرِ فَيَقُوْلُ هٰذَا رَجُلٌ مِنْ أُمَّتِكَ مُنْطَلَقٌ بِهٖ إِلَى النَّارِ فَاشْتَدَّ الْمِئْزَرَ وَأَسْرَعَ فِيْ إِثْرِ الْمَلَائِكَةِ وَأَقُوْلُ

آدم علیہ السلام عرش کے وسیع میدان میں ٹھہرے ہوئے ہوں گے آپ پر دو سبز کپڑے ہوں گے گویا ایک طویل کھجور کی مانند، اپنی اولاد میں سے ہر اس شخص کو دیکھ رہے ہوں گے جو جنت میں جا رہا ہوگا اور اپنی اولاد میں سے اسے بھی دیکھ رہے ہوں گے جو دوزخ میں جا رہا ہوگا اسی اثناء میں کہ آدم علیہ السلام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک امتی کو دوزخ میں جاتا ہوا دیکھ لیں گے۔ آدم علیہ السلام پکاریں گے یا احمد یا احمد، حضور فرمائیں گے لبیک اے ابو البشر آدم علیہ السلام کہیں گے آپ کا یہ امتی دوزخ میں جا رہا ہے۔ پس میں بڑی چستی کے ساتھ

يَارُسُلَ رَبِّيْ قِفُوْا فَيَقُوْلُوْنَ نَحْنُ الغِلَاظُ الشِّدَادُ الَّذِيْنَ لَا نَعْصِيْ اللهَ مَا اَمَرَنَا وَ نَفْعَلُ مَا نُؤْمَرُ فَاِذَا اَيِسَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبَضَ عَلٰى لِحْيَتِهٖ بِيَدِهِ الْيُسْرٰى وَاسْتَقْبَلَ الْعَرْشَ بِيَدِهٖ فَيَقُوْلُ يَارَبِّ اَلَيْسَ قَدْ وَعَدْتَنِيْ اَنْ لَا تُخْزِيَنِيْ فِيْ اُمَّتِيْ فَيَاْتِي النِّدَاءُ مِنْ عِنْدِ الْعَرْشِ اَطِيْعُوْا مُحَمَّدًا وَرُدُّوْا هٰذَا الْعَبْدَ اِلَى الْمَقَامِ فَاُخْرِجُ مِنْ حُجْرِيْ بِطَاقَةً بَيْضَاءَ كَالْاَنْمُلَةِ فَاُلْقِيْهَا فِيْ كَفَّةِ الْمِيْزَانِ الْيُمْنٰى وَاَنَا اَقُوْلُ بِسْمِ اللهِ فَتَرْجَحُ الْحَسَنَاتُ عَلَى السَّيِّاٰتِ فَيُنَادٰى سَعِدَ وَسَعِدَ جَدُّهٗ وَ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ اِنْطَلِقُوْا بِهٖ اِلَى الْجَنَّةِ فَيَقُوْلُ الْعَبْدُ يَارُسُلَ رَبِّيْ قِفُوْا حَتّٰى اُكَلِّمَ هٰذَا الْعَبْدَ الْكَرِيْمَ عَلٰى رَبِّهٖ فَيَقُوْلُ بِاَبِيْ وَاُمِّيْ مَا اَحْسَنَ وَجْهَكَ وَاَحْسَنَ خُلُقَكَ فَقَدْ اَقَلْتَنِيْ عَثْرَتِيْ وَرَحِمْتَ عَبْرَتِيْ فَيَقُوْلُ اَنَا نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ وَهٰذِهٖ صَلَاتُكَ الَّتِيْ كُنْتَ

تیز تیز فرشتوں کے پیچھے چلوں گا اور کہوں گا اے میرے رب کے فرستادو! ٹھہرو وہ کہیں گے ہم سخت فرشتے ہیں جس کا ہمیں اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے اور اس کی نافرمانی نہیں کرتے ہم وہی کرتے ہیں جس کا ہمیں حکم ملا ہے جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام مایوس ہوں گے تو اپنی داڑھی مبارک کو بائیں ہاتھ سے پکڑیں گے اور عرش کی طرف ہاتھ سے اشارہ کرتے ہوئے کہیں گے اے میرے پروردگار کیا تو نے مجھ سے وعدہ نہیں فرمایا ہے کہ تو مجھے اپنی امت کے بارے رسوا نہ کرے گا عرش سے ندا آئے گی اے فرشتو! محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کرو اور اسے لوٹا دو پھر میں اپنی گود سے سفید کاغذ انگلی کے پورے کی مانند نکالوں گا اور اسے دائیں میزان کے پلڑے میں ڈال دوں گا اور میں کہوں گا بسم اللہ، پس وہ نیکیوں والا پلڑا برائیوں والے پلڑے پر بھاری ہو جائے گا آواز آئے گی خوش بخت ہے سعادت یافتہ ہوگیا ہے۔ اور اس کا میزان بھاری ہوگیا ہے اسے جنت میں لے جاؤ وہ بندہ کہے گا اے میرے پروردگار کے فرشتو! ٹھہرو میں اس بندہ سے بات تو کر لوں جو اپنے رب کے حضور بڑی کرامت رکھتا ہے وہ کہے گا میرے ماں باپ فدا ہوں آپ پر

تُصَلِّيْهَا عَلَيَّ وَقَدْ وَفَتْكَ أَحْوَجَ مَا كُنْتَ إِلَيْهَا۔

آپ کا چہرہ انور کتنا حسین ہے اور آپ کی شکل کتنی خوبصورت ہے تونے میری لغزشوں کو معاف فرما دیا ہے اور میرے آنسوؤں پر رحم فرمایا (تو کون ہے) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فرمائیں گے میں تیرا نبی محمد ہوں اور یہ تیری وہ صلاۃ (درود) ہے جو تو مجھ پر بھیجتا تھا اس نے تجھ کو پورا نفع پہنچایا، جتنا کہ تجھے اس کی ضرورت تھی۔

اس حدیث پاک کو ابن ابی الدنیا نے اپنی کتاب حسن الظن باللہ میں کثیر بن مرہ الحضرمی عن عبداللہ کے طریق سے اور النمیری کے طریق سے نقل کیا ہے اور ابن البناّ نے بھی ذکر کی ہے اور اس کی سند ہالک ہے۔

بعض آثار میں ہے جن کی سند پر واقف نہیں۔

لَيَرِدَنَّ الْحَوْضَ عَلَيَّ أَقْوَامٌ مَا أَعْرِفُهُمْ إِلَّا بِكَثْرَةِ الصَّلٰوةِ عَلَيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کچھ لوگ حوض پر میرے پاس آئیں گے جنہیں میں کثرت درود کی وجہ سے پہچانتا ہوں گا۔

حضرت کعب الاحبار سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

أَوْحَى اللهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلٰى مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيْ بَعْضِ مَا أَوْحٰى إِلَيْهِ يَا مُوْسٰى لَوْلَا مَنْ يَحْمَدُنِيْ مَا أَنْزَلْتُ مِنَ السَّمَاءِ قَطْرَةً وَلَا أَنْبَتُّ مِنَ الْأَرْضِ وَرَقَةً يَا مُوْسٰى لَوْلَا مَنْ يَعْبُدُنِيْ مَا أَمْهَلْتُ مَنْ يَعْصِيْنِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ يَا مُوْسٰى لَوْلَا مَنْ يَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ لَسَلَّطْتُ جَهَنَّمَ

موسیٰ علیہ السلام کی طرف جو وحی کی گئی تھی اس میں اللہ عزوجل نے موسیٰ علیہ السلام کو وصیت فرمائی کہ اے موسیٰ اگر میری حمد کرنے والے نہ ہوتے تو میں آسمان سے ایک قطرہ بھی پانی کا نہ اتارتا اور زمین پر ایک پتا بھی نہ اگتا اے موسیٰ اگر میرے عبادت گذار نہ ہوتے تو میں نافرمانوں کو آنکھ جھپکنے کی دیر بھی مہلت نہ دیتا۔ اے موسیٰ اگر لا الہ

عَلَى الدُّنْيَا يَا مُوسَى إِذَا لَقِيتَ الْمَسَاكِيْنَ فَاسْأَلْهُمْ كَمَا تَسْأَلُ الْأَغْنِيَاءَ فَإِنْ لَمْ تَفْعَلْ ذَالِكَ فَاجْعَلْ كُلَّ شَيْءٍ عَلِمْتَ أَوْ عَمِلْتَ تَحْتَ التُّرَابِ يَا مُوسٰى أَتُحِبُّ أَنْ لَا يَنَالُكَ مِنْ عَطَشٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ: إِلٰهِي نَعَمْ، قَالَ فَاكْثِرْ مِنَ الصَّلٰوةِ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

الا اللہ کی شہادت دینے والے نہ ہوتے تو جنہم دنیا پر بہہ نکلتی، اے موسیٰ جب تو مسکینوں سے ملے تو ان سے بھی ایسے ہی حالت پوچھ جیسے تم غنیوں سے پوچھتے ہو، اگر تم ایسا نہ کرو گے تو ہر چیز مٹی کے نیچے سمجھ یا مٹی کے نیچے کر، اے موسیٰ کیا تم یہ پسند کرتے ہو کہ قیامت کے دن تجھے پیاس محسوس نہ ہو، عرض کی اے میرے اللہ، ہاں ارشاد فرمایا کثرت سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا کر۔

اس کو ابو القاسم نے اپنی ترغیب میں روایت کیا ہے۔

وَأَنَّ يُخْبِرَ جِبْرِيْلُ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّهُ مَنْ صَلّٰى عَلَيْكَ فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ مَائَةَ مَرَّةٍ صَلَّيْتُ عَلَيْهِ أَلْفَىْ صَلَاةٍ وَتُقْضٰى لَهُ أَلْفُ حَاجَةٍ أَيْسَرُهَا أَنْ يُعْتَقَ مِنَ النَّارِ۔

کہ جبرئیل نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا کہ جو دن، رات میں تجھ پر سو مرتبہ درود بھیجے گا میں اس پر دو ہزار مرتبہ درود بھیجوں گا اور اس کی ہزار ایسی حاجتیں پوری کی جائیں گی جن میں سب سے آسان آگ سے نجات دینا ہے۔

اس حدیث کو ابن الجوزی نے الخطیب کے طریق سے روایت کیا ہے اور ان سے یہ بھی منقول ہے کہ انہوں نے فرمایا یہ حدیث اس سند کے ساتھ باطل ہے۔

عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنِّي رَأَيْتُ الْبَارِحَةَ عَجَبًا رَأَيْتُ رَجُلًا مِنْ أُمَّتِي يَزْحَفُ عَلَى الصِّرَاطِ مَرَّةً وَيَحْبُوْ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور ارشاد فرمایا گزشتہ رات میں نے ایک عجیب منظر دیکھا ہے، میں نے دیکھا کہ میرا ایک امتی پل صراط پر کبھی گھٹنوں

مَرَّةً وَيَتَعَلَّقُ مَرَّةً فَجَاءَتْهُ صَلَاتُهُ عَلَيَّ فَأَخَذَتْ بِيَدِهِ فَأَقَامَتْهُ عَلَى الصِّرَاطِ حَتّٰى جَاوَزَهُ ۔

کے بل اور کبھی پیٹ کے بل رینگ کر چل رہا ہے اور کبھی نیچے لٹک جاتا پس اس کا درود مجھ تک پہنچا تو میں نے اس کے ہاتھ سے پکڑا اور پل صراط پر سیدھا قائم کر دیا حتیٰ کہ وہ صحیح و سلامت گذر گیا۔

اس حدیث پاک کو الطبرانی نے الکبیر میں روایت کیا ہے، الدیلمی نے مسند الفردوس میں اور ابن شاذان نے اپنی مشیخت میں مطولا ذکر کی ہے اس کی سند میں علی بن زید بن جدعان ہیں جو مختلف فیہ ہیں الطبرانی نے اس طریق کے علاوہ سے بھی ایک ضعیف سند کے ساتھ روایت کیا ہے، ابو موسیٰ المدینی نے بھی الترغیب میں ذکر کی ہے اور اسے فرج بن فضالہ عن ہلال ابی جبلہ عن سعید بن المسیب کی روایت سے روایت کیا ہے اور فرمایا یہ حدیث انتہائی حسن ہے اور الرشید العطار نے فرمایا ہذا احسن طرقہ، الہیثمی وغیرہ نے سے مطولاً روایت کیا ہے اور اس کے الفاظ یہ ہیں۔

خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا وَنَحْنُ فِيْ مَسْجِدِ الْمَدِيْنَةِ فَقَالَ رَأَيْتُ الْبَارِحَةَ عَجَبًا رَأَيْتُ رَجُلًا مِنْ أُمَّتِيْ جَاءَهُ مَلَكُ الْمَوْتِ لِيَقْبِضَ رُوْحَهُ فَجَاءَهُ بِرُّهُ بِوَالِدَيْهِ فَرَدَّهُ عَنْهُ وَرَأَيْتُ رَجُلًا مِنْ أُمَّتِيْ قَدْ سُلِّطَ عَلَيْهِ عَذَابُ الْقَبْرِ فَجَاءَهُ وُضُوْءُهُ فَاسْتَنْقَذَهُ مِنْهُ وَرَأَيْتُ رَجُلًا مِنْ أُمَّتِيْ اِحْتَوَتْهُ الشَّيَاطِيْنُ فَجَاءَهُ ذِكْرُ اللّٰهِ فَخَلَّصَهُ مِنْ بَيْنِهِمْ وَرَأَيْتُ رَجُلًا مِنْ أُمَّتِيْ اِحْتَوَشَتْهُ مَلَائِكَةُ الْعَذَابِ فَجَاءَتْهُ صَلَاتُهُ فَاسْتَنْقَذَتْهُ

ایک دن ہم مدینہ طیبہ کی مسجد میں بیٹھے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور ارشاد فرمایا میں نے گذشتہ رات ایک عجیب منظر دیکھا ہے میں نے اپنے ایک امتی کو دیکھا کہ ملک الموت اس کی روح قبض کرنے آیا ہے تو اس کا اپنے والدین کے ساتھ حسن سلوک کرنے کا عمل آیا اور ملک الموت کو اس نے دور کر دیا میں نے ایک امتی کو دیکھا کہ عذاب قبر اس پر مسلط ہے، اس کے وضو کا عمل آیا اور اسے اس کو عذاب سے نجات دلائی، میں نے ایک امتی کو دیکھا کہ شیطان اسے گھیرے ہوئے ہیں اللہ

مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَرَاَيْتُ رَجُلًا مِنْ اُمَّتِيْ يَلْهَثُ عَطْشًا كُلَّمَا وَرَدَ حَوْضًا مُنِعَ فَجَاءَهُ صِيَامُهُ فَسَقَاهُ وَاَرْوَاهُ وَرَاَيْتُ رَجُلًا مِنْ اُمَّتِيْ وَالنَّبِيُّوْنَ قُعُوْدٌ حَلَقًا حَلَقًا كُلَّمَا دَنَا اِلٰى حَلْقَةٍ طُرِدَ فَجَاءَهُ اِغْتِسَالُهُ مِنَ الْجَنَابَةِ فَاَخَذَ بِيَدِهٖ وَاَقْعَدَهُ اِلٰى جَنْبِيْ وَرَاَيْتُ رَجُلًا مِنْ اُمَّتِيْ مِنْ بَيْنَ يَدَيْهِ ظُلْمَةٌ وَمِنْ خَلْفِهٖ ظُلْمَةٌ وَعَنْ يَمِيْنِهٖ ظُلْمَةٌ وَعَنْ شِمَالِهٖ ظُلْمَةٌ وَمِنْ فَوْقِهٖ ظُلْمَةٌ وَمِنْ تَحْتِهٖ ظُلْمَةٌ فَجَاءَهُ حَجُّهُ وَعُمْرَتُهُ فَاسْتَخْرَجَاهُ مِنَ الظُّلْمَةِ وَاَدْخَلَاهُ فِي النُّوْرِ وَرَاَيْتُ رَجُلًا مِنْ اُمَّتِيْ يُكَلِّمُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يُكَلِّمُوْنَهُ فَجَاءَتْهُ صِلَتُهُ لِلرَّحِمِ فَقَالَتْ يَا مَعْشَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ كَلِّمُوْهُ فَاِنَّهُ كَانَ وَاصِلًا لِرَحِمِهٖ فَكَلَّمُوْهُ وَصَافَحُوْهُ وَرَاَيْتُ رَجُلًا مِنْ اُمَّتِيْ يَتَّقِي النَّارَ وَحَرَّهَا وَشَرَرَهَا بِيَدِهٖ عَنْ وَجْهِهٖ فَجَاءَتْهُ صَدَقَتُهُ وَصَارَتْ سِتْرًا عَلٰى وَجْهِهٖ وَظِلًّا عَلٰى رَاْسِهٖ وَرَاَيْتُ رَجُلًا مِنْ اُمَّتِيْ اَخَذَتْهُ الزَّبَانِيَةُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ فَجَاءَهُ اَمْرُهُ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهْيُهُ عَنِ الْمُنْكَرِ فَاسْتَنْقَذَاهُ مِنْ اَيْدِيْهِمْ

کے ذکر کا عمل آیا اور اُس سے اسے خلاصی دلائی۔ ایک امتی کو دیکھا کہ عذاب کے فرشتے اسے ہراساں کر رہے ہیں اس کی نماز کا عمل آیا اور ان کے ہاتھوں سے اسے چھٹکارا دلایا ایک امتی کو دیکھا پیاس سے ہانپ رہا ہے جب بھی حوض پر آتا ہے روک دیا جاتا ہے اور اس کے روزہ کا عمل آیا اور اسے سیراب کیا۔ ایک امتی کو دیکھا کہ انبیاء حلقے بنا کر بیٹھے ہیں جب وہ کسی حلقہ کے قریب ہوتا تو اسے دھتکار دیا جاتا پس جنابت کے غسل کا عمل آیا اس کے ہاتھ سے پکڑا اور میرے پہلو میں بٹھا دیا۔ ایک امتی کو دیکھا اس کے آگے، پیچھے، دائیں، بائیں، اوپر، نیچے تاریکی ہی تاریکی ہے اس کے حج اور عمرہ کے اعمال آئے اور اسے تاریکی سے باہر نکالا اور نور میں داخل کر دیا۔ میں نے ایک امتی کو دیکھا وہ مومنین سے بات کرتا ہے مگر وہ نہیں بولتے اس کی صلہ رحمی کا عمل آیا اور کہا اے مومنین کے گروہ اس سے بات کرو کیونکہ یہ تعلق جوڑنے والا تھا پس وہ اس سے بات کرنے لگے اور مصافحہ کرنے لگے۔ میں نے ایک امتی کو دیکھا آگ کی حرارت اور شعلوں کو اپنے ہاتھ کے ساتھ اپنے چہرے سے دور کر رہا ہے، پس اس کا صدقہ آیا اور

وَسَلَّمَاهُ إِلٰى مَلَائِكَةِ الرَّحْمَةِ وَرَأَيْتُ رَجُلًا مِنْ أُمَّتِيْ هَوَتْ صَحِيْفَتُهُ قِبَلَ شِمَالِهِ فَجَاءَ هُ خَوْفُهُ مِنَ اللهِ فَأَخَذَ صَحِيْفَتَهُ فَجَعَلَهَا فِيْ يَمِيْنِهِ وَرَأَيْتُ رَجُلًا مِنْ أُمَّتِيْ قَدْ خَفَّتْ مِيْزَانُهُ فَجَاءَ تْهُ أَفْرَاطُهُ فَثَقَّلُوْا مِيْزَانَهُ وَرَأَيْتُ رَجُلًا مِنْ أُمَّتِيْ قَائِمًا عَلٰى شَفِيْرِ جَهَنَّمَ فَجَاءَ هُ وَجَلُهُ مِنَ اللهِ تَعَالٰى فَأَنْقَذَهُ مِنْهَا وَرَأَيْتُ رَجُلًا مِنْ أُمَّتِيْ هَوٰى إِلَى النَّارِ فَجَاءَتْهُ دُمُوْعُهُ الَّتِيْ بَكَاهَا مِنْ خَشْيَةِ اللهِ فَاسْتَخْرَجَتْهُ مِنَ النَّارِ وَرَأَيْتُ رَجُلًا مِنْ أُمَّتِيْ يَرْعَدُ عَلَى الصِّرَاطِ كَمَا تَرْعَدُ السَّعْفَةُ فَجَاءَ تْهُ صَلَاتُهُ عَلَيَّ فَسَكَنَتْ رَعْدَتُهُ وَرَأَيْتُ رَجُلًا مِنْ أُمَّتِيْ غُلِّقَتْ أَبْوَابُ رَحْبَةٍ دُوْنَهُ فَجَاءَتْهُ شَهَادَةُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ فَفُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ۔

اس کے چہرہ کا ستر اور سر پر سایہ بن گیا ایک امتی کو دیکھا زبانیہ فرشتے ہر طرف سے پکڑے ہوئے ہیں، اس کا امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا عمل آیا اسے ان کے ہاتھوں سے نجات دلائی اور ملائکہ رحمت کے حوالے کر دیا۔ ایک امتی کو دیکھا نامہ اعمال بائیں جانب ہے خوف خدا کا عمل آیا اس کا صحیفہ پکڑ کر دائیں طرف کر دیا ایک امتی کو دیکھا اس کا میزان ہلکا ہے اس کے پیشرو آئے اور اس کے میزان کو بھاری کر دیا۔ ایک امتی کو دیکھا جہنم کے کنارہ پر کھڑا ہے، اللہ سے ڈر کا عمل آیا اسے اس میں گرنے سے بچا لیا۔ ایک امتی کو دیکھا آگ میں گر رہا ہے اس کے وہ آنسو آئے جو خوف خدا کی وجہ سے بہے تھے انہوں نے اسے اس سے نکال لیا۔ ایک امتی کو دیکھا پل صراط پر ایسے کانپ رہا ہے جیسے ہوا میں کھجور کی ٹہنی کانپتی ہے۔ مجھ پر اس کا درود بھیجنے کا عمل آیا پس اس کی کپکپاہٹ آرام لگ گئی میں نے ایک امتی کو دیکھا اس پر جنت کے دروازے بند ہیں پس لا الہ الا اللہ کی شہادت پہنچی اور اس کے لئے جنت کے دروازے کھول دیئے گئے۔

اس حدیث پاک کو الباغیان نے اپنی فوائد میں عمرو بن مندہ سے راویت کرتے ہوئے مجاہد عن عبدالرحمن بن سمرہ تک سند پہنچائی ہے اور فرمایا یہ حدیث غریب ہے اور یحیٰ بن

سعید الانصاری عبدالرحمٰن بن حرملہ و علی بن زید. سعید وغیرہم عن سعید بن المسیب سے بھی مروی ہے۔ اس حدیث کو الذہبی نے المیزان میں ضعیف کہا ہے۔ القاضی ابو یعلیٰ نے اپنی کتاب "ابطال التاویلات لاخبار الصفات" میں نقل کی ہے۔ اس میں وَرَأَیْتُ رَجُلاً جَاثِیاً عَلٰی رُکْبَتَیْہِ وَبَیْنَہٗ وَبَیْنَ الرَّبِّ حِجَابٌ فَجَاءَتْہٗ مُحَبَّتِیْ وَاَخَذَ بِیَدِہٖ وَاَدْخَلَہٗ عَلَی اللّٰہِ۔ کی زیادتی ہے۔

الشیخ العارف ابو ثابت محمد بن عبدالملک الدیلمی اپنی کتاب اصول مذاہب العرفاء باللہ میں ذکر کیا ہے اہل حدیث کے نزدیک اگرچہ یہ حدیث غریب ہے مگر اس کا معنی صحیح ہے اس میں کسی قسم کا شک وشبہ نہیں ہے۔ بہت سے واقعات واحوال ایسے ہیں کشف کے ذریعے جن کی صحت کا انہیں قطعی علم حاصل ہوا ہے۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ فِیْ یَوْمٍ اَلْفَ مَرَّۃٍ لَمْ یَمُتْ حَتّٰی یَرٰی مَقْعَدَہٗ فِی الْجَنَّۃِ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو مجھ پر ایک دن میں ہزار مرتبہ درود بھیجے گا وہ مرنے سے پہلے جنت میں اپنا ٹھکانا دیکھ لے گا۔

اس حدیث پاک کو ابن شاہین نے اپنی ترغیب وغیرہ میں روایت کیا ہے اور ان کے طریق سے ابن بشکوال نے اور ابن سمعون اپنی امالی میں اور الدیلمی نے ابو الشیخ الحافظ کے طریق سے روایت کی ہے الضیاء نے المختارہ میں روایت کی ہے اور فرماتے ہیں میں اس حدیث کو نہیں پہچانتا سوائے الحکم بن عطیہ کی روایت سے۔

الدارقطنی فرماتے ہیں انہوں نے ثابت سے کئی احادیث روایت کی ہیں مگر ان کی متابع نہیں ہیں۔ اور امام احمد نے فرمایا ان میں کوئی حرج نہیں ہے مگر ابو داؤد الطیالسی نے ان سے کئی احادیث منکرہ روایت کی ہیں پھر فرماتے ہیں یحییٰ بن معین سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا یہ ثقہ ہیں۔

مصنف فرماتے ہیں میں کہتا ہوں کہ اس حدیث کو حکم کے علاوہ بھی راویوں نے روایت کیا ہے ابو الشیخ نے حاتم بن میمون عن ثابت کے طریق سے نقل کی ہے اور اس کے الفاظ

یہ ہیں "لَمْ یَمُتْ حَتّٰی یُبَشَّرَ بِالْجَنَّۃِ" نہیں مرتا مگر جنت کی بشارت اسے پہلے دی جاتی ہے۔

بالجملہ یہ حدیث منکر ہے جیساکہ ہمارے شیخ نے فرمایا ہے۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے ارشاد فرمایا۔

اَکْثَرُکُمْ عَلَیَّ صَلَاۃً اَکْثَرُکُمْ اَزْوَاجًا فِی الْجَنَّۃِ۔ تم میں سے جو مجھ پر کثرت سے درود پڑھے گا جنت میں وہی تم میں سے زیادہ ازواج والا ہوگا۔

اس حدیث کو صاحب الدر المنظم نے ذکر کیا ہے مگر میں ابھی تک اس پر آگاہ نہیں ہوا۔ حضرت عبداللہ بن جراد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا فرائض پورے کیا کرو یہ اللہ کے راستہ میں بیس غزوات لڑنے سے بھی زیادہ اجر رکھتے ہیں اور مجھ پر درود پڑھنا ان تمام فرائض کے برابر ہے۔

اس حدیث پاک کو الدیلمی نے مسند الفردوس میں ابی نعیم کے طریق سے ضعیف سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس نے عقیدہ اسلام کے مطابق حج کیا اور اس کے بعد کئی غزوات میں شامل ہوا تو اس کے غزوات کو چار سو حج کے برابر درجہ دیا جائے گا پھر فرمایا لوگوں کے دل ٹوٹ گئے ہیں جہاد پر قدرت نہیں رکھتے اور نہ حج پر تو اللہ تعالیٰ نے مجھ پر وحی بھیجی کہ جو تجھ پر درود بھیجے گا اس کا درود چار سو غزوات کے برابر لکھا جائے گا اور ہر غزوہ چار سو حج کے برابر ہوگا۔ اس حدیث کو ابو حفص السیانشی نے مجالس مکیہ میں نقل فرمایا ہے اور اس کے موضوع ہونے پر آثار ظاہر ہیں۔

حضرت ابو سعید الخدری رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں

قَالَ اَیُّمَا رَجُلٍ مُسْلِمٍ لَمْ یَکُنْ عِنْدَہٗ صَدَقَۃٌ فَلْیَقُلْ فِیْ دُعَائِہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ جس شخص کے پاس صدقہ نہ ہو اسے یہ دعا پڑھنی چاہئے اللھم صلی علی محمد عبدک و

عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ فَإِنَّهَا زَكَاةٌ وَقَالَ لَا يَشْبَعُ مُؤْمِنٌ خَيْرًا حَتّٰى يَكُوْنَ مُنْتَهَاهُ الْجَنَّةَ۔

رسولک وصل علی المومنین والمومنات والمسلمین والمسلمات یہ اس کی زکاۃ ہے پھر ارشاد فرمایا مومن بھلائی سے سیر نہ ہوگا حتیٰ کہ اس کی قرار گاہ جنت بن جائے۔

اس حدیث پاک کو ابن وہب اور ابن بشکوال نے ان کے طریق سے نقل کیا ہے اور ابن حبان اور ابو الشیخ نے روایت کی ہے اور الدیلمی نے دراج کے طریق سے تخریج کی ہے یہ مختلف فیہ ہے اور اس کی سند حسن ہے۔ اس کو ابو یعلی الموصلی نے اپنی مسند میں اور البیہقی نے اپنی ادب میں نقل کی ہے مگر اس کے الفاظ یہ ہیں۔

اَيُّمَا رَجُلٍ كَسَبَ مَالًا مِنْ حَلَالٍ فَاَطْعَمَ نَفْسَهُ اَوْ كَسَاهَا فَمَنْ دُوْنَهُ مِنْ خَلْقِ اللّٰهِ فَاِنَّهُ لَهُ زَكَاةٌ وَاَيُّمَا رَجُلٍ لَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ صَدَقَةٌ فَلْيَقُلْ فِيْ دُعَائِهِ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ فَاِنَّهُ لَهُ زَكَاةٌ۔

جس شخص نے کوئی حلال کمایا خود کھایا یا پہنا اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے کسی کو کھلایا یا پہنایا تو یہ اس کے لئے زکوۃ ہے اور جس شخص کے پاس صدقہ کرنے کیلئے کچھ نہ ہو تو وہ یوں دعا کرے اللھم صل علی محمد عبدک و رسولک وعلی المومنین والمومنات والمسلمین والمسلمات تو یہ اس کے لئے زکاۃ ہوگا۔

اس حدیث پاک کو البخاری نے الادب المفرد میں اسی طرح نقل کیا ہے اور ابن حبان نے ایک عنوان باندھا ہے کہ جو شخص صدقہ کرنے پر قدرت نہیں رکھتا اس کا اللہ تعالیٰ سے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے صلاۃ کی دعا مانگنا اس کے لئے صدقہ ہے۔

کسی سے سوال کیا گیا کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا افضل ہے یا صدقہ تو انہوں نے فرمایا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا افضل ہے پھر پوچھا گیا خواہ صدقہ فرضی ہو یا نفلی برابر ہیں فرمایا ہاں کیوں فرض تو وہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر فرض کیا ہے یہ درود اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے بھی ادا کرتے ہیں پس یہ مرض اس کی مانند کیسے ہو سکتا ہے۔ اس کا رد مخفی نہیں واللہ الموفق۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے۔

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ فِيْ يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ بِهَا اَلْفَ اَلْفَ حَسَنَةٍ وَمَحَا عَنْهُ اَلْفَ اَلْفَ سَيِّئَةٍ وَكَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ مِائَةَ صَدَقَةٍ مَقْبُوْلَةٍ وَمَنْ صَلّٰى عَلَيَّ ثُمَّ بَلَغَتْنِيْ صَلَاتُهٗ صَلَّيْتُ عَلَيْهِ كَمَا صَلّٰى عَلَيَّ وَمَنْ صَلَّيْتُ عَلَيْهِ نَالَتْهُ شَفَاعَتِيْ۔

جو مجھ پر دن میں سو مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس کے نامہ اعمال میں ۱۰ لاکھ نیکیاں لکھے گا اور ۱۰ لاکھ خطاؤں کو محو کر دے گا اور اس کے لئے سو مقبول صدقہ لکھ دے گا اور جس نے مجھ پر درود بھیجا اور اس کا درود مجھے پہنچا تو میں اس پر اسی طرح درود بھیجوں گا جیسے اس نے مجھ پر درود بھیجا اور جس پر میں درود بھیجوں گا اس کو میری شفاعت حاصل ہوگی۔

اس حدیث کو ابو سعید نے "شرف المصطفیٰ" میں روایت کیا ہے میرا گمان ہے کہ یہ صحیح نہیں ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلُّوْا عَلَيَّ فَاِنَّ الصَّلٰوةَ عَلَيَّ زَكَاةٌ لَّكُمْ

فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ پر درود پڑھو بیشک مجھ پر درود پڑھنا تمہارے لئے پاکیزگی کا باعث ہے۔

اس حدیث کو احمد اور ابو الشیخ نے اپنی کتاب "الصلوٰۃ النبویہ" میں روایت کیا ہے ابن ابی عاصم نے بھی روایت کی ہے مگر اس کی سند میں ضعف ہے، الحارث اور ابو بکر بن ابی شیبہ نے بھی اپنی مسند میں ذکر کی ہے اور اس میں ہے۔

وَسَلُوا اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لِيَ الْوَسِيْلَةَ فَسَأَلُوْهُ فَاَخْبَرَهُمْ فَقَالَ اَعْلٰى دَرَجَةٍ فِي الْجَنَّةِ لَا يَنَالُهَا اِلَّا رَجُلٌ وَاحِدٌ وَاَرْجُوْ اَنْ اَكُوْنَ اَنَا هُوَ۔

میرے لئے اللہ تعالیٰ سے وسیلہ کا سوال کرو پھر انہوں نے پوچھا تو آپ نے انہیں فرمایا یہ جنت کا اعلیٰ درجہ ہے جو صرف ایک شخص کو حاصل ہو گا اور میں امید کرتا ہوں کہ وہ میں ہوں گا۔

اسی حدیث کو ابو القاسم التیمی نے الترغیب میں روایت کیا ہے اور اس کے الفاظ یہ ہیں۔

اَكْثِرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ عَلَيَّ فَاِنَّهَا لَكُمْ زَكَاةٌ وَاِذَا سَأَلْتُمُ اللّٰهَ فَاسْأَلُوْهُ الْوَسِيْلَةَ فَاِنَّهَا اَرْفَعُ دَرَجَةٍ فِي الْجَنَّةِ وَهِيَ لِرَجُلٍ وَاَنَا اَرْجُوْ اَنْ اَكُوْنَه۔

مجھ پر کثرت سے درود پڑھو یہ تمہارے لئے زکوۃ ہے اور جب اللہ سے سوال کرو تو وسیلہ کا سوال کرو یہ جنت کا ارفع درجہ ہے اور یہ ایک آدمی کیلئے ہے اور میں امید کرتا ہوں کہ وہ میں ہی ہونگا۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے۔

صَلَاتُكُمْ عَلَيَّ مُحْرِزَةٌ لِدُعَائِكُمْ وَمَرْضَاةٌ لِرَبِّكُمْ وَزَكَاةٌ لِاَعْمَالِكُمْ۔

تمہارا مجھ پر درود پڑھنا تمہاری دعاؤں کو محفوظ کرنے والا ہے اور تمہارے رب کی رضا کا باعث ہے اور تمہارے اعمال کیلئے طہارت ہے۔

اس حدیث کو دیلمی نے اپنے باپ کی تبع میں بغیر اسناد کے ذکر کیا ہے اسی طرح الاقلیشی نے بھی ذکر کی ہے۔

## مالدار تاجر کے بیٹوں کا قصہ

ابو حفص عمر بن الحسین السمرقندی کی حکایات کردہ اخبار میں سے اس کی کتاب "رونق المجالس" میں روایت ہے کہ بلخ کے شہر میں ایک مالدار شخص رہتا تھا، اس کے دو بیٹے تھے جب اس کی وفات ہوئی تو دونوں بیٹوں نے نصف نصف مال تقسیم کیا، میراث میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے تین بال مبارک بھی تھے ہر ایک نے ایک ایک بال لے لیا اور ایک بال باقی رہ گیا۔ بڑے نے مشورہ دیا کہ اسے دو ٹکڑے کر کے بانٹ لیں۔ چھوٹے نے کہا نہیں ہرگز نہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بال کو کاٹا نہیں جائے گا تو بڑے نے چھوٹے سے کہا آپ یہ تینوں بال اپنی میراث کے بدلے میں لے لیں گے؟ چھوٹے نے کہا جی ہاں، بڑے نے سارا مال لے لیا اور چھوٹے نے تینوں بال لے لئے اور اپنی جیب میں ڈال دیئے وہ ان کو باہر نکالتا، ان کی زیارت کرتا اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود

پڑھتا پھر جیب میں ڈال دیتا۔ کچھ دنوں کے بعد بڑے کا مال فنا ہو گیا مگر چھوٹے بھائی کے مال میں برکت ہوئی اور آرام و سکون کی زندگی بسر کرنے لگا کچھ دنوں کے بعد چھوٹا بھائی فوت ہو گیا ایک نیک آدمی نے اسے خواب میں دیکھا اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت سے بھی مشرف ہوا۔ تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اسے ارشاد فرمایا۔ لوگوں سے کہہ دو جسے اللہ تعالیٰ سے کوئی حاجت ہو وہ اس شخص کی قبر کے پاس آئے اور اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرے۔ لوگ ارادۃ اس کی قبر کی زیارت کیلئے آتے تھے۔ حتیٰ کہ جو ان کی قبر کے پاس سوار ہو کر آتا تو وہ سواری سے اتر پڑتا اور (تعظیماً) پیدل چل کر قبر کے قریب سے گذرتا۔

## درود پڑھنے سے دنیا و آخرت کی حاجات پوری ہوتی ہیں

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلَّى عَلَيَّ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ قَضَى اللّٰهُ لَهٗ مِائَةَ حَاجَةٍ سَبْعِيْنَ مِنْهَا لِاٰخِرَتِهٖ وَثَلَاثِيْنَ مِنْهَا لِدُنْيَاهُ ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس نے روزانہ مجھ پر سو مرتبہ درود بھیجا اللہ تعالیٰ اس کی سو حاجات پوری فرمائے گا۔ ان میں ستر آخرت کی اور تیس دنیا کی حاجات ہوں گی۔

ابن مندہ نے اس کی تخریج کی ہے اور ابو موسیٰ المدینی کا کہنا ہے کہ یہ حدیث غریب حسن ہے انشاء اللہ چوتھے باب میں حضرت انس کی حدیث میں الجمعہ کی قید کے ساتھ آئے گی۔

حضرت خالد بن طہمان سے مروی ہے۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلَّى عَلَيَّ صَلَاةً وَّاحِدَةً قُضِيَتْ لَهٗ مِائَةُ حَاجَةٍ ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے ایک مرتبہ مجھ پر درود بھیجا اس کی سو حاجات پوری ہوں گی۔

التیمی نے اپنی ترغیب میں اسے نقل کیا ہے یہ منقطع ہے اور ابھی ابن مسعود کی حدیث گذری ہے اس کا مفہوم بھی یہی تھا۔

لفردوس میں بغیر سند کے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے۔

مَنْ صَلّٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ مِائَةَ مَرَّةٍ قَضَی اللّٰہُ لَہٗ مِائَةَ حَاجَةٍ۔

جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آل محمد پر سو مرتبہ درود پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کی سو حاجات پوری فرمائے گا۔

## درود پڑھنا عبادت ہے

حضرت وہب بن منبہ سے مروی ہے۔

قَالَ الصَّلٰوةُ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عِبَادَةٌ۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا عبادت ہے۔

اسے التیمی نے اپنی ترغیب میں اور نمیری اور ابن بشکوال نے روایت کیا ہے ابو غسان المدنی نے فرمایا۔

مَنْ صَلّٰی عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِائَةَ مَرَّةٍ فِی الْیَوْمِ کَانَ کَمَنْ دَاَمَ الْعِبَادَةَ طُوْلَ اللَّیْلِ وَالنَّھَارِ۔

جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر دن میں سو مرتبہ درود پڑھا وہ اس شخص کی مانند ہے جس نے دن رات کی عبادت پر دوام اختیار کیا۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قُلْتُ لِجِبْرِیْلَ اَیُّ الْاَعْمَالِ اَحَبُّ اِلَی اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ قَالَ الصَّلٰوةُ عَلَیْکَ یَا مُحَمَّدُ وَحُبُّ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں میں نے جبریل سے پوچھا کون سا عمل اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ ہے، جبریل نے بتایا اے محمد آپ پر درود پڑھنا اور علی بن ابی طالب کی محبت۔

الدیلمی نے مسند الفردوس میں روایت کی ہے اور اس کی سند ضعیف ہے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

## درود مجالس کی زینت ہے

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ زَیِّنُوْا مَجَالِسَکُمْ بِالصَّلٰوةِ عَلَیَّ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنی مجالس کو مجھ پر درود پڑھنے کے ساتھ مزین

فَاِنَّ صَلٰوتَكُمْ عَلَيَّ نُوْرٌ لَّكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔

کرو۔ مجھ پر تمہارا درود پڑھنا تمہارے لئے قیامت کے دن نور ہو گا۔

الدیلمی نے اس حدیث کو ضعیف سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

قَالَتْ زَيِّنُوْا مَجَالِسَكُمْ بِالصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِذِكْرِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ۔

اپنی مجالس کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھنے اور عمر بن خطاب کے ذکر کے ساتھ مزین کرو۔

النمیری نے اسے روایت کیا ہے۔

حضرت سمرہ السوائی والد جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ جَاءَهٗ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا اَقْرَبُ الْاَعْمَالِ اِلَى اللّٰهِ قَالَ صِدْقُ الْحَدِيْثِ وَاَدَاءُ الْاَمَانَةِ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ زِدْنَا قَالَ كَثْرَةُ الذِّكْرِ وَالصَّلٰوةُ عَلَيَّ تَنْفِي الْفَقْرَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ زِدْنَا قَالَ مَنْ اَمَّ قَوْمًا فَلْيُخَفِّفْ فَاِنَّ فِيْهِمُ الْكَبِيْرَ وَالْعَلِيْلَ وَالصَّغِيْرَ وَذَا الْحَاجَةِ۔

ہم بارگاہ نبوت میں حاضر تھے ایک شخص آیا عرض کی یارسول اللہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اقرب الاعمال کونسا ہے حضور نے ارشاد فرمایا سچی کلام، امانت کی ادائیگی، میں نے عرض کی یارسول اللہ کچھ اضافہ فرمایئے فرمایا کثرت ذکر اور مجھ پر درود پڑھنا یہ فقر کو دور کرتا ہے میں نے عرض کی یارسول اللہ مزید کرم فرمایئے فرمایا جو کسی قوم کی امامت کرائے وہ تخفیف کرے کیونکہ جماعت میں بوڑھے، بیمار، چھوٹے اور صاحب حاجت بھی ہوتے ہیں۔

اس حدیث کو ابو نعیم نے ضعیف سند کے ساتھ اور القرطبی نے بغیر سند کے ابو بکر صدیق اور جابر بن عبداللہ کی حدیث سے تخریج کیا ہے۔

## غربت اور مفلسی کا علاج

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

ایک شخص حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی

وَسَلَّمَ فَشَكَا اِلَيْهِ الْفَقْرَ وَضِيْقَ الْعَيْشِ وَالْمَعَاشِ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلْتَ مَنْزِلَكَ فَسَلِّمْ اِنْ كَانَ فِيْهِ اَحَدٌ اَوْ لَمْ يَكُنْ فِيْهِ اَحَدٌ ثُمَّ سَلِّمْ عَلَيَّ وَاقْرَاْ قُلْ هُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ مَرَّةً وَاحِدَةً فَفَعَلَ الرَّجُلُ فَاَدَرَّ اللّٰہُ عَلَيْهِ الرِّزْقَ حَتّٰی اَفَاضَ عَلٰی جِيْرَانِهٖ وَقَرَابَاتِهٖ۔

بارگاہ میں حاضر ہوا اور غربت اور تنگ زندگی کی شکایت کی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا جب تو اپنے گھر میں داخل ہوا کر تو سلام کیا کر خواہ کوئی شخص ہو یا نہ ہو پھر مجھ پر سلام پیش کیا کر اور ایک مرتبہ سورہ قل ھو اللہ احد کو پڑھا کر اس نے ایسا کیا تو اللہ تعالیٰ نے اس کا رزق بڑھا دیا حتیٰ کہ اس کے پڑوسیوں اور رشتے داروں پر بھی رزق کے دروازے کھول دیئے۔

اس حدیث کو ابو موسیٰ المدینی نے ضعیف سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔

ابو عبداللہ القسطلا نی حکایت کرتے ہیں کہ انہوں نے خواب میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی اور فقر و غربت کی شکایت کی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا یہ پڑھا کر۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَهَبْ لَنَا اللّٰھُمَّ مِنْ رِزْقِكَ الْحَلَالِ الطَّيِّبِ الْمُبَارَكِ مَا نَصُوْنُ بِهٖ وُجُوْهَنَا عَنِ التَّعَرُّضِ اِلٰی اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ وَاجْعَلْ لَنَا اللّٰھُمَّ اِلَيْهِ طَرِيْقًا سَهْلًا مِّنْ غَيْرِ تَعَبٍ وَّلَا مِنَّةٍ وَّلَا تَبِعَةٍ وَّجَنِّبْنَا اللّٰھُمَّ الْحَرَامَ حَيْثُ كَانَ وَاَيْنَ كَانَ وَعِنْدَ مَنْ كَانَ وَحُلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ اَهْلِهٖ وَاقْبِضْ عَنَّا اَيْدِيَهُمْ وَاصْرِفْ عَنَّا قُلُوْبَهُمْ حَتّٰی لَا نَتَقَلَّبَ اِلَّا فِيْمَا يُرْضِيْكَ وَلَا نَسْتَعِيْنَ بِنِعْمَتِكَ اِلَّا

اے اللہ درود بھیج محمد اور آل محمد پر۔ اے اللہ ہمیں اپنا مبارک حلال طیب رزق عطا فرما جس کے ساتھ ہم اپنے چہروں کو کسی کے سامنے لے جانے سے محفوظ ہو جائیں اے اللہ بغیر کسی تھکاوٹ، احسان، بوجھ کے اس کی طرف ہمارا راستہ آسان فرما دے، اے اللہ حرام جہاں بھی ہے اور جس کے پاس ہے ہمیں اس سے دور کر دے اور ہمارے اور حرام خوروں کے درمیان حائل ہو جا ہم سے ان کے ہاتھ روک لے اور ان کے دل ہم سے پھیر دے حتیٰ کہ وہ نہ لوٹیں مگر تیری

عَلٰی مَا تُحِبُّ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔ رضا میں اور ہم تیری نعمت سے مدد نہیں مانگتے مگر جو تجھے پسند ہے اے ارحم الراحمین

حضرت حسن سے مروی ہے میرے خیال میں حسن بصری مراد ہیں۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَءَ الْقُرْآنَ وَحَمِدَ رَبَّہٗ وَصَلّٰی عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَدِ الْتَمَسَ الْخَیْرَ مِنْ مَظَانِہٖ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے قرآن پڑھا اور اپنے رب کی حمد کی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا تو اس نے خیر کو اپنی جگہ سے تلاش کر لیا۔

اس کو النمیری نے روایت کیا ہے اور شعب الایمان للبیہقی میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث مرفوعاً یوں مروی ہے۔

مَنْ قَرَءَ الْقُرْآنَ وَحَمِدَ الرَّبَّ وَصَلّٰی عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاسْتَغْفَرَ رَبَّہٗ فَقَدْ طَلَبَ الْخَیْرَ مِنْ مَظَانِہٖ۔

جس نے قرآن پڑھا اور اپنے رب تعالیٰ کی تعریف کی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا، اور اپنے رب سے مغفرت طلب کی تو اس نے خیر کو اس کی جگہ سے تلاش کر لیا۔

اس کی سند ضعیف ہے۔

عبد اللہ بن عیسیٰ سے ایسے ہی مروی ہے مگر حمد ربہ کی جگہ دعا اللہ عز وجل کے الفاظ ذکر کیے ہیں۔

اسے بھی النمیری اور ابن بشکوال نے ضعیف سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔

## زیادہ درود پڑھنے والا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زیادہ قریب ہو گا

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ بِیْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ اَکْثَرُھُمْ عَلَیَّ صَلَاۃً۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا لوگوں میں سے سب سے زیادہ میرے قریب قیامت کے دن وہ ہو گا جو مجھ پر درود زیادہ پڑھے گا۔

امام ترمذی نے اسے نقل کیا ہے اور فرمایا یہ حسن غریب ہے اس کی سند میں موسیٰ بن

یعقوب الزمعی ہے الدارقطنی فرماتے ہیں وہ اس میں منفرد ہیں مصنف فرماتے ہیں میں کہتا ہوں اس سند میں اس پر اختلاف کیا گیا ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ ترمذی کی یہ روایت عن عبداللہ بن شداد عن ابی مسعود بغیر واسطہ کے ہے البخاری نے اپنی تاریخ الکبیر میں اور ابن ابی عاصم نے روایت کی ہے ابی الحسین النرسی نے ترمذی کے طریق سے روایت کی ہے۔
بعض نے کہا ہے عن عبداللہ عن ابیہ عن ابن مسعود اس طرح کی سند سے ابو بکر بن ابی شیبہ نے روایت کی ہے اور ان کے طریق سے ابن حبان نے اپنی صحیح میں اور ابو نعیم اور ابن بشکوال نے روایت کی ہے۔ اسی طرح ابن ابی عاصم نے فضل الصلوۃ میں اور ابن عدی نے الافراد میں الدیلمی نے الترغیب میں ابن الجراح نے امالی میں ان کے علاوہ بہت سے محدثین نے روایت کی ہے یہ روایت بہت مشہور ہے الزمعی کے بارے نسائی فرماتے ہیں یہ قوی نہیں ہے لیکن یحیٰی بن معین نے اس کی توثیق کی ہے پس تیرے لئے یہی توثیق کافی ہے اس طرح ابو داؤد، ابن حبان اور ایک جماعت نے الزمعی کو ثقہ لکھا ہے البخاری نے بھی التاریخ میں اشارہ کیا ہے کہ الزمعی رواہ عن ابن کیسان عن عتبہ بن عبداللہ عن ابن مسعود واللہ اعلم۔
حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

## درود کے ایصال ثواب کی برکت

الصَّلٰوۃُ عَلَی النَّبِیِّ تُدْرِكُ الرَّجُلَ وَوُلْدَهٗ وُوُلْدَ وُلْدِهٖ۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے والے کو اس کی اولاد اور اس کے پوتوں کو درود کا ثواب پہنچے گا۔

ابن بشکوال نے ضعیف سند کے ساتھ روایت کی ہے۔

روایت ہے کہ ایک عورت حضرت حسن بصری کے پاس آئی اور کہا اے شیخ میری لڑکی فوت ہو چکی ہے میں اسے خواب میں دیکھنا چاہتی ہوں۔ حضرت حسن نے فرمایا چار رکعت نفل اس طرح ادا کر ہر رکعت میں سورہ فاتحہ ایک مرتبہ اور سورہ الھاکم التکاثر ایک مرتبہ پڑھ اور یہ نماز عشاء کی نماز کے بعد پڑھ کر پہلو کے بل حضور علیہ الصلوۃ والسلام پر درود پڑھتے ہوئے سو جا یہاں تک کہ تجھے نیند آ جائے، اس عورت نے ایسا ہی کیا۔ اس نے اپنی لڑکی کو دیکھا کہ وہ عذاب و عتاب میں مبتلا ہے۔ اس پر گندھک کا لباس ہے ہاتھ باندھے ہوئے ہیں پاؤں میں آگ کی زنجیر ہے جب بیدار ہوئی تو دوبارہ حضرت حسن بصری کے پاس آئی

اور پورا خواب سنایا۔ حضرت حسن رحمہ اللہ نے فرمایا صدقہ کر امید ہے اللہ تعالیٰ اسے معاف فرمادے۔ حضرت حسن رحمہ اللہ اسی رات سوئے تو عالم خواب میں خود کو جنت کے باغ میں دیکھا. ایک خوبصورت تخت جس پر حسین وجمیل عورت متمکن ہے سر پر نور کا تاج سجا ہے کہنے لگی حسن! مجھے جانتے ہو۔ آپ نے فرمایا نہیں، اس نے کہا میں اس عورت کی لڑکی ہوں جس کو تو نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھنے کو کہا تھا۔ آپ نے فرمایا تیری ماں نے تو مجھے تیری یہ خوش کن حالت نہیں بتائی تھی۔ اس لڑکی نے کہا اس کی بات سچی تھی، تو حضرت حسن نے کہا تجھے پھر یہ مقام کیسے ملا۔ اس نے کہا ہم ستر ہزار نفس عذاب میں مبتلا تھے جیسے کہ میری ماں نے بتایا تھا۔ مگر ایک نیک آدمی ہمارے اوپر سے گذرا اس نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھا اور اس کا ثواب ہمیں پہنچایا۔ اللہ تعالیٰ نے اس درود کو اس کی طرف سے قبول فرمایا اور ہم تمام کو اس عذاب سے اس شخص کی برکت سے نجات عطا فرمائی اور مجھے یہ مرتبہ ملا جو آپ اپنی آنکھوں سے مشاہدہ فرمار ہے ہیں۔

ابو الفرج البغدادی نے المطرب میں ذکر کیا ہے کہ بعض اخبار میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی کہ میں نے تجھے دس ہزار کانوں کی قوت سماعت عطا فرمائی حتیٰ کہ تو نے میرے کلام کو سن لیا اور دس ہزار زبانوں کی قوت گویائی عطا فرمائی حتیٰ کہ تو نے جواب دیا تو میرا محبوب اور قریبی تب ہوگا جب تو میرا ذکر کرے گا اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے گا۔ مصنف فرماتے ہیں بعض نے اس خبر کی نسبت قشیری کے رسالہ کی طرف کی ہے اس سند سے عن سعید بن جبیر عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال اوحی اس میں نظر کرنی چاہئے ابو نعیم الحافظ نے الحلیہ میں حضرت کعب سے روایت کی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی۔ اے موسیٰ اگر میری حمد کرنے والا نہ ہوتا تو میں آسمان سے ایک قطرہ بارش کا نہ برساتا اور زمین سے ایک دانہ بھی نہ اگاتا، بہت سی اشیاء ذکر کرنے کے بعد فرمایا اے موسیٰ کیا تو پسند کرتا ہے کہ میں اس سے بھی زیادہ تیرا قریبی بن جاؤں جتنا کہ تیری زبان کے قریب تیری کلام ہے تیرے دل کے قریب تیرے دل کے وسواس تیرے بدن کے قریب تیری روح ہے اور تیری آنکھوں نے قریب ان کا نور ہے موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کہا جی ہاں تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت،

سے درود پڑھا کر۔

صاحب الدار المنظم نے ذکر کیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اَكْثَرُكُمْ عَلَيَّ صَلَاةً اَقْرَبُكُمْ مِنِّيْ غَدًا۔ جو تم میں سے ازروئے درود کے زیادہ ہوگا وہ کل میرے زیادہ قریب ہوگا۔

لیکن مجھے اس کی سند پر آگاہی نہیں ہوئی اور نہ اس پر آگاہی ہوئی ہے جس نے اس کی تخریج کی ہو۔

حضرت ابن مسعود کی حدیث پہلے اولی الناس بی اکثرھم علی صلاۃ ابھی گذر چکی ہے اور چوتھے باب میں ان شاء اللہ حضرت انس کی حدیث "اَقْرَبُكُمْ مِنِّيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيْ كُلِّ مَوْطِنٍ اَكْثَرُكُمْ عَلَيَّ صَلَاةً فِي الدُّنْيَا" ذکر کی جائے گی۔

العلامہ مجدالدین الفیروز آبادی نے ابو المظفر کا ذکر اپنی سند سے کیا ہے کہ وہ فرماتے ہیں میں ایک دن غارِ کعب میں داخل ہوا اور راستہ بھول گیا اچانک میری ملاقات حضرت خضر علیہ السلام سے ہوئی انہوں نے فرمایا چلو میں ان کے ساتھ چل پڑا اور دل میں سوچا شاید یہ خضر علیہ السلام ہیں میں نے پوچھا جناب کا نام کیا ہے تو انہوں نے فرمایا خضر بن الیشا ابو العباس، میں نے حضرت خضر کے ساتھ ایک اور آدمی دیکھا میں نے اس سے اس کا نام پوچھا تو اس نے کہا الیاس بن سام میں نے کہا اللہ تعالیٰ تم دونوں پر رحم فرمائے کیا تم نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی ہے انہوں نے کہا ہاں۔ میں نے کہا اللہ تعالیٰ کی عزت کی قسم تم مجھے کوئی بات بتاؤ میں اسے آگے روایت کروں گا تو دونوں نے فرمایا "مَا مِنْ مُؤْمِنٍ صَلَّى عَلَى مُحَمَّدٍ اِلَّا نَضَّرَ بِهٖ قَلْبَهٗ وَنَوَّرَهُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ" جو مسلمان محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیجے گا اس کی برکت سے اس کا دل شاداب اور تروتازہ ہوگا اور اللہ تعالیٰ اس کے دل کو منور فرمائے گا۔ اور میں نے حضرت خضر اور الیاس علیہما السلام کو یہ فرماتے سنا کہ بنی اسرائیل میں ایک نبی تھا جس کا نام اسمویل تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اسے دشمنوں پر فتح عطا فرمائی۔ وہ دشمن کی تلاش میں نکلے تو لوگوں نے کہا یہ جادوگر ہے اور اس لئے آیا ہے کہ ہماری آنکھوں کو مسحور کرے اور ہمارے لشکروں میں فساد برپا کرے ہم اس کو سمندر کے کنارے پہنچائیں گے اور اسے شکست دیں گے پس وہ چالیس آدمی لے کر نکلے۔ انہوں

نے فرمایا حملہ کرو اور زبان سے صلی اللہ علی محمد کہو آپ کے اصحاب نے یہ پڑھتے ہوئے حملہ کیا تو ان کے دشمن سمندر میں اکٹھے غرق ہو گئے، حضرت خضر نے فرمایا یہ سب کچھ ہمارے سامنے ہوا۔ اور میں نے ان کو یہ کہتے ہوئے بھی سنا کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا۔

مَنْ صَلّٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ طَهَّرَ قَلْبَهٗ مِنَ النِّفَاقِ كَمَا يَطْهُرُ الثَّوْبَ الْمَاءُ۔

جس نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا نفاق سے اس کا دل یوں پاک ہو جاتا ہے جیسے پانی کپڑے کو پاک کر دیتا ہے۔

اور ان دو نبیوں کو یہ فرماتے بھی میں نے سنا کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا کہ۔

مَا مِنْ مُؤْمِنٍ يَقُوْلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ إِلَّا أَحَبَّهُ النَّاسُ وَإِنْ كَانُوْا أَبْغَضُوْهُ وَاللّٰهِ لَا يُحِبُّوْنَهٗ حَتّٰی يُحِبَّهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ۔

مومن صلی اللہ علی محمد کہتا ہے تو لوگ اس سے محبت کرتے ہیں اگرچہ پہلے اس سے نفرت کرتے تھے وہ اس سے قسم بخدا محبت نہیں کرتے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ اس سے محبت فرمائے۔

اور ہم نے منبر پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو یہ بھی فرماتے سنا کہ

مَنْ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ فَقَدْ فَتَحَ عَلٰی نَفْسِهٖ سَبْعِيْنَ بَابًا مِنَ الرَّحْمَةِ۔

جس نے صلی اللہ علی محمد کہا اس نے اپنے اوپر رحمت کے ستر دروازے کھول دیئے۔

میں نے ان کو یہ بھی فرماتے سنا کہ ایک آدمی شام سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کی یارسول اللہ میرا باپ نہایت بوڑھا ہے وہ آپ کی زیارت کا مشتاق ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے لے آؤ تو اس نے کہا حضور! میری نظر کمزور ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے باپ سے کہو سات رات صلی اللہ علی محمد کا ورد کرے وہ مجھے خواب میں دیکھ لے گا یہاں تک کہ وہ مجھ سے حدیث روایت کرے گا اس نے ایسا ہی کیا تو خواب میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت سے مشرف ہوا اور وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث روایت کرتا ہے اور اس سے حدیث روایت کی جاتی

ہے۔ میں نے یہ بھی ان دونوں کو کہتے ہوئے سنا کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا۔

اِذَا جَلَسْتُمْ مَجْلِسًا فَقُوْلُوْا بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ۔ جب کوئی مجلس قائم کرو تو بسم اللہ اور صلی اللہ علی محمد پڑھو۔

تو اللہ تعالیٰ تم پر ایک فرشتہ مقرر فرمائے گا جو تمہیں غیبت سے روکے گا اور جب مجلس سے اٹھو تو یوں کہو بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ تو لوگ تمہاری غیبت نہیں کریں گے اور فرشتہ تمہیں بھی غیبت سے روکے گا۔

یہ نسخہ میں نے الجد رحمۃ اللہ علیہ کی سند سے اور ان کی اتباع میں ذکر کیا ہے مجھے اس میں سے کسی چیز پر اعتماد نہیں ہے اور اس کے الفاظ بھی رکیک ہیں۔

الشیخ کا مسلک ان علماء کا ہے جو حضرت خضر علیہ السلام کی بقاء کا قول کرتے ہیں یہ مسئلہ علماء میں مشہور ہے یہاں اس کا تذکرہ نہیں کیا جاتا۔

پہلے باب میں درود پاک کی وہ کیفیت گذر چکی ہے جو خواب میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت کا موجب تھی باب کے آخر میں ایک دوسری کیفیت بھی ذکر کی جائے گی ہم نے عبدالرزاق الطبسی کی الصلوٰۃ سے ایک ایسی سند کے ساتھ روایت کیا ہے جس کے بطلان میں شک نہیں ہے ابراہیم التیمی کعبہ کے صحن میں بیٹھے ہوئے اللہ تعالیٰ کا ذکر حمد اور ثنا کر رہے تھے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور دوسرے انبیاء پر درود پڑھ رہے تھے۔ اچانک حضرت خضر ان کے پاس آئے۔ اور فرمایا تیرے لئے میرے پاس ایک تحفہ ہے اسے دیکھ اور ہر روز سورج کے طلوع ہونے سے پہلے پڑھا کر پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پھر سات مرتبہ سورہ فاتحہ۔ معوذتین، قل ہو اللہ احد، قل یا ایہا الکافرون و آیۃ الکرسی اور سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم، پھر اپنے لئے اور مومن مردوں اور مومن عورتوں کیلئے جو زندہ ہیں اور جو مر چکے ہیں تمام کیلئے مغفرت طلب کر۔ اسی طرح سورج کے غروب ہونے سے پہلے بھی پڑھ۔ پھر یہ کہہ یارب مجھے یہ وظیفہ حضرت خضر علیہ السلام نے سکھایا ہے اگر تو نے یہ وظیفہ زندگی میں ایک مرتبہ بھی پڑھ لیا تو تیرے لئے کافی ہوگا۔ حضرت ابراہیم فرماتے ہیں میں نے پوچھا تمہیں یہ ورد

کس نے سکھایا ہے حضرت خضر علیہ السلام نے فرمایا مجھے یہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے سکھایا پھر میں نے کہا مجھے کوئی ایسا وظیفہ بتائیں جس کی وجہ سے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہو جاؤں۔ تو حضرت خضر علیہ السلام نے فرمایا جب تو مغرب کی نماز پڑھ لے تو بغیر کسی سے کلام کئے العشاء الآخرہ کے دو نفل پڑھ اور سلام پھیر، ہر رکعت میں سورہ فاتحہ ایک مرتبہ اور سورہ قل ھو اللہ احد تین مرتبہ پڑھ۔ جب عشاء کی نماز پڑھ لے تو لوٹ آ۔ اور گھر کے کسی آدمی سے کلام نہ کر اور نہ اپنے گھر والوں کو اس بات کی خبر دے۔ جب سونے کا ارادہ کرے تو پھر دو رکعت نماز نفل پڑھ، ہر رکعت میں سورہ فاتحہ ایک مرتبہ اور سورہ قل ھو اللہ احد سات مرتبہ تلاوت کر اور سجدہ میں سات مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھ اور پھر یہ کلمات کہہ "سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ" سات مرتبہ پڑھ جب سجدہ سے سر اٹھائے تو سیدھا بیٹھ کر ہاتھ اٹھا کر یوں کہہ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یَا رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَرَحِیْمَھُمَا یَا اِلٰہَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ یَا رَبِّ یَا رَبِّ، یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ پھر کھڑا ہو جا اور ہاتھوں کو اٹھا کر یہی کلمات ایک مرتبہ پھر پڑھ۔ اس کے بعد دائیں پہلو پر قبلہ رخ ہو کر سو جا۔ پھر میں نے حضرت خضر سے پوچھا کہ یہ کلمات کن سے تم نے روایت کئے ہیں انہوں نے فرمایا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے جب ان کی طرف یہ وحی کئے گئے تھے۔ حضرت ابراہیم فرماتے ہیں میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتا رہا دراں حالیکہ میں بستر پر تھا حتیٰ کہ مجھے نیند تمام رات نہ آئی میں نے صبح فجر کی نماز پڑھی جب سورج چڑھ آیا تو میں سو گیا۔ فرشتے آئے اور مجھے انہوں نے اٹھا لیا اور مجھے جنت میں داخل کیا میں نے اس میں ایک یاقوت کا سرخ محل، ایک زمرد کا سبز محل اور ایک سفید موتیوں کا محل دیکھا، اور میں نے پانی، دودھ شہد اور شراب کی نہریں دیکھیں۔ ایک محل میں ایک عورت میں نے دیکھی جو مجھے دیکھ رہی تھی اس کا چہرہ چمکتے ہوئے سورج سے بھی زیادہ روشن تھا اور اس کے گیسو محل کے اوپر سے زمین پر لگ رہے تھے میں نے اپنے اردگرد کے فرشتوں سے پوچھا یہ عورت و محل کس کے لئے ہے۔ تو بتایا گیا کہ جو تم جیسا عمل کرے گا اسے یہ ملیں گے میں جنت میں رہا حتیٰ کہ مجھے وہاں سے کھلایا

اور پلایا گیا اور پھر مجھے وہ اپنی جگہ پر لے آئے جہاں میں سویا ہوا تھا اچانک حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ستر انبیاء علیہم السلام اور فرشتوں کی ستر صفوں سمیت تشریف لائے انہوں نے مجھ پر سلام کیا اور میرے سر کے پاس بیٹھ گئے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام باقی انبیاء علیہم السلام اور فرشتوں نے میرا ہاتھ پکڑا۔ پھر میں نے عرض کی یا رسول اللہ! مجھے حضرت خضر کے بارے بتایئے کہ انہوں نے آپ سے ایسے کلمات سیکھے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابو العباس نے سچ فرمایا ہے۔ وہ زمین کے عالم اجل اور ابدال کی اصل ہیں اور اللہ تعالیٰ کی زمین میں اللہ تعالیٰ کا لشکر ہیں۔ میں نے عرض کی یا رسول اللہ! اس عمل کا اور بھی کوئی اس کے سوا ثواب ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری زیارت. انبیاء کا دیدار، جنت کا دخول اس کے پھلوں کا کھانا اس کا پانی پینا، ان چیزوں سے بڑھ کر افضل ثواب کون سا ہو سکتا ہے میں نے عرض کی یا رسول اللہ جس نے ایسا عمل کیا اور ان نعمتوں سے بہرہ ور نہ ہوا تو پھر؟۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس نے مجھے حق کے ساتھ مبعوث فرمایا اللہ تعالیٰ اس کے تمام گناہ کبیرہ معاف فرما دے گا۔ اللہ تعالیٰ کے غضب اور ناراضگی سے امن میں ہو جائے گا منادی ندا دے گا، اللہ تعالیٰ نے تیری ایسی مغفرت فرمائی ہے جو مشرق ومغرب کے مومن مردوں اور مومن عورتوں کیلئے کافی ہے اور بائیں کندھے والے فرشتہ کو حکم ہوتا ہے کہ آنے والے سال تک اس کی کوئی برائی نہ لکھنا۔

مصنف فرماتے ہیں میں کہتا ہوں یہ حدیث منکر ہے بلکہ اس پر وضع کے آثار ظاہر ہیں میں تو اس کو ذکر کرنا بھی مباح نہیں سمجھتا مگر اس کی حالت بیان کرنے کے لئے اس کا ذکر کرنا مباح ہے وباللہ التوفیق۔

محمد بن القاسم سے مرفوعاً مروی ہے۔

| | |
|---|---|
| لِكُلِّ شَيْءٍ طَهَارَةٌ وَغُسْلٌ وَطَهَارَةُ قُلُوبِ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنَ الصَّدَءِ الصَّلٰوةُ عَلَيَّ۔ | ہر چیز کیلئے سامان غسل و طہارت ہوتا ہے اور مومنوں کے دل کو زنگ سے صاف کرنے کا سامان مجھ پر درود پڑھنا ہے۔ |

معضل سند سے بھی ان سے یہ حدیث مروی ہے۔

ابو القاسم التیمی اپنی ترغیب میں روایت کرتے ہیں کہ ہمیں ابو محمد الخباری نے خبر دی کہ میں نے ابو احمد عبداللہ بن بکر بن محمد جو شام کے عالم و زاہد تھے کو لبنان کے پہاڑ میں یہ فرماتے سنا کہ تمام علوم سے زیادہ برکت والا اور تمام علوم سے افضل اور دین و دنیا میں کثیر نفع بخش علم کتاب اللہ کے بعد حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا علم ہے کیونکہ اس میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر کثرت سے درود ہوتا ہے گویا یہ باغیچوں اور باغوں کی طرح ہے جس میں تو ہر قسم کی خیر، بھلائی، فضل اور ذکر پاتا ہے۔

حضرت ابن مسعود سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

مَنْ حَجَّ حَجَّةَ الْاِسْلَامِ وَزَارَ قَبْرِیْ وَغَزَا غَزْوَةً وَصَلّٰی عَلَیَّ فِیْ بَیْتِ الْمُقَدَّسِ لَمْ یَسْاَلْهُ اللّٰهُ فِیْمَا افْتَرَضَ عَلَیْهِ۔

جس نے اسلام کا حج کیا اور میری قبر کی زیارت کی اور کسی غزوہ میں شریک ہوا اور بیت المقدس میں مجھ پر درود پڑھا اللہ تعالیٰ نے اس پر جو فرض کیا ہے اس کے متعلق وہ اس سے پرسش نہ کرے گا۔

اس حدیث کو المجد اللغوی نے اسی طرح ذکر کیا ہے اور ابو الفتح الازدی کی الثامن من فوائدہ کی طرف نسبت کی ہے، اس کے ثبوت میں نظر ہے۔

محمد بن سعید بن مطرق سے مروی ہے یہ ایک نیک صالح شخص تھے فرماتے ہیں میں نے سونے سے پہلے درود پاک کی معلوم مقدار اپنے اوپر لازم کر رکھی تھی ایک رات میں نے یہ تعداد مکمل کر لی تو مجھے نیند آگئی میں اپنے کمرے میں ساکن تھا عالم خواب میں دیکھا کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کمرے کے دروازے سے داخل ہو رہے ہیں۔ کمرہ نور سے بھر گیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم میری طرف بڑھے اور فرمایا۔ اپنا وہ منہ میری طرف کر جس کے ساتھ تو مجھ پر کثرت سے درود پڑھتا ہے کہ میں اسے بوسہ دے لوں۔ مجھے حیا آگیا کہ آپ میرے منہ کو بوسہ دیں، میں نے اپنا چہرہ پھیرا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے رخسار پر بوسہ دیا۔ میں فوراً خوفزدہ ہو کر اٹھا اور میری بیوی بھی بیدار ہوگئی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشبو گھر میں مہک رہی تھی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بوسہ کی وجہ سے آٹھ دن تک میرے رخسار سے کستوری کی خوشبو آتی رہی جسے میری زوجہ ہر روز محسوس

کرتی تھی۔

اس واقعہ کو ابن بشکوال نے روایت کیا ہے۔

ایک روایت ہے کہ جو خواب میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا مشتاق ہے اسے یہ درود پڑھنا چاہیے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُصَلِّيَ عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا هُوَ اَهْلُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى لَهٗ۔

اے اللہ درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جس طرح تو نے حکم دیا ہے کہ ہم درود بھیجیں آپ پر اے اللہ درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جس طرح وہ اس کے اہل ہیں اے اللہ درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وسلم جس طرح تو دوست رکھتا ہے اور پسند کرتا ہے اس کے لئے۔

جو یہ درود طاق مرتبہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر پڑھے گا وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دیدار سے خواب میں مشرف ہوگا اس درود کے ساتھ مندرجہ ذیل درود کا اضافہ کرے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِي الْاَرْوَاحِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِي الْاَجْسَادِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى قَبْرِ مُحَمَّدٍ فِي الْقُبُوْرِ۔

اے اللہ درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی روح پر تمام روحوں میں اے اللہ درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جسد اطہر پر تمام جسموں میں اے اللہ درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر پر تمام قبور میں۔

ابن بشکوال نے ابو المطرف عبدالرحمٰن بن عیسیٰ کے طریق سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ فِيْ يَوْمٍ خَمْسِيْنَ مَرَّةً صَافَحْتُهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔

جو دن میں پچاس مرتبہ مجھ پر درود پڑھے گا قیامت کے دن میں اس سے مصافحہ کروں گا۔

ابو الفرج عبدوس نے ابو المطرف سے روایت کرتے ہوئے نقل کیا ہے کہ انہوں نے اس کی کیفیت پوچھی توانہوں نے فرمایا یوں کہے "اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ خَمْسِیْنَ مَرَّۃً اِنْ شَاءَ اللّٰہُ تَعَالٰی" یہ پچاس مرتبہ پڑھنے کے قائم مقام ہو جائے گا۔ اگر بار بار یہ الفاظ دھرائے تو مزید بہتر ہے۔

یہ چند فصلیں ہیں جن کے ساتھ ہم دوسرے باب کا اختتام کریں گے۔

## پہلی فصل

الاقلیسی فرماتے ہیں کونسا عمل ارفع ہے اور کونسا وسیلہ ایسا ہے جس کی شفاعت زیادہ قبول ہوتی ہے اور کونسا عمل زیادہ نفع بخش ہے اس ذات اقدس پر درود پڑھنے سے جس پر اللہ تعالٰی اور اس کے تمام فرشتے درود بھیجتے ہیں جس کو دنیا و آخرت میں قربت عظیمہ کیلئے مخصوص کیا گیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا سب سے عظیم نور ہے، یہ ایسی تجارت ہے جسے کبھی خسارہ نہیں یہ صبح و شام اولیاء کرام کا وظیفہ ہے اے مخاطب تو اپنے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر ہمیشہ درود پڑھتا رہ یہ تیری گمراہی کو پاک کر دے گا، تیرا عمل اس کی وجہ سے ستھرا ہو جائے گا۔ امید کی شاخ بار آور ہوگی تیرے دل کا نور جگمگانے لگے گا، تو اپنے رب کی رضا حاصل کرے گا اور قیامت کی ہولناکیوں سے محفوظ ہو جائے گا۔

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَمَا كَرَّمَهُ اللّٰهُ بِرِسَالَتِهِ وَخُلَّتِهِ
تَكْرِيْمًا. وَعَلَّمَهُ مَا لَمْ يَكُنْ يَعْلَمُ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْهِ عَظِيْمًا

ابو سعید محمد بن ابراہیم السلمی درود پاک کی اہمیت یوں بیان کرتا ہے۔

أَمَّا الصَّلٰوةُ عَلَى النَّبِيِّ فَنَيِّرَةٌ　　　مَرْضِيَّةٌ تُمْحٰى بِهَا الْآثَامُ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا ایک پسندیدہ عمل ہے جس کے ذریعے گناہوں کے

دفتر مٹا دیئے جاتے ہیں۔

وَبِهَا يَنَالُ الْمَرْءُ عِزَّ شَفَاعَةٍ ۔۔۔ يُبْنٰى بِهَا الْاِعْزَازُ وَالْاِكْرَامُ

درود پاک کی برکت سے انسان شفاعت کی عزت سے نوازا جاتا ہے اور اس کی برکت سے عزت واکرام ملتا ہے۔

كُنْ لِلصَّلَاةِ عَلَى النَّبِيِّ مُلَازِمًا ۔۔۔ فَصَلَاتُهٗ لَكَ جَنَّةٌ وَسَلَامًا

اے بختاور! نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر ہمیشہ درود پڑھا کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا تیرے لئے جنت وسلامتی کا باعث ہوگا۔

ابو حفص عمر بن عبداللہ بن یزال کہتا ہے۔

اَيَا مَنْ اَتٰى ذَنْبًا وَفَارَقَ زَلَّةً ۔۔۔ وَمَنْ يَرْتَجِي الرَّحْمٰى مِنَ اللّٰهِ وَالْقُرْبَا

اے وہ جس نے کبھی گناہ پے گناہ کئے اور کبھی لغزش سے جدا ہوا۔ اے وہ جو اللہ تعالیٰ سے رحمت وقرب کا امیدوار ہے۔

تَعَاهَدْ صَلَاةَ اللّٰهِ فِيْ كُلِّ سَاعَةٍ ۔۔۔ عَلٰى خَيْرِ مَبْعُوْثٍ وَاَكْرَمِ مَنْ نَبَا

ہمیشہ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کا درود بھیج اس ذات پر جو تمام مرسلین سے بہتر تھا اور جو ہر غیب کی خبر دینے والے سے معزز ومکرم تھا۔

فَتَكْفِيْكَ هَمًّا اَيَّ هَمٍّ تَخَافُهٗ ۔۔۔ وَتَكْفِيْكَ ذَنْبًا جِئْتَ اَعْظَمَ بِهٖ ذَنْبًا

درود پاک تیرے ہر اس غم والم کے دور کرنے کیلئے کافی ہے جس کا تجھے خوف رہتا ہے اور تیرے ہر بڑے سے بڑے گناہ کو مٹانے کیلئے کافی ہے۔

وَمَنْ لَمْ يَكُنْ يَفْعَلُ فَاِنَّ دُعَاءَهٗ ۔۔۔ يَجِدُ قَبْلَ اَنْ يَرْقٰى اِلٰى رَبِّهٖ مُحْجُبًا

جو درود پاک نہیں پڑھتا بیشک اس کی دعا اپنے رب کے حضور پہنچنے سے پہلے پردے دیکھ لیتی ہے یعنی اس کی دعا اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں نہیں پہنچتی۔

عَلَيْكَ صَلَاةُ اللّٰهِ مَا لَاحَ بَارِقٌ ۔۔۔ وَمَا طَافَ بِالْبَيْتِ الْحَجِيْجُ وَمَا لَبَّا

تیرے لئے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر اللہ تعالیٰ کا درود بھیجنا لازم ہے جب تک سورج چمکتا رہے بیت اللہ شریف کا طواف ہوتا رہے اور لوگ تلبیہ کہتے رہیں۔

الرشید العطار الحافظ کہتا ہے۔

اَلَا اَیُّھَا الرَّاجِیْ الْمَثُوْبَۃَ وَالْاَجْرَا وَتَکْفِیْرَ ذَنْبٍ سَالِفٍ اَنْقَضَ الظَّھْرَ

اے ثواب و اجر کی امید کرنے والے اور ہر گزشتہ ایسے گناہ کو مٹانے والے جس نے کمر توڑ دی ہے۔

عَلَیْکَ بِاِکْثَارِ الصَّلٰوۃِ مُوَاظِبًا عَلٰی اَحْمَدَ الْھَادِیْ شَفِیْعِ الْوَرٰی طُرًّا

تجھ پر ہمیشہ کثرت سے درود بھیجنا لازم ہے اس ذات پر جن کا نام نامی اسم گرامی احمد ہے اور انسانیت کے ہادی ہیں اور تمام کائنات کے شفیع ہیں۔

وَاَفْضَلُ خَلْقِ اللّٰہِ مِنْ نَسْلِ اٰدَمَ وَاَزْکَاھُمْ فَرْعًا وَاَشْرَفُھُمْ نَجْرًا

نسل آدم سے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی تمام مخلوق سے افضل ہیں اور ازروئے اولاد تمام سے پاکیزہ تر اور بلحاظ حسب تمام سے اشرف ہیں۔

فَقَدْ صَحَّ اَنَّ اللّٰہَ جَلَّ جَلَالُہٗ یُصَلِّیْ عَلٰی مَنْ قَالَھَا مَرَّۃً عَشْرًا

یہ صحیح ہے کہ اللہ جل شانہ اس شخص پر دس مرتبہ درود بھیجتا ہے جو ایک مرتبہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود بھیجتا ہے۔

فَصَلّٰی عَلَیْہِ اللّٰہُ مَا جَنَّتِ الدُّجَا وَاَطْلَعَتِ الْاَفْلَاکُ فِیْ اُفْقِھَا فَجْرًا

اللہ تعالیٰ درود بھیجتا رہے ہمارے آقا و مولا صلی اللہ علیہ وسلم پر جب تک رات تاریک رہے اور افلاک کے افق پر فجر طلوع ہوتی رہے

یحییٰ بن یوسف الصرصری کہتا ہے۔

مَنْ لَّمْ یُصَلِّ عَلَیْہِ اِنْ ذُکِرَ اسْمُہٗ فَھُوَ الْبَخِیْلُ وَزِدْہُ وَصْفَ جَبَانٖ

اگر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا نام پاک جس کے سامنے ذکر کیا جائے اور وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ پڑھے وہ بخیل ہے اور مزید اسے بزدل بھی کہہ۔

وَاِذَا الْفَتٰی صَلّٰی عَلَیْہِ مَرَّۃً مِنْ سَائِرِ الْاَقْطَارِ وَالْبُلْدَانِ

دنیا کے کسی کونے سے جب کوئی شخص حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود بھیجتا ہے۔

صَلّٰی عَلَیْہِ اللّٰہُ عَشْرًا فَلْیَزِدْ عَبْدٌ وَلَا یَجْنَحْ اِلٰی نُقْصَانٖ

تو اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ درود بھیجتا ہے انسان کو درود میں اضافہ کرنا چاہئے کمی کی طرف مائل نہ ہونا چاہیے۔

## دوسری فصل

دوسری فصل اس بارے میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر اور آپ پر صلاۃ بھیجنے کے ذکر کو اپنے ذکر کے ساتھ ملایا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمارے نبی مکرم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کو شہادتین میں اپنے ذکر کے ساتھ ملایا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کو اپنی اطاعت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کو اپنی محبت فرمایا ہے اسی طرح درود پاک کے ثواب کو اپنے ذکر کے ساتھ ملایا ہے جیسے ارشاد فرمایا اذکرونی اذکرکم اور حدیث قدسی میں فرمایا جب میرا بندہ مجھے اکیلا یاد کرتا ہے میں بھی اسے اکیلا یاد کرتا ہوں، جب وہ مجھے کسی محفل میں یاد کرتا ہے تو میں اس کو بہتر محفل میں یاد کرتا ہوں جیساکہ حدیث صحیح میں ثابت ہے۔ اسی طرح ہمارے نبی مکرم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں بھی فرمایا کہ بندہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ سبحانہ اس کے مقابلہ میں اس پر دس مرتبہ درود بھیجتا ہے اسی طرح جب بندہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک مرتبہ سلام پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ دس مرتبہ اس بندے پر سلام پڑھتا ہے۔ فلہ الحمد والفضل

## تیسری فصل

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا

جو ایک نیکی کرتا ہے اس کو اس کی مثل دس کا ثواب ملتا ہے

القاضی ابوبکر بن العربی فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ کا ارشاد من جاء بالحسنہ فلہ عشر امثالہا موجود ہے، حدیث کے ذکر کرنے کا کیا فائدہ ہے، ہم جواباً کہیں گے کہ اس کا بہت بڑا فائدہ ہے وہ یہ کہ قرآن کے فرمان کا مطلب یہ کہ جو ایک نیکی کرے گا اسے دس گنا کر دیا جائے گا اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود بھیجنا ایک نیکی ہے قرآن کا تقاضا یہ ہے کہ اسے جنت میں دس درجات عطا ہوں۔ مگر اللہ تعالیٰ نے خبر دی کہ جو شخص محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ درود بھیجتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کا اپنے

بندے کا ذکر کرنا کئی گنا نیکیوں سے افضل ہے۔ پھر فرماتے ہیں اس کی تحقیق یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے ذکر کی جزاء یہی بتائی ہے کہ وہ اپنے ذاکر کا ذکر کرے گا اسی طرح اپنے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کی جزاء بھی یہی فرمائی کہ میں اپنے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کرنے والے کا بھی ذکر کروں گا۔

الفاکہانی فرماتے ہیں یہ نہایت عمدہ اور مفید نکتہ ہے لیکن العراقی فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھنے کی جزاء صرف یہ نہیں فرمائی کہ اس پر دس مرتبہ درود بھیجا جائے گا بلکہ مزید اس کے اجر میں یہ اضافہ فرمایا کہ اس کے دس درجات بلند ہوں گے دس خطائیں معاف کی جائیں گی جیسا کہ حدیث انس میں گذر چکا ہے بلکہ دس نیکیوں کے لکھنے کا مزید اضافہ فرمایا ہے جیسا کہ ابو بردہ بن نیاز اور عمیر بن نیاز کی حدیث میں گذر چکا ہے حدیث البراء میں دس غلام آزاد کرنے جیسا ثواب مزید ہے اس حدیث کی سند میں ایک راوی ہے جس کا نام ذکر نہیں۔

ان احادیث میں اس عبادت کے شرف پر دلالت ہے کیونکہ اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ درود پڑھنے والے پر دس مرتبہ درود بھیجتا ہے نیکیاں کئی گنا کر دی جاتی ہیں، گناہوں کو مٹا دیا جاتا ہے۔ درجات بلند ہوتے ہیں دس غلام آزاد کرنے جیسا ثواب ملتا ہے، اے مخاطب! تمام سرداروں کے سردار معدن اہل السعادات پر کثرت سے درود پڑھ کیونکہ یہ تمام مسرات کے حصول کا وسیلہ تعلقات کا ذریعہ اور تکلیفوں کے روکنے کا آلہ ہے۔ ہر ایک درود کے بدلے تجھے دس درود ملیں گے اور زمینوں اور آسمانوں کا جبار تجھ پر درود بھیجے گا۔ اس کے علاوہ تیرے گناہ مٹا دیئے جائیں گے درجات بلند کئے جائیں گے اور جنت میں فرشتے تجھ پر صلاۃ بھیجیں گے۔ صلی اللہ علیہ وسلم تسلیماً

# چوتھی فصل

## چوتھی فصل اِنِّیْ اَکْثَرُ الصَّلٰوۃَ عَلَیْکَ فَکَمْ اَجْعَلُ لَکَ مِنْ صَلَاتِیْ کے معنی متعین کرنے کے بارے میں ہے

اس کا معنی یہ ہے کہ اکثر آپ پر درود پڑھتا ہوں تو میں کتنا وقت اپنی دعا کے اوقات

میں سے تجھ پر درود پڑھنے کیلئے صرف کروں دوسری روایت اسی معنی کی وضاحت کرتی ہے۔ بعض علماء فرماتے ہیں اس سے مراد حقیقتہً صلوۃ ہے اور مراد اس کا نفس ثواب یا مثل ثواب ہے بعض المصباح کے شارحین فرماتے ہیں یہاں الصلاۃ بمعنی الدعاء اور ورد ہے اور حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ ایک میرا وقت متعین ہے جس میں میں اپنے لئے دعا مانگتا ہوں پس اس وقت سے کتنا وقت میں آپ پر درود پڑھنے میں صرف کروں۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی کوئی حد متعین نہ فرمائی تاکہ زیادتی کا دروازہ بند نہ ہو جائے ہمیشہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم زیادتی پر برانگیختہ کرنے کے ساتھ ساتھ اختیار سائل کے سپرد کرتے رہے، حتیٰ کہ صحابی نے عرض کی جو وقت میں اپنے لئے دعا میں صرف کرتا تھا وہ تمام وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے میں گذاروں گا، تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا یہ تیرا وظیفہ تمام دنیا و آخرت کے معاملات کیلئے کافی ہو جائے گا کیونکہ درود اللہ تعالیٰ کے ذکر اور تعظیم رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر مشتمل ہے اس میں اپنے لئے دعا کا بھی اشارہ ہے جیسا کہ آقائے دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیث قدسی میں فرمایا جس کو میرے ذکر نے سوال کرنے سے مشغول رکھا میں اسے مانگنے والوں سے بھی زیادہ اور افضل عطا کروں گا۔ اگر تو اپنے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کو عظیم عبادت سمجھ لے گا تو اللہ تعالیٰ تیرے دنیا و آخرت کے ہر غم و الم کیلئے کافی و شافی ہو گا یا ہر ارادے کیلئے کافی ہو گا۔

فائدہ: جو آدمی درود پڑھنے کے بعد یہ کہتا ہے کہ اس تمام کا ثواب میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہ میں پیش کرتا ہوں اس کے لئے یہ حدیث اصل عظیم ہے۔ جو شخص حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بلند شرف کا علم رکھتا ہے اور پھر آپ کے شرف میں اس کے مثل ثواب کی زیادتی کا قول کرتا ہے تو شاید اس کی مراد یہ ہوتی ہے کہ اس کی قرات قبول کی جائے اور اس کو اس پر ثواب ملے۔ جب امت کے کسی فرد کو اپنی طاعت پر ثواب ملتا ہے تو اسی قسم کا ثواب اس شخص کو بھی ملتا ہے جس نے اس کو یہ فعل خیر سکھایا ہوتا ہے اور معلم اول یعنی شارع علیہ الصلوٰۃ والسلام کو تمام افعال خیر کا اجر ملتا ہے یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے شرف میں زیادتی کا مفہوم ہے اگرچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہلے ہی شرف حاصل

ہے۔ جیساکہ کعبہ کی زیارت کے وقت اَللّٰھُمَّ زِدْ ہٰذَا الْبَیْتَ تَشْرِیْفًا وَّ تَعْظِیْمًا کا قول کرنا وارد ہے۔ پس معلوم ہوگیا کہ اَجْعَلُ ثَوَابَ ذٰلِکَ کہنے والے کا مطلب یہ ہے کہ اس قرات کو قبول فرما تاکہ اس کا ثواب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہو جائے۔ یہ اس کلام کا خلاصہ ہے جو میں نے اپنے شیخ سے اخذ کی ہے اور یہی عمدہ کلام ہے واللہ الموفق۔

## پانچویں فصل
## حدیث اولیٰ الناس فی اقربہم منہ فی القیامہ کا مطلب

حضرت ابن مسعودؓ کی حدیث میں ہے اولی الناس بی ای اقربہم منہ یوم القیامہ یعنی قیامت کے دن لوگوں میں سے زیادہ میرا قریبی وہ ہوگا جو دنیا میں مجھ پر کثرت سے درود بھیجتا ہے۔ ابن حبان نے اپنی صحیح میں اسی حدیث کے عنوان سے ایک باب باندھا ہے اور بیان کیا ہے کہ قیامت کے دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب ترین وہ شخص ہوگا جو دنیا میں کثرت سے آپ پر درود بھیجتا ہے حدیث نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں لوگوں میں سے زیادہ قریب ترین حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے قیامت کے دن اصحاب حدیث ہوں گے کیونکہ ان سے زیادہ امت میں کوئی بھی آپ پر درود بھیجنے والا نہیں ہے۔

مصنف فرماتے ہیں میں کہتا ہوں اور عبیدہ نے بھی یہی فرمایا ہے کہ اس حدیث سے مخصوص احادیث نقل کرنے والے مراد ہیں جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث لکھتے ہیں اور صبح و شام ان سے کذب و جھوٹ کو دور کرتے ہیں۔ کثرت درود کا فائدہ سراً اور جہراً تعظیم رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہوتی ہے۔ ہم نے خطیب کی شرف اصحاب الحدیث سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں ہمیں ابو نعیم نے فرمایا یہ منقبت شریفہ ہے اور رواۃ حدیث اور حدیث نقل کرنے والوں کا گروہ اس کے ساتھ خاص ہے کیونکہ علماء کا کوئی طبقہ بھی اصحاب حدیث اور رواۃ حدیث سے زیادہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود لکھنے یا پڑھنے کے اعتبار سے زیادہ نہیں ہے۔

کثیر متاخرین کا فرمان ہے کہ اس حدیث میں اصحاب حدیث کیلئے بشارت ہے کیونکہ یہی لوگ قولاً، فعلاً، دن، رات حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھنے والے ہیں حدیث

لکھتے۔ پڑھتے وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود بھیجتے ہیں پس یہی تمام لوگوں سے ازروے صلاۃ بھیجنے کے اکثر ٹھرے اور تمام علماء کے طبقات میں سے یہ طبقہ اس منقبت شریفہ کے ساتھ مخصوص ہوا۔ فَلِلّٰہِ الْحَمْدُ عَلٰی مَا اَحْسَنَ وَتَفَضَّلَ

# چھٹی فصل

## السلام علیہ افضل من عتق الرقاب

آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام بھیجنا غلام آزاد کرنے سے افضل ہے کیونکہ غلام آزاد کرنے کا ثواب آپ کی طرف سے اور آپ کی زبان سے معلوم ہوا ہے، پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام بھیجنا افضل ہے دوسری بات یہ ہے کہ غلام آزاد کرنے کے مقابلہ میں آگ سے نجات اور جنت کا دخول ملتا ہے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر سلام بھیجنے کے مقابلہ میں اللہ تعالیٰ کا سلام ملتا ہے اور اللہ کا سلام لاکھوں و کروڑوں جنتوں سے افضل ہے، تیرے لئے جنت کے بدلے یہ احسان کافی ہے، ہم اللہ تعالیٰ سے سوال کرتے ہیں کہ ہمیں نبی مکرم کی محبت عطا فرمائے جنت میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنگت عطا فرمائے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات کو ہمارے لئے ہر شر سے بچنے کیلئے ڈھال بنائے۔ آمین انہ ولی ذلک والقادر علیہ۔

# تیسرا باب

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ذکر کے وقت آپ پر درود نہ پڑھنے والے کو ڈرانے کے بارے میں تیسرا باب ہے اس باب میں اس شخص کیلئے ہلاکت کی بد دعا کا ذکر ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نام سن کر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود نہیں پڑھتا اور اس کے لئے جنت کا راستہ بھول جانے، شقاوت کے حاصل ہونے، دوزخ میں داخل ہونے جفا سے موصوف ہونے ابخل الناس ہونے اور اس سے نفرت کرنے کا بیان ہے اور جس نے مجلس قائم کی اور درود چھوڑ دیا جس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ بھیجا اس کا

دین نہیں۔ اور وہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دیدار سے محروم ہوگا کے متعلق احادیث و اخبار وارد ہیں حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا منبر لے آؤ۔ ہم منبر لے آئے جب آپ پہلے درجہ پر چڑھے تو فرمایا آمین پھر دوسرے درجہ پر چڑھے تو فرمایا آمین پھر تیسرے درجہ پر چڑھے تو فرمایا آمین۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نیچے اترے تو ہم نے عرض کی یارسول اللہ آج ہم نے آپ کے منہ سے ایسی بات سنی ہے جو پہلے کبھی نہیں سنی۔ تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا جبریل میرے پاس آئے اور کہا وہ ہلاک ہو جائے جو رمضان کا مہینہ پائے اور اس کی مغفرت نہ ہو تو میں نے کہا آمین جب میں دوسری سیڑھی پر چڑھا تو اس نے کہا ہلاک ہو جائے وہ جس کے سامنے آپ کا ذکر ہو اور وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ بھیجے تو میں نے کہا آمین جب میں تیسری سیڑھی پر چڑھا تو جبریل نے کہا ہلاک ہو جائے وہ جو اپنے بوڑھے والدین پائے یا ان میں سے کسی ایک کو پائے اور وہ اسے جنت میں داخل نہ کریں۔ تو میں نے کہا آمین

اس حدیث کو حاکم نے مستدرک میں روایت کیا ہے اور صحیح الاسناد کہا ہے ابن حبان نے اپنی ثقات اور اپنی صحیح میں الطبرانی نے الکبیر میں، البخاری نے برا الوالدین میں، اسماعیل القاضی نے "فضل الصلوٰۃ" میں البیہقی نے شعب الایمان میں، سمویہ نے اپنی فوائد میں اور الضیاء المقدسی نے روایت کی ہے اور اس کے رجال ثقہ ہیں۔ حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ سے بایں الفاظ مروی ہے۔

صَعِدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ فَلَمَّا رَقِيَ عُتْبَةً قَالَ آمِيْنَ ثُمَّ رَقِيَ اُخْرٰى فَقَالَ آمِيْنَ ثُمَّ رَقِيَ ثَالِثَةً فَقَالَ آمِيْنَ ثُمَّ قَالَ اَتَانِيْ جِبْرِيْلُ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ مَنْ اَدْرَكَ رَمَضَانَ فَلَمْ يُغْفَرْ لَهٗ فَاَبْعَدَهُ اللّٰهُ قُلْتُ آمِيْنَ وَمَنْ اَدْرَكَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر چڑھے جب پہلی سڑھی چڑھے تو فرمایا آمین پھر دوسری چڑھے تو فرمایا آمین پھر تیسری چڑھے تو فرمایا آمین پھر فرمایا جبریل میرے پاس آئے کہا اے محمد جس نے رمضان پایا اور اس کی بخشش نہ ہوئی وہ برباد ہو جائے تو میں نے کہا آمین جس نے اپنے والدین یا ان میں سے

وَالِدَيْهِ اَوْ اَحَدَهُمَا فَدَخَلَ النَّارَ فَاَبْعَدَهُ اللهُ قُلْتُ آمِيْنَ قَالَ وَمَنْ ذُكِرْتَ عِنْدَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْكَ فَاَبْعَدَهُ اللهُ فَقُلْتُ آمِيْنَ۔

ایک کو پایا اور آگ میں داخل ہوا اللہ اسے برباد کرے میں نے کہا آمین، پھر کہا جس کے سامنے تیرا ذکر کیا جائے اور تجھ پر درود نہ بھیجے اللہ اسے ہلاک کرے میں نے کہا آمین۔

ابن حبان نے اپنی صحیح اور ثقات میں یہ حدیث روایت کی ہے اور الطبرانی نے بھی نقل کی ہے اس کے راوی ثقہ ہیں لیکن ایک راوی عمران بن ابان الواسطی ہیں جو کمزور ہیں اگرچہ ابن حبان نے اس کی توثیق کی ہے اور اپنی صحیح میں ان سے یہی حدیث بھی ذکر کی ہے۔ اکثر محدثین نے اس کو ضعیف کہا ہے۔

حضرت انس بن مالک سے مندرجہ ذیل الفاظ کے ساتھ مروی ہے۔

اِرْتَقَى النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ دَرَجَةً فَقَالَ آمِيْنَ ثُمَّ اِرْتَقٰى دَرَجَةً فَقَالَ آمِيْنَ ثُمَّ اِرْتَقَى الثَّالِثَةَ فَقَالَ آمِيْنَ ثُمَّ اسْتَوٰى فَجَلَسَ فَقَالَ اَصْحَابُهُ اَيْ نَبِيَّ اللهِ عَلٰى مَا اَمَّنْتَ قَالَ اَتَانِيْ جِبْرِيْلُ فَقَالَ رَغِمَ اَنْفُ رَجُلٍ اَدْرَكَ اَبَوَيْهِ اَوْ اَحَدَهُمَا فَلَمْ يُدْخِلْهُ الْجَنَّةَ قُلْتُ آمِيْنَ قَالَ وَرَغِمَ اَنْفُ اِمْرِئٍ اَدْرَكَ رَمَضَانَ فَلَمْ يُغْفَرْ لَهُ قُلْتُ آمِيْنَ قَالَ وَرَغِمَ اَنْفُ مَنْ ذُكِرْتَ عِنْدَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْكَ قُلْتُ آمِيْنَ۔

ترجمہ:۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر ایک درجہ چڑھے تو فرمایا آمین پھر ایک درجہ چڑھے تو فرمایا آمین پھر تیسرا درجہ چڑھے تو فرمایا آمین پھر سیدھے بیٹھ گئے صحابہ کرام نے عرض کی اے اللہ کے نبی کس کی دعا پر آمین کہی ہے تو فرمایا جبریل میرے پاس آئے اور انہوں نے کہا رسوا ہو وہ شخص جس نے اپنے والدین یا ان میں سے ایک کو پایا اور جنت میں داخل نہ ہو میں نے کہا آمین پھر جبریل نے کہا ذلیل ہو وہ شخص جس نے رمضان پایا اور اس کی مغفرت نہ ہوئی میں نے کہا آمین پھر جبریل نے فرمایا رسوا ہو وہ شخص جس کے سامنے آپ کا ذکر ہوا اور اس نے آپ پر درود نہیں بھیجا میں نے کہا آمین۔

اس حدیث کو ابن ابی شیبہ اور البزار نے سلمہ بن وردان کے طریق سے روایت کیا ہے اور البزار نے کہا ہے سلمہ صالح آدمی ہے ان کی کئی ایسی احادیث ہیں جو مانوس نہیں ہیں

ان کے علاوہ کسی سے ان کا مروی ہونا معلوم نہیں ہے۔ مصنف فرماتے ہیں میں کہتا ہوں وہ ضعیف ہے اور البزار کا قول کہ وہ صالح ہے یہ دیانتہ کہا ہے لیکن اس کی حدیث کے کئی شواہد موجود ہیں۔ حضرت موسیٰ الطویل کی حدیث جو انہوں نے حضرت انس سے روایت کی ہے وہ اس کی ہم معنی ہے مگر سند اس کی بھی ضعیف ہے۔

حضرت جابر سے اس طرح مروی ہے۔

اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَقِيَ الْمِنْبَرَ فَلَمَّا رَقِيَ الدَّرَجَةَ الْأُوْلٰى قَالَ آمِيْنَ ثُمَّ رَقِيَ الثَّانِيَةَ فَقَالَ آمِيْنَ ثُمَّ رَقِيَ الثَّالِثَةَ فَقَالَ آمِيْنَ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللهِ سَمِعْنَاكَ تَقُوْلُ آمِيْنَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالَ لَمَّا رَقِيْتُ الدَّرَجَةَ الْأُوْلٰى جَاءَنِيْ جِبْرِيْلُ فَقَالَ شَقِيَ عَبْدٌ أَدْرَكَ رَمَضَانَ فَانْسَلَخَ مِنْهُ وَلَمْ يُغْفَرْ لَهٗ فَقُلْتُ آمِيْنَ ثُمَّ قَالَ شَقِيَ عَبْدٌ أَدْرَكَ وَالِدَيْهِ أَوْ أَحَدَهُمَا فَلَمْ يُدْخِلَاهُ الْجَنَّةَ فَقُلْتُ آمِيْنَ ثُمَّ قَالَ شَقِيَ عَبْدٌ ذُكِرْتَ عِنْدَهٗ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْكَ فَقُلْتُ آمِيْنَ ۔

اس حدیث کا ترجمہ پہلی حدیث کی طرح ہے

اس حدیث کو امام بخاری نے الادب المفرد میں الطبرانی نے تہذیب میں دارقطنی نے الافراد میں روایت کیا ہے۔ یہ حدیث حسن ہے الطبرانی نے ایک اور واسطہ سے الاوسط میں اور ابن السنی نے عمل الیوم واللیلہ میں روایت کی ہے اور امام ترمذی نے اس روایت کی طرف فی الباب عن جابر کے الفاظ سے اشارہ کیا ہے نسائی نے بھی تخریج کی ہے الضیاء نے الطیالسی کے طریق سے المختارہ میں ذکر کی ہے اور کہا ہے کہ یہ میرے نزدیک مسلم کی شرط پر ہے اس قول میں نظر ہے واللہ اعلم۔

حضرت عمار بن یاسر سے اس طرح مروی ہے۔

صَعِدَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ فَقَالَ آمِيْنَ آمِيْنَ آمِيْنَ فَلَمَّا نَزَلَ قِيْلَ لَهٗ فَقَالَ اِنَّ جِبْرِيْلَ اَتَانِيْ فَقَالَ رَغِمَ اَنْفُ امْرِءٍ اَدْرَكَ رَمَضَانَ فَلَمْ يُغْفَرْ لَهٗ قُلْ آمِيْنَ وَرَغِمَ اَنْفُ رَجُلٍ اَدْرَكَ وَالِدَيْهِ

فَلَمْ يُدْخِلَاهُ الْجَنَّةَ أَدْ فَأَبْعَدَهُ اللّٰهُ قُلْ آمِيْنَ فَقُلْتُ آمِيْنَ وَرَجُلٌ ذُكِرْتَ عِنْدَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْكَ فَأَبْعَدَهُ اللّٰهُ قُلْ آمِيْنَ فَقُلْتُ آمِيْنَ

ترجمہ سابق حدیث کی طرح ہے

البزار نے اس روایت کو بھی نقل کیا ہے اور الطبرانی نے عمر بن ابی عبیدہ بن محمد بن عمار بن یاسر عن ابیہ عن جدہ کی سند سے اختصاراً نقل کی ہے البزار کا کہنا ہے کہ ہم نہیں جانتے کہ عمار سے اس سند کے علاوہ بھی کچھ روایت کیا گیا ہے، مصنف فرماتے ہیں میں کہتا ہوں محمد بن عمار، ان کو ابن حبان نے ثقات میں ذکر کیا ہے اور ان کا بیٹا ابو عبیدہ اس کی ابن معین نے توثیق کی ہے ابو حاتم فرماتے ہیں وہ منکر الحدیث ہے۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے

ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم صعد المنبر فقال آمین آمین آمین۔ اس کے بعد سابقہ الفاظ روایت کئے ہیں۔ اس روایت کو بزار نے نقل کیا ہے۔ یہ حاریہ بن ہرم الفقیمی عن حمید الاعرج عن عبداللہ بن الحارث عن ابن مسعود کی سند سے مروی ہے۔ حاریہ بن ھرم الفقیمی اور حمید الاعرج دونوں ضعیف ہیں۔

حضرت ابن عباس سے مروی ہے۔

إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِرْتَقَى الْمِنْبَرَ فَأَمَّنَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ قَالَ: تَدْرُوْنَ لِمَ آمَنْتُ قَالُوْا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ قَالَ جَاءَنِيْ جِبْرِيْلُ فَقَالَ إِنَّهُ مَنْ ذُكِرْتَ عِنْدَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْكَ دَخَلَ النَّارَ فَأَبْعَدَهُ اللّٰهُ وَأَسْحَقَهُ فَقُلْتُ آمِيْنَ قَالَ وَمَنْ أَدْرَكَ وَالِدَيْهِ أَوْ أَحَدَهُمَا فَلَمْ يَبِرَّهُمَا دَخَلَ النَّارَ فَأَبْعَدَهُ اللّٰهُ وَأَسْحَقَهُ فَقُلْتُ آمِيْنَ وَمَنْ أَدْرَكَ رَمَضَانَ فَلَمْ يُغْفَرْ لَهُ دَخَلَ النَّارَ فَأَبْعَدَهُ اللّٰهُ وَأَسْحَقَهُ فَقُلْتُ آمِيْنَ۔

مفہوم حدیث سابق کی طرح ہے صرف الفاظ میں فرق ہے

الطبرانی نے اس کو روایت کیا ہے اور عبدالوہاب بن ابی عبداللہ بن مندہ نے دوسرے فائدہ میں اور ابو الطاہر نے اپنے چوتھے فائدہ میں نقل کی ہے۔ اس کی سند میں اسحٰق بن

عبداللہ بن کیسان ضعیف راوی ہیں یہی حدیث طبرانی نے ایک دوسرے واسطہ سے نقل کی ہے اس کے رجال ثقات ہیں لیکن اس میں بھی یزید بن ابی زیاد مختلف فیہ راوی ہیں۔ اس کے الفاظ یہ ہیں۔

بَيْنَمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ إِذْ قَالَ آمِيْنَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَسُئِلَ عَنْ ذَالِكَ فَقَالَ آتَانِي جِبْرِيْلُ فَقَالَ مَنْ ذُكِرْتَ عِنْدَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْكَ فَأَبْعَدَهُ اللهُ قُلْ آمِيْنَ فَقُلْتُ آمِين وَقَالَ مَنْ أَدْرَكَ وَالِدَيْهِ أَوْ أَحَدَهُمَا فَمَاتَ وَلَمْ يُغْفَرْ لَهُ فَأَبْعَدَهُ اللهُ قُلْ آمِيْنَ فَقُلْتُ آمِيْن قَالَ وَمَنْ أَدْرَكَ رَمَضَانَ وَلَمْ يُغْفَرْ لَهُ فَأَبْعَدَهُ اللهُ قُلْ آمِيْن فَقُلْتُ آمِيْن۔

ترجمہ گذر چکا ہے۔

یہی روایت انہی الفاظ میں حضرت ابوذر سے مروی ہے جسے طبرانی نے نقل کیا ہے حضرت بریدہ سے بھی مروی ہے جسے اسحٰق بن راہویہ نے نقل کیا ہے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

إِنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَعِدَ الْمِنْبَرَ فَقَالَ آمِيْنَ آمِين آمِين فَقِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللهِ! إِنَّكَ صَعِدْتَ الْمِنْبَرَ فَقُلْتَ آمِيْنَ آمِيْنَ آمِيْن فَقَالَ إِنَّ جِبْرِيْلَ أَتَانِي فَقَالَ مَنْ أَدْرَكَ شَهْرَ رَمَضَانَ فَلَمْ يُغْفَرْ لَهُ فَدَخَلَ النَّارَ فَأَبْعَدَهُ اللهُ قَالَ قُلْ آمِيْن فَقُلْتُ آمِيْن وَمَنْ أَدْرَكَ أَبَوَيْهِ أَوْ أَحَدَهُمَا فَلَمْ يَبَرَّهُمَا فَمَاتَ فَدَخَلَ النَّارَ فَأَبْعَدَهُ اللهُ قُلْ آمِيْن فَقُلْتُ آمِيْن وَمَنْ ذُكِرْتَ عِنْدَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْكَ فَمَاتَ فَدَخَلَ النَّارَ فَأَبْعَدَهُ اللهُ قُلْ آمِين فَقُلْتُ آمِيْنَ۔

ان الفاظ کا ترجمہ گذر چکا ہے۔

اس حدیث کو ابن خزیمہ اور ابن حبان نے اپنی اپنی صحیح میں روایت کیا ہے الفاظ ابن حبان کے ہیں، بخاری نے الادب المفرد ہیں، ابو یعلی نے اپنی سند میں اور بیہقی نے الدعوات

میں اختصار کے ساتھ ذکر کی ہے، یہی حدیث ترمذی اور امام احمد نے مندرجہ ذیل الفاظ سے نقل کی ہے۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَغِمَ اَنْفُ رَجُلٍ ذُكِرْتُ عِنْدَهٗ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ وَرَغِمَ اَنْفُ رَجُلٍ دَخَلَ عَلَيْهِ رَمَضَانُ ثُمَّ انْسَلَخَ قَبْلَ اَنْ يُّغْفَرَ لَهٗ وَرَغِمَ اَنْفُ رَجُلٍ اَدْرَكَ عِنْدَهٗ اَبَوَاهُ الْكِبَرَ فَلَمْ يُدْخِلَاهُ الْجَنَّةَ۔

ترجمہ پیچھے گذر چکا ہے

الحاکم نے اسے صحیح کہا ہے اور ترمذی نے حسن غریب کہا ہے، مصنف فرماتے ہیں میں کہتا ہوں، اس حدیث کو ابن ابی عاصم نے دو واسطوں سے مرفوعاً نقل کیا ہے۔ ایک کے لفظ یہ ہیں۔

رَغِمَ اللّٰهُ اَنْفَ رَجُلٍ ذُكِرْتُ عِنْدَهٗ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ وَرَغِمَ اللّٰهُ اَنْفَ رَجُلٍ اَدْرَكَ عِنْدَهٗ اَبَوَاهُ الْكِبَرَ فَلَمْ يُدْخِلَاهُ الْجَنَّةَ وَرَغِمَ اللّٰهُ اَنْفَ رَجُلٍ دَخَلَ عَلَيْهِ رَمَضَانُ ثُمَّ انْصَرَفَ فَلَمْ يُغْفَرْ لَهٗ۔

ترجمہ گذر چکا ہے

دوسری سند سے مختصراً نقل کی ہے۔

اَتَانِيْ جِبْرِيْلُ فَقَالَ شَقِيَ امْرَءٌ اَوْ تَعِسَ امْرَءٌ ذُكِرْتُ عِنْدَهٗ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْكَ۔

میرے پاس جبرئیل آئے اور فرمایا بدبخت ہے وہ شخص یا فرمایا برباد ہو وہ شخص جس کے سامنے آپ کا ذکر ہو اور وہ آپ پر درود نہ بھیجے

انہی الفاظ کے ساتھ التیمی نے اپنی ترغیب میں نقل کی ہے

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہما سے مندرجہ ذیل الفاظ کے ساتھ مروی ہے۔

قَالَ صَعِدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ فَقَالَ آمِيْنَ آمِيْنَ آمِيْنَ فَلَمَّا نَزَلَ سُئِلَ عَنْ ذَالِكَ فَقَالَ آتَانِيْ جِبْرِيْلُ فَقَالَ رَغِمَ اَنْفُ امْرَءٍ اَدْرَكَ رَمَضَانَ فَلَمْ يُغْفَرْ لَهٗ قُلْ آمِيْنَ فَقُلْتُ آمِيْنَ وَرَغِمَ اَنْفُ امْرَءٍ ذُكِرْتُ عِنْدَهٗ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْكَ قُلْ آمِيْنَ فَقُلْتُ آمِيْنَ وَرَغِمَ

أَنفُ رَجُلٍ أَدْرَكَ وَالِدَيْهِ أَوْ أَحَدَهُمَا فَلَمْ يُغْفَرْ لَهُ فَقُلْتُ آمِيْن ۔

ان الفاظ کا ترجمہ گذر چکا ہے۔

یہ یا اس جیسی حدیث دار قطنی نے الافراد میں بزار نے اپنی سند میں طبرانی نے الکبیر میں روایت کی ہے اور دقیقی نے امالی میں اسماعیل بن ابان عن قیس عن سماک عن جابر کی روایت سے نقل کی ہے اور فرماتے ہیں ہمیں معلوم نہیں ہے کہ جابر سے اس واسطہ کے بغیر بھی یہ مروی ہے۔

مصنف فرماتے ہیں میں کہتا ہوں اسماعیل بن ابان الغنوی ہے یحییٰ بن معین اور بہت سے دوسرے محدثین نے اس کی تکذیب کی ہے اور قیس بن ربیع ضعیف ہے مگر ہمارے شیخ نے اس کی اسناد کو حسن کہا ہے یعنی اپنی شواہد کے اعتبار سے حسن ہے۔

حضرت عبداللہ بن الحارث بن جزاء الزبیدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہی حدیث مندرجہ ذیل الفاظ کے ساتھ مروی ہے۔

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ الْمَسْجِدَ وَصَعِدَ الْمِنْبَرَ فَقَالَ آمِيْن آمِيْن آمِيْن فَلَمَّا انْصَرَفَ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَقَدْ رَأَيْنَاكَ صَنَعْتَ شَيْئًا مَا كُنْتَ تَصْنَعُهُ فَقَالَ إِنَّ جِبْرِيْلَ تَبَدّٰى لِيْ فِيْ أَوَّلِ دَرَجَةٍ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ مَنْ أَدْرَكَ وَالِدَيْهِ فَلَمْ يُدْخِلَاهُ الْجَنَّةَ فَأَبْعَدَهُ اللّٰهُ ثُمَّ أَبْعَدَهُ فَقُلْتُ آمِيْن ثُمَّ قَالَ لِيْ فِي الدَّرَجَةِ الثَّانِيَةِ وَمَنْ أَدْرَكَ شَهْرَ رَمَضَانَ فَلَمْ يُغْفَرْ لَهُ فَأَبْعَدَهُ اللّٰهُ ثُمَّ أَبْعَدَهُ فَقُلْتُ آمِيْن ثُمَّ تَبَدّٰى لِيْ فِي الدَّرَجَةِ الثَّالِثَةِ فَقَالَ وَمَنْ ذُكِرْتَ عِنْدَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْكَ فَأَبْعَدَهُ اللّٰهُ ثُمَّ أَبْعَدَهُ فَقُلْتُ آمِيْن ۔

ترجمہ گذر چکا ہے ایک نیا لفظ تبدیٰ آیا ہے اس کا معنی ہے ظاہر ہوا۔

بزار نے اپنی مسند میں اسے بھی روایت کیا ہے طبرانی، ابن ابی عاصم اور جعفر الفریابی

نے بھی روایت کی ہے اس کی سند میں ابن الہیعہ راوی ضعیف ہے لیکن اس کی حدیث کے بہت سے شواہد ہیں جیسا کہ تونے ملاحظہ کئے ہیں۔

حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہما نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس طرح کی روایت کرتے ہیں جسے الفریابی نے تخریج کیا ہے، حضرت حسن بصری سے ایک مرسل حدیث مروی ہے جو مذکورہ بالا احادیث کے ہم معنی ہے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ ذُکِرْتُ عِنْدَہٗ فَلَمْ یُصَلِّ عَلَیَّ فَقَدْ شَقِیَ ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کے سامنے میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے وہ بدبخت ہے۔

اس کو ابن السنی نے ضعیف سند کے ساتھ نقل کیا ہے اور الطبرانی کے ہاں یہ الفاظ ہیں شَقِیَ عَبْدٌ ذُکِرْتُ عِنْدَہٗ فَلَمْ یُصَلِّ عَلَیَّ

## جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ذکر سنے اور درود چھوڑ دے وہ جنت کا راستہ بھول گیا ہے

حضرت حسین ابن علی رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ ذُکِرْتُ عِنْدَہٗ فَخَطِیَٔ الصَّلَاۃَ عَلَیَّ خَطِیَٔ طَرِیْقَ الْجَنَّۃِ ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کے سامنے میرا ذکر ہوا اور اس نے مجھ پر درود پڑھنا چھوڑ دیا تو اس نے جنت کا راستہ چھوڑ دیا۔

اس حدیث کو طبری اور طبرانی نے تخریج کیا ہے۔ محمد بن الحنفیہ وغیرہ سے مرسلا مروی ہے المنذری فرماتے ہیں وھو اشبہ۔ مصنف فرماتے ہیں میں کہتا ہوں اس روایت کو ابن ابی عاصم اور اسماعیل القاضی نے نقل کیا ہے اور اس کے الفاظ یہ ہیں۔ مَنْ ذُکِرْتُ عِنْدَہٗ فَنَسِیَ الصَّلَاۃَ عَلَیَّ، ایک اور روایت میں فَلَمْ یُصَلِّ عَلَیَّ فَقَدْ خَطِیَٔ طَرِیْقَ الْجَنَّۃِ کے الفاظ ہیں۔

حضرت ابن عباس سے مروی ہے

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَسِيَ الصَّلَاةَ عَلَيَّ خَطِئَ طَرِيْقَ الْجَنَّةِ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو مجھ پر درود پڑھنا بھول گیا وہ جنت کا سیدھا راستہ چھوڑ گیا۔

اس حدیث کو ابن ماجہ، الطبرانی وغیرہما نے روایت کیا ہے اور اس کی سند میں جبارہ بن المغلس ضعیف راوی ہیں اور یہ حدیث اس کی مناکیر میں شمار کی جاتی ہے۔ واللہ الموفق۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَسِيَ الصَّلٰوةَ عَلَيَّ نَسِيَ وَفِيْ رِوَايَةٍ خَطِئَ طَرِيْقَ الْجَنَّةِ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو مجھ پر درود پڑھنا بھول گیا وہ جنت کا راستہ بھول گیا ایک روایت میں جنت کے راستہ سے خطا کر گیا۔

اس حدیث کو بیہقی نے شعب اور سنن کبریٰ میں، التیمی نے الترغیب میں ابن الجراح نے الخامس من آمالیہ میں ان الفاظ سے روایت کیا ہے۔

مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهُ فَنَسِيَ الصَّلٰوةَ عَلَيَّ خَطِئَ بِهٖ طَرِيْقَ الْجَنَّةِ۔

ترجمہ گذر چکا ہے۔

اور الرشید العطار نے روایت کی ہے فرمایا کہ اس کی اسناد حسن ہے الحافظ ابو موسیٰ المدینی نے الترغیب میں روایت کی ہے اور فرماتے ہیں یہ حدیث ایک جماعت سے مروی ہے جن میں حضرت علی بن ابی طالب ابن عباس ابو امامہ اور اُمِّ سلمہ رضی اللہ عنہم ہیں الفاظ یہ ہیں "من نسی الصلوٰۃ علی"۔ مصنف فرماتے ہیں میں کہتا ہوں حضرت علی کی حدیث کو ابن بشکوال نے ضعیف سند کے ساتھ نقل کیا ہے اور اس کے الفاظ یہ ہیں مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ خَطِئَ بِهٖ طَرِيْقَ الْجَنَّةِ۔

حدیث ابن عباس ابھی ابھی گذری ہے ابی امامہ اور ام سلمہ کی احادیث پر ابھی تک مجھے آگاہی نہیں ہوئی۔ ابن ابی حاتم کے ہاں بھی یہی حدیث حضرت جابر سے مروی ہے اور انہوں نے الرشید العطار کے طریق سے تخریج کی ہے فرماتے ہیں اس کی سند جید حسن متصل

ہے اس کے الفاظ حضرت ابن عباس کی حدیث کی طرح ہیں۔ محمد بن علی سے اسی کی مثل مرسلا مروی ہے جسے عبدالرزاق نے اپنی جامع میں تخریج کیا ہے۔ یہ تمام طرق بعض بعض کو تقویت دیتے ہیں باللہ التوفیق۔

حضرت عبداللہ بن جراد رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔

قَالَ مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهٗ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ دَخَلَ النَّارَ۔

جس کے سامنے میرا ذکر ہو اور اس نے مجھ پر درود نہ بھیجا وہ آگ میں داخل ہوا۔

یہ الدیلمی نے اس حدیث کو یعلی بن الاشدق کی روایت سے مسند الفردوس میں تخریج کیا ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ ذُكِرْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ صَلَاةً تَامَّةً فَلَيْسَ مِنِّيْ وَلَا أَنَا مِنْهُ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ صِلْ مَنْ وَصَلَنِيْ وَاقْطَعْ مَنْ لَمْ يَصِلْنِيْ۔

میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا کہ، جس کے سامنے میں یاد کیا جاؤں اور وہ مجھ پر مکمل درود نہ بھیجے وہ مجھ سے نہیں اور نہ میں اس سے ہوں پھر فرمایا اے اللہ! اس سے تعلق قائم فرما جس نے مجھ سے تعلق جوڑا اور قطع تعلقی فرما اس سے جس نے میرے ساتھ تعلق نہیں رکھا۔

میں اس کی اس سند پر آگاہ نہیں ہوا۔

حضرت قتادہ سے مرسلا مروی ہے۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْجَفَاءِ أَنْ اُذْكَرَ عِنْدَ رَجُلٍ فَلَا يُصَلِّيْ عَلَيَّ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ جفا ہے کہ میں کسی آدمی کے سامنے یاد کیا جاؤں اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔

یہ حدیث نمیری نے عبدالرزاق کے طریق سے دو سندوں کے ساتھ تخریج کی ہے اور اس کے راوی ثقہ ہیں۔

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں۔

قَالَ بِحَسْبِ امْرِئٍ مِنَ الْبُخْلِ

فرمایا انسان کا یہ بخل کافی ہے کہ میں اس کے

أَنَا أُذْكَرُ عِنْدَهٗ فَلَا يُصَلِّي عَلَيَّ۔ سامنے یاد کیا جاؤں اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔

اس حدیث کو قاسم بن اصبغ، ابن ابی عاصم اور اسماعیل القاضی نے روایت کیا ہے۔

حضرت حسن کے بھائی حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں۔

قَالَ الْبَخِيْلُ مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهٗ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا بخیل وہ ہے جس کے پاس میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔

اس حدیث کو امام احمد نے اپنی مسند میں، نسائی نے "سنن کبریٰ" میں، بیہقی نے "الدعوات" اور "الشعب" میں، ابن ابی عاصم نے "الصلوٰۃ" میں، الطبرانی نے "الکبیر" میں التیمی نے "الترغیب" میں اور ابن حبان نے اپنی "صحیح" میں روایت کیا ہے ابن حبان فرماتے ہیں یہ حسن کی روایت کردہ حدیث کے زیادہ مشابہ ہے اور حاکم نے اپنی صحیح میں روایت کی ہے اور فرماتے ہیں یہ صحیح الاسناد ہے مگر بخاری و مسلم نے تخریج نہیں کی۔ اس کی شاہد عن سعید المقبری عن ابی ہریرہ کی سند سے مروی ہے۔ اس شاہد کو بھی حاکم نے علی بن حسین عن ابی ہریرہ کے طریق سے تخریج کیا ہے امام البیہقی نے الشعب میں روایت کی ہے اور اس کے الفاظ یہ ہیں۔

اَلْبَخِيْلُ كُلُّ الْبَخِيْلِ مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهٗ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ۔ پورا بخیل وہ ہے جس کے پاس میرا تذکرہ ہو اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں۔

قَالَ الْبَخِيْلُ مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهٗ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ۔ ترجمہ گذر چکا ہے۔

اس حدیث کو نسائی نے روایت کیا ہے اور ان کے طریق سے ابن بشکوال نے بھی روایت کی ہے امام بخاری نے اپنی تاریخ میں سعید بن منصور نے سنن میں بیہقی نے شعب میں روایت کی ہے، ان کے علاوہ قاضی اسماعیل، الخلعی اور ترمذی نے بھی روایت کی ہے امام ترمذی فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے ایک نسخہ میں غریب کے لفظ زائد ہیں۔

مصنف فرماتے ہیں میں کہتا ہوں اس متن کی اسناد میں اختلاف ہے جیسا کہ تونے دیکھا ہے بعض علماء نے تابعی اور صحابی کے حذف کی وجہ سے مرسل بنائی ہے دار قطنی نے اس طرف اشارہ کیا ہے کہ وہ روایت جس میں حسین تصغیر کے ساتھ واقع ہے وہ صواب کے زیادہ مشابہ ہے اسماعیل القاضی نے "فضل الصلوٰۃ" میں اس حدیث کے مختلف طرق کی تخریج کی ہے اور حضرت علی اور آپ کے دونوں بیٹوں کی حدیث میں جو اختلاف ہے اس کے بیان کرنے پر بہت لمبی بحث کی ہے اور عبداللہ بن علی بن حسین عن ابیہ کے واسطہ سے یہی حدیث مرفوعاً بھی روایت کی ہے جو بخاری نے اپنی تاریخ میں نقل کی ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ یہ حدیث حسن کے درجہ سے کم نہیں ہے۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلْبَخِیْلُ مَنْ ذُکِرْتُ عِنْدَہٗ فَلَمْ یُصَلِّ عَلَیَّ۔ ترجمہ گذر چکا ہے

یہی حدیث دوسرے باب کے اوائل میں گذر چکی ہے۔

حضرت انس سے مرفوعاً مروی ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اَلَا اُنَبِّئُکُمْ بِاَبْخَلِ الْبُخَلَاءِ اَلَا اُنَبِّئُکُمْ بِاَعْجَزِ النَّاسِ مَنْ ذُکِرْتُ عِنْدَہٗ فَلَمْ یُصَلِّ عَلَیَّ وَمَنْ قَالَ لَہٗ رَبُّہٗ فِیْ کِتَابِہٖ اُدْعُوْنِیْ فَلَمْ یَدْعُہٗ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ۔

کیا میں تمہیں بخیلوں میں سے بڑے بخیل کے بارے میں خبر نہ دوں، کیا میں تمہیں لوگوں میں سے عاجز ترین شخص کی خبر نہ دوں۔ جس کے سامنے میرا ذکر ہوا اور اس نے مجھ پر درود نہ بھیجا، جسے رب تعالیٰ نے اپنی کتاب میں مانگنے کا حکم فرمایا اور اس نے نہ مانگا اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے تم مجھ سے مانگو میں تمہاری التجاؤں کو قبول کروں گا۔

اس حدیث کی سند پر مجھے آگاہی نہیں ہوئی۔

ابو سعید الواعظ کی "شرف المصطفیٰ" میں ہے۔

اَنَّ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کَانَتْ تَخِیْطُ شَیْئًا فِیْ وَقْتِ السَّحَرِ فَضَلَّتِ الْاِبْرَۃُ وَطَفِئَ السِّرَاجُ فَدَخَلَ عَلَیْہَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَضَاءَ الْبَیْتُ بِضَوْءِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَوَجَدَتِ الْاِبْرَۃَ فَقَالَتْ مَا اَضْوَءُ وَجْہَكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ وَیْلٌ لِمَنْ لَّا یَرَانِیْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ قَالَتْ وَمَنْ لَّا یَرَاكَ قَالَ الْبَخِیْلُ قَالَتْ وَمَنِ الْبَخِیْلُ قَالَ الَّذِیْ لَا یُصَلِّیْ عَلَیَّ اِذَا سَمِعَ بِاِسْمِیْ۔

حضرت عائشہ سحری کے وقت کوئی سلائی کر رہی تھیں سوئی گم ہوگئی اور چراغ بجھ گیا فوراً نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے پورا کمرہ بقعہ نور بن گیا اور آپ نے سوئی تلاش کر لی اور کہا یارسول اللہ! آپ کا چہرہ کتنا پرنور ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہلاکت ہے اس کے لئے جو قیامت کے دن مجھے نہ دیکھے گا۔ پوچھا، حضور! کون آپ کو نہ دیکھے گا فرمایا بخیل۔ پھر حضرت عائشہ نے پوچھا بخیل کون ہے؟ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا وہ جو میرا نام سن کر مجھ پر درود نہیں بھیجتا۔

ابو نعیم کی حلیہ الاولیاء میں ہے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس سے ایک آدمی گذرا جس کے پاس ایک مادہ ہرن تھا جس کو اس نے شکار کیا تھا اللہ تعالیٰ نے اس ہرنی کو قوت گویائی عطا فرمائی ہرنی نے عرض کیا یارسول اللہ! میرے چھوٹے بچے ہیں جنہیں میں دودھ پلاتی ہوں۔ اب وہ بھوکے ہوں گے اسے حکم فرمایئے کہ یہ مجھے چھوڑ دے تاکہ میں اپنے بچوں کو جاکر دودھ پلاؤں۔ پھر میں واپس آجاؤں گی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا اگر تو واپس نہ آئی تو پھر؟ ہرنی نے عرض کی حضور! اگر میں واپس نہ آؤں تو مجھ پر اس شخص کی طرح اللہ کی لعنت ہو جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر سنے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ پڑھے یا اس آدمی کی طرح مجھ پر لعنت ہو جو نماز پڑھے اور دعا نہ مانگے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے شکاری کو آزاد کرنے کا حکم دیا اور فرمایا میں اس کا ضامن ہوں، ہرنی دودھ پلا کر واپس آگئی۔ جبریل اسی وقت بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے اور عرض کی یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم! اللہ تعالیٰ آپ کو سلام فرماتا ہے اور یہ ارشاد فرماتا ہے مجھے اپنی عزت و جلال کی

قسم میں تمہاری امت پر اس سے زیادہ مہربان ہوں جتنا کہ ہرنی اپنے بچوں کیلئے مہربان ہے میں انہیں تمہاری طرف لوٹاؤں گا جیسے یہ ہرنی تمہاری طرف لوٹ آئی ہے۔

شرف المصطفیٰ میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے مروی ہے فرمایا۔

اَلَا اَدُلُّکُمْ عَلٰی خَیْرِ النَّاسِ وَشَرِّ النَّاسِ وَاَبْخَلِ النَّاسِ وَاَکْسَلِ النَّاسِ وَاَلْاَمِ وَاَسْرَقِ النَّاسِ قِیْلَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ بَلٰی قَالَ خَیْرُ النَّاسِ مَنْ اِنْتَفَعَ بِہِ النَّاسُ وَشَرُّ النَّاسِ مَنْ یَسْعٰی بِاَخِیْہِ الْمُسْلِمِ وَاَکْسَلُ النَّاسِ مَنْ اَرِقَ فِیْ لَیْلَتِہٖ فَلَمْ یَذْکُرِ اللّٰہَ بِلِسَانِہٖ وَجَوَارِحِہٖ وَاَلْاَمُ النَّاسِ مَنْ اِذَا ذُکِرْتُ عِنْدَہٗ فَلَمْ یُصَلِّ عَلَیَّ وَاَبْخَلُ النَّاسِ مَنْ بَخَلَ بِالتَّسْلِیْمِ عَلَی النَّاسِ وَاَسْرَقُ النَّاسِ مَنْ سَرَقَ صَلَاتَہٗ قِیْلَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ کَیْفَ یَسْرُقُ صَلَاتَہٗ قَالَ لَایُتِمُّ رُکُوْعَھَا وَلَاسُجُوْدَھَا

کیا میں تمہیں بہترین انسان، بدترین انسان بخیل ترین، انتہائی ست، سب سے زیادہ ملامت زدہ اور سب سے زیادہ چور آدمی پر آگاہ نہ کروں، عرض کی گئی کیوں نہیں ارشاد فرمایا، تمام لوگوں سے بہتر وہ ہے جس سے لوگ نفع اٹھائیں۔ تمام لوگوں سے برا وہ ہے جو اپنے مسلمان بھائی کو تکلیف پہنچانے کیلئے کوشاں ہے۔ سست ترین وہ ہے جو رات کو جاگتا رہا مگر زباں اور اعضا کے ساتھ اللہ تعالیٰ کو یاد نہ کیا۔ لوگوں میں سے زیادہ ملامت کے لائق وہ ہے جو میرا ذکر سنے اور مجھ پر درود نہ بھیجے اور بخیل ترین وہ ہے جو لوگوں پر سلام کرنے میں بخل کرتا ہے اور سب سے زیادہ چور وہ ہے جو نماز کی چوری کرتا ہے عرض کی گئی یارسول اللہ! نماز کی چوری کیسے کرتا ہے ارشاد فرمایا اس کا رکوع و سجود پورا ادا نہیں کرتا۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

حَسْبُ الْعَبْدِ مِنَ الْبُخْلِ اِذَا ذُکِرْتُ عِنْدَہٗ اَنْ لَّا یُصَلِّیَ عَلَیَّ۔

انسان کا یہ بخل کافی ہے کہ جب اس کے پاس میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔

الدیلمی نے اس حدیث کو حاکم کے طریق سے روایت کیا ہے۔

حضرت حسن بصری سے مرسلاً مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

بِحَسْبِ الْمُؤْمِنِ مِنَ الْبُخْلِ اَنْ اُذْکَرَ عِنْدَہٗ فَلَا یُصَلِّیْ عَلَیَّ وَفِیْ لَفْظٍ کَفٰی بِہٖ شُحًّا اَنْ اُذْکَرَ عِنْدَ رَجُلٍ فَلَا یُصَلِّیْ عَلَیَّ۔

مومن کا یہی بخل اس کی محرومی کیلئے کافی ہے کہ اس کے سامنے میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔

یہ سعید بن منصور نے تخریج کی ہے اور القاضی اسماعیل نے دو واسطوں سے روایت کی ہے اس کے راوی ثقہ ہیں۔

حضرت ابو ذر الغفاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں ایک دن میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

مَنْ ذُکِرْتُ عِنْدَہٗ فَلَمْ یُصَلِّ عَلَیَّ فَذَالِکَ اَبْخَلُ النَّاسِ۔

جس کے سامنے میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر درود نہ پڑھے وہ بخیل ترین انسان ہے۔

اس حدیث کو ابن عاصم نے "الصلوٰہ" میں علی بن یزید عن القاسم کے واسطہ سے روایت کیا ہے القاضی اسماعیل نے معبد عن رجل من اہل دمشق عن عوف بن مالک عن ابی ذر کے واسطہ سے مرفوعاً نقل کی ہے کہ ارشاد فرمایا۔

اَنَّ اَبْخَلَ النَّاسِ مَنْ ذُکِرْتُ عِنْدَہٗ فَلَمْ یُصَلِّ عَلَیَّ ترجمہ گذر چکا ہے

اسی طرح اس حدیث کو اسحٰق اور الحارث نے اپنی اپنی سند میں روایت کیا ہے اسکے الفاظ یہ ہیں۔

اَنَّہٗ جَلَسَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَوْ جَلَسَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلَیْہِ فَقَالَ یَا اَبَاذَرٍّ اَصَلَّیْتَ الضُّحٰی فَذَکَرَ حَدِیْثًا طَوِیْلًا وَفِیْہِ ھٰذَا الْمَتْنُ۔

وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے یا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس بیٹھے پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا اے اباذر چاشت کی نماز پڑھی ہے اس کے بعد ایک طویل حدیث ذکر کی جس میں یہ متن بھی ہے۔

حدیث غریب ہے اور اس کے رجال صحیح کے رجال ہیں لیکن ان میں ایک راوی مبہم ہے جسے میں نہیں جانتا مصنف فرماتے ہیں۔ میں کہتا ہوں اسماعیل القاضی کی سند میں لطیفہ ہے وہ یہ کہ یہ صحابی کی صحابی سے اور تابعی کی تابعی سے روایت ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

مَا جَلَسَ قَوْمٌ مَجْلِسًا لَمْ يَذْكُرُوا اللّٰهَ تَعَالٰى فِيهِ وَلَمْ يُصَلُّوا عَلٰى نَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا كَانَ عَلَيْهِمْ مِنَ اللّٰهِ تِرَةٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَإِنْ شَاءَ عَذَّبَهُمْ وَإِنْ شَاءَ غَفَرَ لَهُمْ۔

جب لوگ کسی مجلس میں بیٹھتے ہیں اور اس میں نہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہیں اور نہ اس کے نبی پر درود پڑھتے ہیں۔ قیامت کے دن وہ مجلس ان کے لئے باعث حسرت ہوگی چاہے تو ان کو عذاب دے اور چاہے تو ان کو بخش دے۔

یہ حدیث احمد، الطیالسی، الطبرانی نے "الدعاء" میں، ابو الشیخ، اسماعیل القاضی اور ابو داؤد والترمذی نے روایت کی ہے ترمذی نے لکھا ہے کہ یہ حدیث حسن ہے مصنف فرماتے ہیں میں کہتا ہوں یہ حدیث اپنے شواہد کے اعتبار سے حسن ہے کیونکہ امام ترمذی نے صالح مولی التوئمہ سے روایت کی ہے جو ضعیف ہیں۔ الحاکم نے اپنی مستدرک میں اسی واسطہ سے تخریج کی ہے ابن ابی عاصم نے بھی اس طرح روایت کی ہے ابن حبان نے اپنی صحیح میں ذکر کی ہے اور الحاکم نے اپنی مستدرک میں موقوفاً الاعمش بن ابی صالح عن ابی ہریرہ کے واسطہ سے مندرجہ ذیل الفاظ میں تخریج کی ہے۔

مَا جَلَسَ قَوْمٌ مَجْلِسًا ثُمَّ تَفَرَّقُوا قَبْلَ أَنْ يَذْكُرُوا اللّٰهَ وَيُصَلُّوا عَلٰى نَبِيِّهِ إِلَّا كَانَ عَلَيْهِمْ حَسْرَةٌ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ۔

جب لوگ کسی مجلس میں بیٹھے اور پھر اللہ تعالیٰ کا ذکر اور نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھے بغیر جدا جدا ہوگئے ان پر قیامت تک حسرت ہوگی۔

صالح کے طریق سے بھی روایت کی ہے اس کے الفاظ یہ ہیں۔

سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّمَا قَوْمٍ جَلَسُوْا فَأَطَالُوا الْجُلُوْسَ ثُمَّ تَفَرَّقُوْا قَبْلَ أَنْ يَذْكُرُوا اللّٰهَ وَيُصَلُّوْا عَلٰى نَبِيِّهِ إِلَّا كَانَ لَهُمْ تِرَةٌ مِنَ اللّٰهِ إِنْ شَاءَ عَذَّبَهُمْ وَإِنْ شَاءَ غَفَرَ لَهُمْ۔

مفہوم و ترجمہ گذر چکا ہے۔

الحاکم فرماتے ہیں یہ حدیث صحیح ہے ذہبی نے اس قول کا رد کیا ہے کیونکہ صالح ضعیف ہے انہی الفاظ کے ساتھ طبرانی نے الدعاء میں ذکر کی ہے حاکم نے ابن ابی ذئب عن

المقبری عن اسحٰق بن عبداللہ بن ابی طلحہ عن ابی ہریرہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے طریق سے مندرجہ ذیل الفاظ سے بھی ذکر کی ہے۔

قَالَ مَا جَلَسَ قَوْمٌ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ لَمْ يُصَلُّوْا عَلٰى نَبِيِّهِمْ اِلَّا كَانَ ذَالِكَ الْمَجْلِسُ عَلَيْهِمْ تِرَةً وَلَا قَعَدَ قَوْمٌ لَمْ يَذْكُرُوا اللّٰهَ اِلَّا كَانَ عَلَيْهِمْ تِرَةً۔

جس قوم نے مجلس میں اللہ کا ذکر نہ کیا اور اپنے نبی پر درود نہ بھیجا تو وہ مجلس اس پر وبال ہوگی، کوئی قوم بیٹھی اور اللہ کا ذکر نہ کیا تو وہ مجلس ان پر وبال ہوگی۔

فرماتے ہیں یہ البخاری کی شرط پر صحیح ہے۔

امام احمد نے اپنی مسند میں یہی روایت ان الفاظ سے ذکر کی ہے۔

مَا جَلَسَ قَوْمٌ مَجْلِسًا لَمْ يَذْكُرُوا اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اِلَّا كَانَ عَلَيْهِمْ تِرَةٌ وَمَا مِنْ رَجُلٍ مَشٰى طَرِيْقًا فَلَمْ يَذْكُرِ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اِلَّا كَانَ عَلَيْهِ تِرَةٌ وَمَا مِنْ رَجُلٍ آوٰى اِلٰى فِرَاشِهٖ فَلَمْ يَذْكُرِ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اِلَّا كَانَ عَلَيْهِ تِرَةٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ اِلَّا كَانَ عَلَيْهِمْ حَسْرَةٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَاِنْ دَخَلُوا الْجَنَّةَ لِلثَّوَابِ

جس قوم نے مجلس قائم کی اور اس میں اللہ کا ذکر نہیں کیا وہ ان پر وبال ہوگی جو راستہ پر چلا اور اللہ کا ذکر نہ کیا وہ اس پر حسرت ہوگا، جو بستر پر آیا اور اللہ کا ذکر نہ کیا اس پر وبال ہوگا ایک روایت میں ہے یوم قیامت حسرۃ ہوگی ثواب کی وجہ سے اگرچہ جنت میں داخل بھی ہوگئے۔

میں کہتا ہوں اس حدیث میں المقبری پر اختلاف ہے

بعض نے عنہ عن ابی ہریرہ کہا ہے یہ ابوداؤد وغیرہ کی روایت ہے بعض نے عنہ عن اسحٰق عن ابی ہریرہ کہا ہے یہ احمد اور حاکم کی روایت ہے جیسا کہ گذر چکا ہے واللہ اعلم امام بیہقی نے الشعب میں یہ الفاظ روایت کئے ہیں۔

اَيُّمَا قَوْمٍ اِجْتَمَعُوْا ثُمَّ تَفَرَّقُوْا الخ — معنی و مفہوم گذر چکا ہے

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

مَا مِنْ قَوْمٍ جَلَسُوْا مَجْلِسًا ثُمَّ قَامُوْا مِنْهُ لَمْ يَذْكُرُوا اللّٰهَ وَلَمْ يُصَلُّوْا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا كَانَ ذَالِكَ الْمَجْلِسُ عَلَيْهِمْ تِرَةً

ترجمہ گذر چکا ہے

اس حدیث کو الطبرانی نے الدعاء اور معجم کبیر میں ایسی سند کے ساتھ روایت کیا ہے جس کے راوی ثقہ ہیں۔

حضرت ابو سعید الخدری رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

لَا یَجْلِسُ قَوْمٌ مَجْلِسًا لَا یُصَلُّوْنَ فِیْہِ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلَّا کَانَ عَلَیْھِمْ حَسْرَۃٌ وَاِنْ دَخَلُوا الْجَنَّۃَ لِمَا یَرَوْنَ مِنَ الثَّوَابِ۔

کسی قوم نے مجلس قائم کی اور اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر انہوں نے درود نہ پڑھا تو وہ ان کے لئے حسرۃ کا باعث ہوگی دوسری نیکیوں کے ثواب کی وجہ اگرچہ جنت میں داخل ہوگئے ہونگے۔

اس حدیث کو الدینوری نے "المجالسہ" میں التیمی نے "الترغیب" میں، البیہقی نے "الشعب" میں سعید بن منصور نے "السنن" میں اور اسماعیل القاضی اور ابن شاہین نے اپنے بعض اجزاء میں روایت کیا ہے ابن بشکوال نے ابن شاہین کے طریق سے روایت کی ہے، الضیاء نے المختارہ میں ابو بکر الشافعی کے طریق سے مرفوعاً اور ابو بکر بن ابی عاصم کے طریق سے موقوفاً روایت کی ہے اسی طرح النسائی نے "عمل الیوم واللیلہ" میں اور البغوی نے "الجعدیات" میں روایت کی ہے یہ حدیث صحیح ہے۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

مَا اجْتَمَعَ قَوْمٌ ثُمَّ تَفَرَّقُوْا عَنْ غَیْرِ ذِکْرِ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ وَصَلَاۃٍ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلَّا قَامُوْا عَنْ اَنْتَنِ جِیْفَۃٍ

جو قوم اپنے اجتماع سے بغیر اللہ کے ذکر کے اور بغیر درود کے پڑھے اٹھ گئی وہ مردار کی بدبو پر سے اٹھی ہے۔

اس حدیث کو الطیالسی نے اور ان کے طریق سے بیہقی نے شعب میں اور الضیاء نے المختارہ میں روایت کیا ہے نسائی نے "عمل الیوم واللیلہ" میں تخریج کی ہے اس کے رجال، رجال الصحیح علی شرط مسلم ہیں الطبرانی نے الدعاء میں یہ الفاظ لکھے ہیں۔

مَا مِنْ قَوْمٍ اِجْتَمَعُوْا فِیْ مَجْلِسٍ ثُمَّ تَفَرَّقُوْا وَلَمْ یَذْکُرُوا اللّٰہَ وَلَمْ یُصَلُّوْا عَلٰی نَبِیِّھِمْ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلَّا کَانَ عَلَیْھِمْ حَسْرَۃٌ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ

ترجمہ گذر چکا ہے

حضرت عبداللہ بن مسعود سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔
مَنْ لَمْ یُصَلِّ عَلَیَّ فَلَا دِیْنَ لَہٗ۔ جس نے مجھ پر درود نہ بھیجا اس کا دین نہیں۔

اس حدیث کو محمد بن حمدان المروزی نے تخریج کیا ہے اس کی سند میں ایک راوی کا نام ذکر نہیں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مرفوعاً مروی ہے مجھے اس کی سند معلوم نہیں ہے، فرمایا تین شخص میرا چہرہ نہ دیکھیں گے والدین کا نافرمان، میری سنت کا تارک اور وہ شخص جس کے سامنے میرا ذکر ہوا اور اس نے مجھ پر درود نہ پڑھا۔
فَصَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَعَلٰی آلِہٖ مَاطَلَعَتِ الشَّمْسُ وتلی الیوم امس۔

تیسرے باب کو ہم چند فوائد کے ساتھ ختم کرتے ہیں۔
پہلا رغم کی تحقیق کے بارے میں۔
جوہری نے رغم غین کے فتح اور کسرہ دونوں کے ساتھ حکایت کیا ہے ہماری روایت میں غین معجمہ کے کسر کے ساتھ ہے جس کا معنی ہے لصق بالرغام ھوالتراب ذلا وھوانا یعنی ذلت و رسوائی کی وجہ سے خاک آلود ہوا۔ ابن عربی نے غین کے فتحہ کا قول کیا ہے اس کا معنی ہے "ذل" یعنی ذلیل ہونا نہایہ میں ہے یقال رغم یرغم رغما و رغما و رغما وارغم اللہ انفہ یعنی اللہ نے اس کی ناک کو مٹی میں ملا دیا یہ اس کی اصل ہے پھر یہ ناپسندی کے باوجود پیروی کرنے کی ذلت و عاجزی کیلئے استعمال ہونے لگا ہے بعض فرماتے ہیں اس کا معنی اضطرب بھی ہے بعض فرماتے ہیں اس کا معنی غضب ہے۔
(صعد) ماضی میں عین کے کسرہ کے ساتھ اور مستقبل میں عین کے فتح کے ساتھ ہے یہ واضح ہے۔
(بعد) عین کے ضمہ کے ساتھ یعنی خیر سے دور ہوا ایک روایت میں ابعدہ اللہ ہے، عین کے کسرہ کے ساتھ بھی مروی ہے اس کا معنی ہے ہلک دونوں معنوں پر محمول کرنے سے کوئی چیز مانع نہیں ہے۔

دوسرا فائدہ خطئ کی تحقیق میں ہے۔

النہایہ میں ہے یُقَالُ خَطِئَ فِیْ دِیْنِہٖ خَطَأ اِثْم فِیہِ یعنی خطئ فی دینہ یعنی گناہ کیا اپنے دین میں۔ الخطئ کا معنی ذنب اور اثم ہے اَخْطَأَ یُخْطِئُ اِذَا سَلَکَ سَبِیْلَ الْخَطَاءِ عَمَدًا اَوْ سَہْوًا جب کوئی جان بوجھ کر یا بھول کر غلط راستہ پر چل پڑے تو کہتے ہیں اخطاء۔

خطاء بمعنی اخطاء بھی استعمال ہوتا ہے۔ بعض علماء فرماتے ہیں خطئ اس وقت کہا جاتا ہے جب کوئی عمداً غلط راستہ پر چل پڑے اور خطا اس وقت بولتے ہیں جب ارادہ نہ ہو۔ جب کوئی کسی چیز کا ارادہ کرے پھر وہ اس کے علاوہ کوئی کام کرے یا درست نہ کرے تو اس کے لئے اخطا وقع فی الشقا بولا جاتا ہے اخطی ہمزہ کے ضمہ طا کے کسرہ کے ساتھ ماضی مجہول کا صیغہ ہے۔

تیسرا فائدہ

"من نسی الصلوٰۃ" کی حدیث کو اپنے ظاہر پر محمول کرنا مشکل ہے کیونکہ ایک اور حدیث میں "رُفِعَ عَنْ اُمَّتِیْ الْخَطَاءُ وَالنِّسْیَانُ" وارد ہے یعنی میری امت سے خطا و نسیان معاف ہے، دوسری وجہ یہ ہے کہ ثابت شدہ بات ہے کہ ناسی بھولنے والا مکلف نہیں ہوتا اور غیر مکلف پر ملامت نہیں ہوتی۔ اس کا جواب یہ ہے کہ الناسی سے مراد التارک ہے یعنی چھوڑنے والا جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "نَسُوا اللّٰہَ فَنَسِیَہُمْ" اور جگہ ہے "وَکَذٰلِکَ اَتَتْکَ آیَاتُنَا فَنَسِیْتَہَا وَکَذٰلِکَ الْیَوْمَ تُنْسٰی" ای تترک فی النار۔ یعنی انہوں نے اللہ تعالیٰ کو فراموش کر دیا تو اللہ تعالیٰ نے انہیں فراموش کر دیا ہے، دوسری آیت کا ترجمہ یہ ہے اسی طرح ہماری آیتیں تیرے پاس آئیں تو تو نے انہیں فراموش کر دیا آج اسی طرح تو فراموش کر دیا گیا ہے الہروی فرماتے ہیں پہلی آیت کا معنی یہ ہے انہوں نے اللہ تعالیٰ کے حکم کو ترک کر دیا پس اللہ نے اپنی رحمت سے انہیں دور کر دیا۔ جیسے ارشاد ہے "فَالْیَوْمَ نَنْسَاکُمْ کَمَا نَسِیْتُمْ لِقَاءَ یَوْمِکُمْ ہٰذَا" یعنی آج ہم نے تمہیں فراموش کر دیا ہے جیسے تم نے اس دن کی ملاقات کو فراموش کر دیا تھا۔

درود پاک چھوڑنے والے کی نماز ہی نہیں ہوتی جو نماز دین کا ستون ہے پس جو درود کو

ترک کرے وہ اسی سزا کا مستحق ہے۔

اے مخاطب! اپنے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے سے غافل نہ ہو ورنہ بھلائی و نیکی کا نور تجھ سے غائب ہو جائے گا، بخیلوں کا سردار بن جائے گا۔ اہل جفا کے اخلاق سے متصف لوگوں میں شمار ہو گا بیوقوف اور غیر مطمئن قلب والوں اور جنت کے راستہ سے بھٹکنے والوں میں شمار ہو گا۔

وفقك الله وَاِيَّایَ لمرضاته ورغبنا فيما يبلغ بجزيل عطائه وصلاة بمنه وكرمه ۔

## چوتھا فائدہ

اَلْبُخْلُ هُوَ اِمْسَاكُ مَا يُقْتَنَىٰ عَمَّنْ يَسْتَحِقُّهُ، یعنی بخل یہ ہے کہ جمع شدہ مال مستحق سے روک لینا گذشتہ احادیث اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ طاعت میں سستی کرنے والا بخل سے موصوف کیا جاتا ہے۔

## پانچواں فائدہ

ترۃ: پہلے تا مکسورہ پھر راء مخففہ مفتوحہ اور پھر ت، اس کا معنی حسرت ہے جیسا کہ دوسرے طریق میں ترۃ کی جگہ الحسرہ ہے بعض علماء فرماتے ہیں اس سے مراد آگ ہے بعض فرماتے ہیں اس کا مطلب گناہ ہے۔ ابن الاثیر فرماتے ہیں الترۃ النقص یعنی اس کا معنی کمی ہے بعض فرماتے ہیں التبعہ یعنی تاوان/بوجھ ہے اس کے آخر میں ۃ واؤ محذوفہ کے عوض آئی ہے جیسے عدۃ میں ہے اس کا اعراب کان کے اسم کے اعتبار سے مرفوع اور خبر کے اعتبار سے منصوب پڑھنا دونوں طرح جائز ہے۔

## چھٹا فائدہ

چھٹا فائدہ وَاِنْ دَخَلُوا الْجَنَّةَ کے معنی کے بیان میں ہے حقیقت حال تو اللہ تعالیٰ جانتا ہے وہ قیامت کے موقف میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود کو ترک کرنے کی وجہ سے اظہار افسوس کریں گے کہ اتنا بڑا ثواب ان سے فوت ہو گیا اگرچہ ان کی رہائش گاہ جنت ہو گی اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ جنت میں دخول کے بعد بھی حسرت کرتے رہیں گے۔

## ساتواں فائدہ

ساتواں فائدہ الجفاء کی تحقیق میں ہے۔

الجفاء جیم کے فتحہ اور مد کے ساتھ ہے اس کا مطلب ہے نیکی اور تعلق کو ترک کرنا اس کا اطلاق سخت طبیعت پر بھی ہوتا ہے الجفاء کا معنی حدیث میں یہ ہوگا کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے دور ہوتے ہیں واللہ اعلم۔

## چوتھا باب

چوتھا باب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام بھیجنے والے کے سلام کو پہنچانے اور آپ صلی اللہ وسلم کے جواب فرمانے اور اس کے علاوہ چند فوائد و تمات کے متعلق ہے، حضرت عمار، انس، ابی امامہ، ابوہریرہ وغیرہم رضی اللہ عنہم اجمعین کی احادیث جو اس باب سے متعلق ہیں دوسرے باب میں گذر چکی ہیں۔ ابی قرصافہ کی حدیث آخری باب میں آئے گی۔
حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

إِنَّ لِلّٰهِ مَلَائِكَةً سَيَّاحِيْنَ يُبَلِّغُوْنِيْ عَنْ أُمَّتِيْ السَّلَامَ۔

اللہ تعالیٰ کے سیاحت کرنے والے فرشتے ہیں جو مجھے اپنی امت کا سلام پہنچاتے ہیں۔

اس حدیث کو احمد، نسائی، الدارمی، ابونعیم، البیہقی، الخلعی نے روایت کیا ہے۔ ابن حبان اور الحاکم نے اپنی اپنی صحیح میں روایت کی ہے حاکم نے صحیح الاسناد کہا ہے۔
حضرت علی رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ لِلّٰهِ مَلَائِكَةً يَسِيْحُوْنَ فِي الْأَرْضِ وَيُبَلِّغُوْنِيْ صَلَاةَ مَنْ صَلَّى عَلَيَّ مِنْ أُمَّتِيْ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے زمین میں گردش کرتے رہتے ہیں اور میری امت کا جو فرد مجھ پر درود بھیجتا ہے وہ مجھ تک پہنچاتے ہیں۔

اس حدیث کو دارقطنی نے زاذان عن علی کے طریق سے ابو اسحٰق المزنی کی حدیث سے جو حصہ لیا ہے اس میں تخریج کیا ہے مگر یہ وہم ہے کیونکہ زاذان نے ابن مسعود سے روایت کی ہے جیسا کہ پیچھے گذر چکا ہے۔ حسن بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَیْثُ مَا کُنْتُمْ فَصَلُّوْا عَلَیَّ فَاِنَّ صَلَاتَکُمْ تَبْلُغُنِیْ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، تم جہاں بھی ہو مجھ پر درود پڑھو کیونکہ تمہاری صلاۃ مجھ تک پہنچتی ہے۔

اس حدیث کو الطبرانی نے الاوسط اور الکبیر میں روایت کیا ہے اور ابو یعلی نے حسن سند کے ساتھ روایت کی ہے لیکن کہا گیا ہے کہ اس میں ایک ایسا شخص ہے جو معروف نہیں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں

لَیْسَ اَحَدٌ مِنْ اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُصَلِّیْ عَلٰی مُحَمَّدٍ اَوْ یُسَلِّمُ عَلَیْہِ اِلَّا بَلَّغَہٗ یُصَلِّیْ عَلَیْکَ فُلَانٌ وَیُسَلِّمُ عَلَیْکَ فُلَانٌ۔

محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کا کوئی فرد آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود یا سلام بھیجتا ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچایا جاتا ہے کہ فلاں آپ پر درود پڑھ رہا ہے اور فلاں سلام عرض کر رہا ہے۔

اس حدیث کو اسحٰق بن راہویہ نے اپنی سند میں موقوفاً روایت کیا ہے اور بیہقی نے مندرجہ ذیل الفاظ کے ساتھ روایت کی ہے۔

لَیْسَ اَحَدٌ مِنْ اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ یُصَلِّیْ عَلَیْہِ صَلَاۃً اِلَّا وَہِیَ تُبَلَّغُہٗ یَقُوْلُ الْمَلَکُ فُلَانٌ یُصَلِّیْ عَلَیْکَ کَذَا کَذَا صَلَاۃً۔

امت محمدیہ کا کوئی فرد آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتا ہے تو وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچایا جاتا ہے۔ فرشتہ عرض کرتا ہے حضور! فلاں آپ پر ایسے ایسے درود بھیج رہا ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں ارشاد فرمایا۔

لَا تَجْعَلُوْا بُیُوْتَکُمْ قُبُوْرًا وَلَا تَجْعَلُوْا قَبْرِیْ عِیْدًا وَصَلُّوْا عَلَیَّ فَاِنَّ صَلَاتَکُمْ تَبْلُغُنِیْ حَیْثُ مَا کُنْتُمْ۔

اپنے گھروں کو قبور نہ بناؤ اور میری قبر کو عید نہ بناؤ اور مجھ پر درود پڑھو، بیشک تمہارا درود مجھ تک پہنچتا ہے تم جہاں بھی ہوتے ہو۔

اس حدیث کو ابو داؤد اور احمد نے اپنی مسند میں ابن فیل نے اپنی "جز" میں روایت کی ہے النووی نے "الاذکار" میں اس کو صحیح کہا ہے ابن بشکوال نے مرفوعاً مندرجہ ذیل الفاظ میں روایت کی ہے۔

مَا مِنْ اَحَدٍ یُسَلِّمُ عَلَیَّ اِلَّا رَدَّ اللّٰہُ

کوئی شخص مجھ پر سلام نہیں بھیجتا مگر اللہ تعالٰی

إِلَیَّ رُوْحِیْ حَتّٰی اَرُدَّ عَلَیْہِ۔ میری روح کو لوٹا دیتے ہیں حتیٰ کہ میں اس پر سلام لوٹاتا ہوں۔

حضرت ابو ہریرہ سے یہ بھی مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَکْثِرُوْا الصَّلٰوۃَ عَلَیَّ فِی اللَّیْلَۃِ الزَّھْرَاءِ وَالْیَوْمِ الْاَغَرِّ فَاِنَّ صَلٰوتَکُمْ تُعْرَضُ عَلَیَّ۔ مجھ پر جمعہ کی رات میں اور جمعہ کے دن میں کثرت سے درود بھیجو کیونکہ تمہارا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔

الطبرانی نے یہ حدیث ضعیف سند کے ساتھ "الاوسط" میں تخریج کی ہے لیکن یہ اپنے شواہد کی وجہ سے قوی ہو جاتی ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ بھی مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ عِنْدَ قَبْرِیْ سَمِعْتُہٗ وَمَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مِنْ بَعِیْدٍ اُعْلِمْتُہٗ۔ جو میری قبر کے پاس آکر مجھ پر درود بھیجتا ہے اس کا درود میں خود سنتا ہوں جو دور سے پڑھتا ہے وہ مجھے بتایا جاتا ہے۔

اس حدیث کو ابو الشیخ نے الثواب میں ابو معاویہ عن الاعمش عن ابی صالح عنہ کے طریق سے تخریج کیا ہے اور ان کے طریق سے الدیلمی نے روایت کیا ہے، ابن قیم نے کہا ہے یہ غریب حدیث ہے۔ مصنف فرماتے ہیں میں کہتا ہوں اس کی سند جید ہے جیسا کہ ہمارے شیخ نے فرمایا ہے۔

حضرت ابو ہریرہ سے یہ بھی مروی ہے فرماتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ عِنْدَ قَبْرِیْ سَمِعْتُہٗ وَمَنْ صَلّٰی عَلَیَّ نَائِیًا وَکَّلَ اللّٰہُ بِہٖ مَلَکًا یُبَلِّغُنِیْ وَکُفِیَ اَمْرَ دُنْیَاہُ وَآخِرَتِہٖ وَکُنْتُ لَہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ شَہِیْدًا اَوْ شَفِیْعًا۔ جو میری قبر پر درود پڑھتا ہے وہ میں خود سنتا ہوں جو دور سے پڑھتا ہے، اللہ اسے ایک فرشتہ کے سپرد کرتا ہے وہ مجھے پہنچاتا ہے اور وہ اس کی دنیا و آخرت کیلئے کافی ہوتا ہے۔ اور میں قیامت کے دن اس کا گواہ" یا "فرمایا شفیع ہونگا۔

اس حدیث کو العشاری نے تخریج کیا ہے اس کی سند میں محمد بن موسیٰ الکدیمی متروک الحدیث ہے ابن ابی شیبہ التیمی نے "ترغیب" میں اور بیہقی نے حیاۃ الانبیاء میں اختصار کے ساتھ روایت کی ہے۔

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ عِنْدَ قَبْرِيْ سَمِعْتُهٗ وَمَنْ صَلّٰى عَلَيَّ نَائِيًا اُبْلِغْتُهٗ۔

جس نے میری قبر کے پاس مجھ پر درود بھیجا وہ میں سنتا ہوں جو دور سے مجھ پر درود بھیجتا ہے وہ مجھے پہنچایا جاتا ہے۔

بیہقی نے الشعب میں یہ الفاظ لکھے ہیں۔

مَا مِنْ عَبْدٍ يُسَلِّمُ عَلَيَّ عِنْدَ قَبْرِيْ اِلَّا وَكَّلَ اللّٰهُ بِهَا مَلَكًا يُبَلِّغُنِيْ۔

ترجمہ گذر چکا ہے۔

ابن جوزی نے خطیب کے طریق سے وارد کی ہے اور محمد بن مروان السدی کو متہم کہا ہے العقیلی سے منقول ہے کہ اعمیش کی حدیث سے اس کی کوئی اصل نہیں ہے اور یہ قوی نہیں ہے۔ ابن کثیر نے کہا ہے اس کی اسناد میں نظر ہے نائیًا کا معنی بعید اہے جیسا کہ دوسری روایت نے تفسیر کر دی ہے۔

حضرت زین العابدین علی بن حسین بن علی سے مروی ہے ایک شخص ہر صبح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کی زیارت کرتا تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتا تھا۔ شام کو بھی ایسا ہی کرتا تھا، علی بن حسین کو پتہ چلا تو پوچھا تو روزانہ ایسا کیوں کرتا ہے، اس نے کہا مجھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام پیش کرنا بہت پسند ہے علی بن حسین نے کہا مجھے میرے باپ نے خبر دی ہے اور انہوں نے میرے دادا رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَا تَجْعَلُوْا قَبْرِيْ عِيْدًا وَلَا تَجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قُبُوْرًا وَصَلُّوْا عَلَيَّ وَسَلِّمُوْا حَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَسَيُبَلِّغُنِيْ صَلَاتُكُمْ وَسَلَامُكُمْ۔

میری قبر کو عید نہ بناؤ، اپنے گھروں کو قبور نہ بناؤ اور مجھ پر درود و سلام بھیجو، جہاں بھی تم ہو تمہارا درود و سلام مجھے پہنچا دیا جائے گا۔

اسماعیل القاضی نے تخریج کی ہے اس کی سند میں ایک شخص کا نام نہیں لیا گیا ابن ابی عاصم کے ہاں عن علی بن حسین عن ابیہ عن جدہ کی سند سے مرفوعاً مندرجہ ذیل الفاظ میں ہے۔

صَلُّوا عَلَيَّ فَإِنَّ صَلَاتَكُمْ وَتَسْلِيمَكُمْ يَبْلُغُنِي حَيْثُ مَا كُنْتُمْ ۔
مجھ پر درود بھیجو بیشک تمہارا درود و سلام مجھے پہنچ جاتا ہے تم جہاں بھی ہوتے ہو۔

اس کو ابو بکر بن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے اور ان سے ابو یعلی نے یہ لفظ روایت کئے ہیں۔

رَأَى رَجُلًا يَأْتِي إِلَى خُرْجَةٍ كَانَتْ عِنْدَ قَبْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَدْخُلُ فِيهَا فَيَدْعُوْ افَقَالَ لَهُ أَلَا أُحَدِّثُكَ حَدِيثًا سَمِعْتُهُ مِنْ أَبِي عَنْ جَدِّي عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَتَّخِذُوا قَبْرِي عِيدًا وَلَا تَجْعَلُوا بُيُوتَكُمْ قُبُورًا وَسَلِّمُوا عَلَيَّ فَإِنَّ تَسْلِيمَكُمْ يَبْلُغُنِي أَيْنَمَا كُنْتُمْ ۔

ترجمہ گذر چکا ہے۔

یہ حدیث حسن ہے اور حسن بن حسین بن علی کی روایت اس کی شاہد ہے مصنف عبدالرزاق سے ہم نے ایک دوسرے واسطہ سے مرسلاً بھی روایت کی ہے۔ اس کے الفاظ یہ ہیں۔

أَنَّ الْحَسَنَ بْنَ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَأَى قَوْمًا عِنْدَ الْقَبْرِ فَنَهَاهُمْ وَقَالَ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَتَّخِذُوا قَبْرِي عِيدًا وَلَا تَتَّخِذُوا بُيُوتَكُمْ قُبُورًا وَصَلُّوا عَلَيَّ حَيْثُمَا كُنْتُمْ فَإِنَّ صَلَاتَكُمْ تَبْلُغُنِي ۔

حضرت حسن نے ایک قوم کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قبر کے پاس دیکھا تو انہیں منع فرمایا اور کہا کہ، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے میری قبر کو عید نہ بناؤ اپنے گھروں کو قبور نہ بناؤ مجھ پر درود بھیجو جہاں بھی ہو تمہارا درود مجھے پہنچتا ہے۔

اسماعیل القاضی نے طویل قصہ کے ساتھ ذکر کی ہے۔ ابن ابی عاصم اور الطبرانی نے بغیر قصہ کے روایت کی ہے یعنی۔

یہ بھی مروی ہے کہ ایک شخص قبرانور پر آتا جاتا رہتا تھا تو حضرت حسن نے فرمایا اے شخص تو اور اندلس میں بیٹھا ہوا برابر ہیں یعنی تمام کا درود حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو پہنچایا جاتا ہے صَلَوٰةُ اللهِ عَلَيْهِ دَائِمًا إِلَى يَوْمِ الدِّيْنِ۔

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

أَكْثِرُوا الصَّلٰوةَ عَلَيَّ فَإِنَّ اللّٰهَ وَكَّلَ بِيْ مَلَكًا عِنْدَ قَبْرِيْ فَإِذَا صَلّٰى رَجُلٌ مِنْ أُمَّتِيْ قَالَ لِيْ ذَالِكَ الْمَلَكُ يَا مُحَمَّدُ إِنَّ فُلَانًا ابْنَ فُلَانٍ صَلّٰى عَلَيْكَ السَّاعَةَ۔

مجھ پر کثرت سے درود بھیجو بیشک اللہ تعالیٰ نے مجھ پر ایک فرشتہ کا تعین فرمایا ہے جب میری امت کا کوئی فرد مجھ پر درود پڑھتا ہے تو وہ فرشتہ مجھے کہتا ہے یا محمد فلاں ابن فلاں آپ پر ابھی درود پڑھ رہا ہے۔

یہ دیلمی نے تخریج کی ہے اور اس کی سند میں ضعف ہے۔

حماد الکوفی سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا صَلّٰى عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُرِضَ عَلَيْهِ بِاِسْمِهٖ۔

آدمی جب بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتا ہے، وہ درود آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر اس شخص کے نام کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے۔

اس کو النمیری نے تخریج کیا ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

مَا مِنْ اَحَدٍ يُسَلِّمُ عَلَيَّ إِلَّا رَدَّ اللّٰهُ تَعَالٰى إِلَيَّ رُوْحِيْ حَتّٰى أَرُدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ۔

مجھ پر کوئی سلام بھیجتا ہے تو اللہ تعالیٰ میری روح مجھ پر لوٹاتے ہیں حتیٰ کہ میں اس پر سلام بھیجتا ہوں۔

اس کو احمد، ابوداؤد، الطبرانی اور بیہقی نے اسناد حسن کے ساتھ روایت کیا ہے اور نووی نے "الاذکار" میں اس کو صحیح کہا ہے اس میں نظر ہے، ہمارے شیخ نے فرمایا اس کے راوی ثقہ ہیں۔ میں کہتا ہوں اس میں یزید بن عبداللہ بن قسیط حضرت ابوہریرہ سے روایت کرنے میں منفرد ہیں اور یہ چیز صحت کے جزم سے مانع ہے کیونکہ اس میں کلام کی گئی ہے۔ مالک نے توقف فرمایا ہے...... التقی بن تیمیہ نے بھی یہی مفہوم لکھا ہے کہ ابوداؤد کی روایت میں یزید بن عبداللہ ہے اس نے ابوہریرہ کو نہیں پایا اور وہ ضعیف ہیں اور اس کی ابوہریرہ سے سماع میں نظر ہے اس تمام گفتگو کے باوجود الطبرانی وغیرہ کا طریق ان سے سلامت ہے کہ

لیکن اس میں بھی ایک راوی غیر معروف ہے۔

الموفق بن قدامہ نے یہی حدیث المغنی میں ذکر کی ہے اور انہوں نے سلم علی کے بعد عند قبری کے الفاظ زیادہ کئے ہیں جو طرق حدیث میں نے دیکھے ہیں ان میں یہ نہیں ہیں۔ پھر میں نے السمعونیات میں ضعیف سند کے ساتھ ابو ہریرہ سے مرفوعاً مروی دیکھی ہے۔ کہ

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ عِنْدَ قَبْرِيْ وُكِّلَ بِهَا مَلَكٌ يُبَلِّغُنِيْ وَكُفِيَ اَمْرَ دُنْيَاهُ وَآخِرَتِهِ وَكُنْتُ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شَهِيْدًا اَوْ شَفِيْعًا۔

جو میری قبر کے پاس مجھ پر درود پڑھتا ہے وہ درود ایک فرشتہ کے سپرد کیا جاتا ہے وہ مجھے پہنچاتا ہے اور اس کی دنیا و آخرت کے معاملات کیلئے کافی ہوتا ہے میں قیامت کے روز اس کا گواہ یا فرمایا اس کا شفیع ہوں گا۔

ہم نے اس کو ان الفاظ میں روایت کیا ہے۔

مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُسَلِّمُ عَلَيَّ فِيْ شَرْقٍ وَلَا غَرْبٍ اِلَّا اَنَا وَمَلَائِكَةُ رَبِّيْ نَرُدُّ عَلَيْهِ السَّلَامَ فَقَالَ لَهُ قَائِلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَمَا بَالُ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ قَالَ وَمَا يُقَالُ لِكَرِيْمٍ فِيْ جِيْرَانِهِ وَجِيْرَتِهِ اِنَّهُ مِمَّا اُمِرَ بِهِ مِنْ حِفْظِ الْجِوَارِ وَحِفْظِ الْجِيْرَانِ۔

کوئی مسلمان شرق و غرب میں مجھ پر سلام نہیں بھیجتا مگر میں اور میرے رب کے فرشتے اس پر سلام لوٹاتے ہیں پوچھا گیا یا رسول اللہ! اہل مدینہ کا کیا حال ہے فرمایا ایک کریم شخص کے متعلق اپنے پڑوسیوں اور اپنی قوم کے ساتھ حسن سلوک کرنے کا کیا گمان کیا جاتا ہے یہ تو ایسی چیز ہے جس کا حکم اسے دیا گیا ہے (یعنی پڑوس کی حفاظت اور پڑوسیوں کی دیکھ بھال کا تو اسے حکم دیا گیا ہے)

ابو نعیم نے حلیہ میں الطبرانی سے روایت کی ہے اور فرمایا یہ غریب ہے اسی طرح الضیاء المقدسی نے کہا ہے میں کہتا ہوں اس کی سند میں عبید اللہ بن محمد العمری ہیں جنہیں ذہبی نے متہم بالوضع کہا ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

إِنَّ أَقْرَبَكُمْ مِنِّي يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي كُلِّ مَوْطِنٍ أَكْثَرُكُمْ عَلَيَّ صَلَاةً فِي الدُّنْيَا مَنْ صَلَّى عَلَيَّ فِي يَوْمِ الْجُمُعَةِ وَلَيْلَةِ الْجُمُعَةِ قَضَى اللّٰهُ لَهُ مِائَةَ حَاجَةٍ سَبْعِينَ مِنْ حَوَائِجِ الْآخِرَةِ وَثَلَاثِينَ مِنْ حَوَائِجِ الدُّنْيَا ثُمَّ يُوَكِّلُ اللّٰهُ بِذٰلِكَ مَلَكًا يُدْخِلُهُ فِي قَبْرِي كَمَا تُدْخَلُ عَلَيْكُمُ الْهَدَايَا يُخْبِرُنِي مَنْ صَلَّى عَلَيَّ بِاسْمِهِ وَنَسَبِهِ إِلَى عَشِيْرَتِهِ فَأُثْبِتُهُ عِنْدِي فِي صَحِيفَةٍ بَيْضَاءَ

قیامت کے روز ہر جگہ تم میں سے میرے زیادہ قریب وہ ہو گا جو دنیا میں مجھ پر تم سے زیادہ درود بھیجتا ہے جو مجھ پر جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات درود بھیجتا ہے اللہ سو حاجات پوری فرماتا ہے، ستر حاجات آخرت کی اور تیس دنیا کی اللہ تعالیٰ نے ایک فرشتہ کو متعین فرمایا ہے جو اس کے درود کو میری قبر میں لے آئے گا جیسے تم پر ہدایا پیش کئے جاتے ہیں جو مجھ پر درود پڑھتا ہے، وہ فرشتہ مجھے اس کا نام ونسب، قبیلہ سب کی خبر دیتا ہے پھر میں اپنے پاس اسے ایک روشن صحیفہ میں ثبت کر لوں گا۔

یہ حدیث بیہقی نے "حیاۃ الانبیاء فی قبورہم" میں ضعیف سند کے ساتھ روایت کی ہے، اس طرح ابن بشکوال، ابو الیمن بن عساکر نے روایت کی ہے التیمی کے ہاں ترغیب میں اور دیلمی نے "مسند الفردوس" میں اور ابو عمرو بن مندہ نے "الاول من فوائدہ" میں مندرجہ ذیل الفاظ سے ذکر کی ہے۔

مَنْ صَلَّى عَلَيَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَلَيْلَةَ الْجُمُعَةِ مِائَةً مِنَ الصَّلٰوةِ قَضَى اللّٰهُ لَهُ مِائَةَ حَاجَةٍ سَبْعِينَ مِنْ حَوَائِجِ الْآخِرَةِ وَثَلَاثِينَ مِنْ حَوَائِجِ الدُّنْيَا وَكَّلَ اللّٰهُ بِذٰلِكَ مَلَكًا يُدْخِلُهُ عَلَى قَبْرِي كَمَا

جو جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات میں مجھ پر سو مرتبہ درود بھیجے گا اللہ اس کی سو حاجات پوری فرمائے گا ستر آخرت کی اور تیس دنیا کی پھر اللہ ایک فرشتہ کو متعین فرمائے گا جو اسے میری قبر میں داخل کرے گا جیسے تم پر ہدایا داخل کئے جاتے ہیں بیشک میری موت کے

تُدْخَلُ عَلَيْكُمُ الْهَدَايَا إِنَّ عِلْمِيْ
بَعْدَ مَوْتِيْ كَعِلْمِيْ فِي الْحَيَاةِ۔

بعد میرا علم میری زندگی کے علم کی
طرح ہے۔

اس حدیث کا بعض حصہ جابر کی حدیث سے دوسرے باب میں گذر چکا ہے۔
ابن عدی نے اور التیمی نے ترغیب میں اس کا مفہوم اختصار کے ساتھ ہے اس کے الفاظ یہ
ہیں۔

أَكْثِرُوا الصَّلٰوةَ عَلَيَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ
فَإِنَّ صَلَاتَكُمْ تُعْرَضُ عَلَيَّ۔

جمعہ کے روز مجھ پر کثرت سے درود بھیجو بیشک
تمہارے درود مجھ پر پیش کئے جاتے ہیں۔

التیمی کے الفاظ میں فقط ہے الطبرانی نے ایک سند کے ساتھ روایت کی ہے جس میں ابو ظلال
ہیں اس کی توثیق کی گئی ہے وہ متابعات میں مضر نہیں۔

أَكْثِرُوا الصَّلٰوةَ عَلَيَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ
فَإِنَّ صَلَاتَكُمْ تُعْرَضُ عَلَيَّ يَوْمَ
الْجُمُعَةِ فَإِنَّهُ أَتَانِيْ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ
السَّلَامُ آنِفًا عَنْ رَبِّيْ عَزَّ وَجَلَّ
فَقَالَ مَا عَلَى الْأَرْضِ مُسْلِمٌ
يُصَلِّيْ عَلَيْكَ مَرَّةً وَاحِدَةً إِلَّا
صَلَّيْتُ عَلَيْهِ أَنَا وَمَلَائِكَتِيْ عَشْرًا

مجھ پر جمعہ کے روز کثرت سے درود پڑھو
کیونکہ جمعہ کے روز مجھ پر تمہارے درود پیش
کئے جاتے ہیں جبریل ابھی ابھی میرے پاس
اللہ عزوجل کا یہ پیغام لائے ہیں کہ سطح ارض
پر جو مسلمان ایک مرتبہ آپ پر درود بھیجتا
ہے میں اور میرے فرشتے دس مرتبہ اس پر
درود بھیجتے ہیں۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا۔

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ بَلَغَتْنِيْ صَلَاتُهُ
وَصَلَّيْتُ عَلَيْهِ وَكُتِبَ لَهُ سِوٰى
ذٰلِكَ عَشْرُ حَسَنَاتٍ۔

جو مجھ پر درود پڑھتا ہے اس کا درود مجھے پہنچتا
ہے اور اس پر میں درود بھیجتا ہوں اور اس
کے علاوہ اس کے لئے دس نیکیاں لکھی
جاتی ہیں۔

الطبرانی نے "الاوسط" میں روایت کی ہے اس کے راوی ثقہ ہیں مگر ایک ان میں غیر معروف

ہے حضرت انس سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لُقِّنَ السَّمْعُ ثَلَاثَةٌ فَالْجَنَّةُ تَسْمَعُ وَالنَّارُ تَسْمَعُ وَمَلَكٌ عِنْدَ رَأْسِيْ يَسْمَعُ فَإِذَا قَالَ عَبْدٌ مِنْ أُمَّتِيْ كَائِنًا مَنْ كَانَ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ الْجَنَّةَ قَالَتِ الْجَنَّةُ اَللّٰهُمَّ أَسْكِنْهُ إِيَّايَ وَإِذَا قَالَ عَبْدٌ مِنْ أُمَّتِيْ كَائِنًا مَنْ كَانَ اَللّٰهُمَّ أَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ قَالَتِ النَّارُ اَللّٰهُمَّ أَجِرْهُ مِنِّيْ وَإِذَا سَلَّمَ عَلَيَّ رَجُلٌ مِنْ أُمَّتِيْ قَالَ الْمَلَكُ الَّذِيْ عِنْدَ رَأْسِيْ يَا مُحَمَّدُ هٰذَا فُلَانٌ يُسَلِّمُ عَلَيْكَ فَرُدَّ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَمَنْ صَلَّى عَلَيَّ صَلَاةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَمَلَائِكَتُهُ عَشْرًا وَمَنْ صَلَّى عَلَيَّ عَشْرًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَمَلَائِكَتُهُ مِائَةً وَمَنْ صَلَّى عَلَيَّ مِائَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَمَلَائِكَتُهُ أَلْفَ صَلَاةٍ وَلَمْ يَمَسَّ جَسَدَهُ النَّارُ۔

تین چیزوں کو (تمام مخلوق کے برابر) قوت سامعہ دی گئی ہے، جنت سنتی ہے آگ سنتی ہے اور فرشتہ جو میرے سر کے قریب رہتا ہے تمام آوازوں کو سنتا ہے جب میرا کوئی امتی کہتا ہے اے اللہ! میں تجھ سے جنت کا سوال کرتا ہوں تو جنت کہتی ہے اے اللہ! اس کو میرے اندر رہائش عطا فرما اور جب کوئی امتی کہتا ہے اے اللہ! مجھے دوزخ سے پناہ دے تو دوزخ کہتی ہے اے اللہ! مجھ سے اس کو پناہ دے۔ جب میرا کوئی امتی مجھ پر سلام بھیجتا ہے تو میرے سر کے پاس رہنے والا فرشتہ کہتا ہے۔ یا محمد! (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ فلاں ہے حضور کی خدمت میں سلام پیش کرتا ہے پس اسے جواب مرحمت فرمایا جاتا ہے اور جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے دس مرتبہ اس پر درود بھیجیں گے اور جو دس مرتبہ مجھ پر درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے سو مرتبہ اس پر درود بھیجیں گے جو مجھ پر سو مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے ہزار مرتبہ اس پر درود بھیجیں گے اور آگ اس کے جسم کو نہ چھوئے گی۔

اس حدیث کو ابن بشکوال نے صحیح سند کے ساتھ تخریج کیا ہے۔

حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مِنْ اَفْضَلِ اَيَّامِكُمْ يَوْمُ الْجُمُعَةِ فِيْهِ خُلِقَ آدَمُ وَفِيْهِ قُبِضَ وَفِيْهِ النَّفْخَةُ وَفِيْهِ الصَّعْقَةُ فَاَكْثِرُوْا عَلَيَّ مِنَ الصَّلٰوةِ فِيْهِ فَاِنَّ صَلَاتَكُمْ مَعْرُوْضَةٌ عَلَيَّ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَيْفَ تُعْرَضُ صَلَاتُنَا عَلَيْكَ وَقَدْ اَرِمْتَ يَعْنِيْ بَلِيْتَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ حَرَّمَ عَلَى الْاَرْضِ اَنْ تَاْكُلَ اَجْسَادَ الْاَنْبِيَاءِ۔

تمہارے دنوں میں سب سے افضل جمعہ کا دن ہے اسی دن آدم علیہ السلام پیدا ہوئے اسی دن وفات پائی اسی دن صور پھونکا جائے گا اسی دن سخت آواز ظاہر ہوگی مجھ پر کثرت سے درود پڑھا کرو، کیونکہ تمہارا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے صحابہ نے عرض کیا یارسول اللہ وصال کے بعد حضور پر کیسے پیش کیا جائے گا جبکہ آپ خاک میں مل چکے ہوں گے، حضور نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے زمین پر حرام کر دیا ہے کہ وہ انبیاء کے جسموں کو کھائے۔

اس حدیث کو احمد نے اپنی مسند میں، ابن ابی عاصم نے "الصلوۃ" میں، البیہقی نے حیاۃ الانبیاء اور شعب الایمان وغیرہما تصانیف میں، ابو داؤد، نسائی، ابن ماجہ نے اپنی اپنی سنن میں، الطبرانی نے معجم میں، ابن حبان، ابن خزیمہ اور الحاکم نے اپنی اپنی صحاح میں روایت کیا ہے۔ حاکم نے فرمایا یہ بخاری کی شرط پر صحیح ہے مگر بخاری و مسلم نے تخریج نہیں کی اس طرح النووی نے "الاذکار" میں اس کی تصحیح کی ہے عبدالغنی نے فرمایا یہ حسن صحیح ہے، منذری نے فرمایا یہ حسن ہے ابن دحیہ نے کہا کہ یہ صحیح محفوظ ہے کیونکہ عادل سے عادل نے نقل کی ہے اس کے متعلق اس کی کلام میں طوالت اور وحشت ہے میں کہتا ہوں کہ اس حدیث کی علت خفی ہے وہ یہ کہ اس کے راوی حسین الجعفی نے اپنے شیخ عبدالرحمٰن بن برید کے دادا کے نام میں غلطی کی ہے جہاں اس نے جابر کہا ہے جبکہ وہ تمیم ہے جیسا کو ابو حاتم وغیرہ نے اس پر جزم کیا ہے، ابن تمیم منکر الحدیث ہے، اسی وجہ سے ابو حاتم نے کہا ہے کہ یہ حدیث منکر ہے ابن عربی نے لکھا ہے کہ یہ ثابت نہیں ہے لیکن دار قطنی نے اس علت کو دور کیا ہے وہ

فرماتے ہیں حسین کا ابن جابر سے سماع ثابت ہے اور خطیب کا جھکاؤ بھی اسی طرف ہے والعلم عنداللہ! یہ حدیث ابن ماجہ کی سنن میں باب الصلوٰۃ میں ہے اور صحابی کا نام شداد بن اوس ذکر کیا ہے یہ وہم ہے المزی وغیرہ نے اس پر تنبیہ کی ہے اور باب الجنائز میں درست ذکر ہے جیسے ہم نے تخریج کیا ہے میں نے اس پر تنبیہ کی ہے تاکہ متبدی یہ خیال نہ کرے کہ میں نے اس کو حذف کر دیا ہے۔ واللہ المستعان۔

حضرت ابی امامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

أَكْثِرُوا مِنَ الصَّلَاةِ عَلَيَّ فِي كُلِّ يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَإِنَّ صَلَاةَ أُمَّتِي تُعْرَضُ عَلَيَّ فِي كُلِّ يَوْمِ جُمُعَةٍ فَمَنْ كَانَ أَكْثَرَهُمْ عَلَيَّ صَلَاةً كَانَ أَقْرَبَهُمْ مِنِّي مَنْزِلَةً

مجھ پر ہر جمعہ کو کثرت سے درود بھیجا کرو بیشک میری امت کا درود ہر جمعہ کو مجھ پر پیش کیا جاتا ہے جو مجھ پر صلاۃ زیادہ پڑھے گا وہ بلحاظ منزل وہ میرا زیادہ قریبی ہو گا۔

بیہقی نے حسن سند کے ساتھ روایت کی ہے اس میں کوئی حرج نہیں مگر کہا گیا ہے کہ مکحول نے ابی امامہ سے جمہور کے قول مطابق سماعت نہیں کی، ہاں طبرانی کی مسند الشامیین میں مکحول کی ابوامامہ سے سماعت کی تصریح ہے۔ ابو منصور الدیلمی نے مسند الفردوس میں روایت کی ہے اس میں مکحول کا ذکر نہیں ہے اس کی سند بھی ضعیف ہے۔ الطبرانی کے الفاظ یہ ہیں۔

مَن صلى عَلَيَّ صَلَّى عَليه مَلَكٌ يُبَلِّغُنِيها۔

جس نے مجھ پر درود بھیجا اس پر وہ فرشتہ درود بھیجتا ہے جو مجھے اس کا درود پہنچاتا ہے۔

یہ دوسرے باب میں پہلے گذر چکی ہے۔

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

أَكْثِرُوا مِنَ الصَّلَاةِ عَلَيَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَإِنَّهُ يَوْمٌ مَشْهُودٌ تَشْهَدُهُ الْمَلَائِكَةُ وَإِنَّ أَحَدًا كَانَ يُصَلِّيَ عَلَيَّ إِلَّا عُرِضَتْ عَلَيَّ صَلَاتُهُ حِينَ يَفْرُغُ مِنْهَا قَالَ قُلْتُ وَبَعْدَ الْمَوْتِ قَالَ

جمعہ کے دن کثرت سے مجھ پر درود پڑھا کرو کیونکہ اس دن کثرت سے ملائکہ حاضر ہوتے ہیں اور جب بھی کوئی شخص مجھ پر درود پڑھتا ہے تو اس کے فارغ ہوتے ہی وہ درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے میں نے عرض کی کیا وفات کے

وَبَعْدَ الْمَوْتِ اِنَّ اللّٰہَ حَرَّمَ عَلَی الْاَرْضِ اَنْ تَاْکُلَ اَجْسَادَ الْاَنْبِیَاءِ فَنَبِیُّ اللّٰہِ حَیٌّ یُرْزَقُ

بعد بھی؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وفات کے بعد بھی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے زمین پر انبیاء کے جسموں کا کھانا حرام کر دیا ہے۔ اللہ کا نبی زندہ ہوتا ہے اسے رزق دیا جاتا ہے۔

ابن ماجہ نے یہ تخریج کی ہے اور اس کے رجال ثقہ ہیں لیکن منقطع ہے الطبرانی نے الکبیر میں مندرجہ ذیل الفاظ کے ساتھ تخریج کی ہے۔

اَکْثِرُوا الصَّلَاۃَ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ فَاِنَّہٗ یَوْمٌ مَّشْھُوْدٌ تَشْھَدُہُ الْمَلَائِکَۃُ لَیْسَ مِنْ عَبْدٍ یُصَلِّیْ عَلَیَّ اِلَّا بَلَغَتْنِیْ صَلَاتُہٗ حَیْثُ کَانَ وَبَعْدَ وَفَاتِکَ قَالَ وَبَعْدَ وَفَاتِیْ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی حَرَّمَ عَلَی الْاَرْضِ اَنْ تَاْکُلَ اَجْسَادَ الْاَنْبِیَاءِ۔

ترجمہ گذر چکا ہے۔

اس طرح نمیری نے اس کے یہ الفاظ روایت کئے ہیں۔

قُلْنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ کَیْفَ تَبْلُغُکَ صَلَاتُنَا اِذَا تَضَمَّنَتْکَ الْاَرْضُ قَالَ اِنَّ اللّٰہَ حَرَّمَ عَلَی الْاَرْضِ اَنْ تَاْکُلَ اَجْسَادَ الْاَنْبِیَاءِ۔

ترجمہ گذر چکا ہے۔

العراقی نے کہا ہے کہ اس کی سند صحیح نہیں ہے

حضرت ابن مسعود الانصاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اَکْثِرُوْا عَلَیَّ مِنَ الصَّلٰوۃِ فِیْ یَوْمِ الْجُمُعَۃِ فَاِنَّہٗ لَیْسَ اَحَدٌ یُصَلِّیْ عَلَیَّ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ اِلَّا عُرِضَتْ عَلَیَّ صَلَاتُہٗ۔

جمعہ کے روز مجھ پر کثرت سے درود بھیجو کیونکہ جمعہ کے روز جو بھی مجھ پر درود بھیجتا ہے اس کا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔

اس حدیث کو حاکم نے روایت کیا ہے اور فرمایا ہے کہ یہ صحیح الاسناد ہے۔ بیہقی نے شعب الایمان، حیاۃ الانبیاء فی قبورہم میں ابن ابی عاصم نے فضل الصلوۃ میں روایت کی ہے اس

کی سند میں ابو رافع یعنی اسماعیل بن رافع ہے، بخاری نے اس کی توثیق کی ہے، یعقوب بن سفیان فرماتے ہیں اس کی حدیث شواہد و متابعات کی صلاحیت رکھتی ہے لیکن نسائی اور یحیٰ بن معین نے اس کو ضعیف کہا ہے، بعض نے کہا ہے وہ منکر الحدیث ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

| | |
|---|---|
| اَكْثِرُوْا الصَّلَاةَ عَلَيَّ فِي اللَّيْلَةِ الزَّهْرَاءِ وَالْيَوْمِ الْاَغَرِّ فَاِنَّ صَلَاتَكُمْ تُعْرَضُ عَلَيَّ فَاَدْعُوْ لَكُمْ وَاَسْتَغْفِرُ۔ | جمعہ کی رات اور جمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود بھیجو بیشک تمہاری صلاۃ مجھ پر پیش کی جاتی ہے پھر میں تمہارے لئے دعا کرتا ہوں اور تمہاری مغفرت طلب کرتا ہوں۔ |

ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| اَكْثِرُوْا مِنَ السَّلَامِ عَلٰى نَبِيِّكُمْ كُلَّ جُمُعَةٍ فَاِنَّهٗ يُؤْتٰى بِهٖ مِنْكُمْ فِيْ كُلِّ جُمُعَةٍ، وَفِيْ رِوَايَةٍ فَاِنَّ اَحَدًا لَا يُصَلِّيْ عَلَيَّ اِلَّا عُرِضَتْ صَلَاتُهٗ عَلَيَّ حِيْنَ يَفْرُغُ مِنْهَا۔ | اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ہر جمعہ کو کثرت سے سلام بھیجا کرو بیشک ہر جمعہ کو تمہاری طرف سے سلام پیش کیا جاتا ہے ایک اور روایت میں ہے کوئی مجھ پر درود نہیں پڑھتا مگر اس کا درود مجھ پر اس کے فارغ ہوتے ہی پیش کیا جاتا ہے۔ |

یہ قاضی عیاض نے ذکر کی ہے مگر مجھے اس کی سند پر آگاہی نہیں ہوئی۔

حضرت حسن بصری سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

| | |
|---|---|
| اَكْثِرُوْا الصَّلَاةَ عَلَيَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَاِنَّهَا تُعْرَضُ عَلَيَّ۔ | جمعہ کو کثرت سے مجھ پر درود پڑھو مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔ |

مسعود نے اپنی مسند میں اور سعید بن منصور نے اپنی سنن میں مرسلا تخریج کی ہے۔

حضرت خالد بن معدان رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| قَالَ اَكْثِرُوْا الصَّلٰوةَ عَلَيَّ فِيْ كُلِّ يَوْمِ جُمُعَةٍ فَاِنَّ صَلَاةَ اُمَّتِيْ تُعْرَضُ عَلَيَّ فِيْ كُلِّ يَوْمِ جُمُعَةٍ۔ | آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا مجھ پر ہر جمعہ کے دن کثرت سے درود بھیجا کرو میری امت کا درود ہر جمعہ مجھ پر پیش کیا |

جاتا ہے۔

اس حدیث کو سعید بن منصور نے اپنی سنن میں اسی طرح روایت کیا ہے، اکثروا، کا ہمزہ قطعی ہے ماضی رباعی کا امر ہے۔

یزید الرقاشی سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

اِنَّ مَلَكًا مُوَكَّلٌ يَوْمَ الْجُمُعَةِ بِمَنْ صَلّٰى عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبَلِّغُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ فُلَانًا مِنْ اُمَّتِكَ يُصَلِّيْ عَلَيْكَ ۔

ہر جمعہ کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے والے کے ساتھ ایک ایسا فرشتہ مقرر کیا جاتا ہے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو درود پہنچاتا ہے اور کہتا ہے، آپ کا فلاں امتی آپ پر درود بھیج رہا ہے۔

یہ حدیث بقی بن مخلد نے روایت کی ہے ان کے طریق سے ابن بشکوال نے بھی روایت کی ہے، سعید ابن منصور نے اپنی سنن میں اسماعیل القاضی نے فضل الصلوٰۃ میں یوم الجمعہ کے الفاظ کے بغیر تخریج کی ہے۔

ابن شہاب الزہری سے مرسلاً مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَكْثِرُوْا عَلَيَّ مِنَ الصَّلٰوةِ فِي اللَّيْلَةِ الْغَرَّاءِ وَالْيَوْمِ الْاَزْهَرِ فَاِنَّهُمَا يُؤَدِّيَانِ عَنْكُمْ وَاَنَّ الْاَرْضَ لَا تَاْكُلُ اَجْسَادَ الْاَنْبِيَاءِ وَكُلُّ ابْنِ آدَمَ يَاْكُلُهُ التُّرَابُ اِلَّا عَجْبَ الذَّنَبِ ۔

مجھ پر جمعہ کی رات اور جمعہ کے دن کثرت سے درود بھیجا کرو یہ دونوں تمہاری طرف سے پہنچائے جاتے ہیں اور زمین انبیاء کے جسموں کو نہیں کھاتی ہر ابن آدم کو مٹی کھا جاتی ہے سوائے ریڑھ کی ہڈی کے۔

نمیری نے اس کو تخریج کیا ہے اور ایک روایت میں یہ الفاظ زائد ہیں۔

مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُصَلِّيْ عَلَيَّ اِلَّا حَمَلَهَا مَلَكٌ حَتّٰى يُؤَدِّيَهَا اِلَيَّ وَيُسَمِّيَهُ حَتّٰى اِنَّهُ لَيَقُوْلُ اِنَّ فُلَانًا يَقُوْلُ كَذَا وَكَذَا۔

مسلمان مجھ پر درود پڑھتا ہے تو فرشتہ اسے اٹھاتا ہے حتیٰ کہ وہ اسے مجھ تک پہنچاتا ہے اور پڑھنے والے کا نام بتاتا ہے حتیٰ کہ وہ یہ بھی کہتا ہے حضور! فلاں ایسے ایسے (صیغوں) سے درود پڑھ رہا ہے۔

یہ الفاظ قاضی عیاض کی شفا میں ہیں مگر کسی کی طرف نسبت نہیں کی گئی۔

ایوب السختیانی سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

بَلَغَنِیْ اَنَّ مَلَکًا مُوَکَّلٌ بِکُلِّ مَنْ صَلّٰی عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَتّٰی یُبَلِّغَہُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

مجھے یہ خبر پہنچی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر ہر درود پڑھنے والے کے ساتھ ایک فرشتہ متعین کیا جاتا ہے جو اس شخص کا درود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچاتا ہے۔

اس حدیث کو القاضی اسماعیل نے صحیح سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔

حضرت سلیمان ابن سحیم فرماتے ہیں میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور عرض کی، یارسول اللہ! یہ لوگ آپ کے پاس آتے ہیں اور آپ پر سلام پیش کرتے ہیں کیا آپ ان کے سلام کو سمجھتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا نعم وارد علیہم ہاں سمجھتا بھی ہوں اور ان پر سلام لوٹاتا بھی ہوں۔

اس روایت کو ابن ابی الدنیا نے اور بیہقی نے "حیاۃ الانبیاء" اور "الشعب" میں اور ان کے طریق سے ابن بشکوال نے ذکر کیا ہے۔

ابراہیم بن شیبان فرماتے ہیں میں نے حج کیا پھر مدینہ شریف آیا قبر شریف کے پاس آیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام عرض کیا تو میں نے حجرہ شریف کے اندر سے وعلیک السلام کی آواز سنی۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

حَیَاتِیْ خَیْرٌ لَّکُمْ تُحَدِّثُوْنَ وَیُحَدَّثُ لَکُمْ فَاِذَا اَنَا مُتُّ کَانَتْ وَفَاتِیْ خَیْرًا لَّکُمْ تُعْرَضُ عَلَیَّ اَعْمَالُکُمْ فَاِنْ رَاَیْتُ خَیْرًا حَمِدْتُ اللّٰہَ وَاِنْ رَاَیْتُ غَیْرَ ذٰلِکَ اِسْتَغْفَرْتُ لَکُمْ۔

میری زندگی تمہارے لئے بہتر ہے تم مجھ سے باتیں کرتے ہو ہم تم سے کرتے ہیں جب میں وفات پا جاؤں گا تو میری وفات بھی تمہارے لئے بہتر ہوگی تمہارے اعمال مجھ پر پیش کئے جائیں گے اگر میں بہتر اعمال دیکھوں گا تو اللہ

تعالیٰ کی حمد کروں گا اگر اس کے علاوہ
دیکھوں گا تو تمہارے لئے استغفار کروں گا۔

اس حدیث کو الحارث نے اپنی مسند میں تخریج کیا ہے۔

الدارمی کی مسند میں ہے ایام حرۃ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد میں تین دن اذان واقامت نہ ہوئی۔ حضرت سعید بن مُسَیَّب مسجد کے اندر ٹھہرے ہوئے تھے انہیں نماز کا وقت معلوم نہ ہوتا تھا مگر اس آواز کے ساتھ جو وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور سے سنتے تھے۔

ابو الخیر الاقطع سے مروی ہے فرماتے ہیں میں مدینہ طیبہ میں داخل ہوا میں بھوکا تھا۔ پانچ دن سے میں نے کوئی چیز نہ کھائی تھی میں حضور صلی اللہ علیہ وسم کی قبر شریف کے پاس آیا اور میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابو بکر اور حضرت عمر پر سلام عرض کیا اور میں نے عرض کی یارسول اللہ! میں یہ رات آپ کا مہمان ہوں، یہ عرض کرنے کے بعد میں وہاں سے ہٹ کر منبر کے پیچھے سو گیا میں نے خواب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی ابو بکر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دائیں جانب حضرت عمر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بائیں جانب اور حضرت علی آگے ہیں حضرت علی نے مجھے حرکت دی اور فرمایا اٹھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے ہیں میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بڑھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دونوں آنکھوں کے درمیان میں نے بوسہ دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے روٹی عطا فرمائی نصف میں نے کھالی تو میں بیدار ہو گیا۔ میں نے کیا دیکھا کہ نصف میرے ہاتھ میں ہے۔

شیرویہ کہتے ہیں میں نے عبداللہ بن المکی کو یہ فرماتے سنا کہ میں نے ابو الفضل القومانی کو یہ فرماتے سنا کہ ایک شخص خراسان سے آیا اور اس نے بتایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے خواب میں تشریف لائے در آں حالیکہ میں مدینہ طیبہ کی مسجد میں تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب تو ہمدان جائے تو ابو الفضل کو میری طرف سے سلام پہنچانا میں نے عرض کی یارسول اللہ! اتنی بندہ نوازی کیوں؟ ارشاد فرمایا وہ مجھ پر ہر روز سو مرتبہ یا اس سے زیادہ مرتبہ درود پڑھتا ہے۔ ابو الفضل فرماتے ہیں اس نے مجھ سے وہ درود پوچھا تو میں نے کہا میں ہر روز سو مرتبہ یہ درود پڑھتا ہوں۔

| | |
|---|---|
| اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ جَزَى اللّٰهُ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ۔ | اے اللہ درود بھیج محمد نبی امی پر اور آپ کی آل پر اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ہماری طرف سے ایسی جزا دے جس کے وہ اہل ہیں۔ |

اس نے وہ درود مجھ سے لے لیا اور قسم اٹھائی کہ وہ مجھے اور میرا نام نہیں جانتا تھا حتیٰ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے میری پہچان کرائی تھی میں نے اس پر کچھ احسان پیش کیا تاکہ مزید مجھے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی باتیں بتائے لیکن اس نے وہ تحفہ قبول نہ کیا اور کہا میں دنیا کے عوض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیغام کو نہیں بیچتا، یہ کہہ کر چلے گئے پھر ابھی تک میں نے انہیں نہیں دیکھا۔

بیان کیا جاتا ہے کہ ایک شخص جسے محمد بن مالک کے نام سے یاد کیا جاتا تھا وہ فرماتے ہیں میں بغداد گیا تاکہ ابو بکر بن مجاہد المقری پر قراۃ کروں ایک دن ہم پڑھ رہے تھے حالانکہ ہم پوری جماعت تھے ایک شخص پرانے عمامے، پرانی قمیص اور پرانی چادر میں ملبوس تشریف لایا الشیخ ابو بکر اس کی تعظیم کیلئے کھڑے ہوئے، اسے اپنی جگہ پر بٹھایا اس سے اپنا اور اس کے بچوں کا حال دریافت کیا۔ اس شخص نے بتایا کہ آج رات اس کے ہاں بچہ پیدا ہوا ہے۔ گھر والوں نے مجھ سے گھی اور شہد مانگا ہے حالانکہ میرے پاس ایک ذرہ بھی نہیں۔ شیخ ابو بکر فرماتے ہیں میں (اس کی یہ بات سن کر) پریشانی کی حالت میں سو گیا۔ میں نے خواب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا غمگین کیوں ہے علی بن عیسیٰ خلیفہ کے وزیر کے پاس جا اس کو سلام دے اور یہ نشانی دے کہ تو ہر جمعہ کی رات مجھ پر ہزار مرتبہ درود پڑھنے کے بعد سوتا ہے، اس جمعہ کی رات تو نے مجھ پر سات سو مرتبہ درود پڑھا خلیفہ کا ایلچی آیا اور تجھے بلا کر لے گیا، پھر واپس آکر تو نے مجھ پر درود پڑھا حتیٰ کہ تو نے ہزار مرتبہ مکمل کر لیا (اس کو کہہ) کہ سو دینار نومولود کے باپ کو عطا کر، تاکہ وہ اپنی ضرورت پوری کرے، ابو بکر بن مجاہد المقری نومولود کے والد کے ساتھ اٹھے وزیر کے دروازہ پر پہنچے، ابو بکر نے وزیر کو کہا اس آدمی کو تیری طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیجا ہے، وزیر خوشی سے اٹھ کھڑا ہوا اسے اپنی جگہ پر بٹھایا اور پورا قصہ دریافت کیا اس کو تمام خواب سنایا وزیر خوش ہوا اور اپنے غلام کو تجوری نکالنے کا حکم

دیا اس نے سو دینار وزن کئے اور نومولود کے باپ کو دے دیئے پھر اس نے سو دینار وزن کئے تاکہ الشیخ ابوبکر کو عطا کرے، مگر انہوں نے لینے سے انکار کر دیا وزیر نے کہا جناب اس بچی خبر کی بشارت دینے پر مجھ سے لے لو یہ میرا اور اللہ تعالیٰ کا ایک راز تھا اور تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرستادہ ہے پھر اس نے سو دینار وزن کئے اور کہا یہ اس خوشی میں لے لو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو میرے ہر جمعہ کی رات کے درود کا علم ہے پھر اس نے سو دینار وزن کئے اور کہا یہ لے لو یہ تمہاری اس تھکاوٹ کیلئے ہیں جو تم نے ہماری طرف آنے پر برداشت کی ہے، وہ یکے بعد دیگرے سو سو دینار وزن کرتا رہا حتیٰ کہ ہزار دینار وزن کئے، مگر اس آدمی نے کہا میں صرف وہ لوں گا جن کا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا ہے۔

ابو عبداللہ بن النعمان نے ذکر کیا ہے کہ انہوں نے عبدالرحیم بن عبدالرحمٰن بن احمد کو یہ فرماتے سنا کہ حمام میں گرنے کی وجہ سے میرے ہاتھ پر موچ آگئی میرا ہاتھ سوج گیا میں نے درد کے ساتھ رات گذاری، خواب میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوا۔ میں نے پکارا، یارسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے بیٹے، تیرے درود بھیجنے نے مجھے بے چین کر دیا۔ میں صبح اٹھا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت سے درد اور سوج وغیرہ ختم ہو چکی تھی۔

العتبی سے حکایت کیا گیا ہے وہ فرماتے ہیں، میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور کے پاس بیٹھا ہوا تھا ایک اعرابی آیا اور عرض کرنے لگا، یارسول اللہ! میں نے اللہ تعالیٰ کا فرمان "وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا (النساء ۶۴)" سنا ہے (جب وہ اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھیں تو تیرے پاس آئیں اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کریں اور رسول (مکرم) بھی ان کے لئے مغفرت طلب کرے، تو وہ اللہ (تعالیٰ) کو بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا، ہمیشہ رحم فرمانے والا پائیں گے) میں آپ کے پاس اپنے گناہوں کی بخشش طلب کرتے ہوئے آیا ہوں۔ اپنے رب کے حضور تجھے سفارشی بنا کر آیا ہوں۔ اور یہ شعر کہے

يَا خَيْرَ مَنْ دُفِنَتْ بِالْقَاعِ اَعْظُمُهُ     فَطَابَ مِنْ طِيْبِهِنَّ الْقَاعُ وَالْاَكَمُ
نَفْسِيْ الْفِدَاءُ لِقَبْرٍ اَنْتَ سَاكِنُهُ     فِيْهِ الْعَفَافُ وَفِيْهِ الْجُوْدُ وَالْكَرَمُ

اے بہتر ان تمام سے جن کے جسم نرم زمین میں دفن ہوئے ان کی خوشبو سے ٹیلے اور میدان معطر ہوگئے۔ میرا نفس قربان ہو جائے اس قبر پر جس میں تو رہائش پذیر ہے، اور جس میں پاکیزگی اور جود و کرم ہے۔

پھر وہ چلا گیا، مجھے نیند آگئی، خواب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عتبی، اعرابی کو جاکر مل اور اسے خوشخبری دے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کی مغفرت فرمادی ہے۔

اسی طرح ابن بشکوال نے محمد بن حرب الباہلی کی حدیث سے نقل کیا ہے فرماتے ہیں میں مدینہ طیبہ میں داخل ہوا قبر انور کے پاس پہنچا۔ ایک اعرابی اپنے اونٹ سے اترا پھر اسے بٹھا کر باندھ دیا پھر قبر شریف کے پاس آیا بڑے خوبصورت انداز میں سلام عرض کیا اور دعا مانگی پھر عرض کرنے لگا یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے تجھے اپنی وحی کے ساتھ خاص فرمایا، تجھ پر کتاب نازل فرمائی، پھر اس میں تیرے لئے اولین و آخرین کے علم کو جمع فرمایا۔ اس نے اپنی کتاب میں فرمایا ہے اور اس کا فرمان حق ہے "وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا" اپنے رب کے حضور تجھے شفیع بنا کر آیا ہوں شفاعت کا اس نے تجھ سے وعدہ فرمایا ہے۔ پھر وہ اعرابی قبر شریف کی طرف متوجہ ہوا اور سابقہ دو اشعار پڑھے اور ان کے درمیان مندرجہ ذیل شعر زیادہ کہا۔

اَنْتَ النَّبِيُّ الَّذِيْ تُرْجٰى شَفَاعَتُهٗ عِنْدَ الصِّرَاطِ اِذَا مَا زَلَّتِ الْقَدَمُ

تو ہی وہ نبی ہے جس کی شفاعت کی امید کی جاتی ہے پل صراط پر گذرنے کے وقت جب قدم ڈگمگائیں گے۔

پھر وہ اپنی سواری پر سوار ہو کر چلا گیا۔ مجھے کوئی شک نہیں ان شاء اللہ وہ مغفرت سے سرفراز کیا گیا ہے۔ اس طرح کا واقعہ بیہقی نے شعب الایمان میں ذکر کیا ہے۔

## چند فوائد پر ہم چوتھے باب کو ختم کرتے ہیں۔

## ۱۔ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صرف قبر شریف پر آکر سلام پیش کرنے والے کا جواب عطا فرماتے ہیں یا ہر امتی کا خواہ کہیں بھی ہو اس کا جواب عطا فرماتے ہیں۔

ابی عبدالرحمن المقری سے مروی ہے کہ صرف زیارت کی حالت میں سلام پیش کرنے والے کے ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا جواب مرحمت فرمانا مختص ہے مصنف فرماتے ہیں میں کہتا ہوں اس قول میں نظر ہے کیونکہ حدیث مذکور عموم پر دلالت کرتی ہے۔ پس تخصیص کا دعویٰ دلیل کا محتاج ہے خصوصاً اسی مفہوم کی شواہد بھی کثرت سے موجود ہیں۔ اس طرح یہ بھی کہا گیا ہے کہ جب قبر انور کی زیارت کیلئے آنے والے کا جواب جائز ہے تو تمام آفاق سے سلام بھیجنے والے کا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا جواب عطا فرمانا بھی جائز ہے ایک شاعر کہتا ہے۔

اِلَا اَیُّهَا الْغَادِیْ اِلٰی یَـثْرِبَ مَهْلًا لِتَحْمِلَ شَوْقًا مَا اُطِیْقُ حَمْلًا

اے وادی یثرب کے مسافر ذرا ٹھہر جا تا کہ تو میرے ان جذبات کو لے جائے جن کو میں اپنے دل میں برداشت کرنے کی طاقت نہیں رکھتا۔

تَحَمَّلْ دَعَاكَ اللّٰهُ مِنِّیْ تَحِیَّةً وَبَلِّغْ سَلَامِیْ رُوْحَ مَنْ طَیِّبَهٗ حَلَا

اللہ تعالیٰ تیری نگہبانی فرمائے میرا سلام لے جا اور طیب طاہر روح کو میرا سلام پہنچا۔

وَقِفْ عِنْدَ ذَاكَ الْقَبْرِ فِی الرَّوْضَةِ الَّتِیْ تَكُوْنُ یَمِیْنًا لِلْمُصَلِّیْ اِذَا صَلّٰی

اور تو اس قبر انور کے پاس ٹھہر جو اس روضہ میں ہے جو نمازی کی دائیں جانب ہوتا ہے جب وہ نماز پڑھتا ہے۔

ثُمَّ خَاضِعًا فِیْ مَهْبَطِ الْوَحْیِ خَاشِعًا وَخَفِّضْ هُنَاكَ الصَّدْرَ وَاسْمَعْ لِمَا یُتْلٰی

انوار وحی کے مہبط میں جھک کر کھڑا ہو اور اپنے سینہ کو پست کر اور کان لگا کر سن جو پڑھا جا رہا ہے۔

وَنَادِ سَلَامَ اللّٰهِ یَا قَبْرَ اَحْمَدَ عَلٰی جَسَدٍ لَمْ یَبْلَ قَبْلُ وَلَا یَبْلٰی

اور عرض کر اے قبر احمد صلی اللہ علیہ وسلم اسلام ہو اس جسم اطہر پر جو نہ پہلے بوسیدہ ہوا اور نہ بعد میں بوسیدہ ہو گا۔

تَرَانِیْ اَرَانِیْ عِنْدَ قَبْرِكَ وَاقِفًا ۔۔۔ يُنَادِيْكَ عَبْدٌ مَالَهٗ غَيْرُكُمْ مَوْلَى

آپ کی قبر انور کے پاس کھڑا ہو کر آپ کو ایسا غلام پکار رہا ہے جس کا تیرے سوا کوئی مددگار نہیں۔ آپ مجھے دیکھ رہے ہیں۔

تَسْمَعُ عَنْ قُرْبٍ صَلَاتِیْ كَمِثْلِ مَا ۔۔۔ تُبَلَّغُ عَنْ بُعْدٍ صَلَاةُ الَّذِیْ صَلّٰى

آپ قریب سے میرے درود کو خود سنتے ہو جیسے دور سے درود بھیجنے والے کا درود تمہیں پہنچایا جاتا ہے۔

أُنَادِيْكَ يَا خَيْرَ الْخَلَائِقِ وَالَّذِیْ ۔۔۔ بِهٖ خُتِمَ النَّبِيِّيْنَ وَالرُّسُلَا

اے ساری مخلوق سے بہتر اے وہ ذات جس کے ساتھ انبیاء و مرسلین کا سلسلہ ختم ہوا، میں آپ سے عرض کر رہا ہوں، آپ کو پکارتا ہوں۔

نَبِیُّ الْهُدٰى لَوْلَاكَ لَمْ يُعْرَفِ الْهُدٰى ۔۔۔ وَلَوْلَاكَ لَمْ نَعْرِفْ حَرَامًا وَلَا حِلَّا

اے ہدایت کے نبی! اگر آپ کی ذات نہ ہوتی تو ہدایت کا کسی کو تعارف ہی نہ ہوتا اور اگر آپ نہ ہوتے تو ہمیں حرام و حلال کا بھی پتہ نہ ہوتا۔

وَلَوْلَاكَ لَا وَاللّٰهِ مَا كَانَ كَائِنٌ ۔۔۔ وَلَمْ يَخْلُقِ الرَّحْمٰنُ جُزْءًا وَكُلًّا

اور اگر آپ نہ ہوتے تو خدا کی قسم! نہ ماضی ہوتا نہ حال و مستقبل، اور رب رحمٰن جزو کل کو پیدا ہی نہ کرتا۔

## دوسرا فائدہ ارمت کی تحقیق میں ہے۔

حدیث شریف ارمت ہمزہ اور راء کے فتحہ، میم کے سکون اور ت کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ بروزن ضربت، الخطابی فرماتے ہیں یہ اصل میں ارممت تھا ای صرت رمیما، پس ایک میم کو حذف کر دیا یہ بعض عربوں کی لغت ہے جیسے کہتے ہیں ظلت افعل اصل میں ظللت تھا اس کی اور بھی بہت سی مثالیں موجود ہیں، دوسرے علماء فرماتے ہیں یہ ہمزہ اور راء کے فتح

میم مشدد اور ت کے سکون کے ساتھ ہے ای ارمت اعظام، بعض نے کہا ہے کہ یہ ہمزہ کے ضمہ، راء کے کسرہ کے ساتھ مروی ہے بعض نے دوسری بھی کئی حرکات لکھی ہیں واللہ اعلم۔

## تیسرا فائدہ درود کی کثرت کی مقدار کی تحقیق میں ہے۔

حدیث پاک میں گذرا ہے اکثروا کثرت سے مجھ پر درود پڑھو، ابو طالب المکی صاحب القوتین فرماتے ہیں کثرت کی کم از کم مقدار تین سو مرتبہ درود پڑھنا ہے مگر میں ابھی تک اس کی سند پر آگاہ نہیں ہوا۔ ہو سکتا ہے انہوں نے کسی نیک آدمی سے سنا ہو یا تجربہ سے یا اس کے علاوہ کسی خاص وجہ سے کہا ہو یہ ہو سکتا ہے کہ ابو طالب کا تعلق ان علماء سے ہو جو کثرت کی کم از کم مقدار تین سو تصور کرتے ہیں جیسا کہ متواتر میں ان کا قول ہے کہ کم از کم مقدار میں جس سے تواتر ثابت ہوتا ہے وہ تین سو ۱۰ اور کچھ اوپر ہے۔ یہاں کسر کو چھوڑ دیا ہو اور تین سو کو باقی رکھا ہو۔

## چوتھا فائدہ یہ ہے کہ انسان کیلئے یہ شرف کافی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس کا نام بھلائی کے ساتھ ذکر کیا جائے۔

اسی مفہوم کو ایک شاعر نے یوں قلمبند کیا ہے

وَمَنْ خَطَرَتْ مِنْهُ بِبَالِكَ خَطْرَةٌ حَقِيقٌ بِأَنْ يَسْمُوَ وَأَنْ يَتَقَدَّمَا

جس کی یاد تیرے دل میں آجائے وہ بلندی و ترقی کے لائق ہے۔

ایک اور شاعر کہتا ہے۔

أَهْلًا بِمَا لَمْ أَكُنْ أَهْلًا لِمَوْقِعِهِ قَوْلُ الْمُبَشِّرِ بَعْدَ الْيَأْسِ بِالْفَرَجِ

لَكَ الْبِشَارَةُ فَاخْلَعْ مَا عَلَيْكَ فَقَدْ ذُكِرْتَ ثَمَّ عَلَى مَا فِيكَ مِنْ عِوَجِ

مایوسی کے بعد خوشخبری دینے والے کا ایسا قول مبارک ہو جس کا میں اہل نہ تھا، تجھے بشارت ہو، اپنی تمام مایوسیاں اتار دے کیونکہ تیری کوتاہیوں کے باوجود تجھے یاد کیا گیا ہے۔

مصنف فرماتے ہیں میں کہتا ہوں، الشیخ احمد بن ارسلان اور ان کے علاوہ معتبر اولیاء کرام میں سے بعض نے مجھے بتایا، اللہ تعالیٰ ہمارا اور اس کا خاتمہ نیکوں پر کرے کہ اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ، یہ کتاب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں اس نے پیش کی، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے سامنے رکھ دی۔ اور پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی تصدیق فرما دی یہ سن کر میری خوشی بڑھ گئی اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی قبولیت کی اور دارین کے مزید ثواب کی مجھے امید لگ گئی۔

اے مخاطب! اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر کیفیت احسان میں ہو کر کثرت سے درود پڑھ اور دل و زبان سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ہمیشہ درود بھیج تیرا درود آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچتا ہے حالانکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر انور میں ہوتے ہیں اور تیرا نام آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی روح پر پیش کیا جاتا ہے۔

## فائدہ نمبر ۵ لا تجعلوا قبری عیداً کے قول کی تحقیق میں ہے

صاحب سلاح المومن فرماتے ہیں "لَا تَجْعَلُوْا قَبْرِیْ عِیْدًا" (یعنی میری قبر کو عید نہ بناؤ) اس بات کا احتمال رکھتا ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام قبر انور کی کثرت سے زیارت کرنے پر ابھار رہے ہیں کہ، تم میری قبر پر عید کی طرح سال میں صرف دو مرتبہ نہ آؤ جیسے وہ دو مرتبہ آتی ہے۔ اس احتمال کی تائید آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان "لَا تَجْعَلُوْا بُیُوْتَکُمْ قُبُوْرًا" یعنی اپنے گھروں میں نماز ترک نہ کرو جیسے قبروں میں نماز نہیں پڑھی جاتی۔ اس قول و احتمال میں نظر ہے۔ ظاہر یہ ہے کہ، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے قبر کو مسجد نہ بنانے کی طرف حدیث کے آخر میں اشارہ فرمایا ہے۔

یا "لَا تَجْعَلُوْا عِیْدًا" سے مراد یہ ہے کہ اجتماع کی حیثیت سے میری قبر کو عید نہ بناؤ جیسے عید پر اجتماع کیا جاتا ہے باب کی احادیث میں اس احتمال کے قریب کا مفہوم گذر چکا ہے بعض شارحین المصباح کا کہنا ہے کہ یہاں کچھ کلام محذوف ہے اصل میں "لَا تَجْعَلُوْا زِیَارَۃَ قَبْرِیْ عِیْدًا" ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ میری قبر کی زیارت عید کے اجتماع کی صورت میں نہ کرو۔

یہود و نصاریٰ، اپنے انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی قبور کی زیارت کیلئے جمع ہوتے اور لہو و لعب میں مشغول ہو جاتے۔ اس لئے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی امت کو ایسی حرکت سے منع فرمایا۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا منع فرمانا امت سے مشقت دور کرنے یا قبر شریف کی تعظیم میں حد سے تجاوز کرنے کیلئے بھی ہو سکتا ہے۔

مصنف فرماتے ہیں میں کہتا ہوں، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بہت سے ایسی احادیث موجود ہیں جو قبر شریف کی زیارت پر برانگیختہ کرتی ہے اور رغبت دلاتی ہیں۔ اگر یہ احادیث نہ بھی ہوتیں تو بھی صادق و مصدوق نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا زائر کیلئے شفاعت کے وجوب اور اس کے علاوہ نوازشات کا وعدہ، قبر شریف کی زیارت پر رغبت دلانے کیلئے کافی ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد اب تک آئمہ کا اتفاق ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کی زیارت کرنا افضل القربات میں سے ہے۔

ابو الحسن السبکیؒ اپنی کتاب شفاء الاستقام میں فرماتے ہیں کہ آئمہ کی ایک جماعت نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ارشاد "مَا مِنْ اَحَدٍ یُسَلِّمُ عَلَیَّ اِلَّا رَدَّ اللّٰہُ عَلَیَّ رُوْحِیْ" (یعنی کوئی مسلم مجھ پر درود نہیں بھیجتا مگر اللہ تعالیٰ مجھ پر میری روح لوٹا دیتے ہیں) پر اعتماد کرتے ہوئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کی زیارت کے مستحب ہونے کا قول کیا ہے، اور یہ اعتماد صحیح ہے کیونکہ زائر جب سلام عرض کرتا ہے تو اسے قریب سے جواب ملتا ہے۔ یہ ایک فضیلت ہے اور مطلوب بھی ہے اللہ تعالیٰ ہمیں یہ فضیلت بار بار اور نئے نئے انداز میں عطا فرمائے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد "لَا تَتَّخِذُوْا بُیُوْتَکُمْ قُبُوْرًا" اس کے مفہوم کو متعین کرنے میں بھی علماء کا اختلاف ہے۔ بخاری نے ایک عنوان "کراھۃ الصلاۃ فی المقابر" باندھا ہے جو اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ ان کے نزدیک اس کا معنی یہ ہے کہ اپنے گھروں کو ان قبور کی طرح نہ بناؤ جن میں نماز مکروہ ہوتی ہے دوسرے

علماء فرماتے ہیں اس کا معنی ہے کہ اپنی نفلی نمازیں اپنے گھروں میں پڑھو اور انہیں قبور نہ بناؤ کیونکہ بندہ جب مر جاتا ہے اور قبر میں چلا جاتا ہے تو نہ نماز پڑھتا ہے اور نہ کوئی اور عمل کرتا ہے۔ یہ معنی و مفہوم ظاہر ہے، ابن اثیر نے فرمایا یہ اوجہ ہے۔ ابن قرقول نے "المطالع" میں اسی مفہوم کو اولیٰ لکھا ہے اور فرماتے ہیں اس کے اولیٰ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ دوسری حدیث میں "اِجْعَلُوْا مِنْ صَلَاتِکُمْ فِیْ بُیُوْتِکُمْ وَلَا تَتَّخِذُوْھَا قُبُوْرًا" کے الفاظ آئے ہیں۔

ابن التین فرماتے ہیں بخاری نے اس کی تاویل "کراہتہ الصلاۃ فی المقابر" سے کی ہے اور دوسرے علماء نے گھروں میں نماز کے مستحب ہونے کے ساتھ تاویل کی ہے کیونکہ مردے نماز نہیں پڑھتے۔ گویا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا مردوں کی طرح نہ ہو جاؤ جو اپنے گھروں یعنی قبور میں نماز نہیں پڑھتے یہ بھی احتمال ہے کہ گھروں میں مردوں کو دفن کرنے سے منع کیا جا رہا ہو ہمارے شیخ نے اسی احتمال کو تقویت دی ہے اور فرماتے ہیں یہی مفہوم، حدیث کے ظاہری الفاظ کا ہے۔ لیکن الخطابی نے فرمایا یہ احتمال کوئی قابل التفات چیز نہیں ہے۔کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی حیات کے بعد اپنے گھر میں مدفون ہوئے۔ کرمانی نے خطابی کی اس توجیہ کا تعاقب کیا ہے اور فرمایا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اپنے حجرہ مقدسہ میں مدفون ہونا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت ہے کیونکہ حدیث میں ہے "مَا قُبِضَ نَبِیٌّ اِلَّا دُفِنَ حَیْثُ یُقْبَضُ، ہر نبی اپنی جگہ پر دفن ہوتا ہے۔

الخطابی فرماتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے فرمان کا یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ اپنے گھروں کو صرف سونے کے مقام نہ بناؤ جن میں نماز نہیں پڑھی جاتی کیونکہ نیند موت جیسی ہوتی ہے اور میت نماز نہیں پڑھتا۔

التوربشتی مذکورہ تینوں احتمالات ذکر کرنے کے بعد لکھتے ہیں ہو سکتا ہے یہ مطلب ہو کہ جو اپنے گھر میں نماز نہیں پڑھتا وہ اپنے آپ کو میت کی طرح بناتا ہے اور اس کا گھر قبر کی مانند ہے حدیث میں جو وارد ہے وہ بھی اس قول کی تائید کرتا ہے۔ مسلم شریف میں ہے کہ وہ گھر جس میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا جاتا ہے اور وہ گھر جس میں اللہ تعالیٰ کا ذکر نہیں کیا جاتا وہ زندہ اور مردہ کی مثل ہیں۔ واللہ اعلم۔

## چھٹا فائدہ یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی دائمی ہے

مذکورہ بالا حدیث سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی دائمی ہے اور یہ عادۃً بھی محال ہے کہ اس ذات کا وجود ہی نہ ہو جس پر صبح و شام سلام پیش کیا جا رہا ہو۔

ہم ایمان رکھتے ہیں اور تصدیق کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر انور میں زندہ ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم اطہر کو نہ زمین نے کھایا اور نہ قیامت تک کھائے گی۔ اس پر علماء کا اجماع ہے بعض علماء نے شہداء اور مؤذنین کی زندگی کا بھی اضافہ فرمایا ہے اور یہ ہے بھی صحیح کہ بہت سے علماء شہداء سے پردہ اٹھایا گیا تو ان کے جسم بلکہ خوشبو بھی متغیر نہ ہوئی تھی اور یہ یقینی بات ہے کہ انبیاء کرام شہداء سے افضل ہیں۔
امام بیہقی نے "حیاۃ الانبیاء فی قبورھم" کے عنوان سے ایک جز لکھا ہے، گذشتہ قول اور حدیث انس الانبیاء احیاء فی قبورھم یصلون یعنی انبیاء زندہ ہیں اپنی قبور میں نمازیں ادا فرماتے ہیں) سے استدلال فرمایا ہے۔ یہ حدیث انہوں نے یحییٰ بن ابی بکیر سے روایت کی ہے، اور یحییٰ بن بکیر صحیح کے رجال جیسے ہیں یحییٰ نے المستلم بن سعید سے روایت کی ہے ان کی احمد نے توثیق کی ہے اور ابن حبان نے بھی ثقہ کہا ہے۔ المستلم نے الحجاج بن الاسود، جو ابن ابی زیاد البصری ہیں، سے روایت کی ہے احمد اور ابن معین نے اس کو ثقہ کہا ہے الحجاج نے الثابت البنانی سے روایت کی ہے اور الثابت نے حضرت انس سے روایت کی ہے ابو یعلی نے بھی روایت کی ہے اسی طرح البزار نے بھی روایت کی ہے لیکن اس کی سند میں عن حجاج الصواف ہے اور یہ وہم ہے درست حجاج بن الاسود ہے جیسا کہ امام بیہقی نے اپنی روایت میں تصریح کی ہے بیہقی نے اس کو صحیح کہا ہے، اسی طرح بیہقی نے حسن بن قتیبہ عن المستلم کے طریق سے بھی روایت کی ہے اس طرح البزار اور ابن عدی نے بھی روایت کی اور حسن ضعیف ہے بیہقی نے محمد بن عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ جو کوفہ کے فقہاء میں سے تھے۔ عن ثابت کی روایت سے بھی دوسرے الفاظ کے ساتھ تخریج کی ہے۔

| | |
|---|---|
| قَالَ اِنَّ الْاَنْبِيَاءَ لَا يُتْرَكُوْنَ فِيْ قُبُوْرِهِمْ بَعْدَ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً وَلٰكِنَّهُمْ يُصَلُّوْنَ بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ حَتّٰى يُنْفَخَ فِي الصُّوْرِ۔ | فرماتے ہیں، انبیاء اپنی قبور میں چالیس راتوں کے بعد نہیں رہتے لیکن اللہ تعالیٰ کے حضور نماز ادا کرتے ہیں حتیٰ کہ صور پھونکا جائے گا۔ |

محمد، سوء الحفظ ہے الغزالی ثم الرافعی، نے ایک مرفوع حدیث نقل کی ہے۔

| | |
|---|---|
| اَنَا اَكْرَمُ عَلٰى رَبِّيْ مِنْ اَنْ يَتْرُكَنِيْ فِيْ قَبْرِيْ بَعْدَ ثَلَاثٍ۔ | میں اپنے رب کے نزدیک اس بات سے مکرم ہوں کہ وہ مجھے قبر میں تین دن چھوڑے رکھے۔ |

اس کی کوئی اصل نہیں ہے، مگر ابی ابن لیلیٰ کی روایت سے شاید اخذ کی ہو۔ مگر یہ اخذ بھی اچھا نہیں ہے جیسا کہ ہمارے شیخ نے فرمایا ہے، کیونکہ ابن ابی لیلیٰ کی روایت تاویل کے قابل ہے امام بیہقی فرماتے ہیں اگر یہ حدیث صحیح بھی ہو تو مراد ہوگی کہ انبیاء کرام نماز پڑھتے ہوئے اپنی قبور میں نہیں چھوڑے جاتے مگر صرف اتنی مقدار پھر وہ اپنے رب کے حضور میں نماز پڑھتے ہیں۔ فرماتے ہیں پہلی حدیث کی شاہد، امام مسلم کی حماد بن سلمہ عن انس کی مرفوع روایت ہے ارشاد فرمایا۔

| | |
|---|---|
| مَرَرْتُ بِمُوْسٰى لَيْلَةَ اُسْرِيَ بِيْ عِنْدَ الْكَثِيْبِ الْاَحْمَرِ هُوَ قَائِمٌ يُصَلِّيْ فِيْ قَبْرِهٖ۔ | جس رات مجھے سیر کرائی گئی سرخ ٹیلے کے پاس، میں موسیٰ علیہ السلام کی قبر سے گذرا تو وہ اپنی قبر میں نماز پڑھ رہے تھے۔ |

ایک اور واسطہ سے بھی حضرت انس سے انہوں نے یہ حدیث روایت کی ہے، اگر یہ کہا جائے کہ یہ موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خصوصیت ہے تو ہم کہیں گے حضرت ابو ہریرہ کی حدیث جیسے امام مسلم نے عبداللہ بن الفضل عن ابی سلمہ عن ابی ہریرہ کے طریق سے مرفوعا روایت کیا ہے وہ اس حدیث کی شاہد ہے۔

| | |
|---|---|
| لَقَدْ رَاَيْتُنِيْ فِي الْحِجْرِ وَقُرَيْشٌ تَسْاَلُنِيْ عَنْ مَعْنَى الْحَدِيْثِ وَفِيْهِ وَقَدْ رَاَيْتُنِيْ فِيْ جَمَاعَةٍ مِنَ | میں حطیم کعبہ میں کھڑا تھا اور قریش مجھ سے واقعہ معراج کے متعلق سوال کر رہے تھے، اسی میں ہے کہ میں نے اپنے آپ کو گروہ |

اَلْاَنْبِيَاءِ فَاِذَا مُوْسٰى قَائِمٌ يُصَلِّيْ فَاِذَا رَجُلٌ ضَرْبٌ جَعْدٌ كَاَنَّهٗ رَجُلٌ مِنْ اَزْدِ شَنُوْءَةَ وَفِيْهِ اِذَا عِيْسٰى بْنُ مَرْيَمَ قَائِمٌ يُصَلِّيْ اَقْرَبُ النَّاسِ بِهٖ شَبَهًا عُرْوَةُ بْنُ مَسْعُوْدٍ وَاِذَا اِبْرَاهِيْمُ قَائِمٌ يُصَلِّيْ اَشْبَهُ النَّاسِ بِهٖ صَاحِبُكُمْ فَحَانَتِ الصَّلٰوةُ فَاَمَمْتُهُمْ۔

انبیاء میں پایا میں نے دیکھا کہ، حضرت موسیٰ علیہ السلام کھڑے ہوئے نماز پڑھ رہے تھے اور عیسیٰ بن مریم قبیلہ شنوءہ کے طرح گٹھے جسم کے تھے، عروہ بن مسعود ان سے بہت مشابہ ہیں وہ نماز پڑھ رہے تھے، میں نے حضرت ابراہیم کو دیکھا کھڑے ہو کر نماز پڑھ رہے تھے۔ وہ تمام لوگوں سے زیادہ تمہارے صاحب یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زیادہ مشابہ ہیں، پھر نماز کا وقت ہو گیا تو میں نے ان کی امامت کرائی۔

امام بیہقی فرماتے ہیں۔ سعید بن المسیب عن ابی ہریرہ کی حدیث میں ہے "اَنَّہٗ لَقِیَہُمْ بَیْتَ الْمُقَدَّسِ" کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ملاقات انبیاء کرام سے بیت المقدس میں ہوئی۔

ابی ذر اور مالک بن صعصعہ کی حدیث میں معراج کا قصہ بیاں ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے آسمانوں میں انبیاء کرام کی جماعت سے ملاقات کی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے گفتگو کی اور انہوں نے آپ سے کلام کی یہ تمام صحیح ہیں۔ بعض، بعض کی مخالفت نہیں کرتیں، موسیٰ علیہ السلام کو کھڑے ہو کر قبر میں نماز پڑھتے دیکھا پھر موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام اور دوسرے انبیاء کو بیت المقدس لے جایا گیا جیسے ہمارے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو لے جایا گیا۔ پھر آپ نے وہاں تمام انبیاء کو دیکھا پھر انہیں آسمانوں کی طرف بلند کیا گیا جیسے ہمارے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو آسمانوں کی طرف بلند کیا گیا۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں انبیاء کرام کو دیکھا جیسا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی ہے ان کا مختلف اوقات میں مختلف جگہوں پر موجود ہونا عقلاً بھی جائز ہے جیسا کہ مخبر صادق نے خبر دی ہے یہ تمام چیزیں حیات الانبیاء پر دلالت کرتی ہیں۔

حیات انبیاء کے دلائل میں سے اللہ تعالیٰ کا ارشاد "وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ قُتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْیَاءٌ عِنْدَ رَبِّہِمْ یُرْزَقُوْنَ" بھی ہے، (یعنی جو اللہ تعالیٰ کے راستہ میں قتل کئے گئے

انہیں مردہ گمان بھی نہ کرو بلکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں رزق دیئے جاتے ہیں) اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو شہادت بدرجہ اتم حاصل ہے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم شہداء کے گواہ ہیں حضرت ابن عباس، ابن مسعود وغیرہما نے تصریح فرمائی ہے کہ، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے شہادت کے ساتھ وصال فرمایا۔

حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے فرماتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

| | |
|---|---|
| لَا تَاكُلُ الْاَرْضُ جَسَدَ مَنْ كَلَّمَ رُوْحَ الْقُدُسِ۔ | اس شخص کے جسم کو زمین نہیں کھاتی جس نے روح القدس سے کلام کی ہو۔ |

یہ حدیث مرسل حسن ہے۔

اگر آپ کہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد "اِلَّا رَدَّ اللّٰهُ عَلَيَّ رُوْحِيْ" زندگی کے دوام سے مناسبت نہیں رکھتا بلکہ اس سے تو ایک لمحہ سے بھی کم وقت میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی متعدد زندگیاں اور متعدد وفاتیں لازم آئیں گی جیسا کہ پیچھے گذرا ہے کہ جس ذات پر صبح شام سلام پڑھا جا رہا ہو اس کا وجود سے خالی ہونا محال ہے بلکہ ایک وقت میں کئی مرتبہ سلام پیش کیا جاتا ہے۔ الفاکہانی فرماتے ہیں اس حدیث پاک میں روح سے مراد نطق یعنی بولنا ہے گویا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ میرا نطق لوٹا دیتے ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زندگی دائمی ہے لیکن زندگی کے لئے نطق لازمی نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ سلام کے وقت نطق لوٹا دیتا ہے علاقہ مجازیہ ہے کہ نطق کے لوازمات میں سے روح کا وجود ہے اور روح کا لازم نطق کا وجود بالفعل یا بالقوۃ ہے گویا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو متلازم چیزوں میں سے ایک کے ساتھ دوسری کو تعبیر فرما دیا۔ ان چیزوں میں سے جو یہ ثابت کرتی ہیں کہ روح صرف دو مرتبہ لوٹائی جاتی ہے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے "رَبَّنَا اَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَاَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ" ہے، جیسے کہ علماء نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے فرمان یغان علی قلبی میں فرمایا ہے کہ اس سے مراد وسوسہ یا اکتاہٹ نہیں اگرچہ غین کی اصل وہ چیز ہے جو دل پر چھا جائے اور اسے ڈھانپ لے بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ساتھ شہود اور ذکر الٰہی اور مشاہد حق میں جو کمزوری آئی ہے اس کی طرف ان الفاظ سے اشارہ

فرمایا جس مشاہدہ و ذکر الٰہی کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رسالت کی ادائیگی کے بوجھ کو برداشت کیا اور اپنے پروردگار اور اپنے خالق کی عبادت و طاعت پر ملازمت و مواظبت کے ساتھ ساتھ امانت کے بار گراں کو اٹھایا۔

قاضی عیاض نے شفا میں اس پر بڑی شرح و بسط سے کلام کی ہے امام بیہقی نے جواب دیا ہے اس کا ماحصل یہ ہے کہ "رَدَّ اللہُ عَلَیَّ رُوْحِیْ" کا مطلب یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات اور دفن کے بعد اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی روح کو لوٹا دیا کیونکہ سلام کرنے والے تو سلام پیش کرتے ہی رہتے تھے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی روح جسم اطہر میں ہمیشہ ہمیشہ قائم رہی ورنہ ماننا پڑے گا کہ لمحہ بہ لمحہ لوٹائی اور نکالی جاتی ہے۔ بعض علماء نے اس کا یہ جواب دیا ہے بغیر گھبراہٹ اور مشقت کے لوٹائی جاتی ہے۔ بعض فرماتے ہیں کو روح سے مراد وہ مقرر فرشتہ ہے السبکی الکبیر نے ایک دوسرا بڑا حسین جواب دیا ہے فرماتے ہیں ہوسکتا ہے کہ یہاں لوٹانے سے مراد معنوی لوٹانا ہو۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی روح شریفہ اس عالم سے مستغنی ہو کر حضرت الٰہیہ اور ملاء اعلیٰ کے مشاہدہ میں مستغرق ہوتی ہے جب کوئی سلام پیش کرتا ہے روح شریفہ اس عالم کی طرف متوجہ ہوتی ہے تاکہ سلام عرض کرنے والے کے سلام کو قبول کرے اور پھر اس کا جواب دے۔ یہاں ہم نے پانچ جواب اس حدیث کے متعلق لکھے ہیں میرے نزدیک تیسرے جواب میں توقف ہے اور آخری جواب پر پھر ایک دوسری وجہ سے اعتراض ہوتا ہے وہ یہ کہ اس طرح تو روح شریفہ کا تمام زمانہ سلام کے جواب میں مستغرق رہنا لازم آتا ہے کیونکہ دنیا کے کونے کونے سے اتنے لوگ ہر وقت سلام عرض کر رہے ہوتے ہیں جن کا شمار ہی نہیں ہوسکتا۔ میں اس کا جواب یہ دیتا ہوں کہ امور آخرت تک عقل کی رسائی نہیں ہے، احوال برزخ احوال اخرت کے زیادہ مشابہ ہیں واللہ اعلم۔

## ساتواں فائدہ

ساتواں فائدہ ابن شہاب کے اثر کا معنی متعین کرنے میں ہے یئودیان عنکم دال مہملہ مشددہ کے کسرہ کے ساتھ ہے یعنی رات اور دن اس کو تمہاری طرف سے پہنچاتے ہیں اس

میں ان ہمزہ مکسورہ کے ساتھ ہے۔

## پانچواں باب

پانچواں باب مخصوص اوقات میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود سلام عرض کرنے کے بارے میں ہے۔

جیسے وضوء سے فارغ ہونے کے بعد، تیمم، غسل جنابت اور غسل حیض سے فارغ ہونے کے بعد نماز کے اندر، نماز کے بعد، اقامت نماز کے وقت، صبح اور مغرب کے بعد، تشہد میں، قنوط میں، نماز تہجد کیلئے اٹھنے کے وقت تہجد کے بعد، مساجد سے گذرنے، مساجد کو دیکھنے، ان میں داخل ہونے اور ان سے خارج ہوتے وقت، موذن کے جواب کے بعد جمعہ کے دن، جمعہ کی رات، ہفتہ کے دن، اتوار، سوموار، منگل کے دن، جمعہ، عیدین، کے خطبہ میں استسقاء کسوفین کے بعد، جنازہ اور عید کی تکبیرات کے درمیان، میت کو قبر میں داخل کرنے کے وقت، شعبان کے مہینہ میں، کعبہ شریفہ کو دیکھتے وقت، صفا و مروہ پر چڑھتے وقت، تلبیہ، استسلام حجر اور ملتزم سے فارغ ہونے کے وقت، عرفہ کی رات میں، مسجد خیف میں، مدینہ شریفہ کو دیکھنے کے وقت قبر شریف کی زیارت اور اسے الوداع کہتے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے آثار، راستوں اور آرام گاہوں کی زیارت کے وقت مثلاً بدر وغیرہا، ذبیحہ کے وقت، بیع وصیت کی کتابت اور نکاح کے خطبہ کے وقت، دن کی دونوں طرفوں میں سونے اور سفر کے ارادہ کے وقت، سواری پر سوار ہونے کے وقت، جس کو نیند کم آتی ہو، بازار یا دعوت کی طرف جاتے وقت، گھر میں داخل ہوتے وقت خطوط کی ابتداء میں بسم اللہ شریف کے بعد، غم تکلیف، شدت، فقر، غرق، طاعون کی تکلیف کے وقت، دعا کی ابتداء، درمیان اور آخر میں اذان کی آواز سننے کے وقت، پاؤں شل ہو جانے کے وقت، چھینک مارنے اور بھولنے کے وقت، کسی چیز کو عمدہ پانے کے وقت مولی کے کھانے کے وقت گدھے کی آواز سننے کے وقت، گناہ سے توبہ کرنے کے وقت، ضروریات زندگی کے لاحق ہونے کے وقت تمام حالات میں۔ اس شخص کیلئے جس پر تہمت لگائی گئی ہو حالانکہ وہ اس جرم سے بری ہو بھائیوں کی ملاقات کے وقت۔

محفل برخواست اور محفل لگاتے وقت، ختم قرآن کے وقت، حفظ قرآن کے وقت، مجلس سے اٹھتے وقت، ہر اس جگہ جہاں اللہ تعالیٰ کے ذکر کیلئے اجتماع کیا جائے ہر کلام کی ابتداء میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کے وقت، علم پڑھاتے وقت، حدیث پڑھتے وقت فتویٰ دیتے وقت، وعظ کرتے وقت، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک لکھتے وقت، درود شریف کی کتابت کا ثواب اور جو اس سے غافل ہے اس کے متعلق جو کہا گیا ہے اور اس کے علاوہ اہم فوائد کا ذکر ہوگا صلی اللہ علیہ وسلم تسلیماً۔

## وضوء سے فارغ ہونے کے بعد

امام نووی نے الاذکار میں شیخ نصر سے وضو کے بعد درود پڑھنا نقل کیا ہے مگر کوئی حدیث ذکر نہیں فرمائی ہے۔ حالانکہ حضرت عبداللہ بن مسعود سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

إِذَا فَرَغَ اَحَدُكُمْ مِنْ طُهُوْرِهٖ فَلْيَقُلْ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ثُمَّ لِيُصَلِّ عَلَيَّ فَاِذَا قَالَ ذَالِكَ فُتِحَتْ لَهٗ اَبْوَابُ الرَّحْمَةِ ۔

جب تم میں سے کوئی وضو سے فارغ ہو تو کلمہ شہادۃ پڑھے پھر مجھ پر درود پڑھے جب یہ پڑھے گا تو اس کے لئے رحمت کے دروازے کھول دیئے جائیں گے۔

اس حدیث کو کتاب الثواب اور فضائل الاعمال میں روایت کیا ہے اور ان کے طریق سے ابو موسیٰ المدینی نے روایت کی ہے اس کی سند میں محمد بن جابر ہے اکثر محدثین نے اسے ضعیف قرار دیا ہے امام بخاری فرماتے ہیں یہ قوی نہیں ہے۔ علماء نے اس پر کلام کی ہے کہ مناکیر روایت کرتا ہے ہم نے تیمی کی ترغیب سے روایت کی ہے اس کی سند میں محمد نہیں ہے لیکن وہ بھی ضعیف ہے اور اس کے الفاظ یہ ہیں۔

اِذَا تَطَهَّرَ اَحَدُكُمْ فَلْيَذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ فَاِنَّهٗ يُطَهِّرُ جَسَدَهٗ كُلَّهٗ وَاِنْ

جب تم میں سے کوئی وضو کرے تو اسے اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنا چاہئے یہ تمام جسم کو پاک

لَمْ يَذْكُرْ اَحَدُكُمْ اِسْمَ اللّٰهِ عَلٰى طُهُوْرِهٖ لَمْ يَطْهُرْ مِنْهُ اِلَّا مَامَرَّ عَلَيْهِ الْمَآءُ فَاِذَا فَرَغَ اَحَدُكُمْ مِنْ طُهُوْرِهٖ فَلْيَشْهَدْ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ثُمَّ لِيُصَلِّ عَلَيَّ فَاِذَا قَالَ ذَالِكَ فُتِحَتْ لَهٗ اَبْوَابُ الرَّحْمَةِ۔

کرتا ہے اگر تم میں سے کوئی وضو کے بعد اللہ کا ذکر نہیں کرے گا تو اس کا صرف وہی حصہ پاک ہوگا جس پر پانی گذر گیا جب تم میں سے کوئی وضو سے فارغ ہو تو گواہی دے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ بندے اور اس کے رسول ہیں پھر مجھ پر اسے درود پڑھنا چاہئے جو ایسا کرے گا اس کے لئے رحمت کے دروازے کھول دیئے جائیں گے۔

اس حدیث کی تخریج دار قطنی اور بیہقی نے کی ہے اور دونوں نے ضعیف قرار دی ہے اسی حدیث کو ابو بکر اسماعیلی نے اپنی جمع لحدیث الاعمش میں ان الفاظ میں روایت کیا ہے الا انہ قال وان محمداً رسول اللہ و یصلی علی اس کی سند میں عمرو بن شمر ہے جو متروک ہے ابو موسیٰ فرماتے ہیں یہ حدیث مشہور ہے اس کے کئی طرق ہیں۔ عن عمر بن الخطاب وعقبہ بن عامر، ثوبان اور انس لیکن ان میں صلاۃ نہیں ہے۔ مصنف فرماتے ہیں میں کہتا ہوں یہ حدیث اس طریق سے بھی ہے عن عثمان بن عفان و معاویہ بن قرہ عن ابیہ عن جدہ والبراء بن عازب و علی بن ابی طالب یہ دونوں سندیں دعوات للمستغفری میں ہیں۔ وابی سعید الخدری سے بھی مروی ہے۔

حضرت سہل بن سعید رضی اللہ عنہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے روایت فرماتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

لَا وُضُوْءَ لِمَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

اس کا وضو نہیں جس نے اپنے نبی پر درود نہ پڑھا۔

اس کو ابن ماجہ اور ابن ابی عاصم نے روایت کیا ہے اس کی سند ضعیف ہے اس کے بعض طرق میں کچھ زیادتی ہے۔

لَا صَلٰوۃَ لِمَنْ لَا وُضُوْءَ لَہٗ وَلَا وُضُوْءَ لِمَنْ لَمْ یَذْکُرِ اسْمَ اللّٰہِ عَلَیْہِ۔ — اس کی نماز نہیں جس کا وضوء نہیں اور اس کا وضو نہیں جس نے اس پر اللہ تعالیٰ کا نام نہ لیا۔

اس کا معنی ہے کہ اسے کامل فضیلت حاصل نہ ہوئی، بسم اللہ شریف ہمارے نزدیک فضائل سے ہے، اس کے وجوب کا قول کرنے والے کا مجھے علم نہیں، مگر امام احمد کی ایک روایت میں آیا ہے۔ اسحٰق بن راہویہ اور اہل ظاہر نے بھی وجوب کا قول کیا ہے، حدیث لا وضوء کا محمل وہی ہے جو پیچھے گذرا ہے اور لَاصَلَاۃَ لِجَارِ الْمَسْجِدِ اِلَّا فِی الْمَسْجِدِ کی طرح ہے یعنی مسجد کے پڑوسی کی نماز کامل نہیں ہوتی مگر صرف مسجد میں۔

## تیمّم اور غسل کے بعد درود شریف پڑھنا

امام نووی نے تیمّم، غسل جنابت اور غسل حیض وغیرہما کے بعد الاذکار میں درود پاک پڑھنے کے استحباب کی طرف اشارہ کیا ہے مگر کوئی خاص دلیل ذکر نہیں فرمائی۔ واللہ اعلم۔

## نماز میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھنا

ہم نے حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں جب نماز میں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پیش کرنے کی آیت سے گذرے تو نمازی کو چاہئے کہ وہ ٹھہر جائے اور نفلی نماز میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے یہ اسماعیل القاضی اور النمیری نے تخریج کی ہے ابوبکر بن ابی داؤد کی المصاحب میں الشعبی تک ضعیف سند کے ساتھ ہے کہ ان سے پوچھا گیا جب انسان نماز میں "اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا" پڑھے تو کیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھے، تو انھوں نے فرمایا ہاں۔

امام احمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جب نمازی کسی ایسی آیت سے گذرے جس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر ہو اگر نفلی نماز میں ہو تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے۔ جو ہم نے شعبی سے روایت کیا ہے۔ اس کا ظاہر فرضی و نفلی نماز میں درود پڑھنے کے استحباب پر دلالت کرتا ہے۔ جو وجوب کا قول کرتا ہے اس پر پڑھنا واجب ہے۔ قاری اور سامع کو صلی اللہ علیہ وسلم کہنا چاہئے اللھم صل علی محمد نہیں پڑھنا چاہئے کیونکہ یہ قولی رکن ہے اور رکن جب اپنے محل (یعنی تشہد) سے نقل ہو جائے تو نماز کے ابطال میں اختلاف ہے واللہ اعلم۔

## نماز کے بعد درود شریف پڑھنا

نماز کے بعد درود پڑھنے کا مقام ابو موسیٰ المدینی وغیرہ نے ذکر کیا ہے اور اس کے متعلق وہ حکایت لکھی ہے جو ابن بشکوال، ابو موسیٰ و عبدالغنی اور ابن سعد نے تحریر کی ہے تمام کی سند ابو بکر بن محمد بن عمر تک پہنچتی ہے فرماتے ہیں میں ابو بکر بن مجاہد کے پاس تھا کہ الشبلی آ گئے، ابو بکر بن مجاہد کھڑے ہو گئے اور معانقہ کیا اور ان کی پیشانی کو بوسہ دیا۔ ابو بکر بن محمد فرماتے ہیں میں نے ابو بکر بن مجاہد سے عرض کی جناب! آپ نے شبلی کی اتنی کیوں تعظیم بجالائی جبکہ بغداد کے تمام لوگ اسے دیوانہ کہتے ہیں۔ انہوں نے فرمایا میں نے تو ان کے ساتھ وہی سلوک کیا ہے جو میں نے ان کے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کرتے دیکھا ہے۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ شبلی بارگاہ نبوت میں حاضر ہوئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان کے لئے کھڑے ہوئے پھر ان کی پیشانی پر بوسہ دیا۔ میں نے عرض کی یارسول اللہ! آپ نے شبلی کے ساتھ ایسا محبت بھرا سلوک کیوں فرمایا ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا یہ اس لئے کہ یہ ہر نماز کے بعد لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ الخ کی آیت پڑھتا ہے پھر مجھ پر درود پڑھتا ہے۔ ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں "أَنَّهُ لَا يُصَلِّي صَلَاةً فَرِيضَةً إِلَّا وَيَقْرَءُ لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ الآیہ وَيَقُولُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ صَلَّى اللهُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ صَلَّى اللهُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ" یعنی یہ ہر فرضی نماز کے بعد قد جاء کم رسول من انفسکم کی آیت تلاوت کرتا ہے اور تین مرتبہ صلی اللہ علیک یا محمد کہتا ہے۔

جب شبلی آئے تو میں نے پوچھا نماز کے بعد کیا پڑھتے ہو تو انہوں نے بھی یہی بتایا۔ ابن بشکوال نے ابو القاسم الخفاف کے طریق سے یہی حکایت لکھی ہے فرماتے ہیں میں ابو بکر کنیت والے شخص کے پاس قرآن پڑھتا تھا وہ اللہ کے ولی تھے اچانک ابو بکر شبلی، ابو الطیب کنیت والے شخص کے پاس آئے، یہ اہل علم میں سے تھے پھر یہی پورا قصہ ذکر کیا۔ اس کے آخر میں فرماتے ہیں الشبلی مسجد ابو بکر بن مجاہد کی طرف چلے گئے جب وہ مسجد میں داخل ہوئے تو ابو بکر بن مجاہد اس کے لئے کھڑے ہوگئے۔ ابن مجاہد کے دوستوں نے ان سے پوچھا تم علی بن عیسی وزیر کیلئے کھڑے نہیں ہوئے اور شبلی کیلئے کھڑے ہوگئے ہو، ارشاد فرمایا میں اس کے لئے تعظیم کے طور پر کھڑا کیوں نہ ہو جاؤں جس کی تعظیم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی ہے۔ میں نے نیند میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اے ابو بکر کل تیرے پاس ایک آدمی آئے گا جو اہل جنت سے ہے جب وہ تیرے پاس آئے تو اس کی عزت و تکریم بجالانا۔ ابن مجاہد نے فرمایا جب اس کے بعد دو راتیں یا زیادہ گذری تھیں کہ میں نے پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ اے ابو بکر تیری عزت فرمائے جیسے تو ایک جنتی آدمی کی عزت کی۔ میں نے عرض کی یارسول اللہ۔ شبلی نے آپ کے پاس یہ مقام کیسے پایا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا یہ ایسا شخص ہے جو پانچوں نمازوں کے بعد لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ کی آیت اسی سال سے تلاوت کرتا ہے، میں اس کی تعظیم کیوں نہ کروں۔ میں کہتا ہوں حدیث ابی امامہ سے بھی ترغیب حاصل کی جا سکتی ہے جو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے فرمایا۔

مَنْ دَعَا بِهٰؤُلَاءِ فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ مَكْتُوبَةٍ حَلَّتْ لَهُ الشَّفَاعَةُ مِنِّي يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُحَمَّدَاً الْوَسِيلَةَ وَاجْعَلْ فِي الْمُصْطَفَيْنَ مَحَبَّتَهُ وَفِي الْعَالَمِيْنَ دَرَجَتَهُ وَفِي الْمُقَرَّبِيْنَ دَارَهُ۔

جو ہر فرض نماز کے بعد مندرجہ ذیل الفاظ سے دعا مانگے قیامت کے دن میری اس کے لئے شفاعت ثابت ہے اے اللہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ عطا فرما اور اپنے چیدہ بندوں میں آپ کی محبت ڈال دے اور مقربین میں آپ کا گھر بنا۔ اور تمام جہانوں میں آپ کا

درجہ بلند فرما۔

یہ حدیث الطبرانی نے الکبیر میں روایت فرمائی ہے اس کی سند میں مطرح بن یزید ہے جو ضعیف ہے۔

## اقامت کے وقت درود شریف پڑھنا

حضرت حسن بصری سے مروی ہے فرماتے ہیں جس نے اس طرح کہا جس طرح موذن کہتا ہے پھر جب موذن قد قامت الصلاۃ کہتا ہے تو وہ "اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ الصَّادِقَۃِ وَالصَّلَاۃِ الْقَائِمَۃِ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَاَبْلِغْہُ دَرَجَۃَ الْوَسِیْلَۃِ فِی الْجَنَّۃِ" یہ دعا پڑھتا ہے تو وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت میں داخل ہو جاتا ہے یا فرمایا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت اسے حاصل ہوگی۔

اس اثر کو حسن بن عرفہ اور نمیری نے روایت کیا ہے۔

عَنْ یُوْسُفَ بْنِ اَسْبَاطٍ قَالَ بَلَغَنِیْ اَنَّ الرَّجُلَ اِذَا اُقِیْمَتِ الصَّلَاۃُ فَلَمْ یَقُلْ اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ الْمُسْتَمِعَۃِ الْمُسْتَجَابِ لَھَا صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَزَوِّجْنَا مِنَ الْحُوْرِ الْعِیْنِ قُلْنَ الْحُوْرُ الْعِیْنُ مَا کَانَ اَزْھَدَکَ فِیْنَا۔

یوسف بن اسباط سے مروی ہے فرمایا مجھے یہ خبر پہنچی ہے کہ جب نماز کھڑی ہوتی ہے اور آدمی اللھم رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ الْمُسْتَمِعَۃِ الی آخرہ کے الفاظ سے دعا نہیں مانگتا تو آہو چشم حوریں کہتی ہیں تو کتنا ہم سے دور ہو گیا ہے۔

یہ دینوری نے المجالسہ میں اور نمیری نے روایت کی ہے۔

## صبح اور مغرب کے وقت

## درود پڑھنا۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

فرمایا۔

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مِائَۃَ صَلَاۃٍ حِیْنَ یُصَلِّیْ الصُّبْحَ قَبْلَ اَنْ یَّتَکَلَّمَ قَضَی اللّٰہُ تَعَالٰی لَہٗ مِائَۃَ حَاجَۃٍ یُعَجِّلُ لَہٗ مِنْھَا ثَلَاثِیْنَ وَیَدَّخِرُ لَہٗ سَبْعِیْنَ وَفِی الْمَغْرِبِ مِثْلَ ذَالِکَ قَالُوْا وَکَیْفَ الصَّلَاۃُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ اِنَّ اللّٰہَ وَمَلَائِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ حَتّٰی یَعُدَّ مِائَۃً۔

جس نے صبح کی نماز کے بعد کسی سے گفتگو کرنے سے پہلے سو مرتبہ درود پڑھا اللہ تعالیٰ اس کی سو حاجات پوری فرماتا ہے تیس جلدی اور ستر اس کے لئے ذخیرہ کی جاتی ہیں اور اسی طرح مغرب میں بھی پڑھے، صحابہ کرام نے پوچھا یارسول اللہ کیسے آپ پر درود بھیجیں ارشاد فرمایا ان الفاظ میں "اِنَّ اللّٰہَ وَمَلَائِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ" حتیٰ کہ سو کی تعداد مکمل کر لے۔

احمد بن موسیٰ الحافظ نے ضعیف سند کے ساتھ اس حدیث کو روایت کیا ہے اختصار کے ساتھ دوسرے باب میں بھی گذر چکی ہے۔

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک غزوہ پر گئے اور مجھ کو مدینہ طیبہ کا عامل مقرر فرما دیا اور فرمایا اے علی ان پر عمدہ طریقہ سے خلافت فرمانا اور ان لوگوں کی خبریں مجھے لکھ بھیجنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم پندرہ دن ٹھہرے پھر واپس تشریف لے آئے، میں نے ملاقات کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا اے علی میری طرف سے دو چیزیں محفوظ کر لے جو جبرئیل میرے پاس لائے ہیں سحری کے وقت کثرت سے درود پڑھا کر اور مغرب کے وقت بھی رسول اللہ ﷺ پر کثرت سے درود پڑھا کر اور اپنے لئے اور اصحاب رسول ﷺ کیلئے کثرت سے استغفار کیا کر، بیشک سحر و مغرب رب تعالیٰ عزوجل کے گواہوں میں سے دو گواہ ہیں اس کی مخلوق پر۔

اس روایت کو سند ضعیف کے ساتھ ابن بشکوال نے ذکر کیا ہے۔

# تشہد میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا

اس کے متعلق کعب، ابن مسعود، ابی مسعود کی احادیث پہلے باب میں گذر چکی ہیں۔ وہ تمام تشہد میں درود پڑھنے کے دلائل ہیں۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ تشہد سکھاتے تھے "اَلتَّحِیَّاتُ الطَّیِّبَاتُ الزَّاکِیَاتُ لِلّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ، اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ" پھر نمازی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھے۔

اس روایت کو دار قطنی وغیرہ نے موسی بن عبیدہ الزبدی کے طریق سے نقل کیا ہے اور یہ ضعیف ہیں سنن ابی داؤد وغیرہا میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کے بغیر اصل حدیث ہے۔

حضرت ابن عباس سے مروی ان سے التحیات للہ کی تفسیر پوچھی گئی فرمایا الملک للہ، تمام جہاں کی بادشاہی اللہ تعالیٰ کیلئے ہے، والصلوٰت، ہر اس شخص کی صلاۃ جو اس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر پڑھی۔ والطیبات، ہر وہ عمل جو اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی کیلئے کیا گیا۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہم پر لازم ہے کہ ہم اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجیں۔ باقی کی بھی تفسیر بیان فرمائی ہے۔ ابن بشکوال نے ضعیف سند کے ساتھ تخریج کی ہے۔

حضرت ابن مسعود سے مروی ہے فرماتے ہیں آدمی نماز میں تشہد پڑھے پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے پھر اپنے لئے دعا کرے۔

سعید بن منصور، ابوبکر بن ابی شیبہ اور الحاکم نے یہ روایت تخریج کی ہے اور اس کی سند قوی ہے۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں، ابوبکر، عمر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھتے تھے۔ میں بیٹھا تو پہلے اللہ تعالیٰ کی ثنا کی پھر نبی کریم صلی

اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا اس کے بعد میں نے اپنے لئے دعا کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سل تعط مانگ تجھے دیا جائے گا امام ترمذی نے حسن او صحیح سند کے ساتھ روایت کی ہے۔
حضرت ابن مسعود سے ہی مروی ہے کہ جس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہیں پڑھا اس کی نماز نہیں۔
یہ ابن عبدالبر نے التمہید میں روایت کی ہے دوسرے محدثین نے بھی حکایت کی ہے حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے بریدہ جب تو اپنی نماز میں بیٹھے تو مجھ پر درود کو کبھی ترک نہ کر کیونکہ یہ نماز کی زکوٰۃ ہے اور سلام بھیج مجھ پر اور اللہ تعالیٰ کے تمام انبیاء اور رسل پر اور اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں پر۔
اس حدیث کو دار قطنی نے ضعیف سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔
حضرت مقاتل بن حیان سے یقیمون الصلاۃ کی تفسیر یوں مروی ہے کہ اقامت صلاۃ سے مراد اس کی محافظت کرنا، اس کو وقت پر ادا کرنا، اس میں قیام، رکوع اور سجود کرنا ہے اور آخری تشہد میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا ہے۔
اس تفسیر کو نمیری نے تخریج کیا ہے اور بیہقی نے شعب الایمان میں حکایت کی ہے۔
شعبی، جو کبار تابعین سے ہیں ان کا نام عامر بن شراحیل ہے، سے مروی ہے فرماتے ہیں ہم تشہد سکھاتے تھے کہ جب مصلی اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرے پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ پر درود بھیجے پھر اپنی حاجت کا سوال کرے۔
یہ روایت بیہقی نے الخلافیات میں قوی سند کے ساتھ تخریج کی ہے شعبی سے بیہقی نے یہ بھی روایت کیا ہے کہ جس نے تشہد میں درود شریف نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر نہ پڑھا اسے نماز لوٹانی چاہئے اس کی نماز نہ ہوئی۔ عقبہ فرماتے ہیں شعبی سے یہ مروی ہونا ان کے اس قول کو باطل کرتا ہے کہ علماء نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کے وجوب کا قول نہیں کرتے جیسا کہ ان کا مذہب ہے،
حجاج بن ارطاۃ عن ابی جعفر محمد بن علی بن حسین کی سند سے ہم نے روایت کیا ہے جو شعبی کے مفہوم کا ہم معنی ہے، مصنف فرماتے ہیں میں کہتا ہوں ابی جعفر کی خبر کی طرف اشارہ دار قطنی کے کلام میں آئے گا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے فرماتی ہیں

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا کہ

لَاصَلٰوۃَ اِلَّا بِطُھُوْرٍ وَبِالصَّلَاۃِ عَلَیَّ۔ — وضو اور مجھ پر درود پڑھے بغیر نماز نہیں ہوتی۔

یہ حدیث دار قطنی اور البیہقی نے عن مسروق عنہا کے واسطہ تخریج کی ہے اس کی سند میں ایک راوی عمرو بن شمر متروک ہے۔ اس نے یہ جعفر الجعفی سے روایت کی ہے وہ بھی ضعیف ہے، اس پر علماء کا اختلاف ہے بعض فرماتے ہیں عنہ عن ابی جعفر عن ابی مسعود رضی اللہ عنہ۔

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "لَاصَلَاۃَ لِمَنْ لَمْ یُصَلِّ عَلٰی نَبِیِّہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَلَاصَلَاۃَ لِمَنْ لَمْ یُحِبَّ الْاَنْصَار" جس نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ پڑھا اس کی نماز نہیں جسے انصار سے محبت نہیں اس کی نماز نہیں اس حدیث کو ابن ماجہ اور دار قطنی نے اپنی اپنی سنن میں روایت کیا ہے، الطبرانی نے اپنی معجم میں، السعری نے اور ان کے طریق سے ابن بشکوال نے اور الحاکم نے مستدرک میں روایت کی ہے اور فرمایا یہ حدیث بخاری و مسلم کی شرط پر نہیں ہے کیونکہ انہوں نے عبدالمیمن سے کوئی حدیث تخریج نہیں کی۔ دار قطنی نے اس حدیث کی تخریج کے بعد لکھا ہے کہ عبدالمیمن قوی نہیں ہے۔ میں کہتا ہوں الطبرانی اور ابو موسیٰ المدینی نے ان کے بھائی ابی بن عباس بن سہل عن ابیہ عن جدہ کی روایت سے تخریج کی ہے اور المجد الشیرازی نے اسے صحیح کہا ہے مگر اس میں نظر ہے یہ عبدالمیمن کی روایت سے معروف ہے ابو مسعود الانصاری البدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

مَنْ صَلّٰی صَلَاۃً لَمْ یُصَلِّ فِیْھَا عَلَیَّ وَعَلٰی اَھْلِ بَیْتِیْ لَمْ تُقْبَلْ مِنْہُ۔ — جس نے نماز پڑھی مگر اس میں مجھ پر اور میرے اہل بیت پر درود نہ پڑھا تو اس کی نماز قبول نہیں۔

دار قطنی اور بیہقی نے جابر الجعفی کے طریق سے روایت کی ہے اور دونوں نے کہا ہے کہ یہ ضعیف ہے۔

حضرت ابو مسعود سے موقوفاً مروی ہے فرماتے ہیں اگر میں نماز پڑھوں اور اس میں آل

محمد پر درود نہ پڑھوں تو میں سمجھتا ہوں کہ میری نماز مکمل نہیں ہوئی۔ اس کو بھی دار قطنی اور بیہقی نے جابر کے طریق سے تخریج کیا ہے الدار قطنی نے اس کے موقوف ہونے کو درست کہا ہے فرمایا بحتر ابی جعفر محمد ابن علی بن حسین کے قول سے ہے میں کہتا ہوں اس کو جابر الجعفی نے روایت کیا ہے اور حضرت عائشہ کی حدیث بتایا ہے جیسا کہ پیچھے گذر چکا ہے۔ واللہ اعلم

حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو سنا کہ نماز میں دعا مانگ رہا ہے مگر نہ اللہ تعالیٰ کی حمد کی اور نہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس نے جلدی کی ہے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بلایا اور اسے یا کسی غیر کو فرمایا جب تم میں سے کوئی نماز پڑھے تو پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کرے پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھے اس کے بعد جو چاہے دعا مانگے اس حدیث کو ابو داؤد، الترمذی نے روایت کیا ہے ترمذی نے اسے صحیح کہا ہے اس طرح ابن خزیمہ، ابن حبان اور الحاکم نے روایت کی ہے حاکم نے ایک جگہ فرمایا یہ مسلم کی شرط پر ہے اور دوسری جگہ فرمایا بخاری و مسلم دونوں کی شرط پر ہے اور میں اس کی کوئی علت نہیں جانتا۔ نسائی نے بھی تخریج کی ہے مگر اس کے الفاظ یہ ہیں۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَجَّلَ هٰذَا الْمُصَلِّيْ ثُمَّ اَعْلَمَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ سَمِعَ رَجُلًا يُصَلِّيْ فَمَجَّدَ اللّٰهَ وَحَمِدَهٗ وَصَلّٰى عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اُدْعُ اللّٰهَ تُجَبْ سَلْ تُعْطَ ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس نمازی نے جلدی کی ہے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو آداب دعا سکھائے۔ پھر ایک آدمی کو سنا کہ اس نے پہلے اللہ تعالیٰ کی بزرگی و حمد بیان کی پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ سے مانگو تمہاری دعا قبول کی جائے گی، سوال کرو عطا کئے جاؤ گے۔

ترمذی کے الفاظ یہ ہیں۔

سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا

ترجمہ گذر چکا ہے۔

يَدْعُوْ فِيْ صَلَاتِهٖ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَجَّلَ هٰذَا ثُمَّ دَعَاهُ فَقَالَ لَهٗ اَوْ غَيْرِهٖ اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ فَلْيَبْدَأْ بِتَحْمِيْدِ اللّٰهِ وَالثَّنَاءِ عَلَيْهِ ثُمَّ لِيُصَلِّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ لِيَدْعُ بَعْدَهٗ بِمَا شَاءَ۔

ترمذی کی ایک اور روایت میں جو الطبرانی، ابن بشکوال نے بھی روایت کی ہے اس کے راوی ثقہ ہیں لیکن اس میں رشدین بن سعد ہے اس کی حدیث مقبول ہے اس کے الفاظ یہ ہیں۔

قَالَ بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاعِدًا اِذَا دَخَلَ رَجُلٌ فَصَلّٰى فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَجَّلْتَ اَيُّهَا الْمُصَلِّيْ اِذَا صَلَّيْتَ فَقَعَدْتَ فَاحْمَدِ اللّٰهَ بِمَا هُوَ اَهْلُهٗ ثُمَّ صَلِّ عَلَيَّ ثُمَّ ادْعُهٗ قَالَ ثُمَّ صَلّٰى رَجُلٌ آخَرُ بَعْدَ ذٰلِكَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَصَلّٰى عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّهَا الْمُصَلِّيْ اُدْعُ تُجَبْ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے ایک شخص آیا نماز پڑھی پھر دعا کی اے اللہ میری مغفرت فرما اور مجھ پر رحم فرما تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے نمازی تو نے جلدی کی ہے جب تو نماز پڑھے اور تشہد بیٹھے تو اللہ تعالیٰ کی تعریف کر جس کا وہ اہل ہے پھر مجھ پر درود پڑھ پھر دعا مانگ فرمایا پھر اس کے بعد دوسرے شخص نے نماز پڑھی اللہ تعالیٰ کی حمد کی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے نمازی دعا مانگ تیری دعا قبول کی جائے گی۔

ایک روایت میں سل تعط کے لفظ ہیں، میں کہتا ہوں مجھے اس شخص کے نام پر آگاہی نہیں ہوئی والعلم عند اللہ۔

حضرت عقبہ بن نافع سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے حضرت ابن عمر کے ساتھ ظہر اور عصر کی نماز پڑھی وہ آہستہ آہستہ قرأت کرنے لگے میں نے کہا اے ابو عبدالرحمٰن تم نماز میں ایک ایسا کام کرتے ہو جو ہم نہیں کرتے فرمایا وہ کیا میں نے کہا تم آہستہ قرأت کر رہے ہو۔

ہم آئمہ کے ساتھ نماز پڑھتے ہیں اور قرأت نہیں کرتے۔ ابن عمر نے کہا ان کے ساتھ جو نماز پڑھتا ہے اس کو بتا دے کہ نماز قرأت تشہد اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود کے سوا نہیں ہوتی۔ اگر تو نماز میں ان میں سے کوئی چیز بھول جائے تو سلام کے بعد دو سجدے کر۔ اس اثر کو الحسن بن شبیب المعمری نے عمل الیوم واللیلہ میں تخریج کیا ہے اور ان کے طریق سے جید سند کے ساتھ ابن بشکوال نے روایت کی ہے۔

حضرت طلحہ بن مصرف سے مروی ہے کہ وہ تشہد کے بعد یہ دعا مانگتے تھے۔

اَعْبُدُ اللهَ رَبِّیْ وَلَآ اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا اللهُ رَبِّیْ وَاَنَا عَبْدُهٗ رَبِّ اجْعَلْنِیْ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَدْعُوا اللهَ اَوْ اَدْعُوا الرَّحْمٰنَ وَاَدْعُوْكَ بِاَسْمَائِكَ الْحُسْنٰى كُلِّهَا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ وَالسَّلَامُ عَلَيْهِ وَرَحْمَةُ اللهِ رَبِّ اَسْاَلُكَ رِضْوَانَكَ وَالْجَنَّةَ رَبِّ اِرْضَ عَنِّیْ وَاَرْضِنِیْ وَاَدْخِلْنِی الْجَنَّةَ وَعَدْتَهَا اِلَیَّ رَبِّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیَ الْكَثِيْرَةَ رَبِّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ جَمِيْعَهَا كُلَّهَا وَتُبْ عَلَیَّ وَقِنِیْ عَذَابَ النَّارِ رَبِّ ارْحَمْ وَالِدَیَّ كَمَا رَبَّيَانِیْ صَغِيْرًا رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ اِنَّكَ تَعْلَمُ مُنْقَلَبَهُمْ مَثْوَاهُمْ

میں اللہ رب العزت کی عبادت کرتا ہوں اس کا کسی کو شریک نہیں ٹھہراتا۔ اللہ میرا رب ہے میں اس کا بندہ ہوں اے میرے رب مجھے شکر گزاروں سے کر، تمام تعریفیں اللہ رب العالمین کے لئے ہیں میں اللہ سے دعا کرتا ہوں یا فرمایا میں رحمٰن سے دعا کرتا ہوں۔ میں تجھ سے تیرے تمام اسماء حسنیٰ کے وسیلہ سے دعا کرتا ہوں تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں تیری ذات پاک ہے تو درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر جیسے تو نے درود بھیجا ابراہیم پر بیشک تو حمید مجید ہے اور سلام ہو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر اور اللہ کی رحمت ہو اے میرے رب میں تجھ سے تیری رضا اور جنت کا سوال کرتا ہوں اے رب تو مجھ سے راضی ہو اور مجھ کو راضی کر دے اور مجھے جنت میں داخل فرما اور اسے میرے لئے معروف کر، اے میرے رب میرے بہت

سے گناہ معاف فرما اے میرے رب میرے
تمام گناہ معاف فرما مجھ پر نظر کرم فرما، آگ
کے عذاب سے مجھے نجات دے اے میرے
رب میرے والدین پر رحم فرما جیسے بچپن میں
انہوں نے مجھے پالا۔ اے میرے رب میری
مغفرت فرما، تمام مومن مردوں اور عورتوں
کی جس دن حساب قائم ہو تو ان کے لوٹنے کی
جگہ اور رہائش گاہیں جانتا ہے۔

اس روایت کو نمیری نے تخریج کیا ہے۔

## پہلے تشہد میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کا حکم

آخری تشہد میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کے حکم میں ہماری کلام مقدمہ میں گذر چکی ہے اور ابھی پہلے تشہد میں کلام کرنا باقی ہے۔ اس میں بھی اختلاف ہے، امام شافعی "الام" میں فرماتے تشہد اول میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھا جائے یہی ان کا مشہور اور جدید مذہب ہے، لیکن مستحب ہے واجب نہیں ہے امام شافعی کا قدیم مذہب یہ تھا کہ پہلے تشہد میں تشہد سے زیادہ نہ پڑھے یہ المزنی نے ان سے روایت کی ہے اور ان کے اکثر اصحاب نے اسے صحیح کہا ہے۔

امام احمد، ابو حنیفہ اور امام مالک وغیرہم کا بھی یہی مذہب ہے۔ پہلے مذہب کے قائلین کی دلیل گذشتہ حدیث کا عموم ہے اور دوسرا آیت میں درود و سلام دونوں کا اکٹھا پڑھنے کا حکم ہے، پس معلوم ہوا کہ نمازی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام بھیجتا ہے تو درود بھی اس کے لئے مشروع ہے۔ لیکن اس میں نظر ہے اس کی توجیہ مقدمہ میں بھی گذر چکی ہے۔

دوسرے مذہب کے قائلین کی دلیل یہ ہے کہ تشہد اول میں تخفیف مشروع ہے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پہلے قعدہ سے اتنی جلدی اٹھتے گویا کہ آپ گرم پتھر پر بیٹھے ہیں حضور

صلی اللہ علیہ وسلم کا تشہد اول میں درود پڑھنا ثابت بھی نہیں ہے اور نہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے امت کو اس کی تعلیم دی ہے۔ صحابہ کرام میں سے بھی کسی نے اس کو مستحب نہیں سمجھا ہے بلکہ احمد اور ابن خزیمہ نے ابن مسعود کی حدیث سے روایت کیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں تشہد سکھایا اور فرمایا جب نماز کے درمیان اور آخر میں بائیں جانب پر بیٹھے تو یہ پڑھے التحیات للہ الی قولہ عبدہ ورسولہ، پھر فرمایا اگر درمیان نماز میں تشہد پر بیٹھے تو جب تشہد پڑھ لے تو اٹھ کھڑا ہو، اگر آخری قعدہ بیٹھے تو تشہد کے بعد جو چاہے دعا مانگے پھر سلام پھیر دے۔ مخالفین کے دلائل ضعیف ہیں اور بر تقدیر صحت ان پر پہلے قعدہ میں درود پڑھنا واجب لازم ہوتا ہے جیسا کہ آخری قعدہ میں واجب ہے حالانکہ یہ تو وہ بھی نہیں کہتے۔

بیہقی نے شعب الایمان میں الحلیمی سے حکایت کیا ہے کہ جب بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر ہو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کے وجوب کے متعلق بہت سی اخبار ایک دوسرے کی معاون ہیں اگر اجماع ثابت ہے، تو اس کے ساتھ درود کے فرض ہونے کی حجت لازم آجائے گی، وگرنہ ذاکر و سامع دونوں پر فرض ہے فرمایا تشہد اول میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کے وقت درود پڑھنے کو دو وجوہ سے خارج کیا ہے۔ ۱۔ وجوب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کی وجہ سے ہے نماز کی وجہ سے نہیں۔ ۲۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ پوری نماز ایک حالت ہے جب نمازی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کرے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ پڑھے حتیٰ کہ آخری تشہد پر پہنچ جائے۔ جب آخری تشہد میں درود پڑھے گا تو موجودہ غرض اور گذشتہ تمام مقامات کی طرف سے ہو جائے گا۔ واللہ المستعان

## دعا قنوت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا

قنوت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کو امام شافعی اور ان کے متبعین نے مستحب کہا ہے۔ الرافعی اس کے مستحب ہونے پر دو وجوہ بیان کرتے ہیں۔ ۱۔ اس

کے متعلق کوئی خبر وارد نہیں ہے اور یہ اس کے مستحب ہونے کی اظہر وجہ ہے، شیخ ابو محمد نے بھی یہی وجہ بتائی ہے۔ میں کہتا ہوں اس کے مستحب پڑھنے کے متعلق حدیث وارد ہے مگر وہ وتر کی قنوت کے ساتھ مقید ہے پھر فجر کی طرف منتقل کی گئی ہے جیسے اصل الدعاء فجر کی طرف منتقل ہو گئی۔ اس کے الفاظ یہ ہیں۔ حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں۔

عَلَّمَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ھٰؤُلَاۤءِ الْکَلِمَاتِ فِی الْوِتْرِ قَالَ قُلْ اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ فِیْمَنْ ھَدَیْتَ وَبَارِکْ لِیْ فِیْمَا اَعْطَیْتَ وَتَوَلَّنِیْ فِیْمَنْ تَوَلَّیْتَ وَقِنِیْ شَرَّ مَا قَضَیْتَ فَاِنَّکَ تَقْضِیْ وَلَا یُقْضٰی عَلَیْکَ وَاِنَّہٗ لَا یُذَلُّ مَنْ وَّالَیْتَ تَبَارَکْتَ وَتَعَالَیْتَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ۔

مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وتر میں یہ کلمات سکھائے فرمایا پڑھ اللھم اہدنی الخ اے اللہ مجھے ہدایت عطا فرما ان بندوں میں جنہیں تو نے ہدایت عطا فرمائی ہے اور برکت دے اس میں جو تو نے مجھے عطا فرمایا ہے اور میرا نگہبان ہو جا ان میں جن کا تو نگہبان اور ولی ہے جو چیزیں تیری قضائیں آ چکی ہیں ان کے شر سے مجھ کو محفوظ فرما تو فیصلہ فرماتا ہے تیرے خلاف فیصلہ نہیں کیا جاتا، جس کا تو والی ہوتا ہے وہ رسوا نہیں ہوتا، اے ہمارے رب تیری ذات برکت والی ہے تو بلند و بالا ہے، درود ہو نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر۔

اس حدیث کو نسائی نے تخریج کیا ہے اور اس کی سند صحیح او حسن ہے جیسا کہ نووی نے شرح المہذب میں فرمایا ہے۔ مگر ہمارے شیخ نے اس قول کو رد فرمایا ہے کیونکہ اس کے راوی پر اختلاف ہے جیسے کہ بیان کیا گیا ہے احکام میں المحب الطبری نے یہ حدیث نسائی کی طرف منسوب کی ہے اور یہ وہم ہے اور لفظ یہ لکھے ہیں صلی اللہ علی النبی محمد حالانکہ اس میں صرف وہی الفاظ ہیں جو پیچھے ذکر ہو چکے ہیں۔ دوسری روایت میں الصلاۃ کے ذکر کے بغیر ہے امام نووی نے الاذکار وغیرہ میں فرمایا ہے کہ مستحب یہ ہے کہ دعا کے بعد یہ کہے۔ اللھم صل علی محمد و علی آل محمد و سلم مگر اس کی کوئی دلیل ذکر نہیں فرمائی، ہاں جب الرافعی نے یہ حدیث ذکر کی ہے تو یہ لفظ لکھے ہیں و صلی اللہ علیہ النبی و آلہ و سلم مگر کتب حدیث میں یہ لفظ

کہیں نہیں ہیں۔ پس اس میں نظر کی جائے گی۔ ہاں کیف نصلی علیک اس کی شاہد ہے وللہ الحمد

رمضان شریف کی قنوت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا مستحب ہے کیونکہ ابن وہب نے عبدالرحمٰن بن عبدالقادر کے طریق سے روایت کی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایک رات رمضان شریف میں باہر نکلے وہ بھی ان کے ساتھ تھے۔ انہوں نے مسجد میں چکر لگایا۔ لوگ علیحدہ علیحدہ نماز پڑھ رہے تھے۔ ایک آدمی ایک گروہ کو نماز پڑھا رہا تھا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا خدا کی قسم اگر یہ لوگ ایک قاری کے پیچھے جمع ہو جائیں تو یہ ایک بہترین نمونہ ہوگا آپ نے اس بات کا پختہ ارادہ کر لیا اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کو رمضان شریف میں نماز پڑھانے کا حکم دیا پھر ایک دن باہر نکلے تو لوگ ایک قاری کے پیچھے نماز پڑھ رہے تھے تو حضرت عمر نے فرمایا یہ بہت عمدہ طریقہ ہے رات کے جس حصہ میں تم سوتے ہو وہ اس حصہ سے افضل ہے جس میں تم قیام کرتے ہو۔ آپ کی مراد رات کا آخری حصہ تھا۔ لوگ رات کے پہلے حصہ میں قیام کرتے تھے راوی فرماتے ہیں وہ کفار پر لعنت کرتے ہوئے یہ کہتے تھے۔

| | |
|---|---|
| اَللّٰهُمَّ قَاتِلِ الْكَفَرَةَ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِكَ وَيُكَذِّبُوْنَ رُسُلَكَ وَلَا يُؤْمِنُوْنَ بِوَعْدِكَ وَخَالِفْ بَيْنَ كَلِمَتِهِمْ وَاَلْقِ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ وَاَلْقِ عَلَيْهِمْ رِجْزَكَ وَعَذَابَكَ اِلٰهَ الْحَقِّ ۔ | اے اللہ ان کفار کو تباہ و برباد فرما جو تیرے راستہ سے روکتے ہیں اور تیرے رسولوں کو جھٹلاتے ہیں، تیرے وعدے پر ایمان نہیں رکھتے ان کی کلام میں اختلاف پیدا فرما اور ان کے دلوں میں رعب ڈال دے۔ اور ان پر اپنا عذاب نازل فرما۔ |

پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھے پھر مسلمانوں کیلئے حسب استطاعت بھلائی کی دعا مانگے اس کے بعد مومنین کیلئے استغفار کرے۔ فرمایا جب نمازی کفار پر لعنت کرے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے اور مومنوں کے لئے استغفار کرنے اور سوال کرنے سے فارغ ہو تو یہ دعا مانگے۔

| | |
|---|---|
| اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَلَكَ نُصَلِّيْ وَنَسْجُدُ وَاِلَيْكَ نَسْعٰى وَنَحْفِدُ | اے اللہ ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تیرے لئے نماز پڑھتے ہیں اور سجدہ |

وَنَرْجُوْ رَحْمَتَكَ وَنَخَافُ عَذَابَكَ الْجِدَّ اِنَّ عَذَابَكَ بِمَنْ عَاقَبْتَ مُلْحَقٌ۔

کرتے ہیں اور تیری طرف آتے ہیں۔ تیری طرف جلدی کرتے ہیں تیری رحمت کے امیدوار ہیں اور تیرے حقیقی عذاب سے ڈرتے ہیں بیشک تیرا عذاب اسے لاحق ہوگا جسے تونے سزا دی ہے۔

پھر تکبیر کہے اور سجدہ کی طرف جھک جائے۔

معاذ ابی حلیمہ القاری سے مروی کہ وہ قنوت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتے تھے اس روایت کو اسماعیل القاضی اور محمد بن نصر المروزی وغیرہما نے ذکر کیا ہے۔

## نیند سے بیدار ہو کر رات کی نماز کے قیام کے وقت

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

قَالَ يَضْحَكُ اللّٰهُ اِلٰى رَجُلَيْنِ رَجُلٌ لَقِيَ الْعَدُوَّ وَهُوَ عَلٰى فَرَسٍ مِنْ اَمْثَلِ خَيْلِ اَصْحَابِهٖ فَانْهَزَمُوْا وَثَبَتَ فَاِنْ قُتِلَ اِسْتُشْهِدَ وَاِنْ بَقِيَ فَذَالِكَ الَّذِيْ يَضْحَكُ اللّٰهُ اِلَيْهِ وَرَجُلٌ قَامَ فِيْ جَوْفِ اللَّيْلِ لَا يَعْلَمُ بِهٖ اَحَدٌ فَتَوَضَّأَ وَاَسْبَغَ الْوُضُوْءَ ثُمَّ حَمِدَ اللّٰهَ وَمَجَّدَهٗ وَصَلّٰى عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِسْتَفْتَحَ الْقُرْاٰنَ فَذَاكَ الَّذِيْ يَضْحَكُ اللّٰهُ اِلَيْهِ يَقُوْلُ اُنْظُرُوْا اِلٰى عَبْدِيْ قَائِمًا لَا يَرَاهُ اَحَدٌ غَيْرِيْ۔

اے تعالیٰ دو آدمیوں پر اپنی رضا کا اظہار فرماتا ہے، ایک وہ جو دشمن سے ملے درآں حالیکہ وہ اپنے ساتھیوں کے گھوڑوں جیسے گھوڑے پر سوار ہو۔ وہ تمام پسپا ہو جائیں مگر وہ ثابت قدم رہے اگر قتل ہوگیا تو شہید اگر زندہ رہا تو اللہ تعالیٰ اس پر اپنی رضا کا اظہار فرماتا ہے دوسرا وہ شخص جو نصف رات کو اٹھتا ہے۔ حالانکہ اس کی کسی کو خبر نہیں ہوتی وہ وضو کرتا ہے اور مکمل وضو کرتا ہے پھر اللہ تعالیٰ کی حمد اور بزرگی بیان کرتا ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتا ہے اور قرآن شروع کرتا ہے یہ وہ شخص ہے جس پر

اللہ تعالیٰ اپنی رضا کا اظہار فرماتا ہے اور فرماتا ہے میرے بندے کو دیکھو کھڑا ہے اور میرے سوا اسے کوئی نہیں دیکھ رہا۔

نسائی نے عمل الیوم واللیلہ میں اور عبدالرزاق نے صحیح سند کے ساتھ تخریج کی ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے فرمایا۔

مَنْ قَامَ مِنَ اللَّيْلِ فَتَوَضَّأَ فَأَحْسَنَ الْوُضُوْءَ ثُمَّ كَبَّرَ عَشْرًا وَسَبَّحَ عَشْرًا وَتَبَرَّأَ مِنَ الْحَوْلِ وَالْقُوَّةِ عَلَى ذَالِكَ ثُمَّ صَلَّى عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَحْسَنَ الصَّلَاةَ لَمْ يَسْأَلِ اللهَ تَعَالَى شَيْئًا إِلَّا أَعْطَاهُ مِنَ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۔

جو رات کو اٹھا وضو کیا اور اچھی طرح وضو کیا پھر دس مرتبہ اللہ اکبر، دس مرتبہ سبحان اللہ کہا پھر اس پر لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْم کے ساتھ اپنی برات کی پھر درود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر پڑھا اور اچھی طرح صلاۃ پڑھی اللہ تعالیٰ سے دنیا و آخرت کا جو سوال کرے گا وہ اسے عطا فرمائے گا۔

عبدالملک بن حبیب نے اس کو تخریج کیا ہے مگر مجھے اس کی سند کا پتہ نہیں چلا۔

## نماز تہجد کے بعد

نماز تہجد کے بعد درو شریف پڑھنے کے متعلق جو مروی ہے، اس کی سند پر مجھے آگاہی نہیں ہوئی، وہ یہ ہے کہ علی بن عبداللہ بن عباس جب اپنی نماز تہجد سے فارغ ہوتے تو اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرتے پھر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر یوں درود پڑھتے۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ بِأَفْضَلِ مَسْأَلَتِكَ وَبِأَحَبِّ أَسْمَائِكَ إِلَيْكَ وَأَكْرَمِهَا عَلَيْكَ وَبِمَا مَنَنْتَ بِهِ عَلَيْنَا مُحَمَّدٍ نَبِيِّنَا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاسْتَنْقَذْتَنَا بِهِ مِنَ الضَّلَالَةِ وَأَمَرْتَنَا بِالصَّلَاةِ عَلَيْهِ وَجَعَلْتَ صَلَاتَنَا عَلَيْهِ دَرَجَةً

اے اللہ میں سوال کرتا ہوں اس بزرگ ترین سوال کے وسیلہ سے جو تجھ سے کیا جاتا ہے تیرے ان اسماء کے وسیلہ سے جو تجھے ازحد محبوب ہیں اور تیرے نزدیک بڑی عزت والے ہیں اور بوسیلہ اس کے کہ تو نے احسان فرمایا ہم پر اپنے محبوب محمد کو بھیج کر جو

وَكَفَّارَةً وَلُطْفًا وَمَنًّا مِنْ عِطَائِكَ
فَادْعُوْكَ تَعْظِيْمًا لِاَمْرِكَ وَاتِّبَاعًا
لِوَصِيَّتِكَ وَتَنْجِيْزًا لِمَوْعُوْدِكَ بِمَا
يَجِبُ لِنَبِيِّنَا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
عَلَيْنَا مِنْ اَدَاءِ حَقِّهٖ قِبَلَنَا وَاَمَرْتَ
الْعِبَادَ بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ فَرِيْضَةً
اِفْتَرَضْتَهَا فَنَسْئَلُكَ بِجَلَالِ وَجْهِكَ
وَنُوْرِ عَظْمَتِكَ اَنْ تُصَلِّيَ اَنْتَ
وَمَلٰئِكَتُكَ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ
وَرَسُوْلِكَ وَنَبِيِّكَ وَصَفِيِّكَ
اَفْضَلَ مَا صَلَّيْتَ بِهٖ عَلٰى اَحَدٍ
مِنْ خَلْقِكَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ
اَللّٰهُمَّ ارْفَعْ دَرَجَتَهٗ وَاَكْرِمْ مَقَامَهٗ
وَثَقِّلْ مِيْزَانَهٗ وَاَجْزِلْ ثَوَابَهٗ
وَاَفْلِجْ حُجَّتَهٗ وَاَظْهِرْ مِلَّتَهٗ وَاَضِئْ
نُوْرَهٗ وَاَدِمْ ذُرِّيَّتَهٗ وَاَهْلَ بَيْتِهٖ
مَا تَقَرُّ بِهٖ عَيْنُهٗ وَعَظِّمْهُ فِي
النَّبِيِّيْنَ الَّذِيْنَ خَلَوْا قَبْلَهٗ
اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ مُحَمَّدًا اَكْثَرَ
النَّبِيِّيْنَ تَبَعًا اَكْثَرُ وُزَرَاءَ وَاَفْضَلَهُمْ
كَرَامَةً وَنُوْرًا وَاَعْلَاهُمْ دَرَجَةً
وَاَفْسَحَهُمْ فِي الْجَنَّةِ مَنْزِلًا وَاَفْضَلَهُمْ
ثَوَابًا وَاَقْرَبَهُمْ مَجْلِسًا وَاَثْبَتَهُمْ
مَقَامًا وَاَصْوَبَهُمْ كَلَامًا وَاَنْجَحَهُمْ
مَسْئَلَةً وَاَفْضَلَهُمْ لَدَيْكَ نَصِيْبًا

ہمارے نبی ہیں صلی اللہ علیہ وسلم اور نکالا تونے ہمیں اس کے سبب گمراہی سے اور حکم دیا کہ ہم آپ پر درود پڑھیں اور بنا دیا آپ پر ہمارے درود کو بلندی درجہ کفارہ گناہ اور لطف واحسان کا سبب اپنی بخششوں سے پس میں تیرے حکم کی تعظیم کرتے ہوئے التجا کرتا ہوں۔

اور تیری وصیت کی پیروی کرتے ہوئے اور تیرے وعدہ کے ایفاء کی طلب کرتے ہوئے اس کے لئے جو ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے حق کی ادائیگی ہم پر لازم ہے اور تونے حکم دیا ہے بندوں کو کہ درود بھیجیں آپ پر یہ ایسا فریضہ ہے جو تونے فرض کیا ہے۔ پس ہم سوال کرتے ہیں تجھ سے اے اللہ تیری ذات کی بزرگی اور تیری عظمت کے نور کے وسیلہ سے یہ کہ توبھی درود پڑھے اور تیرے فرشتے بھی محمد پر جو تیرے بندے، تیرے رسول، تیرے نبی اور تیرے چنے ہوئے ہیں ایسا درود جو افضل ہو ان درودوں سے جو تونے اپنی مخلوق سے کسی پر بھیجا ہے بیشک تو حمید مجید ہے۔ اے اللہ بلند کر دے آپ کے درجہ کو اور معزز کر دے آپ کے مقام کو اور وزنی کر دے ان کے میزان کو اور زیادہ کر دے آپ کے ثواب کو اور

وَاَعْظَمَهُمْ فِيْمَا عِنْدَكَ رَغْبَةً وَاَنْزِلْهُ فِيْ غُرُفَةِ الْفِرْدَوْسِ مِنَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰى، اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ مُحَمَّدًا اَصْدَقَ قَائِلٍ وَاَنْجَحَ سَائِلٍ وَاَوَّلَ شَافِعٍ وَاَفْضَلَ مُشَفَّعٍ وَشَفِّعْهُ فِيْ اُمَّتِهٖ شَفَاعَةً يَغْبِطُهُ بِهَا الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ وَاِذَا مَيَّزْتَ عِبَادَكَ لِفَصْلِ الْقَضَاءِ اِجْعَلْ مُحَمَّدًا فِي الْاَصْدَقِيْنَ قِيْلًا وَالْاَحْسَنِيْنَ عَمَلًا وَفِي الْمُهْدِيِّيْنَ سَبِيْلًا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ نَبِيَّنَا لَنَا فَرَطًا وَحَوْضَهٗ لَنَا مَوْرِدًا اَللّٰهُمَّ احْشُرْنَا فِيْ زُمْرَتِهٖ وَاسْتَعْمِلْنَا بِسُنَّتِهٖ وَتَوَفَّنَا عَلٰى مِلَّتِهٖ وَجْعَلْنَا فِيْ زُمْرَتِهٖ وَحِزْبِهٖ اَللّٰهُمَّ وَاَجْمَعْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهٗ كَمَا اٰمَنَّا بِهٖ وَلَمْ نَرَهُ وَلَا تُفَرِّقْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهٗ حَتّٰى تُدْخِلَنَا مُدْخَلَهٗ وَتَجْعَلَنَا مِنْ رُفَقَائِهٖ مَعَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰئِكَ رَفِيْقًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ نُوْرِ الْهُدٰى وَالْقَائِدِ اِلَى الْخَيْرِ وَالدَّاعِيْ اِلَى الرُّشْدِ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ وَاِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَرَسُوْلِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ كَمَا بَلَّغَ رِسَالَتَكَ وَتَلَا اٰيَاتِكَ وَنَصَحَ لِعِبَادِكَ وَاَقَامَ حُدُوْدَكَ

روشن کر دے آپ کی حجت کو اور غالب کر دے آپ کی ملت کو اور روشن کر دے آپ کے نور کو اور دوام دے آپ کی اولاد اور آپ کے اہل بیت کو جس سے ٹھنڈی ہوں آپ کی آنکھیں اور بلند کر دے آپ کو نبیوں میں جو آپ سے پہلے گزر چکے ہیں۔ اے اللہ بنا دے ہمارے آقا محمد کو کہ تمام نبیوں سے زیادہ آپ کے تابعدار ہوں اور آپ وزرات اور کرامت و نور کے لحاظ سے ان سب سے افضل ہوں اور آپ کا درجہ سب سے بلند ہو اور جنت میں آپ کی منزل سب سے وسیع ہو اور بلحاظ ثواب سب سے افضل ہو اور بلحاظ مجلس سب سے زیادہ تیرا قریبی ہو اور ازروئے مقام سب سے زیادہ مضبوط ہو ازروئے کلام سب سے سچا بنا ازروئے سوال سب سے کامیاب حصہ کے لحاظ سے سب سے افضل اور جو کچھ تیرے پاس ہے اس میں زیادہ رغبت کرنے والا ہو، اور آپ کو فردوس بریں کے محلات میں اونچے درجہ میں اتار اے اللہ بنا دے محمد کو بولنے میں سب سے زیادہ سچا، ہر مانگنے والے سے زیادہ بامراد سب سے پہلا شفاعت کرنے والا ان سب سے افضل جن کی شفاعت قبول کی جائے گی اور آپ کو شفیع

وَوَفِّ بِعَهْدِكَ وَانْفِذْ حُكْمَكَ وَأْمُرْ بِطَاعَتِكَ وَانْهَ عَنْ مَعَاصِيكَ وَوَالِ وَلِيَّكَ الَّذِي تُحِبُّ أَنْتَ تُوَالِي بِهِ وَعَادِ عَدُوَّكَ الَّذِي تُحِبُّ أَنْ تُعَادِي بِهِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلٰى جَسَدِهِ فِي الْأَجْسَادِ وَعَلٰى رُوحِهِ فِي الْأَرْوَاحِ وَعَلٰى مَوْقِفِهِ فِي الْمَوَاقِفِ وَعَلٰى مَشْهَدِهِ فِي الْمَشَاهِدِ وَعَلٰى ذِكْرِهِ إِذَا ذُكِرَ صَلَاةً مِنَّا عَلٰى نَبِيِّنَا اَللّٰهُمَّ أَبْلِغْهُ مِنَّا السَّلَامَ كُلَّمَا ذُكِرَ السَّلَامُ عَلَى النَّبِيِّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَلَائِكَتِكَ الْمُقَرَّبِينَ وَعَلٰى أَنْبِيَائِكَ الْمُطَهَّرِينَ وَعَلٰى رُسُلِكَ الْمُرْسَلِينَ وَعَلٰى حَمَلَةِ عَرْشِكَ أَجْمَعِينَ وَعَلٰى جِبْرِيلَ وَمِيكَائِيلَ وَمَلَكِ الْمَوْتِ وَرِضْوَانٍ وَمَالِكٍ وَصَلِّ عَلَى الْكِرَامِ الْكَاتِبِينَ وَعَلٰى أَهْلِ بَيْتِ نَبِيِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفْضَلَ مَا جَزَيْتَ أَحَدًا مِنْ أَصْحَابِ الْمُرْسَلِينَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ الْأَحْيَاءِ مِنْهُمْ وَالْأَمْوَاتِ وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ سَبَقُونَا بِالْإِيمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِي قُلُوبِنَا غِلًّا لِلَّذِينَ آمَنُوا رَبَّنَا إِنَّكَ رَءُوفٌ رَحِيمٌ۔

بنا آپ کی امت کا ایسی شفاعت کے ساتھ کر رشک کرنے لگیں آپ کے ساتھ پہلے بھی اور پچھلے بھی اور جب تو الگ الگ کرے اپنے بندوں کو اپنے حکم سے تو پس بنا دے محمد کو ان بندوں سے جو قول کے لحاظ سے سب سے سچے اور عمل کے لحاظ سے سب سے اچھے ہیں اے اللہ بنا دے ہمارے نبی کو ہمارے لئے ہمارا پیشوا اور آپ کے حوض کو ہمارے لئے اترنے کی جگہ اے اللہ ہمارا حشر فرما آپ کے گروہ میں اور ہمیں آپ کی سنت پر عمل کرنے کی توفیق دے اور آپ کی ملت پر ہماری وفات ہو اور ہمیں کر دے آپ کے گروہ سے اور آپ کی جماعت سے اے اللہ اکٹھا کر ہمیں آپ کے ساتھ جس طرح ہم ایمان لائے آپ کے ساتھ حالانکہ ہم نے آپ کو دیکھا نہیں پس نہ جدا کرنا ہمیں آپ سے یہاں تک کہ داخل فرمائے تو ہمیں آپ کے داخل ہونے کی جگہ اور بنا دے ہمیں آپ کے رفقاء سے جن پر انعام کیا گیا ہے نبیوں، صدیقوں، شہیدوں اور صالحین سے یہ لوگ کتنے اچھے ہیں۔ اللہ درود بھیج محمد پر جو ہدایت کا نور اور بھلائی کے راہنما ہیں اور راہ راست کی طرف بلانے والے ہیں نبی رحمت، متقین کے امام اور رسول رب

العالمین ہیں جس طرح پہنچایا آپ نے تیرا
پیغام اور خیر خواہی کی تیرے بندوں کی اور
تلاوت کی تیری آیتوں کی اور قائم کیں تیری
حدود اور پورا کیا تیرے عہد کو نافذ کیا تیرے
حکم کو اور حکم دیا تیری فرمانبرداری کا اور منع
کیا تیری نافرمانی سے اور دوستی کی تیرے ایسے
دوست سے جس کو تو پسند کرتا ہے کہ اس
سے دوستی کی جائے اور دشمنی کی تیرے دشمن
سے جس سے تو دشمنی کرنے کو پسند کرتا ہے
درود بھیجے اللہ تعالیٰ ہمارے آقا محمد پر اے
اللہ درود بھیج آپ کے جسد اطہر پر جسموں
میں آپ کی روح مبارک پر تمام روحوں میں
اور آپ کے کھڑے ہونے کی جگہ پر تمام
مواقف میں اور آپ کے تشریف فرما ہونے
کی جگہ پر تمام مشاہد میں اور آپ کے ذکر پر
جب ہماری طرف سے اپنے نبی کریم پر درود
کا ذکر کیا جائے۔ اے اللہ پہنچادے آپ کی
بارگاہ میں ہماری طرف سے سلام جب بھی
سلام کا ذکر کیا جائے اور سلامتی ہو نبی کریم
پر اور اللہ کی رحمتیں اور برکتیں ہوں آپ پر
اے اللہ درود بھیج اپنے مقرب فرشتوں پر
اور اپنے پاکیزہ انبیاء پر اور اپنے بھیجے ہوئے
رسولوں پر اور حاملین عرش پر اور سیدنا جبریل
سیدنا میکائیل، سیدنا ملک الموت، سیدنا

رضوان اور سیدنا مالک پر جو داروغہ دوزخ
ہیں۔ اور درود بھیج کراماً کاتبین پر اور اپنے
نبی کے اہل بیت پر افضل ترین جو تونے جزا
دی اپنے دوسرے رسول کے اصحاب میں
سے کسی کو اے اللہ مغفرت فرما مومن
مردوں اور مومن عورتوں کو جو زندہ ہیں ان
میں سے اور جو وفات پا چکے ہیں اور ہمارے
ان بھائیوں کی جو ہم سے پہلے گذر چکے ہیں
ایمان کے ساتھ اور نہ ڈال ہمارے دلوں
میں کینہ ان لوگوں کے لئے جو ایمان لائے۔
اے ہمارے پروردگار بیشک تو از حد مہربان
ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

حضرت سعید بن ہشام سے مروی ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا ہم حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے مسواک اور پانی تیار کرتے پھر اللہ تعالیٰ جتنا چاہتا آپ کو رات کے وقت بیداری کی توفیق عطا فرماتا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم رات کو اٹھ کر مسواک فرماتے، وضو فرماتے پھر نو رکعت ایسی ادا فرماتے جس میں قعدۂ صرف آٹھویں رکعت پر کرتے قعدہ میں پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد کرتے پھر درود پڑھتے اور دعا مانگتے مگر سلام نہ پھیرتے پھر نویں رکعت پڑھتے اور قعدہ کرتے۔ اس میں بھی پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد پھر اپنے اوپر درود اور دعا فرماتے اس کے بعد سلام پھیرتے جو ہم سن لیتے، پھر علیحدہ دو رکعت بیٹھ کر ادا فرماتے یہ حدیث ابن ماجہ اور نسائی نے تخریج کی ہے۔

مساجد میں داخل ہونے، ان سے گذرنے اور ان سے نکلنے کے وقت درود پڑھنا۔
حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرمایا۔

اِذَا مَرَرْتُمْ بِالْمَسَاجِدِ فَصَلُّوْا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

جب تم مساجد کے قریب سے گذرو تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجو۔

اس حدیث کو قاضی اسماعیل نے تخریج کیا ہے۔

حضرت فاطمہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مروی ہے فرمایا۔

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ صَلَّى عَلَى مُحَمَّدٍ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ وَافْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَاِذَا خَرَجَ صَلَّى عَلَى مُحَمَّدٍ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ وَافْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ فَضْلِكَ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مسجد میں داخل ہوتے تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود اور سلام بھیجتے پھر یہ دعا مانگتے اے اللہ میرے گناہ معاف فرما اور میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے جب باہر نکلتے تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام پڑھتے پھر یہ دعا مانگتے، اے اللہ میرے گناہ معاف فرما اور میرے لئے اپنے فضل کے دروازے کھولدے

اس حدیث کو احمد اور امام ترمذی نے تخریج کیا ہے اور فرمایا یہ حسن ہے اس کی اسناد متصل نہیں ہے، ہم نے فاکہانی کی حدیث سے لی ہے۔ ان کے طریق سے ابن بشکوال نے بھی تخریج کی ہے۔

حضرت ابی حمید یا ابی اسید الساعدی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ اَحَدُكُمْ فِي الْمَسْجِدِ فَلْيُسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ لِيَقُلْ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَاِذَا خَرَجَ مِنَ الْمَسْجِدِ فَلْيُسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ لِيَقُلْ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ فَضْلِكَ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی مسجد میں داخل ہو تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام بھیجے پھر یہ دعا مانگے اے اللہ میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے اور جب مسجد سے باہر نکلے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام بھیجے پھر یہ دعا مانگے اللہ میرے لئے اپنے فضل کے دروازے کھول دے۔

اس حدیث کو الطبرانی اور بیہقی نے الدعاء میں ابو عوانہ نے اپنی صحیح میں ابو داؤد، نسائی، ابن ماجہ، ابن السنی اور ابن خزیمہ اور ابن حبان نے اپنی اپنی صحیح میں روایت کیا ہے اس کی اصل مسلم میں ہے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرمایا۔

عَلَّمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ إِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ أَنْ يُصَلِّيَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَقُوْلُ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَافْتَحْ لَنَا أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ فَإِذَا خَرَجَ مِنْهُ قَالَ مِثْلَ ذَالِكَ لٰكِنْ يَقُوْلُ افْتَحْ لَنَا أَبْوَابَ فَضْلِكَ۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حسن کو سکھایا کہ جب مسجد میں داخل ہو تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے اور یہ دعا مانگے اے اللہ ہمارے گناہ معاف فرما اور ہمارے لئے رحمت کے دروازے کھول دے جب باہر نکلے تو اسی طرح کہے لیکن دعا میں ابواب فضلک کہے۔

اس حدیث کو الطبرانی، ابن السنی نے تخریج کیا ہے اور اس کی سند ضعیف ہے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَإِذَا خَرَجَ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مسجد میں داخل ہوتے تو کہتے بسم اللہ اللہم صل علی محمد جب باہر نکلتے تو کہتے بسم اللہ اللہم صل علی محمد۔

اس حدیث کو ابن السنی نے عمل الیوم واللیلہ میں روایت کیا ہے اور اس کی سند میں ایک غیر معروف راوی ہے۔

حضرت ابو ہریرہ سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا دَخَلَ أَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلْيُسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلْيَقُلْ اللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ أَبْوَابَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی مسجد میں داخل ہو تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام بھیجے پھر اللہم افتح لی ابواب رحمتک کہے جب نکلے تو نبی کریم صلی

رَحْمَتِكَ وَإِذَا خَرَجَ فَلْيُسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلْيَقُلْ اَللّٰهُمَّ اعْصِمْنِيْ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ۔

اللہ علیہ وسلم پر سلام بھیجے پھر یہ دعا مانگے اللھم اعصمنی من الشیطان الرجیم (مجھے شیطان مردود سے محفوظ رکھ)

اس حدیث کو نسائی نے عمل الیوم واللیلہ میں ابن ماجہ، ابن حبان، ابن خزیمہ، نے اپنی اپنی صحیح میں حاکم نے مستدرک میں روایت کی ہے اور حاکم نے کہا ہے یہ حدیث شیخین کی شرط پر صحیح ہے انہوں نے تخریج نہیں کی نسائی نے المقبری کی روایت عن ابی ہریرہ عن کعب کی علت بیان کی ہے اور کہا ہے یہ صواب کے قریب تر ہے، ہمارے شیخ نے بھی یہی فائدہ لکھا ہے اور فرمایا جس نے اس کو صحیح کہا ہے اس پر یہ علت پوشیدہ رہی لیکن فی الجملہ یہ اپنے شواہد کی وجہ سے حسن ہے۔

حضرت عبداللہ بن سلام سے مروی ہے جب وہ مسجد میں داخل ہوتے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام بھیجتے پھر یہ دعا مانگتے اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ جب باہر نکلتے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتے اور شیطان مردود سے پناہ مانگتے۔ اس حدیث کو الحارث بن ابی اسامہ نے روایت کیا ہے اور موقوف ہونے کے باوجود اس کی سند میں انقطاع ہے۔

حضرت ابی الدرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں جب میں مسجد میں داخل ہوتا ہوں تو السلام علیک یارسول اللہ کہتا ہوں۔

اس حدیث کو العدنی نے اپنی مسند میں روایت کیا ہے۔

حضرت المقبری سے مروی ہے کہ کعب الاحبار نے حضرت ابوہریرہ کو کہا میں تجھے دو چیزیں بتاتا ہوں ان کو کبھی ترک نہ کرنا جب تو مسجد میں داخل ہو تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج اور یہ کہہ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ اور جب تو باہر نکلے تو اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَاحْفِظْنِيْ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ کہہ۔

اس کو نمیری نے نقل کیا ہے اور قریب ہی اس کی طرف اشارہ گذر چکا ہے۔

ابن ابی عاصم نے حضرت ابوہریرہ کی مرفوع حدیث سے تخریج کیا ہے۔

جب تم میں سے کوئی مسجد میں داخل ہو تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے اور یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ اعْصِمْنَا مِنَ الشَّيْطَانِ۔ اے اللہ ہمیں شیطان سے محفوظ رکھ علقمہ بن

قیس سے مروی ہے فرمایا۔

إِذَا دَخَلْتَ الْمَسْجِدَ فَقُلْ صَلَّى اللّٰهُ وَمَلَائِكَتُهُ عَلَى مُحَمَّدٍ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ۔

جب تو مسجد میں داخل ہو تو کہہ اللہ درود بھیجے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور سلام ہو تجھ پر اے نبی اور اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور اس کی برکات ہوں۔

اس کو اسماعیل القاضی اور النمیری نے تخریج کیا ہے۔

محمد بن سیرین سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

كَانَ النَّاسُ يَقُولُونَ إِذَا دَخَلُوا الْمَسْجِدَ صَلَّى اللّٰهُ وَمَلَائِكَتُهُ عَلَى مُحَمَّدٍ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ بِسْمِ اللّٰهِ دَخَلْنَا وَبِاسْمِ اللّٰهِ خَرَجْنَا وَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا وَكَانُوا يَقُولُونَ إِذَا خَرَجُوا بِسْمِ اللّٰهِ دَخَلْنَا وَبِسْمِ اللّٰهِ خَرَجْنَا

لوگ جب مسجد میں داخل ہوتے تو کہتے صَلَّى اللّٰهُ وَمَلَائِكَتُهُ عَلَى مُحَمَّدٍ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ ہم اللہ کے نام سے داخل ہوئے اور اللہ کے نام سے نکلے اور ہم اللہ تعالیٰ پر توکل کرتے ہیں اور نکلتے وقت بھی بِسْمِ اللّٰهِ دَخَلْنَا وَبِسْمِ اللّٰهِ خَرَجْنَا کہتے تھے۔

اس کو النمیری نے روایت کیا ہے۔

حضرت ابراہیم سے مروی ہے کہ وہ جب مسجد میں داخل ہوتے تو کہتے بسم اللہ والسلام علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابراہیم فرماتے جب تو مسجد میں داخل ہو تو السلام علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہہ اور جب تو گھر میں داخل ہو اور کوئی شخص اس میں نہ ہو تو اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلَى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ کہہ۔

ابن المبارک نے اس کو الاستیذان میں تخریج کیا ہے۔

## اذان کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ۔

أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ

وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِذَا سَمِعْتُمُ الْمُؤَذِّنَ فَقُوْلُوْا مِثْلَ مَا یَقُوْلُ ثُمَّ صَلُّوْا عَلَیَّ فَاِنَّهٗ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلٰوۃً صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ بِهَا عَشْرًا ثُمَّ سَلُوا اللّٰہَ تَعَالٰی الْوَسِیْلَةَ فَاِنَّهَا مَنْزِلَةٌ فِی الْجَنَّةِ لَا تَنْبَغِیْ اِلَّا لِعَبْدٍ مِّنْ عِبَادِ اللّٰہِ تَعَالٰی وَاَرْجُوْ اَنْ اَکُوْنَ هُوَ اَنَا فَمَنْ سَاَلَ اللّٰہَ لِیَ الْوَسِیْلَةَ حَلَّتْ لَهُ الشَّفَاعَةُ۔

فرماتے سنا کہ جب تم موذن کی اذان سنو تو اسی طرح کہو جس طرح وہ کہتا ہے پھر مجھ پر درود بھیجو جو ایک مرتبہ مجھ پر درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس کے بدلے اس پر دس مرتبہ درود بھیجے گا پھر اللہ تعالیٰ سے وسیلہ کا سوال کر یہ جنت میں ایک مقام ہے جو صرف اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سے ایک بندے کو ملے گا۔ میں امید کرتا ہوں کہ وہ میں ہونگا جو میرے لئے اللہ تعالیٰ سے وسیلہ کا سوال کرے گا اس کے لئے میری شفاعت واجب ہے۔

اس حدیث کو مسلم نے اور ابن ماجہ کے سوا چاروں عظیم و مشہور محدثین نے، بیہقی اور ابن زنجویہ وغیرہم نے روایت کیا ہے ابن ابی عاصم نے مطول و مختصر نقل کی ہے مطول تو اسی طرح ہے جو یہاں ذکر ہے اور مختصر کے لفظ یہ ہیں "سَلُوا اللّٰہَ تَعَالٰی لِیَ الْوَسِیْلَةَ فَاِنَّهَا مَنْزِلَةٌ فِی الْجَنَّةِ لِعَبْدٍ مِّنْ عِبَادِ اللّٰہِ وَاَرْجُوْ اَنْ اَکُوْنَ اَنَا هُوَ مَنْ سَاَلَهَا حَلَّتْ لَهٗ شَفَاعَتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ"

تنبیہ حلت کا معنی وجبت ہے جیسا کہ متعدد روایات میں تصریح ملتی ہے اور استحقت ہے یا نزلت بہ ہے پہلی صورت میں حل کا مضارع یحل بکسر الحاء المھملہ ہوگا اور دوسری صورت میں یحل بضم الحاء المھملہ ہوگا، الحل سے مشتق کرنا جائز نہیں کیونکہ اس سے پہلے بھی شفاعت حرام نہ تھی لام بمعنی علی ہے مسلم کی روایت اس کی موید ہے کیونکہ اس حلت علیہ ہے۔

اس حدیث میں ایسا کرنے والے کیلئے عظیم اشارہ ہے اس حیثیت سے کہ اسے شفاعت کے واجب ہونے کی خوشخبری دی گئی ہے جو شفاعت صرف حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مسلمان امتیوں کیلئے ہوگی بعض علماء اس پر یہ اشکال ظاہر کیا ہے کہ شفاعت کو ایسا کرنے والے کیلئے یہاں ثواب بنایا گیا ہے کہ حضور نبی اکریم صلی اللہ علیہ وسلم کی کئی شفاعات ہیں، انشاء اللہ تھوڑی دیر بعد اس کی تعیین ایک دوسرے جواب کے ساتھ ذکر کی

جائے گی۔ قاضی عیاض نے بعض شیوخ سے نقل کیا ہے کہ یہ کرامت صرف اسی شخص کیلئے ہے جو پورے خلوص کے ساتھ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اجلال کو ذہن میں مستحضر کر کے پڑھتا ہے جو صرف ثواب کی نیت سے پڑھتا ہے اس کے لئے نہیں ہمارے شیخ نے بھی ایسا ہی کہا ہے مگر یہ ایک غیر پسندیدہ فیصلہ ہے۔ ہاں اگر غافل کو غفلت سے نکالنے کیلئے ایسا کہا ہو تو پھر حقیقی مفہوم سے مشابہت ہو سکتی ہے۔

## حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کیلئے وسیلہ طلب کرنا

اگر یہ کہا جائے کہ وسیلہ کو طلب کرنے کا کیا فائدہ ہے جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد موجود ہے کہ میں امید کرتا ہوں کہ وہ عبد مقرب میں ہونگا۔ اور یہ یقینی بات ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امید نامراد نہیں ہوتی اس کا جواب یہ ہے کہ ہم جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حکم کی پیروی کرتے ہوئے وسیلہ کو طلب کرتے ہیں تو اس کا فائدہ ہماری طرف لوٹتا ہے، یہ ایسے ہے جیسے ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام پیش کرتے ہیں حالانکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلے، پچھلے سب گناہ معاف کر دیئے گئے ہیں جیسا کہ ہم نے مقدمہ میں ذکر کر دیا ہے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ حِيْنَ يُنَادِي الْمُنَادِي اللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَارْضَ عَنْهُ رِضَاءً لَا سُخْطَ بَعْدَهُ اِسْتَجَابَ اللّٰهُ دَعْوَتَهُ۔

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب موذن اذان دیتا ہے اور اس وقت کوئی یہ دعا مانگتا ہے اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَارْضَ عَنْهُ رِضَاءً لَا سُخْطَ بَعْدَهُ تو اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول فرماتا ہے۔

اس حدیث کو احمد نے اپنی مسند میں۔ ابن السنی نے عمل الیوم واللیلہ میں الطبرانی نے الاوسط میں روایت کیا ہے اور ابن وہب نے اپنی جامع میں اس کے لفظ یہ ہیں۔

مَنْ قَالَ حِیْنَ یَسْمَعُ الْمُؤَذِّنَ اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّامَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَائِمَۃِ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَاَعْطِہِ الْوَسِیْلَۃَ وَالشَّفَاعَۃَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ حَلَّتْ لَہٗ شَفَاعَتِیْ۔ جس نے موذن کی اذان سن کر یہ دعا پڑھی اَللّٰھُمَّ رَبَّ ہٰذِہِ الدَّعْوَۃِ الخ اس کے لئے میری شفاعت واجب ہے۔

اس کی سند میں ابن البیعہ میں لیکن اصل حدیث بخاری میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود کے بغیر ہے اس کے الفاظ یہ ہیں "مَنْ قَالَ حِیْنَ یَسْمَعُ النِّدَاءَ اَللّٰھُمَّ رَبَّ ہٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّامَّۃِ وَالصَّلَاۃِ الْقَائِمَۃِ آتِ مُحَمَّدًا الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَحْمُوْدًا الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ حَلَّتْ شَفَاعَتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ۔ "

حضرت جابر کی حدیث کے ظاہر سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ذکر مذکور حالت سماع میں کیا جائے۔ فراغت کے ساتھ مقید نہیں ہے لیکن احتمال ہے کہ نداء سے مراد اس کا اتمام ہو کیونکہ مطلق کو کامل پر محمول کیا جاتا ہے اور پہلی حدیث اس احتمال کی تائید بھی کرتی ہے جہاں فرمایا قُوْلُوْا مِثْلَ مَا یَقُوْلُ ثُمَّ صَلُّوْا ثُمَّ سَلُوْا۔

## رضاء لا سخط بعدہ کا مفہوم

یعنی ایسی رضا جس کے بعد کوئی ناراضگی نہ ہوگی سے مراد وہ ہے جو ایک دوسری حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے یَا اَہْلَ الْجَنَّۃِ اَلْیَوْمَ اُحِلُّ لَکُمْ رِضْوَانِیْ فَلَا سُخْطَ عَلَیْکُمْ بَعْدَہٗ اَبَدًا۔ یعنی اے اہل جنت آج میں تمہارے لئے اپنی رضا واجب کرتا ہوں اس کے بعد کبھی تم پر ناراضگی نہ ہوگی۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی بھی اسی طرح ہے۔ جس کو المستغفری نے الدعوات میں تخریج کیا ہے۔

حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب موذن کی اذان سنتے تو یہ دعا پڑھتے اَللّٰھُمَّ رَبَّ ہٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّامَّۃِ وَالصَّلَاۃِ الْقَائِمَۃِ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَآلِہٖ الْوَسِیْلَۃَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا اپنے ہم نشینوں کو سناتے اور ضروری فرماتے کہ جو اذان سنیں تو اسی طرح کہیں جو اذان سن کر اس طرح کہے گا تو اس کے

لئے قیامت کے روز محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت واجب ہے اس حدیث کو ابن ابی عاصم، الطبرانی نے الدعاء، الکبیر اور الاوسط میں تخریج کیا ہے طبرانی کی روایت کے الفاظ یہ ہیں۔

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَمِعَ النِّدَاءَ قَالَ اللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَاجْعَلْنَا فِيْ شَفَاعَتِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ هٰذَا عِنْدَ النِّدَاءِ جَعَلَهُ اللّٰهُ فِيْ شَفَاعَتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔

جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم اذان سنتے تو یہ دعا پڑھتے اے اللہ۔ اے اس دعوت قائمہ اور صلاۃ قائمہ کے رب درود بھیج محمد پر جو تیرا بندہ اور تیرا رسول ہے اور قیامت کے روز ہمیں اس کی شفاعت میں کر دے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو اذان سن کر ایسا کہے گا قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اسے میری شفاعت میں کر دے گا۔

اس روایت میں ایک راوی صدقہ بن عبداللہ السمین ہے۔

## تحقیق لفظ سؤلہ

سُؤل بضم سین مہملہ، اور ہمزہ ساکنہ کے ساتھ ہے اس کا معنی ہے حاجت، السؤال السؤلہ وہ ضرورت جس کا انسان سوال کرتا ہے اور یہاں مراد شفاعت کبریٰ درجہ علیا، مقام محمود، حوض مورود، لواء الحمد مخلوق سے پہلے جنت کا دخول اور اس کے علاوہ کرامات ہیں جو اس دن میں اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی مکرم کیلئے تیار کر رکھی ہیں۔ للہ الفضل علی ما انعم

حضرت ابن عباس سے مروی فرماتے ہیں۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَمِعَ النِّدَاءَ فَقَالَ أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَبَلِّغْهُ دَرَجَةَ الْوَسِيْلَةِ عِنْدَكَ وَاجْعَلْنَا فِيْ شَفَاعَتِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے اذان سنی اور پھر یہ کلمات کہے ”أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الخ“ میں گواہی دیتا ہوں کہ کوئی معبود برحق نہیں سوائے اللہ وحدہ لاشریک کے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے بندے اور اس کے رسول ہیں،

وَجَبَتْ لَهُ الشَّفَاعَةُ۔

اے اللہ درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور اپنے پاس وسیلہ کا درجہ عطا فرما انہیں اور ہمیں قیامت کے دن آپ کی شفاعت میں کر دے اس کے لئے شفاعت واجب ہے۔

اس حدیث کو الطبرانی نے الکبیر میں روایت کیا ہے اور اس کی سند میں اسحٰق بن عبداللہ بن کیسان ہے جو لین الحدیث ہے۔

حضرت ابن مسعود سے مروی ہے۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مُسْلِمٍ یَقُوْلُ حِیْنَ یَسْمَعُ النِّدَاءَ بِالصَّلَاۃِ فَیُکَبِّرُ وَیَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ وَیَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ ثُمَّ یَقُوْلُ اَللّٰھُمَّ اَعْطِ مُحَمَّدًا نِ الْوَسِیْلَةَ وَالْفَضِیْلَةَ وَاجْعَلْ فِی الْاَعْلَیْنَ دَرَجَتَهٗ وَفِی الْمُصْطَفَیْنَ مَحَبَّتَهٗ وَفِی الْمُقَرَّبِیْنَ ذِکْرَهٗ اِلَّا وَجَبَتْ لَهُ الشَّفَاعَةُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو مسلمان اذان کھڑا ہو کر سنتا ہے اور پھر تکبیر کہتا ہے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کی گواہی دیتا ہے پھر یہ دعا مانگتا ہے اللھم اعط الخ اے اللہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ، فضیلہ عطا فرما آپ کا درجہ اعلیٰ لوگوں میں بنا، آپ کی محبت اپنے چیدہ لوگوں کے دلوں میں ڈال اور آپ کا ذکر مقربین میں کر دے، تو اس کے لئے قیامت کے دن شفاعت واجب ہے۔

اس حدیث کو الطحاوی اور الطبرانی نے اور ان کے طریق سے الحافظ عبدالغنی نے روایت کیا ہے اس کا بعض حصہ پہلے باب میں ایک طویل حدیث میں گذر چکا ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا صَلَّیْتُمْ عَلَیَّ فَسَلُوا اللّٰہَ لِیَ الْوَسِیْلَةَ قِیْلَ وَمَا الْوَسِیْلَةُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ دَرَجَةٌ فِی الْجَنَّةِ لَا یَنَالُهَا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم مجھ پر درود پڑھ لو تو اللہ تعالیٰ سے میرے لئے وسیلہ طلب کرو پوچھا گیا یا رسول اللہ وسیلہ کیا ہے فرمایا جنت میں ایک درجہ ہے جو

اِلَّا رَجُلٌ وَّاحِدٌ وَاَرْجُوْ اَنْ اَکُوْنَ اَنَا هُوَ۔

صرف ایک شخص حاصل کرے گا میں امید کرتا ہوں کہ وہ میں ہونگا۔

اس حدیث کو عبدالرزاق نے اس طرح تخریج کیا ہے مگر ابن ابی عاصم نے مختصراً روایت کیا ہے اس کی سند میں لیث ہے، اس حدیث کا کچھ حصہ دوسرے باب میں گذر چکا ہے

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَالَ الرَّجُلُ حِیْنَ یُؤَذِّنُ الْمُؤَذِّنُ اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَائِمَةِ اَعْطِ مُحَمَّدًا سُؤْلَهٗ نَالَتْهُ شَفَاعَتِیْ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب آدمی موذن کی اذان سن کر یہ دعا مانگے گا۔ اے اللہ، اے اس دعوت تامہ اور صلاۃ قائمہ کے رب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا سوال عطا فرما تو میری شفاعت اسے حاصل ہوگی۔

اس حدیث کو الحافظ عبدالغنی المقدسی وغیرہ نے روایت کیا ہے۔

اس باب کے اوائل میں اقامت کے وقت حضرت حسن سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا روایت کیا گیا ہے۔

عبدالکریم سے مروی ہے فرماتے ہیں جب آدمی اذان کی ابتدا سنے اور کہے "اَللّٰهُ اَکْبَرُ اَللّٰهُ اَکْبَرُ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَبْلِغْهُ دَرَجَةَ الْوَسِیْلَةِ مِنَ الْجَنَّةِ" تو قیامت کے روز اس کے لئے شفاعت واجب ہے اور جب موذن حَیَّ عَلَی الصَّلٰوةِ کہے تو سننے والا لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ کہے اور جب موذن حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کہے تو سننے والا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِنْ اَهْلِ الْفَلَاحِ کہے۔

اس کو ابن وہب کے طریق سے نمیری نے تخریج کیا ہے۔

## فائدہ: تحقیق معنی الوسیلہ والفضیلہ والمقام المحمود

الوسیلہ:۔ علماء لغت فرماتے ہیں وسیلہ سے مراد ہر وہ چیز جس کے ذریعے کسی بڑے بادشاہ کا قرب حاصل کیا جائے کہا جاتا ہے توسلت ای تقربت اور اس کا اطلاق المنزلۃ العلیا یعنی بلند

منزل پر بھی ہوتا ہے جیساکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد میں صراحت ہے فَاِنَّہَا مَنْزِلَۃٌ فِی الْجَنَّۃِ۔ اور اس کو پہلے مفہوم کی طرف لوٹانا بھی ممکن ہے کیونکہ اس منزل تک پہنچنے والا اللہ تعالیٰ کے قریب ہوتا ہے۔ پس یہ اس قربت کی طرح ہے جس کے ذریعے قرب حاصل کیا جاتا ہے اللہ تعالیٰ کے ارشاد وَابْتَغُوْا اِلَیْہِ الْوَسِیْلَۃَ پر مفسرین کا اختلاف ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ اس الوسیلہ سے مراد قربت ہے۔ یہ معنی ابن عباس، مجاہد عطاء اور الفراء سے حکایت کیا گیا ہے قتادہ فرماتے ہیں اس کا معنی ہے اس کا قرب حاصل کر اس چیز کے ساتھ جو اسے پسند ہے، ابو عبیدہ نے فرمایا توسلت الیہ تقربت توسلت الیہ کا معنی ہے تقربت۔ الزمخشری، الواحد اور البغوی کا یہی پسندیدہ قول ہے فرمایا الوسیلہ کما یتوسل بہ۔ ای بتقرب من قرابہ او صیغہ اس قول کی وجہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنا بھی ہے التوسل الی اللہ تعالیٰ نبیہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

دوسرا قول یہ ہے کہ الوسیلہ سے مراد المحبتہ ہے ای تَحَبَّبُوْا اِلَی اللّٰہِ الماوردی، ابو الفرج نے ابو زید سے یہی معنی حکایت کیا ہے یہ بھی پہلے معنی کی طرف راجع ہے۔

الفضیلہ: یہاں اس سے مراد تمام مخلوق پر بلند و زائد مرتبہ ہے اور یہ بھی احتمال ہے کہ یہ کوئی دوسری منزل ہو یا وسیلہ کی تفسیر ہو۔ المقام المحمود:۔ اللہ تعالیٰ کے ارشاد عَسٰی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا سے یہی مقام محمود مراد ہے اس مقام پر کھڑے ہونے والے کی حمد کی جائے اس کا اطلاق ہر اس کام پر ہوتا ہے جو حمد و ثنا کا باعث ہو۔

(عسٰی) یہ لفظ اللہ تعالیٰ کی طرف سے تحقیق و وقوع کیلئے ہوتا ہے، جیساکہ ابن عینیہ سے اس کی صحت کا قول مروی ہے اور مقام محمود میں اختلاف کیا گیا ہے بعض فرماتے ہیں اس سے مراد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر امت کی تصدیق و تکذیب کی گواہی دینا ہے بعض فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ چونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو لواء الحمد اسی مقام پر عطا فرمائے گا اس لئے مقام محمود کہا گیا ہے۔ بعض فرماتے ہیں اس سے اللہ تعالیٰ کا اپنے محبوب کو عرش پر بٹھانا ہے، بعض فرماتے ہیں الکرسی پر بٹھانا ہے یہ دونوں مفہوم ابن جوزی نے ایک جماعت سے حکایت کئے ہیں۔

بعض فرماتے ہیں اس مراد الشفاعۃ ہے کیونکہ یہ وہ مقام ہے، جس پر اولین و آخرین

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حمد کریں گے۔ اس کی تائید احادیث شفاعت کرتی ہیں الواحدی نے اس پر مفسرین کا اجماع خیال کیا ہے۔ مصنف فرماتے ہیں میں کہتا ہوں ان اقوال کی صحت کی تقدیر پر یہ احتمال ان کے منافی نہیں ہے کہ اس مقام پر اجلاس شفاعت کے اذن کی علامت ہو۔ جب آپ بیٹھیں گے تو اللہ تعالیٰ انہیں لواء حمد عطا فرمائے گا آپ اجابت کی گواہی دیں گے۔ اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ مقام محمود سے مراد شفاعت ہو جیسا کہ مشہور ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ مقام محمود سے مراد اجلاس ہو جسے وسیلہ اور فضیلہ سے تعبیر کیا گیا ہے۔

ابن حبان کی صحیح میں کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کی مرفوع حدیث ہے۔

يَبْعَثُ اللّٰهُ النَّاسَ فَيَكْسُوْنِيْ رَبِّيْ حُلَّةً خَضْرَاءَ فَاَقُوْلُ مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ اَقُوْلَ فَذَالِكَ الْمَقَامُ الْمَحْمُوْدُ۔

اللہ تعالیٰ تمام لوگوں کو دوبارہ زندہ کرے گا پھر میرا رب مجھے سبز لباس عطا فرمائے گا اس کے بعد جتنا اللہ تعالیٰ چاہے گا اس کی حمد کروں گا یہ مقام محمود ہے۔

ہمارے شیخ فرماتے ہیں قول مذکور سے مراد وہ ثناء ہے جو آپ شفاعت سے پہلے کریں گے اور مقام محمود سے مراد، اس حالت میں جو کچھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہوگا اس کا مجموعہ ہے۔ واللہ اعلم۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی کئی شفاعتیں ہیں۔ قیامت کے دن شفاعت عظمیٰ تو تمام لوگوں کیلئے ہوگی تاکہ اللہ تعالیٰ انہیں راحت بخشے اس تکلیف سے جس میں وہ قضاء کے حکم سے مبتلا ہیں۔ یہ وہ مقام محمود ہے جس میں اولین و آخرین آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف کریں گے، ایک شفاعت ان کے لئے ہوگی جو جنت میں بغیر حساب کے داخل ہونگے۔ ایک شفاعت ان مجرموں کیلئے جو اپنے گناہوں کے سبب دوزخ میں داخل ہونگے پھر نکال لئے جائیں گے، ایک شفاعت ان لوگوں کیلئے جو دوزخ کے مستحق تو ہو چکے ہونگے مگر شفاعت سے اس میں داخل نہ ہونگے۔

ایک شفاعت جنتیوں کیلئے ان کے درجات بلند کرنے کیلئے ہوگی پھر ہر ایک کو اپنے مرتبہ کے مطابق مقام دیا جائے گا۔ ایک شفاعت اس کے لئے ہوگی جو مدینہ طیبہ میں فوت ہوگا

اس کے لئے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کی زیارت کرے گا. جنت کا دروازہ کھولنے کیلئے بھی آپ شفاعت فرمائیں گے. جیساکہ مسلم نے روایت کیا ہے ایک شفاعت اس کیلئے ہے جو مؤذن کا جواب دے گا۔ ان کفار کیلئے شفاعت ہوگی جنہوں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت کی ہوگی یا ان سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں کسی قسم کی خدمت صادر ہوئی ہوگی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت سے ان کے عذاب میں تخفیف کی جائے گی۔ پہلی دو شفاعتیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خصائص میں سے ہیں. جائز ہے کہ چوتھی اور چھٹی شفاعت میں انبیاء علما اور اولیاء بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شریک ہوں النووی نے الروضہ میں یہی کہا ہے پہلی کے متعلق تو امت کے کسی فرقہ کا اختلاف وانکار نہیں ہے۔ اسی طرح چھٹی کے وقوع میں بھی کوئی خلاف نہیں ہے معتزلہ نے دوسری اور تیسری کا مطلق انکار کیا ہے لیکن اہل سنت کا اس کے متعلق اخبار کثیرہ وارد ہونے کی وجہ سے، اس کی قبولیت پر اتفاق ہے، اے پڑھنے والے، اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے اور ان کے لئے وسیلہ کے سوال کیلئے جلدی کر، اس کے ساتھ تو فضیلت کی انتہا کو پالے گا، اور اذان کے بعد اس مقام سے غافل نہ ہو کیونکہ اس کے واسطہ سے شفاعت حاصل ہوگی۔ علیہ افضل الصلاۃ والسلام۔

اگر یہ سوال کیا جائے کہ وسیلہ کے سائل اور مدینہ طیبہ کی گرمی پر صبر کر کے رہنے والے کو شفاعت کے ساتھ کیونکر خاص کیا گیا ہے حالانکہ آپ کی شفاعت تو عام ہے اور اسے امت کیلئے محفوظ کیا گیا ہے، جواب یہ ہے کہ کُنْتُ لَہٗ شَہِیْدًا او شَفِیْعًا میں او شک کیلئے نہیں ہے کیونکہ دوسرے قصہ کی روایت پر صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی ایک جماعت کا اتفاق ہے اس طرح شک پر ان کا متفق ہونا بعید از عقل ہے بلکہ یہاں او یا تو تقسیم کیلئے ہے یعنی بعض اہل مدینہ کیلئے شہید اور باقی کیلئے شفیع ہونگا یا گنہگاروں کیلئے شفیع اور فرمانبرداروں کیلئے شہید ہونگا یا یہ مطلب ہے کہ جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے اندر فوت ہوئے ان کے لئے شہید اور جو بعد میں فوت ہونگے ان کے لئے شفیع ہونگے یا اس کے علاوہ بھی کئی تقسیمات ہوسکتی ہیں، گنہگاروں کی شفاعت خصوصیت زائدہ ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شہداء احد کے متعلق فرمایا

اَنَا شَہِیْدٌ عَلٰی ہُوءٌ لَاءِ یہ شہادت ان کے لئے مخصوص ہوگی یہ ایک فضیلت، مزیت اور منزلت ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا فرمائی ہے یا یہاں او بمعنی واو ہے یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ طیبہ میں سختی برداشت کرنے والوں کیلئے شفیع اور شہید ہونگے۔

جو کہتے ہیں کہ اوشک کیلئے ہیں اگر صحیح لفظ شہید ہو تو پھر کوئی اعتراض وارد نہیں ہوتا کیونکہ دوسرے لوگوں کیلئے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت خاص ہے اس پر یہ زائد ہے اور اگر شفیعا کالفظ ہو تو پھر اس شفاعت کے ساتھ اہل مدینہ کا خاص کرنا ایک دوسری شفاعت پر محمول ہوگا جو امت کو آگ کے عذاب سے نکالنے کیلئے شفاعت عامہ سے علاوہ ہوگی اور بعض کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شفاعت سے معافی ملے گی، اس طرح کسی کے درجات میں اضافہ ہوگا۔ نیکیوں میں کئی گنا اضافہ کردیا جائے گا یا عرش کے نیچے اللہ تعالیٰ قیامت کے روز بعض کو عزت و کرامت سے نوازے گا یا برزخ میں منابر پر ان کو بٹھایا جائے گا یا جنت میں جلدی بھیجے جائیں گے، اس کے علاوہ بعض کو مخصوص کرامات سے نوازا جائے گا۔ یہ تمام حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شفاعت مخصوصہ کی صورتیں ہیں۔ قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے یہ صورتیں ذکر کی ہیں جن کو میں نے ملخصا نقل کیا ہے ان کا یہ کلام تحقیق کی انتہا ہے۔ یہ بھی احتمال ہے کہ اہل مدینہ کو مخصوص کرنے میں یہ بشارت ہو کہ مدینہ کی گرمی پر صبر کر کے رہنے والا اسلام پر مرے گا اور وہ اہل شفاعت سے ہوگا، وباللہ التوفیق پس جب یہ بات ثابت ہوگئی تو وسیلہ کا سوال بھی ان امور سے ہوگا جو مؤکد اور جن کا اہتمام متعین ہے کیونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے سَلُوْا اللہَ لِیَ الْوَسِیْلَۃَ کہ میرے لئے اللہ تعالیٰ سے وسیلہ کا سوال کرو مگر ہمارے شیخ وسیلہ کی دعا کو اذان کے بعد کے ساتھ خاص کرتے ہیں اور مطلق کو مقید پر محمول کرتے ہیں۔ فاللہ اعلم۔

## اذان کے بعد مؤذنوں نے جو نئی چیز ایجاد کی ہے

تکملہ:۔ اذان دینے والوں نے صبح اور جمعہ کی اذان کے علاوہ پانچوں فرائض کی اذان کے

بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر صلاۃ وسلام شروع کر دیا۔ مگر صبح اور جمعہ کی اذانوں سے پہلے صلاۃ وسلام پڑھتے تھے مگر مغرب کی اذان کے بعد یا پہلے وقت کے تنگ ہونے کی وجہ سے صلاۃ وسلام نہ پڑھتے تھے اس کی ابتداء السلطان الناصر صلاح الدین ابو المظفر یوسف بن ایوب کے زمانہ میں اس کے حکم سے ہوئی۔ اس سے پہلے جب الحاکم بن العزیز قتل ہوا تو اس کی بہن ست الملک نے حکم دیا کہ اس کے بیٹے الظاہر پر سلام پڑھا جائے تو اس پر السلام علی الامام الظاہر کے الفاظ سے سلام پڑھا جاتا تھا۔ پھر تمام خلفاء پر سلام پڑھا جاتا رہا حتیٰ کہ صلاح الدین مذکور نے اس کو بند کروا یا۔ اسے جزائے خیر عطا ہو۔ صلاۃ و سلام کے مستحب یا مکروہ یا بدعت یا مشروع ہونے میں اختلاف کیا گیا ہے، اس کے مستحب ہونے پر وَافْعَلُوا الْخَيْرَ (نیکی کرو) کے فرمان الٰہی سے استدلال کیا گیا ہے۔ یہ بات معلوم ہے کہ صلاۃ وسلام اجل القربات سے ہے، خصوصا احادیث اس پر برانگیختہ کرنے کے متعلق کثرت سے وارد ہیں (مثلاً) اذان کے بعد دعا کی فصل میں رات کے آخری تیسرے حصہ میں اور فجر کے قرب میں صلاۃ وسلام پڑھنے کا ذکر تاکید کے ساتھ گذرا ہے درست بات یہ ہے کہ یہ بدعت حسنہ ہے، صلاۃ وسلام پڑھنے والے کو اس کی حسن نیت کی وجہ سے اجر ملے گا۔ حضرت ابن سہل مالکی کی کتاب الاحکام میں رات کے آخری ثلث میں موذنین کی تسبیح میں اختلاف حکایت کیا گیا ہے اور منع کرنے کی وجہ یہ ہے کہ موذن سونے والوں کو تنگ کرتا ہے حالانکہ اللہ تعالٰی نے رات کو سکون کیلئے بنایا ہے۔ اس وجہ میں نظر ہے واللہ الموفق۔

## جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات کو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا

امام شافعی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا ہر حالت میں پسند کرتا ہوں مگر جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات کو بہت زیادہ پسند کرتا ہوں۔

چوتھے باب میں اس کے متعلق، حضرت ابوہریرہ، انس بن مالک، اوس بن اوس، ابی امامہ، ابی الدرداء، ابی مسعود، عمر بن الخطاب، ابنہ عبداللہ الحسن البصری، خالد بن

سعدان، یزید الرقاشی اور ابن شہاب کی احادیث واضح طور پر گذر چکی ہیں۔ یہاں ہم دوبارہ ان کا ذکر نہیں کرتے۔

حضرت ابو ذرالغفاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

| | |
|---|---|
| اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ مِائَتَیْ صَلَاۃٍ غُفِرَ لَہٗ ذَنْبُ مِائَتَیْ عَامٍ۔ | رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص جمعہ کے دن مجھ پر دو سو مرتبہ درود بھیجے گا اس کے دو سو سال کے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔ |

اس حدیث کو دیلمی نے تخریج کیا ہے اور یہ صحیح نہیں ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے فرماتی ہیں۔

| | |
|---|---|
| قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ کَانَتْ شَفَاعَتُہٗ لَہٗ عِنْدِیْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ۔ | رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو جمعہ کے دن مجھ پر درود بھیجے گا قیامت کے دن اس کی شفاعت میری اوپر ہوگی۔ |

اس حدیث کو بھی دیلمی نے تخریج کیا ہے

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَکْثِرُوا الصَّلَاۃَ عَلَیَّ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ فَاِنَّہٗ اَتَانِیْ جِبْرِیْلُ آنِفًا عَنْ رَبِّہٖ عَزَّ وَجَلَّ فَقَالَ مَا عَلَی الْاَرْضِ مِنْ مُسْلِمٍ یُصَلِّیْ عَلَیْکَ مَرَّۃً وَاحِدَۃً اِلَّا صَلَّیْتُ اَنَا وَمَلَائِکَتِیْ عَلَیْہِ عَشْرًا۔ | رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو. جبریل ابھی ابھی رب تعالیٰ کا پیغام لائے ہیں کہ جو مسلمان سطح زمین پر ایک دفعہ آپ پر درود بھیجے گا میں اور میرے فرشتے اس پر دس مرتبہ درود بھیجیں گے۔ |

اس حدیث کو الطبرانی نے ایک ایسی سند کے ساتھ روایت کیا جس کی متابعات میں کوئی حرج نہیں۔ مندرجہ الفاظ میں بھی مروی ہے۔

| | |
|---|---|
| اَکْثِرُوْا عَلَیَّ مِنَ الصَّلَاۃِ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ وَلَیْلَۃِ الْجُمُعَۃِ فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِکَ کُنْتُ | مجھ پر جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات کثرت سے درود بھیجو، جو ایسا کرے گا قیامت کے دن |

لَهٗ شَهِيْدًا اَوْ شَفِيْعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۔ میں اس کا گواہ اور شفیع ہونگا۔

ابن بشکوال نے ان سے صرف یہ لفظ روایت کئے ہیں۔

اَكْثِرُوْا الصَّلٰوةَ عَلَيَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ جمعہ کے روز مجھ پر کثرت سے درود بھیجو۔

دوسرے باب کے اوائل میں بھی اس طرح کی حدیث گذر چکی ہے۔

ضعیف سند کے ساتھ الکامل لابن عدی میں یہ لفظ ہیں۔

اَكْثِرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ عَلَيَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَاِنَّ صَلٰوتَكُمْ تُعْرَضُ عَلَيَّ ۔ جمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود بھیجو تمہارے درود مجھ پر پیش کئے جاتے ہیں۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ ثَمَانِيْنَ مَرَّةً غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ ذُنُوْبَ ثَمَانِيْنَ عَامًا فَقِيْلَ لَهٗ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ الصَّلٰوةُ عَلَيْكَ قَالَ قُوْلُوْا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ ۔

جس نے مجھ پر جمعہ کے دن اسی مرتبہ درود پڑھا اس کے اللہ تعالیٰ اسی سال کے گناہ معاف فرمادے گا پوچھا گیا یارسول اللہ آپ پر کیسے درود پڑھا جائے آپ نے فرمایا یوں پڑھو اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ اس کو ایک مرتبہ شمار کیا جائے۔

اس حدیث کو الخطیب نے تخریج کیا ہے اور ابن الجوزی نے اسے ضعیف احادیث میں ذکر کیا ہے۔

حضرت انس سے ہی مروی ہے فرماتے ہیں۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ فِيْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ اَلْفَ مَرَّةٍ لَمْ يَمُتْ حَتّٰى يَرٰى مَقْعَدَهٗ فِي الْجَنَّةِ ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو جمعہ کے دن مجھ پر ہزار مرتبہ درود پڑھے گا جنت میں اپنا ٹھکانا دیکھ کر فوت ہوگا۔

اس حدیث کو ابن شاہین نے ضعیف سند کے ساتھ تخریج کیا ہے، دوسرے باب میں یوم الجمعہ کے ذکر کے بغیر گذر چکی ہے. مسند الفردوس میں اس کی نسبت نسائی کی طرف کی ہے انہی الفاظ کے ساتھ، مگر یہ وہم ہے۔

حضرت انسؓ سے ہی مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ مَرَّةً فِي كُلِّ يَوْمِ جُمُعَةٍ أَرْبَعِيْنَ مَرَّةً مَحَا اللّٰهُ عَنْهُ ذُنُوْبَ أَرْبَعِيْنَ سَنَةً وَمَنْ صَلّٰى عَلَيَّ مَرَّةً وَاحِدَةً فَتُقُبِّلَتْ مِنْهُ مَحَا اللّٰهُ عَنْهُ ذُنُوْبَ ثَمَانِيْنَ سَنَةً وَمَنْ قَرَءَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ حَتّٰى خَتَمَ السُّوْرَةَ بَنَى اللّٰهُ لَهُ مَنَارًا فِي جَسَدِ جَهَنَّمَ حَتّٰى يُجَاوِزَ الْجِسْرَ۔

جو ہر جمعہ کو مجھ پر چالیس مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس کے چالیس سال کے گناہ معاف فرمائے گا اور جس نے ایک مرتبہ مجھ پر درود بھیجا اور قبول ہوگیا تو اللہ تعالیٰ اس کے اسی سال کے گناہ معاف فرمائے گا جس نے پوری سورت قل ہو اللہ احد پڑھی اللہ تعالیٰ اس کے لئے جہنم کی بھڑکتی آگ پر ایک منارہ بنادے گا حتیٰ کہ وہ اس آگ سے گذر جائے گا

اس حدیث کو التیمی نے اپنی الترغیب میں ابو الشیخ ابن حبان نے اپنے بعض اجزاء میں الدیلمی نے ان کے طریق سے اپنی مسند میں تخریج کیا ہے اور اس کی سند ضعیف ہے۔ یہی حدیث مندرجہ ذیل الفاظ میں مرفوعاً ذکر ہے مگر اس کی اصل پر مجھے آگاہی نہیں ہوئی۔

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ مِائَةَ صَلَاةٍ غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ خَطِيْئَةَ ثَمَانِيْنَ عَامًا۔

جس نے مجھ پر جمعہ کے دن سو مرتبہ درود پڑھا اللہ تعالیٰ اس کے اسی سال کے گناہ معاف فرمائے گا۔

اس کے ایک راوی نے ذکر کیا ہے کہ انہوں نے خواب میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر اس حدیث کو پیش کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تصدیق فرمائی واللہ اعلم۔ ایک دوسری روایت میں اسی کی مثل ہے اور یہ الفاظ زائد ہیں۔

وَمَنْ صَلّٰى عَلَيَّ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ مِائَةَ مَرَّةٍ غُفِرَ لَهُ خَطِيْئَةُ عِشْرِيْنَ سَنَةً۔

جس نے مجھ پر سو مرتبہ جمعہ کی رات درود پڑھا اس کی بیس سال کی خطائیں معاف کر دی جائیں گی۔

ظاہر اس کی عدم صحت ہے۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے زید بن وہب کو فرمایا اے زید جمعہ کے دن حضور نبی

کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر کبھی ہزار مرتبہ درود بھیجنے کو ترک نہ کرنا اور یہ ان الفاظ میں پڑھنا
اللھم صل علی محمد النبی الامی

اس کو التیمی نے الترغیب میں روایت کیا ہے اور اس کی سند میں نرمی ہے

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

اِذَا کَانَ یَوْمُ الْخَمِیْسِ بَعَثَ اللّٰہُ مَلَائِکَتَہٗ مَعَھُمْ صُحُفٌ مِنْ فِضَّۃٍ وَاَقْلَامٌ مِنْ ذَھَبٍ یَکْتُبُوْنَ یَوْمَ الْخَمِیْسِ وَلَیْلَۃِ الْجُمُعَۃِ اَکْثَرَ النَّاسِ صَلٰوۃً عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

خمیس کے روز اللہ تعالیٰ اپنے فرشتے بھیجتا ہے جن کے پاس چاندی کے دفتر اور سونے کی قلمیں ہوتی ہیں وہ خمیس کے دن اور جمعہ کی رات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود پڑھنے والوں کے نام لکھتے ہیں۔

اس حدیث کو ابن بشکوال نے تخریج کیا ہے اور اس کی سند میں ایک ایسا راوی ہے جسے میں نہیں جانتا۔

حضرت جعفر الصادق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں خمیس کے دن عصر کے وقت اللہ تعالیٰ آسمان سے زمین پر فرشتے اتارتے ہیں جن کے ساتھ چاندی کے دفتر اور سونے کی قلمیں ہوتی ہیں، وہ اس دن اور دوسرے دن کی رات سورج کے غروب ہونے تک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر پڑھے جانے والے درود کو لکھتے رہتے ہیں۔

یہ خبر المجد اللغوی نے ذکر کی ہے۔ میں ابھی تک اس کی سند پر آگاہ نہیں ہوا۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِنَّ لِلّٰہِ مَلَائِکَۃً خُلِقُوْا مِنَ النُّوْرِ لَا یَھْبِطُوْنَ اِلَّا لَیْلَۃَ الْجُمُعَۃِ وَیَوْمَ الْجُمُعَۃِ بِاَیْدِیْھِمْ اَقْلَامٌ مِنْ ذَھَبٍ وَدُوِیٌّ مِنْ فِضَّۃٍ وَقَرَاطِیْسُ مِنْ نُوْرٍ لَا یَکْتُبُوْنَ اِلَّا الصَّلٰوۃَ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے ہیں جو نور سے پیدا کئے گئے ہیں وہ صرف جمعہ کی رات اور جمعہ کے دن زمین پر اترتے ہیں ان کے ہاتھوں میں سونے کے قلم، چاندی کی دواتیں اور نور کے کاغذ ہوتے ہیں صرف نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر جو درود پڑھا جاتا اس کو لکھتے ہیں۔

اس حدیث کو الدیلمی نے تخریج کیا ہے اور اس کی سند ضعیف ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

سَمِعْتُ نَبِيَّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ أَكْثِرُوْا الصَّلٰوةَ عَلٰى نَبِيِّكُمْ فِي اللَّيْلَةِ الْغَرَّاءِ وَالْيَوْمِ الْأَزْهَرِ۔

میں نے تمہارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا کہ اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر جمعہ کی رات اور جمعہ کے دن کثرت سے درود پڑھا کرو۔

اس حدیث کو بیہقی نے روایت کیا ہے یہی حدیث حضرت عمر سے مروی ہے السلفی نے اسے تخریج کیا ہے اس کی سند میں قاسم الملطی ہے جو کذاب ہے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل مروی ہے ایک روایت میں ہے۔

أَكْثِرُوا مِنَ الصَّلٰوةِ عَلَيَّ فِي اللَّيْلَةِ الْغَرَّاءِ فَإِنَّ صَلَاتَكُمْ تُعْرَضُ عَلَيَّ يَعْنِي لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ۔

جمعہ کی رات مجھ پر کثرت سے درود پڑھا کرو تمہارا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔

اس حدیث کو صاحب الشرف نے ذکر کیا ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

الصَّلَاةُ عَلَيَّ نُوْرٌ عَلَى الصِّرَاطِ وَمَنْ صَلّٰى عَلَيَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ ثَمَانِيْنَ مَرَّةً غُفِرَتْ لَهٗ ذُنُوْبُ ثَمَانِيْنَ عَامًا۔

مجھ پر درود پڑھنا پل صراط کا نور ہے اور جو جمعہ کے دن مجھ پر اسی مرتبہ درود پڑھے گا اس کے اسی سال کے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔

اس حدیث کو ابن شاہین نے الافراد وغیرہا میں، ابن بشکوال نے ان کے طریق سے، ابو الشیخ اور الضیاء نے دارقطنی کے طریق سے الافراد میں، الدیلمی نے مسند الفردوس میں اور ابو نعیم نے روایت کیا ہے اس کی سند ضعیف ہے الضعفاء میں الازدی نے حضرت ابو ہریرہ کی حدیث ایک دوسرے طریق سے نقل کی ہے مگر اس کی سند بھی ضعیف ہے ابو سعید نے شرف المصطفٰی میں حدیث انس سے تخریج کیا ہے۔

ابن بشکوال نے حدیث ابو ہریرہ کے یہ لفظ بھی روایت کئے ہیں۔

مَنْ صَلّٰى صَلَاةَ الْعَصْرِ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ

جس نے جمعہ کی نماز عصر پڑھی اور اپنی جگہ

وَقَالَ قَبْلَ اَنْ یَّقُوْمَ مِنْ مَّکَانِہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا ثَمَانِیْنَ مَرَّۃً غُفِرَتْ لَہٗ ذُنُوْبُ ثَمَانِیْنَ عَامًا وَکُتِبَ لَہٗ عِبَادَۃُ ثَمَانِیْنَ سَنَۃً۔

سے اٹھنے سے پہلے یہ درود پڑھا اللھم صل علی محمد النبی الامی و علی آلہ و سلم تسلیما اسی مرتبہ پڑھا تو اس کے اسی سال کے گناہ معاف کئے جائیں گے اور اس کے لئے اسی سال کی عبادت کا ثواب لکھا جائے گا۔

اسی طرح حضرت سہل سے مروی ہے جیسا کہ آگے آئے گی۔

حضرت ابو ہریرہ سے مرفوعاً مروی ہے جس کی اصل پر مجھے واقفیت نہیں ہوئی۔

اِتَّخَذَ اللّٰہُ اِبْرَاھِیْمَ خَلِیْلًا وَّمُوْسٰی نَجِیًّا وَّاتَّخَذَنِیْ حَبِیْبًا ثُمَّ قَالَ وَعِزَّتِیْ وَجَلَالِیْ لَاُوْثِرَنَّ حَبِیْبِیْ عَلٰی خَلِیْلِیْ وَنَجِیِّیْ فَمَنْ صَلّٰی عَلَیْہِ لَیْلَۃَ جُمُعَۃٍ ثَمَانِیْنَ مَرَّۃً غُفِرَتْ لَہٗ ذُنُوْبُ مِائَتَیْ عَامٍ مُتَقَدِّمَۃٍ مِائَۃَ عَامٍ مُتَاَخِّرَۃٍ۔

اللہ تعالیٰ نے ابراہیم کو خلیل بنایا موسیٰ کو نجی بنایا، اور مجھے حبیب بنایا پھر فرمایا مجھے اپنی عزت و جلال کی قسم میں اپنے حبیب کو اپنے خلیل و نجی پر ترجیح دونگا پس جو اس پر جمعہ کی رات اسی مرتبہ درود بھیجے گا اس کے دو سو سال پہلے اور دو سو سال پچھلے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔

میں اس حدیث کو غیر صحیح گمان کرتا ہوں۔ واللہ الموفق

دار قطنی نے مرفوعاً مندرجہ ذیل الفاظ میں روایت کی ہے۔

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ ثَمَانِیْنَ مَرَّۃً غَفَرَ اللّٰہُ لَہٗ ذُنُوْبَ ثَمَانِیْنَ سَنَۃً قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ کَیْفَ الصَّلٰوۃُ عَلَیْکَ قَالَ تَقُوْلُ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَنَبِیِّکَ وَرَسُوْلِکَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ۔

جس نے جمعہ کے روز اسی مرتبہ مجھ پر درود پڑھا اللہ اس کے اسی سال کے گناہ معاف فرمائے گا عرض کی گئی یا رسول اللہ آپ پر درود کیسے پڑھیں فرمایا اللھم صل علی محمد عبدک ونبیک و رسولک النبی الامی۔ اور ایک گرہ شمار کرو۔

میں کہتا ہوں العراقی نے اس کو حسن فرمایا اور اس سے قبل ابو عبداللہ بن النعمان نے حسن کہا ہے۔ یہ نظر کی محتاج ہے، اسی طرح حدیث انس قریب ہی گذری ہے۔

حضرت صفوان بن سلیم سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

اِذَا کَانَ یَوْمُ الْجُمْعَۃِ وَلَیْلَۃُ الْجُمْعَۃِ فَاَکْثِرُوْا الصَّلٰوۃَ عَلَیَّ۔

جب جمعہ کے دن اور رات آئے تو مجھ پر کثرت سے درود پڑھا کرو۔

امام شافعی نے تخریج کی ہے اور یہ مرسل ہے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرمایا

مَنْ صَلّٰی عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ مِائَۃَ مَرَّۃٍ جَاءَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ وَمَعَہٗ نُوْرٌ لَوْ قُسِّمَ ذَالِکَ النُّوْرُ بَیْنَ الْخَلْقِ کُلِّھِمْ لَوَسِعَھُمْ۔

جس نے جمعہ کے دن سو مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا وہ قیامت کے دن اپنے ساتھ ایک ایسا نور لے کر آئے گا اگر اسے تمام مخلوق پر تقسیم کیا جائے تو کافی ہو گا۔

اس حدیث کو ابو نعیم نے الحلیہ میں تخریج کیا ہے۔

حضرت سہل بن عبداللہ سے مروی ہے فرمایا۔

مَنْ قَالَ فِیْ یَوْمِ الْجُمْعَۃِ بَعْدَ الْعَصْرِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ ثَمَانِیْنَ مَرَّۃً غُفِرَتْ لَہٗ ذُنُوْبُ ثَمَانِیْنَ عَامًا۔

جس نے جمعہ کے دن نماز عصر کے بعد یہ درود ۸۰ مرتبہ پڑھا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ تو اس کے اسی سال کے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔

اس حدیث کو ابن بشکوال نے روایت کیا ہے، اسی مفہوم کی حدیث ابو ہریرہ ابھی گذر چکی ہے حضرت انس سے مرفوعاً مروی ہے۔

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ یَوْمَ الْجُمْعَۃِ صَلَاۃً وَاحِدَۃً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَمَلَائِکَتُہٗ اَلْفَ اَلْفَ صَلَاۃٍ وَکُتِبَ لَہٗ اَلْفُ اَلْفُ حَسَنَۃٍ وَحُطَّ عَنْہُ اَلْفُ اَلْفُ خَطِیْئَۃٍ وَرُفِعَ لَہٗ اَلْفُ اَلْفُ دَرَجَۃٍ فِی الْجَنَّۃِ۔

جو جمعہ کے دن مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا اس پر اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے لاکھ مرتبہ درود بھیجیں گے اور اس کی ایک لاکھ نیکیاں لکھی جائیں گی اور ایک لاکھ خطائیں معاف ہو جائیں گی اور اس کے لاکھ درجات جنت میں بلند کئے جائیں گے۔

مجھے اس کی سند پر آگاہی نہیں ہوئی میں اس کو غیر صحیح گمان کرتا ہوں بلکہ اس کے بطلان کا یقین رکھتا ہوں۔

ابو عبدالرحمن المقری سے مروی ہے فرماتے ہیں مجھے یہ خبر پہنچی ہے کہ خلاد بن کثیر نزع کی حالت میں تھے، ان کے تکیے کے نیچے ایک کاغذ کا ٹکڑا پایا گیا جس پر یہ لکھا تھا ہذہ براءۃ من النار لخلاد بن کثیر یہ خلاد بن کثیر کے لئے آگ سے نجات کا پروانہ ہے لوگوں نے اس کے گھر والوں سے اس کا عمل پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ یہ ہر جمعہ کو ہزار مرتبہ درود پڑھتا تھا۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ۔

گذشتہ حدیث میں روایت ہو چکا ہے کہ

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ اَلْفَ مَرَّۃٍ لَمْ یَمُتْ حَتّٰی یَرٰی مَقْعَدَہٗ مِنَ الْجَنَّۃِ۔

جس نے مجھ پر جمعہ کے روز ہزار مرتبہ درود پڑھا وہ جنت میں اپنا ٹھکانا دیکھ کر فوت ہوگا۔

ابن النعمان وغیرہ نے ذکر کی ہے، مجھے اس کی سند پر آگاہی نہیں ہوئی۔ عمر بن عبدالعزیز سے مروی ہے انہوں نے لکھا کہ جمعہ کے دن علم کو پھیلاؤ علم کی آفت نسیان ہے اور جمعہ کے دن کثرت سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجو۔

اس اثر کو ابن وضاح، ان کے طریق سے ابن بشکوال، اور النمیری روایت کیا ہے ابن بشکوال نے ابن وضاح کے طریق سے یہ الفاظ روایت کئے ہیں۔

بَلَغَنِیْ اَنَّہٗ مَنْ قَالَ عَشِیَّۃَ خَمِیْسٍ بَعْدَ الْعَصْرِ اَللّٰھُمَّ رَبَّ الشَّھْرِ الْحَرَامِ وَالْمَشْعَرِ الْحَرَامِ وَالرُّکْنِ وَالْمَقَامِ وَرَبَّ الْحِلِّ وَالْحَرَامِ اِقْرَأْ مُحَمَّدًا مِنِّیَ السَّلَامَ اِلَّا بَعَثَ اللّٰہُ مَلَکًا یُبَلِّغُہٗ عَنْہُ یَقُوْلُ اِنَّ فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ یُبَلِّغُکَ السَّلَامَ۔

مجھے یہ خبر پہنچی ہے کہ جو نماز عصر کے بعد خمیس کی شام کو یہ پڑھتا ہے اللھم رب الشہر الحرام الخ اے اللہ، اے حرمت والے مہینہ کے رب اے مزدلفہ، رکن یمانی مقام ابراہیم، حلت و حرمت کے رب میری طرف سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام پہنچا تو اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ بھیجتے ہیں جو بارگاہ رسالت میں عرض کرتا ہے حضور! فلاں شخص فلاں کا بیٹا

آپ کو سلام عرض کر رہا ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَا مِنْ مُؤْمِنٍ يُصَلِّي لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ رَكْعَتَيْنِ يَقْرَءُ فِي كُلِّ رَكْعَةٍ بَعْدَ الْفَاتِحَةِ خَمْسًا وَعِشْرِيْنَ مَرَّةً قُلْ هُوَ اللهُ اَحَدٌ ثُمَّ يَقُوْلُ اَلْفَ مَرَّةٍ صَلَّى اللهُ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ فَاِنَّهٗ لَا يَتِمُّ الْجُمُعَةَ الْقَابِلَةَ حَتّٰى يَرَانِيْ فِي الْمَنَامِ وَمَنْ رَانِيْ غَفَرَ اللهُ لَهُ الذُّنُوْبَ۔

جو مومن جمعہ کی رات دو رکعت اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں ۲۵ مرتبہ قل ھو اللہ احد، سورہ فاتحہ کے بعد پڑھے، پھر ہزار مرتبہ یہ درود پڑھے اللھم صل علی محمد النبی الامی۔ تو آنے والے جمعہ سے پہلے خواب میں میری زیارت کرے گا اور جو میری زیارت کرے گا اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف فرما دے گا۔

اس حدیث کو ابو موسیٰ المدینی نے تخریج کیا ہے اور یہ صحیح نہیں ہے۔ حضرت ابن عباس سے مرفوعاً مروی ہے جس کی سند پر مجھے آگاہی نہیں ہوئی۔

مَنْ قَالَ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ عَشَرَ مَرَّاتٍ يَا دَائِمَ الْفَضْلِ عَلَى الْبَرِيَّةِ يَا بَاسِطَ الْيَدَيْنِ بِالْعَطِيَّةِ يَا صَاحِبَ الْمَوَاهِبِ السَّنِيَّةِ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ خَيْرِ الْوَرٰى بِالسَّجِيَّةِ وَاغْفِرْ لَنَا يَا ذَا الْعُلٰى فِيْ هٰذِهِ الْعَشِيَّةِ كَتَبَ اللهُ لَهٗ عَزَّ وَجَلَّ مِائَةَ اَلْفِ اَلْفِ حَسَنَةٍ وَمَحَا عَنْهُ مِائَةَ اَلْفِ اَلْفِ سَيِّئَةٍ وَرَفَعَ لَهٗ مِائَةَ اَلْفِ اَلْفِ دَرَجَةٍ فَاِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ زَاحَمَ اِبْرَاهِيْمَ الْخَلِيْلُ فِيْ قُبَّتِهٖ۔

جو جمعہ کی رات دس مرتبہ یہ کلمات ادا کرے گا اے اپنی مخلوق پر ہمیشہ فضل فرمانے والے اے اپنے انعامات کے ساتھ اپنے دونوں ہاتھ پھیلانے والے، اے شاندار مہربانیوں کے مالک، درود بھیج اپنے حبیب محمد پر جو تمام مخلوق سے بہترین ہیں اور بخش دے ہمیں اے بلندیوں کے مالک اس عشا کے وقت میں، تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے کروڑ نیکیاں لکھے گا، کروڑ گناہ معاف فرمائے گا، اور کروڑ درجات بلند فرمائے گا جب قیامت کا دن ہوگا ابراہیم خلیل اللہ اس کے قبہ میں

داخل ہوں گے۔

یہ بالکل جھوٹی ہے ابو موسیٰ کے ہاں باطل سند کے ساتھ ہے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جو مندرجہ ذیل کلمات کے ساتھ ہر روز تین مرتبہ اور جمعہ کے دن سو مرتبہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے گا تحقیق اس نے تمام مخلوق کے درود کے ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا، قیامت کے دن اس کا حشر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمرہ میں ہو گا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کا ہاتھ پکڑ کر جنت میں لے جائیں گے۔ کلمات یہ ہیں۔

صَلَوٰتُ اللّٰهِ وَمَلَائِكَتِهٖ وَاَنْبِيَائِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجَمِيْعِ خَلْقِهٖ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ وَعَلَيْهِ وَعَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ۔

اللہ تعالیٰ اس کے فرشتوں، انبیاء مرسلین اور تمام مخلوق کے درود ہوں محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر، آپ پر اور آپ کی آل پر سلام ہو اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکات ہوں۔

ابو نعیم نے الحلیہ میں لکھا ہے کہ ابراہیم بن ادھم ہر جمعہ کی صبح دعا مانگتے تھے جس میں یہ درود پڑھتے تھے۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَلَّمَ كَثِيْرًا خَاتَمِ كَلَامِهٖ وَمِفْتَاحِهٖ وَاَنْبِيَائِهٖ وَرُسُلِهٖ اَجْمَعِيْنَ آمِيْنَ رَبَّ الْعَالَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اَوْرِدْنَا حَوْضَهٗ وَاَسْقِنَا بِكَاْسِهٖ مَشْرَبًا رَوِيًّا سَائِغًا هَنِيْئًا لَا نَظْمَاءُ اَبَدًا وَاحْشُرْنَا فِيْ زُمْرَتِهٖ غَيْرَ خَزَايَا وَلَا نَاكِثِيْنَ وَلَا مُرْتَابِيْنَ وَلَا مَغْضُوْبِ عَلَيْنَا وَلَا ضَالِّيْنَ۔

اللہ تعالیٰ درود بھیجے محمد پر اور آپ کی آل پر اور سلام بھیجے بہت زیادہ جو اللہ تعالیٰ کی کلام اور مفتاح، انبیاء اور تمام مرسلین کے خاتم ہیں آمین یا رب العالمین! اے اللہ ہمیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حوض پر اتار اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے جام سے ایسی شراب پلا جو سیر کرنے والی، حلق سے آسانی سے اترنے والی ہو۔ ایسی خوشگوار ہو کہ ہم اس کے پینے کے بعد کبھی پیاس نہ ہو اور ہمیں

آپ کے زمرہ سے اٹھا بغیر کسی رسوائی،
کمزوری اور شک کے اور نہ ہم مقبوض ہو
ہم پر غضب ہو اور نہ گمراہ ہوں۔

اے قاری! جب تجھے درود پاک کی عظمت و برکت معلوم ہوگئی ہے تو تواب نبی مختار صلی اللہ علیہ وسلم پر صبح و شام درود پڑھا کر اور جمعہ کے دن اور زیادہ ذکر کیا کر تاکہ تو اس کے نور سے مستنیر ہو جائے اور عزت و افتخار تیرا مقدر بن جائے صلی اللہ علیہ وسلم تسلیماً کثیراً۔

## ہفتہ اور اتوار کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَكْثِرُوْا مِنَ الصَّلَاةِ عَلَيَّ فِي يَوْمِ السَّبْتِ فَاِنَّ الْيَهُوْدَ تُكْثِرُ مِنْ سَبْتِهِ فِيْهِ فَمَنْ صَلّٰى عَلَيَّ فِيْهِ مِائَةَ مَرَّةٍ فَقَدْ اَعْتَقَ نَفْسَهُ مِنَ النَّارِ وَحَلَّتْ لَهُ الشَّفَاعَةُ فَيُشْفَعُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيْمَنْ اَحَبَّ وَعَلَيْكُمْ بِمُخَالِفَةِ الرُّوْمِ فِيْ يَوْمِ الْاَحَدِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فِيْ اَيِّ شَيْءٍ نُخَالِفُ الرُّوْمَ قَالَ فِيْ يَوْمٍ يَدْخُلُوْنَ كَنَائِسَهُمْ وَيَعْبُدُوْنَ الصُّلْبَانَ وَيَسُبُّوْنِيْ فَمَنْ صَلَّى الصُّبْحَ مِنْ يَوْمِ الْاَحَدِ وَقَعَدَ يُسَبِّحُ اللّٰهَ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ ثُمَّ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ ثُمَّ صَلّٰى عَلَيَّ سَبْعَ مَرَّاتٍ وَاسْتَغْفَرَ لِاَبَوَيْهِ وَلِنَفْسِهِ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ غَفَرَ لَهُ وَلِاَبَوَيْهِ وَاِنْ

ہفتہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود پڑھو یہود اس دن اپنے قیدیوں کو یاد کرتے ہیں۔ پس جو اس دن مجھ پر سو مرتبہ درود بھیجے گا تحقیق اس نے اپنے آپ کو آگ سے آزاد کر لیا، شفاعت اس کے لئے واجب ہوگئی، قیامت کے دن اس کی شفاعت ہوگی جس کو میں پسند کرونگا اتوار کے دن تم پر رومیوں کی مخالفت ضروری ہے صحابہ نے عرض کی کس چیز میں رومیوں کی مخالفت کی جائے؟ فرمایا وہ اس دن اپنے کنائس میں جاتے ہیں سولی کے نشانوں کی پوجا کرتے ہیں اور مجھے برا بھلا کہتے ہیں پس جس نے اتوار کے دن صبح کی نماز پڑھی اور اللہ کی تسبیح بیان کرتے ہوئے بیٹھا رہا حتی کہ سورج طلوع ہوگیا پھر دو رکعت نماز ادا کی

دَعَا اِسْتَجَابَ اللّٰہُ لَهٗ وَاِنْ سَأَلَ خَيْرًا اَعْطَاهُ اللّٰہُ اِيَّاهُ۔

جیسے اللہ تعالیٰ نے اسے توفیق دی، پھر مجھ پر سات مرتبہ درود بھیجا اور اپنے والدین کیلئے اپنے لئے اور مومنوں کیلئے دعا مانگی تو اسے اور اس کے والدین کی مغفرت ہو جائے گی۔ اگر اور کوئی دعا مانگے گا تو اللہ تعالیٰ قبول فرمائے گا۔ اگر اللہ تعالیٰ سے بھلائی کا سوال کرے گا تو اللہ تعالیٰ اسے عطا کرے گا۔

ایک دوسرے الفاظ میں اس طرح ہے۔

مَنْ صَلّٰى لَيْلَةَ الْاَحَدِ عِشْرِيْنَ رَكْعَةً يَقْرَءُ فِىْ كُلِّ رَكْعَةٍ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ مَرَّةً وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ خَمْسِيْنَ مَرَّةً وَالْمُعَوِّذَتَيْنِ مَرَّةً ثُمَّ يَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ مِائَةَ مَرَّةً لِنَفْسِهٖ وَلِوَالِدَيْهِ وَيُصَلِّىْ عَلَىَّ مِائَةَ مَرَّةٍ وَيَتَبَرَّءُ مِنْ حَوْلِهٖ وَقُوَّتِهٖ وَيَلْجَاءُ اِلٰى حَوْلِ اللّٰهِ وَقُوَّتِهٖ ثُمَّ يَقُوْلُ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ اٰدَمَ صَفْوَةُ اللّٰهِ وَفِطْرَتُهٗ وَاِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلُهٗ وَمُوْسٰى كَلِيْمُهٗ وَعِيْسٰى رُوْحُ اللّٰهِ وَمُحَمَّدًا حَبِيْبُ اللّٰهِ كَانَ لَهٗ مِنَ الثَّوَابِ بِعَدَدِ مَنْ دَعَى اللّٰهَ وَلَدًا وَمَنْ لَّمْ يَدْعُ ذٰلِكَ وَيَبْعَثُهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَعَ الْاٰمِنِيْنَ وَكَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ يُّدْخِلَهُ الْجَنَّةَ مَعَ النَّبِيِّيْنَ۔

جس نے اتوار کی رات بیس رکعت نماز اس طرح پڑھی کہ ہر رکعت میں الحمد للہ ایک مرتبہ "قل ہو اللہ" پچاس مرتبہ معوذتین ایک مرتبہ، پھر سو مرتبہ اپنے لئے اور اپنے والدین کیلئے استغفار کیا اور مجھ پر سو مرتبہ درود بھیجا، اپنی قوت و طاقت سے برأت کی اور اللہ تعالیٰ کی قوت و طاقت کی طرف پناہ لی۔ پھر یہ کہا اشہد الخ یعنی میں گواہی دیتا ہوں، اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں آدم صفی اللہ اور فطرۃ اللہ ہیں ابراہیم خلیل اللہ ہیں موسیٰ کلیم اللہ ہیں عیسیٰ روح اللہ ہیں اور محمد حبیب اللہ ہیں تو اس کے لئے اتنے لوگوں کی تعداد میں ثواب ہو گا جتنے لوگوں نے اللہ تعالیٰ سے بیٹے مانگے اور جتنے لوگوں نے بیٹے نہیں مانگے۔ یوم قیامت، اللہ تعالیٰ اس کو آمنین کے ساتھ کرے گا اور

اللہ تعالیٰ پر یہ حق ہے کہ اسے جنت میں انبیاء کے ساتھ داخل فرمائے۔

اسی طرح قرطبی نے اپنی کتاب "الصلوٰۃ النبویۃ" میں ذکر کی ہے اور اس کی نسبت حضرت حسن بصری کی "السراج الواضح" کی طرف کی ہے۔ میں کہتا ہوں اس پر وضع کے آثار واضح ہیں۔ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔

## سوموار اور منگل کی رات آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا

یہ مقام ابو موسیٰ المدینی نے وظائف اللیالی والایام میں اور الغزالی نے "الاحیاء" میں ذکر کیا ہے دونوں کی سند نہیں ہے! اعمش حضرت انس سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ صَلّٰى لَيْلَةَ الْاِثْنَيْنِ اَرْبَعَ رَكْعَاتٍ يَقْرَءُ فِيْ كُلِّ رَكْعَةٍ مِنْهَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ مَرَّةً وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ فِي الْاُوْلٰى اِحْدٰى عَشَرَةَ مَرَّةً وَفِي الثَّانِيَةِ اِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ وَالثَّالِثَةِ ثَلَاثِيْنَ وَالرَّابِعَةِ اَرْبَعِيْنَ ثُمَّ سَلَّمَ وَقَرَءَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ خَمْسًا وَّسَبْعِيْنَ وَاسْتَغْفَرَ لِنَفْسِهٖ وَلِوَالِدَيْهِ خَمْسًا وَّسَبْعِيْنَ وَصَلّٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ خَمْسًا وَّسَبْعِيْنَ ثُمَّ يَسْاَلُ اللّٰهَ حَاجَتَهٗ كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ يُّعْطِيَهٗ مَا سَاَلَ وَهِيَ تُسَمّٰى صَلَاةَ الْحَاجَةِ۔

جو سوموار کی رات چار رکعت اس طرح پڑھے گا کہ ہر رکعت میں الحمد للہ ایک بار، قل ہو اللہ، پہلی میں گیارہ بار دوسری رکعت میں اکیس بار تیسری میں تیس بار، چوتھی میں چالیس بار، پھر سلام پھیر دے گا اور پھر قل ہو اللہ پچھتر بار پڑھے گا. اپنے لئے اور والدین کیلئے استغفار اور پچھتر بار درود بھیجے گا۔ پھر اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت کا سوال کرے گا۔ تو اللہ تعالیٰ پر حق ہے کہ اسے ہر وہ چیز عطا فرما دے جو وہ مانگے اس کو صلاۃ حاجت کہا جاتا ہے۔

المدینی نے کتاب مذکور میں جعفر بن محمد عن ابیہ عن جابر کے طریق سے ایک ایسی سند سے روایت کیا ہے جس میں ایک راوی متہم بالکذب ہے۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی لَیْلَۃَ الثُّلَاثَاءِ اَرْبَعَ رَکْعَاتٍ بَعْدَ الْعَتَمَۃِ قَبْلَ اَنْ یُّوْتِرَ یَقْرَءُ فِیْ کُلِّ رَکْعَۃٍ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ مَرَّۃً وَقُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ وَقُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ مَرَّۃً فَاِذَا فَرَغَ اِسْتَغْفَرَ خَمْسِیْنَ مَرَّۃً وَصَلّٰی عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَمْسِیْنَ مَرَّۃً یَبْعَثُہُ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ وَوَجْھُہٗ یَتَلَاْلَاُ نُوْرًا وَذَکَرَ ثَوَابًا کَثِیْرًا ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو منگل کی رات عشاء کی نماز کے بعد وتر پڑھنے سے پہلے چار رکعت اس طرح پڑھے گا ہر رکعت میں الحمد للہ ایک مرتبہ قل ھو اللہ احد ۳ مرتبہ، قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس ایک مرتبہ جب نماز سے فارغ ہو جائے تو پھر پچاس مرتبہ استغفار اور پچاس مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے گا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے اٹھائے گا حالانکہ اس کا چہرہ نور سے جگمگا رہا ہو گا۔ اور بھی بہت ثواب ذکر فرمایا۔

## خطبات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا

مثلاً جمعہ کا خطبہ، عیدین، استسقاء، کسوفین وغیرہ کے خطبات، خطبہ کی صحت کیلئے درود شریف کے شرط ہونے میں اختلاف ہے امام شافعی اور امام احمد کا مشہور مذہب یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے بغیر خطبہ صحیح نہیں ہوتا۔ امام ابو حنیفہ اورمالک فرماتے ہیں خطبہ درود کے بغیر بھی صحیح ہوتا ہے امام احمد کا ایک قول یہ بھی ہے پھر دوسرے خطبہ میں اس کے وجوب میں اختلاف ہے۔ امام شافعی کا مذہب دونوں خطبوں میں درود کے وجوب کا ہے۔ وجوب کی دلیل انہوں نے اللہ تعالیٰ کے ارشاد وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ سے اور اسی فرمان کی تفسیر جو ابن عباس نے فرمائی ہے اس سے دی ہے یعنی فَلَا یُذْکَرُ اِلَّا ذُکِرَ مَعَہٗ، اللہ تعالیٰ کا ذکر نہ ہو گا مگر اس کے محبوب کا ساتھ ہو گا۔ اور قتادہ کے قول سے دلیل پکڑی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے دنیا و آخرت میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کو بلند فرمایا ہے کوئی ایسا خطیب، متشہد، صاحب صدقہ نہیں ہے مگر اس کے کلام کی ابتداء اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ ہے اس استدلال میں نظر ہے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ذکر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کی گواہی دینا ہے۔ جب وہ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کے ساتھ اس کے مرسل کی گواہی دے چکا ہوتا ہے اور یہ تو خطبہ میں قطعاً واجب ہے بلکہ یہ تو خطبہ کا رکن اعظم ہے (یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کی گواہی دینا) لیکن خطبہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کی مشروعیت اس روایت سے ہے جو عون بن ابی جحیفہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں میرے والد حضرت علی رضی اللہ عنہ کے مددگار و معاون تھے، وہ منبر کے نیچے کھڑے تھے انہوں نے مجھے حضرت علی کے متعلق بتایا کہ حضرت علی رضی اللہ منبر پر چڑھے، اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کی پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا اور فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اس امت کا بہترین شخص ابو بکر پھر عمر رضی اللہ عنہما ہیں۔ پھر فرمایا اللہ تعالیٰ جہاں چاہتا ہے بھلائی و خیر رکھ دیتا ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ نماز کے خطبہ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے سے فارغ ہونے کے بعد یہ دعا مانگتے اے اللہ! ہمارے نزدیک ایمان کو محبوب بنا دے، اور اس کو ہمارے دلوں میں مزین کر دے، اور کفر، فسوق، نافرمانی سے ہماری نفرت ہو جائے۔ یہ لوگ پختہ عزم والے ہیں اے اللہ! ہماری قوت، سماعت، ہماری ازواج، ہمارے قلوب اور ہماری اولاد میں ہمارے لئے برکت ڈال دے۔

اس روایت کو النمیری اور محمد بن حسن بن صفر الاسدی نے تخریج کیا ہے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ منبر پر کھڑے ہوئے اور مختصراً اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء فرمائی۔ پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا اس کے بعد لوگوں کو وعظ فرمایا انہیں نیکی کا حکم دیا اور برائی سے منع فرمایا۔

اس روایت کو الدارقطنی نے ابن الہیعہ کے طریق سے تخریج کیا ہے ابو اسحٰق یعنی السبیعی سے مروی ہے کہ انہوں نے لوگوں کو دیکھا کہ جب امام خطبہ دیتا تو لوگ اس کی طرف متوجہ ہوتے اور اونگھ نہیں رہے ہوتے تھے وہ خطبہ صرف قصص اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے پر مشتمل ہوتا۔

اس روایت کو اسماعیل القاضی نے تخریج کیا ہے۔

ضبہ بن محصن سے مروی ہے کہ ابو موسیٰ الاشعری جب خطبہ دیتے تو اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرتے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتے اور حضرت عمر کیلئے دعا کرتے تھے، انہوں نے حضرت عمر کیلئے دعا کی تو ضبہ نے ان پر تعجب کا اظہار کیا۔ کہ ابو بکر سے پہلے عمر کیلئے دعا کی ہے یہ بات حضرت عمر کو پہنچائی گئی تو حضرت عمر نے ضبہ کو فرمایا تم ہی زیادہ حقیقت کے موافق اور صحیح راستہ پر ہو۔

میں کہتا ہوں ابن قیم نے کہا ہے کہ یہ روایات دلالت کرتی ہیں کہ خطبوں میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا صحابہ کرام کے وقت سے معروف و مشہور امر ہے۔ مگر درود شریف کا خطبہ میں واجب ہونا اس کے متعلق ہم نے کوئی ایسی دلیل نہیں پائی جس کی طرف رجوع ہو سکے میں نے المجد اللغوی کی مصنف میں پڑھا ہے کہ یہ کہنا ممکن ہے کہ اس سلسلہ میں امام شافعی نے خلفاء راشدین اور ان کے مابعد والے لوگوں پر اعتماد کیا ہے، کیونکہ خلفاء راشدین سے اور ان کے بعد والوں میں سے کسی سے بھی ایسا خطبہ منقول نہیں ہے کہ اس میں انہوں نے حمد و صلاۃ پہلے نہ پڑھی ہو اور سلف صالحین اس خطبہ کو البتیراء کہتے تھے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے سے خالی ہوتا تھا ہمارے اصحاب فرماتے ہیں جیسے صلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ واجبہ میں رکن ہے اسی طرح مستحب خطبہ میں بھی رکن ہے جیسے عیدین و کسوفین کے خطبے، مگر حج کے خطبہ میں اس کے شرط ہونے سے کوئی تعرض نہیں کیا۔ محمد بن عبداللہ بن عبدالحکیم سے مروی ہے فرماتے ہیں، ایک امیر نے جمعہ کے دن ہمیں خطاب کیا، مگر اس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا بھول گیا۔ جب خطبہ ختم ہوا لوگ ہر طرف سے چیخنے و چلانے لگے، پھر وہ مصلی کی طرف بڑھا، نماز مکمل کرائی، اس کے بعد دوبارہ منبر پر چڑھا اور کہا اے لوگو! کسی وقت بھی شیطان ابن آدم کو فریب میں مبتلا کرنے کو نہیں چھوڑتا اس دن بھی ایسا ہم پر حملہ کرنے والا تھا، اس نے ہمیں اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا فراموش کرا دیا، پس اب تم اس کو ذلیل و رسوا کرتے ہوئے اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَثِیْرًا کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی اَنْ یُّصَلّٰی عَلَیْہِ۔

اس روایت کو ابن بشکوال نے روایت کیا ہے۔

## عید کی نماز کی تکبیرات میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا:

حضرت علقمہ سے مروی ہے کہ ایک دن ابن مسعود، ابو موسیٰ اور حذیفہ رضی اللہ عنہم کے پاس ولید بن عقبہؓ عید سے پہلے آئے اور کہا کہ عید قریب آرہی ہے، اس میں تکبیرات کیسے پڑھنی ہیں حضرت عبداللہ نے فرمایا، شروع میں ایک تکبیر کہنا جس کے ساتھ نماز شروع ہوگی، اس میں اللہ تعالیٰ کی حمد کرنا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا، پھر دعا مانگنا، پھر دوسری تکبیر کہنا اس میں بھی ایسا ہی کرنا پھر تیسری تکبیر کہنا اس میں بھی ایسا ہی کرنا اس کے بعد قرأت کرنا، پھر تکبیر کہہ کر رکوع کرنا دوسری رکعت کیلئے پھر کھڑا ہو جانا پہلے قرأت کرنا، اس کے بعد تکبیر کہہ کر اللہ تعالیٰ کی حمد کرنا، درود پڑھنا، دعا مانگنا، اس کے بعد دوسری تکبیر کہنا اس میں بھی اسی طرح کرنا پھر تیسری تکبیر کہنا اس میں بھی ایسا کرنا پھر رکوع کر لینا یہ طریقہ سن کر حضرت حذیفہ اور ابو موسیٰ نے فرمایا۔ ابو عبدالرحمٰن نے ٹھیک کہا ہے اس روایت کو اسماعیل القاضی نے تخریج کیا ہے، اس کی سند صحیح ہے ابن ابی الدنیا نے کتاب العید میں علقمہ کی حدیث سے بیان کیا ہے کہ حضرت ابن مسعود نے فرمایا ایک تکبیر کہنا جس کے ساتھ تو نماز میں داخل ہو جائے، اللہ تعالیٰ کی حمد کرنا، نبی کریم ﷺ پر درود پڑھنا دعا مانگنا، پھر تکبیر کہنا امام ابو حنیفہ اور امام احمد نے اس سے دلیل پکڑی ہے امام ابو حنیفہ صرف تین تین ہر رکعت میں زائد تکبیرات کے قائل ہیں امام شافعی اور امام احمد تکبیرات کے درمیان اللہ تعالیٰ کی حمد اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کیلئے اسی کو دلیل بناتے ہیں۔ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اس کو بطور دلیل لیا ہی نہیں ہے امام ابو حنیفہ نے متصل تین تکبیرات بغیر کسی ذکر کے کہنے کے قول میں اس کے ساتھ موافقت کی ہے۔

ابن ابی الدنیا نے کتاب العید میں عطاء سے روایت کیا ہے کہ وہ فرماتے ہیں نماز عید میں ہر دو تکبیروں کے درمیان جو سکوت ہے اس میں اللہ کی حمد کرے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھے۔

## نماز جنازہ میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھنا

نماز جنازہ میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر دوسری تکبیر کے بعد درود شریف پڑھنے میں کوئی اختلاف نہیں ہے ہاں درود پر نماز جنازہ کے موقوف ہونے میں اختلاف ہے امام شافعی اور احمد کا مشہور مذہب یہ ہے کہ درود پڑھنا نماز جنازہ میں امام اور مقتدی دونوں پر واجب ہے درود شریف کے بغیر نماز جنازہ صحیح ہی نہیں ہے صحابہ کرام کی ایک جماعت سے یہ حکم مروی ہے جیساکہ آگے میں ذکر کروں گا۔ امام مالک اور ابو حنیفہ فرماتے ہیں یہ واجب نہیں ہے۔ امام شافعی کے اصحاب کا بھی یہ ایک مذہب ہے نمازی کیلئے جنازہ میں درود پڑھنا مستحب ہے جیساکہ وہ تشہد میں پڑھتا ہے۔ نماز جنازہ میں اس کی مشروعیت پر دلیل حضرت ابو امامہ بن سہل بن حنیف کی مروی ہے کہ انہیں اس چیز کا ادراک ہے کہ صحابہ کرام میں سے کسی نے یہ بتایا کہ نماز جنازہ کا سنت طریقہ یہ ہے کہ امام تکبیر کہے، پھر تکبیر کے بعد فاتحۃ الکتاب پڑھے پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھے پھر میت کیلئے خالص دعا کرے۔ پھر کوئی چیز پڑھے بغیر سلام پھیر دے۔

اس کو قاضی اسماعیل اور شافعی نے روایت کیا ہے۔ یہ الفاظ شافعی کے ہیں اور بیہقی نے ان کے طریق سے اور الحاکم نے بھی روایت کی ہے۔ مطرف کی وجہ سے شافعی کی روایت ضعیف ہے مگر بیہقی نے "المعرفہ" میں عبداللہ بن ابی الزیاد الرصافی عن الزہری کے طریق سے جو مطرف کی حدیث کے ہم معنی ہے سے حدیث روایت کی ہے اس نے اس کو تقویت دے دی ہے، بیہقی نے سنن میں یونس عن ابی شہاب الزہری کے طریق سے روایت کی ہے کہ ابولامہ بن سہل بن حنیف نے مجھے خبر دی ہے جو کبار انصار اور علماء میں سے تھے، اور ان لوگوں کے بیٹوں میں سے تھے، جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر رہتے تھے انہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کئی اصحاب نے نماز جنازہ کے متعلق بتایا کہ امام تکبیر کہے پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے۔ تینوں تکبیرات میں میت کیلئے خالص دعا کرے پھر جب ختم کرنے لگے تو آہستہ سے سلام پھیر دے۔ الزہری فرماتے ہیں ابو امامہ جب مجھے نماز جنازہ کی ترکیب بتا رہے تھے تو ابن المسیب سن رہے تھے مگر کوئی

انکار نہ کیا۔ ابن شہاب نے فرمایا کہ نماز جنازہ کا یہ سنت طریقہ جو مجھے ابو امامہ نے بتایا تھا محمد بن سوید کو بتایا تو انہوں نے فرمایا میں نے الضحاک بن قیس کو نماز جنازہ کے متعلق حبیب بن مسلمہ سے روایت کرتے ہوئے سنا کہ انہوں نے بھی اسی طرح بیان فرمایا جیسے ابو امامہ نے ہمیں بیان کیا۔

قاضی اسماعیل نے "کتاب الصلوٰۃ" میں اسی حدیث کو اپنی سند سے معمر عن الزہری سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے ابو امامہ کو سنا کہ سعید بن المسیب کو وہ یہ ترکیب نماز جنازہ بتارہے تھے، پہلے فاتحہ الکتاب پڑھے پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے پھر میت کیلئے دعا کرے حتیٰ کہ فارغ ہو جائے یہ تمام چیزیں ایک مرتبہ پڑھے پھر سلام پھیر دے۔

اس روایت کو الجارود نے "المنتقیٰ" میں اور نمیری نے روایت کیا ہے دونوں نے عبدالرزاق عن معمر کے طریق سے روایت کی ہے، اس کی سند کے رجال ایسے ہیں جن سے بخاری و مسلم میں احادیث تخریج کی گئی ہیں۔ الدارقطنی نے فرمایا اس میں عبدالواحد بن زیاد کو وہم ہوا ہے کہ اس نے یہی روایت عن معمر عن الزہری عن سہل بن سعد کی سند سے روایت کی ہے "یخلص الصلاۃ" کا معنی ہے کہ وہ اپنی نماز میں تینوں تکبیرات کو بلند آواز سے کہے، بیہقی کے پاس ابو امامہ بن سہل بن حنیف عن عبید بن السباق کے طریق سے مروی ہے فرماتے ہیں ہمیں سہل بن حنیف نے نماز جنازہ پڑھائی جب پہلی تکبیر کہی تو سورہ فاتحہ پڑھی حتیٰ کہ میں ان کے پیچھے سن رہا تھا پھر دوسری تکبیر کہی تو جب ایک تکبیر باقی رہی تو نماز کے تشہد کی طرح تشہد پڑھا پھر تکبیر کہی اور پیچھے ہٹ آئے۔

• حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں عبادہ بن الصامت نے مجھ سے نماز جنازہ کے متعلق پوچھا تو میں نے کہا خدا کی قسم! میں تجھے خبر دیتا ہوں کہ ابتداء میں تکبیر کہہ پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج پھر یہ دعا مانگ۔

اَللّٰهُمَّ اَنَّ عَبْدَكَ فُلَانًا كَانَ لَا يُشْرِكُ بِكَ شَيْئًا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ اِنْ كَانَ مُحْسِنًا فَزِدْ فِيْ اِحْسَانِهٖ وَاِنْ كَانَ مُسِيْئًا فَتَجَاوَزْ عَنْهُ اَللّٰهُمَّ لَا

اے اللہ یہ تیرا بندہ کسی کو تیرا شریک نہ ٹھہراتا تھا اور تو بہتر جانتا ہے کہ اگر یہ محسن تھا تو اس کے احسان میں اضافہ فرما اگر مجرم تھا تو اس سے درگذر فرما اے اللہ! ہمیں اس کے اجر سے

تَحْرِمْنَا اَجْرَهٗ وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَهٗ۔ محروم نہ کر اور نہ ہمیں اس کے بعد گمراہ کر۔

البیہقی نے اپنی سنن میں اسی طرح تخریج کی ہے، مالک، اسماعیل القاضی نے ان کے طریق سے ابوہریرہ سے روایت کی ہے۔

اَنَّهٗ سُئِلَ كَيْفَ تُصَلِّيْ عَلَى الْجَنَازَةِ فَقَالَ اَتْبَعُهَا مِنْ اَهْلِهَا فَاِذَا وُضِعَتْ كَبَّرْتُ وَحَمِدْتُ اللّٰهَ وَصَلَّيْتُ عَلٰى نَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ اَقُوْلُ اللّٰهُمَّ اِنَّهٗ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اُمَّتِكَ كَانَ يَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ وَاَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ مُحْسِنًا فَزِدْنِيْ فِيْ اِحْسَانِهٖ وَاِنْ كَانَ مُسِيْئًا فَتَجَاوَزْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ اَللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا اَجْرَهٗ وَلَا تَفْتِنَّا بَعْدَهٗ۔

ان سے نماز جنازہ کی ترکیب پوچھی گئی تو فرمایا میں اس کے پیچھے چلتا ہوں جب اسے رکھ دیا جاتا ہے تو تکبیر کہتا ہوں پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتا ہوں پھر یہ دعا مانگتا ہوں اے اللہ! یہ تیرا بندہ تھا اور تیرے بندے اور تیری بندی کا بیٹا ہے اور گواہی دیتا تھا کہ تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں ہے اور محمد تیرا بندہ اور تیرا رسول ہے اور تو ہی اسے بہتر جانتا ہے کہ، اگر یہ محسن تھا تو اس کے احسان میں اضافہ فرما اگر مجرم تھا تو اس سے درگذر فرما اور اس کے اجر سے محروم نہ کر اور ہمیں اس کے بعد آزمائش میں مبتلا نہ کر۔

حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ انہوں نے ابواء کے مقام پر نماز جنازہ پڑھائی پہلے تکبیر کہی، پھر بلند آواز سے سورہ فاتحہ پڑھی پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا پھر یہ دعا پڑھی اے اللہ! یہ تیرا بندہ ہے اور تیرے بندے اور بندی کا بیٹا ہے اور گواہی دیتا تھا کہ اللہ وحدہ لاشریک کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور گواہی دیتا تھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم تیرا بندہ اور تیرا رسول ہے اب یہ تیری رحمت کا محتاج ہے اور تو اس کو عذاب دینے سے غنی ہے، اس نے دنیا اور اہل دنیا کو چھوڑا ہے اگر یہ پاکیزہ تھا تو اسے مزید پاکیزہ فرما اور اگر خطا کار تھا تو اسے معاف فرما دے اے اللہ! ہمیں اس کے اجر سے محروم نہ رکھ اور اس کے بعد ہمیں گمراہ نہ کرنا۔ پھر تین تکبیرات کہیں اور واپس آئے۔ اور فرمایا اے لوگو! میں نے یہ نہیں پڑھی مگر تمہیں یہ بتانے کیلئے کہ یہ سنت ہے۔

اس کو بیہقی نے تخریج کیا ہے اور اس کی سند میں ضعف ہے ابن سمعون نے نویں امالی میں سعید المقبری عن اخیہ عباد کے طریق سے روایت کی ہے فرمایا میں نے ایک جنازہ پر حضرت ابن عباس کے ساتھ نماز پڑھی، انہوں نے فاتحہ الکتاب پڑھی پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا پھر میت کیلئے دعا کی اور خوب دعا کی، جب نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا میں نے جھراً اس لئے نماز پڑھائی ہے تاکہ تمہیں اس کا طریقہ معلوم ہو جائے۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ کبھی جنازہ پر آتے تو، لوگوں کی طرف متوجہ ہوتے اور کہتے اے لوگو! میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ ہر سو آدمی ایک امت شمار ہوتے ہیں اور جب کسی میت کیلئے سو آدمی جمع ہونگے اور اس کے لئے دعا کریں گے تو اللہ تعالیٰ ان کی وجہ سے اس کے گناہ معاف فرما دے گا۔ تم اپنے بھائی کیلئے شفیع بن کر آئے ہو پس دعا میں کوشش کیا کرو پھر قبلہ شریف کی طرف متوجہ ہوتے اگر مرد ہوتا تو اس کے کندھے کے برابر اور اگر عورت ہوتی تو اس کے وسط کے برابر کھڑے ہوتے پھر یہ دعا مانگتے یا اللہ یہ تیرا بندہ اور تیرے بندے کا بیٹا ہے تو نے اسے پیدا کیا اور تو نے اس کی اسلام کی طرف راہنمائی کی تو نے اب اس کی روح قبض کی، تو اس کے باطن وظاہر کو جانتا ہے ہم اس کے سفارشی بن کر آئے ہیں اے اللہ ہم تیرے جوار کی رسی کی پناہ طلب کرتے ہیں تو بڑا وفادار ہے، تو رحمت والا ہے اس کو قبر کے فتنہ اور جہنم کے عذاب سے محفوظ فرما، اے اللہ اگر یہ محسن ہے تو اس کے احسان میں اضافہ فرما۔ اگر یہ مجرم ہے تو اس کی خطاؤں سے تجاوز فرما۔ اے اللہ اس کی قبر میں نور پیدا فرما، اس کو اپنے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ملا، جب بھی تکبیر کہتے اسی طرح کہتے، جب آخری تکبیر ہوتی تو بھی اسی طرح کہتے اس کے بعد یہ درود پڑھتے "اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ وَبَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاہِیْمَ وَآلِ اِبْرَاہِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی اَسْلَافِنَا اَفْرَاطِنَا اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِلْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَالْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ الْاَحْیَاءِ مِنْھُمْ وَالْاَمْوَاتِ" پھر پیچھے آجاتے۔

حضرت ابن مسعود یہ ترکیب جنازہ اور ہر مجلس میں سکھاتے تھے۔ ان سے پوچھا گیا کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تدفین سے فارغ ہونے کے بعد قبر پر ٹھہرتے تھے اور کوئی دعا مانگتے تھے فرمایا ہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم میت کو دفن کرنے کے بعد اس کی قبر پر ٹھہرتے اور یہ

دعا مانگتے تھے۔ اے اللہ! ہمارا ایک ساتھی تیرا مہمان بن کر آیا ہے۔ دنیا کو اس نے اپنی پیٹھ کے پیچھے چھوڑا ہے تو کتنا اچھا مہمان نواز ہے۔ اے اللہ! قبر میں سوال کے وقت اسے ثابت رکھنا اور قبر میں اس سے کوئی ایسا سوال نہ فرمانا جو یہ برداشت نہ کر سکتا ہو اے اللہ! اس کی قبر میں نور بھر دے اور اسے اپنے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ملا دے۔

ابو ذر الہروی اور النمیری نے ان کے طریق سے تخریج کی ہے۔ عبداللہ بن احمد کے مسائل میں ان کے باپ سے مروی ہے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتے تھے اور ملائکہ مقربین پر درود پڑھتے تھے قاضی اسماعیل فرماتے ہیں وہ اس طرح کہتے تھے۔ ''اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَلَائِکَتِکَ الْمُقَرَّبِیْنَ وَاَنْبِیَائِکَ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَاَھْلِ طَاعَتِکَ اَجْمَعِیْنَ مِنْ اَھْلِ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِیْنَ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔'' مجاہد سے نماز جنازہ کے متعلق مروی ہے کہ پہلے تو تکبیر کہہ پھر ام القرآن پڑھ پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج پھر یہ دعا مانگ اے اللہ! فلاں تیرا بندہ ہے تو نے اسے پیدا کیا ہے اگر تو اسے سزا دے تو اس کا گناہ موجود ہے اور اگر تو اسے معاف کر دے تو تو غفور و رحیم ہے۔ اے اللہ! اس کی روح آسمان پر پہنچ گئی ہے اس کے جسم کو زمین پر چھوڑ گئی ہے، اے اللہ! اس کی قبر میں اس کیلئے نور بھر دے، جنت میں اس کے لئے وسعت پیدا فرما اس کے پیچھے اس کا جانشین بنا، اے اللہ! اس کے بعد ہمیں گمراہ نہ کرنا، اس کے اجر سے ہمیں محروم نہ کر ہماری اور اس کی مغفرت فرما۔

اس کو الطبرانی نے الدعاء میں تخریج کیا ہے۔

ام الحسن سے مروی ہے کہ انہیں ایک متنازع میت پر بلایا گیا تو ام سلمہ نے انہیں کہا جب تو وہاں جائے تو یوں کہنا ''اَلسَّلَامُ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ'' اس کو بھی الطبرانی نے الدعاء میں روایت کیا ہے الطبرانی نے بکر بن عبداللہ المزنی سے روایت کیا ہے کہ جب تو میت کی آنکھیں بند کرے تو تو یہ کہہ ''بِسْمِ اللّٰہِ وَعَلٰی وَفَاۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔''

## میت کو قبر میں داخل کرتے وقت درود پڑھنا

بعض علماء نے میت کو قبر میں داخل کرنے کے وقت حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کا ذکر کیا ہے اور ابو داؤد اور الترمذی کی حدیث جو حضرت عبداللہ بن عمر سے

مروی ہے اس کو دلیل بنایا ہے، کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میت کو قبر میں داخل فرماتے تو فرماتے، بِسْمِ اللّٰهِ وَ عَلٰى سُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اس حدیث میں اس کی کوئی دلالت نہیں ہے جیسا کہ تونے دیکھا ہے۔

## رجب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا

اس کے متعلق کوئی صحیح چیز وارد نہیں ہے، موضوعات ابن جوزی میں حضرت انس سے مروی ہے جو رجب کی پہلی جمعرات روزہ رکھے پھر شام اور عشاء کے درمیان یعنی جمعہ کی رات کو بارہ رکعت پڑھے جو کچھ ان رکعتوں میں پڑھنا ہے وہ بھی انہوں نے ذکر کیا ہے پھر جب اس نماز سے فارغ ہو جائے تو مجھ پر ستر مرتبہ یہ درود بھیجے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ عَلٰى آلِهٖ پھر اللہ تعالیٰ سے اپنی ضرورت کا سوال کرے، تو اس کی وہ ضرورت پوری کر دی جائے گی، اور بھی بہت ثواب ذکر کیا ہے۔

موضوعات جوزی میں حضرت انس سے مرفوعاً مروی ہے جس نے نصف رجب کی رات چودہ رکعت نماز پڑھی پھر نماز سے فارغ ہو جانے کے بعد مجھ پر دس مرتبہ درود پڑھا، آگے حدیث میں بہت ثواب ذکر کیا ہے بیہقی نے حضرت انس سے مرفوع حدیث روایت کی ہے، جس نے تین رجب کی رات بارہ رکعت نماز پڑھی پھر تسبیح و تہلیل کی۔ پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر سو مرتبہ درود پڑھا اور آخر میں دنیا و آخرت میں سے جو طلب کرے گا وہ قبول کیا جائے گا۔ میں کہتا ہوں کہ یہ احادیث اور اس کی شبیہات کو ان کے ضعف پر تنبیہ کرنے کیلئے ذکر کیا ہے۔

## شعبان میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا

ابن ابی الصعد الیمنی الفقیہ نے اپنی جزء فضل شعبان میں ایک باب باندھا ہے، جس میں وہ فرماتے ہیں: حضرت جعفر الصادق سے مروی ہے فرماتے ہیں جو شعبان میں ہر روز

سات سو مرتبہ درود پڑھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرشتے مقرر فرماتا ہے تاکہ وہ درود آپ صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچائیں اس سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی روح خوش ہوتی ہے پھر اللہ تعالیٰ فرشتوں کو حکم فرماتے ہیں کہ قیامت تک اس بندے کیلئے مغفرت طلب کریں پھر لکھتے ہیں،
طاؤس الیمانی سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے حسن بن علی سے نصف شعبان کی رات کا عمل پوچھا تو انہوں نے فرمایا میں اس رات کے تین حصے کرتا ہوں، ایک ثلث میں اپنے نانا جان نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتا ہوں، اللہ تعالیٰ کے حکم کی پیروی کرتے ہوئے جہاں اس نے فرمایا یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ایک ثلث میں اللہ تعالیٰ کے ارشاد وَمَا کَانَ اللّٰہُ مُعَذِّبَھُمْ وَھُمْ یَسْتَغْفِرُوْنَ پر عمل کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے استغفار کرتا ہوں۔ تیسرے ثلث میں اللہ تعالیٰ کے ارشاد واسجد واقترب پر عمل کرتے ہوئے رکوع و سجود کرتا ہوں پھر میں نے پوچھا ایسا کرنے والے کا کیا ثواب ہے فرمایا میں نے اپنے باپ کو یہ فرماتے سنا ہے کہ، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو نصف شعبان کی رات کو زندہ کرے گا وہ مقربین میں لکھا جائے گا، یعنی جن لوگوں کا ذکر اللہ تعالیٰ کے فرمان "فَاَمَّآ اِنْ کَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِیْنَ" سے کیا گیا ہے میں کہتا ہوں میں اس کی کسی ایسی اصل پر آگاہ نہیں ہوں جس پر میں اعتماد کرسکوں۔ واللہ اعلم۔

## اعمالِ حج اور قبر منور کی زیارۃ اور اس کے اعمال میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا۔

حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے مکہ مکرمہ میں لوگوں کو خطاب فرمایا، اس میں یہ بتایا کہ جب تم میں سے کوئی حج کرنے کیلئے آئے تو بیت اللہ شریف کے سات چکر لگائے، پھر مقام ابراہیم پر دو رکعت نماز پڑھے پھر صفا سے شروع ہو بیت اللہ شریف کی طرف منہ کرکے سات تکبیرات کہے ہر دو تکبیرات کے درمیان اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود اور اپنے لئے دعا مانگے پھر مروہ پر بھی اسی طرح

کرے۔

اس حدیث کو البیہقی، اسماعیل القاضی اور ابوذر الہروی نے تخریج کیا ہے اس کی اسناد قوی ہے، ہمارے شیخ نے اسے صحیح کہا ہے سعید بن منصور کے پاس بھی ان کے ہم معنی حدیث ہے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ آپ صفا پر تکبیر کہتے اور یہ کہتے "لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ، لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ" پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتے پھر دعا مانگتے، دعا اور قیام کو لمبا کرتے پھر مروہ پر بھی اسی طرح کرتے۔

اس حدیث کو اسماعیل القاضی نے روایت کیا ہے۔

القاسم بن محمد ھو ابن ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں، آدمی کیلئے مستحب ہے کہ تلبیہ سے فارغ ہونے کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے۔

اس حدیث کو الدارقطنی، الشافعی، اور اسماعیل القاضی نے روایت کیا ہے اور اس کی سند ضعیف ہے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے جب آپ حجراسود کے استلام کا ارادہ فرماتے تو پہلے یہ کہتے "اَللّٰھُمَّ اِیْمَانًا بِکَ وَتَصْدِیْقًا بِکِتَابِکَ وَاتِّبَاعَ سُنَّۃِ نَبِیِّکَ" پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر صلاۃ و سلام پڑھتے۔ اس حدیث کو الطبرانی، ابوذر الہروی نے اور ان کے طریق سے النمیری نے تخریج کیا ہے۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو عرفہ کی شام موقف میں ٹھہرتا ہے اور سو مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھتا ہے پھر یہ درود سو مرتبہ پڑھتا ہے "اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ وَبَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاہِیْمَ وَآلِ اِبْرَاہِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ"۔ پھر سو مرتبہ یہ کلمات پڑھتا ہے اَشْھَدُ اَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ، لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اے میرے فرشتو! میرے اس بندے کی کیا جزاء ہے جس نے میری تسبیح و تہلیل کہی، میری حمد و ثنا کی میرے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا، تم گواہ رہو اے میرے فرشتو! میں نے اس کو معاف کر دیا، اس کی اپنی ذات کیلئے شفاعت قبول فرمالی ہے اگر میرا یہ بندہ تمام اہل

موقف کی شفاعت قبول کرنے کا مجھ سے سوال کرے تو میں اس کی شفاعت قبول کروں گا۔

یہ حدیث دیلمی نے مسند الفردوس میں تخریج کی ہے بیہقی کی شعب الایمان اور فضائل الاوقات میں یہ لفظ ہیں۔

مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَقِفُ عَشِيَّةَ عَرَفَةَ بِالْمَوْقِفِ فَيَسْتَقْبِلُ الْقِبْلَةَ بِوَجْهِهِ ثُمَّ يَقُوْلُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ مِائَةَ مَرَّةٍ ثُمَّ يَقْرَءُ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ مِائَةَ مَرَّةٍ ثُمَّ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ - وَعَلَيْنَا مَعَهُمْ مِائَةَ مَرَّةٍ اِلَّا قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى يَا مَلَائِكَتِيْ مَا جَزَاءُ عَبْدِيْ هٰذَا سَبَّحَنِيْ وَهَلَّلَنِيْ وَكَبَّرَنِيْ وَعَظَّمَنِيْ وَعَرَّفَنِيْ وَاَثْنٰى عَلَيَّ وَصَلّٰى عَلٰى نَبِيِّيْ اِشْهَدُوْا اَنِّيْ قَدْ غَفَرْتُ لَهٗ وَشَفَّعْتُهٗ فِيْ نَفْسِهٖ وَلَوْ سَاَلَنِيْ عَبْدِيْ هٰذَا لَشَفَّعْتُهٗ فِيْ اَهْلِ الْمَوْقِفِ كُلِّهِمْ۔

جو مسلمان عرفہ کی شام موقف میں ٹھہرتا ہے قبلہ شریف کی طرف منہ کر کے کہتا ہے، سو مرتبہ لا الہ الا اللہ الخ پھر سو مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھتا ہے پھر سو مرتبہ "اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ" الخ درود پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اے میرے فرشتو! میرے اس بندے کی کیا جزا ہے، جس نے میری تسبیح و تہلیل کی، میری عظمت و تعریف بیان کی، میری حمد و ثناء کی میرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا تم گواہ ہو جاؤ میں نے اس کو بخش دیا اس کی اپنے بارے میں نے شفاعت قبول کر لی اگر یہ مجھ سے اہل موقف کی شفاعت کا سوال کرے تو میں اہل موقف کے بارے اس کی شفاعت قبول کر لوں گا۔

امام بیہقی الشعب میں فرماتے ہیں اس کا متن غریب ہے اس کی سند میں کوئی ایسا راوی نہیں ہے جو وضع کی طرف منسوب ہو۔ تمام کے تمام توثیق شدہ ہیں امام بیہقی نے عبداللہ بن محمد نام کو درست کہا ہے واللہ اعلم عنداللہ۔ حضرت علی بن ابی طالب اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عرفہ کے دن موقف میں کوئی عمل مندرجہ ذیل دعا سے افضل نہیں ہے، سب سے پہلے اللہ تعالیٰ اس دعا کو پڑھنے والے کی طرف نظر فرمائے گا جب وقوف عرفہ کرے تو بیت اللہ شریف کی طرف منہ

کر کے، داعی کی طرح ہاتھ پھیلائے۔ تین مرتبہ تلبیہ کہے، تین مرتبہ تکبیر کہے اور سو مرتبہ یہ کلمات کہے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ اور پھر سو مرتبہ یہ کہے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اَشْھَدُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَاَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا پھر تین مرتبہ ان کلمات کے ذریعے شیطان کی پناہ اللہ تعالیٰ سے طلب کرے، اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ پھر تین مرتبہ الحمد شریف پڑھے، ہر مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے شروع کرے اور آمین پر ختم کرے پھر سو مرتبہ قل ھو اللہ احد پڑھے، پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر مندرجہ ذیل الفاظ کے ساتھ درود شریف پڑھے، صَلَّی اللّٰہُ وَمَلَائِکَتُہٗ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلَیْہِ السَّلَامُ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ پھر اپنے لئے دعا مانگے اور اپنے والدین، قرابتداروں، اور مومن بھائیوں اور مومن بہنوں کیلئے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگنے میں کوشش کرے۔ جب دعا سے فارغ ہو تو پھر تین مرتبہ اپنی پہلی کلام دہرائے شام تک موقف میں کوئی قول و عمل نہ کرے تو شام کے وقت اللہ تعالیٰ اس بندے کی وجہ سے فرشتوں پر فخر فرماتا ہے اور فرماتا ہے: دیکھو میرے اس بندے کی طرف، یہ میرے گھر کی طرف متوجہ ہوا، میری بڑائی بیان کی، تلبیہ کہے، میری تسبیح بیان کی، میری حمد کی، میری تہلیل کی اور میری محبوب ترین سورت کی تلاوت کی میرے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا، میں تمہیں گواہ بناتا ہوں کہ میں نے اس کا عمل قبول کر لیا اس کے لئے اجر واجب کر دیا اور جس کے لئے یہ شفاعت کرے گا میں اس کی اس کے حق میں شفاعت قبول کروں گا۔ اور اگر یہ اہل موقف کی شفاعت کرے گا تو میں اس کی شفاعت قبول کرونگا۔

ابو یوسف الخصاص نے اپنے فوائد میں یہ روایت کی ہے اور ان کے طریق سے ابن جوزی نے الموضوعات میں روایت کی ہے، الحافظ محب الدین الطبری نے "الاحکام" میں لکھا ہے کہ اس روایت کو ابو منصور نے جامع الدعاء الصحیح میں تخریج کیا ہے میں کہتا ہوں، یہ عجیب ہے وباللہ التوفیق۔

حضرت ابن مسعود سے مرفوعاً مروی ہے ارشاد فرمایا جو مرد اور عورت عرفہ کی رات کو سو مرتبہ ان دس کلمات کو پڑھے گا، جو دعا مانگے گا اللہ تعالیٰ اس کو عطا کرے گا سوائے

قطع رحمی اور گناہ کے سوال کے۔

سُبْحَانَ الَّذِي فِي السَّمَاءِ عَرْشُهُ، سُبْحَانَ الَّذِي فِي الْأَرْضِ مَوْطِئُهُ،
سُبْحَانَ الَّذِي فِي الْبَحْرِ سَبِيلُهُ، سُبْحَانَ الَّذِي فِي النَّارِ سُلْطَانُهُ،
سُبْحَانَ الَّذِي فِي الْجَنَّةِ رَحْمَتُهُ، سُبْحَانَ الَّذِي فِي الْقُبُوْرِ قَضَاءُهُ،
سُبْحَانَ الَّذِي فِي الْهَوَاءِ رُوحُهُ، سُبْحَانَ الَّذِي رَفَعَ السَّمَاءَ، سُبْحَانَ
الَّذِي وَضَعَ الْأَرْضِينَ، سُبْحَانَ الَّذِي لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنْهُ إِلَّا إِلَيْهِ۔

البیہقی نے "الفضائل" میں اس کو تخریج کیا ہے اور لکھا ہے اس کو بعض علماء نے روایت کیا اور ان کا نام بھی لکھا ہے. اس میں یہ زیادتی بھی ہے کہ وہ وضو کے ساتھ ہو اور جب اس دعا سے فارغ ہو تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے اور پھر اپنی حاجت طلب کرے۔

حضرت زین العابدین علی بن الحسین بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت کیا گیا ہے. اس کی سند پر مجھے آگاہی نہیں ہوئی۔ انہوں نے الباب اور الحجر کے درمیان الملتزم میں نماز پڑھی پھر یہ دعا مانگی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى آدَمَ بَدِيْعِ فِطْرَتِكَ
وَبِكْرِ حُجَّتِكَ وَلِسَانِ قُدْرَتِكَ وَالْخَلِيْفَةِ
فِي بَسِيْطَتِكَ وَعَبْدِكَ وَمُسْتَعِيْذٍ
بِذِمَّتِكَ مِنْ مَتِيْنِ عُقُوْبَتِكَ وَسَاحِبِ
شَعْرِ رَأْسِهِ تَذَلُّلًا فِي حَرَمِكَ بِعِزَّتِكَ
مُنْشَأً مِنَ التُّرَابِ فَنَطَقَ اَعْرَابًا بِوَحْدَ
انِيَّتِكَ وَاَوَّلِ مُجْتَبًى لِلتَّوْبَةِ بِرَحْمَتِكَ
وَصَلِّ ابْنَهُ الْخَاصَّ مِنْ صَفْوَتِكَ
الْعَابِدَ الْمَأْمُوْنَ عَلَى مَكْنُوْنِ سَرِيْرَتِكَ
بِمَا اَوْلَيْتَهُ مِنْ نِعْمَتِكَ وَمَعُوْنَتِكَ
وَعَلَى مَنْ بَيْنَهُمَا مِنَ النَّبِيِّيْنَ
وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالْمُكَرَّمِيْنَ وَاَسْأَلُكَ
اَللّٰهُمَّ حَاجَتِي الَّتِي بَيْنِي وَبَيْنَكَ

اے اللہ! درود بھیج آدم پر جو تیری فطرت کے بدیع ہیں جو تیری حجت کی ابتداء تیری قدرت کی زبان تیری زمیں میں خلیفہ، تیرے مقرب بندے، تیرے ذمہ سے تیرے پختہ عذاب سے پناہ طلب کرنے والے ہیں وہ جس نے اپنے بال تیری عزت کی خاطر تیرے حرم میں زمین پر گھسیٹے، جو زمین سے پیدا کئے گئے تھے جس نے تیری وحدانیت کو صاف بیان کیا وہ پہلے تھے جنہوں نے تیری رحمت کے وسیلہ سے توبہ کی اور درود بھیج ان کے بیٹے پر جو عابد ہے، محفوظ کرنے والا ہے تیرے پوشیدہ رازوں کو اور تو نے اپنی نعمت و

لَا يَعْلَمُهَا اَحَدٌ دُوْنَكَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا۔

معونت سے جن چیزوں کا والی بنایا ان کو اور درود بھیج جو انبیاء و صدیقین و مکرمین میں سے ہے اے اللہ! میں تجھ سے اس حاجت کا سوال کرتا ہوں جس کو تیرے بغیر کوئی نہیں جانتا اور درود بھیجے اللہ تعالیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی آل پر اور آپ کے اصحاب پر اور پورا پورا سلام بھیجے۔

النووی نے کتاب "الاذکار" وغیرہ میں ملتزم کی دعا ماثور میں لکھا ہے "اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ واللہ اعلم"۔

حضرت عبداللہ بن ابی بکر سے مروی ہے فرماتے ہیں ہم خیف میں تھے اور ہمارے ساتھ عبداللہ بن عتبہ تھے اس نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا، پھر دعائیں مانگیں پھر اٹھے اور ہمیں نماز پڑھائی۔

القاضی اسماعیل نے اس کو تخریج کیا ہے۔

عبداللہ بن دینار سے مروی ہے، فرماتے ہیں میں نے ابن عمر رضی اللہ عنہما کو دیکھا وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور پر کھڑے تھے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پیش کر رہے تھے اور حضرت ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کیلئے دعا کر رہے تھے القاضی اسماعیل نے اس کو تخریج کیا ہے اور ان کے علاوہ محدثین نے مالک کے طریق سے روایت کیا ہے۔

القاضی اسماعیل کے الفاظ یہ ہیں کہ ابن عمر جب بھی سفر سے واپس آتے تو مسجد میں داخل ہوتے اور یوں سلام عرض کرتے "اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلٰی اَبِیْ بَکْرٍ اَلسَّلَامُ عَلٰی اَبِیْ" پھر دو رکعت نماز ادا فرماتے ایک دوسرے الفاظ میں یوں ہے کہ جب سفر سے آتے تو مسجد میں دو رکعت نماز ادا کرتے پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آتے. فیضع یدہ الیمنی علی قبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم ویستدبر القبلہ اپنا دایاں ہاتھ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور پر رکھتے در آں حالانکہ قبلہ شریف کی طرف ان کی پیٹھ ہوتی پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام پیش کرتے پھر ابو بکر و عمر پر سلام عرض کرتے مالک کے

الفاظ اسطرح بھی ہیں۔

اَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ إِذَا أَرَادَ سَفَرًا أَوْ قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ جَاءَ بِقَبْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى عَلَيْهِ وَدَعَا ثُمَّ انْصَرَفَ۔

ابن عمر جب بھی سفر سے آتے تو پہلے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف پر آتے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتے. دعا مانگتے اور چلے جاتے۔

دوسرے الفاظ اس طرح ہیں۔

اَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ إِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ بَدَأَ بِقَبْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيُصَلِّي عَلَيْهِ وَلَا يَمَسُّ الْقَبْرَ ثُمَّ يُسَلِّمُ عَلَى أَبِي بَكْرٍ ثُمَّ يَقُولُ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا أَبَتِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ۔

ابن عمر سفر سے واپس آتے، تو پہلے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر پر آتے، درود بھیجتے مگر قبر شریف کو نہ چھوتے، پھر ابوبکر پر سلام عرض کرتے، پھر اپنے باپ پر سلام پیش کرتے۔

اس کو ابن ابی الدنیا نے تخریج کیا ہے اور ان کے طریق سے بیہقی نے الشعب میں حضرت عبداللہ بن منیب بن عبداللہ بن ابی امامہ عن ابیہ کی حدیث سے تخریج کیا ہے، فرمایا میں نے انس بن مالک کو دیکھا کہ وہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور پر آئے، ٹھہرے اور ہاتھوں کو یوں بلند کیا کہ میں گمان کرنے لگا کہ وہ نماز شروع کر رہے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام پیش کیا اور واپس چلے گئے یزید بن ابی سعید المدنی مولی المھدی سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے عمر بن عبدالعزیز کو الوداع کہا تو انہوں نے مجھے فرمایا مجھے تجھ سے ایک حاجت ہے، میں نے کہا یا امیر المومنین! تجھے مجھ سے کیا حاجت ہے اس نے کہا میرا خیال ہے تو جب مدینہ شریف حاضر ہو گا تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور کی زیارت کرے گا جب حاضر ہونا تو میری طرف سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام عرض کرنا

## آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور کی زیارت کے آداب

حاتم بن وردان سے مروی ہے فرماتے ہیں عمر بن عبدالعزیز، شام سے مدینہ طیبہ کی طرف ایک قاصد بھیجتے تاکہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر اس کی طرف سے سلام عرض

کرے۔

اس کو بیہقی نے الشعب میں تخریج کیا ہے۔

حضور نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور کی زیارت کرنے والے کیلئے مستحب یہ ہے کہ جب اس کی نظر مدینہ طیبہ کے معاہد، حرم، کھجوروں اور مکانوں پر پڑے، تو کثرت سے درود و سلام پڑھے، مدینہ طیبہ کے میدانوں کی تعظیم، مدینہ طیبہ کی منازل اور گھاس والی زمینوں کی عزت ذہن میں رکھے۔ کیونکہ یہ وہ جگہیں ہیں جو وحی اور نزول قرآن سے آباد ہوئیں، ابو الفتوح جبریل اور ابو الغنائم یہاں کثرت سے آتے جاتے تھے اس زمین پر سید البشر تشریف فرما ہیں، اللہ تعالیٰ کا دین اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنن جتنی پھیلیں یہاں سے پھیلیں، یہ جگہیں ہی فضیلتوں اور خیرات کی مشاہد، براہین و معجزات کی معاہد ہیں، یہ عظمت اس لئے ذہن میں رکھے تاکہ اس کا دل آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہیبت، تعظیم، اجلال اور محبت سے لبریز ہو جائے، اس طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم و اجلال رکھے گویا وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سامنے دیکھ رہا ہے اور یہ یقین رکھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے سلام سن رہے ہیں۔ اور تکالیف میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے مددگار ہیں یہ سب چیزیں اس لئے مدنظر رکھے تاکہ لوگوں سے جھگڑنے اور غیر مناسب کاموں اور ناشائستہ کلام سے اجتناب کرے۔

بعض متاخرین نے لکھا ہے، مسافر مدینہ کو چاہئے کہ جب کسی ایسی جگہ سے گذرے جہاں حضور علیہ السلام کا نزول ہوا یا کسی جگہ پر تشریف فرما ہوئے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام پیش کرے اور ان جگہوں سے انس و پیار کا اظہار کرے۔ کیونکہ امام بخاری نے عبداللہ مولی اسماء کی حدیث کو تخریج کیا ہے کہ وہ حضرت اسماء کو سنتے تھے کہ آپ جب حجون سے گذریں تو کہا "صلی اللہ علی رسولہ لقد نزلنا معہ ھاھنا ونحن خفاف الحقائب اللہ تعالیٰ" درود بھیجے اپنے رسول پر ہم یہاں اترے تھے آپ صلی اللہ علی وسلم کے ساتھ اور ہمارے پاس ہلکے پھلکے تھیلے تھے، جب مسجد نبوی میں داخل ہو تو مذکورہ بالا دعائے ماثور پڑھے اور زائر کیلئے یہ بھی مستحب ہے کہ روضہ شریفہ میں دو رکعت نماز پڑھے پھر قبلہ شریف کی طرف سے قبر شریف پر آئے سر کی جانب سے پورے چار ہاتھ دور کھڑا ہو قندیل کو اور

مسمار جو دیوار میں لگا ہوا ہے اس کو سر کے برابر رکھے یہ مسمار چاندی کا ہے سامنے لگا ہوا ہے، قبر شریف کی جو دیوار سامنے ہو اس کی نچلی طرف کو دیکھتے ہوئے کھڑا ہو خشوع و خضوع اور اجلال کا مقام ہے، اس لئے نگاہوں کو جھکا کر رکھے پھر یوں سلام عرض کرے،

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خِيَرَةَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَيْرَ خَلْقِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حَبِيْبَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا سَيِّدَ الْمُرْسَلِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا قَائِدَ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بَشِيْرُ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَذِيْرُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى اَهْلِ بَيْتِكَ الطَّاهِرِيْنَ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى اَزْوَاجِكَ الطَّاهِرَاتِ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى اَصْحَابِكَ اَجْمَعِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى سَائِرِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَسَائِرِ عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ جَزَاكَ اللّٰهُ عَنَّا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفْضَلَ مَا جَزٰى نَبِيًّا عَنْ قَوْمِهٖ وَرَسُوْلًا عَنْ اُمَّتِهٖ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ كُلَّمَا ذَكَرَكَ الذَّاكِرُوْنَ وَكُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِكَ الْغَافِلُوْنَ وَصَلّٰى عَلَيْكَ فِي الْاَوَّلِيْنَ وَصَلّٰى عَلَيْكَ فِي الْاٰخِرِيْنَ اَفْضَلَ وَاَكْمَلَ وَاَطْيَبَ مَا صَلّٰى عَلٰى اَحَدٍ مِّنَ الْخَلْقِ اَجْمَعِيْنَ كَمَا اسْتَنْقَذَنَا بِكَ مِنَ الضَّلَالَةِ وَبَصَّرَنَا بِكَ مِنَ الْعَمٰى وَالْجَهَالَةِ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّكَ عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَاَمِيْنُهٗ وَخِيَرَتُهٗ مِنْ خَلْقِهٖ وَاَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ الرِّسَالَةَ وَاَدَّيْتَ الْاَمَانَةَ وَنَصَحْتَ الْاُمَّةَ وَجَاهَدْتَ فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ اَللّٰهُمَّ اٰتِهٖ نِهَايَةَ مَا يَنْبَغِيْ اَنْ يَّاْمُلَهُ الْاٰمِلُوْنَ۔

ترجمہ:۔ اے اللہ کے رسول تم پر سلام ہو، اے اللہ کے نبی تم پر سلام ہو، اے اللہ کے پسندیدہ تم پر سلام ہو، اے اللہ کی تمام مخلوق سے بہتر تم پر سلام ہو، اے اللہ کے حبیب تم پر سلام ہو، اے رسولوں کے سردار تم پر سلام، اے خاتم النبیین تم پر سلام ہو، اے رب العالمین کے رسول تم پر سلام ہو، اے روشن پیشانیوں والوں کے قائد تم پر سلام ہو، اے بشارت دینے والے تم پر سلام ہو، اے بروقت ڈرانے والے تم پر سلام ہو، تم پر اور تمہارے پاکیزہ اہل بیت پر سلام ہو تم پر اور تمہاری ازواج مطہرات۔ امہات المومنین پر سلام ہو، سلام ہو تم پر اور تمہارے تمام اصحاب پر، سلام ہو تم پر تمام انبیاء و مرسلین پر اور تمام اللہ کے نیک بندوں پر، اے اللہ کے رسول اللہ تعالیٰ آپ کو ایسی جزا ہماری طرف سے عطا کرے جو ہر اس جزا سے افضل ہو جو کسی نبی کو اپنی قوم کی طرف سے اور کسی رسول

اپنی امت کی طرف سے عطافرمائی ہے، اللہ تعالیٰ درود بھیجے تم پر جب کبھی ذکر کرنے والے تیرا ذکر کریں اور جب غافل تیرے ذکر سے غافل ہوں اللہ تعالیٰ درود بھیجے تم پر اولین میں اور درود بھیجے تم پر آخرین میں اس درود سے افضل، اکمل اور اطیب جو اس نے اپنی مخلوق کے کسی فرد پر بھیجا، جیسے ہم تیرے سبب گمراہی سے نکلے، جہالت اور اندھے پن سے ہم نے تیری وجہ سے آنکھیں کھولیں، میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ تو اللہ تعالیٰ کا عبد مقرب، رسول مکرم، وحی الٰہی کا امین، تمام مخلوق سے اس کا چیدہ بندہ ہے، میں گواہی دیتا ہوں کہ تو نے پیغام رسالت پہنچایا۔ امانت کو ادا کیا۔ امت کی خیر خواہی کی، اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جہاد کا حق ادا کیا۔ اے اللہ! امید کرنے والوں کیلئے جتنی امید کرنا ممکن ہے اس کی نہایت ہمارے آقا و مولا صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا فرما۔

اس سلام و دعا کے بعد اپنے لئے تمام مومن مردوں کیلئے اور تمام مومن عورتوں کیلئے دعا مانگے، پھر حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما پر سلام عرض کرے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرے اور سوال کرے اللہ تعالیٰ انہیں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نصرت کرنے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حقوق کو ادا کرنے پر بہتر جزا عطا فرمائے اور یہ جاننا چاہئے کہ قبر شریف کے پاس درود و سلام پیش کرنا نماز پڑھنے سے افضل ہے۔

الباجی فرماتے ہیں لفظ صلاۃ سے دعا کرے لیکن پہلے قول یعنی السلام کے لفظ سے دعا کرنا ظاہر ہے المجد اللغوی فرماتے ہیں السلام کو افضلیت حاصل ہے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اپنا ارشاد ہے "مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُسَلِّمُ عَلَيَّ عِنْدَ قَبْرِيْ" میں کہتا ہوں باب کے گذشتہ فوائد میں ابن فدیک کا قول گذر چکا ہے کہ میں نے ایک عالم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ ہمیں یہ خبر پہنچی ہے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کے پاس کھڑا ہو، اور "اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ" کی آیت تلاوت کرے پھر "صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ" کہے حتی کہ ستر مرتبہ یہ کہے، تو ایک فرشتہ اسے کہتا ہے اے فلاں! تجھ پر اللہ درود بھیجے اور تیری کوئی ضرورت باقی نہ رہے۔

اس قول کو البیہقی نے ابن ابی الدنیا کے طریق سے تخریج کیا ہے جب واپس آنے کا ارادہ کرے تو قبر شریف کو پہلے کی طرح صلاۃ و سلام کے ساتھ الوداع کہے اور قبر شریف

کی طرف جھکے (اور آداب بجالائے)۔

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفْضَلَ صَلَاةٍ صَلَّاهَا عَلَى أَحَدٍ مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَرَفَعَ دَرَجَتَهُ فِي عِلِّيِّيْنَ وَآتَاهُ الْوَسِيْلَةَ وَالْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ وَالشَّفَاعَةَ الْعُظْمٰى كَمَا جَعَلَهُ رَحْمَةً لِلْعَالَمِيْنَ وَهَنَّأَهُ بِمَا أَعْطَاهُ وَزَادَهُ فِيْمَا مَنَحَهُ وَأَوْلَاهُ وَتَابَعَ لَدَيْهِ مَوَاهِبَهُ وَعَطَايَاهُ وَأَسْعَدَنَا بِشَفَاعَتِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَكَافَأَهُ عَنَّا وَجَازَاهُ وَأَجْزَلَ مَثُوْبَتَهُ وَرَفَعَ دَرَجَتَهُ بِمَا أَدَّاهُ إِلَيْنَا مِنْ رِسَالَتِهِ وَأَفَاضَ عَلَيْنَا مِنْ نَصِيْحَتِهِ وَعَلَّمَنَاهُ أَنَّهُ قَرِيْبٌ مُجِيْبٌ۔

اور اللہ درود بھیجے اور سلام بھیجے اس سے افضل درود جو انبیاء میں سے کسی پر اس نے بھیجا۔ علیین میں آپ کا درجہ بلند کرے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو وسیلہ مقام محمود اور شفاعت عظمیٰ عطا فرمائے جیسے اس نے اسے رحمۃ للعالمین بنایا اور خوشگوار بنائے جو اسے اس نے عطا فرمایا۔ اور زیادتی کرے اس میں جو مہربانی فرمائی ہے اور جس کا والی بنایا ہے اور مواہب و عطایا مزید عطا فرمائے قیامت کے دن آپ کی شفاعت کی ہمیں سعادت عطا فرمائے ہماری طرف سے بہتر جزا عطا فرمائے۔ اور آپ کا ثواب عظیم فرمائے اور آپ کا درجہ بلند فرمائے۔ اس پیغام رسالت کے سبب جو آپ نے ہم تک پہنچایا اور ہم پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خلوص و محبت کا فیضان فرمایا اور ہمیں بتایا کہ اللہ تعالیٰ قریب و مجیب ہے۔

## ذبح کے وقت درود شریف پڑھنا

امام شافعیؒ ذبح کے وقت درود شریف کے پڑھنے کو مستحسن کہتے ہیں وہ فرماتے ہیں ذبح کے وقت بسم اللہ اور مزید ذکر کرنا چاہئے ذکر کی زیادتی بہتر ہے ذبح کے وقت بسم اللہ کے ساتھ "صلی اللہ علی محمد" کہنے کو میں ناپسند نہیں کرتا بلکہ میں بسم اللہ کے ساتھ درود شریف کو محبوب جانتا ہوں۔ اور میں تو ہر حال میں درود شریف کو پسند کرتا ہوں، کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر ایمان باللہ اور عبادۃ اللہ ہے۔ درود شریف پڑھنے والا انشاء اللہ عبادت کا اجر پائے گا انہوں نے عبدالرحمٰن بن عوف کا ذکر کیا ہے اور دوسرے باب کی

حدیث ذکر کی ہے اور اس پر بڑی شرح و بسط سے کلام فرمائی ہے ابو حنیفہ کے اصحاب نے ان سے اس مسئلہ پر اختلاف کیا ہے اور انہوں نے اس جگہ درود پڑھنے کو مکروہ سمجھا ہے. جیسا کہ صاحب المحیط نے ذکر کیا ہے اور اس کی کراہت کی علت یہ بیان کی ہے کہ بسم اللہ کے ساتھ درود شریف پڑھنے میں ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام کا وہم ہوتا ہے۔

ابن حبیب مالکی نے بھی ذبح کے وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کو مکروہ لکھا ہے۔ اصبغ نے ابن القاسم سے روایت کیا ہے کہ دو جگہوں پر اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کا ذکر نہ کیا جائے ۱۔ ذبح کے وقت ۲۔ چھینک کے وقت. ان دونوں جگہوں پر اللہ کے ذکر کے بعد محمد رسول اللہ نہ کہے۔ اگر کسی نے اللہ تعالیٰ کے ذکر کے بعد "صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ" کہا تو اللہ کے نام کے ساتھ اس کی ذبح ہی نہ ہوگی، اشہب سے مروی ہے فرماتے ہیں ذبح کے وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا سنت کے طور پر مناسب نہیں ہے۔ اصحاب احمد نے اختلاف کیا ہے القاضی اور اس کے اصحاب نے مکروہ کہا ہے۔ ابو الخطاب نے رؤس المسائل میں حکایت کیا ہے کہ تو پڑھ لے، مگر امام شافعی کے قول کی طرح مستحب نہیں ہے جنہوں نے مکروہ کہا ہے ان کی دلیل ابو محمد الخلال کی مروی ہے جو انہوں نے اپنی سند سے معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا مَوْطِنَانِ لَاحَظَّ لِیْ فِیْهِمَا عِنْدَ الْعُطَاسِ وَالذَّبْحِ دو جگہ پر میرا کوئی حصہ نہیں ہے۔ چھینک اور ذبح کے وقت۔

الحلیمی فرماتے ہیں جس طرح نماز میں درود شریف پڑھنا قرب الٰہی کا باعث ہے اسی طرح ذبح کے وقت بھی درود شریف کا پڑھنا باعث قرب الٰہی ہے یہ شرک نہیں ہے کیونکہ بسم اللہ واسم رسولہ نہیں کہا جاتا۔ بلکہ "بِسْمِ اللّٰهِ وَصَلَّى عَلٰى رَسُوْلِهٖ یَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ" کہا جاتا ہے۔ واللہ الموفق۔

## بیع کے وقت درود شریف پڑھنا

الاردبیلی، الانوار میں لکھتے ہیں اگر مشتری بِسْمِ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَالصَّلٰوةُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ کہہ کر بعد

میں کہے کہ میں نے بیع کو قبول کیا تو یہ صحیح ہے کیونکہ نقصان وہ چیز وہ ہوتی ہے جو عقد کی مصلحتوں مقتضیات اور مستحبات میں سے نہ ہو۔ میں کہتا ہوں کہ بیع کے وقت درود شریف پڑھنا بہتر ہے مگر بیع کے وقت درود کے پڑھنے کے مستحب ہونے پر کوئی دلیل نہیں ہے۔

## وصیت لکھتے وقت درود پڑھنا

وصیت لکھتے وقت درود شریف کے پڑھنے پر متاخرین کی دلیل ابن زبیر کی وہ حدیث ہے جو انہوں نے حسن بن دینار عن حسن البصری کے طریق سے روایت کی ہے فرماتے ہیں جب حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کی وفات کا وقت قریب آیا تو فرمایا میری وصیت لکھو، کاتب نے عنوان کے طور پر لکھا "ہٰذَا مَا اَوْصٰی بِہٖ اَبُوْ بَکْرٍ صَاحِبُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تو حضرت ابو بکر نے فرمایا موت کے وقت کیفیت ایسی نہیں۔ اس کو مٹاؤ اور یہ لکھو ہٰذَا مَا اَوْصٰی بِہٖ نُفَیْعُ الْحَبَشِیُّ مَوْلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وہ گواہی دیتا ہے کہ اللہ عزوجل اس کا رب ہے، محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے نبی ہیں اسلام اس کا دین ہے، کعبہ اس کا قبلہ ہے، وہ اللہ تعالیٰ سے امید رکھتا ہے اس سلوک کی جو وہ توحید کے معترف اور اس کی ربوبیت کے اقراری سے کرے گا آخر تک اس نے وصیت ذکر کی۔

میں کہتا ہوں اس جگہ درود شریف کا پڑھنا مستحسن ہے لیکن اس قصہ میں اس کی شہادت نہیں ہے واللہ اعلم۔

## نکاح کے خطبہ کے وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھنا

النووی نے "الاذکار" میں لکھا ہے کہ کسی سے رشتہ طلب کرنے والا اپنی کلام کی ابتداء اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھ کر کرے پھر کلمہ شہادت "اَشْہَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْہَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ" پڑھ کر کہے کہ میں تمہاری فلاں بچی کا رشتہ طلب کرنے آیا ہوں۔ یا فلاں کی بیٹی فلانہ کا رشتہ طلب

کرنے آیا ہو۔

علامہ نووی نے اس پر کوئی خاص دلیل پیش نہیں کی۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے اِنَّ اللّٰہَ وَمَلَائِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ کی تفسیر ہم نے روایت کی ہے فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ تمہارے نبی کی تعریف فرمائی اور اس کی بخشش فرمائی فرشتوں کو اس کے لئے مغفرت طلب کرنے کا حکم دیا ہے "یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ" کا مطلب ہے اَثْنُوْا عَلَیْہِ فِیْ صَلَاتِکُمْ وَمَسَاجِدِکُمْ وَفِیْ کُلِّ مَوْطِنٍ وَفِیْ خُطْبَۃِ النِّسَاءِ فَلَا تَنْسَوْہ یعنی اپنی نمازوں میں اپنی مساجد میں، ہر جگہ پر اور عورتوں سے نکاح میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کو نہ بھولو!

القاضی اسماعیل نے ضعیف سند کے ساتھ اس کو تخریج کیا ہے۔

ابوبر بن حفص سے ہم نے روایت کیا ہے فرماتے ہیں، حضرت ابن عمر کو جب نکاح کی دعوت دی جاتی تو فرماتے "لَاتُزْدَحِمُوْا عَلَیْنَا النَّاسَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ اِنَّ فُلَانًا خَطَبَ اِلَیْکُمْ فَاِنْ اَنْکَحْتُمُوْہُ فَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَاِنْ رَدَدْتُمُوْہُ فَسُبْحَانَ اللّٰہِ۔ لوگو! ہم پر بھیڑ نہ کرو سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں، اللہ تعالیٰ درود بھیجے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر فلاں شخص تم سے رشتہ طلب کرنے آیا ہے اگر تم اسے اپنی بچی کا نکاح کر دو تو الحمد للہ اور اگر تم اسے رد کر دو تو سبحان اللہ!

العتبی اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں فرماتے ہیں عمر بن عبدالعزیز نے اپنے خاندان کی ایک عورت کے نکاح میں ہمیں خطاب فرمایا تو فرمایا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ذِی الْعِزَّۃِ وَالْکِبْرِیَاءِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ خَاتَمِ الْاَنْبِیَاءِ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ الرَّغْبَۃَ مِنْکَ دَعَتْکَ اِلَیْنَا وَالرَّغْبَۃُ مِنَّا فِیْکَ اَجَابَتْکَ وَقَدْ اَحْسَنَ ظَنًّا بِکَ مَنْ اَوْدَعَکَ کَرِیْمَتَہٗ وَاخْتَارَکَ لِحُرْمَتِہٖ وَقَدْ زَوَّجْنَاکَ عَلٰی مَا اَمَرَ اللّٰہُ بِہٖ مِنْ اِمْسَاکٍ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِیْحٍ بِاِحْسَانٍ۔

تمام تعریفیں اس اللہ تعالیٰ کیلئے جو عزت و کبریائی والے ہیں اور اللہ تعالیٰ درود بھیجے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر، جو خاتم الانبیاء ہیں حمد و صلاۃ کے بعد بیشک تم نے ان کی طرف رغبت کی اور وہ تجھے ہماری طرف لے آئی، ہمیں تجھ سے رغبت ہوئی اور تیری حاجت کو قبول کیا

اس نے تیرے متعلق اچھا گمان کیا اور تجھے اپنی بیٹی عطا کی اور اپنی عزت کیلئے تجھے منتخب کیا اور ہم نے تیرا نکاح اللہ تعالیٰ کے ارشاد "اِمْسَاکٌ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِیْحٌ بِاِحْسَانٍ" کے مطابق اس کے ساتھ کر دیا۔

ایک اعرابی نے خطبہ نکاح اس طرح پڑھا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَمَا حَمِدْتُهٗ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا قُلْتُهٗ كُلُّ مَا وَصَفْتُ غَيْرُ مَجْهُوْلٍ حَبْلُكَ مَوْصُوْلٌ وَفَرْضُكَ مَقْبُوْلٌ هَاتِ يَا غُلَامُ بَشَّرْتُكَ فَقَامَ مُهَنِّيًا لَهُمْ فَقَالَ بِالثَّبَاتِ وَالْبَيَاتِ وَالْمَبْنِيْنَ لَا الْبَنَاتِ وَالرِّضَا حَتَّى الْمَمَاتِ۔

## صبح و شام اور سونے کے وقت حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا

اس شخص کو درود پڑھنے کا وظیفہ کرنا چاہئے جس کو نیند کم آتی ہو۔ حدیث ابی الدرداء ابی کامل دوسرے باب میں گذر چکی ہے اور صبح اور مغرب کی نماز کے بعد درود شریف پڑھنے کے متعلق حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث اسی باب میں آپ پڑھ چکے ہیں، یہ تمام اس عنوان کے تحت بطور دلیل پیش کی جا سکتی ہیں۔

حضرت ابی قرصافہ، جن کا نام جندرہ بن خیشنہ من بنی کنانہ، جنہیں صحبت کا شرف بھی حاصل تھا سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے میں نے سنا کہ جو شخص بستر پر آئے تو سورت تبارک الذی بیدہ الملک پڑھے اور یہ دعا مانگے۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ الْحِلِّ وَالْحَرَامِ وَرَبَّ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ وَرَبَّ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ بِحَقِّ كُلِّ اٰيَةٍ اَنْزَلْتَهَا فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ بَلِّغْ رُوْحَ مُحَمَّدٍ تَحِيَّةً وَسَلَامًا اَرْبَعَ مَرَّاتٍ وَكَّلَ اللّٰهُ بِهٖ مَلَكَيْنِ حَتّٰى يَاتِيَا مُحَمَّدًا فَيَقُوْلَانِ لَهٗ اَنَّ فُلَانَ بْنَ

اے اللہ! اے مالک حل و حرام کے اور مالک مشعر حرام کے! اے مالک رکن و مقام کے بطفیل ہر اس آیت کے جو تو نے رمضان کے مہینہ میں اتاری، روح محمد کو سلام پہنچا۔ جو یہ چار مرتبہ کہتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دو فرشتے مقرر فرماتا ہے حتیٰ کہ وہ حضور علیہ الصلوٰۃ

فُلَانٍ یَقْرَءُ عَلَیْکَ السَّلَامَ وَرَحْمَۃَ اللّٰہِ فَاَقُوْلُ عَلٰی فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ مِنِّیْ السَّلَامُ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ۔

والسلام کی بارگاہ میں آکر عرض کرتے ہیں حضور! فلاں بن فلاں آپ کو سلام عرض کرتا ہے اور اللہ کی رحمت تو میں کہتا ہوں فلاں بن فلاں کو میری طرف سے سلام اور اللہ کی رحمت ہو۔

اس حدیث کو ابو الشیخ نے روایت کیا ہے اور ان کے طریق سے الدیلمی نے مسند الفردوس میں، الضیاء نے المختارہ میں روایت کی ہے الضیاء لکھتے ہیں ہم اس حدیث کو صرف اسی طریق سے جانتے ہیں یہ غریب ہے اس کے بعض رواۃ پر کلام کی گئی ہے ابن قیم لکھتے ہیں یہ ابی جعفر کے قول سے معروف ہے، وانہ اشبہ واللہ اعلم۔

ابن بشکوال نے عبدوس الرازی سے روایت کیا ہے جس شخص کو نیند کم آتی ہو تو وہ جب سونے کا ارادہ کرے تو اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا کی آیت کی تلاوت کرے حضور علیہ الصلاۃ والسلام سے مروی ہے، جس کی اصل پر مجھے آگاہی نہیں ہوئی۔

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مَسَاءً غُفِرَلَہٗ قَبْلَ اَنْ یُّصْبِحَ وَمَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَبَاحًا غُفِرَلَہٗ قَبْلَ اَنْ یُّمْسِیَ۔

جو شام کے وقت مجھ پر درود بھیجے گا وہ صبح کرنے سے پہلے بخشا جائے گا اور جو صبح مجھ پر درود بھیجے گا وہ شام کرنے سے پہلے بخشا جائے گا۔

## سفر کرنے اور سوار ہونے کے وقت درود پڑھنا

علامہ نووی نے کتاب الاذکار میں مسافر کے اذکار لکھتے ہوئے فرمایا ہے کہ مسافر اپنی دعا کی ابتداء اور انتہاء اللہ تعالیٰ کی حمد اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھ کر کرے لیکن اس کے متعلق کوئی خاص دلیل پیش نہیں فرمائی حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس نے سواری پر سوار ہوتے ہوئے یہ کہا۔

اس ذات کے نام سے شروع کرتا ہوں جس کے نام کی برکت سے کوئی چیز نقصان نہیں پہنچاتی۔ اس کی ذات ہر عیب سے پاک ہے اس کا کوئی مسمی نہیں۔ پاک ہے وہ ذات جس نے مسخر کر دیا ہمارے لئے اس سواری کو (ورنہ) ہم تو اس پر قدرت رکھنے والے نہ تھے اور ہم اپنے رب تعالیٰ کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں اور تمام تعریفیں اللہ رب العالمین کیلئے ہیں اور درود ہو محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور سلامتی ہو۔

تو یہ دعا سن کر سواری کہتی ہے۔ "بَارَکَ اللّٰہُ عَلَیْکَ۔ خَفَّفْتَ عَنْ ظَهْرِيْ وَاَطَعْتَ رَبَّکَ وَاَحْسَنْتَ اِلٰی نَفْسِکَ بَارَکَ اللّٰہُ لَکَ فِیْ سَفَرِکَ وَاَنْجَحَ حَاجَتَکَ۔ " (اللہ تعالیٰ تجھ میں برکت پائے تو نے میری پیٹھ سے بوجھ ہلکا کیا تو نے اپنے رب کی اطاعت کی۔ تو نے اپنے نفس سے احسان کیا۔ اللہ تعالیٰ تیرے لئے تیرے سفر میں برکت پائے اور تیری حاجت کو بامراد فرمائے۔

الطبرانی نے اس کو الدعاء میں تخریج کیا ہے۔

## کسی دعوت یا بازار میں جاکر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھنا

حضرت ابی وائل سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود کو دیکھا کہ ہر دسترخوان۔ محفل ختنہ (ایک روایت میں جنازہ کے الفاظ بھی ہیں) اور جنازہ وغیرہا سے اٹھتے تو اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرتے اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتے اور دعائیں مانگتے۔ اگر بازار کی طرف جاتے تو کسی غیر معروف جگہ پر بیٹھتے۔ اللہ تعالیٰ کی حمد کرتے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتے اور دعائیں مانگتے اس

روایت کو ابن ابی حاتم، ابن ابی شیبہ اور النمیری نے تخریج کیا ہے۔

## گھر میں داخل ہوتے وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود بھیجنا

دوسرے باب کی سہل بن سعد کی حدیث اس کی دلیل بن سکتی ہے اور اللہ تعالیٰ کے ارشاد" فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُیُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰٓی اَنْفُسِکُمْ" کی تفسیر میں حضرت عمرو بن دینار سے مروی ہے فرماتے ہیں۔ اگر گھر میں کوئی شخص موجود نہ ہو تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام بھیجتے ہوئے یوں کہو"اَلسَّلَامُ عَلَی النَّبِیِّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلٰٓی اَہْلِ الْبَیْتِ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ"

میں کہتا ہوں حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ یہاں بیوت سے مراد مساجد ہیں۔ النخعی فرماتے ہیں اگر مسجد میں کوئی شخص نہ ہو تو یوں کہو"اَلسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ" جب گھر میں کوئی نہ ہو تو یوں کہہ" اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ"

## رسائل میں اور بسم اللہ شریف کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا۔

یہ خلفاء راشدین کی وہ سنت ہے، جس کا حکم سید المرسلین علیہ افضل الصلاۃ والتسلیم نے خود دیا ہے۔

الحافظ ابو الربیع بن سالم الکلاعی نے اپنی کتاب"الاکتفاء"میں الواقدی سے روایت کیا ہے کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے طریفہ ابن حاجز، جو عامل تھا، کو لکھا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مِنْ اَبِیْ بَکْرٍ خَلِیْفَۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ اِلٰی طَرِیْفَۃَ بْنِ حَاجِزٍ سَلَامٌ عَلَیْکَ فَاِنِّیْ اَحْمَدُ اِلَیْکَ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ ھُوَ وَاَسْاَلُہٗ اَنْ یُّصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

اور بنو ہاشم کی ولایت کی ابتداء سے زمین کے ہر خطہ میں اس پر عمل آ رہا ہے اور کسی نے اس کا انکار نہیں کیا ہے کچھ لوگ تو کتب پر مہر بھی درود شریف کے ساتھ لگاتے تھے۔ "مَنْ صَلَّ عَلَيَّ فِيْ كِتَابٍ وما اشبهہ" کی احادیث کے تحت کتابوں میں درود شریف لکھنے کی فضیلت انشاء اللہ آگے ذکر ہو۔ التاریخ المظفری سے منقول میں نے پڑھا ہے کہ جس نے رسائل میں درود شریف لکھنے کی ابتداء کی تھی وہ ہارون الرشید ہے جو اوپر گذر چکا ہے وہ اس کے مخالف ہے مگر اس کی تاویل کی جائے گی۔

## رنج والم اور کرب وشدت کے وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھنا

حضرت ابی کی مروی حدیث اس موضوع کے متعلق دوسرے باب میں گذر چکی ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے مروی ہے۔ جس کی اصل مجھے معلوم نہیں ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

مَنْ عُسِرَ عَلَيْهِ شَيْئٌ فَلْيُكْثِرْ مِنَ الصَّلَاةِ عَلَيَّ فَإِنَّهَا تَحِلُّ الْعُقَدَ وَتَكْشِفُ الْكُرَبَ۔

جسے کوئی مشکل پیش آئے اسے مجھ پر کثرت سے درود پڑھنا چاہئے کیونکہ مجھ پر درود پڑھنا گرہ کشا اور کشف البلاء ہے۔

۔ الطبرانی نے "الدعاء" میں محمد بن جعفر بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب کی حدیث کو روایت کیا ہے کہ آپ نے فرمایا جب میرے والد کو کوئی تکلیف پہنچتی تو پہلے وضوء فرماتے پھر دو رکعت نماز ادا فرماتے اس کے بعد یہ دعا مانگتے۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ ثِقَتِيْ فِيْ كُلِّ كَرْبٍ وَاَنْتَ رَجَائِيْ فِيْ كُلِّ شِدَّةٍ وَاَنْتَ لِيْ فِيْ كُلِّ اَمْرٍ نَزَلَ بِيْ ثِقَةٌ وَعِدَّةٌ فَكَمْ مِنْ كُرَبٍ فَلَا تَضْعُفُ عَنْهُ الْفُؤَادُ

اے اللہ تو ہر تکلیف میں میرا بھروسہ اور ہر سختی میں میری امید ہے، ہر تکلیف و معاملہ جو مجھے پیش آیا اس میں تو میرا بھروسہ اور وعدہ ہے کتنی ایسی تکلیفیں آئیں جن سے دل ٹوٹ

تَقُلُّ فِيْهِ الْحِيْلَةُ يَرْغَبُ عَنْهُ الصَّدِيْقُ وَيَشْمُتُ بِهِ الْعَدُوُّ اَنْزَلْتُهُ بِكَ وَشَكَوْتُهُ اِلَيْكَ فَفَرَّجْتَهُ وَكَشَفْتَهُ فَاَنْتَ صَاحِبُ كُلِّ حَاجَةٍ وَوَلِيُّ كُلِّ نِعْمَةٍ وَاَنْتَ الَّذِىْ حَفِظْتَ الْغُلَامَ بِصَلَاحِ اَبَوَيْهِ فَاحْفَظْنِىْ بِمَا حَفِظْتَهُ بِهِ وَلَا تَجْعَلْنِىْ فِتْنَةً لِلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ. اَللّٰهُمَّ وَاَسْاَلُكَ بِكُلِّ اِسْمٍ هُوَ لَكَ سَمَّيْتَهُ فِىْ كِتَابِكَ وَعَلَّمْتَهُ اَحَدًا مِنْ خَلْقِكَ اَوِ اسْتَاْثَرْتَ بِهٖ فِىْ عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ وَاَسْاَلُكَ بِالْاِسْمِ الْاَعْظَمِ الَّذِىْ اِذَا سُئِلْتَ بِهٖ كَانَ حَقًّا عَلَيْكَ اَنْ تُجِيْبَ اَنْ تُصَلِّىَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَسْاَلُكَ اَنْ تَقْضِىَ حَاجَتِىْ ط

گئے اس میں حیلے بوجھل ہوگئے، دوست منہ موڑ گئے دشمن خوش ہوئے میں نے تجھ پر پیش کی تجھ سے اس کی شکایت کی تو تونے اس تکلیف کو دور کر دیا۔ تو ہر حاجت کا مالک ہے تو ہر نعمت کا ولی ہے تو وہ ہے جس نے والدین کی نیکی کی وجہ سے بچے کی حفاظت کی، میری بھی حفاظت فرما اس کے ساتھ جس کے ساتھ تونے اس کی حفاظت فرمائی اور مجھے ظالم قوم کیلئے آزمائش نہ بنا۔ اے اللہ! میں ہر اس اسم کے ساتھ تجھ سے سوال کرتا ہوں جو تونے اپنے لئے کتاب میں ذکر فرمایا ہے جو تونے اپنی مخلوق میں سے کسی کو سکھایا ہے یا جس کو تونے اپنے علم غیب میں خاص کیا ہے اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس اسم اعظم کے طفیل کہ جب بھی اس کے ساتھ سوال کیا جائے تو قبول کرنا، تجھ پر حق بن جاتا ہے یہ کہ، تو درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آل محمد پر اور میں سوال کرتا ہوں کہ تو میری ضرورت پوری فرما۔

اس کے بعد اپنی حاجت کا سوال کرتے تھے۔

## فقر اور حاجت کے لاحق ہونے اور غرق ہونے کے وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود بھیجنا

دوسرے باب میں حضرت سمرہ اور سہل بن سعد سے مروی، دو حدیثیں اس موضوع

کے متعلق گذر چکی ہیں۔ اور غرق کے وقت درود شریف پڑھنے کے متعلق الفاکہانی نے "الفجر المنیر" میں بیان کیا ہے کہ مجھے شیخ صالح موسیٰ الضریر نے بتایا کہ وہ نمکین سمندر میں ایک کشتی پر سوار تھے، فرماتے ہیں، سخت ہوا چل پڑی جسے الاقلابیہ کہا جاتا تھا، اس سے بہت کم لوگ نجات پاتے تھے، میں سویا ہوا تھا، خواب میں میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے دیکھا کہ تو کشتی سواروں کو بتا کہ وہ ہزار مرتبہ یہ درود پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تُنْجِیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیَاۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ۔

اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا و مولا محمد پر ایسا درود جس کی برکت سے تو نجات دے ہمیں تمام خوفوں اور آفتوں سے اور پوری فرمائے تو اس کے باعث ہماری ساری حاجتیں اور پاک کر دے تو ہمیں اس کی برکت سے تمام گناہوں سے اور بلند کر دے تو ہمیں اس کی برکت سے اعلیٰ درجات پر اور پہنچا دے تو ہمیں اس کی برکت سے انتہائی درجوں پر تمام خیرات سے دنیا و آخرت میں۔

فرماتے ہیں، میں بیدار ہوا اور تمام سواروں کو اپنا خواب سنایا ہم نے تقریباً تین سو مرتبہ پڑھا ہو گا کہ اللہ تعالیٰ نے ہماری یہ مصیبت دور فرمادی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کی برکت سے اس ہوا کو روک دیا۔

المجد اللغوی نے اپنی سند کے ساتھ اسی طرح یہ واقعہ ذکر کیا ہے اس کے بعد انہوں نے الحسن بن علی الاسوانی سے نقل کیا ہے کہ جو اس درود کو ہزار مرتبہ جس کسی مہم، مصیبت، تکلیف کیلئے پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کی وہ تکلیف دور فرمائے گا اور اس کی امید پوری فرمادے گا۔

# طاعون کے وقوع کے وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھنا

ابن ابی حجلہ نے ابن خطیب یبروذ سے نقل کیا ہے کہ ایک نیک شخص نے اسے خبر دی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود بھیجنا طاعون کو دور کرتا ہے۔ ابن حجلہ نے اس روایت کو قبول کیا ہے وہ ہر وقت یہ درود پڑھتے "اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَعْصِمُنَا بِھَا مِنَ الْاَھْوَالِ وَالْآفَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ" پھر انہوں نے اصل مسئلہ پر پانچ وجوہ سے استدلال کیا ہے ا۔ حدیث پاک میں درود پاک کثرت سے پڑھنا ہر ارادہ و مہم کیلئے کافی ہے۔ ۲۔ الجمل المسروق کے قصہ میں حضور علیہ الصلاۃ والسلام کا ارشاد گذر چکا ہے تونے دنیا و آخرت کے عذاب سے نجات پائی، تیسرا آگے آئے گا کہ درود اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے، طاعون اگرچہ مومنین کے حق میں شہادت ہے اور رحمت ہے، لیکن یہ اصل میں عذاب ہے رحمت اور عذاب دو ضدیں جمع نہیں ہوسکتیں۔ چوتھا یہ کہ حدیث پاک میں ہے تم میں سب زیادہ نجات پانے والا ہولناکیوں سے قیامت کے دن وہ ہوگا جو دنیا میں مجھ پر کثرت سے درود پڑھتا ہے۔ جب درود پاک قیامت کی مصیبتوں کو دور کرتا تو طاعون جو دنیا کی مصیبت ہے اس کو بدرجہ اولی دور کرے گا پانچواں یہ کہ، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے طاعون مدینہ طیبہ میں داخل نہ ہوگا اور نہ دجال داخل ہوگا، اس کا سبب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت ہے، پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا طاعون کے دور کرنے کا سبب ہے، میں کہتا ہوں پہلی دلیل مستند اور جید ہے لیکن باقی ایسی نہیں ہیں۔ واللہ اعلم۔

الشیخ شہاب الدین ابن حجلہ نے یہ بھی ذکر کیا ہے کہ جب محلہ میں طاعون زیادہ ہوگیا تو ایک نیک صلح آدمی نے خواب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا اور طاعون کی حالت کی شکایت کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے یہ دعا پڑھنے کا حکم دیا۔

| | |
|---|---|
| اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ مِنَ الطَّعْنِ وَالطَّاعُوْنِ وَعَظِیْمِ الْبَلَاءِ فِی النَّفْسِ | اے اللہ! ہم تجھ سے پناہ مانگتے ہیں طعن و طاعون اور نفس، و مال اہل و اولاد میں بڑی |

وَالْمَالِ وَالْاَهْلِ وَالْوَلَدِ اللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ مِمَّا نَخَافُ وَنَحْذَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ عَدَدَ ذُنُوْبِنَا حَتّٰى تَغْفَرَ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُمَّ كَمَا شَفَّعْتَ نَبِيَّكَ فِيْنَا فَامْهَلْتَنَا وَعَمَّرْتَ بِنَا مَنَازِلَنَا فَلَا تُهْلِكْنَا بِذُنُوْبِنَا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۔

مصیبت کی، اللہ بڑا ہے اللہ بڑا ہے اللہ بڑا ہے ہر اس چیز سے جس سے ہم خوفزدہ اور ڈرتے ہیں اللہ بڑا ہے، اللہ بڑا ہے اللہ بڑا ہے ہمارے گناہوں کی تعداد سے حتیٰ کہ بخشے جائیں اللہ بڑا ہے اللہ بڑا ہے اللہ بڑا ہے اور درود بھیجے اللہ تعالیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی آل پر اور سلامتی بھیجے اللہ بڑا ہے اللہ بڑا ہے اللہ بڑا ہے۔ اے اللہ! جیسے تونے اپنے نبی کی شفاعت ہمارے حق میں قبول فرمائی اور ہمیں مہلت دی اور ہمارے گھروں کو ہمارے ساتھ آباد کیا۔ پس تو ہمیں ہمارے گناہوں کے سبب ہلاک نہ کر یاارحم الراحمین۔

شیخ فرماتے ہیں اس دعا کے صادر ہونے کی صحت بعید ہے کیونکہ یہ مخالف ہے اس چیز کے جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ثابت ہے وہ یہ کہ آپ نے اس کی اپنی امت کیلئے دعا فرمائی پس یہ کیسے تصور کیا جاسکتا ہے کہ آپ لوگوں کو اس چیز سے پناہ مانگنے کا حکم دیں جس کی خود ان کے لئے دعا مانگی ہے۔ واللہ اعلم۔

## دعا کی ابتداء، درمیان اور آخر میں درود پڑھنا

علماء کا اجماع ہے کہ دعا کی ابتداء میں اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا مستحب ہے، اسی طرح ختم بھی حمد و ثنا اور درود پر کرے۔ الاقلیسی نے فرمایا کہ جب تو اپنے معبود برحق سے دعا مانگے تو پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد کر، پھر اپنے بزرگ و معزز نبی پر درود بھیج، اور درود کو اپنی دعا کی ابتداء وسط اور آسکے آخر میں

ضرور پڑھ، اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تعریف کرتے وقت نفائس مفاخرہ کا ذکر کر اس طرح تو مستجاب الدعوات بن جائے گا، اور تیرے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان سے پردہ اٹھ جائے گا۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے قدح راکب کی طرح نہ سمجھو، پوچھا گیا قدح راکب سے کیا مراد ہے فرمایا مسافر جب اپنی ضرورت سے فارغ ہوتا ہے تو اپنے پیالے میں پانی ڈالتا ہے اگر اسے اس کی ضرورت پیش آتی ہے تو اس سے وضو کرتا ہے یا پی لیتا ہے، اگر ضرورت پیش نہ آئے تو اسے انڈیل دیتا ہے تم میرا ذکر دعا کی ابتداء درمیان اور اس کے آخر میں کیا کرو۔

اس حدیث کو عبد بن حمید اور البزاز نے اپنی اپنی مسند میں عبدالرزاق نے اپنی جامع میں، ابن ابی عاصم نے "الصلاۃ" میں، التیمی نے "الترغیب" میں الطبرانی نے البیہقی نے الشعب میں، الضیاء نے اور ابو نعیم نے "الحلیۃ" میں ان کے طریق سے الدیلمی نے روایت کیا ہے تمام نے موسیٰ بن عبیدہ الربذی کے طریق سے روایت کی ہے، موسیٰ ضعیف ہے اور حدیث غریب ہے۔ یہی حدیث سفیان بن عینیہ نے اپنی جامع میں یعقوب بن زید بن طلحہ کے طریق سے روایت کی ہے اور اس طریق کے ساتھ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچتا ہے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا۔

لَا تَجْعَلُوْنِیْ کَقَدَحِ الرَّاکِبِ اِجْعَلُوْنِیْ اَوَّلَ دُعَائِکُمْ وَاَوْسَطَہٗ وَآخِرَہٗ۔ تم مجھے مسافر کے پیالے کی طرح نہ سمجھو، اپنی دعا کی ابتداء، وسط اور آخر میں میرا ذکر کرو۔

اس کی سند مرسل یا معضل ہے اگر یعقوب نے موسیٰ کے سوا سے روایت کی ہے تو موسیٰ کی روایت قوی ہو جائے گی۔ والعلم عنداللہ۔

القدح:۔ قاف اور دال کے فتح کے ساتھ ہے اور حا مہملہ ہے الہروی اور ان کی اتباع میں ابن الاثیر نے لکھا ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مراد یہ ہے کہ ذکر میں مجھے موخر نہ کرو۔ مسافر پیالے کو سواری کے آخر میں لٹکا دیتا ہے اور وہ اسے اس کے پیچھے کر دیتا ہے حضرت حسان فرمایا کَمَا نِیْطَ خَلْفَ الرَّاکِبِ الْقَدَحُ الْفَرَدُ۔ جیسے سوار کے پیچھے

اکیلا پیالہ لٹکایا گیا ہو۔

اھراق بعض روایات میں ہراق ہے۔الہاء اراق کے ہمزہ کا بدل ہے کہا جاتا ہے اراق الماء یریقہ وھراقہ و یہرقہ ہراقہ،ھا کے فتح کے ساتھ ہے۔ اس میں اھرقت الماء اھریقہ اھراقا بھی بولا جاتا ہے۔ یعنی بدل اور مبدل کو جمع کیا جاتا ہے حضرت فضالہ بن عبیدہ رضی اللہ عنہ،حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں۔ ارشاد فرمایا جب تم میں سے کوئی دعا مانگنے لگے تو پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کرے پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے اس کے بعد جو چاہے دعا مانگے۔ اسی باب میں تشہد کے اندر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا گذر چکا ہے۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے،فرماتے ہیں؛جب تم میں سے کوئی اللہ تعالیٰ سے کسی چیز کو طلب کرنے کا ارادہ کرے تو پہلے اس کی ایسی مدح و ثنا کرے جس کے وہ اہل ہے پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے اس کے بعد دعا مانگے، اس طرح وہ کامیاب ہونے اور مقصد کو حاصل کرنے کے قابل ہوگا۔ اس حدیث کو عبدالرزاق اور الطبرانی نے ان کے طریق سے الکبیر میں روایت کیا ہے۔ اس کے رجال، صحیح کے رجال ہیں۔ یہ دوسرے الفاظ میں بھی گذر چکی ہے۔

عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں،رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

| | |
|---|---|
| اَلدُّعَاءُ كُلُّهٗ مَحْجُوْبٌ حَتّٰى يَكُوْنَ اَوَّلُهٗ ثَنَاءً عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَصَلَاةً عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ يَدْعُوْ فَيُسْتَجَابُ لِدُعَائِهٖ۔ | تمام دعا محجوب رہتی ہے حتیٰ کہ اس کی ابتدا میں حمد الٰہی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا جائے پھر دعا مانگے تو اس کی دعا قبول کی جائے گی۔ |

النسائی نے اس کو روایت کیا ہے اور ابوالقاسم ابن بشکوال نے ان کے طریق سے عمر بن عمرالحمصی کی روایت سے ذکر کی ہے۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

كُلُّ دُعَاءٍ مَحْجُوبٌ حَتّٰى يُصَلّٰى عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ ہر دعا محجوب ہوتی ہے حتیٰ کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا جائے۔

اس کو الدیلمی نے "مسند الفردوس" میں تخریج کیا ہے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا صَلَاتُكُمْ عَلَيَّ مُحْرِزَةٌ لِدُعَائِكُمْ ، تمہارا مجھ پر درود بھیجنا تمہاری دعاؤں کی حفاظت کرتا ہے یہ دوسرے باب میں گذر چکی ہے۔

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

ذُكِرَ لِيْ اَنَّ الدُّعَاءَ يَكُوْنُ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ لَا يَصْعَدُ مِنْهُ شَيْءٌ حَتّٰى يُصَلّٰى عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ مجھے بتایا گیا کہ دعا زمین و آسمان کے درمیان رہتی ہے اس کا کچھ بھی اوپر نہیں جاتا حتیٰ کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا جائے۔

اس حدیث کو اسحٰق بن راہویہ نے روایت کیا ہے۔ ترمذی میں اسحٰق کے طریق سے ہے، اور ابن بشکوال کے الفاظ میں اَلدُّعَاءُ مَوْقُوْفٌ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ ہے باقی اسی طرح ہے، اس کی سند میں ایک غیر معروف راوی ہے، اس کو الواحدی نے اور ان کے طریق سے عبدالقادر الرہاوی نے اربعین میں تخریج کیا ہے اس کی سند میں بھی ایک غیر معروف راوی ہے۔ میں کہتا ہوں، ظاہر یہ ہے کہ اس کا حکم مرفوع کا حکم ہے کیونکہ اس قسم کی بات رائے سے نہیں کی جاتی۔ جیسا کہ آئمہ احادیث و اصول نے تصریح فرمائی ہے، حدیث فضالہ بھی مرفوع ہونے پر دلالت کرتی ہے کیونکہ وہ بھی انہی الفاظ میں ہے۔

الدیلمی نے یہی حدیث ان الفاظ میں تخریج کی ہے۔

اَلدُّعَاءُ يُحْجَبُ عَنِ السَّمَاءِ وَلَا يَصْعَدُ اِلَى السَّمَاءِ مِنَ الدُّعَاءِ شَيْءٌ حَتّٰى يُصَلّٰى عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا صُلِّيَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَعِدَ اِلَى السَّمَاءِ۔ دعا آسمان سے دور رہتی ہے اور آسمان کی طرف بلند نہیں ہوتی حتیٰ کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا جائے جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا جاتا ہے تو وہ اوپر بلند ہو جاتی ہے۔

شفاء میں یہی حدیث ان الفاظ میں ہے۔

اَلدُّعَاءُ وَالصَّلَاۃُ مُعَلَّقٌ بَیْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ وَلَا یَصْعُدُ اِلَی اللّٰہِ مِنْہُ شَیْئٌ حَتّٰی یُصَلّٰی عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

دعا اور نماز زمین آسمان کے درمیان معلق رہتی ہیں کچھ بھی اوپر نہیں جاتا حتیٰ کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا جائے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے جس کی تخریج پر میں آگاہ نہیں ہوں، فرمایا۔ "اَلدُّعَاءُ بَیْنَ الصَّلَاتَیْنِ لَا یُرَدُّ" دو درودوں کے درمیان کی دعا رد نہیں ہوتی۔ لیکن اس حدیث کا مفہوم و مطلب ابی سلیمان الدارانی سے ہم نے روایت کیا ہے حاجت کے وقت درود پڑھنے کے عنوان کے تحت آئے گا۔

الباجی نے حضرت ابن عباس سے روایت کیا ہے، اس کی اصل پر میں آگاہ نہیں ہوں۔

اِذَا دَعَوْتَ اللّٰہَ فَاجْعَلْ فِیْ دُعَائِكَ الصَّلَاۃَ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاِنَّ الصَّلَاۃَ عَلَیْہِ مَقْبُوْلَۃٌ وَاللّٰہُ اَکْرَمُ مِنْ اَنْ یَقْبَلَ بَعْضًا وَیَرُدَّ بَعْضًا۔

جب تو اللہ تعالیٰ سے دعا کرنے لگے تو اپنی دعا میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج، کیونکہ درود تو یقیناً مقبول ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے کرم سے یہ بعید ہے کہ وہ دعا کا کچھ حصہ قبول کرے اور کچھ کو رد کر دے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

مَا مِنْ دُعَاءٍ اِلَّا بَیْنَہٗ وَبَیْنَ اللّٰہِ حِجَابٌ حَتّٰی یُصَلّٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ فَاِذَا فُعِلَ ذَالِكَ اِنْخَرَقَ الْحِجَابُ وَدَخَلَ الدُّعَاءُ وَاِذَا لَمْ یُفْعَلْ رَجَعَ الدُّعَاءُ۔

ہر دعا اور اللہ تعالیٰ کے درمیان پردہ رہتا ہے حتیٰ کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آل محمد پر درود بھیجا جائے جب کوئی درود بھیجتا ہے تو حجاب پھٹ جاتا ہے اور دعا داخل ہو جاتی ہے اور جو ایسا نہیں کرتا اس کی دعا واپس لوٹ آتی ہے۔

البیہقی نے الشعب میں، ابو القاسم التیمی، ابن ابی شریح اور ابن بشکوال وغیرہم نے

الحارث الاعور عنہ کی روایت سے روایت کی ہے اور الحارث کو جمہور نے ضعیف قرار دیا ہے احمد بن صالح سے اس کی توثیق مروی ہے اسی حدیث کو طبرانی نے "الاوسط" میں اور بیہقی نے الشعب میں، الحارث اور عاصم کلاہما عن علی کی روایت سے تخریج کی ہے۔ طبرانی نے بھی اس کو روایت کیا ہے، الہروی نے "ذم الکلام" میں، ابو الشیخ اور الدیلمی نے ابو الشیخ کے طریق سے، البیہقی نے الشعب میں اور ابن بشکوال نے روایت کی ہے اور تمام نے اختصار کے ساتھ موقوف روایت کی ہے "کُلُّ دُعَاءٍ مَحْجُوبٌ حَتّٰی یُصَلّٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ" ہر دعا محجوب ہوتی ہے یہاں تک کہ محمد اور آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا جائے، الموقوف اشبہ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے، اس کی اصل پر مجھے آگاہی نہیں ہوئی لیکن اس کا آخر معروف ہے جیسا کہ پیچھے گذر چکا ہے۔

أَنَا أَوَّلُ النَّاسِ خُرُوجًا إِذَا بُعِثُوا وَأَنَا قَائِدُهُمْ إِذَا جُمِعُوا وَأَنَا خَطِيبُهُمْ إِذَا صَمَتُوا وَأَنَا شَفِيعُهُمْ إِذَا حُوسِبُوا وَأَنَا مُبَشِّرُهُمْ إِذَا أَيِسُوا وَاللِّوَاءُ الْكَرِيمُ يَوْمَئِذٍ بِيَدِي وَمَفَاتِيحُ الْجِنَانِ يَوْمَئِذٍ بِيَدِي وَأَنَا أَكْرَمُ وُلْدِ آدَمَ عَلَى رَبِّي وَلَا فَخْرَ يَطُوفُ عَلَيَّ أَلْفُ خَادِمٍ كَأَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَكْنُونٌ وَمَا مِنْ دُعَاءٍ إِلَّا وَبَيْنَهُ وَبَيْنَ السَّمَاءِ حِجَابٌ حَتّٰى يُصَلَّى عَلَيَّ فَإِذَا صُلِّيَ عَلَيَّ انْخَرَقَ الْحِجَابُ وَصَعِدَ الدُّعَاءُ۔

میں تمام لوگوں سے پہلے نکلوں گا جب لوگ قبروں سے نکالے جائیں گے۔ جب لوگ جمع ہوں گے تو میں ان کا قائد ہونگا اور جب لوگ خاموش ہوں گے تو میں ان کا خطیب ہوگا، جب لوگ محبوس ہوں گے تو میں ان کا شفیع ہونگا، اللواء الکریم اس دن میرے ہاتھ میں ہوگا، جنتوں کی چابیاں میرے ہاتھ میں ہوں گی۔ میں اپنے رب کے حضور تمام بنی آدم سے مکرم و معزز ہونگا، یہ بطور فخر نہیں بلکہ اظہار حقیقت کے طور پر یہ کہہ رہا ہوں مجھ پر ایسے ہزار خادم طواف کر رہے ہوں گے گویا وہ چھپے ہوئے موتی ہیں ہر دعا اور اللہ تعالیٰ کے درمیان حجاب رہتا ہے حتیٰ کہ مجھ پر درود پڑھا جائے جب

درود پڑھا جاتا ہے حجاب پھٹ جاتا ہے اور
دعا بلند ہو جاتی ہے۔

حضرت ابن عباس کی دعا میں، جو ان سے حنش نے روایت کی ہے استجب دعائی کے قول کے بعد ہے، پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ درود بھیجے۔

| | |
|---|---|
| اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِیِّكَ وَرَسُوْلِكَ اَفْضَلَ مَا صَلَّیْتَ عَلٰی اَحَدٍ مِنْ خَلْقِكَ اَجْمَعِیْنَ۔ | یہ کہ تو درود بھیجے محمد پر جو تیرا بندہ، تیرا نبی اور تیرا رسول ہے ایسا درود جو افضل ہو ہر اس درود سے جو تو نے اپنی مخلوق کے کسی فرد پر بھیجا۔ |

اس کو الشفاء میں ذکر کیا گیا ہے انشاء اللہ، مکمل حدیث عنوان "الصلاۃ علیہ عند الحاجۃ تعرض" کے تحت آئے گی۔

حضرت سعید بن مسیب سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| مَا مِنْ دَعْوَۃٍ لَا یُصَلّٰی عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْھَا اِلَّا وَکَانَتْ مُعَلَّقَۃً بَیْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ۔ | جس دعا میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ پڑھا جائے وہ زمین و آسمان کے درمیان معلق رہتی ہے۔ |

القاضی اسماعیل نے اس کو روایت کیا ہے۔

ہم نے ابن عطا سے روایت کیا ہے کہ، دعا کے ارکان، پر، اسباب اور اوقات ہوتے ہیں، اگر اس کے ارکان پائے جائیں تو وہ قوی ہو جاتی ہے اسے پر مل جائیں تو آسمان کی طرف اڑ جاتی ہے، اگر اسے اپنا وقت مل جائے تو کامیاب ہو جاتی ہے۔ اگر اسباب میسر آجائیں تو فلاح پا جاتی ہے دعا کے ارکان حضور قلب، سوزوگداز، خشوع و خضوع اور دل کو اللہ تعالیٰ سے معلق کرنا اور دنیوی اسباب سے قطع تعلق کرنا ہے۔ دعا کے پر صدق و خلوص ہے اس کا وقت سحری ہے اور اس کی قبولیت کا سبب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا ہے۔

## کانوں کے آواز دینے کے وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود بھیجنا

ابو رافع مولی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے فرماتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

اِذَا طَنَّتْ اُذُنُ اَحَدِكُمْ فَلْيُصَلِّ عَلَيَّ وَلْيَقُلْ ذَكَرَ اللّٰهُ بِخَيْرٍ مَنْ ذَكَرَنِيْ۔

جب کسی کا کان آواز دینے لگے تو اسے مجھ پر درود بھیجنا چاہئے اور یہ کہنا چاہئے ذکر اللہ بخیر من ذکرنی۔

اس حدیث کو الطبرانی، ابن عدی اور ابن السنی نے الیوم واللیلہ میں، الخرائطی نے المکارم میں، ابن ابی عاصم، ابو موسیٰ المدینی اور ابن بشکوال نے روایت کیا ہے اس کی سند ضعیف ہے بعض کی روایت میں ذَكَرَ اللّٰهُ مَنْ ذَكَرَنِيْ بِخَيْرٍ کے الفاظ ہیں، میں کہتا ہوں اس حدیث کو ابن خزیمہ نے اپنی صحیح میں تخریج کیا ہے اس کی اسناد غریب ہے اور اس کے ثبوت میں نظر ہے، واللہ الموفق۔

## پاؤں کے سن ہو جانے کے وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود بھیجنا

ابن السنی نے الہیثم بن حنش کے طریق سے اور ابن بشکوال نے ابی سعید کے طریق سے روایت کیا ہے۔

كُنَّا عِنْدَ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَخَدِرَتْ رِجْلُهُ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ اُذْكُرْ اَحَبَّ النَّاسِ اِلَيْكَ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَسَلَّمَ فَكَاَنَّمَا نُشِطَ مِنْ عِقَالٍ۔

ہم ابن عمر کی مجلس میں تھے کہ ان کا پاؤں سن ہو گیا۔ ایک آدمی نے کہا تمام لوگوں سے جو تمہیں زیادہ محبوب ہے اسے یاد کرو، تو عبداللہ بن عمر نے کہا یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم! تو پاؤں ایسا ہو گیا جیسے رسی سے

چھوٹ گیا ہے۔

ابن سنی نے مجاہد کے طریق سے یوں روایت کی ہے۔

خَدِرَتْ رِجْلُ رَجُلٍ عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَقَالَ لَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ اُذْكُرْ اَحَبَّ النَّاسِ اِلَيْكَ فَقَالَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَهَبَ خَدَرُهُ۔

حضرت ابن عباس کی مجلس میں ایک آدمی کا پاؤں سن ہوگیا تو ابن عباس نے فرمایا اپنے محبوب ترین آدمی کو یاد کرو تو اس نے کہا محمد صلی اللہ علیہ وسلم، پس پاؤں کا سن ہونا ختم ہوگیا۔

بخاری نے الادب المفرد میں عبدالرحمٰن بن سعد کے طریق سے نقل کیا ہے۔

خَدِرَتْ رِجْلُ ابْنِ عُمَرَ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ اُذْكُرْ اَحَبَّ النَّاسِ اِلَيْكَ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ۔

ابن عمر کا پاؤں سن ہوگیا تو ایک آدمی نے کہا اپنے محبوب ترین انسان کا ذکر کرو تو انہوں نے کہا یا محمد۔

## چھینک کے وقت حضور علیہ الصلاۃ والسلام پر درود بھیجنا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے روایت فرماتے ہیں۔

مَنْ عَطِسَ فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ مَا كَانَ مِنْ حَالٍ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اَهْلِ بَيْتِهٖ اَخْرَجَ اللّٰهُ مِنْ مَنْخَرِهِ الْاَيْسَرِ طَائِرًا يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِقَائِلِهَا۔

جسے چھینک آئے اور وہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ مَا كَانَ مِنْ حَالٍ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اَهْلِ بَيْتِهٖ کہے تو اللہ تعالیٰ اس کے بائیں نتھنے سے ایک پرندہ نکالتا ہے جو کہتا ہے اے اللہ! ایسا کہنے والے کی مغفرت فرما۔

دیلمی نے مسند الفردوس میں اس کو ذکر کیا ہے، اس کی سند ضعیف ہے ابن بشکوال نے ابن عباس کی حدیث سے مرفوعاً الایسر تک تو مذکورہ بالا حدیث کی طرح روایت کی ہے اس کے بعد یہ الفاظ ذکر کئے ہیں۔

طَيْرًا اَكْبَرُ مِنَ الذُّبَابِ وَاَصْغَرُ مِنَ

وہ پرندہ مکھی سے بڑا مکڑی سے چھوٹا عرش

الجَرَادِ يَرَفْرِفُ تَحْتَ الْعَرْشِ کے نیچے پھڑپھڑاتا ہے اور کہتا ہے اے اللہ!
يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِقَائِلِهَا ۔ ایسا کہنے والے کی مغفرت فرما۔

اس کی سند کے متعلق جیسا کہ المجد اللغوی نے کہا ہے لاباس بہ مگر اس کی سند میں یزید بن ابی زیاد ہے، اکثر محدثین نے اسے ضعیف کہا ہے لیکن مسلم نے اس کی متابع تخریج کی ہے۔ واللہ اعلم۔

حضرت نافع سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس ایک شخص نے چھینک ماری۔ تو اسے ابن عمر نے فرمایا۔ تونے بخل کیا ہے تونے اللہ تعالیٰ کی حمد اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود کیوں نہیں بھیجا۔ اس کو البیہقی، ابو موسیٰ المدینی نے تخریج کیا ہے، تقی بن مخلد نے اپنی مسند میں ابن بشکوال نے ان کے طریق سے ضعیف سند کے ساتھ الضحاک بن قیس سے روایت کی ہے، ایک شخص نے ابن عمر کے پاس چھینک ماری اور کہا الحمد اللہ رب العالمین پھر خاموش ہوگیا تو ابن عمر نے فرمایا تونے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام پڑھ کر اس کو مکمل کیوں نہیں کیا لیکن ابن عمر سے نافع کی روایت سے اس کے مخالف بھی مروی ہے اس کے لفظ یہ ہیں کہ ایک آدمی نے ابن عمر کے پاس چھینک ماری اور کہا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ابن عمر نے فرمایا میں بھی کہتا ہوں وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس طرح حکم نہیں دیا کہ جب ہم چھینک ماریں تو اس طرح کہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تو ہمیں حکم دیا کہ ہم یوں کہیں اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ،

اس کو الطبرانی نے روایت کیا ہے اور اس کی سند ضعیف ہے۔ ترمذی نے بھی ذکر کی ہے اور فرمایا یہ غریب ہے چھینک کے وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کے مستحب ہونے کا خیال ابو موسیٰ المدینی اور ایک دوسری علماء کی جماعت کا ہے دوسرے کئی علماء ان سے اس مسئلہ پر تنازع کرتے ہیں وہ کہتے ہیں چھینک کے وقت درود پڑھنا مستحب نہیں ہے یہ صرف حمد کا مقام ہے۔ ہر مقام کیلئے ایک ذکر مخصوص ہوتا ہے۔ دوسرا ذکر اس کے قائم مقام نہیں ہوتا۔ اسی وجہ سے رکوع و سجود میں درود پڑھنا مشروع نہیں ہے، انہوں نے حدیث انس سے بھی دلیل پکڑی ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ

والسلام نے فرمایا تین مقام پر مجھے ذکر نہ کروا۔ چھینک کے وقت ۲۔ ذبیحہ کے وقت ۳ تعجب کے وقت۔

الدیلمی نے مسند الفردوس میں حاکم کے طریق سے. اور البیہقی نے السنن الکبریٰ میں الحاکم سے صحابی کے ذکر کے بغیر روایت کی ہے اس کی سند میں ایک راوی متہم بالکذب ہے اور صحیح نہیں ہے۔

المخلص کے چوتھے فائدہ میں نہشل عن الضحاک عن ابن عباس کے طریق سے مروی ہے کہ دو جگہوں پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر نہ کیا جائے ا۔ چھینک کے وقت ۲۔ ذبیحہ کے وقت، یہ بھی صحیح نہیں ہے۔

علماء کرام نے ان مقامات کو شمار کیا ہے. جہاں صرف اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنا ہے۔ ان میں سے چند مقامات یہ ہیں کھانا، پینا، جماع کرنا، چھینک مارنا اس طرح وہ مقامات جہاں درود پڑھنے کے متعلق سنت وارد نہیں ہے۔ میں کہتا ہوں اسی طرح میں نے پڑھا ہے مگر بعض مقامات میں نظر ہے سحنون نے تعجب کے وقت درود پڑھنے کو ناپسند کیا ہے۔ تعجب کے وقت درود شریف نہ پڑھے۔ مگر طلب ثواب کی نیت سے پڑھا جاسکتا ہے۔

الحلیمی فرماتے ہیں تعجب کرنے والا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے جب "سُبْحَانَ اللہِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ" کہے تو اس میں کوئی کراہت نہیں ہے۔ اگر ناپسندیدہ یا پسندیدہ امر پر درود پڑھے تو مجھے ایسا کرنے والے پر خدشہ ہے۔ اگر اسے معلوم ہے کہ یہ درود اس نے عجب کے طور پر پڑھا ہے اور اس نے اس سے اجتناب نہ کیا تو اس نے کفر کیا میں کہتا ہوں اس آخری فتویٰ میں نظر ہے، یہ القونوی نے کہا ہے۔

## جو شخص کوئی چیز بھول جائے تو اس کے لئے درود پڑھنا اور اسی شخص کیلئے درود پڑھنا جسے بھولنے کا خوف ہو

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

نے فرمایا۔ "اِذَا نَسِیْتُمْ شَیْئًا فَصَلُّوْا عَلَیَّ تَذْکُرُوْہُ اِنْشَاءَ اللّٰہُ تَعَالٰی۔" جب تمہیں کوئی چیز بھول جائے تو مجھ پر درود بھیجو ان شاء اللہ تعالیٰ وہ تمہیں یاد آجائے گی۔

اس حدیث کو ابو موسیٰ المدینی نے ضعیف سند کے ساتھ تخریج کیا ہے۔

حضرت عثمان بن ابی حرب الباہلی، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں۔

مَنْ اَرَادَ اَنْ یُحَدِّثَ بِحَدِیْثٍ فَنَسِیَهٗ فَلْیُصَلِّ عَلَیَّ فَاِنَّ فِیْ صَلَاتِهٖ عَلَیَّ خَلَفًا مِنْ حَدِیْثِهٖ وَعَسٰی اَنْ یَذْکُرَهٗ

جو کسی بات کو بیان کرنے کا ارادہ کرے اور بھول جائے تو اس کو مجھ پر درود بھیجنا چاہیے اس کا درود اسکی بات کے قائم مقام ہو گا اور امید ہے اس کو اپنی بات یاد آجائے گی۔

الدیلمی نے اس کو تخریج کیا ہے اور اس کی سند ضعیف ہے، ابن بشکوال نے ذکر کی ہے مگر اس کی ابتدا میں یہ لفظ بھی ہیں "مَنْ ہَمَّ بِاَمْرٍ فَشَاوَرَ فِیْهِ وَفَّقَهُ اللّٰہُ لِرُشْدِ اَمْرِهٖ" جس نے کسی کام کا ارادہ کیا اس میں مشورہ کیا تو اللہ تعالیٰ اس کی صحیح رہنمائی فرمائے گا، آگے مذکورہ بالا حدیث کے الفاظ ہیں۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

مَنْ خَافَ عَلٰی نَفْسِهِ النِّسْیَانَ فَلْیُکْثِرِ الصَّلٰوۃَ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

جسے بھولنے کا اندیشہ ہو وہ کثرت سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے۔

اس حدیث کو ابن بشکوال نے منقطع سند کے ساتھ تخریج کیا ہے۔

## کسی چیز کو عمدہ سمجھنے کے وقت حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا

اس مقام پر درود شریف پڑھنے کا ذکر الشہاب بن ابی حجلہ نے کیا ہے اس کے بعد وہ لکھتے ہیں شیخ الشیوخ بحماۃ کا قول کتنا پیارا ہے جو انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح میں لکھا ہے۔

غُصْنٌ نَقِيٌّ حَلَّ عَقْدَ صَبْرِيْ ۔ بِلِيْنِ خَصْرٍ يَكَادُ يَعْقِدْ
فَمَنْ رَأَى ذَاكَ الوِشَاحَ مِنْهُ ۔ حَقٌّ لَهُ أَنْ يُصَلِّيْ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ

پاکیزہ ٹہنی ہے، کمر کی نرمی کے سبب اس نے میرے صبر کی گرہ کھول دی ہے۔ ……نے کے قریب تھی، جو اس کی بنی ہوئی کمان دیکھے، اس کا حق ہے کہ نبی کریم محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے۔

## مولی کھانے اور گدھے کی آواز سننے کے وقت حضور علی الصلوٰۃ والسلام پر درود بھیجنا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم مولی کھاؤ اور تم یہ چاہتے ہو کہ اس کی بو منہ سے نہ آئے تو پہلا لقمہ لیتے وقت مجھے یاد کرو۔

اس حدیث کو الدیلمی نے اپنی مسند میں تخریج کیا ہے اور یہ صحیح نہیں ہے مگر جو روایت مجاشع بن عمرو عن ابی بکر بن حفص عن سعید بن المسیب سے مروی وہ اس کے مشابہ ہے فرماتے ہیں جو مولی کھائے آگے خود ہی تفسیر بیان فرمائی کہ تاکہ اس کے منہ میں اس کی بو نہ پائی جائے تو اسے پہلے لقمہ کے وقت حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کرنا چاہئے

الطبرانی نے حدیث ابی رافع مرفوعاً روایت کی ہے کہ گدھا نہیں ہینگتا حتی کہ شیطان دیکھ لے یا شیطان کی مثل دیکھ لے، جب ایسا معاملہ ہو تو تم اللہ کا ذکر کرو اور مجھ پر درود بھیجو

القاضی عیاض فرماتے ہیں تعوذ کے حکم کا فائدہ یہ ہے کہ وہ شر شیطان اور اس کے وسوسہ کے شر سے ڈرے اور اس کو دور کرنے کیلئے اللہ تعالیٰ کی پناہ لے۔

## گناہ کے ارتکاب کے بعد حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا

جب گناہ کے ارتکاب کے بعد اس کا کفارہ ادا کرنے کا ارادہ کرے تو حضور کریم صلی اللہ

علیہ وسلم پر درود بھیجے۔ اس کے متعلق حدیث انس گذر چکی ہے کہ۔ "صَلُّوا عَلَیَّ فَاِنَّ الصَّلَاۃَ کَفَّارَۃٌ لَکُمْ" مجھ پر درود بھیجو، بیشک تمہارا درود تمہارے گناہوں کا کفارہ ہے اسی طرح اسی موضوع کے متعلق ابی کامل کی حدیث بھی دوسرے باب میں گذر چکی ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

صَلُّوْا عَلَیَّ فَاِنَّ الصَّلَاۃَ عَلَیَّ زَکٰوۃٌ لَکُمْ۔ تم مجھ پر درود بھیجو، بیشک مجھ پر درود بھیجنا تمہارے لئے زکوٰۃ ہے۔

اس حدیث کو ابن ابی شیبہ اور ابو الشیخ نے روایت کیا ہے، دوسرے باب میں بھی یہی حدیث گذر چکی ہے ابن قیم لکھتا ہے کہ اس حدیث میں یہ خبر دی گئی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے والے کیلئے درود زکاۃ ہے، الزکاۃ میں نمو، برکت اور طہارت کا معنی متضمن ہے اور اس سے پہلی حدیث میں ہے کہ درود پڑھنا کفارہ ہے۔ کفارہ اپنے ضمن میں گناہ کو مٹانے کا معنی لئے ہوئے ہے، دونوں حدیثوں کے ضمن میں یہ مطلب نکلتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے سے نفس کو طہارت حاصل ہوتی ہے اور اس کے لئے بڑھوتری اور اس کے کمالات میں زیادتی ثابت ہوئی ہے۔ اور نفس کا کمال بھی انہی دو امور پر منحصر ہے۔ پس معلوم ہوگیا کہ نفس کو کمال حاصل ہو ہی نہیں سکتا بجز اس کے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا جائے اور درود آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت، متابعت اور تمام مخلوق سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مقدم سمجھنے کے لوازمات میں سے ہے۔ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا۔

## حاجت کے وقت حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا

اس موضوع کے متعلق حدیث جابرؓ "الصلاۃ علیہ عقب الصبح والمغرب" کے عنوان کے تحت

اور اس کے بعد حدیث فضالہ، اور دوسرے باب میں حدیث ابی گذر چکی ہے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں، ارشاد فرمایا رات یا دن کے وقت بارہ رکعت پڑھو اور ہر دو رکعتوں کے درمیان تشہد بیٹھو، جب نماز کے آخری تشہد میں بیٹھو تو اللہ تعالی کی ثناء بیان کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج پھر تکبیر کہہ کر سجدہ کر اور سجدہ میں سات مرتبہ سورۃ فاتحہ، سات مرتبہ ایت الکرسی اور دس مرتبہ "لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ، لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ" پڑھو پھر یوں دعا مانگو "اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِکَ وَمُنْتَھَی الرَّحْمَۃِ مِنْ کِتَابِکَ وَاسْمِکَ الْاَعْظَمِ وَجَدِّکَ الْاَعْلٰی وَکَلِمَاتِکَ التَّامَّۃِ۔" (اے اللہ میں سوال کرتا ہوں طفیل ان اسباب کے جن کی وجہ سے تو نے اپنے عرش کو عزت بخشی اور بطفیل تیری کتاب کی آیات رحمت کے، اور بطفیل تیرے اسم اعظم کے اور بطفیل تیری بلند بزرگی کے اور بطفیل تیرے کلمات تامہ کے) اس کے بعد تو اپنی حاجت طلب کر پھر سجدہ سے سر اٹھا اور دائیں بائیں سلام پھیر دے اور یہ نماز بیوقوفوں اور احمقوں کو نہ سکھاؤ وہ بھی اس کے ساتھ اپنی حاجت طلب کریں گے اور قبول کی جائے گی۔

اس کو الحاکم نے المالیہ میں اور ان کے طریق سے البیہقی نے روایت کیا ہے اس کے راویوں کی ایک جماعت نے ذکر کیا ہے کہ انہوں نے اس کا تجربہ کیا ہے اور حق پایا ہے لیکن اس کی سند کمزور ہے۔ الحافظ ابوالفرج نے اپنی کتاب میں اس حدیث کو روایت کیا ہے۔ میں کہتا ہوں اس کی تمام اسناد سے اصح سند ہشیم بن ابی ساسان عن ابن جریج عنہ ہے۔

"بماقد العزمن عرشک" حافظ ابو موسیٰ المدینی فرماتے ہیں یہ ایسے ہے جیسے کہا جاتا ہے عقدت ہذا الامر بفلان میں نے یہ معاملات فلاں کے ساتھ باندھ دیا کیونکہ وہ امین، طاقتور اور عالم ہے پس امانت، قوت اور علم، اس کے ساتھ معاملہ کو باندھنے کا سبب ہیں، پس اس کا مطلب ہوگا بِالْاَسْبَابِ الَّتِیْ اَعْزَزْتَ بِھَا عَرْشَکَ حَیْثُ اَثْنَیْتَ عَلَیْہِ بِقَوْلِکَ وَالْعَرْشِ الْعَظِیْمِ وَالْعَرْشِ الْکَرِیْمِ وَالْعَرْشِ الْمَجِیْدِ، یعنی میں ان اسباب کے طفیل تجھ سے سوال کرتا ہوں جن کی وجہ سے تو نے اپنے عرش کو عزت بخشی اس حیثیت سے کہ تو نے خود اس کی تعریف عرش عظیم، عرش کریم، عرش مجید کے القاب سے فرمائی ہے۔ "منتی الرحمۃ من کتابک" اس سے مراد وہ آیات ہیں جن میں اللہ تعالیٰ کی رحمت وسیعہ اور بندوں پر کثیر

مہربانیوں کا ذکر ہے یا وہ آیات مراد ہیں جو اپنے پڑھنے والے اور ان پر عمل کرنے والے کیلئے رحمت کا موجب ہیں چونکہ اللہ تعالیٰ نے اس طرح اپنے ذکر کو پسند فرمایا ہے اور اپنا مخلوق سے بھی ایسی چیزوں کا ذکر پسند کرتا ہے جیسا کہ اس کے متعلق احادیث وارد ہیں۔

## نماز حاجت

حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ہمارے پاس تشریف لائے اور ارشاد فرمایا جسے اللہ تعالیٰ یا کسی انسان سے حاجت ہو اسے اچھی طرح وضوء کرنا چاہئے پھر دو رکعت نماز پڑھنی چاہئے اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے پھر یہ دعا مانگے۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَسْاَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهُ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهُ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

ترجمہ:۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو بڑا ہی بردبار، کرم کرنے والا ہے پاک ہے اللہ تعالیٰ جو عرش عظیم کا رب ہے۔ سب تعریفیں اللہ رب العالمین کیلئے ہیں۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری رحمت کو واجب کر دینے والے اسباب کا، اور تیری مغفرت کو پختہ کر دینے والی خصلتوں کا، اور ہر گناہ سے حفاظت، ہر نیکی کی نعمت کا اور ہر نافرمانی سے سلامتی کا۔ اے اللہ تو میرے کسی گناہ کو بخشے بغیر مت چھوڑ اور میرے کسی فکر و پریشانی کو بغیر دور کئے مت چھوڑ۔ اور میری کسی ایسی حاجت کو جو تیری رضا کے مطابق ہو بغیر پورا کئے مت چھوڑ یا ارحم الراحمین۔

اس حدیث کو الترمذی، ابی ماجہ، الطبرانی نے روایت کیا ہے اور عبدالرزاق الطبسی نے الصلاۃ میں ابوبکر الشافعی کے طریق سے روایت کی ہے۔ ترمذی فرماتے ہیں یہ غریب ہے، اور اس کی سند میں مقال ہے۔

ابن الجوزی نے مزید وضاحت کر دی اور اس حدیث کو اپنی موضوعات میں ذکر کیا ہے لیکن اس میں نظر ہے کیونکہ حاکم نے اس حدیث کو روایت کیا ہے اور کہا ہے کہ فائد کوفی کا شمار تابعین میں ہے اور میں نے اس کے جانشینوں کی ایک جماعت دیکھی ہے اور اس کی

حدیث مستقیم ہے مگر شیخین نے اس سے تخریج نہیں کی میں نے اس کی حدیث بطور شاہد تخریج کی ہے ابن عدی فرماتے ہیں اس کے ضعف کے باوجود اس کی حدیث لکھی جاتی ہے، حدیث انس میں بھی یہ چیز آئی ہے۔ بہرحال یہ حدیث انتہائی ضعیف ہے فضائل اعمال میں ذکر کی جاتی ہے موضوع حدیث ہو تو ذکر نہیں کی جائے گی۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں۔ جسے اللہ تعالیٰ سے کوئی حاجت ہو تو اسے اچھی طرح وضو کرنا چاہئے پھر دو رکعت نماز پڑھے پہلی رکعت میں سورت فاتحہ اور آیۃ الکرسی اور دوسری میں سورت فاتحہ اور امن الرسول سے آخر سورہ تک پڑھے پھر تشہد بیٹھے اور سلام پھیر دے اس کے بعد یہ دعا مانگے۔

اَللّٰهُمَّ يَا مُؤْنِسَ كُلِّ وَحِيْدٍ يَا صَاحِبَ كُلِّ فَرِيْدٍ يَا قَرِيْبًا غَيْرَ بَعِيْدٍ يَا شَاهِدًا غَيْرَ غَائِبٍ يَا غَالِبًا غَيْرَ مَغْلُوْبٍ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَسْاَلُكَ بِاسْمِكَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الْحَيِّ الْقَيُّوْمِ الَّذِيْ عَنَتْ لَهُ الْوُجُوْهُ وَخَشَعَتْ لَهُ الْاَصْوَاتُ وَوَجِلَتْ لَهُ الْقُلُوْبُ مِنْ خَشْيَتِهٖ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَفْعَلَ بِيْ كَذَا۔

اے اللہ اے ہر تنہا کے مونس، اے ہر نفیس چیز کے مالک، اے قریب جو دور نہیں، اے شاہد جو غائب نہیں، اے غالب جس پر غلبہ نہیں کیا جاتا۔ اے زندہ اے دوسروں کو زندہ کرنے والے، اے بزرگی و بخشش والے اے پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمین کے میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بطفیل تیرے اسم رحمٰن رحیم، حی و قیوم کے جس کے سامنے چہرے جھک گئے آوازیں پست ہوگئیں، دل جس کی ہیبت سے کانپنے لگے یہ کہ تو درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آل محمد پر، اور یہ کہ میرے ساتھ یہ معاملہ فرما۔

تو اس کی حاجت پوری کی جائے گی۔

اس حدیث کو الدیلمی میں اپنی مسند میں ابو القاسم التیمی نے ضعیف سند کے ساتھ ترغیب میں تخریج کیا ہے عبدالرزاق الطبسی نے کمزور سند کے ساتھ ان الفاظ میں نقل کی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ام ایمن کو فرمایا جب تجھے کوئی کام پیش آئے اور اس سے نجات چاہتی ہو تو دو رکعت نماز پڑھ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ اور مندرجہ کلمات کو دس دس مرتبہ

پڑھ۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ۔ جب تو ان میں سے کسی کلمہ کو ادا کرے گی تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا۔ یہ میرے لئے ہے میں نے اس کو قبول کیا۔ جب تو ان رکعتوں سے فارغ ہو جائے اور تشہد پڑھ لے تو سلام سے پہلے سجدہ میں یہ کہہ۔

یَا اَللّٰہُ اَنْتَ اللّٰہُ لَا غَیْرُکَ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الْاَخْیَارِ وَاقْضِ حَاجَتِیْ ھٰذِہٖ یَا رَحْمٰنُ وَاجْعَلِ الْخِیَرَۃَ فِیْ ذَالِکَ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

ترجمہ:۔ اے اللہ، تو معبود برحق ہے تیرے سوا کوئی نہیں، اے خود زندہ اے دوسروں کو زندہ کرنے والے، اے بزرگی و عزت والے، درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی پاکیزہ و نیک سیرت آل پر اور میری یہ ضرورت پوری فرما اے رحمٰن اس میں بھلائی پیدا فرما۔ بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

اے ام ایمن بندہ جب خوشحالی میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا ہے اس پر کبھی کوئی تکلیف آ جائے تو فرشتے اپنی معروف آواز میں کہتے ہیں، رب تعالیٰ کے حضور اس کی سفارش کرو اور اس کی دعا پر آمین کہو۔ پس اللہ تعالیٰ اس سے مصیبت کو دور فرما دیتا ہے اور اس کی حاجت پوری کر دیتا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے، فرماتے ہیں جسے اللہ تعالیٰ سے کوئی حاجت ہو، وہ بدھ، جمعرات اور جمعہ کا روزہ رکھے، جب جمعہ کا دن ہو تو صاف ستھرا ہو کر مسجد کی طرف جائے، کم یا زیادہ صدقہ کرے جب نماز جمعہ پڑھ لے تو یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ بِاسْمِکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اَسْاَلُکَ بِاسْمِکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الَّذِیْ عَنَتْ لَہُ الْوُجُوْہُ وَخَشَعَتْ لَہُ الْاَبْصَارُ وَوَجِلَتْ لَہُ الْقُلُوْبُ مِنْ خَشْیَتِہٖ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ۔

اس کے بعد اپنی حاجت کا اظہار کرے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول ہوگی فرمایا احمقوں کو نہ سکھاؤ تاکہ وہ اس کے ذریعے گناہ اور قطع رحمی کا سوال نہ کریں یہ نمیری اور ابو موسیٰ نے اس طرح موقوفاً روایت کی ہے۔

ابو امامہ بن سہل بن حنیف سے مروی ہے کہ ایک شخص حضرت عثمان بن عفان کے پاس کسی کام کیلئے آتا رہتا تھا مگر وہ اس کی طرف اور اس کے کام کی طرف توجہ نہ فرماتے

تھے وہ شخص عثمان بن حنیف سے ملا، اور اس بات کی شکایت کی حضرت عثمان بن حنیف نے اسے فرمایا، لوٹا لے، وضو کر، مسجد میں جاکر دو رکعت نماز ادا کر پھر یوں دعا مانگ۔ "اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ وَاَتَوَجَّہُ بِکَ بِنَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ) نَبِیِّ الرَّحْمَۃِ یَا مُحَمَّدُ اِنِّیْ اَتَوَجَّہُ بِکَ اِلٰی رَبِّکَ فَتَقْضِیْ لِیْ حَاجَتِیْ۔" اے اللہ میں تجھ سے ہی سوال کرتا ہوں اور تیری ہی طرف متوجہ ہوں تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نبی رحمت کے وسیلہ سے اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ کے وسیلہ سے اپنے رب کی طرف اپنی اس حاجت کے بارے میں متوجہ ہوتا ہوں اور دعا کرتا ہوں تاکہ وہ پوری ہو جائے۔

اس کے بعد اپنی حاجت کا ذکر کر پھر ان کے پاس جاکر اپنی ضرورت پیش کر وہ آدمی چلا گیا اور اسی طرح کیا جیسے حضرت عثمان بن حنیف نے اسے بتایا تھا پھر وہ شخص حضرت عثمان بن عفان کے دروازے پر آیا دربان آیا اور اس کا ہاتھ پکڑ کر حضرت عثمان کے پاس لے آیا تو حضرت عثمانؓ نے اسے اپنے ساتھ فرش پر بٹھایا اور فرمایا اپنا کام ذکر کرو، اس نے اپنا کام بیان کیا تو حضرت عثمان نے اس کو پورا کر دیا۔ پھر فرمایا، اس سے پہلے میں آپ کی ضرورت سمجھا ہی نہ تھا، اب جو کام ہو بتا دینا۔ پھر وہی شخص حضرت عثمان سے فارغ ہو کر حضرت عثمان بن حنیف سے ملا، اور کہا اللہ تعالیٰ تمہیں بہتر جزاء عطا فرمائے پہلے تو وہ میری طرف توجہ ہی نہ فرماتے تھے، مگر اب جبکہ تو نے ان سے کلام فرمائی (تو انہوں نے میری حاجت پوری فرما دی) تو حضرت عثمان بن حنیف نے فرمایا میں نے ان سے کوئی کلام نہیں کی اور نہ انہوں نے مجھ سے کلام کی ہے، لیکن میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا، ایک نابینا آدمی بارگاہ رسالت میں آیا اور اپنی بینائی کے ختم ہونے کی شکایت کی تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا لوٹا لاؤ وضو کرو پھر مسجد میں جاکر دو رکعت نماز نفل ادا کرو پھر یہ دعا پڑھو "اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ وَاَتَوَجَّہُ اِلَیْکَ بِنَبِیِّکَ نَبِیِّ الرَّحْمَۃِ یَا مُحَمَّدُ اِنِّیْ اَتَوَجَّہُ بِکَ اِلٰی رَبِّیْ فَیُجَلِّیْ لِیْ عَنْ بَصَرِیْ اَللّٰھُمَّ شَفِّعْہُ فِیَّ وَشَفِّعْنِیْ فِیْ نَفْسِیْ" حضرت عثمان نے فرمایا ہم ابھی محو گفتگو تھے کہ وہ آدمی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ارشاد پر عمل کر کے واپس آیا تو یوں محسوس ہوتا کہ اسے تو کوئی تکلیف ہی نہ تھی۔

اس حدیث کو البیہقی نے الدلائل میں تخریج کیا ہے اور یہ ابی امامہ عن عمہ، عثمان بن حنیف کی روایت سے ہے، جیسا کہ بیہقی نے اس کی تصریح بھی کر دی ہے۔ اس طرح النمیری

نے اور النسائی نے عمل الیوم واللیلہ میں ابن ماجہ اور ترمذی نے بھی روایت کی ہے، امام ترمذی فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے، ابن خزیمہ اور الحاکم نے روایت کی ہے اور حاکم فرماتے ہیں یہ بخاری و مسلم کی شرط پر صحیح ہے تمام نے عمارہ بن خزیمہ بن ثابت عن عثمان بن حنیف کے طریق سے روایت کی ہے۔ بعض محدثین کے الفاظ یہ ہیں۔

اَنَّ رَجُلًا ضَرِیْرَ الْبَصَرِ اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اُدْعُ اللّٰہَ اَنْ یُعَافِیَنِیْ قَالَ اِنْ شِئْتَ اَخَّرْتُ ذٰلِکَ فَھُوَ خَیْرٌ لَّکَ وَاِنْ شِئْتَ دَعَوْتُ اللّٰہَ قَالَ فَادْعُہُ قَالَ فَاَمَرَہٗ اَنْ یَّتَوَضَّأَ فَیُحْسِنَ الْوُضُوْءَ وَیُصَلِّیَ رَکْعَتَیْنِ وَیَدْعُوْ بِھٰذَا الدُّعَاءِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ وَاَتَوَجَّہُ اِلَیْکَ بِنَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَبِیِّ الرَّحْمَۃِ یَا مُحَمَّدُ اِنِّیْ اَتَوَجَّہُ بِکَ اِلٰی رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ ھٰذِہٖ فَیَقْضِیْھَا لِیْ اَللّٰھُمَّ شَفِّعْہُ فِیَّ وَشَفِّعْنِیْ فِیْہِ۔

ایک نابینا شخص حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور عرض کی حضور! دعا فرمایئے اللہ تعالیٰ مجھے عافیت دے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اگر تو چاہے تو میں اس کو مؤخر کر دوں اور یہ تیرے لئے بہتر ہوگا اگر تو چاہے تو میں تیرے لئے دعا کر دوں اس نے عرض کی حضور دعا فرمایئے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اسے حکم دیا کہ وہ وضو کرے اور اچھی طرح وضو کرے پھر دو رکعت نماز پڑھ کر یہ دعا مانگے، اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری ہی طرف متوجہ ہوں تیرے نبی محمد نبی رحمت کے وسیلہ سے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے وسیلہ سے اپنے رب کی طرف اپنی اس حاجت کے بارے میں متوجہ ہوتا ہوں اور دعا کرتا ہوں تاکہ وہ پوری ہو جائے۔ اے اللہ تو میرے بارے آپ کی شفاعت قبول فرما۔

بعض کے الفاظ یہ ہیں

عَنْ عُثْمَانَ بْنِ حُنَیْفٍ اَنَّہٗ سَمِعَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَجَاءَہٗ رَجُلٌ ضَرِیْرٌ فَشَکَا اِلَیْہِ ذِھَابَ بَصَرِہٖ وَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ لَیْسَ لِیْ قَائِدٌ وَقَدْ شَقَّ عَلَیَّ فَقَالَ ائْتِ الْمِیْضَاۃَ فَتَوَضَّأْ ثُمَّ صَلِّ رَکْعَتَیْنِ ثُمَّ قُلِ اللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ وَاَتَوَجَّہُ اِلَیْکَ بِنَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَبِیِّ الرَّحْمَۃِ یَا مُحَمَّدُ اِنِّیْ اَتَوَجَّہُ بِکَ اِلٰی رَبِّیْ فَیُجَلِّیْ لِیْ عَنْ بَصَرِیْ اَللّٰھُمَّ شَفِّعْہُ فِیَّ وَشَفِّعْنِیْ فِیْ نَفْسِیْ قَالَ عُثْمَانُ فَوَاللّٰہِ مَا تَفَرَّقْنَا وَلَا طَالَ بِنَا الْحَدِیْثُ

حَتّٰی دَخَلَ الرَّجُلُ فَکَاَنَّہٗ لَمْ یَکُنْ بِہٖ ضُرٌّ قَطُّ۔

ترجمہ گذر چکا ہے۔

میں کہتا ہوں یہ قصہ کتاب کے موضوع کے متعلق نہیں ہے واللہ الموفق۔ حضرت سلیمان الدارانی سے مروی ہے فرماتے ہیں جو شخص اللہ تعالیٰ سے کسی حاجت کا سوال کرنا چاہے ابتداء میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھے پھر اپنی حاجت کا سوال کرے آخر میں پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے اللہ تعالیٰ درود کو قبول فرماتا ہے، اور اللہ تعالیٰ کے کرم سے یہ چیز بعید ہے کہ دو درودوں کے درمیان جو دعا ہے اس کو رد کر دے

ایک روایت کے لفظ اس طرح ہیں۔

اِذَا اَرَدْتَ اَنْ تَسْئَلَ اللّٰہَ حَاجَۃً فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ ثُمَّ سَلْ حَاجَتَکَ ثُمَّ صَلِّ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاِنَّ الصَّلٰوۃَ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَقْبُوْلَۃٌ وَاللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ اَکْرَمُ مِنْ اَنْ یَرُدَّ مَا بَیْنَہُمَا۔

نمیری نے دونوں لفظوں کے ساتھ تخریج کی ہے۔ الاحیاء میں مرفوعاً ان الفاظ میں مروی ہے۔

اِذَا سَاَلْتُمُ اللّٰہَ حَاجَۃً فَابْدَئُوْا بِالصَّلٰوۃِ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاِنَّ اللّٰہَ اَکْرَمُ مِنْ اَنْ یَسْئَلَ حَاجَتَیْنِ فَیَقْضِیْ اَحَدَہُمَا وَیَرُدُّ الْاُخْرٰی۔

مجھے اس کی سند پر آگاہی نہیں ہوئی ابی الدرداء سے ان کا قول مروی ہے، حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ سے مروی کہ یہ دعا خوشحالی کی دعا ہے اور تکلیف دور کرنے کی دعا ہے

یَا حَابِسَ یَدِ اِبْرَاہِیْمَ عَنْ ذَبْحِ اِبْنِہٖ وَہُمَا یَتَنَاجَیَانِ اللُّطْفَ یَا اَبَتِ یَا بُنَیَّ یَا مُقَیِّضَ الرَّکْبِ لِیُوْسُفَ فِی الْبَلَدِ الْقَفْرِ غَیَابَۃَ الْجُبِّ وَجَاعِلَہٗ بَعْدَ الْعُبُوْدِیَّۃِ نَبِیًّا مَلِکًا یَا مَنْ سَمِعَ الْہَمْسَ مِنْ ذِی النُّوْنِ فِیْ ظُلُمَاتٍ ثَلَاثٍ ظُلْمَۃُ قَعْرِ الْبَحْرِ، وَظُلْمَۃُ اللَّیْلِ وَظُلْمَۃُ بَطْنِ الْحُوْتِ یَا رَادَّ حُزْنِ یَعْقُوْبَ یَا رَاحِمَ دَاؤُدَ وَیَا کَاشِفَ ضُرِّ اَیُّوْبَ یَا مُجِیْبَ دَعْوَۃِ الْمُضْطَرِّیْنَ یَا کَاشِفَ غَمِّ الْمَہْمُوْمِیْنَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَسْئَلُکَ اَنْ تَفْعَلَ بِیْ کَذَا۔

اے روکنے والے ابراہیم علیہ السلام کے ہاتھ بیٹے کے ذبح کرنے سے، جبکہ وہ لطف و محبت سے سرگوشی کر رہے تھے، اے میرے والد محترم، اے میرے بیٹے، اے وہ ذات جس نے حضرت یوسف کو کنویں کی گہرائی سے اور غلامی کے بعد نبی ملک بنانے کیلئے قافلہ کو روکا، اے وہ ذات جس نے حضرت یونس علیہ الصلوٰۃ والسلام کی آواز کو تین تاریکیوں سے سن

لیا، سمندر کی گہرائی کی تاریکی، رات کی تاریکی مچھلی کے پیٹ کی تاریکی، یعقوب علیہ السلام کے حزن کو دور کرنے والے، اے داؤد کی اولاد پر رحم فرمانے والے، اے حضرت ایوب کی تکلیف کو دور کرنے والے، اے مضطرین کی دعا کو قبول کرنے والے، اے غمزدہ کے غم کو دور کرنے والے، درود بھیج محمد پر اور آل محمد پر اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو میری یہ حاجت پوری فرما۔

اس روایت کو المجالس میں دینوری نے تخریج کیا ہے۔

الربیع حاجب المنصور سے مروی ہے فرماتے ہیں جب ابو جعفر المنصور کی خلافت کا دور آیا تو اس نے مجھے حکم دیا کہ جعفر بن محمد یعنی الصادق کو میرے پاس بلا لاؤ پھر تھوڑی دیر کے بعد مجھے کہا میں نے تجھے نہیں کہا کہ جعفر بن محمد کو میرے پاس بھیجو خدا کی قسم اگر تم اسے میرے پاس نہ لائے تو میں تجھے قتل کر دونگا، پس مجھے کوئی چارہ نہ رہا، میں حضرت جعفر الصادق کے پاس گیا اور پیغام دیا کہ امیر المومنین تجھے بلا رہے ہیں وہ میرے ساتھ چل پڑے جب ہم دروازے کے قریب پہنچے حضرت جعفر کوئی چیز پڑھتے ہوئے ہونٹوں کو حرکت دینے لگے، اندر داخل ہوئے سلام کیا، مگر جواب نہ دیا گیا آپ ٹھہر گئے، خلیفہ وقت المنصور نے انہیں بٹھایا نہیں، ربیع کہتے ہیں پھر حضرت جعفر الصادق نے اپنا سر اوپر اٹھایا اور کہا اے ابو جعفر تو ہم پر والی بنا ہے اور تو نے ہم پر زیادتی کی ہے۔ میں نے اپنے باپ سے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے اپنے باپ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ نصب لکل غادر لواء یوم القیامہ۔ ہر ظلم کرنے والے کیلئے ایک علم نصب کیا جائے گا جس کے ساتھ وہ پہچانا جائے گا۔ پھر حضرت جعفر نے اپنی سند سے بیان فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یُنَادِی مُنَادٍ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ مِنْ بُطْنَانِ الْعَرْشِ اَلَا فَلْیَقُمْ مَنْ کَانَ اَجْرُہٗ عَلَی اللہِ تَعَالٰی فَلَا یَقُوْمُ اِلَّا مَنْ عَفَا عَنْ اَخِیْہِ۔ قیامت کے روز عرش سے منادی ندا دے گا۔ خبردار وہ آدمی کھڑا ہو جائے جس کا اللہ تعالیٰ پر کوئی اجر باقی ہے، پس کوئی نہیں کھڑا ہو گا سوائے اس شخص کے جس نے اپنے بھائی کو معاف کیا ہو گا، حتیٰ کہ خلیفہ منصور کے جذبات ٹھنڈے ہو گئے اور کہا۔ اے ابا عبداللہ بیٹھ جا، پھر اس نے ایک خوشبو کی شیشی منگوائی اور اپنے ہاتھوں پر لگانے لگا اتنی خوشبو لگائی کہ اس کے قطرے خلیفہ کی انگلیوں سے گرنے لگے پھر اس نے کہا اے ابا عبداللہ اللہ کی امان میں واپس

لوٹ جاؤ، اور مجھے حکم دیا کہ اے ربیع عطیات لے کر ابا عبداللہ کے ساتھ جاؤ اور کئی گنا انہیں عطا کرو، ربیع فرماتے ہیں میں نکلا تو میں نے کہا اے ابو عبداللہ تم میری محبت کو جانتے ہو، انہوں نے فرمایا، ہاں۔ اے ربیع تو ہم سے محبت رکھتا ہے، میرے باپ نے اپنے باپ سے اور انہوں نے اپنے دادا سے روایت کر کے مجھے بتایا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مولی القوم من انفسہم ، قوم کا خادم ان سے ہوتا ہے میں نے کہا اے ابا عبداللہ میں نے وہ دیکھا ہے جو تو نے نہیں دیکھا اور میں نے وہ سنا ہے جو آپ نے نہیں سنا۔ تم خلیفہ کے پاس پہنچے در آں حالیکہ آپ اپنے ہونٹوں کو حرکت دے رہے تھے کوئی ایسی چیز پڑھ رہے تھے جو تم نے اپنے پاکیزہ اباء واجداد سے نقل کی ہے انہوں نے فرمایا ہاں میرے باپ نے مجھے اپنی سند سے بیان فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر جب کوئی مشکل آجاتی تو یہ دعا پڑھتے۔

اَللّٰهُمَّ احْرُسْنِيْ بِعَيْنِكَ الَّتِيْ لَا تَنَامُ وَاكْنِفْنِيْ بِرُكْنِكَ الَّتِيْ لَا يُرَامُ وَارْحَمْنِيْ بِقُدْرَتِكَ عَلَيَّ فَلَا اَهْلِكُ وَاَنْتَ رَجَائِيْ فَكَمْ مِنْ نِعْمَةٍ اَنْعَمْتَ بِهَا عَلَيَّ قَلَّ لَكَ بِهَا شُكْرِيْ وَكَمْ مِنْ بَلِيَّةٍ اِبْتَلَيْتَنِيْ بِهَا قَلَّ لَكَ بِهَا صَبْرِيْ فَيَا مَنْ قَلَّ عِنْدَ نِعْمَتِهِ شُكْرِيْ فَلَمْ يَحْرُمْنِيْ وَيَا مَنْ قَلَّ عِنْدَ بَلِيَّتِهِ صَبْرِيْ فَلَمْ يَخْذُلْنِيْ وَيَا مَنْ رَآنِيْ عَلَى الْخَطَايَا فَلَمْ يَفْضَحْنِيْ يَا ذَا الْمَعْرُوْفِ الَّذِيْ لَا يَنْقَضِيْ اَبَدًا وَيَا ذَا النَّعْمَاءِ الَّتِيْ لَا تُحْصٰى عَدَدًا اَسْاَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ وَبِكَ اَدْرَاُ فِيْ نُحُوْرِ الْاَعْدَاءِ وَالْجَبَارَةِ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى دِيْنِيْ بِالدُّنْيَا وَعَلٰى آخِرَتِيْ بِالتَّقْوٰى وَاحْفَظْنِيْ فِيْمَا غِبْتُ عَنْهُ وَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ فِيْمَا خَطَرْتَهُ عَلَيَّ يَا مَنْ لَا تَضُرُّهُ الذُّنُوْبُ وَلَا يَنْقُصُهُ الْعَفْوُ هَبْ لِيْ مَا لَا يَنْقُصُكَ وَاغْفِرْ لِيْ مَا لَا يَضُرُّكَ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ اَسْاَلُكَ فَرَجًا قَرِيْبًا وَصَبْرًا جَمِيْلًا وَرِزْقًا وَاسِعًا وَالْعَافِيَةَ مِنَ الْبَلَايَا وَشُكْرَ الْعَافِيَةِ وَفِيْ رِوَايَةٍ وَاَسْاَلُكَ تَمَامَ الْعَافِيَةِ وَاَسْاَلُكَ دَوَامَ الْعَافِيَةِ وَاَسْاَلُكَ الشُّكْرَ عَلَى الْعَافِيَةِ وَاَسْاَلُكَ الْغِنٰى عَنِ النَّاسِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

اے اللہ میری حفاظت فرما اپنی اس آنکھ کے ساتھ جو سوتی نہیں ہے اور مجھے اپنے اس رکن سے ڈھانپ دے جس تک پہنچا نہیں جاتا، اپنی قدرت سے مجھ پر رحم فرما۔ میں ہلاک نہیں

ہو نگا، جبکہ تو میرا بھروسہ ہے کتنی ایسی نعمتیں ہیں جن کے ساتھ تو نے مجھ پر انعام کیا، حالانکہ میں نے اس کے بدلے تیرا شکر بہت کم کیا، کتنی ایسی آزمائشیں ہیں جن کے ساتھ تو نے مجھے آزمایا حالانکہ میرا صبر اس پر تیرے لئے بہت کم تھا، اے وہ ذات، جس کی نعمت پر میرے شکر کی کمی کے باوجود اس نے مجھے محروم نہ رکھا، اے وہ ذات جس کی آزمائش پر میرا صبر بہت کم تھا مگر مجھے اس نے رسوا نہ کیا۔ اے نیکی فرمانے والے جس کی نیکی ختم نہیں ہوتی، اے نعمتوں والے جس کی نیکی شمار نہیں ہو سکتی۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور میں تیری قدرت کے ساتھ دشمنوں کے سینوں میں جبر و تشدد کا ہاتھ ڈالتا ہوں اے اللہ دنیا میں میرے دین پر میری مدد فرما، آخرت پر تقویٰ کے ساتھ مدد فرما اور میری حفاظت فرما اس چیز سے جس سے میں غائب ہوں، مجھے اپنے نفس کے سپرد نہ فرما جس کا مجھے اپنے اوپر خطرہ ہے اے وہ ذات جسے گناہ کوئی نقصان نہیں دیتے، جس کے عفو میں کمی نہیں ہوتی، مجھے ایسی چیز عطا فرما جو تیرے عفو میں کمی کا باعث نہ بنے اور مجھے ڈھانپ لے ایسی چیز کے ساتھ جو تجھے کوئی نقصان نہیں دیتی، بیشک تو بہت زیادہ عطا فرمانے والا ہے، میں تجھ سے قریبی خوشحالی کا سوال کرتا ہوں، صبر جمیل، وسیع رزق، مصیبت سے عافیت، عافیت پر شکر کا سوال کرتا ہوں ایک روایت میں ہے اے اللہ میں تجھ سے مکمل عافیت کا سوال کرتا ہوں میں تجھ سے دائمی عافیت کا سوال کرتا ہوں، میں تجھ سے عافیت پر شکر کا سوال کرتا ہوں، میں لوگوں سے مستغنی ہونے کا سوال کرتا ہوں مجھے نہ برائی سے بچنے کی طاقت، نہ نیکی کرنے کی طاقت ہے بجز اللہ تعالیٰ کی توفیق کے جو علی و عظیم ہے۔

اس روایت کو دیلمی نے مسند الفردوس میں دو مقامات پر ذکر کیا ہے اور اس کی سند انتہائی ضعیف ہے۔

زمخشری نے ربیع الابرار میں حکایت کیا ہے کہ ایک شخص عبدالملک سے انتہائی خوفزدہ تھا حتیٰ کہ اسے کہیں سکون نہ ملتا تھا ایک دفعہ عالم اضطراب میں اسے غائب سے آواز آئی، تو یہ سات کلمات کیوں نہیں پڑھتا اس نے کہا وہ سات کلمات کیا ہیں۔ تو ہاتف غیبی نے کہا وہ یہ ہیں۔

سُبْحَانَ الْوَاحِدِ الَّذِیْ لَیْسَ غَیْرَہٗ اِلٰہٌ سُبْحَانَ الدَّائِمِ الَّذِیْ لَا نَفَاذَ لَہٗ
سُبْحَانَ الْقَدِیْمِ الَّذِیْ لَا بَدْءَ لَہٗ سُبْحَانَ الَّذِیْ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ سُبْحَانَ

الَّذِیْ عَلِمَ کُلَّ شَیْءٍ بِغَیْرِ تَعْلِیْمٍ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ ھٰؤُلَاءِ الْکَلِمَاتِ وَحُرْمَتِھِنَّ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَفْعَلَ بِیْ کَذَا۔

پاک ہے وہ ذات وحدہ لاشریک جس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں پاک ہے وہ دائم جس کے لئے اختتام نہیں، پاک ہے وہ قدیم جس کی کوئی ابتداء نہیں پاک ہے وہ ذات جو زندہ کرتا اور مارتا ہے، پاک ہے وہ ذات جس کو کسی کے سکھلائے بغیر ہر چیز کا علم ہے اے اللہ میں تجھ سے ان کلمات اور ان کی حرمت کے طفیل سوال کرتا ہوں کہ تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج اور میری یہ ضرورت پوری فرما۔

اس شخص نے جونہی یہ کلمات کہے تو اللہ تعالیٰ نے اس کے دل میں امن ڈال دیا عبدالملک کو ملا تو اس نے امن دیا اور صلہ رحمی کا سلوک کیا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں جو قرآن کریم کی سو آیتیں تلاوت کرے پھر ہاتھ اٹھا کر یہ کلمات پڑھے، اس کے بعد دعا مانگے اللہ تعالیٰ اس کو قبول فرمائے گا۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ، سُبْحَانَ اللّٰہِ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَتَعَالٰی سُبْحَانَہٗ وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ سُبْحَانَہٗ فِیْ سَمٰوَاتِہٖ وَاَرْضِہٖ وَسُبْحَانَہٗ فِی الْاَرْضِیْنَ السُّفْلٰی وَسُبْحَانَہٗ فَوْقَ عَرْشِہِ الْعَظِیْمِ سُبْحَانَہٗ وَبِحَمْدِہٖ حَمْدًا لَّا یَنْفَدُ وَلَا یَبْلٰی حَمْدًا یَبْلُغُ رِضَاہُ وَلَا یَبْلُغُ مُنْتَھَاہُ حَمْدًا لَا یُحْصٰی عَدَدُہٗ وَلَا یَنْتَھِیْ عَدَدُہٗ وَلَا تُدْرَکُ صِفَتُہٗ سُبْحَانَہٗ مَا اَحْصٰی قَلَمُہٗ وَمِدَادُ کَلِمَاتِہٖ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ قَائِمًا بِالْقِسْطِ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ وَاحِدًا فَرْدًا صَمَدًا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ اللّٰہُ اَکْبَرُ اللّٰہُ اَکْبَرُ کَبِیْرًا جَلِیْلًا عَظِیْمًا عَلِیْمًا شَاھِدًا عَالِمًا جَبَّارًا اَھْلُ الْکِبْرِیَاءِ وَالْعُلَاءِ وَالْاٰلَاءِ وَالنَّعْمَاءِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ اَللّٰھُمَّ خَلَقْتَنِیْ وَلَمْ اَکُ شَیْئًا مَذْکُوْرًا فَلَکَ الْحَمْدُ وَجَعَلْتَنِیْ ذَکَرًا سَوِیًّا فَلَکَ الْحَمْدُ وَجَعَلْتَنِیْ لَا اُحِبُّ تَعْجِیْلَ شَیْءٍ اَخَّرْتَہٗ وَلَا تَاخِیْرَ شَیْءٍ عَجَّلْتَہٗ فَاَسْئَلُکَ مِنَ الْخَیْرِ کُلِّہٖ عَاجِلِہٖ وَاٰجِلِہٖ مَا عَلِمْتُ مِنْہُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِسَمْعِیْ وَبَصَرِیْ فَاجْعَلْھُمَا الْوَارِثَ مِنِّیْ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ عَبْدُکَ وَابْنُ اَمَتِکَ مَاضٍ فِیَّ حُکْمُکَ عَدْلٌ عَلَیَّ قَضَائُکَ اَسْئَلُکَ بِکُلِّ اِسْمٍ ھُوَ لَکَ سَمَّیْتَ بِہٖ نَفْسَکَ اَوْ اَنْزَلْتَہٗ فِیْ شَیْءٍ مِنْ کُتُبِکَ اَوْ عَلَّمْتَہٗ اَحَدًا مِنْ خَلْقِکَ اَوِ اسْتَاْثَرْتَ

بِهٖ فِي عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاَنْ تَجْعَلَ الْقُرْآنَ نُوْرَ صَدْرِيْ وَرَبِيْعَ قَلْبِيْ وَجِلَاءَ حُزْنِيْ وَذِهَابَ هَمِّيْ۔

ترجمہ:۔ ہر نقص و عیب سے پاک ہے اللہ ہر نقص سے منزہ ہے اللہ ہر کمزوری سے پاک ہے اللہ بلند و بالا ہے، پاک ہے اس کی ذات، وہ علی و عظیم ہے پاک ہے وہ آسمانوں اور زمین میں۔ پاک ہے نچلی زمینوں میں پاک اپنے عرش عظیم پر اور میں حمد کرتا ہوں اس کی ایسی حمد کے ساتھ جو نہ ختم ہو اور نہ بوسیدہ ہو، ایسی حمد جو اس کی رضا تک پہنچے اور اس کی منتہیٰ کو نہ پہنچا جا سکے۔ ایسی حمد جس کا شمار نہ ہو سکے، جس کی میعاد ختم نہ ہو جس کی صفت کا ادراک نہ ہو سکے۔ پاک ہے وہ اتنا جتنا اس کے قلم اور کلمات کی سیاہی نے شمار کیا۔ کوئی معبود برحق نہیں سوائے اللہ کے وہی قائم فرمانے والا ہے عدل و انصاف کو نہیں کوئی معبود سوائے اس کے جو عزت والا، حکمت والا ہے، واحد ہے فرد ہے بے نیاز ہے، نہ پیدا کیا ہے اور نہ پیدا کیا گیا ہے، اس کا کوئی ہمسر نہیں، اللہ بڑا ہے، اللہ بڑا ہے، اللہ بڑا ہے، بڑا ہے، بزرگ ہے عظیم ہے، علیم ہے، قاہر ہے، عالم ہے، ٹوٹے دلوں کو جوڑنے والا ہے اہل الکبریاء ہے بلندیوں والا نعمتوں والا ہے۔ اور سب تعریفیں اللہ رب العالمین کیلئے ہیں اے اللہ تو نے مجھے پیدا کیا در آں حالیکہ میں کچھ بھی نہ تھا ساری حمد تیرے لئے ہے تو نے مجھے معتدل مرد فرمایا، پس ساری حمد تیرے لئے ہے تو نے مجھے ایسا انسان بنایا کہ میں اس چیز کو جلدی نہیں چاہتا جس کو تو نے مؤخر فرمایا اور اس چیز کی تاخیر کو پسند نہیں کرتا ہوں جس کو تو نے معجل فرمایا۔ میں تجھ سے معجل اور مؤجل تمام بھلائیوں کا سوال کرتا ہوں جن کو میں جانتا ہوں اور جن کو میں نہیں جانتا، اے اللہ مجھے لطف اندوز فرما میرے کانوں سے، میری آنکھوں سے، ان دونوں کو مجھ سے وارث بنا۔ اے اللہ میں تیرا بندہ اور تیری بندی کا بیٹا ہوں تیرا ہر فیصلہ میرے حق میں عدل ہے، تیرا ہر حکم مجھ میں نافذ ہے، تیرے ہر اس نام کے توسل سے جو تو نے خود اپنے لئے رکھا یا اس کو اپنی کتابوں میں نازل فرمایا اپنی مخلوق میں سے کسی کو بتایا یا تو نے اس کو علم غیب کے خزانہ میں اپنے پاس ہی محفوظ رکھا۔ میں سوال کرتا ہوں کہ تو قرآن کریم کو میرے سینہ کا نور، میرے دل کی بہار، میرے غم کا ازالہ اور پریشانی کو دور کرنے کا ذریعہ بنا دے۔

اس کو نمیری نے روایت کیا ہے اور انہوں نے ابن عباس سے یہ بھی روایت کیا ہے کہ

جب بندہ اس دعا کے ساتھ دعا کرنے کا ارادہ کرے تو اچھی طرح وضو کرے پھر دو رکعت نماز عمدہ طریقہ سے پڑھے، پھر یہ پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اَسْأَلُكَ بِاِسْمِكَ اللهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ بِاِسْمِكَ اللهِ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ بِاِسْمِكَ اللهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ بِاِسْمِكَ اللهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰی بِاِسْمِكَ اللهُ الَّذِیْ هُوَ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ الْاَحَدُ ذُو الطَّوْلِ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَاِلَیْهِ الْمَصِیْرُ ذُو الْحَوْلِ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْقَدِیْمُ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِاِسْمِكَ اللهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ ذُو الْمَعَارِجِ وَالْقُوٰی بِعِزَّ اِسْمِكَ الَّذِیْ تَنْشُرُ بِهِ الْمَوْتٰی تُحْیِیْ بِهِ تَنْبُتُ بِهِ الشَّجَرُ وَتُرْسِلُ بِهِ الْمَطَرَ وَتَقُوْمُ بِهِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ بِعِزَّ اِسْمِكَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ لَا یَمَسُّ بِاِسْمِ اللهِ نَصَبٌ وَّلَا لُغُوْبٌ تَعَالٰی اِسْمُ اللهِ وَلَا اقْتِرَابُ عِلْمِهٖ وَلِثَبَاتِ اِسْمِ اللهِ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰی الَّذِیْ هٰذِهِ الْاَسْمَاءُ مِنْهُ وَهُوَ مِنْهَا الَّذِیْ لَا یُدْرَكُ وَلَا یُنَالُ وَلَا یُحْصٰی اِسْتَجِبْ لِدُعَائِیْ وَقُلْ لَهٗ یَا اللهُ كُنْ فَیَكُوْنُ۔

پھر یہ درود پڑھے۔

اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ اَفْضَلَ مَا صَلَّیْتَ عَلٰی اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ اَجْمَعِیْنَ اٰمِیْن

عبدالرزاق الطبسی ایک سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں جو حضرت ابن عباس تک پہنچتی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسے اللہ تعالیٰ سے کوئی حاجت ہو، وہ کسی ایسی جگہ پر جائے جہاں اسے کوئی نہ دیکھ سکے پھر اچھی طرح پورا وضو کرے، چار رکعت نماز ادا کرے پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد قُلْ هُوَ اللهُ اَحَد دس مرتبہ دوسری میں بیس مرتبہ تیسری میں تیس مرتبہ چوتھی میں چالیس مرتبہ پڑھے نماز سے فارغ ہو کر قُلْ هُوَ اللهُ اَحَد پچاس مرتبہ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود ستر مرتبہ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ ستر مرتبہ پڑھے، اگر اس پر قرض ہو گا تو اللہ تعالیٰ اتار دے گا۔ اگر مسافر ہو گا تو اللہ تعالیٰ گھر واپس لوٹائے گا اگر اس پر بادل کی مقدار گناہ ہونگے اور معافی مانگے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو معاف

فرمادے گا۔ اگر اس کا بیٹا نہ ہو گا تو اللہ تعالیٰ اسے بیٹا عطا فرمائے گا۔ اگر دعا کرے گا تو اللہ تعالیٰ قبول فرمائے گا۔ اگر دعا نہیں مانگے گا تو اس پر ناراضگی کا اظہار کیا جائے گا۔ فرماتے یہ دعا احمقوں کو نہ سکھاؤ ورنہ وہ اپنے فسق پر اس کے ساتھ مدد طلب کریں گے۔

وہیب بن الورد سے مروی ہے فرماتے ہیں ہمیں یہ خبر پہنچی ہے کہ ایک دعا ایسی ہے جو رد نہیں ہوتی، یعنی بندہ پہلے بارہ رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ، آیہ الکرسی اور قل ہو اللہ احد پڑھے جب نماز سے فارغ ہو تو سجدہ میں ان کلمات کو پڑھے۔

سُبْحَانَ الَّذِیْ لَبِسَ الْعِزَّ وَقَالَ بِهٖ سُبْحَانَ الَّذِیْ تَعَطَّفَ بِالْمَجْدِ وَتَكَرَّمَ بِهٖ سُبْحَانَ الَّذِیْ اَحْصٰی كُلَّ شَیْئٍ بِعِلْمِهٖ سُبْحَانَ الَّذِیْ لَا یَنْبَغِیْ التَّسْبِیْحُ اِلَّا لَهٗ سُبْحَانَ ذِی الْمَنِّ وَالْفَضْلِ سُبْحَانَ ذِی الْعِزِّ وَالتَّكَرُّمِ سُبْحَانَ ذِی الطَّوْلِ اَسْاَلُكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ وَمُنْتَهَی الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَبِاسْمِكَ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ وَجَدِّكَ الْاَعْلٰی وَكَلِمَاتِكَ التَّامَّاتِ كُلِّهَا الَّتِیْ لَا یُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ۔

تو جو دعا مانگے گا بشرطیکہ اس میں معصیت نہ ہو تو وہ قبول ہو گی۔ وہیب یہ بھی فرماتے ہیں کہ مجھے یہ خبر بھی پہنچی ہے کہ کہا جاتا تھا کہ احمقوں کو یہ کلمات نہ سکھاؤ کیونکہ وہ ان کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی معصیت پر تقویت پائیں گے۔

الطبسی نے اس روایت کو دونوں سندوں سے روایت کیا ہے اور النمیری نے الاعلام میں اور ابن بشکوال نے روایت کی ہے۔

الطبسی نے مقاتل بن حیان سے روایت کیا ہے کہ جو یہ چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کی مصیبت کو دور کر دے، اس کے غم دور کر دے اس کی امنگ و امید کو پورا کر دے، اس کی حاجت و قرض کو پورا کر دے، اس کو شرح صدر عطا فرمائے۔ اس کی آنکھوں کو ٹھنڈا کرے تو وہ چار رکعت نماز پڑھے جب چاہے پڑھے، مگر نصف رات یا ضحوۃ النہار کے وقت پڑھنا افضل ہے پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے ساتھ سورہ یٰسین دوسری میں الم تنزیل السجدہ تیسری میں الدخان، چوتھی میں تبارک الذی پڑھے، نماز سے فارغ ہو کر قبلہ رو ہو کر مذکورہ بالا دعا کو پڑھے اور یہ سو مرتبہ پڑھے۔ درمیان میں کلام نہ کرے جب سے فارغ ہو تو سجدہ میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی اہل بیت پر کئی مرتبہ درود

بھیجے پھر اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت کا سوال کرے انشاء اللہ اس دعا کی قبولیت کا اثر قریب دیکھ لے گا۔

## ہر حالت میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود بھیجنا

ابن ابی شیبہ نے اپنی مصنف میں ابی وائل سے روایت کیا ہے کہ حضرت عبداللہ جب بھی کسی محفل یا دسترخوان پر آتے تو اللہ تعالیٰ کی حمد اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتے بازار میں کسی غیر معروف جگہ پر بیٹھتے اللہ تعالیٰ کی حمد کرتے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتے، اسی باب میں پہلے بھی یہ روایت گذر چکی ہے۔ شیخ ابو حفص بن عمر السمرقندی اپنے استاذ سے مروی باتوں میں جو انہوں نے اپنے والد سے روایت کی ہیں ذکر کیا ہے کہ میں نے حرم شریف میں ایک شخص کو دیکھا کہ وہ حرم میں "عرفہ" منیٰ ہر جگہ کثرت سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھ رہا ہے میں نے کہا اے شخص ہر جگہ کیلئے علیحدہ ایک ورد ہے تو نہ دعا مانگتا ہے نہ نفل پڑھتا ہے سوائے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کے تو کچھ بھی نہیں کرتا کیا وجہ ہے۔ اس شخص نے کہا میں اپنے والد کے ساتھ بیت اللہ کا حج کرنے کیلئے خراسان سے نکلا جب ہم کوفہ پہنچے تو میرے والد سخت بیمار ہوگئے حتیٰ کہ وہ اسی بیماری سے فوت ہوگئے۔ جب فوت ہوئے تو میں نے کپڑے سے اس کا منہ ڈھانپ لیا۔ پھر میں اس سے کچھ دور ہوگیا۔ کچھ دیر کے بعد واپس آیا تو والد کا چہرہ دیکھا وہ گدھے کی شکل میں تبدیل ہو چکا تھا۔ جب میں نے یہ کیفیت دیکھی تو انتہائی پریشان ہوا۔ میں نے سوچا کہ لوگوں کے سامنے اس حالت کا کیسے اظہار کروں گا۔ میں مغموم ہو کر بیٹھ گیا، بیٹھے بیٹھے مجھے اونگھ آگئی، میں سویا ہوا تھا خواب میں دیکھا ایک شخص میرے والد کے پاس آیا چہرے سے کپڑا اٹھایا۔ اس کو دیکھا پھر کپڑا ڈال دیا پھر مجھ سے مخاطب ہو کر کہا غمگین کیوں ہو۔ میں نے کہا جناب میں غمزدہ کیوں نہ ہوں جبکہ میرے والد صاحب اس تکلیف میں مبتلا ہیں۔ اس نے کہا تجھے خوشخبری ہو اللہ تعالیٰ نے تمہارے والد کی یہ تکلیف دور کر دی ہے میں نے کپڑا اٹھا کر دیکھا تو والد صاحب کا چہرہ چودھویں کے چاند کی طرح چمک رہا تھا۔ میں نے اس شخص سے پوچھا خدارا بتا تو سہی تو کون ہے، تیری تشریف آوری تو کتنی مبارک ہے اس نے کہا میں مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہوں۔ جب انہوں نے مجھے تعارف کرایا تو میں بہت خوش ہوا میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی چادر کو پکڑ لیا اور اپنے

ہاتھ پر اسے لپیٹ لیا۔ میں نے پوچھا یا سیدی یارسول اللہ کیا آپ مجھے اس واقعہ کی خبر نہ دیں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تیرا والد سود کھاتا تھا اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ جو سود کھائے گا اللہ اس کی شکل دنیا میں یا آخرت میں گدھے کی طرح بنا دے گا۔ لیکن تیرے والد کی یہ عادت تھی کہ سونے سے پہلے ہر رات مجھ پر سو مرتبہ درود بھیجتا تھا۔ جب سود کھانے کی وجہ سے وہ اس تکلیف میں مبتلا ہوا تو میرے پاس وہ فرشتہ آیا جو مجھ پر میری امت کے اعمال پیش کرتا ہے۔ اس نے مجھے تمہارے والد کی اس حالت کی خبر دی میں نے اللہ تعالیٰ سے اس کی سفارش کی تو اللہ تعالیٰ نے میری سفارش اس کے حق میں قبول فرمائی۔ فرماتے ہیں اس کے بعد میں بیدار ہو گیا والد صاحب کے چہرے سے کپڑا اٹھایا تو وہ چودھویں کے چاند کی طرح چمک رہا تھا۔ میں نے اللہ تعالیٰ کی حمد کی، شکر ادا کیا، پھر اس کی تجہیز و تدفین کی، دفن کرنے کے بعد کچھ وقت قبر پر بیٹھ گیا میں نیند اور بیداری کی بین بین حالت میں تھا ہاتف غیبی نے آواز دی کیا تجھے معلوم ہے کہ تیرے والد صاحب پر یہ عنایت کیوں ہوئی اور اس کا سبب کیا تھا میں نے کہا نہیں، تو ہاتف غیبی نے کہا اس نوازش کا سبب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام پڑھنا تھا۔ میں نے اس کے بعد قسم اٹھائی کہ میں کسی حالت اور کسی وقت بھی درود و سلام کو ترک نہ کروں گا۔

اسی طرح کا ایک واقعہ ابن بشکوال نے عبدالواحد بن زید سے روایت کر کے لکھا ہے فرماتے ہیں میں حج کے ارادہ سے نکلا ایک شخص اٹھتے، بیٹھتے آتے، جاتے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتا تھا میں نے اس سے وجہ پوچھی تو اس نے کہا کئی سال پہلے میں مکہ شریف کا ارادہ کر کے نکلا تھا میرا والد بھی میرے ساتھ تھا جب ہم واپس لوٹے تو کسی جگہ ہم نے قیلولہ کیا۔ میں سویا ہوا تھا، ایک آنے والا آیا اور کہا اٹھو اللہ تعالیٰ نے تمہارے والد کو موت دے دی ہے اور اس کا چہرہ سیاہ ہو گیا ہے وہ کہتا ہے میں اٹھا پریشانی کے عالم میں میں نے اپنے والد کے چہرہ سے کپڑا اٹھایا وہ مردہ تھا اور چہرہ بھی سیاہ تھا دیکھ کر مجھ پر رعب طاری ہو گیا۔ اسی غم کی حالت میں مجھے پھر نیند آ گئی اچانک میں نے دیکھا کہ چار آدمی ہاتھوں میں گرز لئے ہوئے ایک سر کی جانب ایک پاؤں کی طرف ایک دائیں اور ایک بائیں جانب کھڑا ہے تو فوراً ایک شخص سفید کپڑوں میں ملبوس خوبصورت چہرے والا آیا اس نے ان کو کہا ہٹ جاؤ پھر خود میرے والد کے چہرے سے کپڑا اٹھایا اپنا ہاتھ ان کے چہرے پر پھیرا پھر میرے پاس آیا اور کہا اٹھ اللہ تعالیٰ نے تیرے والد کے چہرہ کو سفید کر دیا ہے میں

نے پوچھا میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں تو کون ہے اس نے کہا محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہوں میں نے اپنے والد کے چہرہ سے کپڑا اٹھایا تو وہ بالکل سفید تھا، میں نے اس کو درست کر کے دفن کر دیا۔

اسی قسم کی حکایت سفیان الثوری نے بیان کی ہے فرماتے ہیں میں نے ایک حاجی دیکھا وہ کثرت سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھ رہا تھا میں نے کہا یہ جگہ تو اللہ تعالیٰ کی ثناء کیلئے ہے اسنے کہا میں اپنے شہر میں تھا کہ میرا بھائی فوت ہو گیا میں نے اس کا چہرہ دیکھا تو وہ سیاہ ہو چکا تھا مجھے یوں محسوس ہونے لگا کہ یہ سارا گھر تاریک ہے میں انتہائی پریشان تھا ایک شخص ہمارے گھر میں آیا اس کا چہرہ گویا روشن سورج ہے، اس نے میرے بھائی کے چہرہ سے کپڑا اٹھایا پھر اس کے اوپر ہاتھ پھیرا تو اس کی سیاہی زائل ہو گئی اور چہرہ چودھویں کے چاند کی طرح ہو گیا میں یہ دیکھ کر بہت خوش ہوا میں نے اس سے پوچھا تو کون ہے۔ اللہ تعالیٰ اس حسن سلوک کی تجھے بہتر جزاء عطا فرمائے، تو اس نے کہا میں وہ فرشتہ ہوں جو ہر اس شخص پر مقرر کیا جاتا ہے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے دود بھیجتا ہے میں اس کے ساتھ ایسا سلوک کرتا ہوں تیرا بھائی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود پڑھتا تھا اس کو یہ تکلیف ہوئی تو چہرہ سیاہ ہو گیا پھر اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود پڑھنے کی وجہ سے اس کی سیاہی کو دور کر دیا اور سفیدی و چمک عطا فرما دی۔

ابو نعیم اور ابن بشکوال نے سفیان الثوری سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں میں حج کر رہا تھا ایک نوجوان آیا، ہر قدم پر اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کا ورد کرتا تھا۔ میں نے اس سے پوچھا کیا تو یہ سمجھ کر پڑھ رہا ہے اس نے کہا ہاں۔ پھر پوچھا تو کون ہے میں نے کہا میں سفیان ثوری ہوں۔ اس نے کہا العراقی میں نے کہا ہاں۔ اس نے پوچھا کیا تم اللہ تعالیٰ کی معرفت رکھتے ہو میں نے کہاں ہاں اس نے کہا کیسے تو نے اسے پہچانا ہے میں نے کہا وہ رات کے کچھ حصہ کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کے کچھ حصہ کو رات میں داخل کرتا ہے رحم مادر میں بچے کی تصویر بناتا ہے، اس نے کہا اے سفیان تو نے اللہ تعالیٰ کی معرفت اس طرح حاصل نہیں کی جیسے اس کا حق تھا۔ میں نے کہا تم اسے کیسے جانتے ہو اس نے کہا عزم وارادہ کو دور کرنے اور عزیمت کو ختم کرنے کے ساتھ۔ میں نے ارادہ کیا اس نے میرے

ارادے کو فسخ کر دیا میں نے عزم کیا اس نے میرے عزم کو توڑ دیا پس مجھے معلوم ہو گیا کہ میرا ایک رب ہے جو میرے ہر کام کی تدبیر فرماتا ہے۔ پھر میں نے پوچھا تم یہ درود پاک کیوں کثرت سے پڑھ رہے ہو اس نے کہا میں حج کر رہا تھا میری والدہ میرے ساتھ تھی اس نے مجھے کہا کہ میں اسے بیت اللہ شریف کے اندر لے جاؤں میں اندر لے گیا وہ گر گئیں، ان کا پیٹ پھول گیا اور چہرہ سیاہ ہو گیا۔ میں اس کے پاس غمزدہ ہو کر بیٹھ گیا۔ میں نے آسمان کی طرف ہاتھ اٹھائے اور عرض کی اے میرے پروردگار تو ایسا سلوک فرماتا ہے اس کے ساتھ جو تیرے گھر میں داخل ہوتا ہے پس اچانک تہامہ کی طرف سے ایک بادل اٹھا پھر ایک سفید کپڑوں میں ملبوس شخص نمودار ہوا بیت اللہ شریف میں داخل ہوا، اس نے اپنا ہاتھ میری والدہ کے چہرہ پر پھیرا تو وہ سفید ہو گیا پھر اس نے اپنا ہاتھ ان کے پیٹ پر پھیرا تو وہ بھی سفید ہو گیا اور مرض سے آرام ہو گیا پھر وہ جانے لگا تو میں نے اس کا دامن پکڑ لیا اور پوچھا تو کون ہے جس نے میری تکلیف کو دور کیا، تو اس نے کہا میں تیرا نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہوں میں نے عرض کی یا رسول اللہ مجھے کوئی وصیت فرمایئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر قدم کو اٹھاتے۔ رکھتے وقت محمد اور آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا۔

## تمام احوال میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا

جس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کا دامن پکڑا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے درود کو وسیلہ بنایا، اس نے اپنی مراد پالی اور اپنے مقصد میں کامیاب ہو گیا۔ علماء کرام نے اس موضوع پر علیحدہ علیحدہ تصانیف لکھی ہیں اسی موضوع سے متعلق حضرت عثمان بن حنیف کی گذشتہ حدیث بھی ہے گردش زمانہ کے باوجود آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ کا معجزہ باقی رہنے والے معجزات میں سے ایک ہے، اگر کہا جائے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا وسیلہ پکڑنے والوں کی قبولیتیں ان کی کثیر التعداد توسلات کی وجہ سے کثیر معجزات کو اپنے ضمن میں لئے ہوئے ہیں۔ تو مزید بہتر ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات کو شمار کرنے کی کوئی طاقت نہیں رکھتا۔ جتنا کسی نے لکھا پایا وہ کم و قاصر ہے۔ بعض علماء اعلام نے ان معجزات کو شمار کرنے کی طرف پیش قدمی کی اور وہ ہزار تک پہنچے خدا کی قسم اگر وہ گہری نظر سے مزید مطالعہ فرماتے تو اس سے کئی ہزار سے زائد پاتے صلی اللہ علیہ تسلیماً کثیراً۔

تیرے لئے اس مہاجرہ عورت کا قصہ کافی ہے جس کا بچہ فوت ہوا پھر اللہ تعالیٰ نے اس

کے لئے اس کے بچہ کو زندہ فرمادیا، جب اس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا وسیلہ پکڑا، اسی عنوان کے تحت حضرت ابی بن کعب وغیرہ کی احادیث آتی ہیں جہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ درود شریف کی کثرت تیرے ہر ارادے کیلئے کافی ہوگی اور تیرے گناہ بخش دیئے جائیں گے وللہ الحمد۔

## وہ جس پر تہمت لگائی گئی ہو حالانکہ وہ بری ہو اس کا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھنا

حضرت ابن عمر سے مروی ہے کہ کچھ لوگ ایک شخص کو لے کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئے اور انہوں نے گواہی دی کہ اس شخص نے ان کی اونٹنی چوری کی ہے، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس کے ہاتھ کاٹنے کا حکم فرمایا اس شخص نے یہ درود پڑھنا شروع کیا۔

"اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ صَلَاتِکَ شَیْئٌ وَ سَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ سَلَامِکَ شَیْئٌ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ بَرَکَاتِکَ شَیْئٌ" جب اس نے یہ پڑھا تو اونٹ بول پڑا یا محمد یہ شخص میرے چوری کرنے سے بری ہے۔ پھر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا اس شخص کو کون میرے پاس لے آئے گا مسجد کے ستر آدمی اس کی طرف دوڑے اور اسے لے کر آگئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا تونے واپس جاتے ہوئے کیا پڑھا ہے اس نے جو پڑھا تھا وہ بتا دیا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا میں نے دیکھا کہ فرشتے مدینہ طیبہ کی گلیوں کو گھیرے ہوئے ہیں حتیٰ کہ وہ میرے اور تیرے درمیان حائل ہو جاتے پھر فرمایا تو صراط پر اترے گا در آں حالیکہ تیرا چہرہ چودھویں کے چاند سے زیادہ چمکدار ہوگا

اس روایت کو الدیلمی نے تخریج کیا ہے اور صحیح نہیں ہے بعض نے اس کی نسبت الدر المنظم کے مصنف کی طرف کی ہے کہ انہوں نے المولد المعظم میں مندرجہ الفاظ میں نقل کی ہے، روایت کیا گیا ہے کہ ایک جماعت نے ایک آدمی پر چوری کرنے کی گواہی دی، اس کے ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا گیا۔ چوری شدہ مال اونٹ تھا اونٹ بولا اس کے ہاتھ مت کاٹو پوچھا گیا کیسے تیری نجات ہوئی اس شخص نے کہا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ہر روز سو مرتبہ درود پڑھنے کی وجہ سے اس کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے خبر دی کہ تو دنیا و آخرت کے عذاب سے نجات پا گیا اسی طرح ابن بشکوال نے بغیر سند کے اس واقعہ کو روایت کیا ہے

## بھائیوں کی ملاقات کے وقت درود پڑھنا

حضرت انس رضی اللہ عنہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

مَا مِنْ عَبْدَيْنِ مُتَحَابَّيْنِ فِي اللهِ وَفِي رِوَايَةٍ مَا مِنْ مُسْلِمَيْنِ يَسْتَقْبِلُ أَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ وَفِي رِوَايَةٍ يَلْتَقِيَانِ فَيَتَصَافَحَانِ وَيُصَلِّيَانِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا لَمْ يَتَفَرَّقَا حَتَّى يُغْفَرُ لَهُمَا ذُنُوبُهُمَا مَا تَقَدَّمَ وَمَا تَأَخَّرَ۔

دو بندے اللہ کیلئے محبت کرنے والے ایک روایت میں ہے دو مسلمانوں میں سے ایک اپنے ساتھی کا استقبال نہیں کرتا، ایک روایت میں دو مسلمان ملتے ہیں اور باہم مصافحہ کرتے ہیں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ان کے جدا ہونے سے پہلے اگلے، پچھلے گناہ معاف کر دیتا ہے اس حدیث کو الحسن بن سفیان اور ابو یعلی نے اپنی اپنی مسند میں، ابن حبان نے الضعفاء میں، الرشید العطار اور ابن بشکوال نے بقی بن مخلد کے طریق سے روایت کیا ہے اس کے لفظ یہ ہیں۔

مَا مِنْ مُسْلِمَيْنِ يَلْتَقِيَانِ فَيُصَافِحُ أَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ وَيُصَلِّيَانِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا لَمْ يَبْرَحَا حَتَّى يُغْفَرُ ذُنُوبُهُمَا مَا تَقَدَّمَ وَمِنْهَا وَمَا تَأَخَّرَ۔

ابی نعیم کے طریق سے دو واسطوں سے مروی ہے اور لفظ یہ ہیں۔

مَا مِنْ مُتَحَابَّيْنِ يَسْتَقْبِلُ أَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ فَيُصَافِحُهُ وَيُصَلِّيَانِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا لَمْ يَبْرَحَا حَتَّى يُغْفَرَ لَهُمَا ذُنُوبُهُمَا مَا تَقَدَّمَ مِنْهَا وَمَا تَأَخَّرَ۔

فرماتے ہیں یہ غریب ہے میں کہتا ہوں یہ انتہائی ضعیف ہے لیکن الفاکہانی نے بعض فقراء مبارکین سے روایت کیا ہے کہ اس نے خبر دی ہے کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور عرض کی یارسول اللہ آپ نے یہ فرمایا ہے؟ "مَا مِنْ عَبْدَيْنِ مُتَحَابَّيْنِ فِي اللهِ يَلْتَقِيَانِ فَيُصَافِحُ أَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ" آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "إِلَّا لَمْ يَفْتَرِقَا حَتَّى يَغْفِرَ ذُنُوبَهُمَا مَا تَقَدَّمَ مِنْهَا وَمَا تَأَخَّرَ" دو درودوں کے درمیان کی دعا رد نہیں کی جاتی۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔

# قوم کے مجلس سے اٹھنے کے وقت درود شریف پڑھنا

اس موضوع کے متعلق مَا جَلَسَ قَوْمٌ مَجْلِسًا ثُمَّ تَفَرَّقُوْا عَنْ ذِکْرِ اللہِ والی حدیث تیسرے باب میں گذر چکی ہے۔ اور زَیِّنُوْا مَجَالِسَکُمْ بِالصَّلٰوۃِ عَلَی کی حدیث دوسرے باب میں گذر چکی ہے۔

# ختم قرآن کے وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھنا

آثار وارد ہیں کہ ختم قرآن کا وقت محل دعا ہے اور ختم قرآن کے وقت رحمت نازل ہوتی ہے، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جس نے قرآن ختم کیا اس کی دعا قبول ہوتی ہے، یہ مقام دعا کرنے کا موکد مقام ہے اور قبولیت بھی آسکا حق ہے پس یہ درود پاک کا بھی موکد محل ہے۔

# دعا میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود بھیجنا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے آپ فرماتے ہیں ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے۔ حضرت علی بن ابی طالب تشریف لائے عرض کی یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں۔ مجھے قرآن کریم یاد نہیں رہتا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اے ابو الحسن میں تجھے ایسے کلمات نہ سکھادوں جن کی برکت سے اللہ تعالیٰ تجھے نفع دے گا۔ اور جن کی برکت سے اپنے یاد کئے ہوئے سے نفع اٹھائے گا اور جو یاد کر لے گا وہ تیرے سینہ میں محفوظ رہے گا۔ عرض کی حضور! ضرور بتایئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اگر تجھ سے ہوسکے تو جمعہ کی رات کے آخری تیسرے حصہ میں اٹھ وہ گھڑی اجابت وقبولیت کی ہے، اور اس میں دعا کی مقبولیت کی گواہی دی گئی ہے اگر اس گھڑی اٹھنے کی طاقت نہیں تو رات کے درمیانی حصہ میں جاگو، اگر اس پر بھی قدرت نہیں تو اول رات میں چار رکعت نماز اس طرح پڑھو پہلی رکعت میں سورت فاتحہ کے بعد سورہ یٰسین دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد حم الدخان تیسری میں سورۃ فاتحہ کے بعد الم تنزیل السجدہ اور چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے ساتھ تبارک الذی پڑھو، جب تشہد سے فارغ ہو جاؤ تو پھر اللہ تعالیٰ کی نہایت عمدگی کے ساتھ حمد وثنا کرو، پھر مجھ پر درود بھیجو، پھر مومن مردوں اور مومن عورتوں اور ان بھائیوں کیلئے جو ایمان میں سبقت لے گئے ہیں استغفار کرو آخر میں یہ دعا پڑھو۔

اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ بِتَرْكِ الْمَعَاصِيْ اَبَدًا مَا اَبْقَيْتَنِيْ وَارْحَمْنِيْ اَنْ اَتَكَلَّفَ مَا لَا يَعْنِيْنِيْ وَارْزُقْنِيْ حُسْنَ النَّظَرِ فِيْمَا يُرْضِيْكَ عَنِّيْ اَللّٰهُمَّ بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِيْ لَا تُرَامُ اَسْاَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تُلْزِمَ قَلْبِيْ حِفْظَ كِتَابِكَ كَمَا عَلَّمْتَنِيْ وَارْزُقْنِيْ اَنْ اَتْلُوَهٗ عَلَى النَّحْوِ الَّذِيْ يُرْضِيْكَ عَنِّيْ اَللّٰهُمَّ بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِيْ لَا تُرَامُ اَسْاَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تُنَوِّرَ بِكِتَابِكَ بَصَرِيْ وَاَنْ تُطْلِقَ بِهٖ لِسَانِيْ وَاَنْ تُفَرِّجَ بِهٖ عَنْ قَلْبِيْ وَاَنْ تَشْرَحَ بِهٖ صَدْرِيْ وَاَنْ تَغْسِلَ بِهٖ بَدَنِيْ فَاِنَّهٗ لَا يُعِيْنُنِيْ عَلَى الْحَقِّ غَيْرُكَ وَلَا يُؤْتِيْنِيْهِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

ترجمہ:۔ اے اللہ جب تک تو مجھے زندہ رکھے تو گناہوں کے چھوڑنے کے ساتھ مجھ پر رحم فرما اور رحم فرما مجھ پر کہ میں اس سے دور ہو جاؤں جو میری مدد نہیں کرتا مجھے اس کام میں حسن نظر عطا فرما جو تجھے مجھ سے راضی کر دے اے اللہ، اے زمین و آسمان کو پیدا کرنے والے اے بزرگی و اکرام کے مالک اے اس عزت کے مالک جس کا قصد نہیں کیا جاتا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے اللہ، اے رحمٰن اپنے جلال کے طفیل، اپنی ذات کے نور کے طفیل، جیسے تو نے مجھے اپنی کتاب کا علم سکھایا ہے اسی طرح تو ہی میرے دل میں اپنی کتاب کی حفاظت فرما اور مجھے توفیق دے کہ میں اس کتاب کو اس طرح تلاوت کروں کہ تو مجھ سے راضی ہو جائے۔ اللہ زمین و آسمان کے پیدا کرنے والے، اے عزت و اکرام کے مالک اے اس عزت کے مالک جس کا قصد نہیں کیا جاسکتا۔ اے اللہ اے رحمٰن اپنے جلال اور اپنی ذات کے نور کے طفیل اپنی کتاب کے ساتھ میری آنکھوں کو روشن کر دے اس کے ساتھ میری زبان کو جاری کر دے میرے دل کو اس کے ساتھ کشادہ کر دے میرے سینہ کو اس کے ساتھ کھول دے میرے بدن کو اس کے ساتھ پاک کر دے تیرے سوا حق پر میرا کوئی مددگار نہیں، یہ نعمت مجھے تیرے سوا کوئی نہیں عطا کر سکتا، نہ مجھے گناہ سے بچنے کی طاقت نہ نیکی کرنے کی قوت سوائے اللہ علی عظیم کے۔

اے ابو الحسن اگر تو یہ وظیفہ تین یا پانچ یا سات جمعے کرے گا تو تیری دعا قبول ہوگی۔ قسم ہے اس ذات کی جس نے مجھے حق کے ساتھ مبعوث فرمایا یہ مومن سے خطا نہیں کرتی ۔ حضرت عبداللہ بن عباس فرماتے ہیں حضرت علی پانچ یا سات جمعوں کے بعد

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں حاضر ہوئے اور عرض کی یارسول اللہ! اس سے پہلے میں تقریباً چار آیات یاد کرتا تھا، جب میں دل میں دہراتا تو بھول جاتی تھیں مگر آج میں نے چالیس آیتیں یاد کی ہیں جب میں ان کو پڑھتا ہوں تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اللہ کی کتاب میرے سامنے ہے پہلے میں حدیث سنتا تھا جب میں دوبارہ پڑھتا تو یاد نہ ہوتی مگر آج میں احادیث سنتا ہوں جب بیان کرتا ہوں تو ایک حرف بھی نہیں بھولتا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو فرمایا رب کعبہ کی قسم اے ابو الحسن تو مومن ہے۔

اس حدیث کو ترمذی نے اپنی جامع میں اسی طرح تخریج کیا ہے اور فرمایا یہ غریب ہے حاکم نے اپنی صحیح میں ذکر کی ہے اور فرمایا یہ بخاری و مسلم کی شرائط پر صحیح ہے الذہبی نے تعاقب کیا اور فرمایا یہ منکر و شاذ ہے اور مجھے خوف ہے کہ یہ موضوع نہ ہو قسم بخدا مجھے تو اس کی سند کی جودت نے حیران کر دیا ہے ایک اور جگہ اس کے موضوع ہونے کا پختہ یقین ظاہر کیا ہے ایک دوسری جگہ لکھتے ہیں اس کا باطن باطل ہے ابن جوزی نے اس کو الموضوعات میں اسی طرح ذکر کیا ہے اور اس پر وضع کی تہمت لگائی ہے جیسا کہ تمام طرق حدیث سے ظاہر ہے الطبرانی نے الدعاء اور الکبیر میں ایک دوسرے واسطہ سے تخریج کی ہے ابن الجوزی نے بھی اس طریق سے نقل کی ہے اس کے لفظ یہ ہیں۔

عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ الْقُرْاٰنَ تَفَلَّتَ مِنْ صَدْرِيْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ يَنْفَعُكَ اللّٰهُ بِهِنَّ وَتَنْفَعُ مَنْ عَلَّمْتَهُ قَالَ بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ قَالَ صَلِّ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ تَقْرَءُ فِي الرَّكْعَةِ الْاُوْلٰى بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَيٰسٓ وَفِي الثَّانِيَةِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَحٰمٓ الدُّخَانُ وَفِي الثَّالِثَةِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَالٓمٓ تَنْزِيْلُ الْكِتَابِ السَّجْدَةَ وَفِي الرَّابِعَةِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَتَبَارَكَ الْمُفَصَّلَ فَاِذَا فَرَغْتَ مِنَ التَّشَهُّدِ فَاحْمَدِ اللّٰهَ تَعَالٰى وَاَثْنِ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلَى النَّبِيِّيْنَ وَاسْتَغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ ثُمَّ قُلْ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ بِتَرْكِ الْمَعَاصِيْ اَبَدًا مَا اَبْقَيْتَنِيْ وَارْزُقْنِيْ حُسْنَ النَّظَرِ فِيْمَا يُرْضِيْكَ عَنِّيْ اَللّٰهُمَّ بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِيْ لَا تُرَامُ اَسْاَلُكَ يَا اللّٰهُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تُلْزِمَ قَلْبِيْ حِفْظَ كِتَابِكَ كَمَا عَلَّمْتَنِيْ وَارْزُقْنِيْ اَنْ اَتْلُوَهُ عَلَى النَّحْوِ الَّذِيْ يُرْضِيْكَ عَنِّيْ وَاَسْاَلُكَ اَنْ تُنَوِّرَ بِالْكِتَابِ بَصَرِيْ وَتُطْلِقَ بِهِ لِسَانِيْ وَتُفَرِّجَ

بِهٖ عَنْ قَلْبِیْ وَ تَشْرَحَ بِهٖ صَدْرِیْ وَ تَغْسِلَ بِهٖ ذُنُوْبِیْ وَ تَقْوِیَنِیْ عَلٰی ذَالِكَ وَ تُعِیْنُنِیْ عَلَیْهِ فَاِنَّهٗ لَا یُعِیْنُنِیْ عَلَی الْخَیْرِ غَیْرُكَ وَ تُوْفِیْقُ لَهٗ اِلَّا اَنْتَ فَافْعَلْ ذَالِكَ ثَلَاثَ جُمُعٍ اَوْ خَمْسًا اَوْ سَبْعًا تَحْفَظُهٗ بِاِذْنِ اللّٰهِ وَمَا اَخْطَا مُؤْمِنًا قَطُّ فَاَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ذَالِكَ بِسَبْعِ جُمُعٍ فَاَخْبَرَهٗ بِحِفْظِ الْقُرْاٰنِ وَ الْحَدِیْثِ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مُؤْمِنٌ وَ رَبِّ الْكَعْبَةِ عَلَّمَ اَبَا حَسَنٍ۔

المنذری لکھتے ہیں اس کی اسناد جید اور اس کا متن انتہائی غریب ہے۔ اس طرح الحماد بن کثیر نے لکھا ہے کہ اس کے متن میں غرابت بلکہ نکارت ہے، میں کہتا ہوں حق یہ ہے کہ اس میں کوئی علت قادحہ نہیں سوائے کہ یہ عن ابن جریج عن عطاء کے واسطہ کے ساتھ معنعنہ ہے ہمارے شیخ نے بھی یہی فائدہ لکھا ہے مجھے کئی لوگوں نے خبر دی ہے کہ انہوں نے اس دعا کا تجربہ کیا ہے اور اس کو حق پایا ہے والعلم عند اللہ۔

## مجلس سے اٹھتے وقت حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا

حضرت عثمان بن عمر سے مروی ہے، فرماتے ہیں، میں نے سفیان بن سعید الثوری کو بے شمار مرتبہ دیکھا کہ جب وہ مجلس سے اٹھنے کا ارادہ کرتے تو کہتے صَلَّی اللّٰهُ وَمَلَائِكَتُهٗ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اَنْبِیَاءِ اللّٰهِ وَمَلَائِكَتِهٖ۔

## جہاں بھی اللہ تعالیٰ کے ذکر کیلئے محفل منعقد ہو وہاں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ذکر ہونا چاہئے۔

اس عنوان کے تحت حضرت ابوہریرہ کی وہ حدیث آتی ہے جس میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے گردش کرتے رہتے ہیں یہ حدیث دوسرے باب میں گذر چکی ہے ابو سعید القاضی نے اپنے فوائد میں تخریج کی ہے اور اس کی اصل مسلم میں ہے اللہ تعالیٰ مندرجہ ذیل اشعار کہنے والے کو سعادت دارین بخشے۔

مجالس کی روح آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر اور آپ کی حدیث ہے اور یہ ہر حیران و

مجبور کیلئے ہدایت ہے۔ جب کوئی مجلس آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر سے خالی ہو، تو اس مجلس کے لوگ زندوں میں مردہ ہیں۔

# کلام کی ابتداء میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہر وہ کلام جس میں اللہ کا ذکر نہ ہو اور اللہ کا ذکر اور مجھ پر درود بھیجنے کے ساتھ شروع نہ ہو تو ہر برکت سے محروم اور خالی ہے۔

اس حدیث کو الدیلمی نے مسند الفردوس میں۔ ابو موسیٰ المدینی نے اور المحاملی نے "الارشاد" میں تخریج کیا ہے، ان کے طریق سے الرہاوی نے الاربعین میں ذکر کی ہے اس کی سند ضعیف ہے ابن مندہ کے دوسرے فائدہ میں ہے کہ جو کام بھی اللہ تعالیٰ کے ذکر اور مجھ پر درود بھیجے بغیر شروع کیا جائے وہ ہر قسم کی برکت سے خالی ہے یہ حدیث مشہور ہے مگر اس کے لفظ اور ہیں امام شافعی فرماتے ہیں میں یہ پسند کرتا ہوں کہ ہر آدمی اپنے خطبہ اور اپنے ہر مطلوب سے پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرے اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے۔

# حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کے وقت درود شریف پڑھنا

اس موضوع کے متعلق دوسرے اور تیسرے باب میں احادیث گذر چکی ہیں اور اس کا حکم مقدمہ میں بیان ہو چکا ہے، قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے ابن ابراہیم التجیبی سے نقل کیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر خود کرنے یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کسی اور شخص سے سننے کے وقت ہر مومن پر واجب ہے کہ وہ خشوع و خضوع کا اظہار کرے، اپنی حرکات سے رک جائے اور اس طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہیبت اور اجلال کو مدنظر رکھے جیسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سامنے تشریف فرما ہوں، اور اس طرح ادب کرے جیسے اللہ تعالیٰ نے ہمیں ادب سکھایا ہے، ہمارے سلف صالحین کا ہمیشہ سے یہی طریقہ رہا ہے۔

حضرت امام مالک رحمتہ اللہ علیہ کے سامنے جب حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر ہوتا تو ان کا رنگ بدل جاتا اور اتنے خشوع وخضوع کا اظہار فرماتے کہ اہل مجلس پر گراں ہو جاتا، ایک دن اس کیفیت کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا جو کچھ میں دیکھتا ہوں اگر تم دیکھتے تو تم مجھ پر تعجب وانکار نہ کرتے میں نے محمد بن المنکدر کو دیکھا آپ سید القراء تھے ان سے جب کسی حدیث شریف کے متعلق پوچھا جاتا تو آپ اتنے روتے کہ ہمیں ان پر رحم آنے لگتا۔ میں نے جعفر بن محمد کو دیکھا جو انتہائی قسم کے خوش مزاج اور مسکرانے والے تھے جب ان کے سامنے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر ہوتا تو ان کا رنگ زرد ہو جاتا، میں نے ہمیشہ ان کو باوضو حدیث بیان کرتے ہوئے دیکھا عبدالرحمٰن بن القاسم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کرتے تو ہم ان کے رنگ کو دیکھتے یوں لگتا جیسے ان کا خون نکل گیا ہے اور منہ میں زبان خشک ہوگئی ہے یہ سب حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہیبت کی وجہ سے کرتے تھے۔ میں عامر بن عبداللہ بن الزبیر کے پاس آتا تھا جب ان کے سامنے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر ہوتا تو اتنے روتے کہ آنکھوں سے آنسو ختم ہو جاتے میں نے الزہری کو دیکھا وہ تمام لوگوں سے خوشگوار طبیعت تھے جب ان کے سامنے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ذکر ہوتا تو یوں لگتا جیسے انہوں نے تجھے نہیں پہچانا اور تم نے انہیں نہیں پہچانا۔ میں صفوان بن سلیم کے پاس جاتا تھا وہ انتہائی عبادت گذار تھے جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ذکر ہوتا تو وہ اتنا روتے کہ لوگ ان کو چھوڑ کر چلے جاتے۔ ہم ایوب السختیانی کے پاس جاتے تھے ان کے سامنے بھی جب حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث بیان کی جاتی تو وہ اتنا روتے کہ ہمیں ان پر رحم آنے لگتا جب تو نے یہ سب کچھ سمجھ لیا تو تجھ پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام کو سننا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کے وقت خشوع وخضوع کرنا، عزت وادب کا خیال کرنا اور درود وسلام پر مواظبت کرنا واجب ہے۔ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا کَثِیْرًا۔

## علم کے پھیلانے، وعظ ونصیحت کرنے اور حدیث شریف پڑھنے کے وقت حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا۔

جو سعادت مند حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے فریضہ تبلیغ پر مامور ہو

اسے چاہئے کہ اپنی کلام کی ابتداء اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء اس کی وحدانیت کے اعتراف اور بندوں پر اس کے حقوق کی تعریف سے کرے پھر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بزرگی وثناء بیان کرے، پھر کلام کا اختتام بھی حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کے ساتھ کرے۔

ابن الصلاح فرماتے ہیں بہتر یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کے وقت درود و سلام پر محافظت کرے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بار بار ذکر کے وقت بھی بار بار درود پڑھنے سے نہ اکتائے کیونکہ یہ ان بڑے فوائد میں سے ہے جن کی طرف طلباء حدیث اور حاملین حدیث اور کاتب حدیث جلدی کرتے ہیں جو اس سعادت سے غافل ہوا وہ عظیم حصہ سعادت سے محروم ہوگیا اور جو ہم درود لکھتے ہیں وہ دعا ہے اس میں کوئی کلام نہیں ہے، اور اس کی روایت پر کوئی تقید نہیں ہے اور جو چیز اصل میں ہے اس میں تو کوتاہی و کمی نہ کر۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ کے ذکر کے وقت بھی اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کرنے کا حکم ہے منصور بن عمارہ کو خواب میں دیکھا گیا ان سے پوچھا گیا، تمہارے ساتھ اللہ تعالیٰ نے کیا سلوک فرمایا ہے۔ انہوں نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنے دیدار کا شرف بخشا ہے اور مجھے فرمایا تو منصور بن عمار ہے میں نے کہا ہاں اللہ تعالیٰ نے فرمایا تو لوگوں کو دنیا سے دور کرتا تھا اور خود دنیا سے رغبت رکھتا تھا میں نے کہا بات تو اسی طرح تھی لیکن میری کوئی مجلس ایسی نہیں ہوتی تھی جس میں میں نے پہلے تیری حمد وثناء، پھر تیرے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود اور تیسرے نمبر پر تیرے بندوں کو نصیحت نہ کی ہوتی۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا تو نے سچ کہا ہے فرشتوں کو حکم ہوا میرے آسمانوں میں اس کے لئے کرسی رکھو۔ یہ میرے فرشتوں کے سامنے میری بزرگی بیان کرے جیسے دنیا میں میرے بندوں کے سامنے میری بزرگی بیان کرتا تھا۔

اس روایت کو ابن بشکوال نے ابو القاسم القشیری کے واسطہ سے تخریج کیا ہے۔

فَسُبْحَانَ اللّٰهِ الْمَجِيْدِ الْفَعَّالِ لِمَا يُرِيْدُ لَا اِلٰهَ سِوَاهُ وَلَا نَعْبُدُ اِلَّا اِيَّاهُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ وَسَلَّمَ۔

امام نووی "الاذکار" میں لکھتے ہیں۔ حدیث پڑھنے والے اور اس قسم کی دوسری کتب پڑھنے والے کیلئے مستحب ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کے وقت بلند

آواز سے درود و سلام پڑھے۔ مگر آواز کی بلندی میں فاحش مبالغہ نہ ہو۔ الامام الحافظ ابو بکر بن الخطیب البغدادی اور دوسرے علماء نے آواز بلند کرنے پر نص قائم کی ہے اور ہمارے اصحاب نے بھی اور دوسرے علماء نے یہ صراحۃً لکھا ہے کہ تلبیہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتے وقت آواز کو بلند کرنا مستحب ہے، دوسرے باب میں مسطح کی حکایت گذر چکی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی اور اہل مجلس تمام کی مغفرت فرمادی کیونکہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بلند آواز سے پڑھتے تھے۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ بلند آواز کرنا مناسب نہیں ہے کیونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حدیث کی سماعت فوت ہو جائے گی، اگر بلند آواز سے درود پڑھنا حدیث کی سماعت کے فوت ہونے کا سبب نہ ہو تو بلاشک و شبہ درود کے ساتھ آواز بلند کرنا مکروہ نہیں ہے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زندگی میں جیسے ہم پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم و توقیر لازمی تھی۔ اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد بھی تعظیم و توقیر لازمی ہے محمد بن یحییٰ الکرمانی سے مروی ہے فرماتے ہیں ہم ابو علی بن شاذان کی مجلس میں بیٹھے تھے، ایک نوجوان آیا جسے ہم نہیں پہچانتے تھے اس نے ہم پر سلام کیا پھر پوچھا تم میں۔ ابو علی بن شاذان کون ہے ہم نے ان کی طرف اشارہ کیا تو اس نے کہا اے شیخ! میں نے خواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم فرمایا ہے کہ تو علی بن شاذان کی مسجد پوچھ لے اور جب ان سے ملاقات ہو تو میرا اس کو سلام کہنا وہ جوان یہ کہہ کر واپس چلا گیا۔ اور ابو علی رونے لگ گئے اور کہا میں جانتا ہوں کہ میں اس شرف کا مستحق نہیں ہوں سوائے اس کے کہ، میں حدیث شریف پڑھتا رہتا ہوں اور جب بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر آتا ہے تو میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتا ہوں۔

الکرمانی فرماتے ہیں اس واقعہ کے بعد ابو علی دو یا تین مہینے زندہ رہے پھر فوت ہوگئے رحمہ اللہ تعالیٰ

اس روایت کو ابن بشکوال نے روایت کیا ہے۔

ابو القاسم التیمی نے اپنی الترغیب میں ابو الحسن الحرانی کے طریق سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں ابو عروبہ الحرانی پر جو بھی احادیث پڑھتا اس کے ساتھ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتے اور احادیث پڑھنے والے کو بتاتے کہ، حدیث پڑھنے کا دنیا میں فائدہ یہ

ہے کہ کثرت سے درود شریف پڑھنے کا موقع میسر آتا ہے اور آخرت میں اس کی برکت سے انشاء اللہ جنت کی نعمتیں ملیں گی ہم نے وکیع بن الجراح سے ابن بشکوال کے طریق سے روایت کیا ہے، فرماتے ہیں کہ اگر نبی کریم ﷺ پر درود پڑھنا ہر حدیث میں نہ ہوتا تو میں کسی سے حدیث بیان ہی نہ کرتا ایک اور روایت میں ہے اگر میرے نزدیک تسبیح سے حدیث افضل نہ ہوتی تو میں حدیث بیان نہ کرتا ایک اور روایت میں ہے اگر مجھے یہ علم ہوتا کہ نماز حدیث سے افضل ہے تو میں حدیث روایت نہ کرتا۔

ابو القاسم التیمی، ابو الحسن النہاوندی الزاہد کے طریق سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص حضرت خضر علیہ السلام سے ملا اور کہا سب سے افضل عمل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا ہے۔ حضرت خضر علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا! افضل ترین درود وہ ہوتا ہے جو نشر حدیث اور املاء حدیث کے وقت پڑھا جاتا ہے کیونکہ اس وقت زبان سے پڑھا جاتا ہے اور کتابوں میں لکھا جاتا ہے اس میں انتہائی رغبت ہوتی ہے، اور بے حد فراخ دلی سے پڑھا جاتا ہے جب علماء حدیث جمع ہوتے ہیں تو میں بھی ان کی مجلس میں حاضر ہوتا ہوں۔

ابو احمد الزاہد سے مروی ہے فرمایا! تمام علوم سے بابرکت اور افضل اور دین و دنیا کیلئے نفع بخش کتاب اللہ کے بعد احادیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا علم ہے کیونکہ اس میں کثرت سے درود پڑھا جاتا ہے گویا یہ باغیچہ کی مانند ہے تو اس میں ہر قسم کی بھلائی، نیکی اور فضیلت پالے گا، دوسرے باب کے آخر میں بھی اس کی فضیلت گذر چکی ہے ابن بشکوال نے الصلاۃ میں ابو محمد عبداللہ بن احمد بن عثمان الطلیطلی کے تعارف میں لکھا ہے کہ وہ مناظرہ کی ابتداء اللہ تعالیٰ کے ذکر اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کے ساتھ کرتے پھر ایک، دو، تین حدیثیں بیان کرتے اور وعظ و نصیحت کرتے پھر مسائل میں شروع ہوتے۔ ابو نعیم نے "الحلیۃ" میں عمر بن عبدالعزیز کے تعارف میں اپنی سند کو اوزاعی تک پہنچا کر لکھا ہے کہ عمر بن عبدالعزیز نے لکھا کہ القصاص والوں کو حکم دو کہ تمہاری بڑی سے بڑی دعا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود ہونا چاہیئے۔

## فتویٰ لکھتے وقت حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا

امام نووی "الروضۃ" میں لکھتے ہیں کہ فتویٰ لکھتے وقت أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ، بِسْمِ اللّٰهِ

الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ پڑھنا، اللہ تعالیٰ کی حمد کرنا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا، لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ پڑھنا، رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْلِیْٓ اَمْرِیْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ یَفْقَھُوْا قَوْلِیْ پڑھنا مستحب ہے، پھر فرماتے ہیں اگر سائل دعا یا حمد یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کو ترک کر دے، تو مفتی خود اپنے خط سے فتویٰ کے آخر میں یہ چیزیں لکھ دے، کیونکہ علماء کرام کی عادت یہی ہے۔

## حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسم مبارک کو لکھتے وقت درود شریف پڑھنا درود شریف لکھنے کا ثواب اور غافل کی مذمت کا بیان

اے مخاطب! جیسے تو اپنی زبان کے ساتھ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتا ہے اسی طرح جب بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم شریف لکھے تو اپنی انگلیوں سے بھی درود شریف لکھا کر، کیونکہ اس میں تیرے لئے بہت بڑا ثواب ہے یہ ایک فضیلت ہے اس کے ساتھ آثار کے متبعین، اخبار کے رواۃ اور حاملین سنت کامیاب ہوئے، یہ اللہ تعالیٰ کا کتنا احسان ہے اہل علم مستحب قرار دیتے ہیں کہ کاتب جب بھی حضور نبی کریم ﷺ کا نام لکھے تو پورا درود لکھے، فرماتے ہیں صرف اشارہ کر دینا کافی نہیں ہے جیسا کہ سست، جاہل اور عوام الطلبہ "صلی اللہ علیہ وسلم" کی جگہ صلعم لکھ دیتے ہیں۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے کتاب میں مجھ پر درود بھیجا، جب تک میرا نام اس کتاب میں رہے گا فرشتے اس کے لئے مغفرت طلب کرتے رہیں گے۔

اس حدیث کو الطبرانی نے "الاوسط" میں، الخطیب نے شرف اصحاب الحدیث میں، ابن بشکوال اور ابو الشیخ نے "الثواب" میں، المستغفری نے "الدعوات" میں التیمی نے ضعیف سند کے ساتھ الترغیب میں روایت کیا ہے۔ ابن الجوزی نے "الموضوعات" میں لکھا ہے ابن کثیر فرماتے ہیں۔ یہ صحیح نہیں ہے بعض محدثین کے الفاظ یہ ہیں "لَمْ تَزَلِ الْمَلَائِكَةُ تَسْتَغْفِرُ لَهُ" ایک روایت کے الفاظ یہ ہیں "مَنْ كَتَبَ فِيْ كِتَابِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ تَزَلِ الْمَلَائِكَةُ تَسْتَغْفِرُ لَهُ مَادَامَ فِيْ كِتَابِهٖ" حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس نے میری حدیث لکھی اور اس کے ساتھ مجھ پر درود بھی لکھا تو جب تک پڑھا جاتا رہے گا اس کو ثواب ملتا رہے گا۔

اس روایت کو الدار قطنی، ابن بشکوال نے ان کے طریق سے، ابن مندہ اور ابن الجوزی نے تخریج کیا ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے مجھ پر کتاب میں درود پڑھا، جب تک میرا نام اس کتاب میں رہے گا اس کے لئے صلاۃ جاری رہے گی۔

اس روایت کو ابو القاسم التیمی نے الترغیب میں اور محمد بن الحسن الہاشمی نے تخریج کیا ہے اس کی سند میں ایک راوی متہم بالکذب ہے، ابن کثیر فرماتے ہیں یہ حدیث کئی وجوہ سے صحیح نہیں ہے۔ حضرت ابو ہریرہ سے روایت کی گئی ہے اور وہ بھی صحیح نہیں ہے الذہبی لکھتے ہیں میرا گمان ہے کہ یہ موضوع ہے۔

حضرت جعفر بن محمد کے کلام سے موقوفاً مروی ہے ابن قیم فرماتے ہیں کہ محمد بن حمید کی روایت کے مشابہ ہے کہ جس نے کتاب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود لکھا جب تک آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام کتاب میں رہے گا فرشتے اس شخص پر صبح و شام درود بھیجتے رہیں گے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب قیام قیامت ہوگا، اصحاب حدیث اپنی دواتوں کے ساتھ آئیں گے، اللہ تعالیٰ انہیں ارشاد فرمائے گا تم اصحاب حدیث ہو میرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر تم درود لکھتے تھے، اس لئے جنت میں چلے جاؤ۔ الطبرانی اور ان کے طریق سے ابن بشکوال نے اس کو تخریج کیا ہے طاہر بن احمد النیسابوری سے منقول ہے کہ مجھے علم نہیں ہے کہ الطبرانی کے علاوہ بھی کسی نے یہ حدیث بیان کی ہے، میں کہتا ہوں یہ مسند الفردوس میں اس طریق کے علاوہ سے بھی موجود ہے۔ اس کے الفاظ کا ترجمہ یہ ہے جب قیامت کا دن ہوگا اصحاب حدیث اپنے ہاتھوں میں اپنی دواتیں پکڑے ہوئے آئیں گے اللہ تعالیٰ جبریل علیہ السلام کو ان کو لانے کا حکم دیں گے، پھر ان سے پوچھے گا تم کون ہو وہ کہیں گے ہم اصحاب حدیث ہیں، اللہ تعالیٰ ان کو ارشاد فرمائے گا تم جنت میں داخل ہو جاؤ، میرے نبی محمد صلی اللہ علیہ

وسلم پر درود لکھنا تم پر طویل ہوتا تھا۔

النمیری نے پہلے الفاظ کے ساتھ تخریج کی ہے، ایک دوسرے طریق سے اس طرح ہے کہ قیامت کے روز اصحاب حدیث اور اہل علم اٹھیں گے، ان کی سیاہی سے خوشبو مہک رہی ہوگی وہ اللہ تعالیٰ کے حضور کھڑے ہوں گے، اللہ تعالیٰ انہیں فرمائے گا، میرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا تم پر طویل ہوتا تھا، تم اس کی برکت سے جنت میں داخل ہو جاؤ یہ روایت ضعیف ہے اس کو ابو الفرج ابن الجوزی نے اپنی کتاب میں ذکر کیا ہے۔

حضرت سفیان الثوری سے مروی ہے اگر اصحاب حدیث کو کوئی بھی فائدہ نہ ہو تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کا فائدہ تو ہے۔ جب تک اس کتاب میں درود شریف لکھا رہے گا اس پر درود پڑھا جاتا رہے گا۔

اس روایت کو الخطیب اور ابن بشکوال نے تخریج کیا ہے۔ خطیب اور ان کے طریق سے ابن بشکوال کے ہاں سفیان بن عیینہ سے بایں معنی بھی مروی ہے فرماتے ہیں کہ ہمیں خلف صاحب الخلفان نے بیان کیا کہ میرا ایک دوست تھا جو میرے ساتھ حدیث سیکھتا تھا وہ فوت ہو گیا میں نے خواب میں دیکھا کہ اس نے گہرا سبز لباس پہنا ہوا ہے، وہ گھوم پھر رہا تھا میں نے اس سے پوچھا کیا تو وہی نہیں ہے جو میرے ساتھ حدیث پڑھتا تھا، یہ کیفیت میں کیوں دیکھ رہا ہوں؟ اس نے کہا میں تمہارے ساتھ حدیث لکھتا تھا، جو حدیث بھی گذرتی جس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر ہوتا تھا میں اس کے نیچے صلی اللہ علیہ وسلم لکھتا تھا، اس کا بدلہ مجھے یہ ملا ہے جو تو دیکھ رہا ہے صلی اللہ علیہ وسلم۔

النمیری نے سفیان بن عیینہ سے یہ بھی روایت کیا ہے کہ میرا ایک بھائی چارے کا بھائی تھا وہ فوت ہو گیا میں نے اسے خواب میں دیکھا، اور میں نے اس سے پوچھا کہ اللہ تعالیٰ نے تیرے ساتھ کیا معاملہ فرمایا ہے، اس نے کہا اللہ تعالیٰ نے مجھے معاف کر دیا ہے میں نے پوچھا کیوں، اس نے کہا میں حدیث لکھا کرتا تھا جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر آتا میں صلی اللہ علیہ وسلم لکھتا، اور میرا اس سے ثواب کا ارادہ ہوتا تھا، پس اللہ تعالیٰ نے مجھے اسی کے سبب بخش دیا ہے۔

جعفر الزعفرانی سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے اپنے خالو الحسن بن محمد کو یہ فرماتے سنا کہ میں نے حضرت احمد بن حنبل کو خواب میں دیکھا انہوں نے مجھے فرمایا اے ابو علی! تو نے

ہماری کتب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود کو دیکھا کیسے وہ آج ہمارے سامنے روشنی کر رہا ہے۔

اس روایت کو ابن بشکوال نے روایت کیا ہے، میں کہتا ہوں الخطیب نے اپنی کتاب الجامع لاخلاق الراوی و آداب السامع میں اس کو ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں میں نے کئی مرتبہ امام احمد بن حنبل کی تحریر دیکھی ہے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مبارک درود شریف کے بغیر نہ لکھتے تھے، فرماتے ہیں مجھے یہ خبر بھی پہنچی ہے کہ وہ لفظاً بھی درود پڑھتے تھے۔

النمیری نے ابن سنان سے روایت کیا ہے، فرماتے ہیں میں نے عباس العنبری اور علی ابن المدینی کو یہ فرماتے سنا ہے کہ ہم نے جو حدیث بھی سنی اس کے ساتھ ہم نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے درود کو کبھی نہیں چھوڑا، بعض اوقات ہمیں جلدی ہوتی تو ہم جگہ چھوڑ دیتے پھر بعد میں وہاں درود شریف لکھ دیتے۔

ابو الحسن المیمونی سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے شیخ ابو علی الحسن بن عینیہ کو خواب میں ان کے مرنے کے بعد دیکھا، یوں لگتا جیسے ان کی انگلیوں میں سونے یا زعفران کے ساتھ کوئی چیز لکھی ہوئی ہے، میں نے عرض کی یا استاذ! آپ کی انگلیوں میں ایک دلکش چیز لکھی ہوئی دیکھ رہا ہوں یہ کیا ہے انہوں نے فرمایا۔ اے میرے بیٹے! یہ حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں صلی اللہ علیہ وسلم لکھنے کا ثمر ہے۔

اس روایت کو ابو القاسم التیمی نے الترغیب میں روایت کیا ہے، بہت سے محدثین نے قاضی، برہان الدین سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے ہم سے الامام ابی عمرو بن المرابط کے واسطہ سے سماعاً بیان کیا ہے کہ حافظ ابو احمد الدمیاطی نے ان کو شیخ علی بن عبدالکریم الدمشقی سے روایت کر کے خبر دی ہے فرماتے ہیں کہ میں نے خواب میں محمد بن الامام ذکی الدین المنذری کو ان کے مرنے کے بعد دیکھا جب نیک بادشاہ پہنچ چکا تھا اور شہر اس کے لئے سجایا جا چکا تھا۔ انہوں نے فرمایا ہم جنت میں داخل ہوئے اور ہم نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ہاتھوں کو بوسہ دیا، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تمہیں خوشخبری ہو جس نے اپنے ہاتھ کے ساتھ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لکھا وہ جنت میں میرے ساتھ ہوگا یہ سند صحیح ہے اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے ایسی ہی امید ہے۔

ابو سلیمان محمد بن الحسین الحرانی سے مروی ہے فرماتے ہیں، میرے ایک پڑوسی نے بتایا جسے الفضل کہا جاتا تھا وہ کثرت سے نماز و روزہ کرتا تھا، میں حدیث لکھا کرتا تھا اور میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہیں لکھتا تھا۔ میں نے خواب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا جب تو میرا نام لکھتا یا ذکر کرتا ہے تو مجھ پر درود کیوں نہیں بھیجتا، پھر دوبارہ ایک دفعہ زیارت کا شرف حاصل ہوا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا، تیرا درود مجھ تک پہنچا ہے جب تو مجھ پر درود بھیجا کرے یا تو میرا ذکر کرے تو صلی اللہ علیہ وسلم لکھا اور پڑھا کر۔

اس روایت کو الخطیب نے اور ان کے طریق سے ابن بشکوال نے اور التیمی نے الترغیب میں تخریج کیا ہے۔

ابو سلیمان سے یہ بھی مروی ہے، فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا اے ابو سلیمان! جب تو میرا ذکر کرتا ہے تو درود بھیجتا ہے سلام کیوں نہیں بھیجتا وسلم کے چار لفظ ہیں ہر ہر حرف کے بدلے دس دس نیکیاں ہیں تو چالیس نیکیاں چھوڑ دیتا ہے۔

ابراہیم النفسی سے مروی ہے، فرماتے ہیں، میں نے خواب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا، ایسا محسوس ہوتا تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ سے ناراض ہیں، میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف اپنا ہاتھ بڑھایا پھر میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ مبارک چوما اور میں نے عرض کی یا رسول اللہ! میں اصحاب حدیث اور اہل السنۃ سے ہوں اور میں مسافر ہوں پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیئے اور فرمایا جب تو مجھ پر صلاۃ لکھتا ہے تو سلام کیوں نہیں لکھتا پھر اس کے بعد میں جب بھی صلاۃ لکھتا تو ساتھ ہی وسلم لکھتا۔

محمد بن ابی سلیمان یا عمر بن ابی سلیمان سے مروی ہے۔ پہلے کا ذکر زیادہ ہے فرماتے ہیں میں نے اپنے والد کو خواب میں دیکھا، میں نے عرض کی ابا جان! اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک فرمایا ہے، انہوں نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھے بخش دیا ہے، میں نے پوچھا بخشش کا سبب کیا بنا، فرمایا ہر حدیث کے ساتھ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود لکھنا میری بخشش کا باعث بنا۔

الخطیب نے اس روایت کو تخریج کیا ہے ان کے طریق سے ابن بشکوال نے تخریج کیا

ہے۔عبداللہ بن عمر بن میسرہ القواریری سے مروی ہے فرماتے ہیں میرا پڑوسی تھا جو کاتب تھا، وہ مر گیا میں نے اس کو خواب میں دیکھا'یا فرمایا'کسی نے اسے خواب میں دیکھا، سوال کیا اللہ تعالیٰ نے تجھ سے کیا معاملہ فرمایا ہے، انہوں نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھے معاف فرما دیا ہے، پوچھا گیا، کس عمل کے سبب؟ اس نے کہا میں حدیث میں جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر لکھتا تو ساتھ صلی اللہ علیہ وسلم لکھتا تھا اس روایت کو ابن بشکوال نے روایت کیا ہے۔

جعفر بن عبداللہ سے مروی ہے' فرماتے ہیں' میں نے ابو زرعہ کو خواب میں دیکھا وہ آسمان میں فرشتوں کے ساتھ نماز پڑھ رہے ہیں فرماتے ہیں' میں نے پوچھا' یہ مرتبہ کس وجہ سے ملا ہے فرمایا میں نے اپنے ہاتھ سے ایک لاکھ حدیث لکھی ہے جب بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کرتا (تو درود شریف لکھتا) اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے جس نے ایک مرتبہ مجھ پر درود بھیجا اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ درود بھیجتا ہے۔
اس روایت کو ابن عساکر نے ذکر کیا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عبدالحکم سے مروی ہے فرماتے ہیں' میں نے امام شافعی رحمتہ اللہ علیہ کو خواب میں دیکھا اور عرض کی جناب اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ فرمایا انہوں نے کہا اللہ تعالیٰ نے مجھ پر رحم فرمایا اور مجھ کو معاف فرما دیا اور مجھے جنت کی طرف اس اہتمام سے لے جایا گیا جیسے دلہن کو لے جایا جاتا ہے اور مجھ پر اس طرح پتیاں نچھاور کی گئیں جیسے دلہن پر کی جاتی ہیں، میں نے پوچھا تم نے یہ مقام کیسے پایا انہوں نے فرمایا اپنی کتاب"الرسالہ"میں جو میں نے درود شریف لکھا ہے اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے یہ مقام دیا ہے، میں نے پوچھا وہ درود کس طرح ہے انہوں نے فرمایا "صلی اللہ علی محمد عدد ما ذکرہ الذاکرون وعدد ما غفل عن ذکرہ الغافلون" راوی فرماتے ہیں جب صبح میں نے الرسالہ میں دیکھا تو اسی طرح لکھا تھا جیسے انہوں نے فرمایا تھا۔

اس واقعہ کو النمیری، ابن بشکوال اور ابن سدی نے طحاوی کے طریق سے روایت کیا ہے، اسی طرح البرذانی نے المنامات میں روایت کیا ہے، ابن مسدی نے المزنی کے طریق سے یوں روایت کیا ہے کہ میں نے امام شافعی کو ان کی وفات کے بعد دیکھا۔ اور پوچھا اللہ تعالیٰ نے تجھ سے کیا سلوک فرمایا انہوں نے فرمایا میں نے اپنی کتاب"الرسالہ"میں جو درود

شریف لکھا ہے اس کی برکت سے مجھے اللہ تعالیٰ نے بخش دیا ہے وہ درود یہ ہے "اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ۔"

البیہقی نے المناقب میں اور التیمی نے الترغیب میں ابو الحسن شافعی سے روایت کیا ہے میں نے خواب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا میں نے عرض کی، یارسول اللہ! الشافعی کو اپنی کتاب "الرسالہ" میں صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ کے درود کی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے کیا جزا ملی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری طرف سے اسے یہ جزا دی گئی ہے کہ اسے حساب کیلئے نہیں روکا جائے گا۔ ہم نے اس واقعہ کو ابن صلاح کی حدیث سے روایت کیا ہے جو انہوں نے ابی المظفر السمعانی کے طریق سے ابو الحسن یحیٰ بن الحسین کے طریق سے روایت کی ہے فرماتے ہیں کہ میں نے ابن بنان الاصبہانی کو فرماتے سنا ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور میں نے عرض کی یارسول اللہ! محمد بن ادریس الشافعی آپ کے چچا کے بیٹے بنتے ہیں، آپ نے اس کو کسی چیز کے ساتھ خاص بھی فرمایا ہے یا ان کوئی نفع بھی پہنچایا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں! میں نے اللہ تعالیٰ سے سوال کیا ہے کہ اس کا محاسبہ نہ کیا جائے۔ پھر میں نے عرض کی، یارسول اللہ! آپ نے ان کی یہ سفارش کیوں فرمائی ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، اس نے مجھ پر ایسا درود بھیجا ہے، جس کی مثل اور کسی نے نہیں بھیجا، پھر میں نے پوچھا حضور وہ درود کونسا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ یہ درود پڑھتے ہیں "اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ"

بیہقی کے پاس اس طرح بھی ہے کہ امام شافعی کو خواب میں دیکھا گیا اور پوچھا گیا کہ اللہ تعالیٰ نے تجھ سے کیا سلوک فرمایا ہے انہوں نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھے معاف فرما دیا ہے، پوچھا گیا کس عمل کے سبب، فرمایا ان پانچ کلمات کے سبب جن کے ساتھ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتا ہوں پوچھا گیا وہ کلمات کیا ہیں فرمایا میں یہ پڑھتا ہوں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ صَلّٰی عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ یُصَلِّ عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا اَمَرْتَ اَنْ یُّصَلّٰی عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

كَمَا تُحِبُّ اَنْ يُصَلّٰى عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تَنْبَغِي الصَّلٰوةُ عَلَيْهِ۔

النمیری، ابن بشکوال اور ان کے طریق سے ابن مسدی نے الخطیب عن عبداللہ بن صالح کے واسطہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں ایک صاحب الحدیث کو خواب میں دیکھا گیا اس سے پوچھا گیا اللہ تعالیٰ نے تجھ سے کیا سلوک فرمایا ہے انہوں نے کہا اللہ تعالیٰ نے میری مغفرت فرما دی ہے، پوچھا گیا کس عمل کے باعث؟ اس درود کے سبب جو میں اپنی کتابوں میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر لکھا کرتا تھا۔

ابن بشکوال نے اسماعیل بن علی بن المثنیٰ عن ابیہ کے واسطہ سے تخریج کیا ہے کہ بعض اصحاب حدیث کو خواب میں دیکھا گیا اور اس سے پوچھا گیا کہ اللہ تعالیٰ نے تیرے ساتھ کیا معاملہ فرمایا ہے اس نے کہا مجھے اللہ تعالیٰ نے بخش دیا ہے پھر پوچھا گیا کس عمل کے سبب؟ اس نے کہا دو انگلیوں کے ساتھ کثرت سے صلی اللہ علیہ وسلم لکھنے کے سبب مجھے معاف کیا گیا ہے۔

عبداللہ المروزی نے روایت کیا ہے کہ میں اور میرا باپ رات کو احادیث کا تقابل کیا کرتے تھے۔ پس جس جگہ ہم احادیث کا تقابل کرتے تھے وہاں نور کا ایک ستون نظر آیا، جو آسمان تک پہنچتا تھا پوچھا گیا یہ کیا نور ہے؟ بتایا گیا کہ یہ جب احادیث کا تقابل کرتے ہوئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتے ہیں یہ اس کا نور ہے صلی اللہ علیہ وسلم وشرف وکرم

اس روایت کو الخطیب نے اور ان کے طریق سے ابن بشکوال نے تخریج کیا ہے ابو اسحٰق ابراہیم بن دارم الدارمی سے مروی ہے جو نہشل نام سے مشہور تھے، فرماتے ہیں، میں تخریج حدیث میں قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا لکھا کرتا تھا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا گویا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی ایسی کتاب پکڑی ہوئی ہے جو میں لکھا کرتا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو ملاحظہ فرمایا اور پھر کہا یہ بہت عمدہ ہے۔

اس روایت کو بھی خطیب نے اور ان کے طریق سے ابن بشکوال نے روایت کیا ہے۔

الحسن بن رشیق کو وفات کے بعد بڑی اچھی حالت میں دیکھا گیا ان سے پوچھا گیا تمہیں یہ مرتبہ و مقام کیسے ملا ہے انہوں نے فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود پڑھنے کی وجہ سے یہ کرم نوازی ہوئی ہے۔

اس روایت کو ابن بشکوال وغیرہ نے روایت کیا ہے۔

الحافظ ابو موسیٰ المدینی نے اپنی کتاب میں اہل حدیث کی ایک جماعت کے متعلق روایت کیا ہے کہ انہیں ان کے مرنے کے بعد دیکھا گیا انہوں نے بتایا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو ہر حدیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود لکھنے کی برکت سے بخش دیا ہے۔ ابو العباس الخیاط ایک مرتبہ ابو محمد بن رشیق کی مجلس میں بیٹھے تھے شیخ نے ان کا اکرام کیا اور کہا کہ شیخ کے سامنے پیش کرنے کی کوئی چیز ہے آپ نے فرمایا لو پڑھو۔ اس کے بعد پھر میں نے خواب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ فرمارہے ہیں، تم رشیق کی مجلس میں حاضر ہوا کرو کیونکہ وہ اس میں اتنی اتنی مرتبہ درود پڑھتے ہیں۔

حضرت حسن بن موسیٰ الحضرمی المعروف بابن عجینہ سے مروی ہے فرماتے ہیں، میں جب حدیث لکھتا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ پر درود لکھنا چھوڑ دیتا، اور میرا مقصود جلدی کرنا ہوتا تھا، میں نے خواب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا، تم مجھ پر درود کیوں نہیں بھیجتے جیسا کہ ابو عمرو الطبرانی مجھ پر درود بھیجتا ہے فرماتے ہیں میں بیدار ہوا، مجھ پر خوف طاری تھا۔ میں نے قسم اٹھائی کہ، میں جب بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث لکھوں گا تو ضرور صلی اللہ علیہ وسلم لکھوں گا۔

حسن مذکور سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ میں نے ایک اہل مغرب کو کچھ لکھ کر دیا، اس نے دیکھا کہ میں جب بھی حدیث لکھتا ہوں تو اس کے ساتھ صلی اللہ علیہ وسلم لکھتا ہوں اس نے کہا کاغذ ضائع نہ کرو تم صلی اللہ علیہ وسلم کیوں بار بار لکھتے ہو میں نے کہا، خدا کی قسم! میں کبھی بھی کوئی چیز تمہیں لکھ کر نہ دوں گا۔

ابو علی الحسن بن علی عطار سے مروی ہے فرماتے ہیں ابو طاہر المخلص نے کچھ اجزاء اپنے خط سے لکھ کر مجھے بھیجے، میں نے دیکھا جب بھی انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیا ہے صلی اللہ علیہ وسلم تسلیماً کثیراً کثیراً لکھا ہے ابو علی فرماتے ہیں، میں نے ان سے اس کی وجہ پوچھی کہ تم ایسا کیوں لکھتے ہو انہوں نے فرمایا میرا جوانی کا زمانہ تھا میں حدیث لکھتا تھا مگر جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر آتا تو میں درود شریف نہیں لکھتا تھا، میں نے خواب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف متوجہ ہوا، فرماتے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے دیکھ رہے تھے فرماتے ہیں، میں نے سلام عرض کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے چہرہ مبارک مجھ سے پھیر لیا۔ پھر میں دوسری جانب گھوم

گیا تو پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے چہرہ مبارک پھیر لیا، میں تیسری مرتبہ سامنے آیا اور عرض کی، یارسول اللہ! آپ مجھ سے کیوں چہرہ پھیر لیتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو جب اپنی کتاب میں میرا ذکر کرتا ہے تو مجھ پر درود نہیں بھیجتا۔ پس اس وقت سے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا جب بھی ذکر آتا ہے تو میں صلی اللہ علیہ وسلم تسلیماً کثیراً کثیراً لکھتا ہوں اس کو بھی ابن بشکوال نے روایت کیا ہے۔

قاسم بن محمد کے طریق سے ابن بشکوال نے ذکر کیا ہے کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر آتا تو وہ دونوں سطروں کے درمیان صلی اللہ علیہ وسلم لکھتے پھر اس کے بعد رضی اللہ عن قاسم وغفرلہ لکھتے، مجھے ان کے اس فعل نے بہت خوش کیا اور میں بھی اکثر ایسا کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس چیز کا نفع دے اور ہمارے تمام اعمال اپنی رضا کا باعث بنائے۔

حمزہ الکنانی سے مروی ہے فرماتے ہیں، میں حدیث لکھتا تھا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کے وقت صلی اللہ علیہ لکھتا تھا میں نے خواب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو مجھ پر مکمل درود کیوں نہیں بھیجتا، اس کے بعد اب میں صلی اللہ علیہ کے ساتھ وسلم ضرور لکھتا ہوں۔

اس روایت کو ابن الصلاح اور الرشید العطار نے روایت کیا ہے اور الذہبی نے حمزہ کے تعارف میں ان کی تاریخ سے نقل کرتے ہوئے ابن مندہ سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے ان سے "اَمَا تُتِمُّ الصَّلٰوۃَ عَلَیَّ فِیْ کِتَابِکَ" کے الفاظ وارد کیے ہیں ابو زکریا یحییٰ بن مالک بن عائذ العائذی سے مروی ہے فرماتے ہیں بصرہ کے ہمارے ایک دوست نے ہمیں بتایا کہ ہمارا ایک دوست حدیث لکھتا تھا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کے وقت درود نہیں لکھتا تھا۔ یہ وہ کاغذ کی کنجوسی کی وجہ سے کرتا تھا۔ راوی فرماتے ہیں میں اس کو ملا تو دیکھا کہ دائیں ہاتھ میں اس کو پھوڑا نکلا ہوا تھا۔

اس کو ابن بشکوال نے روایت کیا ہے۔

النمیری فرماتے ہیں میں نے ابو جعفر احمد بن علی المقری کو یہ فرماتے سنا کہ انہوں نے اپنے باپ کو یہ فرماتے سنا کہ میں نے ابو عمر بن عبدالبر کی کتاب التمہید کا نسخہ دیکھا اس کے کاتب نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کے ساتھ درود کو جان بوجھ کر مٹا دیا۔ اور اس کو

بیچنے کیلئے مارکیٹ میں پیش کیا تو اس کی قیمت کم ہوگئی۔ اس نے اس کو خسارے کے ساتھ بیچ دیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے مرنے کے بعد اس کا نام مٹا دیا حالانکہ وہ علم کا ایک باب تھا۔

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْلِيمًا كَثِيرًا

النمیری اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں فرماتے ہیں ایک عالم نے کتاب المؤطا کا ایک نسخہ اپنے خط سے لکھا اور بڑا خوبصورت لکھا مگر جہاں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ذکر آیا وہاں پورا درود لکھنے کی بجائے صرف (ص) لکھا۔ پھر اس نے ایک رئیس کا قصد کیا جو کتابوں کے چناؤ اور نادر کی خرید کا شغف رکھتا تھا اور اس شخص نے بہت زیادہ قیمت کی امید پر کتاب کو پیش کیا۔ اس نے کتاب کی تحریر و خوشخطی کو بڑا سراہا اور اس کو بہت زیادہ ہدیہ دینے کا ارادہ کیا۔ پھر اچانک وہ اس کی اس حرکت (یعنی درود شریف کے حذف) پر آگاہ ہوگیا۔ اسے وہ کتاب واپس کر دی اور قیمت سے محروم کر دیا اور اسے دور کر دیا۔ اس کے بعد وہ شخص ہمیشہ افسوس کے ہاتھ ملتا رہا اور اپنی غلطی پر اقراری رہا۔ یہ مفہوم ہے اس کلام کا جو انہوں نے اپنے والد سے سنی تھی۔ وباللہ التوفیق۔

ہم اللہ تعالیٰ سے سوال کرتے ہیں کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر مبارک کیا جائے تو خطاً اور لفظاً درود پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْلِيمًا كَثِيرًا كَثِيرًا۔ آمین۔

## خاتمہ

شیخ الاسلام ابو زکریا النووی رحمۃ اللہ علیہ "الاذکار" میں لکھتے ہیں کہ علماء حدیث اور فقہاء وغیرہم فرماتے ہیں کہ فضائل اعمال، ترغیب اور ترہیب میں ضعیف حدیث پر عمل کرنا جائز اور مستحب ہے بشرطیکہ وہ موضوع نہ ہو مگر احکام جیسے حلال، حرام، بیع، نکاح اور طلاق وغیر ذالک میں صرف حدیث صحیح یا حدیث حسن پر عمل کیا جائے گا مگر کسی چیز میں احتیاط ہو تو اس میں ضعیف حدیث پر عمل کرنا مستحب ہے جیسا کہ بعض بیوع اور انکحہ کی کراہت کے متعلق ضعیف حدیث وارد ہے، اس لئے ان سے اجتناب مستحب ہے مگر واجب نہیں۔ ابو العربی المالکی نے اس مسئلہ میں مخالفت کی ہے وہ فرماتے ہیں ضعیف حدیث پر مطلقاً عمل نہیں کیا جائے گا۔ میں نے اپنے شیخ سے سنا بھی ہے اور انہوں نے مجھے

لکھا بھی ہے کہ ضعیف حدیث پر عمل کرنے کیلئے تین شرائط ہیں، پہلی شرط متفق علیہ ہے کہ وہ انتہائی ضعف سے متصف نہ ہو دوسری یہ ہے کہ وہ اصل عام کے تحت مندرج ہو۔ اس سے وہ خارج ہو جائے گی جس کی بالکل اصل نہ ہو، تیسری یہ ہے کہ اس پر عمل کرتے وقت اس کے ثبوت کا اعتقاد نہ ہو تاکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کوئی ایسی چیز منسوب نہ ہو جائے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی نہ ہو۔ فرمایا کہ آخری دو شرائط ابن عبدالسلام اور ان کے دوست ابن دقیق العید سے مروی ہیں، پہلی شرط پر العلائی نے اتفاق نقل کیا ہے۔ میں کہتا ہوں امام احمد سے منقول ہے کہ جب کوئی دوسری حدیث نہ ہوتی اور ضعیف حدیث کے معارض بھی کوئی حدیث نہ ہوتی تو وہ ضعیف حدیث پر عمل کرتے تھے۔ ان سے یہ بھی مروی ہے کہ ہمارے نزدیک لوگوں کی رائے پر عمل کرنے سے ضعیف حدیث پر عمل کرنا زیادہ محبوب اور پسندیدہ ہے ابن حزم نے ذکر کیا ہے کہ تمام احناف کا اجماع ہے کہ امام ابو حنیفہ کا مسلک یہ ہے کہ ضعیف حدیث پر عمل کرنا ان کے نزدیک رائے اور قیاس پر عمل کرنے سے اولی ہے۔ امام احمد سے سوال ہوا کہ ایک شخص ایسے شہر میں رہتا ہے جہاں ایک صاحب حدیث رہتا ہے جو صحیح و سقیم کی تمیز نہیں کر سکتا اور ایک صاحب الرائے رہتا ہے، اب وہ شخص کس سے مسئلہ پوچھے، امام صاحب نے فرمایا صاحب حدیث سے پوچھے صاحب الرائے سے نہ پوچھے۔ ابو عبداللہ بن مندہ نے ابو داؤد صاحب سنن سے روایت کیا ہے۔ جو امام احمد صاحب کے شاگرد ہیں۔ فرماتے ہیں وہ ضعیف سند کو تخریج کر لیتے تھے جب اس باب میں کوئی اور حدیث نہ ملتی تھی ان کے نزدیک وہ ضعیف حدیث لوگوں کی رائے سے اقوی ہے، حاصل کلام یہ ہے کہ ضعیف حدیث کے متعلق تین مذاہب ہیں ا۔ اس پر مطلقاً عمل نہیں کیا جائے گا۔ ۲۔ جب اس باب میں کوئی اور حدیث نہ ہو تو ضعیف حدیث پر مطلقاً عمل کیا جائے گا، ۳۔ تیسرا مذہب جمہور علماء کا ہے کہ فضائل اعمال میں ضعیف حدیث پر عمل کیا جائے گا۔ احکام میں نہیں، جیسا کہ پہلے گذر چکا ہے واللہ الموافق۔

## موضوع حدیث کا حکم

موضوع حدیث پر عمل کرنا کسی صورت میں جائز نہیں ہے، اسی طرح اس کی روایت

بھی جائز نہیں ہے مگر جب اس کی حقیقت ساتھ بیان کر دے تو جائز ہے جیسا کہ ہم نے اس تالیف میں کیا ہے۔ کیونکہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے جو امام مسلم نے اپنی صحیح میں روایت کیا ہے کہ جس نے مجھ سے کوئی ایسی بات بیان کی جس کا اسے گمان ہے کہ یہ جھوٹ ہے، تو وہ راوی بھی ان جھوٹوں میں سے ہے حدیث کے الفاظ یہ ہیں "مَنْ حَدَّثَ عَنِّیْ بِحَدِیْثٍ یُرَیٰ اَنَّہٗ کَذِبٌ فَھُوَ اَحَدُ الْکَاذِبِیْن۔

یری بمعنی یظن ہے اور الیاء کے ضمہ کے ساتھ ہے اور الکاذبین میں دو روایتیں ہیں باتثنیہ کا صیغہ ہے یعنی با کے فتحہ کے ساتھ ہے یا جمع کا صیغہ ہے اور الباء کے کسرہ کے ساتھ ہے۔

پس حضور علیہ الصلاۃ والسلام کا یہ جملہ بطور وعید شدید کافی ہے اس شخص کیلئے جو حدیث روایت کرتا ہے حالانکہ اسے گمان ہے کہ یہ جھوٹ ہے چہ جائیکہ اسے یقین ہو کہ یہ جھوٹ ہے، پس موضوع حدیث کو بیان نہ کرے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے موضوع حدیث بیان کرنے والے کو واضع کے ساتھ شریک فرمایا ہے۔

امام مسلم نے اپنی صحیح کے مقدمہ میں لکھا ہے کہ ہر محدث پر واجب ہے کہ وہ صحیح و سقیم روایات اور ثقہ، متہم بالکذب راویوں کا فرق جانتا ہو تاکہ وہ کوئی ایسی چیز روایت نہ کرے جو ثقہ راویوں سے منقول نہ ہو اور صحیح نہ ہو، صرف وہ چیز روایت کرے جس کے مخرج کی صحت اور اس کے ناقلین کی ثقاہت پر اعتماد ہو اور ہر اس چیز کو ترک کر دے جو اہل تہمت اور اہل بدعت میں سے جو معاندین ہیں ان سے مروی ہو۔ میں کہتا ہوں کہ امام مسلم کی کلام حدیث شریف کے کلام کے موافق ہے واللہ الموفق۔

ابن الصلاح نے ضعیف حدیث کی روایت کے جواز کو باطن میں اس کے صدق کے احتمال کے ساتھ مقید کیا ہے۔ کیونکہ انہوں نے عدم جواز روایہ الموضوع کے قول کے فوراً بعد لکھا ہے بخلاف "الاحادیث الضعیفہ التی تحتمل صدقہا فی الباطن" یعنی موضوع کو روایت کرنا جائز نہیں ہے مگر احادیث ضعیفہ جو باطن میں صدق کا احتمال رکھتی ہیں (ان کو روایت کرنا جائز ہے) لیکن کیا اس احتمال میں یہ شرط ہے کہ وہ اس حیثیت سے قوی ہو کہ وہ کذب کے احتمال سے قوی ہو یا مساوی ہو یا کوئی شرط نہیں ہے ہمارے شیخ فرماتے ہیں یہ محل نظر ہے۔ مسلم کی کلام کا ظاہر اور حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ صدق کا احتمال جب ضعیف

ہو تو اس کا کوئی اعتبار نہ ہو گا امام ترمذی فرماتے ہیں کہ میں نے ابو محمد عبداللہ عبدالرحمن الدارمی سے حدیث سمرہ المذکور کا مفہوم پوچھا میں نے کہا جو شخص ایک حدیث روایت کرتا ہے حالانکہ وہ جانتا ہے کہ اس کی اسناد غلط ہے، کیا تمہیں اندیشہ ہے کہ وہ اس حدیث کی وعید میں داخل ہو گا، یا جب وہ لوگوں کو مرسل حدیث روایت کرتا ہے بعض سند کے ساتھ روایت کیا یا سند کو تبدیل کر دیا کیا وہ اس وعید میں آئے گا انہوں نے فرمایا نہیں کیونکہ اس حدیث کا معنی یہ ہے کہ جب کوئی شخص حدیث روایت کرتا ہے اور اسے یہ معلوم نہیں ہوتا کہ اس کی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی کوئی اصل ہے، مجھے اندیشہ ہے کہ یہ شخص اس وعید میں داخل ہو گا۔ اور یہ بھی جاننا چاہئے کہ صحت و سقم کا حکم ائمہ نقاد کی طرف سے سند کے اعتبار سے ہوتا ہے، متن کے اعتبار سے نہیں۔

ابن صلاح فرماتے ہیں۔

جب علماء حدیث ہذا حدیث صحیح کہتے ہیں تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ باقی تمام اوصاف کے ساتھ اس کی سند متصل ہے اور اس میں شرط نہیں ہے وہ نفس امر میں بھی قطعی ہو، پھر فرماتے ہیں اسی طرح جب محدثین یہ لکھتے ہیں انہ غیر صحیح تو اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہوتا کہ یہ حقیقت میں بھی کذب و جھوٹ ہے کیونکہ بعض اوقات وہ حقیقت میں حدیث سچی ہوتی ہے بلکہ غیر صحیح کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اس کی سند مذکورہ شرائط پر صحیح نہیں ہے جیسا کہ امام نووی فرماتے ہیں کہ انسان کیلئے مناسب و بہتر یہی ہے کہ جب فضائل اعمال میں سے کوئی چیز اسے پہنچے تو وہ اس پر عمل کرے اگرچہ ایک مرتبہ ہی کرے۔ تاکہ وہ اس پر عمل کرنے والوں سے ہو جائے، یہ بہتر نہیں ہے کہ وہ اس عمل کو مطلقاً ترک کر دے بلکہ جتنا ممکن ہو اس عمل کو بجالائے کیونکہ متفق علیہ حدیث میں ہے "فَاِذَا اَمَرْتُكُمْ بِشَيْءٍ فَافْعَلُوْا مِنْهُ مَا اسْتَطَعْتُمْ" یعنی جب میں تمہیں کسی چیز کا حکم دوں تو تم اسے اپنی طاقت کے مطابق بجالاؤ۔

میں کہتا ہوں ہم نے الحسن بن عرفہ کے جزء سے روایت کیا ہے۔

قَالَ حَدَّثَنِيْ خَالِدُ بْنُ حَيَّانَ الرَّقِّيْ اَبُوْ يَزِيْد عَنْ فرات بْنِ سُلَيْمَان وعيسى بْنِ كَثِيْرٍ كِلَاهُمَا عَنْ اَبِيْ رَجَاءٍ عَنْ يَحْيٰى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ بَلَغَهٗ عَنِ اللّٰهِ شَيْءٌ فِيْهِ فَضِيْلَةٌ فَاَخَذَ بِهٖ اِيْمَانًا وَرَجَاءً ثَوَابَهٗ اَعْطَاهُ اللّٰهُ ذَالِكَ وَاِنْ لَمْ يَكُنْ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسے اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی حکم پہنچے جس میں کوئی فضیلت ہو، پھر وہ ایمان اور ثواب کی توقع کے ساتھ اس پر عمل کرے تو اللہ تعالیٰ اسے اجر عطا فرمائے گا اگرچہ وہ اللہ تعالیٰ کا حکم نہ بھی ہو۔

اس طرح بھی مجھے یہ حدیث پہنچی ہے "اخبرنیہ الامام الرحلہ ابو عبداللہ محمد بن احمد الخلیلی مراسلہ منہا عن ابی الفتح البکری حضورا انا ابو الفرج بن الصیقل انا ابو الفرج بن کلیف انا ابو القاسم العمری انا ابوالحسن بن مخلد انا علی الصاشا ابو علی الحسن بن عرفہ فذکرہ و خالد" اور فرات ان دونوں راویوں کے متعلق جرح کی گئی ہے اور ابو رجاء غیر معروف ہے۔

لیکن اس حدیث کو ابو الشیخ نے بشر بن عبید عن ابی الزبیر عن جابر کے واسطہ سے تخریج کیا ہے مگر بشر متروک ہے اور اس حدیث کو کامل بن طلحہ الجحدری نے اپنے معروف نسخہ میں عباد بن عبدالصمد (وھو متروک ایضا) عن انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے طریق سے اس طرح روایت کیا ہے ابو احمد بن عدی نے اپنی کامل میں بزیع عن ثابت عن انس کی روایت سے ذکر کی ہے اور اس پر استنکار کیا ہے اسی طرح اس کو ابو یعلی نے ضعیف سند کے ساتھ حضرت انس سے مندرجہ ذیل الفاظ روایت کیا ہے۔ مَنْ بَلَغَهٗ عَنِ اللّٰهِ فَضِيْلَةٌ فَلَمْ يُصَدِّقْ بِهَا لَمْ يَنَلْهَا۔

اس حدیث کے شواہد حضرت ابن عباس، ابن عمر، ابو ہریرہ رضی اللہ عنہم کی احادیث ہیں۔

اس موضوع پر لکھی گئی کتب کا بیان

اس موضوع پر بہت سے علماء نے کتابیں تصنیف فرمائی ہیں جیسے القاضی اسماعیل ابو بکر بن ابی عاصم النبیل، ابو عبداللہ النمیری المالکی ان کی کتاب کا نام "الاعلام بفضل الصلاۃ علی النبی علیہ افضل الصلاۃ والسلام"۔ ابو محمد بن جبیر بن محمد بن جبیر بن ہشام القرطبی یہ ابن بشکوال کے شاگرد ہیں، یہ ثقہ، فضل اور الدین جیسی صفات سے موصوف تھے ان کی وفات ۶۳۰ھ میں ہوئی۔ ابو عبداللہ ابن القیم الحنبلی ان کی کتاب کا نام "جلاء الافہام" ہے، التاج ابو حفص عمر بن علی الفاکہانی المالکی شارح العمدۃ وغیرہا ان کی کتاب کا نام "الفجر المنیر فی الصلاۃ علی البشیر النذیر"۔ ابو القاسم بن احمد بن ابو القاسم ابن نبون القرشی المالکی التونسی عصری الشاب، احمد بن یحییٰ بن فضل اللہ، ان کی کتاب کا نام "فضل التسلیم علی النبی الکریم" ابو العباس احمد بن معد بن عیسی بن وکیل التجیبی الاندلسی الاقلیشی الحافظ المشہور ان کے جز کا نام

انوار الاثار المختصہ بفضل الصلاۃ علی النبی المختار، الشہاب بن ابی حجلہ الشاعر الحنفی ان کی کتاب کا نام دفع النقمہ فی الصلاۃ علی نبی الرحمہ" ہے، المجد الفیروز آبادی اللغوی صاحب القاموس و سفر العادۃ وغیرہما، ان کی کتاب کا نام الصلاۃ والبشر فی الصلاۃ علی سید البشر، ان تمام کا میں نے مطالعہ کیا ہے، ابو الحسین بن فارس اللغوی، ابن الشیخ بن حیان الحافظ، ابن موسیٰ المدینی الحافظ ابو القاسم، ابن بشکوال الحافظ ان کے جزء لطیف کا نام القربہ الی رب العالمین بالصلاۃ علی سید المرسلین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ و صحبہ اجمعین، الضیاء ابو عبداللہ المقدسی صاحب المختارہ وغیرہا، ابو احمد الدمیاطی الحافظ النسابہ ابو الفتح بن سید الناس الیعمری الحافظ، المحب الطبری الحافظ، ابو عبداللہ محمد بن عبدالرحمٰن التجیبی الحافظ نزیل تلمسان فی اربعین حدیثا لہ، ان کی وفات ۶۱۰ھ میں ہوئی، ان تمام سے میں نے بالواسطہ نقل کیا ہے۔ کیونکہ یہ میرے پاس نہیں تھیں ان میں سے ہر ایک لطیف پمفلٹ پر مشتمل ہے۔ تیسری ان دونوں کی نسبت سے مفید ہے۔ اس کا حجم تکرار اور سیاق اسانید کی وجہ سے بہت بڑا ہے، چوتھی کتاب اس میں غرائب کا ذکر بغیر کسی کی طرف نسبت کے زیادہ ہے، میں نے کئی چیزیں اس سے نقل کی ہیں، اس بنا پر کہ، یہ ثقہ ہے لیکن ظاہر حال یہ ہے کہ حدیث اس کی صنعت سے نہیں ہے پانچویں کتاب اس مضمون میں بڑی عظیم ہے مگر اس میں بہت زیادہ خارج از عنوان چیزیں ہیں اور طویل کلام پر مشتمل ہے، جیسا کہ اس کے مصنف کی عادت ہے۔ چھٹی یہ بارہ ابواب پر مشتمل ہے ان میں سے پانچ کا تعلق عنوان کے ساتھ ہے باقی بعض کتب مناسک کے مناسب ہیں بعض سیرت نبویہ کے مناسب ہیں ساتویں، اس میں باب کی آیت پر بحث کی گئی ہے اور چند فوائد ذکر کئے گئے ہیں۔ آٹھویں تھوڑے سے اوراق پر مشتمل ہے، جس میں چالیس احادیث جمع ہیں، نویں کتاب، اس کا سبب طاعون کا وقوع ہے، یہ حقیقت میں الطاعون کے ذکر، اس کی اخبار اور اس کے اشعار کے ذکر میں ہے لیکن مقدمہ میں اس کا مفہوم کا ذکر کیا ہے یہ کتاب کے تیسرے حصہ سے کچھ زائد ہے، دسویں کتاب، یہ ایک نفیس کتاب ہے مگر اسکے ساتھ ساتھ احادیث پر اسکے حکم میں مناقشات بھی ہیں اور غریبہ اللفظ احادیث بغیر کسی نسبت کے ہیں، اور بھی اس کے علاوہ کئی ایسی چیزیں ہیں جس کی تحریر کا اہتمام کیا گیا ہے۔ اس کتاب کو اس نے غار ثور کے قصہ پر ختم کیا ہے کیونکہ اس کی تصنیف کا سبب وہی ہے جیسا کہ اُس مصنف نے ذکر کیا ہے۔

خلاصہ کلام یہ ہے کہ ان تمام سے بہتر اور بلحاظ فائدہ سب سے زیادہ پانچویں کتاب ہے۔ اس کتاب کے مسودہ کو صاف لکھنے کے بعد مجھے ایک رئیس المحدثین کی تصنیف پر آگاہی ہوئی، جن کی طرف حفظ و اتقان کا اشارہ کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں میں کثرت فرمائے، اس کتاب کا نام الرقم المعلم تھا میں نے اس میں ایسے مقامات کا ذکر پایا جہاں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا جاتا ہے اس کتاب کے ابواب میں سے یہ ایک باب تھا۔ میں نے اس میں سوائے دو یا تین جگہوں کے اپنے مطلوب کو نہ پایا۔ لیکن اس میں فقہاء کی کلام کی نقل زیادہ ہے اللہ تعالیٰ اس کے مصنف کو اپنی نعمت و رحمت سے لطف اندوز فرمائے، مجھے ایک ایسے شخص نے خبر دی جس کے علم اور دین پر مجھے وثوق ہے، اللہ تعالیٰ اس سے ہمیں نفع بخشے، کہ وہ اس عنوان کی بڑی ضخیم کتاب پر آگاہ ہیں جو ابن جملہ کی ہے اور وہ ان کی ملکیت میں ہے۔

اس تمام کلام کو ذکر کرنے کا مقصد یہ ہے کہ میری کتاب کو پڑھنے والا جان لے کہ ان چیزوں کو جن تک میری رسائی نہیں ہوئی، اور جو چیزیں اس کو ملنی ممکن ہوں ان اشیاء میں سے جو پہلے نہیں ملیں ان کو عمدہ طریقہ سے درج کر دے، وگرنہ جو چیز اسے زائد ملے وہ انتہائی غور و خوض کے بعد اس کے ساتھ ملحق کر دے تاکہ وہ کوئی ایسی چیز دوبارہ نہ لکھ دے جو اصل میں پہلے ہی موجود ہو جب اس کتاب کے نسخے عالم اسلام میں پھیل گئے تو میری طرف محدث مکہ اور حافظ مکہ نے جو نیک ارادہ کے ساتھ بھلائی کی طرف جلدی کرنے والے ہیں، ابن بشکوال کی کتاب کا نسخہ بھیجا، میں نے اس کو دو دفاتر میں پایا، دونوں اسی کی سند کے ساتھ ہیں، میں نے اپنی ضرورت کی چیزیں اس سے لے کر اس کے ساتھ ملحق کر دیں، پھر مجھے ابن فارس کی کتاب پر آگاہی ہوئی، وہ صرف چار اوراق پر مشتمل تھی اکثر حصہ پہلے باب کی گذشتہ طویل حدیث کے ایراد اور اس کی شرح پر موقوف ہے میں نے شیخ ابو عبداللہ محمد بن موسیٰ بن النعمان کی ایک کاپی دیکھی جن کا نام انہوں نے "الفوائد المدنیہ فی الصلاۃ علی خیر البریہ" رکھا ہے میں نے اس سے بھی استفادہ کیا۔ "حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَمَا تَوْفِيْقِيْ اِلَّا بِاللّٰهِ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ۔" یہ تمام کتب وہ ہیں جن کا میں نے اس تالیف میں مطالعہ کیا ہے اور کتب صحاح ستہ اور دوسری کتب جن کا ذکر پہلے گذر چکا ہے۔ وہ تمام کتب یہ ہیں، صحیح بخاری، صحیح مسلم، ابوداؤد، الترمذی، النسائی، فی سننہ الصغریٰ

والکبریٰ، ابن ماجہ، الموطا للمالک، المسند للشافعی ولاحمد، یہ اعلیٰ المسانید ہیں، شرح معانی الاثار للطحاوی والصحاح لابن خزیمہ ولابن حبان و للحاکم، ولابی عوانہ، والسنن للبیہقی والدار قطنی وسعید بن منصور والمصنف لابن ابی شیبہ ولعبد الرزاق والجامع للدارمی و مسند الفردوس للدیلمی والمجالسہ للدینوری والترغیب لابن زنجویہ ولابن شاہین، و للتیمی و للمنذری وشعب الایمان للقصری و للحلیمی وا للبیہقی والشفا لعیاض والخلافیات للبیہقی والداعوات للبیہقی و للطبرانی، والتفسیر لابن ابی حاتم ولا بن کثیر ولغیرھما، تخریج الرافعی لشیخنا وغیرہ والموضوعات لابن الجوزی والاحادیث الواھیہ لابن الجوزی، مجمع الزوائد للہیثمی، المعاجم الثلاثہ للطبرانی، والمسانید الثلاثہ لاحمد والبزاز وابی یعلی والمطالب العالیہ فی زوائد المسانید الثمانیہ یعنی العدنی والحمیدی والطیالسی ومسددا وابن منیع وابن ابی شیبہ عبداً والحارث اور اس میں ایسی احادیث بھی ہیں جو ان مسانید سے زائد ہیں جن پر ہمارے شیخ کو مکمل آگاہی نہ ہوئی، جیسے اسحٰق بن راہویہ والحسن بن سفیان محمد بن ہشام السدوسی و محمد بن ہارون الرویانی والہیثم بن کلیب وغیرہما وتہذیب الاثار للطبری، وترتیب الاحادیث الحلیہ للہیثمی وترتیب الکتب الاربعہ الغیلانیات والخلعیات، فوائد تمام و افراد الدارقطنی للہیثمی ایضا والمختارہ للضیاء و عمل الیوم واللیلہ للمعمری ولابی نعیم ولابن السنی والاذ کار للنووی و تخریجہ لشیخنا ولم یکملا والادب المفرد للبخاری و للبیہقی والصلاۃ لعبد الرزاق الطبسی والاطراف للمزی ولشیخنا ومن شروح الحدیث، شرح البخاری لشیخنا یعنی شیخ الاسلام خاتمہ الحفاظ الاعلام ابالفضل بن حجر، جب اس کتاب میں شیخنا کا لفظ آئے تو اس سے مراد ابن حجر ہوں گے، شرح مسلم للنووی و للزواوی والموجود من شرح ابوداؤد و للعلامہ الحجہ المتقن، او حد الحافظ شیخ الاسلام ابو زرعہ بن العراقی ومعالم السنن للخطابی وحاشیہ السنن للمنذری وماکتبہ ابن القیم علیہ وشرح الترمذی لابن العربی، والموجود من شرحہ لحافظ الوقت ابی الفضل ابن العراقی، شرح ابن ماجہ للدمیری وھو کثیر الاعوان الموجود من شرحہ لمغلطائی اگر یہ مکمل ہوتی تو بہت فائدہ ہوتا، شرح الشفا للعلامہ برہان الدین الحلبی، یہ بہت زیادہ تہذیب کی محتاج ہے ہمارے بعض محققین نے اس کا اختصار کیا ہے اور طلباء نے اس کو ہاتھوں ہاتھ لے لیا ہے۔ کتب غریبہ میں سے "النہایہ لابن الاثیر والصحاح للجوہری" وغیرہما کتب فقہ میں سے مواضع من الخادم للزرکشی و شرح ابن حاجب المغنی لابن قدامہ، شرح

الہدایہ للسروجی وغیرہ، کتب اسماء رجال میں سے تہذیب التہذیب اور لسان المیزان الشیخنا اور ان کی کتاب تعجیل المنفعہ وثقات لابن حبان الجرح والتعدیل لابن ابی حاتم، الکامل لابی احمد بن عدی تاریخ کی کتب میں سے خطیب، الذہبی وغیرہم کی تاریخ، علل کی کتب میں سے العلل للدارقطنی والابن ابی حاتم وللخلال ان کے علاوہ کئی کتب، اجزاء، فوائد، مشیخات اور المعاجم جن کا شمار بہت طویل ہو جائے گا۔

شاعر نے کیا خوب کہا ہے۔

صَلَّى الْإِلٰهُ عَلَى النَّبِيِّ مُحَمَّدٍ وَالطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ الرُّشَّدِ
وَالْآلِ وَالْأَبْرَارِ أَعْدَادَ الْحَصٰى وَالرَّمْلِ وَالْقَطْرِ الَّذِيْ لَمْ يُعْدَدِ

اللہ تعالیٰ درود بھیجے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی پاکیزہ آل پر اور نیک لوگوں پر کنکریوں اور ریت کے ذرات اور بارش کے ان قطروں کی مقدار جن کا شمار نہیں ہو سکتا۔

واللہ المستعان وعلیہ الاتکال۔ میں اسی سے سیدھے راستہ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود بھیجنے کے الہام کی توفیق طلب کرتا ہوں۔

اِنْتَهٰى بِحَمْدِ اللهِ وَعَوْنِهٖ عَلٰى يَدِ مُؤَلِّفِهٖ اَبُو الْخَيْرِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّخَاوِي الْمِصْرِي الشَّافِعِي الابرى فِي شَهْرِ رَمَضَانَ الْمعظَّم سَنَةَ سِتِّيْنَ وَثَمَانِمِائَه، سوى مَا اُلْحِقَ فِيْهِ بَعْدَ ذٰلِكَ نَفَعَ اللهُ لِمَنْ صَنَّفَ فِيْهِ هٰذَا الْكِتَابَ وَاَجْزَلَ لَهٗ وَ لِوَالِدَيْهِ وَمُحِبِّيْهِ الْاَجْرَ وَالثواب وَسَامَحَهٗ اِذَا حَاسَبَهٗ يَوْمَ الْحِسَابِ بِجُوْدِهٖ وَكَرَمِهٖ فَهُوَ الْكَرِيْمُ الْوَهَّابِ۔